# شرح نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی

شرح

استاذ العلماء علامہ محمد لیاقت علی رضوی دامت برکاتہم العالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

Marfat.com

# شرح

جلد اول

جزو اول

# سنن نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شرح

استاذ العلماء علامہ

محمد لیاقت علی رضوی

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز

اردو بازار ۰ لاہور

DATA ENTERED

Marfat.com

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

جمیع حقوق الطبع محفوظ للناشر
All rights are reserved
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

۱۳۲۱۸۴
جلد اول

نام کتاب ______ سنن نسائی شریف
مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
کمپوزنگ ______ ورڈز میکر
باہتمام ______ ملک شبیر حسین
سن اشاعت ______ ستمبر 2015ء
سرورق ______ اے ایف ایس ایڈورٹائزر لاہور 0322-7202212
طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ ______ -/750 روپے

اسٹاکسٹ
شاکر پبلی کیشنز اردو بازار لاہور
فون: 042-37240084

شبیر برادرز زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

## ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

Marfat.com

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کیلئے تمام خوبیاں ہیں جس نے انسانی ہدایت کیلئے کتابوں کو نازل کیا ہے۔ اور کتابوں کے ذریعے علوم عطاء کیے ہیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر کروڑوں بار درودوسلام ہو۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اس کے بعد صحابہ کرام واہل بیت، تابعین وتبع تابعین اور فقہاء ومحدثین امت مسلمہ جن کا علم امت مسلمہ کیلئے مینارہ نور بنا۔ ان پر سلام ہو۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ جس نے امت مسلمہ کو ایسے صالحین سے نوازا ہے جنہوں نے علوم حدیث کو محفوظ کرنے کیلئے اپنی ندگیوں کو وقف کیا ہے۔ اور سابقہ امم کے مقابلے میں ایک امتیاز ومنفرد شرف حاصل کیا ہے کہ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو من وعن محفوظ کر کے امت مسلمہ پر احسان کیا۔ انہی علوم کے ورثاء میں سے ایک طبقہ علمائے حدیث کا ہے۔ جن میں مشہور محدثین جو مصنّفین صحاح ستہ کہلاتے ہیں، کیونکہ ان کی کتب شرق وغرب میں زیادہ مشہور اس لئے ہوئی ہیں کہ انہوں نے احادیث کو علوم حدیث کا سہرا پہنا کر پیش کیا۔ انہی ائمہ میں سے امام نسائی علیہ الرحمہ ہیں جن کی مشہور تصنیف ''سنن نسائی'' ہے جس کا ترجمہ فاضل جلیل عالم نبیل جناب محی الدین جہانگیر صاحب نے کیا اور اس کی دو جلدوں تک شرح بھی کی، لیکن مصروفیت کے سبب یہ شرح دو جلدوں تک ہوئی اس کے بعد مجھ جیسے کم علم شخص کو حکم دیا گیا ہے کہ آپ اس کی شرح کو مکمل کر دیں، تو میں نے اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کرتے ہوئے اس کام کو شروع کر دیا ہے، اگر اس کتاب کی شرح میں آپ کو کوئی خوبی نظر آئے تو یہ اللہ کا کرم ہے اور اگر کوئی کمی یا نقص پائیں تو یہ مجھ جیسے کم فہم شخص کا کام ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث کو متعدد مقامات پر تحریر کیا ہے اور اس سے مسائل بھی اخذ کیے ہیں۔ امام صاحب نے متعدد مسائل کے لیے مختلف ابواب تشکیل دیے ہیں۔ ایک حدیث کو بہت سارے لوگ روایت کر رہے ہوں تو امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے سب راویوں کا ذکر کر دیتے ہیں۔ فن اصول حدیث کی اصطلاح میں ایک حدیث کے بہت سارے راویوں کے سلسلے کو طرق کہتے ہیں۔ حدیث کا بیان کرنے والا راوی اپنے سے زیادہ مرتبہ کے آدمی کی مخالفت کرے۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اس کا بھی تفصیل سے ذکر کرتے ہیں ایسی حدیث کو شاذ کہتے ہیں۔

حدیث بیان کرنے والے پہلے زمانے کے لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے، ان کے بعد تابعین آئے، پھر تبع تابعین آئے اس

Marfat.com

کے بعد فقہاء کا دور شروع ہوتا ہے تب محدثین کا زمانہ آتا ہے۔ کسی بھی حدیث میں کسی بھی زمانے کے راوی میں کوئی خامی ہوتو امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اس کا بھی ذکر کرتے ہیں۔ اس عمل کو فن اصول حدیث کی اصطلاح میں راوی پر نقد کرنا کہتے ہیں۔ بعض اوقات متن حدیث پر بھی نقد و جرح کرتے ہیں اور یہ آپ کی کسر نفسی ہے کہ بعض اوقات طویل بحث کر چکنے کے بعد بھی لکھ دیتے ہیں کہ میں اس بات کو حسب منشا نہیں سمجھا۔

علمائے حدیث نے امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کی اخذ کردہ احادیث کو تین اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

پہلی قسم کی وہ احادیث ہیں جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی کتابوں میں درج کی ہیں، یہ اعلیٰ درجے کی احادیث ہیں۔

دوسری قسم کی وہ احادیث ہیں جو امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے درج کی ہیں اور وہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی قائم کردہ سخت شرائط پر بھی پوری اترتی ہیں لیکن ان دونوں بزرگوں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بوجوہ ان حدیثوں کو درج نہیں کیا۔

تیسری قسم کی احادیث وہ ہیں جو مذکورہ بالا دونوں اقسام میں نہیں آتیں۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس نابغہ روزگار کتاب سنن نسائی شریف میں کم وبیش ساڑھے پانچ ہزار احادیث رقم کی ہیں۔ اس کتاب کے قبول عام کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ صدیاں گزر جانے کے باوجود یہ کتاب زندہ ہے، آج بھی مشرق سے مغرب تک علوم اسلامیہ کے طلبہ و طالبات اور علماء و عالمات اس کتاب کی درس و تدریس سے وابستہ ہیں۔ اس کتاب کی بہت سی شروحات لکھی گئی ہیں، الاعان فی شرح سنن نسائی، زوائد نسائی اور زہر الربی علی المجتبیٰ بہت مشہور ہیں آخر الذکر شرح کی تالیف حافظ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ جیسی ہستی کے قلم کا مبارک نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کو غریق رحمت کرے اور اللہ کرے اس کتاب سے پھوٹنے والی کرنیں باغ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو تاقیامت روشن و تابندہ رکھیں۔

محمد لیاقت علی رضوی

چک ستیکا بہاولنگر

Marfat.com

# عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کا بے حد وشمار شکر ہے کہ اس نے ہمیں اپنے پیارے حبیب کی امت میں پیدا کیا' ہمیں مسلمان گھرانے میں پیدا کیا اور بطورِ خاص ہمیں اسلامی علوم کی نشرو اشاعت کی خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کی۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو' جو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں اس کے زیادہ محبوب اور برگزیدہ بندے ہیں۔ آپ کے ہمراہ آپ کی ساری اُمت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت آپ کا ادارہ شبیر برادرز ایک طویل عرصے سے اسلامی کتب کی نشرواشاعت کی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ ہم اس سے پہلے علم حدیث سے متعلق بہت سی کتب کے تراجم' شروح' تخریج شائع کر چکے ہیں' جن میں سے چند ایک کے اسماء درج ذیل ہیں:

(1) صحیح بخاری (2) صحیح مسلم (3) جامع ترمذی (4) سنن ابن ماجہ (5) مؤطا امام مالک
(6) مؤطا امام محمد (7) اللؤلؤ والمرجان (8) مسند امام شافعی (9) مسند امام زید (10) سنن دارمی
(11) مستدرک حاکم (12) معجم صغیر (13) سنن دارقطنی (14) صحیح ابن حبان (15) ریاض الصالحین
(16) اربعین نووی (17) جامع الاحادیث (18) امجد الاحادیث (19) آثارِ سنن
(20) مشکوٰۃ شریف (21) مرأۃ شرح مشکوٰۃ ودیگر

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت اور ہمارے معزز قارئین کی دعاؤں کے نتیجے میں' اس وقت بھی ادارے کے رفقاءِ علم حدیث سے متعلق مختلف کتب کی مختلف حوالوں سے خدمت سرانجام دینے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی ''سنن نسائی'' کے ترجمہ وشرح کی شکل میں اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

ترجمہ وشرح کی خدمت ہمارے محترم دوست استاذِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے۔

کتاب اور اس کے مصنف کا مختصر تعارف فاضل شارح نے آئندہ صفحات میں بیان کر دیا ہے تاہم ہر علم دوست شخص اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ سنن نسائی کا شمار علم حدیث کی ان چھ مستند کتابوں میں ہوتا ہے جنہیں عرفِ عام میں صحاح ستہ کہا جاتا ہے۔ اس اعتبار سے یہ کتاب اس لائق تھی کہ اس میں مذکور احادیث کی تشریح کی جائے' تاکہ قارئین احادیث میں مذکور علوم و

Marfat.com

معارف اور احادیث کے مضمون سے متعلق اہلِ علم کی فکری وفقہی تحقیقات سے بخوبی آگاہ ہوسکیں۔ بحمدہٖ تعالیٰ فاضل شارح نے اس ضرورت کومحسوس کرتے ہوئے اس بات کی پوری کوشش کی کہ مختصر اور جامع کلمات میں تمام اہم نکات ومضامین کوسمیٹ دیا جائے۔ انہوں نے حدیث کی شرح کرتے ہوئے غیرضروری طوالت اور غیر متعلقہ مواد کی فراہمی سے گریز کیا ہے۔

ہم پورے اعتماد سے یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ یہ اُردو زبان میں سنن نسائی کی پہلی شرح ہے۔ ہم سے جو خدمت ہوسکتی تھی وہ ہم نے کردی ہے۔ اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ علم حدیث کے انوار سے خود بھی فیض یاب ہوں اور ان علوم ومعارف کو دوسروں تک بھی منتقل کریں۔

کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے آپ مصنف' مترجم وشارح کے ہمراہ ادارہ' اس کی انتظامیہ اور دیگر متعلقین کو اپنی نیک دعاؤں میں ہمیشہ یادرکھیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے پیارے دین کی تعلیمات کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق وسعادت عطا کرے۔

ملک شبیر حسین

Marfat.com

# حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جو اپنی ذات اور صفات کے اعتبار سے' ہر اس چیز سے پاک ہے' جو اس کی ذات یا صفات کے شایانِ شان نہ ہو اور وہ ہر اس صفت سے متصف ہے جو اس کی ذات اور صفات شایانِ شان ہو۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد و شمار درود و سلام نازل ہو' جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا کامل ترین مظہر ہیں۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کیا خوب کہا ہے:

خلقت مبرأً من كل عيب   كانك قد خلقت كما تشاءُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے تمام اصحاب' تابعین' تبع تابعین اور قیامت تک آنے والے تمام اہلِ ایمان پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے تحت ہم نے علمِ حدیث سے متعلق کتب کے ترجمہ و تشریح کے کام کے جس سلسلے کا آغاز کیا تھا' اس میں ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے ہم آپ کے سامنے ''سنن نسائی'' کا ترجمہ اور شرح پیش کر رہے ہیں۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار تیسری صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے ان جلیل القدر محدثین میں ہوتا ہے' جن کی مرتب کردہ تصانیف کو امت میں قبولِ عام نصیب ہوا اور ہر دور میں اہلِ علم نے ان کتب سے علومِ نبویہ کا فیض حاصل کر کے اسے اُمت تک منتقل کیا۔ اُمت میں جن کتابوں کو زیادہ قبولِ عام نصیب ہوا' انہیں صحاح ستہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ صحاح ستہ کی اس روایتی ترتیب میں سنن نسائی کا شمار پانچویں درجہ پر ہوتا ہے۔ اہلِ علم اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ سنن ایسے مجموعۂ احادیث کو کہا جاتا ہے جس میں صرف فقہی موضوعات سے متعلق روایات کو' روایتی فقہی ترتیب کے مطابق درج کیا جاتا ہے۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کی سنن بھی اسی اسلوب پر مرتب کی گئی ہے۔

اہلِ علم اس بات سے بھی آگاہ ہیں کہ فقہی احکام سے متعلق روایات میں بعض مسائل میں مختلف نوعیت کی روایات نقل کی گئی ہیں' جس کے نتیجے میں فقہاء کی فقہی آراء کے درمیان اختلافِ رائے سامنے آیا۔ یہ بات بھی واضح ہے کہ وہ محدثین جن کی مرتب کردہ کتب کو قبولِ عام نصیب ہوا' ان کے زیادہ تر اساتذہ وہ حضرات تھے' جو فقہی معاملات میں فکری اعتبار سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے زیادہ قریب تھے اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کچھ دور تھے' لیکن ہمارے معاشرے میں زیادہ تر وہ افراد بستے ہیں' جو فقہی معاملات میں فکری اعتبار سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے وابستہ دامن ہیں' اس لئے حدیث کی کتابوں کی تشریح کرتے ہوئے یہ

Marfat.com

پہلو پیش کرنا زیادہ ضروری ہوتا ہے کہ وہ روایات جو بظاہر امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک سے مطابقت نہیں رکھتی ہیں' ان کی تاویل کیا ہوگی؟ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے موقف کی دلیل کیا ہے؟

ہم نے اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کے مطابق یہ کوشش کی ہے کہ برادرانِ اسلام کے سامنے ایسی خدمت پیش کی جائے' جو نہ زیادہ اتنی مختصر ہو کہ مطلوبہ معلومات فراہم نہ کر سکے اور نہ اتنی زیادہ طویل ہو کہ اکتاہٹ کا باعث بنے۔

ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ کتب احادیث میں زیادہ تر ایک جیسی روایات' معمولی سے لفظی اختلاف یا سند کے اختلاف کے ساتھ نقل کی جاتی ہیں' اگر ہر کتاب کی شرح لکھتے ہوئے تمام تفصیلی مباحث کو ازسرِ نو تحریر کیا جائے تو کتاب کا حجم بھی زیادہ ہو جاتا ہے اور اضافی معلومات بھی حاصل نہیں ہو پاتی ہیں۔ اس لئے ہم نے زیادہ تر نزاعی مسائل پر تفصیلی بحث اپنی تصنیف ''جمال السنہ'' میں تحریر کی ہیں۔

اس کتاب کا انتساب ہم نے خواجہ حمید الدین حاکم کے نام کیا ہے جو سہروردی سلسلہ کے مشہور شیخ طریقت شیخ رکن الدین ابوالفتح سہروردی کے خلیفۂ خاص ہیں۔

اس کتاب کی تصنیف کے دوران جن احباب کا تعاون شاملِ حال رہا ہم ان سب کے شکر گزار ہیں جن میں سرفہرست برادرِ مکرم خرم زاہد جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا۔ قاضی عابد درانی جنہوں نے حوالہ جات کی تلاش اور عربی عبارات کے ترجمے میں معاونت کی' ملک محمد یونس جنہوں نے مسودے کی تصحیح میں تعاون کیا۔ علی مصطفیٰ' فیصل رشید' ریحان علی جنہوں نے سرعت سے مسودہ کمپوز کیا۔ مخدوم قاسم شاہد اسے دیدہ زیب انداز میں مرتب کیا۔ شبیر احمد جنہوں نے خوبصورت سرِ ورق ڈیزائن کیا۔ منصور عطاری جنہوں نے اپنی نگرانی میں یہ کام کروایا اور آخر میں ملک شبیر حسین جنہوں نے سینکڑوں صفحات پر پھیلے ہوئے مسودے کو برق رفتاری کے ساتھ کتابی شکل میں منتقل کر کے قارئین تک پہنچایا۔

تشکر و امتنان کے جذبات میں بڑا حصہ ہمارے اساتذہ و مشائخ اور والدین کے لئے بھی ہے' جن کی تعلیم و تربیت کے نتیجے میں ہم اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لائق ہو سکے۔

سب سے آخر میں شکیب جلالی کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسبِ حال ہے:

مرا خزانہ ہے محفوظ میرے سینے میں
میں سو رہوں گا یونہی چھوڑ کر مکان کھلا

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

Marfat.com

# امام نسائی

آپ کا اسم گرامی ''احمد بن شعیب'' ہے اور کنیت ''ابوعبدالرحمان'' ہے۔

آپ خراسان کے شہر ''نسا'' میں 215 ہجری میں پیدا ہوئے۔

اسی شہر کی نسبت کی وجہ سے آپ کا اسم منسوب ''نسائی'' ہے جس کا درست تلفظ ''نس آئی'' ہے۔ امام نسائی نے خراسان کے مختلف شہروں میں موجود علم حدیث کے ماہرین سے اخذ واستفادہ کا آغاز کیا اس کے بعد انہوں نے علم حدیث کی طلب میں عراق' مصر' شام' حجاز اور دیگر بلاد اسلامیہ کا بھی سفر کیا۔

امام سنائی نے محدثین کی کثیر تعداد سے احادیث کا سماع کیا ہے۔ ان کے چند ایک اساتذہ کے اسماء یہ ہیں۔

اسحاق بن راہویہ' احمد بن منیع' حمید بن مسعدہ' زیاد بن ایوب' عبدالاعلیٰ بن واصل' بشر بن معاذ عقدی' احمد بن عبدہ ضبی' عباس بن عبدالعظیم عنبری' محمد بن بشار' محمد بن مثنی اور ان کے علاوہ دیگر بہت سے حضرات ہیں۔

امام نسائی سے احادیث کا سماع کرنے والوں کی فہرست بھی خاصی طویل ہے جس میں سب سے زیادہ مشہور شخصیت امام طحاوی ہیں اس کے علاوہ ابوالبشر دولابی' ابوعلی نیشاپوری اور امام طبرانی کے اسماء قابل ذکر ہیں۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے' امام نسائی نے اپنی اس ''سنن'' میں صرف ایک روایت امام بخاری کے حوالے سے نقل کی ہے اور یہ روایت کتاب الصیام' باب الفضل والجود فی شہر رمضان رقم الحدیث 2095 کے تحت ہے۔

علم حدیث کی متداول روایتی کتابوں کے مؤلفین میں سے امام حاکم کے ''مستدرک'' ہیں۔ امام نسائی سے' ایک واسطے سے' 6 روایات نقل کی ہیں۔

امام طحاوی نے شرح معانی الاثار میں امام نسائی کے حوالے سے صرف ایک روایت نقل کی ہے جو کتاب الصلوٰۃ' باب القراۃ فی الظہر والعصر میں مذکور ہے۔

البتہ امام طحاوی نے ''مشکل الآثار'' میں کم وبیش 315 روایات امام سنائی کے حوالے سے نقل کی ہیں۔

امام دارقطنی نے اپنی ''سنن'' میں امام نسائی کے حوالے سے کم وبیش 22 روایات نقل کی ہیں۔

امام طبرانی نے ''معجم صغیر'' میں امام نسائی کے حوالے سے صرف ایک روایت نقل کی ہے۔

Marfat.com

امام طبرانی نے ''معجم اوسط'' میں امام نسائی کے حوالے سے 44 روایات نقل کی ہیں۔
امام طبرانی نے ''معجم کبیر'' میں امام نسائی کے حوالے سے 27 روایات نقل کی ہیں۔
اہل علم نے امام نسائی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں: فقہ الحدیث کے بارے میں امام نسائی کا کلام بہت سا ہے' جو شخص ان کی ''سنن'' کا جائزہ لے گا وہ ان کے کلام کی عمدگی سے حیران رہ جائے گا۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں: ابوعبدالرحمان (یعنی امام نسائی) اپنے زمانے سے تعلق رکھنے والے ہر اس شخص پر مقدم ہیں جس کا اس علم (یعنی علم حدیث) کے حوالے سے ذکر کیا جاتا ہے۔

بعض محققین نے یہ بات بیان کی ہیں' رجال کے بارے میں امام نسائی کی شرائط امام بخاری اور امام مسلم سے بھی زیادہ سخت تھیں۔ امام ذہبی کہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ انہوں نے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے بعض رجال کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ذہبی نے یہ بھی کہا ہے: تیسری صدی ہجری کے اختتام پر امام نسائی سے بڑا حافظ الحدیث اور کوئی نہیں تھا۔

حدیث' اس کے علل اور اس کے رجال کے بارے میں وہ امام مسلم' امام ترمذی اور امام ابوداؤد سے زیادہ مہارت رکھتے تھے۔ اس حوالے سے وہ امام بخاری اور امام ابوزرعہ رازی کے پائے کی شخصیت ہیں۔

امام نسائی عبادت گزار شخص تھے۔ وہ حضرت داؤد علیہ السلام کے مطابق ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

امام نسائی اپنے انتقال سے کچھ پہلے دمشق تشریف لے گئے تھے۔ وہاں خارجیوں نے آپ کو زدوکوب کر کے شدید زخمی کر دیا۔ امام نسائی نے یہ ہدایت کی کہ ان کو مکہ مکرمہ پہنچایا جائے۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق انہیں مکہ مکرمہ پہنچا دیا گیا اور وہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

امام نسائی کا انتقال شعبان 303 ہجری میں ہوا۔
مشہور روایت کے مطابق انہیں مکہ مکرمہ میں بھی صفاء اور مروہ کے درمیان دفن کیا گیا۔
بعض روایات کے مطابق امام نسائی کا انتقال پیر کے دن 13 صفر المظفر 303 ہجری میں فلسطین میں ہوا۔
امام ذہبی نے اس دوسری روایت کو ترجیح دی ہے۔

Marfat.com

# سنن نسائی

سنن نسائی کا جو نسخہ ہمارے سامنے ہے' یہ دار المعرفۃ بیروت سے 1420 ہجری' بمطابق 1999 عیسوی میں شائع ہوا۔

اس نسخے میں سنن نسائی کے متن کے ہمراہ امام جلال الدین سیوطی (متوفی 911 ہجری) کی شرح اور علامہ ابوالحسن سندھی (متوفی 1138 ہجری) کا حاشیہ بھی شامل ہے۔

اس نسخے کی تحقیق' ترقیم' تخریج اور فہرست سازی کا کام ''مکتب تحقیق التراث الاسلامی'' کے فضلاء نے کیا ہے۔

ہم نے اس نسخے کی تخریج کو کسی مراجعت کے بغیر من وعن نقل کر دیا ہے۔

امام نسائی سے سنن نسائی کو کئی حضرات نے روایت کیا ہے' جن میں ایک امام نسائی کے صاحبزادے ابوموسیٰ عبدالکریم ہیں اور دوسری نمایاں شخصیت ابوبکر احمد بن محمد بن اسحاق دینوری ہیں جو ''ابن السنی'' کے نام سے معروف ہیں۔ ہم تک سنن نسائی کا جو نسخہ پہنچا ہے وہ ابن السنی کے حوالے سے ہی منقول ہے۔ ابن السنی نے یہ نسخہ سماع اور قرأت دونوں طریقوں سے روایت کیا ہے۔ انہوں نے 302 ہجری میں مصر میں اس کتاب کا سماع کیا تھا۔

مؤرخین کے بیان کے مطابق امام نسائی نے پہلے ''سنن کبریٰ'' مرتب کی تھی کسی نے ان سے دریافت کیا: کیا اس کی تمام روایات (محدثین کی اصطلاح کے مطابق) ''صحیح'' ہیں؟ امام نسائی نے جواب دیا: جی نہیں! تو اس شخص نے فرمائش کی آپ اس میں سے صرف ''صحیح'' احادیث پر مشتمل مجموعہ الگ سے مرتب کر دیں۔

تو امام نسائی نے ''المجتبیٰ من السنن'' (یعنی سنن کبریٰ کا منتخب حصہ) ترتیب دیا' یہ کتاب ہمارے عرف میں ''سنن نسائی'' کے نام سے جانی پہچانی جاتی ہے۔

مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے سنن نسائی کبریٰ میں سے ''المجتبیٰ'' کے انتخاب اور ترتیب کی خدمت سنن نسائی کے راوی ''ابن السنی'' نے سرانجام دی تھی۔ تاہم یہ بات مستند طور پر ثابت نہیں ہے۔

امام نسائی کی سب سے اعلیٰ سند وہ ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کے اور ان کے درمیان چار واسطے ہیں۔ سنن نسائی میں ایک روایت ایسی بھی ہے جس کی سند میں نبی اکرم ﷺ اور امام نسائی کے درمیان 9 واسطے ہیں۔ سنن نسائی کی زیادہ تر روایات میں نبی اکرم ﷺ اور امام نسائی کے درمیان 8 یا 7 یا 6 یا 5 واسطے ہیں۔

(i) سنن نسائی میں امام نسائی کا اسلوب یہ ہے کہ وہ بعض اوقات نامانوس لفظ کی وضاحت کرتے ہیں۔

(ii) بعض اوقات وہ حدیث میں مذکور فقہی مسئلے پر کلام کرتے ہیں۔

Marfat.com

(iii) راویوں میں سے کسی مہمل راوی کی وضاحت کرتے ہیں یا اس کی کنیت کی وضاحت کر دیتے ہیں کہ راوی کا نام کیا ہے؟ اس طرح اگر کوئی شخص اپنی کنیت سے مشہور ہے اور سند میں اس کا نام مذکور ہو تو اس کی کنیت ذکر کر کے اس کا تعارف کروا دیتے ہیں۔

ان بنیادی خصوصیات کے ہمراہ امام نسائی نے اختصار کے ساتھ علوم حدیث سے متعلق دیگر بہت سے نکات وفوائد کی نشاندہی بھی کی ہے۔ جیسے روایت کے کچھ الفاظ کا غریب یا زائد ہونا' راوی کا کسی لفظ کو نقل کرنے میں منفرد ہونا۔ روایت کا مرسل یا منقطع یا منکر ہونا اور اس جیسے دیگر بہت سے حقائق ہیں جو سنن نسائی کے دامن میں بکھرے ہوئے ہیں۔

Marfat.com

# ترتیب


شرفِ انتساب ۳
دعائے نبوی ۴
عرضِ ناشر ۵
حدیثِ دل ۷
امام نسائی ۹
سنن نسائی ۱۱

## طہارت کے بارے میں روایات

طہارت کا مفہوم ۳۳
ترجمۃ الباب کی وضاحت ۳۴
وضو میں پانی کا بہنا شرط ہے ۳۴
برف کے ساتھ وضو کا حکم ۳۴
چہرے کی حدود کیا ہیں؟ ۳۴
دوسرا فرض: بازوؤں کو دھونا ۳۴
تیسرا فرض: پاؤں دھونا ۳۴
چوتھا فرض: سر کا مسح ۳۵
ٹوپی اور عمامہ پر مسح کا حکم ۳۶
باب: نیند سے بیدار ہونے پر مسواک کرنا ۳۸
مسواک کے احکام ۳۸
مسواک کرنے کا طریقہ ۴۰
باب: مسواک کرنے کا طریقہ ۴۰
باب: کیا امام اپنی رعیت کی موجودگی میں مسواک کر سکتا ہے؟ ۴۱
باب: مسواک کی ترغیب دینا ۴۱
مسواک کے احکام ۴۲
باب: بکثرت مسواک کرنا ۴۲
باب: روزہ دار شخص کے لیے شام کے وقت مسواک کرنے کی رخصت ۴۳
باب: کسی بھی وقت میں مسواک کرنا ۴۳
باب: فطری اُمور کا تذکرہ (جن میں ختنہ کرنا بھی شامل ہے۔) ۴۳
ختنہ کرنے کے احکام ۴۴
باب: ناخن تراشنا ۴۵
باب: بغل کے بال صاف کرنا ۴۵
باب: زیرِ ناف بال صاف کرنا ۴۶
باب: مونچھیں چھوٹی کرنا ۴۶
باب: اس بارے میں متعین مدت ۴۷
باب: مونچھیں چھوٹی کرنا اور داڑھی بڑھانا ۴۷
باب: قضائے حاجت کے لیے دور جانا ۴۸
استنجاء کے احکام ۴۸
استنجاء کے آداب ۴۸
بیت الخلاء میں داخلے کی دعا ۴۹
باب: اسے ترک کرنے کی اجازت ۵۱
باب: بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت کی دعا ۵۱
باب: قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنے کی ممانعت ۵۲
باب: قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ کرنے کی ممانعت ۵۲
باب: قضائے حاجت کے وقت مشرق یا مغرب کی طرف منہ


Marfat.com

کرنے کا حکم ۵۳
باب: گھروں میں اس کی اجازت ۵۳
باب: قضائے حاجت کے وقت شرم گاہ دائیں ہاتھ سے چھونے
کی ممانعت ۵۳
باب: صحرا میں کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی اجازت ۵۴
باب: گھر میں بیٹھ کر پیشاب کرنا ۵۵
باب: کسی چیز کی آڑ لے کر پیشاب کرنا ۵۵
باب: پیشاب سے بچنا ۵۶
دوسری فصل: نجس چیزوں کا بیان ۵۷
نجاست کی اقسام ۵۷
باب: پیشاب کے مخصوص برتن میں پیشاب کرنا ۵۹
طشت میں پیشاب کرنا ۵۹
باب: بل میں پیشاب کرنے کی کراہت ۶۰
باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت ۶۰
باب: غسل خانے میں پیشاب کرنے کی کراہت ۶۱
باب: جو شخص پیشاب کرنے والے کو سلام کرے ۶۱
باب: وضو کرنے کے بعد سلام کا جواب دینا ۶۲
ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت ۶۲
باب: مینگنی کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت ۶۳
باب: طہارت حاصل کرتے ہوئے تین پتھروں سے کم پر
اکتفاء کرنے کی ممانعت ۶۳
امام ابوجعفر طحاوی کی تحقیق: ۶۴
باب: دو پتھروں کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرنے کی اجازت ۶۶
باب: ایک پتھر کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرنے کی اجازت ۶۷
باب: پاکیزگی حاصل کرتے ہوئے کسی اور چیز کی بجائے پتھر
پر اکتفاء کرنا ۶۷
باب: پانی کے ذریعے استنجاء کرنا ۶۷
باب: دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت ۶۸
باب: استنجاء کرنے کے بعد زمین پر ہاتھ ملنا ۶۹
باب پانی کی مقدار متعین کرنا ۷۰
باب: پانی کی کوئی مقدار متعین نہ کرنا ۷۱
باب: ٹھہرے ہوئے پانی کا حکم ۷۲
باب: سمندر کے پانی کا حکم ۷۳
باب: برف کے ذریعے وضو کرنا ۷۴
باب: برف کے پانی کے ذریعے وضو کرنا ۷۵
باب: اولوں کے پانی سے وضو کرنا ۷۵
باب: کتے کے جوٹھے کا حکم ۷۶
باب: جس برتن میں کتے نے منہ ڈال دیا ہو اس کے پانی کو
بہانے کا حکم ۷۷
باب: جس برتن میں کتے نے منہ ڈالا ہو اس کو مٹی کے
ذریعے مانجھ کر صاف کرنا ۷۸
باب: بلی کے جوٹھے کا حکم ۷۸
باب: گدھے کے جوٹھے کا حکم ۷۹
باب: حیض والی عورت کا جوٹھا ۸۰
باب: مرد و خواتین (یعنی میاں بیوی) کا ایک ساتھ وضو کرنا ۸۰
باب: جنبی شخص کا بچایا ہوا پانی ۸۰
باب: پانی کی اس مقدار کا تذکرہ' جو مرد کے وضو کرنے
کے لیے کافی ہوتی ہے ۸۱
باب: وضو میں نیت کرنے کا حکم ۸۲
باب: وضو کے مستحبات ۸۲
وضو کے مزید آداب ۸۳
وضو کے دوران پڑھی جانے والی دعائیں ۸۴
باب: برتن سے وضو کرنا ۸۵
باب: وضو کے وقت بسم اللہ پڑھنا ۸۶
باب: خادم کا آدمی کو وضو کروانا ۸۷
باب: ایک' ایک مرتبہ وضو کرنا ۸۸
باب: تین' تین مرتبہ وضو کرنا ۸۸
باب: وضو کا طریقہ' دونوں ہاتھوں کو دھونا ۸۸

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (ان دونوں ہاتھوں کو) کتنی مرتبہ دھویا جائے گا | ۸۹ |
| باب: وضو کی سنتوں کا بیان | ۹۰ |
| وضو میں تیرہ سنتیں ہیں | ۹۰ |
| دوسری سنت: دونوں ہاتھ دھونا | ۹۰ |
| تیسری سنت: کلی کرنا' ناک میں پانی ڈالنا | ۹۰ |
| چوتھی سنت: مسواک کرنا | ۹۱ |
| مسواک کے احکام | ۹۱ |
| داڑھی کا خلال کرنا | ۹۱ |
| انگلیوں کا خلال کرنا | ۹۱ |
| اعضاء کو تین مرتبہ دھونا | ۹۲ |
| پورے سر کا مسح کرنا | ۹۲ |
| کانوں کا مسح کرنا | ۹۲ |
| وضو کی نیت کرنا | ۹۳ |
| ترتیب اور موالات کا خیال رکھنا | ۹۳ |
| باب: کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا | ۹۳ |
| باب: دونوں میں سے کون سے ہاتھ سے کلی کی جائے؟ | ۹۵ |
| باب: ناک میں پانی ڈالنا | ۹۶ |
| باب: ناک صاف کرنے میں مبالغہ کرنا | ۹۶ |
| باب: ناک میں پانی ڈالنے کا حکم | ۹۷ |
| باب: نیند سے بیدار ہونے پر وقت ناک صاف کرنے کا حکم | ۹۷ |
| باب: کون سے ہاتھ کے ذریعے ناک صاف کی جائے؟ | ۹۷ |
| باب: چہرے کو دھونا | ۹۸ |
| باب: چہرے کو دھونے کی تعداد | ۹۹ |
| باب: دونوں بازوؤں کو دھونا | ۱۰۰ |
| باب: وضو کا طریقہ | ۱۰۰ |
| دونوں بازوؤں کو دھونے کی تعداد | ۱۰۱ |
| باب: دونوں بازوؤں کو دھونے کی حد | ۱۰۲ |
| باب: سر کا مسح کرنے کا طریقہ | ۱۰۳ |
| باب: سر کے مسح کی تعداد | ۱۰۴ |
| وضو کے مکروہات | ۱۰۴ |
| باب: عورت کا اپنے سر پر مسح کرنا | ۱۰۵ |
| باب: دونوں کانوں کا مسح کرنا | ۱۰۵ |
| باب: سر کے ساتھ دونوں کانوں کا مسح کرنا اور یہ جو دلیل پیش کی جاتی ہے "دونوں کان' سر کا حصہ ہیں" | ۱۰۶ |
| باب: عمامہ پر مسح کرنا | ۱۰۸ |
| باب: پیشانی کے ساتھ عمامہ پر مسح کرنا | ۱۰۸ |
| باب: عمامہ پر کیسے مسح کیا جائے؟ | ۱۰۹ |
| باب: دونوں پاؤں دھونا فرض ہے | ۱۱۱ |
| باب: دونوں پاؤں میں سے کون سے پاؤں کو پہلے دھویا جائے؟ | ۱۱۱ |
| باب: دونوں ہاتھوں کے ذریعے پاؤں دھونا | ۱۱۲ |
| باب: انگلیوں کا خلال کرنے کا حکم | ۱۱۲ |
| باب: دونوں پاؤں کو دھونے کی تعداد | ۱۱۳ |
| باب: (دونوں پاؤں کو) دھونے کی حد | ۱۱۳ |
| باب: جوتے پہن کر وضو کرنا | ۱۱۴ |
| باب: دونوں موزوں پر مسح کرنا | ۱۱۴ |
| موزوں پر مسح کے احکام | ۱۱۴ |
| پہلی فصل: ان اُمور کا بیان جو موزوں پر مسح کے جواز کے لیے ضروری ہیں | ۱۱۴ |
| موزہ کی شرائط | ۱۱۵ |
| موزہ کے اوپری حصے پر مسح کرنا | ۱۱۵ |
| مسح کے جواز کی اہم شرط | ۱۱۷ |
| مسح کی مدت | ۱۱۷ |
| موزہ کا سالم ہونا | ۱۱۸ |
| دوسری فصل: موزوں پر مسح کو ختم کرنے والی چیزیں | ۱۱۸ |
| باب: سفر کے دوران موزوں پر مسح کرنا | ۱۲۰ |
| باب: مسافر شخص کے لیے موزوں پر مسح کرنے کی متعین مدت | ۱۲۱ |
| باب: مقیم شخص کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کا تعین | ۱۲۲ |


Marfat.com

باب: پہلا وضو باقی ہونے پر وضو کرنے کا طریقہ ____ ۱۲۲
باب: ہر نماز کے لیے وضو کرنا ____ ۱۲۳
وضو کی تین اقسام ____ ۱۲۳
باب: (وضو کے بعد) شرم گاہ پر پانی چھڑکنا ____ ۱۲۴
باب: وضو کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنا ____ ۱۲۵
باب: وضو کا فرض ہونا ____ ۱۲۶
باب: وضو میں حد سے تجاوز کرنا ____ ۱۲۷
باب: اچھی طرح وضو کرنے کا حکم ____ ۱۲۷
باب: اس عمل کی فضیلت ____ ۱۲۸
باب: جو شخص اسی طرح وضو کرے، جس طرح حکم دیا گیا ہے، اس کا ثواب ____ ۱۲۸
باب: وضو سے فارغ ہونے کے بعد کیا پڑھا جائے؟ ____ ۱۳۰
باب: وضو کا زیور ہونا ____ ۱۳۱
باب: جو شخص اچھی طرح وضو کرنے کے بعد دو رکعات نماز ادا کرے، اس کا ثواب ____ ۱۳۲
باب: مذی میں سے کون سی چیز وضو کو توڑتی ہے اور کون سی چیز وضو کو نہیں، توڑتی ہے؟ ____ ۱۳۲
وضو کو توڑنے والی چیزیں ____ ۱۳۳
وضو کے مزید نواقض ____ ۱۳۴
نماز میں قہقہہ لگانے کے احکام ____ ۱۳۴
مباشرت کے احکام ____ ۱۳۵
شک لاحق ہونے کے احکام ____ ۱۳۵
باب: پاخانہ یا پیشاب کرنے کے بعد وضو کرنا ____ ۱۳۷
باب: پاخانے کے بعد وضو کرنا ____ ۱۳۸
باب: ہوا خارج ہونے پر وضو کرنا ____ ۱۳۸
نماز کے دوران حدث لاحق ہونے کے احکام ____ ۱۳۹
(نماز کے دوران) نائب بنانے کے احکام ____ ۱۳۹
بعض ذیلی مسائل ____ ۱۴۱
باب: سونے کی وجہ سے (وضو لازم ہونا) ____ ۱۴۳
باب: اونگھنے کا حکم ____ ۱۴۳
باب: شرمگاہ کو چھونے پر وضو کرنا ____ ۱۴۳
باب: ایسی صورت میں وضو نہ کرنے کا حکم ____ ۱۴۵
باب: شہوت کے بغیر مرد کے اپنی بیوی کو چھونے سے وضو لازم نہ ہونا ____ ۱۴۵
باب: بوسہ لینے پر وضو لازم نہ ہونا ____ ۱۴۷
باب: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو لازم ہونا ____ ۱۵۱
باب: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کا لازم نہ ہونا ____ ۱۵۱
ستو پینے کے بعد کلی کرنا ____ ۱۵۲
باب: دودھ پینے کے بعد کلی کرنا ____ ۱۵۳
باب: کون سی چیز غسل کو لازم کرتی ہے اور کون سی چیز غسل کو لازم نہیں کرتی ____ ۱۵۳
کافر شخص کا اسلام قبول کرنے کے بعد غسل کرنا ____ ۱۵۳
غسل کے فرائض ____ ۱۵۳
غسل کی سنتیں ____ ۱۵۴
موجباتِ غسل کا بیان ____ ۱۵۴
غسل کی اقسام ____ ۱۵۶
باب: جب کوئی کافر اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرے (تو اسلام قبول کرنے سے) پہلے غسل کرنا ____ ۱۵۸
باب: مشرک شخص کو دفن کرنے کے بعد غسل کرنا ____ ۱۵۸
باب: جب دونوں شرمگاہیں مل جائیں، تو غسل کا لازم ہونا ____ ۱۵۹
باب: منی (کے خروج) کی وجہ سے غسل لازم ہونا ____ ۱۶۰
باب: جب عورت خواب میں وہی چیز دیکھے جو مرد دیکھتا ہے، تو اس پر غسل لازم ہونا ____ ۱۶۱
باب: ایسا شخص جسے احتلام ہوتا ہے، لیکن اسے منی نظر نہیں آتی ____ ۱۶۲
باب: مرد اور عورت کے مادۂ تولید کے درمیان فرق ____ ۱۶۲
باب: حیض کے بعد غسل کرنا ____ ۱۶۳

Marfat.com

باب: قروء کا تذکرہ ۱۶۶
باب: استحاضہ کا شکار عورت کا غسل کرنا ۱۶۸
باب: نفاس کے بعد غسل کرنا ۱۶۸
باب: حیض اور استحاضہ کے خون کے درمیان فرق ۱۶۹
باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل جنابت کرنے کی ممانعت ۱۷۱
باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے اور پھر اسی میں غسل کرنے کی ممانعت ۱۷۱
باب: رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرنے کا تذکرہ ۱۷۲
باب: رات کے ابتدائی یا آخری حصے میں غسل کرنا ۱۷۲
باب: غسل کے وقت پردہ کرنا ۱۷۲
باب: پانی کی اس مقدار کا تذکرہ، جو مرد کے غسل کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے ۱۷۳
باب: اس بات کی دلیل کہ اس حوالے سے کوئی متعین مقدار نہیں ہے ۱۷۵
باب: شوہر اور بیوی کا ایک ہی برتن سے غسل کرنا ۱۷۵
باب: جنبی کے بچائے ہوئے پانی سے غسل کرنے کی ممانعت ۱۷۸
باب: اس بارے میں رخصت کا بیان ۱۷۸
باب: اس برتن (میں پانی ڈال کر) غسل کرنا جس میں آٹا گوندھا جاتا ہے ۱۷۹
باب: عورت جب غسلِ جنابت کرتی ہے اس وقت اس کا سر کی مینڈھیوں کو نہ کھولنا ۱۷۹
باب: حیض والی عورت جب احرام باندھنے کے لیے غسل کرتی ہے اس کو اس بات کا حکم دینا ۱۷۹
باب: جنبی شخص کا غسل کے وقت ہاتھ کو برتن میں ڈالنے سے پہلے دھونا ۱۸۰
باب: دونوں ہاتھوں کو برتن میں ڈالنے سے پہلے کتنی مرتبہ دھویا جائے؟ ۱۸۱
باب: ہاتھوں کو دھونے کے بعد جنبی شخص کا اپنے جسم سے نجاست کو صاف کرنا ۱۸۱
باب: اپنے جسم پر موجود نجاست کو صاف کرنے کے بعد جنبی شخص کا دوبارہ ہاتھ دھونا ۱۸۲
باب: جنبی شخص کا غسل جنابت کرنے سے پہلے وضو کرنا ۱۸۲
باب: جنبی شخص کا اپنے سر میں خلال کرنا ۱۸۳
باب: جنبی شخص کے لیے سر پر کس حد تک پانی بہانا کافی ہے؟ ۱۸۳
باب: حیض کے بعد غسل کرنے کا طریقہ ۱۸۴
باب: غسل کر لینے کے بعد وضو نہ کرنا ۱۸۴
باب: جس جگہ پر غسل کیا ہو وہاں سے ہٹ کر پاؤں دھونا ۱۸۴
باب: غسل کر لینے کے بعد رومال استعمال نہ کرنا ۱۸۵
باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے کا ارادہ کرے اس وقت وضو کر لے ۱۸۶
باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے لگے تو اس کا صرف ہاتھ دھونے پر اکتفاء کرنا ۱۸۶
باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے یا پینے کا ارادہ کرے تو اس کا دونوں ہاتھ دھونے پر اکتفا کرنا ۱۸۷
باب: جنبی شخص جب سونے لگے تو وضو کرے ۱۸۷
باب: جنبی شخص جب سونے کا ارادہ کرے تو اس کا وضو کرنا اور اپنی شرمگاہ کو دھو لینا ۱۸۸
باب: جب کوئی جنبی شخص وضو نہ کرے (تو اس کا حکم) ۱۸۸
باب: جب جنبی شخص دوبارہ صحبت کرنے کا ارادہ کرے (تو اس کا حکم) ۱۸۹
باب: غسل کرنے سے پہلے بیوی سے دوبارہ صحبت کرنا ۱۸۹
باب: جنبی شخص کے لیے قرآن کی تلاوت کی ممانعت ۱۹۰
باب: جنبی شخص کو چھونا یا اس کے ساتھ بیٹھنا ۱۹۱
باب: حیض والی عورت سے خدمت لینا ۱۹۲
باب: حیض والی عورت کا مسجد میں چٹائی پکڑانا ۱۹۳
باب: جو شخص ایسی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے کہ اس کا سر اس کی بیوی کی گود میں ہے اور وہ عورت اس وقت

Marfat.com

حیض کی حالت میں ہو ـــــــ ۱۹۴
باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر کو دھونا ـــــــ ۱۹۴
باب: حیض والی عورت کے جوٹھے کو کھانا یا پینا ـــــــ ۱۹۵
باب: حیض والی عورت کی بچائی ہوئی کھانے یا پینے کی چیز سے نفع حاصل کرنا ـــــــ ۱۹۵
باب: حیض والی عورت کے ساتھ لیٹنا ـــــــ ۱۹۶
باب: حیض والی عورت کے ساتھ مباشرت کرنا ـــــــ ۱۹۷
باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر: ''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں'' ـــــــ ۱۹۸
باب: جب کسی شخص کو اس بات پر پتہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے حیض والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے منع کر دیا ہے اور پھر اس کے بعد وہ اپنی حیض والی بیوی کے ساتھ صحبت کرے تو اس پر کیا لازم ہوگا؟ ـــــــ ۱۹۹
باب: حالت احرام والی عورت کو جب حیض آ جائے، تو وہ کیا کرے؟ ـــــــ ۱۹۹
باب: نفاس والی عورت احرام کے وقت کیا کرے گی؟ ـــــــ ۲۰۰
باب: جب حیض کا خون کپڑے پر لگ جائے (تو اس کا حکم کیا ہوگا؟) ـــــــ ۲۰۰
نجاست کے احکام ـــــــ ۲۰۱
نجاست کو پاک کرنے کا طریقہ ـــــــ ۲۰۱
نجاست کو پاک کرنے کا طریقہ ـــــــ ۲۰۱
پیشاب والی زمین کو پاک کرنا ـــــــ ۲۰۲
چمڑے کو پاک کرنے کا طریقہ ـــــــ ۲۰۳
نجاست کا خشک ہو جانا ـــــــ ۲۰۳
باب: کپڑے پر منی لگ جانے کا حکم ـــــــ ۲۰۵
باب: کپڑے پر لگی ہوئی منی کو دھونا ـــــــ ۲۰۵
باب: کپڑے پر سے منی کو کھرچ دینا ـــــــ ۲۰۶
باب: جو بچہ کھانا نہ کھاتا ہو، اس کے پیشاب کا حکم ـــــــ ۲۰۷
باب: بچی کے پیشاب کا حکم ـــــــ ۲۰۸
باب: جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے، ان کے پیشاب کا حکم ـــــــ ۲۰۹
باب: جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے، ان کے گوبر کا کپڑے پر لگ جانا ـــــــ ۲۱۰
باب: کپڑے پر تھوک لگ جانے کا حکم ـــــــ ۲۱۱
باب: تیمّم کا آغاز (کیسے ہوا) ـــــــ ۲۱۲
باب: حضر کی حالت میں تیمّم کرنا ـــــــ ۲۱۳
باب: سفر کے دوران تیمّم کرنا ـــــــ ۲۱۴
باب: تیمّم کے طریقے میں اختلاف ـــــــ ۲۱۵
باب: تیمّم کا ایک اور طریقہ اور دونوں ہاتھوں پر پھونک مارنا ۲۱۵
باب: تیمّم کا ایک اور طریقہ ـــــــ ۲۱۶
باب: تیمّم کا ایک اور طریقہ ـــــــ ۲۱۷
باب: ایک اور طریقہ ـــــــ ۲۱۸
باب: جنبی شخص کا تیمّم کرنا ـــــــ ۲۱۹
باب: پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کرنا ـــــــ ۲۱۹
باب: ایک ہی تیمّم کے ذریعے مختلف نمازیں ادا کرنا ـــــــ ۲۲۰
باب: جس شخص کو پانی بھی نہیں ملتا اور مٹی بھی نہیں ملتی (وہ کیا کرے؟) ـــــــ ۲۲۰

## (مختلف قسم کے)
## پانیوں کے بارے میں روایات

باب: پانی کے بارے میں احکام ـــــــ ۲۲۳
ان پانیوں کا بیان جن کے ذریعے وضو کرنا جائز ہے ـــــــ ۲۲۳
کنوئیں کے احکام ـــــــ ۲۲۴
فصل: پانی کی ان اقسام کا بیان، جن کے ذریعے وضو نہیں ہو سکتا ـــــــ ۲۲۴
نبیذ کے ذریعے وضو کرنا ـــــــ ۲۲۶
آبِ مستعمل کے احکام ـــــــ ۲۲۷
باب: بضاعہ کنوئیں کا تذکرہ ـــــــ ۲۲۹
باب: پانی میں مقدار متعین کرنا ـــــــ ۲۳۰

Marfat.com

باب: جنبی شخص کے ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنے کی ممانعت ۲۳۱
باب: سمندر کے پانی سے وضو کرنا ۲۳۱
باب: برف اور اولوں کے پانی سے وضو کرنا ۲۳۱
باب: کتے کے جوٹھے کا حکم ۲۳۲
باب: جس برتن میں کتا منہ ڈال دے' اُسے مٹی کے ذریعے صاف کرنے کا حکم ۲۳۲
باب: بلی کے جوٹھے کا حکم ۲۳۴
جوٹھے کے احکام ۲۳۴
باب: حیض والی عورت کے جوٹھے کا حکم ۲۳۶
باب: عورت کے بچائے ہوئے کو استعمال کرنے کی رخصت ۲۳۶
باب: عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی (کو استعمال کرنے) کی ممانعت ۲۳۷
باب: جنبی شخص کے بچائے ہوئے پانی (کو استعمال کرنے) کی اجازت ۲۳۷
باب: پانی کی اُس مقدار کا بیان جو انسان کے وضو یا غسل کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے ۲۳۷
حیض اور استحاضہ (سے متعلق روایات) ۲۳۹
باب: حیض کا آغاز' اس کو نفاس کہا جا سکتا ہے؟ ۲۳۹
خون کی ان اقسام کا تذکرہ' جو خواتین کے ساتھ مخصوص ہیں ۲۳۹
یہ تین قسمیں ہیں: حیض' نفاس' استحاضہ ۲۳۹
حیض کے احکام ۲۴۰
حیض کی تعریف ۲۴۰
حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت ۲۴۱
دوسری فصل: نفاس سے متعلق احکام ۲۴۱
نفاس کی تعریف ۲۴۱
نفاس کی کم از کم مدت ۲۴۲
تیسری فصل: استحاضہ کے احکام ۲۴۲
استحاضہ کی تعریف ۲۴۲
چوتھی فصل: حیض' نفاس' استحاضہ کے احکام ۲۴۲
حیض اور نفاس کے مشترکہ احکام ۲۴۲
قرآن کی تلاوت ممنوع ہونا ۲۴۳
قرآن کو چھونا ممنوع ہونا ۲۴۴
صحبت حرام ہونا ۲۴۵
معذور شخص کے احکام ۲۴۶
عذر کے ثبوت کے لیے شرط ۲۴۶
وقت کا ختم ہونا بھی ناقض ہے ۲۴۶
باب: استحاضہ کا تذکرہ' خون کا آنا اور ختم ہو جانا ۲۴۷
باب: ایسی عورت (کا حکم) جسے ہر ماہ متعین دنوں میں ہی حیض آتا ہو ۲۴۸
باب: قروء کا تذکرہ ۲۴۹
باب: استحاضہ والی عورت کا دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا جب وہ نمازیں ایک ساتھ ادا کرے گی ۲۵۱
تو ایک ہی مرتبہ غسل کرے گی ۲۵۱
باب: حیض اور استحاضہ کے خون کے درمیان فرق (کا تذکرہ) ۲۵۲
باب: زرد اور مٹیالے مواد (کا حکم) ۲۵۵
باب: حیض والی عورت کے ساتھ کیا' کیا جا سکتا ہے؟ ۲۵۵
باب: جب کسی شخص کو اس بات کا پتہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے منع کیا ہے اور پھر بھی وہ اپنی بیوی کے ساتھ اس کے حیض کے دوران صحبت کر لے (تو اس کا حکم کیا ہو گا؟) ۲۵۷
باب: جب حیض والی عورت نے حیض کے مخصوص کپڑے پہنے ہوں' تو اس کے ساتھ لیٹنے (کا حکم) ۲۵۷
باب: آدمی کا اپنی بیوی کے ساتھ' ایک ہی چادر میں لیٹ جانا' جبکہ وہ عورت حیض کی حالت میں ہو ۲۵۷

Marfat.com

باب: حیض والی عورت کے ساتھ مباشرت کرنا ۲۵۸
باب: اس بات کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم ﷺ کی کسی زوجہ محترمہ کو حیض آتا تھا تو آپ ﷺ ان کے ساتھ کیا کرتے تھے؟ ۲۵۹
باب: حیض والی عورت کے ساتھ بیٹھ کر کھانا اور اس کے جوٹھے کو پی لینا ۲۵۹
باب: حیض والی عورت کے بچائے ہوئے (کھانے یا پانی) کو استعمال کرنا ۲۶۰
باب: کسی شخص کا ایسی حالت میں قرآن کی تلاوت کرنا جبکہ اس کا سر اس کی بیوی کی گود میں ہو اور وہ عورت اس وقت حیض کی حالت میں ہو ۲۶۱
باب: حیض والی عورت سے نماز کا ساقط ہو جانا ۲۶۱
باب: حیض والی عورت سے خدمت لینا ۲۶۲
باب: حیض والی عورت کا نماز کی جگہ پر چٹائی بچھا دینا ۲۶۳
باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر میں کنگھی کرنا جبکہ وہ شخص مسجد میں معتکف ہو ۲۶۴
باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر کو دھونا ۲۶۴
باب: حیض والی عورتوں کا عید کی نماز اور مسلمانوں کی اجتماعی دعا میں شریک ہونا ۲۶۴
باب: جس عورت کو طوافِ افاضہ کے بعد حیض آجائے (اس کا حکم کیا ہے؟) ۲۶۵
باب: نفاس والی عورت احرام باندھنے کے بعد کیا کرے؟ ۲۶۵
باب: نفاس والی عورت کی نمازِ جنازہ ادا کرنا ۲۶۶
باب: حیض کے خون کا کپڑے پر لگ جانا ۲۶۶


## غسل اور تیمم (سے متعلق روایات)


باب: جنبی شخص کے لیے ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کی ممانعت ۲۶۸
باب: حمام میں داخل ہونے کی اجازت ۲۶۹
باب: برف اور اولوں (کے پگھلے ہوئے پانی) کے ذریعے غسل کرنا ۲۷۰
باب: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا ۲۷۰
باب: سونے سے پہلے غسل کرنا ۲۷۰
باب: رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرنا ۲۷۱
باب: غسل کرتے وقت پردہ تان لینا ۲۷۱
باب: اس بات کی دلیل کہ غسل کرنے کے لیے پانی کی کوئی حد متعین نہیں ہے ۲۷۳
باب: آدمی کا اپنی بیوی کے ساتھ ایک ہی برتن میں سے غسل کرنا ۲۷۳
باب: اس بارے میں رخصت کا بیان ۲۷۴
باب: ایسے برتن میں (پانی ڈال کر) غسل کرنا جس میں آٹے کا اثر موجود ہو ۲۷۴
باب: غسل کے وقت عورت کا اپنی مینڈھیوں کو نہ کھولنا ۲۷۵
باب: جب کوئی شخص خوشبو لگا کر غسل کرے اور اس کی خوشبو کا اثر ابھی باقی ہو ۲۷۵
باب: جنبی شخص (غسل جنابت کرتے ہوئے) اپنے جسم پر پانی بہانے سے پہلے (جسم پر لگی ہوئی) نجاست کو دور کرے ۲۷۶
باب: غسل جنابت کرتے ہوئے شرمگاہ کو دھونے کے بعد ہاتھ کو ۲۷۶
زمین پر ملنا (یعنی مٹی کے ذریعے صاف کرنا) ۲۷۶
باب: غسل جنابت کے آغاز میں وضو کرنا ۲۷۷
باب: وضو کرتے ہوئے دائیں حصے کو پہلے دھونا ۲۷۷
باب: جنابت کی حالت میں وضو کرتے ہوئے سر پر مسح نہ کرنا ۲۷۷
باب: غسل جنابت میں جلد کو گیلا کرنا ۲۷۸
باب: جنبی شخص کے لیے (غسل جنابت کے دوران) اپنے اوپر کسی حد تک پانی بہانا کافی ہے؟ ۲۷۹
باب: حیض کے بعد غسل کرنے کا طریقہ ۲۸۰


Marfat.com

باب: ایک ہی مرتبہ غسل کرنا (یعنی جسم پر ایک ہی مرتبہ پانی بہانا) ۲۸۰
باب: احرام باندھنے کے وقت نفاس والی عورت کا غسل کرنا ۲۸۱
باب: غسل کر لینے کے بعد وضو نہ کرنا ۲۸۱
باب: تمام بیویوں کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد ایک ہی مرتبہ غسل کرنا ۲۸۲
باب: مٹی کے ذریعے تیمم کرنا ۲۸۲
تیمم کے احکام ۲۸۳
وہ اُمور جو تیمم میں ضروری ہیں ۲۸۳
تیمم کی نیت ۲۸۳
مختلف امور کے لیے تیمم کرنا ۲۸۳
تیمم کا طریقہ ۲۸۴
مٹی کا پاک ہونا ۲۸۵
پانی پر قدرت نہ رکھنا ۲۸۵
کسی خوف کی وجہ سے تیمم کرنا ۲۸۵
پانی کے استعمال کا نقصان دہ ہونا ۲۸۶
دوسری فصل: ان چیزوں کا بیان جو تیمم کو توڑ دیتی ہیں ۲۸۷
تیسری فصل: تیمم سے متعلق متفرق مسائل ۲۸۸
تیمم میں سات چیزیں سنت ہیں ۲۸۸
تیمم کرنے کا عملی طریقہ ۲۸۸
باب: جو شخص نماز کے بعد پانی پالیتا ہے اس کے تیمم کا حکم کیا ہے؟ ۲۹۰
باب: مذی کے خروج پر وضو کرنا ۲۹۱
باب: نیند کے بعد وضو کرنے کا حکم ۲۹۳
باب: شرمگاہ کو چھونے پر وضو لازم ہونا ۲۹۴


## نماز (کے بارے میں روایات)


نماز کی فرضیت (کا واقعہ) ۲۹۶
نماز سے متعلق احکام ۲۹۶
نماز کی فرضیت ۲۹۶
باب: نماز کہاں فرض کی گئی؟ ۳۰۴
باب: نماز کیسے فرض کی گئی؟ ۳۰۴
باب: روزانہ کتنی نمازیں فرض کی گئی ہیں؟ ۳۰۶
باب: پانچ نمازیں ادا کرنے پر بیعت لینا ۳۰۸
باب: پانچ نمازیں باقاعدگی سے ادا کرنا ۳۰۸
باب: پانچ نمازیں (ادا کرنے کی) فضیلت ۳۰۹
باب: نماز ادا نہ کرنے والے شخص کا حکم ۳۱۰
باب: نماز کے حوالے سے محاسبہ ہونا ۳۱۰
باب: نماز پڑھنے والے کا اجر وثواب ۳۱۲
باب: حضر کے دوران ظہر کی رکعات کی تعداد ۳۱۲
باب: سفر کے دوران ظہر کی نماز (کی رکعات) ۳۱۳
باب: نمازِ عصر کی فضیلت ۳۱۳
باب: عصر کی نماز باقاعدگی سے ادا کرنا ۳۱۴
باب: جو شخص عصر کی نماز ادا نہیں کرتا ۳۱۵
باب: حضر کے دوران عصر کی رکعات کی تعداد ۳۱۵
باب: سفر کے دوران عصر کی نماز ۳۱۶
باب: مغرب کی نماز (کے بارے میں روایت) ۳۱۷
باب: عشاء کی نماز ادا کرنے کی فضیلت ۳۱۸
باب: سفر کے دوران عشاء کی نماز ادا کرنے کا طریقہ ۳۱۹
باب: باجماعت نماز ادا کرنے کی فضیلت ۳۱۹
باب: قبلہ (کی طرف رخ کرنا) فرض ہے ۳۲۰
باب: ایسی حالت کا بیان جس میں قبلہ کی طرف رخ نہ کرنا بھی جائز ہے ۳۲۱
باب: اجتہاد کے بعد خطاء واضح ہو جانے کا حکم ۳۲۲


## شرح سنن نسائی جلد اوّل جزء دوم

## (نمازوں کے) اوقات کے بارے میں روایات


(بلاعنوان) ۳۲۷
نمازوں کے اوقات کا بیان اور ان سے متعلق احکام ۳۲۸
نمازوں کے اوقات ۳۲۸


Marfat.com

فجر کی نماز کا وقت ۳۲۸
ظہر کی نماز کا وقت ۳۲۸
عصر ومغرب کی نماز کا وقت ۳۲۹
عشاء و وتر کی نماز کا وقت ۳۲۹
دوسری فصل: فضیلت والے اوقات کا بیان ۳۳۰
نمازِ فجر کا مستحب وقت ۳۳۰
ظہر وعصر کا مستحب وقت ۳۳۰
مغرب وعشاء کا مستحب وقت ۳۳۰
باب: ظہر کی نماز کا ابتدائی وقت ۳۳۱
باب: سفر کے دوران ظہر کی نماز جلدی ادا کرنا ۳۳۳
باب: سردی کے موسم میں ظہر کی نماز جلدی ادا کرنا ۳۳۳
باب: جب گرمی شدید ہو تو ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت میں ادا کرنا ۳۳۴
باب: ظہر (کی نماز) کا آخری وقت کیا ہے؟ ۳۳۴
باب: عصر کی نماز کا ابتدائی وقت (کیا ہے؟) ۳۳۶
باب: عصر کی نماز جلدی ادا کرنا ۳۳۷
باب: عصر کی نماز تاخیر سے ادا کرنے کی شدید مذمت ۳۳۸
باب: عصر کی نماز کا آخری وقت ۳۳۹
باب: جو شخص عصر کی دو رکعات پالے (اس کا حکم) ۳۴۲
باب: مغرب کی نماز کا ابتدائی وقت ۳۴۳
باب: مغرب کی نماز جلدی ادا کرنا (سنت ہے) ۳۴۵
باب: مغرب کی نماز تاخیر سے ادا کرنا ۳۴۶
باب: مغرب کا آخری وقت ۳۴۶
باب: مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد سونا مکروہ ہے ۳۴۹
باب: عشاء کی نماز کا ابتدائی وقت ۳۴۹
باب: عشاء کی نماز کو جلدی ادا کرنا ۳۵۱
باب: شفق (کے بارے میں روایات) ۳۵۲
باب: عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا مستحب ہے ۳۵۲
باب: عشاء کی نماز کا آخری وقت (کیا ہے؟) ۳۵۵
عشاء کی نماز کو ''عتمہ'' کہنے کی اجازت ہے ۳۵۸
عشاء کو ''عتمہ'' کہنے کا مکروہ ہونا ۳۵۸
باب: فجر کی نماز کا ابتدائی وقت ۳۶۰
باب: حضر کی حالت میں اندھیرے میں (فجر کی نماز) ادا کرنا ۳۶۱
باب: سفر کے دوران اندھیرے میں (فجر کی نماز ادا کرنا) ۳۶۴
باب: فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کرنا ۳۶۴
باب: جو شخص فجر کی نماز کی ایک رکعت کو پالے ۳۶۵
باب: فجر کی نماز کا آخری وقت ۳۶۶
باب: جب کوئی شخص کسی نماز کی ایک رکعت کو (اس کے وقت میں) پالے ۳۶۶
باب: ان اوقات کا تذکرہ جن میں نماز ادا کرنا منع ہے ۳۶۸
ان اوقات کا بیان جن میں نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوتا یا مکروہ ہوتا ہے ۳۶۸
باب: فجر کی نماز کے بعد (نفل) نماز ادا کرنے کی ممانعت ۳۷۲
باب: سورج نکلنے کے وقت نماز ادا کرنے کی ممانعت ۳۷۳
باب: زوال کے وقت نماز ادا کرنے کی ممانعت ۳۷۳
باب: عصر کی نماز کے بعد (نفل) نماز ادا کرنے کی ممانعت ۳۷۴
باب: عصر کے بعد نماز ادا کرنے کی اجازت ۳۷۶
باب: سورج غروب ہونے سے پہلے نماز ادا کرنے کی اجازت ۳۷۹
باب: مغرب کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرنے کی اجازت ۳۷۹
باب: صبح صادق ہو جانے کے بعد (سنتیں) ادا کرنا ۳۸۰
باب: فجر کی نماز ادا کرنے سے پہلے تک (نفل) نماز ادا کرنا مباح ہے ۳۸۱
باب: مکہ میں تمام اوقات میں نماز ادا کرنا جائز ہے ۳۸۲
باب: اس وقت کا تذکرہ جس میں مسافر شخص ظہر اور عصر کی نماز اکٹھی ادا کرے ۳۸۳
باب: اس کی وضاحت ۳۸۴
باب: اس وقت کا بیان جس میں مقیم شخص دو نمازیں ایک ساتھ ادا

۱۲۲۱۸۴
Marfat.com

کرسکتا ہے۔ ۳۸۵
باب: اس وقت کا بیان جس میں مسافر شخص مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گا ۳۸۶
باب: اس حالت کا بیان جس میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جاسکتی ہیں ۳۸۹
باب: حضر کی حالت میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا ۳۹۰
باب: عرفہ میں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا ۳۹۱
باب: مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا ۳۹۱
باب: دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کا طریقہ ۳۹۳
باب: نمازوں کو ان کے مخصوص اوقات میں ادا کرنے کی فضیلت ۳۹۳
باب: جو شخص نماز پڑھنا بھول جائے' اُسے کیا کرنا چاہیے؟ ۳۹۵
فوت شدہ نمازوں کو قضاء کرنا ۳۹۵
قضا کا لازم ہونا ۳۹۵
قضاء میں ترتیب کا حکم ۳۹۶
باجماعت قضاء میں جہر کا حکم ۳۹۶
وقت کی تنگی کا حکم ۳۹۷
تعداد میں اضافے کی وجہ سے ترتیب کا حکم ساقط ہونا ۳۹۸
فوت شدہ نمازوں کی دو اقسام ۳۹۹
دوسرے کے حصے کی قضاء نمازیں پڑھنے کا حکم؟ ۴۰۰
باب: جو شخص نماز کے وقت سوتا رہ جائے (اُسے کیا کرنا چاہیے؟) ۴۰۰
باب: جو شخص نماز کے وقت سویا رہ جائے' اس کا اگلے دن' اسی نماز کے وقت میں' اس نماز کو ادا کرنا ۴۰۱
باب: فوت شدہ نمازوں کو کیسے ادا کیا جائے؟ ۴۰۲

## اذان (کے بارے میں روایات)

باب: اذان کا آغاز (کیسے ہوا) ۴۰۶
اذان سے متعلق احکام ۴۰۹
اذان کا طریقہ اور مؤذن کے احوال ۴۰۹
اذان سنتِ مؤکدہ ہے ۴۰۹
خواتین اذان نہیں دے سکتیں ۴۰۹
اذان دینے کا اہل کون ہے؟ ۴۱۰
مسافر کا اذان دینا ۴۱۱
باب: اذان کے کلمات کو دو مرتبہ کہنا ۴۱۲
باب: اذان میں ترجیع کرتے ہوئے آواز نیچی رکھنا ۴۱۳
باب: اذان میں کتنے کلمات ہیں؟ ۴۱۴
اذان اور اقامت کے کلمات اور انہیں ادا کرنے کا طریقہ ۴۱۴
اذان واقامت کے آداب ۴۱۵
خوبصورت آواز میں اذان دینا ۴۱۶
اذان واقامت کے درمیان دعا مانگنا ۴۱۷
اذان کا جواب دینا واجب ہے ۴۱۸
باب: اذان کس طرح دی جائے گی؟ ۴۱۸
باب: سفر کے دوران اذان دینا ۴۲۱
باب: جب دو آدمی سفر کر رہے ہوں' تو ان کا اذان دینا ۴۲۲
باب: حضر کے دوران کسی بھی ایک شخص کا اذان دینا دوسروں کے لیے کافی ہوگا ۴۲۳
باب: ایک ہی مسجد میں دو مؤذن مقرر کرنا ۴۲۴
باب: کیا دونوں مؤذن ایک ساتھ اذان دیں گے؟ یا الگ' الگ دیں گے؟ ۴۲۴
باب: نماز کے وقت سے پہلے ہی اذان دے دینا ۴۲۵
باب: فجر کی اذان کا وقت ۴۲۶
باب: مؤذن اذان دیتے ہوئے کیا کرے؟ ۴۲۶
باب: بلند آواز میں اذان دینا ۴۲۷
فجر کی اذان میں "تثویب" (سنت ہے) ۴۲۸
باب: اذان کا اختتام ۴۲۹
باب: جب رات کے وقت بارش ہو رہی ہو' تو اذان کے دوران جماعت میں شریک نہ ہونے کا اعلان کرنا ۴۳۰

Marfat.com

باب: جو شخص دو نمازیں ایک ساتھ پہلی نماز کے وقت میں ادا کر رہا ہو اس کا اذان دینا ___ ۴۳۰
باب: جو شخص پہلی نماز کا وقت گزر جانے کے بعد دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرے ___ ۴۳۱
اس کا (ان نمازوں کے لیے) اذان دینا ___ ۴۳۱
باب: جو شخص دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرے اس کا اقامت کہنا ___ ۴۳۲
باب: قضاء نماز ادا کرنے کے لیے اذان دینا ___ ۴۳۳
باب: اس طرح کی صورتِ حال میں ان تمام نمازوں کے لیے صرف ایک اذان دینا اور ہر نماز کے لیے الگ سے اقامت کہنا بھی جائز ہے ___ ۴۳۳
باب: ہر نماز کے لیے صرف اقامت پر اکتفاء کرنا ___ ۴۳۴
باب: جو شخص نماز کی ایک رکعت کو بھول جائے اس کے لیے اقامت کہنے کا حکم ___ ۴۳۴
باب: چرواہے کا اذان دینا ___ ۴۳۵
باب: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کا اذان دینا ___ ۴۳۶
باب: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کا اقامت کہنا ___ ۴۳۶
باب: اقامت کس طرح کہی جائے؟ ___ ۴۳۷
باب: (جب کچھ لوگ موجود ہوں) تو ہر شخص کا اپنے لیے اقامت کہنا ___ ۴۳۷
باب: اذان دینے کی فضیلت ___ ۴۳۷
باب: اذان دینے کے لیے قرعہ اندازی کرنا ___ ۴۳۸
باب: ایسے مؤذن کو مقرر کرنا جو اذان دینے کا معاوضہ وصول نہ کرتا ہو ___ ۴۳۹
باب: مؤذن جو کہتا ہو اس کی مانند کلمات کہنا ___ ۴۴۰
باب: (اذان کا جواب دینے) کا اجر وثواب ___ ۴۴۱
باب: مؤذن شہادت کے جو کلمات پڑھتا ہے اس کی مانند کلمات پڑھنا ___ ۴۴۱
باب: جب مؤذن حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح پڑھے تو کیا کہا جائے؟ ___ ۴۴۲
باب: اذان کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا ___ ۴۴۳
باب: اذان کے وقت دعا کرنا ___ ۴۴۴
باب: اذان اور اقامت کے درمیان نماز ادا کرنا ___ ۴۴۵
باب: اذان کے بعد مسجد سے باہر جانے کی شدید مذمت ___ ۴۴۶
باب: مؤذن کا امام کو نماز کی اطلاع دینا (یا نماز کے لیے بلانا) ___ ۴۴۷
باب: امام کے آنے پر مؤذن کا اقامت کہنا ___ ۴۴۸


## مساجد (کے بارے میں روایات)


باب: مسجد تعمیر کرنے کی فضیلت ___ ۴۵۰
باب: مساجد (کی تعمیر میں) ایک دوسرے کے مقابلے میں فخر کا اظہار کرنا ___ ۴۵۱
باب: اس بات کا تذکرہ کہ کون سی مسجد سب سے پہلے بنائی گئی تھی؟ ___ ۴۵۱
باب: مسجد حرام میں نماز ادا کرنے کی فضیلت ___ ۴۵۲
باب: خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا ___ ۴۵۳
باب: مسجد اقصیٰ اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت ___ ۴۵۴
باب: مسجد نبوی کی فضیلت اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت ___ ۴۵۵
باب: اس مسجد کا تذکرہ جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے ___ ۴۵۸
باب: مسجد قبا اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت ___ ۴۵۹
باب: تین مساجد کی طرف سفر کیا جا سکتا ہے ___ ۴۶۰
باب: گرجا کو مسجد بنا لینا ___ ۴۶۲
باب: قبروں کو اکھیڑ کر اس زمین پر مسجد بنا لینا ___ ۴۶۳
باب: قبروں کو مسجد بنانے کی ممانعت ___ ۴۶۵
باب: مساجد کی طرف آنے کی فضیلت ___ ۴۶۶
باب: خواتین کو مسجد میں آنے سے روکنے کی ممانعت ___ ۴۶۷
باب: کس شخص کو مسجد میں آنے سے روکا جائے گا؟ ___ ۴۶۸
باب: کس شخص کو مسجد سے نکال دیا جائے گا؟ ___ ۴۶۸


Marfat.com

باب: مسجد میں خیمہ لگانا ۴۶۹
باب: بچوں کو مسجد میں لے کر آنا ۴۷۰
باب: قیدی کو مسجد کے ستون کے ساتھ باندھنا ۴۷۱
باب: اونٹ کو مسجد میں لے کے آنا ۴۷۲
باب: مسجد میں خرید وفروخت کی ممانعت اور جمعہ کی نماز سے پہلے حلقہ بنا کر (بیٹھنے کی ممانعت) ۴۷۳
باب: مسجد میں شعر سنانے کی ممانعت ۴۷۳
باب: مسجد میں اچھے اشعار پڑھنے کی اجازت ۴۷۴
باب: مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرنے کی ممانعت ۴۷۵
باب: مسجد میں اسلحہ ظاہر کرنا ۴۷۵
باب: مسجد میں انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کرنا ۴۷۶
باب: مسجد میں چت لیٹنا ۴۷۷
باب: مسجد میں سونے (کا حکم) ۴۷۷
باب: مسجد میں تھوک پھینکنا ۴۷۸
باب: مسجد میں قبلہ کی سمت میں تھوکنے کی ممانعت ۴۷۸
باب: نبی اکرم ﷺ کی اس ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی نماز کے دوران اپنے سامنے یا اپنے دائیں طرف تھوکے ۴۷۹
باب: نمازی کے لیے اس بات کی اجازت ہے کہ وہ اپنے پیچھے یا اپنے بائیں جانب تھوک سکتا ہے ۴۷۹
باب: کون سے پاؤں کے ذریعے آدمی اپنے تھوک کو رگڑے گا؟ ۴۸۰
باب: مسجد میں خوشبو استعمال کرنا ۴۸۰
باب: مسجد میں داخل ہونے کے وقت اور باہر آنے کی دعا ۴۸۰
باب: مسجد میں آنے کے بعد وہاں بیٹھنے سے پہلے نماز ادا کرنے کا حکم ۴۸۰
باب: (مسجد میں آنے کے بعد نماز پڑھے بغیر بیٹھنے کی اور نماز سے پہلے ہی) ۴۸۱
مسجد سے باہر چلے جانے کی اجازت ۴۸۲
باب: مسجد کے پاس سے گزرنے والے شخص کا نماز ادا کرنا ۴۸۳
باب: مسجد میں بیٹھنے اور نماز ادا کرنے کی ترغیب ۴۸۴
باب: اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کی ممانعت ۴۸۴
باب: اس بارے میں اجازت (کا بیان) ۴۸۵
باب: چٹائی پر نماز ادا کرنا ۴۸۶
باب: چھوٹے کپڑے پر نماز ادا کرنا ۴۸۶
باب: منبر پر نماز ادا کرنا ۴۸۶
باب: گدھے پر نماز ادا کرنا ۴۸۸

## قبلہ (کے بارے میں روایات)

باب: قبلہ کی طرف رخ کرنا ۴۹۰
باب: اس حالت کا بیان جس میں قبلہ کی بجائے دوسری طرف رخ کرنا بھی جائز ہے ۴۹۱
باب: قبلہ کی سمت کے بارے میں اجتہاد کرنے کے بعد غلطی ظاہر ہونا ۴۹۲
باب: نمازی کے سترہ کا حکم ۴۹۲
باب: سترہ کے قریب کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے کا حکم ۴۹۴
باب: اس کی مقدار کا بیان ۴۹۴
باب: اس بات کا تذکرہ کہ کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے اور کون سی چیز نماز کو نہیں توڑتی ہے ۴۹۴
جبکہ نمازی کے سامنے سترہ موجود نہ ہو؟ ۴۹۴
باب: نمازی اور اس کے سترے کے درمیان میں سے گزرنے کی شدید مذمت ۴۹۸
باب: اس بارے میں رخصت کا بیان ۴۹۹
باب: سوئے ہوئے شخص کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرنے کی اجازت ۴۹۹
باب: قبر کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرنے کی ممانعت ۵۰۰
باب: ایسے کپڑے کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم جس میں تصویریں موجود ہوں ۵۰۰
باب: جب امام اور نمازی کے درمیان سترہ موجود ہو تو اس کا حکم ۵۰۱

Marfat.com

باب: ایک ہی کپڑے میں نماز ادا کرنا ۵۰۲
باب: ایک ہی قمیص میں نماز ادا کرنا ۵۰۳
باب: صرف تہبند میں نماز ادا کرنا ۵۰۳
باب: آدمی کا ایسے کپڑے پر نماز ادا کرنا جس کا کچھ حصہ اس کی بیوی پر ہو ۵۰۴
باب: آدمی کا ایسے ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا کہ اس کے کندھے پر کوئی بھی چیز موجود نہ ہو ۵۰۴
باب: ریشمی کپڑا پہن کر نماز ادا کرنا ۵۰۵
باب: ایسی چادر لپیٹ کر نماز ادا کرنا جس پر نقش ونگار بنے ہوئے ہوں ۵۰۶
باب: سرخ کپڑے پہن کر نماز ادا کرنا ۵۰۶
باب: بڑی چادر میں نماز ادا کرنا ۵۰۷
باب: موزوں میں نماز ادا کرنا ۵۰۸
باب: جوتے پہن کر نماز ادا کرنا ۵۰۸
باب: جب امام لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہو' اس وقت وہ اپنے جوتے کہاں رکھے گا؟ ۵۰۸


## امامت (سے متعلق روایات)


امامت اور جماعت کا تذکرہ' اہلِ علم وفضل کا امامت کرنا ۵۱۱
امامت کے احکام ۵۱۳
جماعت کے احکام ۵۱۳
باب: ظالم حکمرانوں کی اقتداء میں نماز ادا کرنا ۵۱۴
اس بات کا تذکرہ کہ کون شخص امامت کرسکتا ہے؟ ۵۱۴
باب: امامت کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ ۵۱۷
امامت کا زیادہ حقدار کون ہے؟ ۵۱۷
باب: عمر رسیدہ شخص (کو امامت کے لیے آگے کرنا) ۵۲۰
باب: کچھ لوگوں کا ایسی جگہ پر جمع ہونا جہاں وہ برابر کی حیثیت رکھتے ہوں ۵۲۰
باب: لوگوں کا اکٹھے ہونا' جبکہ ان کے درمیان والی (حکمران' سردار یا محلے کا مخصوص امام) موجود ہو ۵۲۰
باب: جب رعایا میں سے کوئی شخص آگے ہو کر نماز پڑھانا شروع کردے اور پھر والی بھی آجائے ۵۲۱
تو کیا وہ (رعایا کا فرد) پیچھے ہٹ جائے گا؟ ۵۲۱
باب: امام کا اپنی رعایا کے کسی فرد کے پیچھے نماز ادا کرنا ۵۲۲
باب: ملاقات کے لیے آنے والے شخص کا امامت کرنا ۵۲۳
باب: نابینا شخص کا امامت کرنا ۵۲۳
باب: بچے کا بالغ ہونے سے پہلے امامت کرنا ۵۲۴
باب: لوگوں کا امام کو دیکھ کر کھڑے ہونا ۵۲۵
باب: اگر امام کو اقامت کہنے کے بعد کوئی کام پیش آجائے ۵۲۵
باب: اگر امام کو اپنی جائے نماز پر کھڑے ہونے کے بعد یہ بات یاد آئے کہ وہ پاک نہیں ہے ۵۲۵
باب: جب امام خود موجود نہ ہو' تو اس کا کسی کو اپنا نائب مقرر کرنا ۵۲۶
باب: امام کی پیروی کرنا ۵۲۷
کن چیزوں میں امام کی متابعت کی جائے گی اور کن چیزوں میں امام کی متابعت نہیں کی جائے گی؟ ۵۲۷
باب: اس شخص کی پیروی کرنا جو امام کی پیروی کر رہا ہو ۵۲۸
بیمار شخص کی نماز کے احکام ۵۲۹
کچھ دیر کے لیے قیام کے قابل ہونے کا حکم ۵۳۰
بیٹھ کر نماز ادا کرنے کے احکام ۵۳۰
بیٹھ کر نماز ادا کرنے پر قادر نہ ہونا ۵۳۱
آنکھ یا بھنوؤں کے ذریعے اشارے کا اعتبار نہیں ہوگا ۵۳۱
باب: جب تین افراد موجود ہوں' تو امام کے کھڑے ہونے کی جگہ (کون سی ہوگی؟) ۵۳۲
اس بارے میں اختلاف کا بیان ۵۳۲
امام اور مقتدی کے کھڑے ہونے کی جگہ کے احکام ۵۳۴
باب: جب تین آدمی اور ایک خاتون موجود ہوں' تو کھڑے ہونے کی ترتیب کیا ہوگی؟ ۵۳۶
باب: جب دو آدمی اور دو خواتین موجود ہوں (تو ان کا نماز


Marfat.com

پڑھنے کا طریقہ کیا ہوگا؟) ____ ۵۳۷
باب: جب امام کے ہمراہ ایک بچہ اور ایک خاتون ہو' تو وہ کہاں کھڑا ہوگا؟ ____ ۵۳۷
باب: جب مقتدی بچہ ہو' تو امام کس جگہ کھڑا ہوگا؟ ____ ۵۳۸
باب: امام کے پیچھے اس کے قریب کون ہوگا اور پھر اس کے بعد کون ہوگا؟ ____ ۵۳۸
باب: امام کے آنے سے پہلے صفیں درست کرنا ____ ۵۴۰
باب: امام صفیں کس طرح درست کروائے؟ ____ ۵۴۰
باب: جب امام صفیں درست کرنے کے لیے آگے بڑھے تو اُس وقت کیا' کہے؟ ____ ۵۴۱
باب: کتنی مرتبہ یہ کہا جائے گا: ''سیدھے ہو جاؤ'' ____ ۵۴۲
باب: امام کا صفوں کو ملانے اور ایک دوسرے کے قریب رکھنے کی ترغیب دینا ____ ۵۴۲
باب: پہلی اور دوسری صف (میں شامل ہونے) کی فضیلت ۵۴۳
باب: آخری صف (کے بارے میں روایت) ____ ۵۴۳
باب: جو شخص صف کو ملاتا ہے (اس کی فضیلت) ____ ۵۴۴
باب: خواتین کی سب سے زیادہ بہتر اور مردوں کی سب سے کم بہتر صف کا تذکرہ ____ ۵۴۴
باب: ستونوں کے درمیان صف قائم کرنا ____ ۵۴۵
ان چیزوں کا بیان جو اقتداء کے درست ہونے میں رکاوٹ بنتی ہیں یا رکاوٹ نہیں بنتی ہیں ____ ۵۴۵
باب: صف میں کون سی جگہ کھڑے ہونا مستحب ہے؟ ____ ۵۴۶
باب: امام پر لازم ہے' کہ وہ مختصر نماز ادا کرے ____ ۵۴۶
باب: امام کے لیے طویل نماز پڑھانے کی اجازت ____ ۵۴۷
باب: نماز کے دوران امام کے لیے کس حد تک کوئی عمل کرنا جائز ہے؟ ____ ۵۴۸
باب: امام سے پہلے (کوئی رکن ادا کرنا) ____ ۵۴۸
باب: کسی شخص کا امام کی نماز سے الگ ہو کر مسجد کے کونے میں اکیلے نماز ادا کر لینا ____ ۵۵۰
باب: ایسے امام کی پیروی کا حکم جو بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو ____ ۵۵۱
باب: امام اور مقتدی کی نیت میں اختلاف کا حکم ____ ۵۵۴
باب: باجماعت نماز ادا کرنے کی فضیلت ____ ۵۵۶
باجماعت نماز کا حکم ____ ۵۵۷
باب: جب تین آدمی موجود ہوں' تو جماعت کے ساتھ نماز ادا کی جائے ____ ۵۵۸
باب: جب تین افراد میں سے ایک مرد' ایک بچہ اور ایک خاتون ہو' تو ان کی جماعت کا حکم ____ ۵۵۸
باب: جب دو افراد ہوں' تو باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم ____ ۵۵۹
باب: باجماعت نوافل ادا کرنا ____ ۵۶۰
باب: قضاء نماز کو باجماعت ادا کرنا ____ ۵۶۱
باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کی شدید مذمت ____ ۵۶۲
باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کی شدید مذمت ____ ۵۶۲
باب: ایسی جگہ باقاعدگی کے ساتھ نمازیں ادا کرنا' جہاں سے ان نمازوں کے لیے بلایا جاتا ہے ____ ۵۶۳
باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کا عذر ____ ۵۶۵
باب: جماعت کو پانے کی حد کیا ہے؟ ____ ۵۶۶
باب: آدمی کا تنہا نماز ادا کر لینے کے بعد اسی نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنا ____ ۵۶۶
باب: جو شخص تنہا فجر کی نماز ادا کر چکا ہو' اس کا جماعت کے ساتھ اس نماز کو دوبارہ پڑھنا ____ ۵۶۷
باب: نماز کا وقت رخصت ہو جانے کے بعد اُسے باجماعت ادا کرنا ____ ۵۶۸
باب: جو شخص مسجد میں جماعت کے ساتھ امام کی اقتداء میں نماز ادا کر لے' اس سے نماز ساقط ہو جاتی ہے ____ ۵۶۸
باب: نماز کے لیے تیزی سے جانا ____ ۵۶۹
مسبوق اور لاحق شخص کے احکام ____ ۵۶۹
امام اور مقتدی کے درمیان اختلاف سے متعلق چند ۹ ذیلی مسائل ____ ۵۷۱


Marfat.com

باب: دوڑے بغیر تیزی سے نماز کے لیے جانا ۵۷۲
باب: نماز ادا کرنے کے لیے جلدی جانا ۵۷۳
باب: اقامت کے وقت نماز ادا کرنا مکروہ ہے ۵۷۳
باب: جو شخص فجر کی سنتیں اس وقت ادا کرے جبکہ امام باجماعت نماز شروع کر چکا ہو ۵۷۴
باب: صف کے پیچھے کسی شخص کا اکیلے کھڑے ہو کر (باجماعت نماز ادا کرنا) ۵۷۵
باب: صف میں شامل ہونے سے پہلے رکوع میں چلے جانا ۵۷۵
فرض میں شامل ہونے کے احکام ۵۷۶
فجر کی سنتیں اور نماز باجماعت کا حکم ۵۷۷
امام کو رکوع کی حالت میں پانا ۵۷۷
باب: ظہر کے بعد (سنت یا نفل) نماز ادا کرنا ۵۷۸
باب: عصر سے پہلے (سنت) نماز ادا کرنا ۵۷۹

## (نماز کے) آغاز (کے بارے میں روایات)

باب: نماز کے آغاز کا طریقہ ۵۸۱
نماز کی شرائط کے احکام ۵۸۲
طہارت اور سترِ عورت کے احکام ۵۸۲
ستر کے احکام ۵۸۳
قابل ستر حصے کا کھل جانا ۵۸۳
ستر ڈھانپنے والے کپڑے کے پاک ہونے کے احکام ۵۸۴
قبلہ کی طرف رخ کرنا ۵۸۵
جہت قبلہ کا حکم ۵۸۵
سمت قبلہ مشتبہ ہونا ۵۸۶
نیت کے احکام ۵۸۷
باب: تکبیر کہنے سے پہلے رفع یدین کرنا ۵۸۸
نماز کا طریقہ ۵۸۸
نماز کے فرائض ۵۸۸
نماز کے واجبات کے احکام ۵۸۸
نماز کی سنتیں اس کے آداب اس کا طریقہ ۵۹۷
باب: دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھانا ۵۹۷
باب: دونوں کانوں کے برابر رفع یدین کرنا ۵۹۹
باب: رفع یدین کے وقت انگوٹھا رکھنے کی جگہ ۶۰۰
باب: رفع یدین میں ہاتھوں کو بلند کرنا ۶۰۰
باب: پہلی تکبیر کا فرض ہونا ۶۰۰
نماز کا طریقہ ۶۰۱
رکوع کا طریقہ ۶۰۵
سجدہ کرنے کا طریقہ ۶۰۵
خاتون کا سجدہ کرنے کا طریقہ ۶۰۶
تشہد کا طریقہ ۶۰۸
درود شریف پڑھنے کا حکم ۶۰۸
(نماز کے آخر میں) دعا مانگنا ۶۰۹
سلام پھیرنے کا طریقہ ۶۱۰
باب: وہ جملہ جس کے ذریعے نماز کا آغاز کیا جائے ۶۱۱
باب: نماز کے دوران دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنا ۶۱۲
باب: جب امام کسی ایسے شخص کو دیکھے جس نے اپنا بایاں ہاتھ دائیں ہاتھ پر رکھا ہوا ہو ۶۱۲
باب: نماز کے دوران دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنے کی جگہ ۶۱۲
باب: نماز کے دوران کمر پر ہاتھ رکھنے کی ممانعت ۶۱۳
باب: نماز پڑھتے ہوئے دونوں پاؤں کو برابر رکھنا ۶۱۴
باب: امام کا نماز شروع کر لینے کے بعد کچھ دیر کے لیے سکوت اختیار کرنا ۶۱۵
باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان میں دعا کرنا ۶۱۵
باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان دوسری دعا ۶۱۷
باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان ذکر اور دعا کی ایک اور قسم ۶۱۸
باب: نماز کے آغاز اور قرأت کے درمیان ذکر کی ایک اور قسم ۶۲۰
باب: تکبیر تحریمہ کے بعد ذکر کی ایک اور قسم ۶۲۰

Marfat.com

باب: سورت کی تلاوت سے پہلے سورۂ فاتحہ کے ذریعے (قرأت کا) آغاز کرنا ۶۲۱
باب: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ پڑھنا ۶۲۲
باب: بلند آواز میں بسم اللہ نہ پڑھنا ۶۲۴
باب: سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے بسم اللہ کی تلاوت نہ کرنا ۶۲۵
باب: نماز کے دوران سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرنا واجب ہے ۶۲۶
نماز کے واجبات ۶۲۷
سورۂ فاتحہ اور ایک سورت کی تلاوت ۶۲۷
نماز میں مکرر افعال میں ترتیب واجب ہے ۶۲۸
قعدہ اور تشہد کا حکم ۶۲۸
بھول کر کھڑے ہونے یا بیٹھ جانے کا حکم ۶۲۹
قنوت واجب ہے ۶۲۹
باجماعت نماز میں جہری یا سری قرأت واجب ہے ۶۳۰
باب: سورۂ فاتحہ کی فضیلت ۶۳۰
باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر: ''اور ہم نے تمہیں دومرتبہ پڑھی جانے والی سات آیات اور قرآنِ عظیم عطاء کیا ہے'' ۶۳۱
باب: امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت نہیں کرتا' اس میں امام کی اقتداء میں قرأت نہ کرنا ۶۳۲
باب: امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتا ہے' اس میں امام کے پیچھے قرأت نہ کرنا ۶۳۳
باب: امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتا ہے' اس میں امام کی اقتداء میں سورۂ فاتحہ پڑھنا ۶۳۴
باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر ''اور جب قرآن کی تلاوت کی جائے' تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے'' ۶۳۴
باب: مقتدی کا امام کی قرأت پر اکتفاء کرنا ۶۳۵
باب: جو شخص اچھی طرح سے قرآن کی تلاوت نہ کر سکتا ہو' اس کے لیے کس حد تک تلاوت کرنا کافی ہے؟ ۶۳۶
قرأت کی غلطیاں ۶۳۶
باب: امام کا بلند آواز میں آمین کہنا ۶۳۹
باب: امام کے پیچھے موجود شخص کو آمین کہنے کا حکم ۶۴۱
باب: آمین کہنے کی فضیلت ۶۴۱
باب: جب کوئی شخص امام کی اقتداء میں چھینکے تو وہ کیا پڑھے؟ ۶۴۲
کون سی چیز نماز کو فاسد کر دیتی ہے اور کون سی چیز نماز میں مکروہ ہے ۶۴۳
وہ چیزیں جو نماز کو فاسد کر دیتی ہیں ۶۴۳
پہلی قسم: اقوال کے احکام ۶۴۳
دوسری قسم ان افعال کا تذکرہ جن کے ذریعے نماز فاسد ہو جاتی ہے ۶۴۳
باب: قرآن کے بارے میں منقول روایات کا مجموعہ ۶۴۷
باب: فجر کی دو رکعات میں تلاوت ۶۵۲
باب: فجر کی دو (سنت) رکعات میں سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کرنا ۶۵۵
باب: فجر کی دو (سنت) رکعات کو مختصر ادا کرنا ۶۵۵
باب: صبح کی نماز میں سورۃ الروم کی تلاوت کرنا ۶۵۶
باب: صبح کی نماز میں ساٹھ سے سو آیات کی تلاوت کرنا ۶۵۶
قرأت کرنے کے احکام ۶۵۶
قرأت کرنے کا سنت طریقہ ۶۵۶
باب: صبح کی نماز میں سورۃ ''ق'' کی تلاوت کرنا ۶۵۸
باب: صبح فجر کی نماز میں سورۂ تکویر کی تلاوت کرنا ۶۵۹
باب: فجر کی نماز میں معوذتین کی تلاوت کرنا ۶۵۹
باب: معوذتین پڑھنے کی فضیلت ۶۶۰
باب: جمعہ کے دن فجر کی نماز میں تلاوت ۶۶۰
باب: قرآن میں مذکور (آیاتِ) سجدہ' سورۂ ص میں سجدوں کا تذکرہ ۶۶۱
سجدۂ تلاوت کے مقامات ۶۶۲

Marfat.com

سجدۂ تلاوت کا وجوب ____ ۶۶۳
آیتِ سجدہ کی تلاوت میں تکرار کا حکم ____ ۶۶۴
سجدۂ سہو کا طریقہ ____ ۶۶۵
سجدۂ شکر کے احکام ____ ۶۶۵
سجدۂ شکر کا طریقہ ____ ۶۶۵
باب: سورۃ النجم میں سجدۂ تلاوت ____ ۶۶۶
سجدۂ تلاوت کے احکام ____ ۶۶۶
اس سے متعلق احکام چند اصولوں پر مبنی ہیں ____ ۶۶۶
باب: سورۃ النجم میں سجدۂ تلاوت نہ کرنا ____ ۶۶۷
باب: سورۃ الانشقاق میں سجدۂ تلاوت ____ ۶۶۸
باب: سورۃ العلق میں سجدۂ تلاوت ____ ۶۶۹
باب: فرض نمازوں میں سجدۂ تلاوت ____ ۶۷۰
باب: دن (کی نمازوں) میں قرأت (کا طریقہ) ____ ۶۷۰
باب: ظہر کی نماز میں تلاوت کرنا ____ ۶۷۱
باب: ظہر کی نماز میں پہلی رکعت میں طویل قیام کرنا ____ ۶۷۲
باب: ظہر کی نماز میں امام کا کوئی ایک آیت بلند آواز میں پڑھنا
باب: ظہر کی نماز کی دوسری رکعت میں مختصر قیام کرنا ____ ۶۷۳
باب: ظہر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں تلاوت ____ ۶۷۴
باب: عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں تلاوت ____ ۶۷۴
باب: مختصر قیام کرنا اور مختصر قرأت کرنا ____ ۶۷۵
باب: مغرب کی نماز میں قصار مفصل کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۶
باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۷
باب: مغرب کی نماز میں سورۃ المرسلات کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۷
باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الطور کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۸
باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الدخان کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۸
باب: مغرب کی نماز میں سورہ المص کی تلاوت کرنا ____ ۶۷۸
باب: مغرب کے بعد دو رکعت (سنت) ادا کرنا ____ ۶۷۹
باب: سورۃ الاخلاص تلاوت کرنے کی فضیلت ____ ۶۸۰
باب: عشاء کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کرنا ____ ۶۸۱
باب: عشاء کی نماز میں سورۃ الشمس کی تلاوت کرنا ____ ۶۸۲
باب: سورۃ التین کی تلاوت کرنا ____ ۶۸۳
باب: عشاء کی نماز کی پہلی رکعت میں (کون سی سورت) تلاوت کرنا سنت ہے؟ ____ ۶۸۳
باب: (نماز کی) پہلی دو رکعات میں طویل قیام کرنا ____ ۶۸۳
باب: ایک ہی رکعت میں دو سورتیں ادا کرنا (بھی سنت ہے) ____ ۶۸۴
باب: سورت کے کچھ حصے کی تلاوت کرنا ____ ۶۸۵
باب: جب تلاوت کرنے والا شخص عذاب سے متعلق کسی آیت کو پڑھے تو (عذاب سے) پناہ مانگے ____ ۶۸۶
باب: جب تلاوت کرنے والا شخص رحمت سے متعلق کسی آیت کو پڑھے تو اس رحمت کو مانگے (یعنی اس کے حصول کی دعا کرے) ____ ۶۸۶
باب: ایک ہی آیت کو بار بار تلاوت کرنا ____ ۶۸۷
باب: ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اور تم اپنی نماز میں آواز زیادہ بلند بھی نہ کرو اور بالکل پست بھی نہ رکھو'' ____ ۶۸۷
باب: بلند آواز میں تلاوت کرنا ____ ۶۸۸
باب: تلاوت کرتے ہوئے آواز کو کھینچنا (یعنی لفظ لمبے کر کے ادا کرنا) ____ ۶۸۹
باب: قرآن کو آواز کے ذریعے آراستہ کرنا ____ ۶۸۹
باب: رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہنا ____ ۶۹۱
باب: رکوع میں جاتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں کی لَو تک بلند کرنا ____ ۶۹۲
باب: رکوع میں جاتے ہوئے کندھوں تک رفع یدین کرنا (سنت ہے) ____ ۶۹۲
باب: اس کو (یعنی رکوع میں جاتے وقت رفع یدین کو) ترک کرنا ____ ۶۹۳
باب: رکوع کے دوران پشت کو سیدھا رکھنا ____ ۶۹۳
باب: رکوع کے دوران اعتدال کرنا ____ ۶۹۳


Marfat.com

# 1-كِتَابُ الطَّهَارَةِ

## طہارت کے بارے میں روایات

امام نسائی نے اس کتاب ''طہارت کے بارے میں روایات'' میں 204 تراجم ابواب اور 323 روایات نقل کی ہیں جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 189 ہوگی۔

لفظ کتاب کا لغوی مطلب ''جمع کرنا'' ہے۔ اسی سے لفظ کتیبہ ماخوذ ہے جو فوجی دستے کو کہتے ہیں' علم فقہ اور حدیث کے ماہرین جب ایک موضوع سے متعلق روایات یا مسائل کسی ایک باب میں جمع کرتے ہیں' تو اس کے آغاز میں لفظ کتاب (بمعنی مجموعہ) کی اس موضوع کی طرف اضافت کے ساتھ باب کی سرخی تحریر کر دیتے ہیں' جیسے کتاب الایمان سے مراد وہ باب جس میں ایمان کے بارے میں روایات منقول ہیں' کتاب الطہارۃ سے مراد وہ باب جس میں طہارت سے متعلق روایات یا احکام موجود ہوں۔

محدثین اور فقہاء کی ''کتاب'' ہمارے اُردو کے عام محاورے کے اعتبار سے ''باب'' کا ہم معنی ہوتا ہے۔

پھر اسے ذیلی اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے' عام طور پر اس کے لیے لفظ ''فصل'' استعمال کیا جاتا ہے۔

محدثین کا یہ اسلوب ہے کہ وہ عام طور پر کوئی روایت نقل کرنے سے پہلے چند الفاظ میں اس کی ذیلی سرخی قائم کرتے ہیں' اسے ''ترجمۃ الباب'' کہا جاتا ہے۔

یہ بات پیش نظر رہنی چاہیے کہ علم حدیث کے متداول زیادہ تر مجموعے تیسری اور چوتھی صدی ہجری میں مرتب کیے گئے ہیں' اس زمانے میں اسلامی معاشرے میں خواندگی کی شرح' اور درس و تدریس کا رسمی طریقہ ہمارے آج کے ترقی یافتہ زمانے سے بالکل مختلف تھا۔ کتابوں کے قلمی نسخے نقل کیے جاتے تھے اور عام طور پر' عام قاری کو ''مطالعہ'' کے لیے مواد دستیاب نہیں ہوتا تھا' کسی بھی فن کے روایتی طلباء ہی اس فن کی کسی ایک کتاب کا نسخہ نقل کرتے تھے اور اسی کتاب کا استاد سے درس لے لیتے تھے۔ یہی وجہ ہے مختلف اسلامی علوم وفنون کے بنیادی مآخذ زیادہ تر قاعدوں کی شکل میں ہیں جنہیں اہلِ علم کے محاورے میں ''متون'' کہا جاتا ہے۔

حدیث کی درس و تدریس کا معاملہ کچھ مختلف ہوتا تھا' عام طور پر کوئی محدث اپنے شاگردوں کے سامنے اپنی سند کے ساتھ کوئی حدیث بیان کر دیتا تھا' اس میں زیادہ تر اپنی یادداشت پر اعتماد کیا جاتا تھا اور طلباء اس

Marfat.com

درس کو تحریری شکل میں محفوظ کر لیتے تھے۔

جب احادیث کی تصنیفی شکل میں تدوین کے کام آغاز ہوا' تو علمِ حدیث کے ماہرین نے اپنے علمی ذخیرے کو اپنے پاس تحریری شکل میں محفوظ رکھنا شروع کیا اور اسی اصل مآخذ سے کسی محدث کے شاگرد' عام طور پر سن کر' اور بعض اوقات دیکھ کر نقل کر کے' اس مآخذ کو آگے نقل کر دیتے تھے۔

اگر وہ محدث اپنے پاس موجود مسودے میں نظرِ ثانی کے کام کو جاری رکھتے تو وقت کے ساتھ ساتھ اس میں ترمیم و اضافہ بھی کیا کرتے تھے۔ اسی طرح یہ بھی ضروری نہیں تھا کہ کسی محدث کے پاس جو اصل مسودہ موجود ہے اس کا من وعن ''الف'' سے لے کر ''ی'' تک درس دیا جائے' یہ بھی ہوتا تھا کہ درس لینے والا طالب علم پوری کتاب کے تمام دروس میں شریک نہیں ہوتا تھا' وہ جن دروس میں شریک ہوا انہیں محفوظ کر لیا اور جن میں شریک نہیں ہو سکا وہ رہ گئے۔

اس کی نمایاں ترین مثال علمِ حدیث کا قدیم ترین مآخذ ''مؤطا امام مالک'' ہے' اس مشہور ترین کتاب کو 16 راویوں نے امام مالک کے حوالے سے نقل کیا ہے' لیکن ان تمام راویوں کی نقل میں' جزوی طور پر اختلاف پایا جاتا ہے' یعنی کسی راوی نے زیادہ حصہ نقل کیا اور کسی نے مؤطا کا کم حصہ نقل کیا۔

ہمارے زمانے میں جو کتاب مؤطا امام مالک کے نام سے مشہور ہے' اس کے راوی امام مالک کے آخری دور کے شاگرد یحییٰ بن یحییٰ مصمودی ہیں' جنہوں نے مؤطا نقل کرتے ہوئے امام مالک کے مرتب کردہ مجموعے کے ہمراہ' امام مالک کی ذاتی فقہی آراء بھی نقل کر دی ہیں۔

اسی مؤطا کو فقیہہ عراق امام محمد بن حسن شیبانی نے بھی نقل کیا ہے' انہوں نے مؤطا کی بعض روایات کو ترجیح نہیں دی تو ان کے مقابلے میں دیگر روایات پیش کر دیں' یعنی انہوں نے مؤطا کے اصل مسودے میں اضافہ کر دیا' یہی وجہ ہے کہ ان کی نقل کردہ مؤطا ان کی اپنی نسبت کی وجہ سے ''مؤطا امام محمد'' کے نام سے مشہور ہوئی۔

لیکن امام محمد نے مؤطا نقل کرتے ہوئے امام مالک کی ذاتی فقہی جزوی آراء کو یحییٰ بن یحییٰ کی طرح نقل نہیں کیا۔ تاہم وہ کوئی بھی روایت نقل کرنے کے بعد یہ وضاحت کر دیتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ یا دیگر فقہائے عراق کی رائے' یا امام محمد کی اپنی رائے اس روایت کے مطابق ہے یا نہیں۔

ہم تک جو ذخیرۂ حدیث پہنچا ہے اس میں قدیم ترین مآخذ مؤطا کو قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی کی ''مصنف'' اور امام ابن ابی شیبہ کی ''مصنف'' کا نام آتا ہے۔

ان حضرات نے ہر موضوع سے متعلق احادیث نقل کرنے کے ہمراہ صحابہ کرام کے آثار اور تابعین کی فقہی آراء بھی نقل کی ہیں۔ اور یہی طرز مؤطا امام مالک کا بھی ہے' کیونکہ اس میں بھی احادیث کے ہمراہ آثارِ

Marfat.com

صحابہ اقوالِ تابعین اور امام مالک کی اپنی فقہی آراء بھی مذکور ہیں۔

اس کے بعد کے مرتبے میں اہم ترین نام امام احمد بن حنبل کی ''مسند'' کا ہے' جس میں امام احمد نے صحابہ کرام کی مسانید کے حوالے سے احادیث نقل کی ہیں۔

اس کے بعد کا زمانہ وہ ہے جب موضوعاتی ترتیب کے ساتھ صرف ''احادیث'' نقل کرنے کا دور آیا' موضوعاتی ترتیب کے حوالے سے دو بنیادی اقسام تھیں۔

(i) جوامع: اس سے مراد وہ مجموعہ جات ہیں جن میں ایمانیات' فقہ' سیرت' تاریخ' فضائل و مناقب وغیرہ تمام موضوعات سے متعلق روایات نقل کی گئی ہیں۔

(ii) سنن: اس سے مراد وہ مجموعہ جات ہیں جن میں صرف فقہی معاملات اور مسائل سے متعلق روایات نقل کی گئی ہیں۔

جوامع میں امام بخاری کی صحیح' امام مسلم کی صحیح' امام ترمذی کی جامع کا نام قابل ذکر ہے۔

سنن میں امام ابوداؤد' امام نسائی' امام ابن ماجہ' امام دارمی وغیرہ کی سنن کے اسماء قابل ذکر ہیں۔

ہم پہلے یہ بات ذکر کر چکے ہیں کہ اس زمانے میں روایتی درس و تدریس میں وہ پھیلاؤ نہیں تھا جو آج موجود ہے اس زمانے میں کتاب کے نسخے اس طرح دستیاب نہیں ہوتے تھے جس طرح آج دستیاب ہوتے ہیں۔ اس زمانے میں عام قاری کی ذہنی سطح اتنی بلند نہیں ہوتی تھی جتنی آج ہے۔ اس زمانے میں کسی بھی فن کو سیکھنے والے طالب علم کے لیے بنیاد قائم کرنے کے لیے بنیادی معلومات کا احاطہ کرنے والی کتب دستیاب نہیں ہوتی تھیں۔

اسی لئے علم حدیث کے روایتی طلباء کے لئے ان محدثین نے یہ طرز اختیار کی کہ وہ حدیث نقل کرنے سے پہلے ایک ذیلی سرخی قائم کرتے ہیں' جسے ترجمۃ الباب کہا جاتا ہے' عام طور پر اس ترجمۃ الباب میں اس کے بعد ذکر ہونے والی حدیث کے کسی ایک پہلو کی طرف اشارہ موجود ہوتا ہے۔

امام نسائی نے بھی اپنی سنن میں احادیث نقل کرتے ہوئے تراجم ابواب قائم کیے ہیں اور امام نسائی کے قائم کردہ تراجم ابواب میں بہت زیادہ دقت اور خفا نہیں پایا جاتا۔ انسان سرسری نظر ڈال کر ہی ترجمۃ الباب اور حدیث میں موجود مناسبت سے آگاہ ہوسکتا ہے۔ اسی لیے ہم نے تراجم ابواب کی باقاعدہ وضاحت کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ کیونکہ اس کے نتیجے میں کتاب کا حجم زیادہ ہو جانے کا اندیشہ تھا۔

## طہارت کا مفہوم

طہارت کا لغوی معنی نظافت اور حسی و معنوی میل اور گندگی سے پاک ہونا ہے۔ شرعی طور پر طہارت سے مراد حقیقی نجاست یعنی پیشاب' پاخانہ' خون وغیرہ اور حکمی نجاست یعنی بے وضو ہونا' جنبی ہونا' حیض والی ہونا وغیرہ سے پاک

Marfat.com

ہونا ہے۔

فقہ وحدیث کی کتب میں طہارت سے متعلق روایات اور احکام کو سب سے پہلے اس لیے بیان کیا جاتا ہے کیونکہ کلمہ شہادت کے بعد نماز اسلام کا اہم ترین فرض ہے اور طہارت نماز کے لیے شرط کی حیثیت رکھتی ہے۔

ایک حدیث کے مطابق نبی اکرم ﷺ نے بھی طہارت کو نماز کی کنجی قرار دیا ہے۔

## بَابُ تَاْوِيْلِ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ)

باب 1: اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تفسیر:

''جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اپنے چہروں کو اور دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک دھولو''۔ (المائدہ:٦)

## شرح

### ترجمۃ الباب کی وضاحت

مسئلہ: یہاں ترجمۃ الباب میں امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید کی جو آیت پیش کی ہے' اس آیت کے حکم کی بنیاد پر فقہاء نے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ وضو میں چار چیزیں فرض ہیں' تین اعضاء کو دھونا فرض ہے اور ایک عضو پر مسح کرنا فرض ہے۔ دھونے کا مطلب پانی بہا دینا ہے اور مسح کا مطلب گیلاہٹ پہنچا دینا ہے۔ (الہدایہ)

### وضو میں پانی کا بہنا شرط ہے

مسئلہ: شرح طحاوی میں یہ بات مذکور ہے کہ ظاہر الروایت کے حکم کے مطابق وضو میں پانی کو بہانا شرط ہے' اس لیے جب تک پانی کے قطرے بہیں گے نہیں' اس وقت تک وضو درست نہیں ہوگا' لیکن امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت منقول ہے کہ وضو میں پانی کا بہنا شرط نہیں ہے۔

### برف کے ساتھ وضو کا حکم

مسئلہ: اگر کوئی شخص برف کے ساتھ وضو کرتا ہے' تو اگر اس کے دو یا دو سے زیادہ قطرے بہہ جاتے ہیں' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ وضو جائز ہو جائے گا' لیکن اگر دو یا دو سے زیادہ قطرے نہیں بہتے ہیں' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وضو درست نہیں ہوگا' جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وضو درست ہو جائے گا۔ یہ بات ''ذخیرہ'' میں تحریر ہے۔

مسئلہ: اس بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول درست ہے' یہ بات مضمرات میں تحریر ہے۔

### چہرے کی حدود کیا ہیں؟

مسئلہ: ظاہر الروایۃ کے مطابق چہرے کی کوئی حد مذکور نہیں ہے' یہ بات بدائع الصنائع میں تحریر ہے۔

مسئلہ: کتاب المغنی میں یہ بات تحریر ہے کہ چہرے سے مراد وہ حصہ ہے جہاں سے سر کے بال اُگنا شروع ہوتے ہیں اور

Marfat.com

پھر دونوں جبڑوں کے نیچے اور ٹھوڑی کے نیچے تک کا حصہ جبکہ چوڑائی کی سمت میں ایک کان کی لو سے لے کر دوسرے کان کی لو تک (چہرہ شمار ہوگا) یہ بات عینی ''شرح الہدایہ'' میں تحریر ہے۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کے سامنے کے بال گر چکے ہوں تو صحیح قول یہ ہے کہ اس جگہ تک پانی پہنچانا واجب نہیں ہوگا۔ یہ بات ''خلاصہ'' میں تحریر ہے اور یہی قول درست ہے' یہ بات ''زاہدی'' میں تحریر کی گئی ہے۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کے بال زیادہ آگے آئے ہوئے ہوں' وہ چہرے کی حد میں آ چکے ہوں تو اس شخص کے لیے ان بالوں کو دھونا لازم ہوگا' جو اس مقام سے نیچے ہوتے ہیں' جہاں تک عام طور پر بال پائے جاتے ہیں' یہ بات ''عینی شرح الہدایہ'' میں تحریر ہے۔

مسئلہ: آنکھ کے اندر تک پانی پہنچانا نہ واجب ہے نہ ہی سنت ہے' اسی طرح پلکوں کی جڑ تک یا آنکھ کے کنارے تک پانی پہنچانے کے لیے آنکھ کے کھولنے یا بند کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ بات ''ظہیریہ'' میں تحریر ہے۔

مسئلہ: البتہ شیخ ابن ہمام نے یہ بات بیان کی ہے کہ چہرہ دھوتے وقت آنکھ کو زیادہ زور سے بند نہیں کرنا چاہیے۔ (محیط)

مسئلہ: آنکھ کا وہ کنارہ جو ناک سے ملا ہوا ہوتا ہے' وہاں تک پانی پہنچانا واجب ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ہونٹ بند کرنے کے وقت جس قدر کھلے رہتے ہیں' وہ چہرے کے حکم میں شامل ہوں گے اور جو چھپ جاتے ہیں' وہ منہ کے حکم میں شامل ہوں گے اور یہی قول درست ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: داڑھی' جبڑے اور کانوں کے درمیان میں جو سفیدی ہے' وضو میں اس کو دھونا واجب ہے۔ (طحاوی) یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: اکثر مشائخ اسی بات کے قائل ہیں۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: مونچھوں کے بال' بھنوؤں کے بال اور داڑھی کے وہ بال جو ٹھوڑی کی جڑ تک موجود ہوتے ہیں' انہیں دھویا جائے گا لیکن جس جگہ سے بال جمع ہوئے ہوں' وہاں تک پانی پہنچانا واجب نہیں ہے۔

## دوسرا فرض: بازوؤں کو دھونا

مسئلہ: وضو کا دوسرا فرض دونوں بازوؤں کو دھونا ہے' تینوں فقہاء کے نزدیک کہنیاں بھی اس دھونے کے حکم میں شامل ہوں گی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر وضو کے کسی بھی عضو پر کوئی چیز اضافی ہو' یعنی زائد انگلی ہو یا زائد ہاتھ ہو' تو اسے بھی دھونا واجب ہوگا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کسی شخص کے کندھے پر دو ہاتھ ہوں تو جو ہاتھ مکمل ہوگا' وہی اصلی ہاتھ شمار ہوگا اور اسے دھونا لازم ہوگا' جبکہ دوسرا ہاتھ اضافی شمار ہوگا اور جو اضافی ہے' اس کا اتنا حصہ دھونا لازم ہوگا' جتنا اصلی ہاتھ کے اس مقام کے سامنے ہے' جس مقام کو دھونا فرض ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: البتہ اضافی حصے کو دھونا مستحب شمار ہوگا۔ (بحر الرائق)

Marfat.com

مسئلہ: ماوراء النہر کے فتاویٰ میں یہ بات تحریر ہے کہ اگر وضو کے دھونے کے مخصوص مقامات میں سوئی کے کنارے کے برابر بھی جگہ خشک رہ گئی یا ناخن کی جڑ میں کوئی چیز خشک رہ گئی یا اس میں کوئی مٹی بھری ہوئی تھی تو پھر وضو جائز نہیں ہوگا' لیکن اگر ہاتھ پر خمیر لگا ہوا ہو یا مہندی لگی ہوئی ہو' تو وضو جائز ہو جائے گا۔

مسئلہ: الجامع الصغیر میں یہ بات تحریر کی گئی ہے کہ شیخ ابوالقاسم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس کے ناخن بڑے ہوتے ہیں اور ان میں میل جما رہتا ہے' اگر کوئی شخص مٹی کا کام کرتا ہے یا کسی عورت نے ہاتھوں پر مہندی لگائی ہوئی ہوتی ہے' کوئی شخص چمڑے کی دباغت کا کام کرتا ہے اور اس کے ناخن میں میل جما رہتا ہے یا کوئی شخص رنگ کا کام کرتا ہے' تو کیا ان کا وضو جائز ہوگا یا نہیں ہوگا؟ انہوں نے فرمایا: ان سب کی حالت ایک جیسی ہے اور ان کا وضو جائز ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ ان چیزوں سے بچنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر کسی شخص نے ہاتھ میں ڈھیلی انگوٹھی پہنی ہوئی ہو' تو اس کو حرکت دینا سنت ہے' لیکن اگر وہ اتنی تنگ ہو کہ اس کے نیچے پانی پہنچنے کا امکان نہ ہو' تو اب اس کو حرکت دینا فرض ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ظاہر الروایۃ میں بھی یہی مذکور ہے۔ (محیط)

## تیسرا فرض: پاؤں دھونا

مسئلہ: وضو کا تیسرا فرض دونوں پاؤں دھونا ہے' تینوں فقہاء کے نزدیک ٹخنے بھی پاؤں کے دھونے میں شامل ہوں گے۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کا ہاتھ یا پاؤں اس طرح کٹ جاتا ہے کہ کہنی اور ٹخنہ باقی ہی نہیں رہتا تو اب انہیں دھونا ساقط ہو جائے گا' لیکن اگر کہنی یا ٹخنہ باقی رہتے ہیں' تو انہیں دھونا واجب ہوگا۔ (بحرالرائق)

## چوتھا فرض: سر کا مسح

مسئلہ: وضو کا چوتھا فرض سر کا مسح کرنا ہے اور وضو میں ایک چوتھائی سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

مسئلہ: صحیح قول کے مطابق مسح میں ہاتھ کی تین انگلیاں لگانا واجب ہے۔ (کفایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک یا دو انگلیوں کے ذریعے مسح کرتا ہے' تو ظاہر الروایۃ کے مطابق تو ایسا کرنا درست نہیں ہونا چاہیے۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر کوئی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کے ذریعے اس طرح مسح کرتا ہے کہ وہ دونوں کھلے ہوں اور اس کے ساتھ ہتھیلی کا کچھ حصہ سر کو لگ جائے تو ایسی صورت میں مسح کرنا جائز ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ شہادت کی انگلی اور انگوٹھا دو انگلیاں ہیں اور ان کے درمیان ان کی جو ہتھیلی ہے' وہ ایک انگلی کی مقدار ہے' اس اعتبار سے تین انگلیاں ہو جائیں گی۔ (محیط' فتاویٰ قاضی خان)

مسئلہ: اگر کسی شخص نے لمبے بال رکھے ہوئے ہیں اور وہ تین انگلیوں کے ذریعے ان بالوں پر مسح کرتا ہے' تو اگر اس مسح کے نیچے آنے والے بال سر پر موجود ہیں' تو پھر یہ سر کے مسح کا قائم مقام ہوگا اور اگر ان بالوں پر مسح کرتا ہے جن کے نیچے ماتھا یا گردن ہے' تو یہ مسح درست نہیں ہوگا۔

Marfat.com

مسئلہ: اگر کسی کا ہاتھ گیلا ہے اور وہ اس سے مسح کر لیتا ہے تو یہ مسح جائز ہوگا' خواہ اس نے مسح کرنے کے لیے پانی لیا ہو یا اس نے بازو دھوئے ہوں اور ان کی گیلاہٹ ہاتھ میں باقی ہو' صحیح قول یہی ہے' لیکن اگر کوئی شخص گیلے ہاتھ کے ذریعے سر یا موزے کا مسح کر لیتا ہے اور پھر بھی اس کا ہاتھ کچھ گیلا ہے' تو اب وہ اس کے ذریعے سر یا موزے کا مسح نہیں کر سکتا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر وہ گیلاہٹ کسی عضو سے حاصل کرتا ہے' تو اس کے ذریعے بھی مسح کرنا درست نہیں ہوگا' خواہ اس عضو کو دھویا گیا ہو یا اس پر مسح کیا گیا ہو۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص برف کے ساتھ مسح کر لیتا ہے' تو یہ ہر صورت میں جائز ہوگا' اس بارے میں فقہاء نے یہ شرط مقرر نہیں کی ہے کہ اس میں تری ٹپکتی ہو یا نہ ٹپکتی ہو۔ (فتاویٰ برہانیہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص منہ کے ساتھ سر کو بھی دھو لیتا ہے' تو یہ مسح کے قائم مقام ہو جائے گا' لیکن ایسا کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: اگر سر کے کچھ حصے پر بال نہیں ہیں اور کچھ حصے پر بال ہیں' تو جہاں بال ہیں وہاں مسح کر لیتا ہے' تو یہ جائز ہوگا۔

(جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر سر پر سامنے کی طرف مسح نہیں کیا' بلکہ پیچھے کی طرف یا دائیں بائیں مسح کر لیا تو یہ بھی جائز ہوگا۔ (تاتارخانیہ)

## ٹوپی اور عمامہ پر مسح کا حکم

مسئلہ: ٹوپی اور عمامے پر مسح کرنا جائز نہیں' اسی طرح عورت کے لیے اپنی چادر پر مسح کرنا جائز نہیں ہے' لیکن اگر اس میں سے پانی اس طرح ٹپک جائے کہ بالوں تک پہنچ جائے تو مسح جائز ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: عورت کے لیے افضل یہی ہے کہ وہ اپنی چادر کے اوپر مسح نہ کرے' بلکہ اس کے نیچے مسح کرے۔ (قاضی خان)

•••———•••———•••

1 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ نَّوْمِهٖ فَلَا يَغْمِسْ يَدَهٗ فِيْ وَضُوْئِهٖ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يَدْرِيْ اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهٗ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اس وقت تک اپنے ہاتھ وضو کے پانی میں نہ ڈالے' جب تک وہ اسے پہلے تین مرتبہ دھو نہ لے' کیونکہ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے رات کہاں بسر کی ہے۔

## شرح

علامہ عینی تحریر کرتے ہیں: روایت کا ابتدائی حصہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے (کہ برتن میں داخل کرنے سے پہلے

1 - اخرجه مسلم في الطهارة، باب كراهة غمس المتوضىء و عيره يده المشكوك في نجاستها في الاناء قبل غسلها ثلاثًا (الحديث 87) - انظر: تحفة الاشرا للمزي (15149) .

Marfat.com

ہاتھ) دھونا واجب ہے کیونکہ دھونے سے پہلے برتن میں ہاتھ ڈالنے کی ممانعت کی گئی ہے' لیکن اس کا آخری حصہ اس بات پر دلالت کرتا ہے اس صورت میں ہاتھ دھونا مستحب ہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے (اس حکم کی) علّت بیان کردی ہے۔ ''وہ نہیں جانتا اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا؟'' یعنی اس کا ہاتھ اس کے جسم کے پاک حصے پر رہا یا نجس حصے پر رہا۔ لہٰذا تعلیل میں رکاوٹ آنے کی وجہ سے جب وجوب کی نفی ہوگئی تو سنت ہونا ثابت ہوجائے گا کیونکہ اس کا مرتبہ وجوب سے کم ہے''۔[1]

## بَابُ السِّوَاكِ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

## باب 2: نیند سے بیدار ہونے پر مسواک کرنا

2 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ ۔

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم ﷺ نیند سے بیدار ہوتے تو آپ ﷺ اپنے منہ کو مسواک کے ذریعے صاف کرتے تھے۔

### شرح

### مسواک کے احکام

مسئلہ: علامہ کاسانی تحریر کرتے ہیں: ان میں سے ایک حکم مسواک کرنا ہے' اس کی دلیل وہ روایت ہے جو نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں تمہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا''۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''ہر وضو کے وقت (مسواک کرنے کا حکم دیتا)''۔

مسئلہ: اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ منہ کو پاک کرنے کا باعث ہے' جیسا کہ اس کے بارے میں حدیث بھی منقول ہے۔ (نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:)

''مسواک منہ کی پاکیزگی کے حصول کا ذریعہ ہے اور پروردگار کی رضامندی کے حصول کا ذریعہ ہے''۔

---

[1] ''عمدة القاری' کتاب الوضوء' باب : الاستجمار وترا''

2-اخرجه البخاری فی الوضوء، باب السواك (الحديث 245) و في الجمعة ، باب السواك يوم الجمعة (الحديث889) و في التهجد، باب طول القيام فی صلاة الليل (الحديث 1136) . اخرجه مسلم في الطهارة، باب السواك (الحديث 46و 47) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب السواك لمن قام من الليل (الحديث 55) . و اخرجه النسائی في قيام الليل و تطوع النهار، باب ما يفعل اذا قام من الليل من السواك (الحديث 1620, 1621)و ذكر الاختلاف علی ابی حطصين عثمان بن عاصم فی هذا الحديث (الحديث 1622 ,1623) بمعناه . واخرجه ابن ماجه فی الطهارة، باب السواك (الحديث 286) . انظر: تحفة الاشراف للمزي (3336) .

Marfat.com

مسئلہ: اسی طرح روایات میں یہ بات منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جبریل مجھے مسواک کرنے کے بارے میں مسلسل تاکید کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ مجھے اس کے لازم ہونے کے بارے میں بتائیں گے''۔

مسئلہ: اسی طرح یہ روایت بھی منقول ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:
''قرآن کے راستوں کو مسواک کے ذریعے پاک کرو (یعنی اپنے منہ کو پاک کرو)''۔

مسئلہ: آدمی کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ جس مرضی مسواک سے چاہے مسواک کرلے' خواہ وہ تر ہو یا خشک ہو' خواہ اس پر تری لگی ہوئی ہو یا نہ لگی ہوئی ہو' خواہ آدمی نے روزہ رکھا ہوا ہو یا نہ رکھا ہو' خواہ زوال سے پہلے کا وقت ہو یا اس کے بعد کا وقت ہو' کیونکہ مسواک کے بارے میں منقول احادیث مطلق ہیں۔

مسئلہ: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک روزہ دار شخص کے لیے زوال کے بعد مسواک کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: مسواک کے حکم پر بحث کرتے ہوئے علامہ عینی نے یہ بات تحریر کی ہے: احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ مسواک کرنا سنت مؤکدہ ہے' کیونکہ اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے دن اور رات میں باقاعدگی اختیار کی ہے' اسی طرح اس بات پر اجماع بھی ہے کہ مسواک کرنا مستحب ہے' یہاں تک کہ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ یہ وضو کا ایک حصہ ہے' اس بارے میں بہت سی احادیث منقول ہیں کہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ ہمیشہ باقاعدگی کے ساتھ مسواک کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ روایات میں یہ بات بھی مذکور ہے کہ جب آپ ﷺ کے وصال کا وقت قریب آیا تو اس وقت بھی آپ نے مسواک کی تھی جیسا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:
''حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' اس وقت نبی اکرم ﷺ نے میرے سینے کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی کہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے پاس ایک تر مسواک تھی جس کے ذریعے وہ مسواک کر رہے تھے' نبی اکرم ﷺ نے اپنی نگاہ ان کی طرف اُٹھائی' تو میں نے وہ مسواک لی' اسے چبایا' اسے نرم کیا اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے وہ مسواک کر لی''۔

مسئلہ: مسواک کے بارے میں علماء کے درمیان یہ اختلاف پایا جاتا ہے کہ یہ وضو کی سنت ہے یا یہ نماز کی سنت ہے' بعض حضرات پہلے مؤقف کے قائل ہیں اور بعض دوسرے مؤقف کے قائل ہیں۔

مسئلہ: جبکہ بعض علماء اس بات کے قائل ہیں کہ یہ دینی سنت ہے اور یہی قول زیادہ قوی ہے اور یہی بات امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی منقول ہے۔

مسئلہ: ہدایہ میں یہ بات تحریر ہے: صحیح یہ ہے کہ مسواک کرنا مستحب ہے' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تو یہی حکم ہے جبکہ ابن حزم نے یہ کہا ہے کہ یہ سنت ہے' اگر ممکن ہو' تو آدمی ہر نماز کے لیے مسواک کرے' یہ چیز زیادہ فضیلت رکھتی ہے' البتہ جمعہ کے دن اسے کرنا لازم ہے۔

Marfat.com

مسئلہ: شیخ ابوحامد اسفرائینی نے اور علامہ ماوردی نے یہ بات بیان کی ہے کہ اہل ظاہر اس کے وجوب کے قائل ہیں۔

مسئلہ: اسحاق بن راھویہ سے بھی یہی روایت نقل کی گئی ہے کہ مسواک کرنا واجب ہے اور اگر کوئی شخص اسے جان بوجھ کر ترک کرتا ہے' تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی' جبکہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ اسحاق کے حوالے سے یہ روایت درست نہیں ہے۔

## مسواک کرنے کا طریقہ

مسئلہ: ہمارے نزدیک مسواک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے چوڑائی کی سمت میں کیا جائے گا' لمبائی کی سمت میں نہیں کیا جائے گا' اس وقت کیا جائے گا جب وضو میں کلی کی جاتی ہے۔

مسئلہ: حافظ ابونعیم اصفہانی نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چوڑائی کی سمت میں مسواک کرتے تھے' لمبائی کی سمت میں مسواک نہیں کرتے تھے۔

مسئلہ: کتاب المغنی میں یہ بات تحریر ہے کہ دانتوں اور زبان پر بھی مسواک کی جائے گی اور اس بارے میں کوئی مقررہ حد نہیں ہے اور آدمی اس وقت تک مسواک کرتا رہے گا جب تک اس کا دل مطمئن نہیں ہو جاتا' آدمی دائیں ہاتھ میں پکڑ کر مسواک کرے گا' اس بارے میں مستحب یہ ہے کہ تین مرتبہ پانی حاصل کیا جائے (یعنی تین مرتبہ کلی کی جائے)۔

مسئلہ: (علامہ عینی نے یہ وضاحت کی ہے:) مسواک کے فضائل بہت زیادہ ہیں اور اس بارے میں پچاس صحابہ کرام سے احادیث منقول ہیں۔ (عمدۃ القاری' کتاب: وضو کا بیان' باب: مسواک کا بیان' ج ۳ ص ۱۸۵) (سابقہ حوالہ ہے: بدائع الصنائع' کتاب: طہارت کا بیان' باب: مطلب مسواک کے احکام)

# 3 - باب كَيْفَ يَسْتَاكُ

## باب: مسواک کرنے کا طریقہ

3 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَسْتَنُّ وَطَرَفُ السِّوَاكِ عَلٰی لِسَانِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ "عَاعَا".

☆☆ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ اس وقت مسواک کر رہے تھے' مسواک کا ایک کنارہ آپ کی زبان پر تھا اور آپ عا' عا' کی آواز نکال رہے تھے۔

---

3-اخرجه البخاري في الوضوء، باب السواك (الحديث 244) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب السواك (الحديث 45) مختصراً . و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب كيف يستاك (الحديث 49) . انظر: تحفة الاشراف (9123) .

Marfat.com

## 4 - باب هَلْ يَسْتَاكُ الْإِمَامُ بِحَضْرَةِ رَعِيَّتِهِ

### باب: کیا امام اپنی رعیت کی موجودگی میں مسواک کرسکتا ہے؟

4 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى - وَهُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ - قَالَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اَقْبَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِيْ رَجُلَانِ مِنَ الْاَشْعَرِيِّيْنَ اَحَدُهُمَا عَنْ يَّمِيْنِيْ وَالْاٰخَرُ عَنْ يَّسَارِيْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَكِلَاهُمَا سَاَلَ الْعَمَلَ قُلْتُ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا مَّا اَطْلَعَانِيْ عَلٰى مَا فِيْ اَنْفُسِهِمَا وَمَا شَعَرْتُ اَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى سِوَاكِهٖ تَحْتَ شَفَتِهٖ قَلَصَتْ

فَقَالَ "اِنَّا لَا - اَوْ لَنْ - نَسْتَعِيْنَ عَلَى الْعَمَلِ مَنْ اَرَادَهٗ وَلٰكِنِ اذْهَبْ اَنْتَ -" فَبَعَثَهٗ عَلَى الْيَمَنِ ثُمَّ اَرْدَفَهٗ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا -

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے ساتھ اشعر قبیلے کے دو آدمی بھی تھے' ایک میرے دائیں طرف تھا اور دوسرا میرے بائیں طرف تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسواک کر رہے تھے' ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ آپ انہیں سرکاری اہلکار مقرر کریں۔

میں نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو نبی بنا کر بھیجا ہے! ان دونوں نے مجھے نہیں بتایا تھا کہ ان دونوں کے ذہن میں کیا ہے' مجھے یہ اندازہ بھی نہیں تھا کہ یہ آپ سے ملازمت مانگیں گے (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' مسواک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہونٹ کے نیچے تھی اور وہ اوپر اُٹھا ہوا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم ایسے کسی شخص کو اپنا اہلکار ہرگز مقرر نہیں کریں گے جو اہلکار بننا چاہتا ہو' (اے ابوموسیٰ!) البتہ تم چلے جاؤ۔

راوی کہتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یمن بھیج دیا' پھر ان کے پیچھے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو بھی بھجوا دیا۔

## 5 - باب التَّرْغِيْبِ فِي السِّوَاكِ

### باب: مسواک کی ترغیب دینا

5 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ يَّزِيْدَ - وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ - قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ

---

4-اخرجه البخاري في استتابة المرتدين و المعاندين و قتلهم، باب حكم المرتد و استتابتهم (الحديث 6923) مطولا . و اخرجه مسلم في الامارة، باب النهي عن طلب الامارة والحرص عليها (الحديث 15) مطولا . و اخرجه ابو داؤد في الحدود، باب الحكم فيمن ارتد (الحديث 4354) مطولا . و الحديث عند : البخاري في الاجارة، باب استئجار الرجل الصالح (الحديث 2261)، و في الاحكام، باب الحاكم يحكم بالقتل على من وجب عليه دون الامام الذي فوقه (الحديث 7156، 7157). و ابو داؤد في الاقضية، باب في طلب القضاء و التسرع اليه (الحديث 3579) . تحفة الاشراف (9083) .

5-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16271) .

Marfat.com

الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ عَتِيْقٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ سَمِعْتُ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: مسواک منہ کی صفائی کا ذریعہ ہے اور پروردگار کی رضا کا باعث ہے۔

## شرح

### مسواک کے احکام

مسئلہ: وضو کی سنتوں میں سے ایک عمل مسواک کرنا ہے' مسواک کے لیے ایسے درخت کی ٹہنی کو استعمال کرنا چاہیے' جس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے' کیونکہ اس کے نتیجے میں منہ کی بوختم ہو جاتی ہے' دانت مضبوط ہوتے ہیں' معدہ تندرست ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: مسواک کی لکڑی تر ہونی چاہیے' یہ چھوٹی انگلی جتنی موٹی ہونی چاہیے اور ایک بالشت لمبی ہونی چاہیے۔

مسئلہ: یہ بات مستحب ہے کہ آدمی دائیں ہاتھ میں مسواک کو اس طرح پکڑے کہ اس کی چھوٹی انگلی مسواک کے نیچے ہو اور انگوٹھا مسواک کے سرے کے نیچے ہو اور باقی انگلیاں مسواک کے اوپر ہوں۔ (نہر الفائق)

مسئلہ: مسواک کرنے کا وقت وہی ہے جو کلی کرنے کا وقت ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: دانت کے اوپری طرف اور نیچے والی طرف چوڑائی کی سمت میں مسواک کی جانی چاہیے اور مسواک کا آغاز دائیں طرف سے کیا جائے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: جس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اگر اس نے مسواک کی تو وہ قے کردے گا تو وہ شخص مسواک نہ کرے۔

مسئلہ: لیٹ کر مسواک کرنا مکروہ ہے۔ (سراج الوہاج)

•••———•••———•••

## 6 - باب الْإِكْثَارِ فِي السِّوَاكِ

### باب: بکثرت مسواک کرنا

6 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ وَعِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "قَدْ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ ."

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میں تمہیں بکثرت مسواک کرنے کی ہدایت کرتا ہوں۔

6-اخرجه البخاری في الجمعة، باب السواك يوم الجمعة (الحديث 888 ) . تحفة الاشراف ( 914 ) .

Marfat.com

## 7- باب الرُّخْصَةِ فِي السِّوَاكِ بِالْعَشِيِّ لِلصَّائِمِ

### باب: روزہ دار شخص کے لیے شام کے وقت مسواک کرنے کی رخصت

7 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

## 8- باب السِّوَاكِ فِي كُلِّ حِيْنٍ

### باب: کسی بھی وقت میں مسواک کرنا

8 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيْسٰى - وَهُوَ ابْنُ يُوْنُسَ - عَنْ مِسْعَرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ - وَهُوَ ابْنُ شُرَيْحٍ - عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَاُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ قَالَتْ بِالسِّوَاكِ .

☆☆ مقدام بن شریح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر میں تشریف لاتے تھے' تو آپ سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: مسواک۔

## 9- باب ذِكْرِ الْفِطْرَةِ - الْاِخْتِتَانُ

### باب: فطری اُمور کا تذکرہ (جن میں ختنہ کرنا بھی شامل ہے)

9 - اَخْبَرَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "الْفِطْرَةُ خَمْسٌ الْاِخْتِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: فطری چیزیں پانچ ہیں: ختنہ کرنا' زیر ناف بال صاف کرنا' مونچھیں چھوٹی کرنا' ناخن تراشنا اور بغلوں کے بال صاف کرنا۔

### شرح

مسئلہ: یہاں امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے فطرت کا تذکرہ کیا ہے' اس کی وضاحت کرتے ہوئے فیض القدیر کے مصنف علامہ

7-اخرجه البخاري في الجمعة، باب السواك يوم الجمعة (الحديث 887) . تحفة الاشراف (13842) .

8-اخرجه مسلم في اطهارة، باب السواك (الحديث 43 ,44) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الرجل يستاك بسواك غيره (الحديث 51) . واخرجه ابن ماجه في اطهارة و سننها، باب السواك (الحديث 290) تحفة الاشراف (16144) .

9-اخرجه مسلطم في الطهارة، باب خصال الفطرة (الحديث 50) . تحفة الاشراف (13343) .

Marfat.com

عبدالرؤف مناوی نے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہاں فطرت سے مراد وہ قدیم طریقہ کار ہے جسے انبیاء کرام نے اختیار کیا تھا اور تمام شرائع میں اس کے بارے میں اتفاق پایا جاتا ہے' گویا کہ یہ ایک طے شدہ طریقہ ہے جس پر لوگوں کی فطرت قائم ہے۔[1]

## ختنہ کرنے کے احکام

مسئلہ: یہاں امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث ذکر کی ہے' جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پانچ کام فطرت سے تعلق رکھتے ہیں' اگلے ابواب میں امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی روایت کو اسناد کے اختلاف کے ساتھ نقل کیا ہے' لیکن ہر مرتبہ روایت نقل کرتے ہوئے ترجمۃ الباب تبدیل کر دیا ہے' یہاں اس روایت سے پہلے انہوں نے ترجمۃ الباب میں ختنہ کرنے کا ذکر کیا ہے۔

مسئلہ: اس کی وضاحت کرتے ہوئے ابن نجیم تحریر کرتے ہیں: ختنہ کرنا سنت ہے' جیسا کہ اس بارے میں احادیث میں یہ بات منقول ہے اور یہ اسلام کی مخصوص نشانیوں میں سے ایک ہے اور اسلام کی خصوصیات میں سے ایک ہے' یہاں تک کہ اگر کسی مسلمان شہر کے افراد اس بات پر اتفاق کر لیتے ہیں کہ وہ ختنہ نہیں کریں گے تو حاکم وقت ان کے خلاف لڑائی کرے گا' کسی انتہائی ضرورت کے پیش نظر ہی ختنے کو ترک کیا جا سکتا ہے۔ ماتن نے یہ بات تحریر کی ہے: ختنہ کرنے کا وقت سات برس کی عمر ہے' ایک قول یہ ہے کہ بالغ ہونے سے پہلے ختنہ نہیں کرنا چاہیے' کیونکہ ختنہ کرنے کا بنیادی مقصد طہارت کا حصول ہے اور بالغ ہونے سے پہلے طہارت لازم نہیں ہوتی ہے' اس لیے ایسی صورت میں کسی ضرورت کے بغیر وقت سے پہلے اذیت پہنچانے کی صورت پائی جائے گی۔ ایک قول یہ ہے کہ اس کی کم از کم عمر بارہ برس ہے' ایک قول یہ ہے کہ ۹ برس ہے' ایک قول یہ ہے کہ دس برس ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ دس برس کی عمر میں بچے کو نماز پڑھنے کا حکم دیا جاتا ہے تاکہ پھر عادت بن جائے اور وہ اخلاق سیکھ لے تو ایسے وقت میں اسے ختنہ کرنے کی ضرورت پیش آئے گی کیونکہ نماز کے لیے طہارت ضروری ہے۔

مسئلہ: ایک قول یہ بھی ہے کہ اگر بچے میں یہ طاقت موجود ہو کہ وہ ختنے کی تکلیف کو برداشت کر سکتا ہے' تو اس کا ختنہ کر دیا جائے گا' ورنہ نہیں کیا جائے گا اور یہ بات قیاس کے زیادہ قریب ہے۔

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات فرمائی ہے: ختنہ کرنے کے وقت کے بارے میں مجھے کوئی علم نہیں ہے (یعنی اس بارے میں کوئی روایت منقول نہیں ہے)۔

مسئلہ: اس بارے میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے بھی کوئی بات منقول نہیں ہے' بعد کے مشائخ نے اس مسئلے کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔

مسئلہ: لڑکی کا ختنہ کرنا سنت نہیں ہے' بلکہ یہ مردوں کے لیے پسندیدہ ہوتا ہے' اس سے انہیں صحبت کے وقت زیادہ لذت محسوس ہوتی ہے' ایک قول یہ ہے کہ لڑکی کا ختنہ کرنا بھی سنت ہے۔[2]

---

[1] (فیض القدیر' حرف حمزہ ج ۲ ص ۵۲۷' حدیث: ۲۴۶۴)

[2] (کتاب تکملہ بحر الرائق' باب: جب کوئی قاضی کسی واقعے کے بارے میں کسی ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ کرے)

Marfat.com

اس حدیث میں ان پانچ چیزوں کا ذکر ہوا ہے' اس پر بحث کرتے ہوئے علامہ ابن حجر عسقلانی نے یہ بات تحریر کی ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے جمہور اصحاب اس بات کے قائل ہیں کہ ان پانچ اُمور میں سے ختنہ کرنا واجب ہے جبکہ باقی اُمور واجب نہیں ہیں' قدماء میں سے عطاء بن ابی رباح بھی اسی بات کے قائل ہیں' وہ یہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی بڑی عمر کا شخص اسلام قبول کر لیتا ہے' تو اس کے لیے ختنہ کرنا ضروری ہوگا۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور بعض مالکیوں کے نزدیک بھی یہ واجب ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایک روایت کے مطابق واجب ہے اور ایک روایت کے مطابق یہ سنت ہے' تاہم اس کو ترک کرنے والا شخص گناہگار ہوگا۔[1]

## 10 - باب تَقْلِيمِ الْاَظْفَارِ

## باب: ناخن تراشنا

10 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ مَعْمَرًا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "خَمْسٌ مِّنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَالْخِتَانُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پانچ چیزیں فطرت میں شامل ہیں: مونچھیں چھوٹی کرنا' بغلوں کے بال صاف کرنا' ناخن تراشنا' زیر ناف بال صاف کرنا اور ختنہ کرنا۔

### شرح

ابن قدامہ لکھتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جمعرات کے دن ناخن تراشتے ہوئے دیکھا پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے علی! جمعرات کے دن ناخن تراش لو' بغل کے بال صاف کرلو' زیر ناف بال صاف کرلو' زیرناف بال صاف کرلو اور جمعہ کے دن غسل کرو' خوشبو لگاؤ' (دھلا ہوا) لباس پہنو۔[2]

## 11 - باب نَتْفِ الْاِبْطِ

## باب: بغل کے بال صاف کرنا

11 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي

[1] باب: فتح الباری' کتاب: لباس کا بیان' باب: مونچھیں چھوٹی کرنا' ج۱۰ص۳۴۰

[2] (المغنی لابن قدامہ' کتاب الطہارۃ' فصول: الفطرۃ خمس)

10-اخرجه الترمذي في الادب، باب ما جاء في تقليم الاظفار (الحديث 2756) . و اخرجه النسائي في الزينة، شكر الفطرة (الحديث 5240) . تحفة الاشراف (13286) .

11-اخرجه البخاري في الباس ، باب قص الشارب (الحديث 5889)، و باب تقليم الاظفار (الحديث 5891)، و في الاستئذان، باب الختان بعد الكبر و تف الابط (الحديث 6297) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب خصال الفطرة (الحديث 49) . و اخرجه ابو داوٗد في الترجل، باب في اخذ الشارب (الحديث 4198) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الفطرة (الحديث 292) . تحفة الاشراف (13126) .

Marfat.com

هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "خَمْسٌ مِّنَ الْفِطْرَةِ الْخِتَانُ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَنَتْفُ الْإِبْطِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَاَخْذُ الشَّارِبِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: پانچ چیزیں فطرت میں شامل ہیں: ختنہ کرنا' زیر ناف بال صاف کرنا' بغل کے بال صاف کرنا' ناخن تراشنا اور مونچھیں چھوٹی کرنا۔

شرح

ابن قدامہ لکھتے ہیں: بغلوں کے بال صاف کرنا سنت ہے۔ کیونکہ یہ فطرت کا حصہ ہے اور اسے ترک کرنا بہت برا ہے۔ آدمی مونڈ کر یہ بال صاف کرے یا نورہ (بال صفا پاؤڈر) استعمال کرے (دونوں صورتیں) جائز ہیں۔

تاہم انہیں اکھاڑنا افضل ہے کیونکہ اس صورت میں حدیث کی موافقت ہو جائے گی۔[1]

## 12 - باب حَلْقِ الْعَانَةِ

### باب: زیر ناف بال صاف کرنا

12 - اَخْبَرَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلْفِطْرَةُ قَصُّ الْاَظْفَارِ وَاَخْذُ الشَّارِبِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ ."

☆☆ نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: فطرت میں ناخن تراشنا اور مونچھیں چھوٹی کرنا اور زیر ناف بال (صاف کرنا شامل ہیں)۔

شرح

امام نووی تحریر کرتے ہیں: یہ (زیر ناف بال صاف کرنا) سنت ہے' اور مراد یہ ہے کہ اس جگہ کو صاف کر دیا جائے۔ افضل یہی ہے کہ (ان بالوں کو) مونڈ دیا جائے' تاہم (قینچی سے) چھوٹے کرنا' اکھاڑ دینا' نورہ (بال صفا پاؤڈر) استعمال کرنا بھی جائز ہے' "العانۃ" سے مراد وہ بال ہیں جو مرد کی شرمگاہ کے اوپر اور اس کے اطراف میں موجود ہوتے ہیں۔

عورت کی شرمگاہ کے اردگرد موجود بالوں کا بھی یہی حکم ہے۔[2]

## 13 - باب قَصِّ الشَّارِبِ

### باب: مونچھیں چھوٹی کرنا

---

[1] المغنی لابن قدامہ' کتاب الطہارۃ' فصول: الفطرۃ خمس)

[2] حاشیہ نووی علی صحیح مسلم' کتاب الطہارۃ' باب: خصال الفطرۃ

12-اخرجه البخاري في اللباس، باب تقليم الاظفار (الحديث 5890 ) . والحديث عند: البخارى فى اللباس ، باب قص الشارب (الحديث 5888) . تحفة الاشراف (7654) .

Marfat.com

13 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ لَّمْ يَاْخُذْ شَارِبَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا".

☆☆ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص اپنی مونچھیں چھوٹی نہیں کرتا' اُس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## 14 - باب التَّوْقِيْتِ فِيْ ذٰلِكَ

### باب: اس بارے میں متعین مدت

14 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ - هُوَ ابْنُ سُلَيْمَانَ - عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ وَقَّتَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَنَتْفِ الْاِبْطِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا . وَقَالَ مَرَّةً اُخْرٰى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مونچھیں چھوٹی کرنے' ناخن تراشنے' زیر ناف بال صاف کرنے' بغلوں کے بال صاف کرنے کے بارے میں ہمارے لیے یہ وقت مقرر کیا تھا کہ تم چالیس دن سے زیادہ اسے ترک نہ کرو۔

راوی نے ایک مرتبہ دن کے بجائے لفظ رات استعمال کیا ہے۔

## 15 - باب اِحْفَاءِ الشَّارِبِ وَاِعْفَاءِ اللِّحٰى

### باب: مونچھیں چھوٹی کرنا اور داڑھی بڑھانا

15 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى - هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ - عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مونچھیں چھوٹی کرو اور داڑھی بڑھاؤ۔

### شرح

علامہ ابن عبدالبر تحریر کرتے ہیں: ''اہل لغت کے نزدیک ''احفاء'' سے مراد بالوں کو مونڈ کر بالکل صاف کر دینا ہے۔ جبکہ

13-اخرجه الترمذي في الادب، باب ما جاء في قص الشارب (الحديث 2761) . و اخرجه النسائي في الزينة، احفاء الشارب (الحديث5062) . تحفة الاشراف (3660) .

14-اخرجه مسلم في الطهارة، باب خصال الفطرة (الحديث 51) . و اخرجه ابوداؤد في الترجل، باب في اخذ الشارب (الحديث 4200) . و اخرجه الترمذي في الادب، باب ما جاء في التوقيت في تقليم الاظفار و اخذ الشارب (الحديث 2758) و (2759) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الفطرة (الحديث 295) . تحفة الاشراف (1070) .

15-اخرجه مسلم في الطهارة، باب خصال الفطرة (الحديث52) . و اخرجه النسائي في الزينة، احفاء الشوارب و اعفاء اللحية (الحديث 5241) . تحفة الاشراف (8177) .

Marfat.com

''اعفاء'' سے مراد بالوں کو نہ مونڈنا ہے''۔

اس کے بعد علامہ ابن عبدالبر نے اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی ہے کہ مونچھوں کو پست کیا جائے گا یا انہیں مونڈ دیا جائے گا؟

انہوں نے اشہب کے حوالے سے امام مالک کا یہ قول نقل کیا ہے۔ مونچھوں کو مونڈ دینا بدعت ہے۔

ابن عبدالبر کے بیان کے مطابق امام شافعی' امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کے نزدیک مونچھوں کے بال چھوٹے کرنے کے مقابلے میں انہیں مونڈ کر بالکل ختم کر دینا افضل ہے۔[1]

## 16 - باب الْإِبْعَادِ عِنْدَ إِرَادَةِ الْحَاجَةِ ۔

## باب: قضائے حاجت کے لیے دور جانا

16 - أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الْخَطْمِيُّ عُمَيْرُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ وَّعُمَارَةُ بْنُ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي قُرَادٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْخَلَاءِ وَكَانَ إِذَا أَرَادَ الْحَاجَةَ أَبْعَدَ ۔

(۱۶) عبدالرحمٰن بن ابوقراد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا' جب آپ بیت الخلاء جا رہے تھے' جب آپ قضائے حاجت کے لیے جانے لگے تو آپ دور چلے گئے۔

### شرح

### استنجاء کے احکام

### استنجاء کے آداب

مسئلہ: ہر ایسی چیز کے ذریعے استنجاء کرنا جائز ہے جو پتھر کے جیسی ہو' جیسے مٹی کا ڈھیلا' مٹی' لکڑی' کپڑا' چمڑا اور ان کی مانند دیگر چیزیں' اس حوالے سے کوئی فرق نہیں ہوگا کہ نکلنے والی چیز عادت کے موافق ہے یا عادت کے خلاف ہے' یہاں تک کہ اگر ان دونوں مقامات سے خون یا پیپ نکل آتے ہیں' تو بھی پتھر کے ذریعے طہارت حاصل ہو جائے گی۔

استنجاء کرنے کے آداب میں یہ بات شامل ہے کہ بائیں پاؤں پر زور دے کر بیٹھا جائے اور قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کی جائے' اسی طرح جس طرف سے ہوا آ رہی ہو' اس طرف بھی رخ نہ کیا جائے' اسی طرح سورج یا چاند کی طرف بھی رخ نہ کیا جائے۔

مسئلہ: افضل یہ ہے کہ پتھر اور پانی دونوں کے ذریعے استنجاء کرے۔ (تبیین)

---

[1] الاستذکار' کتاب الشعر' باب اصلاح الشعر

16-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب التباعد للبراز في الفضاء (الحديث 334) بنحوه ۔ تحفة الاشراف (9733) ۔

Marfat.com

مسئلہ: استنجاء کرتے ہوئے شرمگاہ کو دائیں ہاتھ سے نہیں پکڑنا چاہیے۔ (زاہدی)

مسئلہ: استنجاء کر لینے کے بعد ہاتھ بھی دھو لینا چاہیے تاکہ وہ اچھی طرح صاف ہو جائے۔ روایات میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے استنجاء کر لینے کے بعد دیوار پر ہاتھ کو مل کر دھو لیا تھا۔ (تبیین)

مسئلہ: ہمارے نزدیک اس بارے میں کھلی جگہ یا بند مکان میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ (شرح وقایہ)

مسئلہ: اسی طرح عورت اپنے بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرواتے وقت اس کا رخ قبلہ کی طرف نہیں کرے گی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: استنجاء کی پانچ صورتیں ہیں' ان میں سے دو واجب ہیں۔

مسئلہ: پہلا واجب یہ ہے کہ جنابت' حیض یا نفاس کے بعد غسل کرتے وقت مخرج سے نجاست کو صاف کرنا تاکہ وہ باقی جسم پر نہ پھیل جائے۔

مسئلہ: دوسری صورت یہ ہے کہ جب نجاست اپنے مخرج سے تجاوز کر جائے تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ کم ہو یا زیادہ ہو' اسے دھونا واجب ہے اور زیادہ محتاط قول یہی ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب وہ درہم کی مقدار سے زیادہ ہو جائے تو اسے دھونا واجب ہوگا' ورنہ واجب نہیں ہوگا۔

مسئلہ: استنجاء کی تیسری قسم سنت ہے اور وہ یہ ہے کہ جب نجاست اپنے مخرج سے تجاوز نہیں کرتی تو اس وقت اسے دھو لیا جائے۔

مسئلہ: استنجاء کی چوتھی قسم مستحب ہے اور وہ پیشاب کرنے کے بعد شرمگاہ کو (پانی کے ساتھ) دھونا ہے۔

مسئلہ: استنجاء کی پانچویں قسم بدعت ہے اور وہ ہوا خارج ہونے کے بعد استنجاء کرنا ہے۔ (اختیار شرح مختار)

مسئلہ: جب انسان بیت الخلاء میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو اس کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جن کپڑوں میں نماز ادا کرتا ہے' اس کے علاوہ کوئی دوسرا کپڑا پہن کر جائے' اگر یہ اس کے لیے ممکن ہو' اگر یہ نہیں ہو سکتا تو پھر اپنے کپڑوں کو نجاست اور مستعمل پانی سے بچانے کی بھرپور کوشش کرے' اسی طرح سر ڈھانپ کر بیت الخلاء میں جانا چاہیے' اگر انگوٹھی پر اللہ تعالیٰ کا نام یا قرآن کا کچھ حصہ نقش ہو' تو اسے پہن کر بیت الخلاء میں جانا مکروہ ہے۔ (سراج الوہاج)

## بیت الخلاء میں داخلے کی دعا

مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے:

''اے اللہ! میں ناپاکی اور ناپاک چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

مسئلہ: بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت بایاں پاؤں پہلے رکھنا چاہیے اور باہر آتے وقت دایاں پاؤں پہلے رکھنا چاہیے۔ (تبیین)

مسئلہ: استنجاء کے دوران بات چیت نہیں کرنی چاہیے' اللہ کا ذکر نہیں کرنا چاہیے' چھینک کا جواب نہیں دینا چاہیے' سلام کا جواب نہیں دینا چاہیے' اذان کا جواب نہیں دینا چاہیے' اگر خود انسان کو چھینک آ جاتی ہے' تو دل میں الحمد للہ پڑھنا چاہیے' زبان

Marfat.com

سے نہیں پڑھنی چاہیے ضرورت کے بغیر ستر کی طرف نہیں دیکھنا چاہیے اسی طرح بول و براز کی طرف نہیں دیکھنا چاہیے تھوکنا نہیں چاہیے ناک صاف نہیں کرنا چاہیے کھنکھارنا نہیں چاہیے آسمان کی طرف نہیں دیکھنا چاہیے اور بیت الخلاء میں زیادہ دیر نہیں ٹھہرنا چاہیے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: بیت الخلاء سے باہر آ کر یہ دعا پڑھنی چاہیے:

''ہر طرح کی حمد اس اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے جس نے مجھ میں سے وہ چیز باہر نکال دی جو مجھے اذیت دیتی اور وہ چیز باقی رکھی جو مجھے نفع دے گی''۔

مسئلہ: بہتے ہوئے پانی ٹھہرے ہوئے پانی نہر کنویں حوض چشمے کے کنارے پر پھل دار درخت کے نیچے کھیت میں یا ایسے سائے میں جہاں آرام سے بیٹھا جا سکتا ہو مسجد کے پاس عیدگاہ کے پاس قبرستان میں لوگوں کے راستے میں پیشاب کرنا یا پاخانہ کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: نیچی جگہ پر بیٹھ کر اونچی جگہ کی طرف پیشاب کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: چوہے سانپ چیونٹی وغیرہ کے سوراخ اور بل میں پیشاب کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: کھڑے ہو کر لیٹ کر یا مکمل برہنہ ہو کر پیشاب کرنا مکروہ ہے جبکہ کسی عذر کے بغیر ہو اگر کسی عذر کی وجہ سے ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے پیشاب کرنے کے بعد اسی جگہ پر وضو کرنا یا غسل کرنا مکروہ ہے۔ (سراج الوہاج)

••• ——— ••• ——— •••

17 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَانَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ذَهَبَ الْمَذْهَبَ اَبْعَدَ قَالَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهٖ - وَهُوَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ - فَقَالَ ''ائْتِنِيْ بِوَضُوْءٍ .'' فَاَتَيْتُهٗ بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

قَالَ الشَّيْخُ اِسْمَاعِيْلُ هُوَ ابْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ الْقَارِئُ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قضائے حاجت کے لیے تشریف لے جاتے تو آپ دور چلے جاتے۔ ایک مرتبہ سفر کے دوران آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے (جب واپس تشریف لائے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے لیے وضو کا پانی لاؤ میں وضو کا پانی لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے وضو کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

شیخ فرماتے ہیں: اسماعیل نامی راوی اسماعیل بن جعفر بن ابوکثیر قاری ہے۔

17-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب التخلي عند قضاء الحاجة (الحديث 1) مختصراً . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء ان النبي صلى الله عليه وسلم اذا اراد الحاجة ابعد في المذهب (الحديث 20) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب التباعد للبراز في الفضاء (الحديث 331) مختصراً . تحفة الاشراف (11540) .

Marfat.com

شرح

امام نسائی نے یہاں جس راوی کا تعارف بیان کیا ہے۔ وہ امام نسائی کے استاد علی بن حجر کا استاد ہے۔

اسماعیل نامی اس راوی کی کنیت ابواسحاق ہے۔ اس کا نام اسماعیل بن جعفر بن ابوکثیر انصاری زرقی ہے۔ اس کا اسم منسوب ''نسبت ولاء'' کے اعتبار سے ہے۔ اور اس کا انتقال 180 ہجری میں ہوا۔

اس نے امام جعفر صادق اور امام مالک کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

صحیح بخاری' صحیح مسلم کے کئی راویوں نے اس سے احادیث روایت کی ہیں۔ اور ان کا شمار ''ثقہ'' راویوں میں کیا گیا ہے۔

## 17 - باب الرُّخْصَةِ فِيْ تَرْكِ ذٰلِكَ .

### باب: اسے ترک کرنے کی اجازت

18 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ اَنْبَاَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنْتُ اَمْشِي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهٰى اِلٰى سُبَاطَةِ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا فَتَنَحَّيْتُ عَنْهُ فَدَعَانِيْ وَكُنْتُ عِنْدَ عَقِبَيْهِ حَتّٰى فَرَغَ ثُمَّ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ .

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچرے کے ڈھیر پر تشریف لائے' وہاں آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا' میں آپ سے پیچھے ہٹ گیا تو آپ نے مجھے بلایا' میں آپ کے پیچھے کی طرف کھڑا ہو گیا' جب آپ پیشاب کر کے فارغ ہوئے' تو آپ نے وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کر لیا۔

## 18 - باب الْقَوْلِ عِنْدَ دُخُوْلِ الْخَلَاءِ .

### باب: بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت کی دعا

19 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ".

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں جاتے تھے' تو یہ دعا مانگتے تھے:

18-اخرجه البخاري في الوضوء، باب البول عند صاحبه و التستر بالحائط (الحديث 225) مختصراً . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 73, 74) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب البول قائمًا (الحديث 23) . و الحديث عند البخاري في الوضوء، باب البول قائمًا و قاعدًا (الحديث 224)، و باب البول عند سباطة قوم (الحديث 226) و في المظالم، باب الوقوف و البول عند سباطة قوم (الحديث 2471) . و النسائي في الطهارة، الرخصة في البول في الصحراء قائماً . (الحديث 27, 28)، و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في البول قائمًا (الحديث 305, 306) و باب ما جاء في المسح على الخفين (الحديث 544) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب الرخصة في ذلك (الحديث 13) . تحفة الاشراف (3335) .

19-اخرجه مسلم في الحيض، باب ما يقول اذا اراد دخول الخلاء (الحديث 122) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما يقول الرجل اذا دخل الخلاء (الحديث 298) . تحفة الاشراف (997) .

Marfat.com

''اے اللہ! میں خباثت اور خبیث چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

## 19 - باب النَّهْيِ عَنِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ الْحَاجَةِ .

## باب: قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنے کی ممانعت

20 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ رَّافِعِ بْنِ اِسْحَاقَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّ وَهُوَ بِمِصْرَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ كَيْفَ اَصْنَعُ بِهٰذِهِ الْكَرَايِيْسِ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ''اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْغَائِطِ اَوِ الْبَوْلِ فَلَايَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا .''

(۲۰) رافع بن اسحاق بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو مصر میں یہ کہتے ہوئے سنا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں ان بیت الخلاء کا کیا کروں' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: جب کوئی شخص پاخانہ کرنے کے لیے یا پیشاب کرنے کے لیے جائے' تو وہ قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرے۔

### شرح

احناف کے نزدیک پیشاب یا پاخانہ کرتے وقت قبلہ کی طرف رخ یا پیٹھ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔خواہ آدمی عمارت کے اندر موجود ہو۔احناف کے علاوہ دیگر فقہاء اس بات کے قائل ہیں۔قضاء حاجت کے لیے تعمیر کی جانے والی جگہ (بیت الخلاء) میں ایسا کرنا مکروہ نہیں ہے۔[1]

## 20 - باب النَّهْيِ عَنِ اسْتِدْبَارِ الْقِبْلَةِ عِنْدَ الْحَاجَةِ .

## باب: قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ کرنے کی ممانعت

21 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا لِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ وَّلٰكِنْ شَرِّقُوْا اَوْ غَرِّبُوْا .''

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف رخ یا پیٹھ نہ کرو' بلکہ (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرو۔

---

[1] الفقہ الاسلامی وادلتہ' الباب الاوّل الطہارات' الفصل الثالث: الاستنجاء

20-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3458) .

21-اخرجه البخاري في الوضوء، باب لا تستقبل القبلة بغائط او بول، الا عند البناء: جدار او نحوه (الحديث 144) و في الصلاة، باب قبلة اهل المدينة و اهل الشام و المشرق (الحديث 394) مطولاً . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب الا ستطابة (الحديث 59) . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة (الحديث 9) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب في النهي عن استقبال القبلة بغائط او بول (الحديث 8) . واخرجه النسائي في الطهارة، الامر بالستقبال المشرق او المغرب عند الحاجة (الحديث 22) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب النهي عن استقبال القبلة بالغائط و البول (الحديث 318) بنحوه . تحفة الاشراف (3478) .

Marfat.com

## 21 - باب الْاَمْرِ بِاسْتِقْبَالِ الْمَشْرِقِ اَوِ الْمَغْرِبِ عِنْدَ الْحَاجَةِ .

### باب: قضائے حاجت کے وقت مشرق یا مغرب کی طرف منہ کرنے کا حکم

22 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا غُنْدَرٌ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلٰكِنْ لِيُشَرِّقْ اَوْ لِيُغَرِّبْ ."

(۲۲) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص پاخانہ کرنے جائے' تو قبلہ کی طرف رخ یا منہ نہ کرے بلکہ (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرے۔

## 22 - باب الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ فِي الْبُيُوْتِ

### باب: گھروں میں اس کی اجازت

23 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ لَقَدِ ارْتَقَيْتُ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتِنَا فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى لَبِنَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ لِحَاجَتِهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو تین اینٹوں پر بیٹھ کر بیت المقدس کی طرف رخ کر کے' قضائے حاجت کرتے ہوئے دیکھا۔

## 23 - باب النَّهْيِ عَنْ مَسِّ الذَّكَرِ بِالْيَمِيْنِ عِنْدَ الْحَاجَةِ .

### باب: قضائے حاجت کے وقت شرم گاہ دائیں ہاتھ سے چھونے کی ممانعت

24 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ - وَهُوَ الْقَنَّادُ - قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا بَالَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَاْخُذْ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ ."

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی

---

22-تقدم في الطهارة، باب النهي عن استدبار القبلة عند الحاجة (الحديث 21) .

23-اخرجه البخاري في الوضوء، باب من تبرز على لبنتين (الحديث 145) مطولاً، و باب التبرز في البيوت (الحديث 148 ,149) و في فرض الخمس، باب ما جاء في بيوت ازواج النبي صلى الله عليه وسلم ، و ما نسب من البيوت اليهن (الحديث 3102) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب الاستطابة (الحديث 61) مطولاً، و (الحديث 62) بنحوه . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الرخصة في ذلك (الحديث 12) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء من الرخصة في ذلك (الحديث 11) نحوه . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرخصة في ذلك في الكنيف، و اباحته دون الصحاري (الحديث 322) . مطولاً . تحفة الاشراف (8552) .

Marfat.com

ہے: جب کوئی شخص پیشاب کرے تو وہ اپنی شرم گاہ دائیں ہاتھ سے نہ پکڑے۔

25 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ عَنْ وَّكِيعٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَّحْيٰى - هُوَ ابْنُ اَبِی كَثِيرٍ - عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ ذَكَرَهُ بِيَمِينِهِ ."

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص بیت الخلاء میں جائے' تو دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنی شرم گاہ کو نہ چھوئے۔

## 24 - باب الرُّخْصَةِ فِی الْبَوْلِ فِی الصَّحْرَاءِ قَائِمًا

## باب: صحرا میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی اجازت

26 - اَخْبَرَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِی وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا .

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کچرے کے ڈھیر پر تشریف لائے' تو وہاں آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

27 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَّنْصُورٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ اَنَّ حُذَيْفَةَ قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا .

☆☆ ابووائل بیان کرتے ہیں' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' نبی اکرم ﷺ کپڑے کے ڈھیر پر تشریف لائے' تو آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

28 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَنْبَاَنَا بَهْزٌ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ وَمَنْصُورٌ عَنْ اَبِی وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشٰى اِلٰى سُبَاطَةِ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا . قَالَ سُلَيْمَانُ فِی حَدِيثِهِ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ وَلَمْ يَذْكُرْ مَنْصُورٌ الْمَسْحَ .

---

24-احرجه البخارى في الوضوء، باب النهي عن الا ستنجاء باليمين (الحديث 153) مطولًا، و باب لا يمسك ذكره بيمينه اذا بال (الحديث 154)، و في الاشربة، باب النهي عن التنفس في الاناء (الحديث 5630) مطولاً . و اكرجه ملبسم فى الطهارة، باب النهي عن الاستنجاء باليمين (الحديث 63) مطولًا، (الحديث 64) و (الحديث 65) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب كراهية مس الذكر باليمين في الاستبراء (الحديث 31) مطولاً . و اخرجه الترمذى في الطهارة، باب ما جاء في كراهة الا ستنجاء باليمين (الحديث 15) . واخرجه النسائي في الطهارة، باب النهي عن مس الذكر باليمين عند الحاجة (الحديث 25) بنحوه، و النهي عن الاستنجاء بيا ليمين (الحديث 47 ,48) . واخرجه ابن ماجه ف؛ الطهارة، و سننها ، باب كراهة مس الذكر باليمين و الا ستنجاء باليمين (الحديث 310) بنحوه . والحديث عند: مسلم في الاشربة، باب كراهةص التنفس في نفس الاناء و استحباب التنفس ثلاثًا خارج الاناء (الحديث 121) . تحفة الاشراف (12105) .

25-تقدم في الطهارة، باب النهي عن مس الذكر باليمين عند الحاجة (الحديث 24) .

26-تقدم في الطهارة، الرخصة في ترك ذلك (الحديث 18) .

27-تقدم في الطهارة، الرخصة في ترك ذلك (الحديث 18) .

28-تقدم في الطهارة، الرخصة في ترك ذلك (الحديث 18) .

Marfat.com

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچرے کے ڈھیر کی طرف تشریف لے گئے' وہاں آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

سلیمان نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: پھر آپ نے اپنے موزوں پر مسح بھی کیا۔

منصور نامی راوی نے اپنی روایت میں مسح کرنے کا ذکر نہیں کیا۔

## 25 - باب الْبَوْلِ فِي الْبَيْتِ جَالِسًا .

### باب: گھر میں بیٹھ کر پیشاب کرنا

29 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَانَا شَرِيكٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَنْ حَدَّثَكُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ قَائِمًا فَلَا تُصَدِّقُوهُ مَا كَانَ يَبُوْلُ اِلَّا جَالِسًا .

(۲۹) سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ جو شخص تمہیں یہ بتائے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے' تو اس کی بات کو سچ نہ سمجھو' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ بیٹھ کر پیشاب کرتے تھے۔

### شرح

علامہ ابوالحسن سندھی نے اس روایت کے حاشیے میں یہ بات تحریر کی ہے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہی تھی کہ آپ عام طور پر بیٹھ کر ہی پیشاب کرتے تھے۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عام معمول نہیں تھا' اس حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی نفی نہیں کرے گا کیونکہ وہ صورتحال نادر طور پر پیش آئی تھی۔ آپ نے جو کھڑے ہو کر پیشاب کیا تھا وہ آپ کے عام معمول کے خلاف تھا اور کسی ضرورت کے پیش نظر تھا۔ یا پھر اس عمل کے جواز کو بیان کرنے کے لیے تھا۔[1]

## 26 - باب الْبَوْلِ اِلَى السُّتْرَةِ يَسْتَتِرُ بِهَا .

### باب: کسی چیز کی آڑ لے کر پیشاب کرنا

30 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ حَسَنَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي يَدِهٖ كَهَيْئَةِ الدَّرَقَةِ فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَلَسَ خَلْفَهَا فَبَالَ اِلَيْهَا

---

[1] ملخص: حاشیہ سندھی برروایت مذکورہ

29-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في النهي عن البول قائمًا (الحديث 12) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب في البول قاعدًا (الحديث 307) بنحوه . تحفة الاشراف (16147) .

30-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الاستبراء من البول (الحديث 22) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب التشديد في البول (الحديث 346) . تحفة الاشراف (9693) .

Marfat.com

فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ انْظُرُوْا يَبُوْلُ كَمَا تَبُوْلُ الْمَرْاَةُ فَسَمِعَهُ فَقَالَ "اَوَمَا عَلِمْتَ مَا اَصَابَ صَاحِبُ بَنِىْ اِسْرَآئِيْلَ كَانُوْا اِذَا اَصَابَهُمْ شَىْءٌ مِّنَ الْبَوْلِ قَرَضُوْهُ بِالْمَقَارِيْضِ فَنَهَاهُمْ صَاحِبُهُمْ فَعُذِّبَ فِىْ قَبْرِهٖ ۔"

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' آپ کے ہاتھ میں ڈھال جیسی کوئی چیز تھی' آپ نے اسے رکھا اور اس کی دوسری طرف بیٹھ گئے' کوئی شخص بولا: دیکھو! یہ یوں پیشاب کر رہے ہیں جیسے عورت پیشاب کرتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی یہ بات سن لی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تمہیں اس بات کا علم نہیں ہے' کہ بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے کتنی مشکل درپیش ہوئی تھی؟ جب ان کے کپڑوں پر کچھ پیشاب لگ جاتا تو وہ اُسے قینچی کے ذریعے کاٹ دیا کرتے' ایک مرتبہ کسی شخص کے دوست نے اُسے اس سے منع کیا' تو اسے قبر میں عذاب دیا گیا۔

## شرح

اس روایت کے حاشیہ میں علامہ سندھی نے یہ بات تحریر کی ہے۔ روایت کے الفاظ ''کوئی شخص بولا''

ایک قول کے مطابق یہ الفاظ کہنے والے شخص منافق ہو' جس نے ایک درست کام سے روکنے کی کوشش کی جس طرح بنی اسرائیل کے ساتھی نے انہیں درست کام کرنے سے روکا تھا۔ تو جب اس شخص نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے) حیاء کرنے کی وجہ سے آپ کو عار دلائی' تو آپ نے اسے توبیخ وتہدید کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ شخص جہنمی ہے۔

(علامہ سندھی فرماتے ہیں) میں یہ کہتا ہوں' روایات کا جائزہ لینے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے۔ وہ شخص مومن تھا' لیکن جب اس نے زمانہ جاہلیت میں لوگوں کے عام معمول سے ہٹ کر پیشاب کرتے ہوئے دیکھا تو حیرانگی کے اظہار کے طور پر یہ الفاظ کہے' کیونکہ لوگ اس وقت زمانہ جاہلیت کے قریب تھے۔

اس روایت کے الفاظ ''جیسے عورت پیشاب کرتی ہے'' کی تشریح کرتے ہوئے علامہ سیوطی فرماتے ہیں:

شیخ ولی الدین عراقی فرماتے ہیں: یہاں عورت کے ساتھ تشبیہ بیٹھنے میں دی گئی ہے یا پردہ کرنے میں' یا پھر دونوں میں احتمال ہوسکتا ہے؟ امام نووی نے پہلا مفہوم مراد لیا ہے۔[1]

## 27 - باب التَّنَزُّهِ عَنِ الْبَوْلِ ۔

### باب: پیشاب سے بچنا

31 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ وَكِيْعٍ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُحَدِّثُ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ

[1] حاشیہ سیوطی وسندھی برروایت مذکورہ

31-اخرجه البكارى في الوضوء، باب ما جاء في، غسل البول (الحديث 218) و في الجنائز، باب الجريدة على القبر (الحديث 1361) و باب عذاب القبر من الغيبة و البول (الحديث 1378) و في الادب، باب الغيبة (الحديث 6052) . و اخرجه مسلم ف؛ الطهارة، باب الدليل على نجاسة البول و وجوب الا ستبراء من ه (الحديث 111) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الاستبراء من البول (الحديث 20) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في التشديد في البول (الحديث 70) . و اخرجه النسائي في الجنائز، و ضع الجريدة على القبر (الحديث 2068, 20467) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب في التشديد في البول (الحديث 347) . تحفة الاشراف (5747) .

Marfat.com

عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرَيْنِ فَقَالَ "اِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ اَمَّا هٰذَا فَكَانَ لَا يَسْتَنْزِهُ مِنْ بَوْلِهٖ وَاَمَّا هٰذَا فَاِنَّهٗ كَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ." ثُمَّ دَعَا بِعَسِيْبٍ رَطْبٍ فَشَقَّهٗ بِاثْنَيْنِ فَغَرَسَ عَلٰى هٰذَا وَاحِدًا وَّعَلٰى هٰذَا وَاحِدًا ثُمَّ قَالَ "لَعَلَّهٗ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا."

خَالَفَهٗ مَنْصُوْرٌ رَوَاهُ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّلَمْ يَذْكُرْ طَاوُسًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے' آپ نے ارشاد فرمایا: ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور ان دونوں کو (بظاہر) کسی بڑے گناہ کی وجہ سے عذاب نہیں ہو رہا' جہاں تک اس دوسرے شخص کا تعلق ہے' تو یہ پیشاب سے نہیں بچتا تھا' جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' تو یہ چغلی کیا کرتا تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تر شاخ منگوائی اور اس کے دو حصے کیے' ایک حصہ ایک کی قبر پر گاڑ دیا اور دوسرا حصہ دوسرے کی قبر پر گاڑ دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے ایسا اس لیے کیا ہے تاکہ جب تک یہ خشک نہ ہو جائیں' تو اس وقت تک ان کے عذاب میں تخفیف ہو جائے۔

منصور نامی راوی نے اس کو اپنی سند کے ساتھ نقل کرنے میں کچھ اختلاف کیا ہے اور انہوں نے اس کی سند میں طاؤس کا ذکر نہیں کیا۔

## شرح

## دوسری فصل: نجس چیزوں کا بیان

### نجاست کی اقسام

مسئلہ: نجس چیزیں دو طرح کی ہیں:

غلیظ نجاست: نجاست کی اس قسم کی ایک درہم (جو پہلے زمانے میں سکے کی شکل میں ہوتا تھا) کے برابر مقدار معاف ہے۔

مسئلہ: درہم میں کس بات کا اعتبار کیا جائے گا؟ اس بارے میں مختلف اقوال ہیں' اگر نجاست جسم دار ہے' تو اس میں وزن کا اعتبار کیا جائے گا جو ایک مثقال کے برابر ہوگا اور اگر نجاست جسم دار نہ ہو' تو اس میں ماپ کا اعتبار کیا جائے جو اتنی ہونی چاہیے جو ہتھیلی کی چوڑائی کے برابر ہوتی ہے۔

مسئلہ: ایک مثقال کا وزن دس قیراط ہوتا ہے۔

مسئلہ: شمس الائمہ اس بات کے قائل ہیں کہ ہر زمانے کے درہم کا اعتبار کیا جائے گا' تاہم پہلا قول صحیح ہے۔

(سراج الوہاج بحوالہ ایضاح)

مسئلہ: انسانی جسم سے نکلنے والی ہر ایسی چیز جس کے خروج کی وجہ سے وضو یا غسل واجب ہو جاتا ہے' وہ غلیظ نجاست شمار ہوگی' اس میں پاخانہ' پیشاب' منی' مذی' ودی' پیپ' قے یعنی ایسی قے جو منہ بھر کر آتی ہے' یہ سب شامل ہوں گے۔ (بحر الرائق)

Marfat.com

مسئلہ: حیض' نفاس' استحاضہ کے خون کا بھی یہی حکم ہوگا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: بچے اور بچی کے پیشاب کا بھی یہی حکم ہوگا' خواہ وہ کھانا کھاتے ہوں یا صرف دودھ پیتے ہوں۔ (اختیار شرح مختار)

مسئلہ: شراب' بہتے ہوئے خون' مردار' جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا' ان کے پیشاب' لید' بیل کے گوبر وغیرہ کا بھی یہی حکم ہوگا' یہ سب غلیظ نجاست شمار ہوں گے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: تمام درندوں' بلی' چوہے اور گوہ کا بھی یہی حکم ہوگا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: نجاست کی دوسری قسم خفیف نجاست ہے' اگر یہ چوتھائی کپڑے سے کم حصے پر لگی ہوئی ہو' تو معاف ہوگی' اکثر متون میں یہی بات تحریر ہے۔

مسئلہ: چوتھائی کپڑا کس حساب سے شمار ہوگا؟ اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ اس طرف کا اعتبار کیا جائے گا جس طرف نجاست لگی ہے' جیسے دامن' آستین' کلی۔ یہ حکم اس وقت ہے جب کپڑے پر نجاست لگی ہوئی ہو' لیکن اگر نجاست جسم پر لگی ہوئی ہو' تو عضو کے چوتھائی حصے کا اعتبار کیا جائے گا' جس عضو پر وہ نجاست لگی ہے جیسے ہاتھ' پاؤں۔ (تحفہ' محیط' بدائع' مجتبیٰ' سراج الوہاج میں اسی قول کو صحیح قرار دیا گیا ہے' جبکہ بحرالرائق میں یہ بات مذکور ہے' فتویٰ اسی بات پر ہے۔

مسئلہ: گھوڑے اور دیگر حلال جانوروں کا پیشاب اور جو پرندے جانوروں کا گوشت نہیں کھاتے ہیں' ان کی بیٹ یہ خفیف نجاست شمار ہوں گے۔ (کنز)

مسئلہ: نجاست کے خفیف ہونے کا حکم کپڑے پر جاری ہوگا' پانی میں جاری نہیں ہوگا۔ (کافی)

مسئلہ: شہید کا خون جب تک اس کے جسم پر لگا ہوا ہے' اس وقت تک پاک شمار ہوگا' جب اس کے جسم سے الگ ہو جائے گا تو نجس شمار ہوگا۔

مسئلہ: سوئی کے سرے کے برابر پیشاب کی چھینٹیں ضرورت کے تحت معاف ہیں' خواہ تمام کپڑے پر لگ جائیں۔ (تبیین)

مسئلہ: یہ حکم اس وقت ہے جب وہ چھینٹیں اُڑ کر کپڑے یا جسم پر گرتی ہیں' لیکن اگر وہ پانی میں گرتی ہیں' تو پانی ناپاک ہو جائے گا اور اس میں کچھ بھی معاف نہیں ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ جسم اور کپڑے کے مقابلے میں پانی کی تاکید زیادہ ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: سوتے ہوئے آدمی کی رال پاک ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فتویٰ اسی بات پر ہے' جبکہ مُردے کے لعاب کو بعض حضرات نے نجس قرار دیا ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: جن پرندوں کو کھایا جاتا ہے' ان کی بیٹ ہمارے نزدیک پاک ہے' جیسے کبوتر' چڑیا وغیرہ۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: صحیح قول کے مطابق گدھی کا دودھ پاک ہے' لیکن اسے کھانے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ (نہایہ' خلاصہ)

Marfat.com

مسئلہ: جانور کو ذبح کرنے کے بعد جو خون اس کی رگوں میں باقی رہ جاتا ہے اگر وہ بہت سخت کپڑے پر لگ جائے تو بھی کپڑا خراب نہیں ہوتا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: گوشت میں باقی رہ جانے والے خون کا بھی یہی حکم ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ خون جاری نہیں ہوتا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر جاری خون گوشت میں لگ جاتا ہے تو وہ ناپاک ہوگا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: جگر اور تلی کا خون نجس نہیں ہوتا۔ (خزانۃ الفتاویٰ)

مسئلہ: مچھر، پسو، جوں کا خون پاک ہے اگرچہ زیادہ ہو۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: مچھلی اور پانی میں رہنے والے جانوروں کا خون امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کپڑے کو ناپاک نہیں کرتا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: پاک پانی میں نجس مٹی ملادی جائے یا نجس پانی میں پاک مٹی ملادی جائے تو اس کا ملغوبہ نجس ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی کتا کسی شخص کے کسی عضو یا کپڑے کو پکڑ لیتا تو جب تک اس پر کتے کے لعاب کی تری ظاہر نہیں ہوتی اس وقت تک وہ نجس شمار نہیں ہوگا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: چیتے، شیر اور ہاتھی کا لعاب نجس ہے اگر اس کی سونڈ سے کسی کپڑے پر لعاب گر جاتا ہے تو وہ کپڑا ناپاک ہو جائے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: جب کسی ایک ہی چیز پر خفیف اور غلیظ دونوں طرح کی نجاستیں لگ جاتی ہیں تو خفیف نجاست غلیظ کے تابع ہو جائے گی۔ (ظہیریہ)

## 28 - باب الْبَوْلِ فِي الْإِنَاءِ .

### باب: پیشاب کے مخصوص برتن میں پیشاب کرنا

32 - اَخْبَرَنَا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَتْنِي حُكَيْمَةُ بِنْتُ اُمَيْمَةَ عَنْ اُمِّهَا اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَحٌ مِنْ عَيْدَانٍ يَبُولُ فِيهِ وَيَضَعُهُ تَحْتَ السَّرِيرِ .

☆☆ حکیمہ بنت اُمیمہ اپنی والدہ سیّدہ اُمیمہ بنت رقیقہ کا یہ بیان نقل کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لکڑی کا بنا ہوا مخصوص برتن تھا جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کیا کرتے تھے' آپ اسے اپنی چارپائی کے نیچے رکھ دیا کرتے تھے۔

## 29 - باب الْبَوْلِ فِي الطَّسْتِ .

### طشت میں پیشاب کرنا

32-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في الرجل يبول بالليل في الاناء ثم يضعه عنده (الحديث 24) . تحفة الاشراف (15782) .

Marfat.com

33 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَانَا اَزْهَرُ اَنْبَانَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ يَقُولُونَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى اِلٰى عَلِيٍّ لَقَدْ دَعَا بِالطَّسْتِ لِيَبُوْلَ فِيهَا فَانْخَنَثَتْ نَفْسُهُ وَمَا اَشْعُرُ فَاِلٰى مَنْ اَوْصٰى قَالَ الشَّيْخُ اَزْهَرُ هُوَ ابْنُ سَعْدٍ السَّمَّانُ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، کہ لوگ یہ کہتے ہیں، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں وصیت کی تھی، حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو طشت منگوایا تھا تا کہ آپ اس میں پیشاب کر دیں، اس کے بعد مجھے پتہ بھی نہیں چلا اور آپ کا وصال ہو گیا، پھر آپ نے وصیت کس وقت کی تھی؟

شیخ فرماتے ہیں: ازہر نامی راوی ازہر بن سعد سمان ہے۔

## 30 - باب كَرَاهِيَةِ الْبَوْلِ فِي الْجُحْرِ ۔

### باب: بل میں پیشاب کرنے کی کراہت

34 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ اَنْبَانَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي جُحْرٍ ۔" قَالُوْا لِقَتَادَةَ وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الْبَوْلِ فِي الْجُحْرِ قَالَ يُقَالُ اِنَّهَا مَسَاكِنُ الْجِنِّ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی شخص کسی جانور کے بل میں ہرگز پیشاب نہ کرے۔

لوگوں نے حدیث کے راوی قتادہ سے دریافت کیا: بل میں پیشاب کرنے کو مکروہ کیوں قرار دیا گیا ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ بات کہی گئی ہے، کہ یہ جنوں کے رہنے کی جگہ ہے۔

## 31 - باب النَّهْيِ عَنِ الْبَوْلِ فِي الْمَآءِ الرَّاكِدِ ۔

### باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت

35 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنِ الْبَوْلِ فِي الْمَآءِ الرَّاكِدِ ۔

33-اخرجه البخاري في الشروط، باب الوصايا (الحديث 2741) و في المغازي، باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ، و وفاته (الحديث 4459) . و اخرجه مسلم في الوصية، باب ترك الوصية لمن ليس له شي، يوصي فيه (الحديث 19) . واخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في وفاة رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 369) . و اخرجه النسائي في الوصايا، هل اوصى النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3624) . و اخرجه ابن ماجه في الجنائز، باب ما جاء في ذكر مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 1626) بنحوه . والحديث عند: النسائي في الوصايا، هل النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3625) . تحفة الاشراف (15970) .

34-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب النهي عن البول في الجحر (الحديث 29) . تحفة الأشراف (5322) .

35-اخرجه مسلم في الطهارة، باب النهي عن البول في الماء الراكد (الحديث 94) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب النهي عن البول في الماء الراكد (الحديث 343) . تحفة الاشراف (2911) .

Marfat.com

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے۔

## شرح

پیشاب کرنے کے آداب میں یہ بات بھی شامل ہے کہ انسان ٹھہرے ہوئے پانی' بہنے والے تھوڑے پانی' زیادہ پانی میں پیشاب نہ کرے' جیسا کہ اس حدیث میں یہ بات مذکور ہے جو بخاری و مسلم میں منقول ہے۔اس طرح قبروں کے احترام کے پیش نظر قبرستان میں پیشاب نہ کرے۔راستے میں' جہاں بیٹھ کر لوگ بات چیت کرتے ہوں۔اس جگہ بھی پیشاب نہ کیا جائے۔

اسی طرح پھل دار درخت کے نیچے بھی پیشاب نہ کیا جائے کیونکہ اس بات کا اندیشہ موجود ہوگا کہ کوئی پھل اس پیشاب پر آ گرے۔

احناف کے نزدیک تھوڑے پانی میں پیشاب کرنا حرام ہے جبکہ زیادہ پانی میں پیشاب کرنا مکروہ تحریمی ہے' جبکہ بہتے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔[1]

## 32 - باب كَرَاهِيَةِ الْبَوْلِ فِي الْمُسْتَحَمِّ .

### باب: غسل خانے میں پیشاب کرنے کی کراہت

36 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي مُسْتَحَمِّهٖ فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی بھی شخص اپنے غسل کی جگہ پر ہرگز پیشاب نہ کرے' کیونکہ عام طور پر اس کے نتیجے میں وسوسے پیدا ہوتے ہیں۔

## 33 - باب السَّلَامِ عَلٰى مَنْ يَّبُوْلُ .

### باب: جو شخص پیشاب کرنے والے کو سلام کرے

37 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ وَقَبِيْصَةُ قَالَا اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ

---

[1] ملخص: الفقہ الاسلامی وادلتہ' الباب الاول الطہارات' الفصل الثالث: الاستنجاء

36-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب البول في المستحم (الحديث 27) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في كراهية البول في المغتسل (الحديث 21) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب كراهية البول في المغتسل (الحديث 304) . تحفة الاشراف (9648) .

37-اخرجه مسلم في الحيض، باب التيمم (الحديث 115) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب ايرد السلام و هو يبول (الحديث 16) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب في كراهة رد السلام غير متوضيء (الحديث 901)، و في الاستئذان، باب ما جاء في كراهية التسليم على من يبول (الحديث 2720) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الرجل يسلم عليه و هو يبول (الحديث 353) . تحفة الاشراف (76906) .

Marfat.com

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پیشاب کر رہے تھے' اس شخص نے آپ کو سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

## 34 - باب رَدِّ السَّلَامِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ ۔

### باب: وضو کرنے کے بعد سلام کا جواب دینا

38 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حُضَيْنٍ اَبِيْ سَاسَانَ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ اَنَّهُ سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ حَتّٰى تَوَضَّاَ فَلَمَّا تَوَضَّاَ رَدَّ عَلَيْهِ ۔

☆☆ حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پیشاب کر رہے تھے' تو آپ نے انہیں سلام کا جواب نہیں دیا' پھر آپ نے وضو کیا جب آپ نے وضو کر لیا تو پھر ان کے سلام کا جواب دیا۔

## 35 - باب النَّهْيِ عَنِ الْاِسْتِطَابَةِ بِالْعَظْمِ ۔

### ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت

39 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ بْنِ سَنَّةَ الْخُزَاعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّسْتَطِيْبَ اَحَدُكُمْ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ کوئی شخص ہڈی یا مینگنی کے ذریعے استنجاء کرے۔

### شرح

علامہ عینی فرماتے ہیں: ہڈی اور مینگنی کے ذریعے استنجاء کی ممانعت کا تعلق ہے' تو اس بارے میں علماء میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ ثوری' شافعی' احمد' اسحاق اور اہل ظاہر اس بات کے قائل ہیں۔ ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنا جائز نہیں ہے۔ ان حضرات نے اس بارے میں حدیث کے ظاہر کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے' ابن قدامہ نے کتاب "المغنی" میں یہ بات تحریر کی ہے' مکڑی اور

38-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب ايرد السلام و هو يبول (الحديث 17) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل يسلم عليه و هو يبول (الحديث 350) مطولاً . تحفة الاشراف (11580) .

39-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (9635) .

Marfat.com

بیّاں (کپڑے کے چھوٹے ٹکڑے) اور ہر وہ چیز جس کے ذریعے صفائی حاصل کی جاسکتی ہے جیسے پتھر وغیرہ (ان کے ساتھ استنجاء کیا جاسکتا ہے) البتہ مینگنی' ہڈی اور اناج کے ساتھ نہیں کیا جاسکتا۔ خواہ وہ اناج عام خوراک میں شامل ہو یا نہ ہو' اس کے ساتھ استنجاء کرنا جائز نہیں ہے۔ مینگنی یا ہڈی کے ساتھ استنجاء کرنا جائز نہیں ہے خواہ وہ پاک ہوں یا پاک نہ ہوں' ثوری' شافعی' اسحاق نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔[1]

## 36 - باب النَّهْيِ عَنِ الْاِسْتِطَابَةِ بِالرَّوْثِ

## باب: مینگنی کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت

40 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى - يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ - عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ قَالَ اَخْبَرَنِي الْقَعْقَاعُ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّمَا اَنَا لَكُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ اُعَلِّمُكُمْ اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْخَلَاءِ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا وَلَا يَسْتَنْجِ بِيَمِينِهٖ" وَكَانَ يَاْمُرُ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ وَّنَهٰى عَنِ الرَّوْثِ وَالرِّمَّةِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میں تمہارے لیے باپ کی طرح ہوں' میں تمہاری تعلیم وتربیت کرتا ہوں' جب کوئی شخص بیت الخلاء میں جائے' تو وہ قبلہ کی طرف رخ یا پیٹھ نہ کرے' اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء نہ کرے۔

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو تین پتھروں کے ذریعے استنجاء کرنے کی ہدایت کرتے تھے' آپ انہیں مینگنی یا ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنے سے منع کرتے تھے۔

## 37 - باب النَّهْيِ عَنِ الْاِكْتِفَاءِ فِي الْاِسْتِطَابَةِ بِاَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ

## باب: طہارت حاصل کرتے ہوئے تین پتھروں سے کم پر اکتفاء کرنے کی ممانعت

41 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِنَّ صَاحِبَكُمْ لَيُعَلِّمُكُمْ حَتَّى الْخِرَاءَةَ . قَالَ اَجَلْ نَهَانَا اَنْ نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ اَوْ نَسْتَنْجِيَ بِاَيْمَانِنَا اَوْ نَكْتَفِيَ بِاَقَلَّ مِنْ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ .

---

[1] عمدۃ القاری' کتاب الوضوء' باب: لا یستنجی بروث

40-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب اكراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة (الحديث 8) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الا ستنجاء بالحجارة و النهي عن الروث و الرمة (الحديث 313) مطولاً . و الحديث عند: ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب كراهة مس الذكر باليمين و الا ستنجاء باليمين (الحديث 312) . تحفة الاشراف (12859) .

41-اخرجه مسلم في الطهارة، باب الا ستطابة (الحديث 57) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة (الحديث 7) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب الستنجاء بالحجارة (الحديث 16) مطولاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، النهي عن الاستنجاء باليمين (الحديث 49) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الاستنجاء بالحجارة و النهي عن الروث و الرمة (الحديث 316) مطولاً . تحفة الاشراف (4505) .

Marfat.com

☆☆ عبدالرحمٰن بن یزید' حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے ان سے کہا: آپ کے آقا نے آپ کو ہر چیز کی تعلیم دی ہے یہاں تک کہ قضائے حاجت کا طریقہ بھی بتایا ہے' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے' کہ ہم پاخانہ یا پیشاب کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رخ کریں' یا ہم اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کریں' یا ہم تین پتھروں سے کم پر اکتفاء کریں (ان سب چیزوں سے منع کیا ہے)۔

## شرح

استنجاء کے حکم کے حوالے سے احناف کی یہ رائے ہے: عام عادت کے اعتبار سے جب تک نجاست اپنے مخرج سے تجاوز نہ کرے' اس وقت تک استنجاء کرنا سنت مؤکدہ ہے' یہ حکم مردوں اور خواتین دونوں کے لیے ہے۔

اس کی دلیل احناف نے یہ پیش کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''(استنجاء کرنے کے لیے) جو شخص پتھر استعمال کرے وہ طاق تعداد میں انہیں استعمال کرے' جو ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو نہیں کرتا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ (ابوداؤد' ابن ماجہ' مسند احمد' سنن بیہقی' ابن حبان)

لیکن اگر نجاست اپنے مخرج سے تجاوز کر جاتی ہے' تو اگر تجاوز کرنے والی نجاست کی مقدار ایک درہم جتنی ہو' تو اسے پانی کے ذریعے صاف کرنا واجب ہو جائے گا۔

دیگر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ''سبیلین'' سے عام عادت کے مطابق خارج ہونے والی ہر چیز کے لیے استنجاء کرنا یا پتھر کے ذریعے انہیں صاف کرنا واجب ہے۔ عام عادت کے مطابق خارج ہونے والی چیزوں میں پیشاب' پاخانہ' مذی وغیرہ شامل ہیں۔

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے' ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اور ناپاکی سے لاتعلق رہو''۔

یہاں ''امر'' کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔

اس حکم میں عمومی مفہوم پایا جاتا ہے' اور یہ ہر جگہ اور محل کو عام ہوگا' خواہ اس کا تعلق لباس کے ساتھ ہو یا جسم کے ساتھ ہو۔

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل بھی پیش کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی بھی شخص تین پتھروں سے کم کے ذریعے استنجاء نہ کرے''۔

حدیث کے یہ الفاظ امام مسلم نے نقل کیے ہیں۔

### امام ابوجعفر طحاوی کی تحقیق:

اس موضوع سے متعلق امام ابوجعفر طحاوی نے بعض روایات نقل کی ہیں' انہیں نقل کرنے کے بعد امام طحاوی یہ تحریر فرماتے ہیں:

Marfat.com

''کچھ حضرات نے اس رائے کو اختیار کیا ہے: استنجاء کرتے وقت تین سے کم پتھر استعمال کرنا جائز نہیں ہیں اور اُنہوں نے دلیل کے طور پر وہ روایات نقل کی ہیں' جنہیں ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں۔

بعض دیگر حضرات نے اس کے برعکس رائے پیش کی ہیں' وہ یہ کہتے ہیں: جب انسان (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے تو اتنے استعمال کرنے چاہئیں جس کے ذریعے گندگی صاف ہو جائے' خواہ وہ تین ہوں' یا اس سے زیادہ ہوں یا اس سے کم ہوں' طاق تعداد میں ہو یا طاق تعداد میں نہ ہو' تو وہ شخص پاک ہو جاتا ہے۔

ان حضرات نے اس بارے میں یہ دلیل پیش کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہاں طاقت تعداد میں (پتھر لانے کا) جو حکم دیا ہے' اُس میں اِس بات کا احتمال پایا جاتا ہے' طاق تعداد استعمال کرنا استحباب کے طور پر ہو' ایسا نہ ہو کہ جو شخص طاق تعداد میں انہیں استعمال نہ کرے' وہ پاک ہی نہ ہو' اور اس میں اس بات کا بھی احتمال پایا جاتا ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ تعداد اس حوالے سے متعین کی ہو' جو شخص طاق تعداد میں انہیں استعمال نہ کرے' وہ (شرعی طور پر) پاک شمار نہ ہو۔

تو اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے: کیا ہمیں اس حوالے سے کوئی ایسی روایت ملتی ہے؟ جو اس بارے میں ہماری رہنمائی کر سکے!

اس حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص سرمہ لگائے وہ طاق تعداد میں لگائے' جو ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو ایسا نہیں کرتا تو اس میں (شرعی اعتبار سے) کوئی حرج نہیں ہے' اور جو شخص (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے' وہ طاق تعداد میں کرے' جو ایسا کرے گا اس نے اچھا کیا (اور جس نے ایسا نہ کیا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں) اور جو شخص کسی (تیلی) وغیرہ کے ذریعے دانتوں کا خلال کرے' اُسے (خلال کے نتیجے میں نکلنے والی چیز کو پھینک دینا چاہیے) اور جو شخص زبان کے ذریعے مَل کر (دانتوں میں سے کوئی چیز نکال دے) اُسے وہ نگل لینی چاہیے' جو شخص ایسا کرے گا تو اس نے اچھا کیا اور جو نہیں کرے گا تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے' جو شخص قضائے حاجت کرنے کے لیے آئے' اُسے پردہ کر لینا چاہیے' یہاں تک کہ پردہ کرنے کے لیے اُسے ٹیلہ ملے تو اسے ہی اکٹھا کر کے اس کے ذریعے پردہ کرے' کیونکہ شیطان آدم کی شرمگاہوں کی کھیلتا ہے''۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے' یہی روایت ایک اور سند کے ساتھ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں:

''جو شخص (استنجاء کرتے ہوئے) پتھر استعمال کرے تو وہ طاق تعداد میں استعمال کرے' اگر وہ ایسا کرتا ہے' تو اچھا کرتا ہے' اگر وہ ایسا نہیں بھی کرتا تو کوئی حرج بھی نہیں ہے''۔

(امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے) اس سے یہ ثابت ہوتا ہے' نبی اکرم ﷺ نے سابقہ ذکر شدہ آثار میں طاق تعداد میں پتھر استعمال کرنے کا جو حکم دیا ہے' وہ طاق تعداد کے استحباب کے طور پر ہے' یہ لازم نہیں ہے' اس کے بغیر استنجاء کرنا جائز

Marfat.com

ہی نہیں ہے۔

اس کے بعد امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بیان کی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت نقل کی گئی ہے' جو اس مفہوم کی وضاحت کرتی ہے۔

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے تین پتھر لا دو۔ (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) میں نے انہیں تلاش کیا تو مجھے دو پتھر اور ایک مینگنی ملی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مینگنی کو پھینک دیا اور پتھر لے لیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (مینگنی) ناپاک ہوتی ہیں''۔

اس کے بعد ابوجعفر طحاوی نے اسی روایت کی ایک اور سند نقل کی ہے' پھر انہوں نے یہ بات بیان کی ہے' اس حدیث سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے ایک ایسے مقام پر موجود تھے جہاں پتھر نہیں تھے' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عبداللہ کو یہ کہنا: مجھے تین پتھر لا دو' یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے' وہاں ایسی صورتِ حال تھی' کیونکہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آس پاس پتھر موجود ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوسرے کو کہنے کی ضرورت نہیں تھی' وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتھر لا کر دے۔

پھر جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو پتھر اور ایک مینگنی لے کر حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مینگنی کو ایک طرف کر دیا اور دو پتھر لے لیے۔

یہ بھی اس بات پر دلالت کرتا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت دو پتھر استعمال کیے ہوں گے۔

اور یہ اس بات پر بھی دلالت کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ان دونوں پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا اسی طرح جائز ہے' جس طرح تین پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا جائز ہے۔

کیونکہ اگر تین سے کم پتھروں کے ذریعے طہارت حاصل کرنا جائز نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو پتھروں پر اکتفاء نہ کرتے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیتے' وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تیسرا پتھر تلاش کر کے لائیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس عمل کو ترک کرنا اس بات کی دلیل ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف دو پتھروں پر اکتفاء کیا۔

•••——•••——•••

## 38 - باب الرُّخْصَةِ فِي الْاِسْتِطَابَةِ بِحَجَرَيْنِ .

## باب: دو پتھروں کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرنے کی اجازت

42 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ زُهَيْرٍ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ لَيْسَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ ذَكَرَهُ وَلٰكِنْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ يَقُوْلُ اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَائِطَ

42-اخرجه البخاري في الوضوء، باب لا يستنجى بروث (الحديث 156) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الاستنجاء بالحجارة و النهي عن الروث والرمة (الحديث 314) . تحفة الاشراف (9170) .

Marfat.com

وَاَمَرَنِيْ اَنْ اٰتِيَهُ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَوَجَدْتُ حَجَرَيْنِ وَالْتَمَسْتُ الثَّالِثَ فَلَمْ اَجِدْهُ فَاَخَذْتُ رَوْثَةً فَاَتَيْتُ بِهِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ الْحَجَرَيْنِ وَاَلْقَى الرَّوْثَةَ وَقَالَ "هٰذِهِ رِكْسٌ".

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرِّكْسُ طَعَامُ الْجِنِّ.

☆☆ عبدالرحمٰن بن اسد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' آپ نے مجھے یہ ہدایت کی کہ میں آپ کو تین پتھر لا کر دوں' مجھے دو پتھر ملے' لیکن میں نے جب تیسرا پتھر تلاش کیا' تو وہ مجھے نہیں ملا۔ تو میں نے ایک مینگنی لی اور انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پتھر لے لیے اور مینگنی کو پھینک دیا اور فرمایا: یہ ناپاک ہے۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مینگنی جنات کی خوراک ہے۔

## 39 - باب الرُّخْصَةِ فِي الْاِسْتِطَابَةِ بِحَجَرٍ وَّاحِدٍ.

## باب: ایک پتھر کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرنے کی اجازت

43 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يِسَافٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَاَوْتِرْ".

☆☆ سلمہ بن قیس' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' کہ جب تم نے استنجاء کرنا ہو' تو طاق پتھر کے ذریعے کرو۔

## 40 - باب الْاِجْتِزَاءِ فِي الْاِسْتِطَابَةِ بِالْحِجَارَةِ دُوْنَ غَيْرِهَا.

## باب: پاکیزگی حاصل کرتے ہوئے کسی اور چیز کی بجائے پتھر پر اکتفاء کرنا

44 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ قُرْطٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْغَائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهُ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَلْيَسْتَطِبْ بِهَا فَاِنَّهَا تَجْزِيْ عَنْهُ".

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص پاخانہ کرنے کے لیے جائے' تو وہ اپنے ساتھ تین پتھر لے' اور ان کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرے تو یہ چیز اس کے لیے کافی ہوگی۔

## 41 - باب الْاِسْتِنْجَاءِ بِالْمَاءِ.

## باب: پانی کے ذریعے استنجاء کرنا

---

43-اخرجه الترمذي في المضمضة والا ستنشاق (الحديث 27) . واخرجه النسائي في الطهارة، الامر بالاستنثار (الحديث 89) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب المبالغة في الاستنشاق و الاستنثار (الحديث 406) . تحفة الاشراف (4556) .

44-اخرجه ابو داؤد في الطهارة ، باب الإستنجاء بالحجارة (الحديث 40) . تحفة الاشراف (15757) .

Marfat.com

45 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَانَا النَّضْرُ قَالَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ اَحْمِلُ اَنَا وَغُلَامٌ مَعِيَ نَحْوِي اِدَاوَةً مِّنْ مَّاءٍ فَيَسْتَنْجِي بِالْمَاءِ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں تشریف لے جاتے تھے' تو میں (پانی اُٹھا کر) ساتھ جاتا تھا' میرے ساتھ ایک لڑکا بھی ہوتا تھا' ہمارے پاس پانی کا برتن ہوتا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانی کے ذریعے استنجاء کیا کرتے تھے۔

46 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُّعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ مُرْنَ اَزْوَاجَكُنَّ اَنْ يَّسْتَطِيبُوا بِالْمَآءِ فَاِنِّي اَسْتَحْيِيهِمْ مِنْهُ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ .

(۴۶) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے خواتین سے کہا: تم لوگ اپنے شوہروں کو یہ کہو کہ وہ پانی کے ذریعے استنجاء کیا کریں کیونکہ مجھے ان سے شرم آتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے تھے۔

## 42 - باب النَّهْيِ عَنْ الْاِسْتِنْجَاءِ بِالْيَمِيْنِ .

## باب: دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کرنے کی ممانعت

47 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ اَنْبَانَا هِشَامٌ عَنْ يَّحْيَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَلَايَتَنَفَّسْ فِي اِنَائِهِ وَاِذَا اَتَى الْخَلَاءَ فَلَايَمَسَّ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ وَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِيْنِهِ ."

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص کچھ پیئے' تو وہ برتن میں سانس نہ لے اور جب کوئی شخص قضائے حاجت کے لیے جائے' تو وہ اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنی شرم گاہ کو نہ چھوئے اور دائیں ہاتھ کے ذریعے اُسے صاف نہ کرے۔

48 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنِ ابْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ وَاَنْ يَّمَسَّ ذَكَرَهُ بِيَمِيْنِهِ وَاَنْ يَّسْتَطِيبَ بِيَمِيْنِهِ .

45-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الاستنجاء بالماء (الحديث 150)، و باب من حمل معه الماء لطهوره (الحديث 151) مختصرًا، و باب حمل العنزة مع الماء في الاستنجاء (الحديث 152)، و باب ما جاء في غسل البول (الحديث 217) بنحوه، و في الصلاة، باب الصلاة الى العنزة (الحديث 500) بنحوه . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب الاستنجاء بالماء من التبرز (الحديث 69 و 70) و (الحديث 71) بنحوه . و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب في الاستنجاء بالماء (الحديث 43) . تحفة الاشراف (1094) .

46-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الاستنجاء بالماء (الحديث 19) . تحفة الاشراف (17970) .

47-تقديم في الطهارة، باب النهي عن مس الذكر باليمين عند الحاجة (الحديث 24) .

48-تقديم في الطهارة، باب النهي عن مس الذكر باليمين عند الحاجة (الحديث 24) . والنهي عن الاستنجاء باليمين (الحديث 47) .

Marfat.com

☆☆ ابوقتادہ کے صاحب زادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ آدمی کچھ پیتے ہوئے برتن میں سانس لے یا دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنی شرم گاہ کو چھوئے یا دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کرے۔

49 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّشُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ وَاللَّفْظُ لَهٗ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ وَّالاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّا لَنَرٰى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمُ الْخِرَائَةَ . قَالَ اَجَلْ نَهَانَا اَنْ يَّسْتَنْجِيَ اَحَدُنَا بِيَمِيْنِهٖ وَيَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ وَقَالَ "لَا يَسْتَنْجِي اَحَدُكُمْ بِدُوْنِ ثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ ."

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ کچھ مشرکین نے ان سے کہا کہ ہم نے یہ بات دیکھی ہے کہ آپ کے آقا نے آپ کو استنجاء کرنے کی بھی تعلیم دی ہے تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسا ہی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے کہ کوئی شخص دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجاء کرے یا قبلہ کی طرف رخ کر کے استنجاء کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ کوئی بھی شخص تین پتھروں سے کم سے استنجاء نہ کرے۔

## 43 - باب دَلْكِ الْيَدِ بِالْاَرْضِ بَعْدَ الْاِسْتِنْجَاءِ .

### باب: استنجاء کرنے کے بعد زمین پر ہاتھ ملنا

50 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَلَمَّا اسْتَنْجٰى دَلَكَ يَدَهٗ بِالْاَرْضِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا (وضو سے پہلے) جب آپ نے استنجاء کیا تو آپ نے اپنا ہاتھ زمین پر رگڑا۔

51 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ - يَعْنِي ابْنَ حَرْبٍ - قَالَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى الْخَلَاءَ فَقَضَى الْحَاجَةَ ثُمَّ قَالَ "يَا جَرِيْرُ هَاتِ طَهُوْرًا ." فَاَتَيْتُهٗ بِالْمَآءِ فَاسْتَنْجٰى بِالْمَآءِ وَقَالَ بِيَدِهٖ فَدَلَكَ بِهَا الْاَرْضَ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا اَشْبَهُ بِالصَّوَابِ مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ وَّاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ .

☆☆ ابراہیم بن جریر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' آپ نے اپنی حاجت کو پورا کیا اور پھر ارشاد فرمایا: اے جریر! وضو کے لیے پانی لے کر

49-تقديم في الطهارة، النهي عن الكتفاء في الاستطابة باقل من ثلاثة احجار (الحديث 41) .

50-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14887) .

51-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب من ذلك يده بالارض بعد الستنجاء (الحديث 359) بنحوه مختصراً . تحفة الاشراف (3207) .

Marfat.com

آؤ' میں پانی لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے پانی کے ذریعے استنجاء کیا' پھر آپ نے اپنے دست مبارک کو زمین پر رگڑا۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت شریک کی نقل کردہ روایت کے مقابلے میں زیادہ مستند ہے۔ واللہ اعلم

## 44 - باب التَّوْقِيتِ فِي الْمَاءِ .

## باب پانی کی مقدار متعین کرنا

52 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ عَنْ اَبِي اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ . فَقَالَ "اِذَا كَانَ الْمَآءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ ."

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا' جس میں جانور اور درندے آ کر پیتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب پانی دو قلّے ہو جائے' تو وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

### شرح

احناف اس روایت کو تسلیم نہیں کرتے ہیں' احناف نے یہ بات بیان کی ہے: سند اور متن دونوں حوالوں سے اس روایت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف نے دوسرا نکتہ یہ اٹھایا ہے: حدیث میں لفظ دو قلے یعنی پکی مٹی کے بنے ہوئے دو گھڑے' استعمال ہوا ہے' اس گھڑے کی مقدار کیا ہو گی؟ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے' تو جب اس کی مقدار مجہول ہو جائے گی تو ہم اس کی بنیاد پر کوئی حکم جاری نہیں کر سکیں گے۔

اس کے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند طور پر یہ بات ثابت ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کیونکہ اس نے پھر اسی پانی سے غسل کرنا ہو گا''۔

اس بارے میں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے باقاعدہ ایک باب کے تحت تین روایات نقل کی ہیں' ان میں ایک حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور بقیہ دو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہیں' ان کے الفاظ میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن ان سب کا نفس مضمون یہی ہے ''ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہیں کیا جاتا''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایت نقل کی ہے' جس سے یہ ثابت ہوتا ہے' اگر پانی کی مقدار دو قلے ہو' تو اس میں نجاست شامل

52-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب ما ينجس الماء (الحديث 63)، ويأتي في المياه، باب التوقيت في الماء (الحديث 327) . تحفة الاشراف (7272) .

Marfat.com

ہونے سے وہ پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

اگر اس روایت کو درست تسلیم کر لیا جائے تو اس سے یہ ثابت ہوگا' اگر کسی جگہ پر دو قلے کی مقدار میں پانی موجود ہو اور کوئی شخص اس پانی میں پیشاب کر دے' تو وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا' لیکن اس بات کو کوئی بھی تسلیم نہیں کرے گا اور احناف بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

•••——•••——•••

## 45 - باب تَرْكِ التَّوْقِيتِ فِي الْمَاءِ .

### باب: پانی کی کوئی مقدار متعین نہ کرنا

53 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَعْرَابِيًّا بَالَ فِي الْمَسْجِدِ فَقَامَ اِلَيْهِ بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "دَعُوْهُ لَا تُزْرِمُوْهُ ." فَلَمَّا فَرَغَ دَعَا بِدَلْوٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَعْنِيْ لَا تَقْطَعُوا عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک دیہاتی نے مسجد میں پیشاب کر دیا' ایک شخص اُٹھ کر اُسے مارنے لگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو' تم اسے کچھ نہ کہو جب وہ فارغ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ڈول منگوایا اور اس جگہ پر بہا دیا۔

امام ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں: اس روایت کے الفاظ کا مطلب ہے' کہ تم اس کو پیشاب کرنے کے دوران میں نہ روکو۔

54 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ بَالَ اَعْرَابِيٌّ فِي الْمَسْجِدِ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءٍ فَصُبَّ عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک آدمی نے مسجد میں پیشاب کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا' کہ پانی کا ایک ڈول اس پر بہا دیا جائے۔

55 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى الْمَسْجِدِ فَبَالَ فَصَاحَ بِهِ النَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اتْرُكُوْهُ ." فَتَرَكُوْهُ حَتّٰى بَالَ ثُمَّ

53-اخرجه البخاري في الادب، باب الرفق في الامر كله (الحديث 6065) . واخرجه مسلم في الطهارة، باب و جوب غسل البول وغيره من النجاسات اذا حصلت في المسجد، و ان الارض تطهر بالماء من غير حاجة الى حفرها(الحديث 98) . و اكرجه النسائي في المياه، باب التوقيت في الماء (الحديث 328) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الارض يصيبها البول كيف تغسل (528) . تحفة الاشراف (290) .

54-اخرجه البخاري في الوضوء، باب صب الماء على البول في المسجد (الحديث 221) بنحوه . و اخرجه مسلم في الهطارة، باب و جوب غسل البول وغيره من النجاسات اذا حصلت في المسجد و ان الارض تطهر بالماء من غير حاجة الى حفرها (الحديث 99) . و اخرجه النسائي الطهارة، ترك التوقيت في الماء (الحديث 55) . تحفة الاشراف (1657) .

55-تقديم في الطهارة، ترك التوقيت في الماء(الحديث 54) .

Marfat.com

اَمَرَ بِدَلْوٍ فَصُبَّ عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک آدمی مسجد میں آیا' اس نے وہاں پیشاب کر دیا' لوگوں نے اسے چیخ کر روکنے کی کوشش کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کرنے دو' تو لوگوں نے اسے چھوڑ دیا' اس نے پیشاب کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُس جگہ پر پانی کا ڈول بہا دیا گیا۔

56 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ اَعْرَابِیٌّ فَبَالَ فِی الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "دَعُوْهُ وَاَهْرِيْقُوْا عَلٰی بَوْلِهٖ دَلْوًا مِّنْ مَّآءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک دیہاتی مسجد میں پیشاب کرنے لگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اسے کرنے دو' بعد میں پیشاب پر پانی کا ایک ڈول بہا دینا' تم لوگوں کو آسانی فراہم کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے' تمہیں تنگی پیدا کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا۔

## 46 - باب الْمَآءِ الدَّائِمِ

### باب: ٹھہرے ہوئے پانی کا حکم

57 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ مُّحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِی الْمَآءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَتَوَضَّاُ مِنْهُ ."

قَالَ عَوْفٌ وَّقَالَ خِلَاسٌ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے کہ وہ بعد میں اسی سے وضو کرے گا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

### شرح

اس حدیث کا بنیادی مضمون نجاست کے احکام ہیں۔ جو ہم اس سے پہلے تفصیل کے ساتھ حدیث: 31 کے تحت ذکر کر چکے ہیں۔

58 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ يَّحْيَى بْنِ عَتِيْقٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِیْ

56-اخرجه البخاري في الوضوء، باب صب الماء على البول في المسجد (الحديث 220)، و في الادب، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم و يسروا ولا تعسروا، (الحديث 6128) . و اخرجه النسائي في المياه، باب التوقيت في الماء (الحديث 329) . تحفة الاشراف (14111) .

57-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (12304) .

58-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (14579) .

Marfat.com

هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِى الْمَآءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ".

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كَانَ يَعْقُوْبُ لَا يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اِلَّا بِدِيْنَارٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے' پھر وہ اُسی سے غسل بھی کرے گا۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی یعقوب اس روایت کو ایک دینار کے عوض میں بیان کیا کرتے تھے۔

## شرح

یعقوب نامی یہ راوی یعقوب بن ابراہیم بن کثیر العبدی القیسی ہیں۔ ان کی کنیت ''ابو یوسف'' ہے اور اسم منسوب ''دورقی'' ہے۔ ان کا انتقال 252 ہجری میں ہوا۔

یہ امام نسائی کے استاد ہیں۔

# 47 - باب مَآءِ الْبَحْرِ.

## باب: سمندر کے پانی کا حکم

59 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ اَبِىْ بُرْدَةَ مِنْ بَنِىْ عَبْدِ الدَّارِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيْلَ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّاُ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم لوگ سمندر میں سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی ساتھ لے کر جاتے ہیں' اگر اس کے ذریعے ہم وضو کرتے ہیں' تو خود پیاسے رہ جائیں گے تو کیا ہم سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کر لیا کریں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

## شرح

سمندر کا پانی پاک ہوتا ہے' جس طرح دیگر پانی پاک ہوتے ہیں۔

59-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء بماء البحر(الحديث 83) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في ماء البحر انه طهور (الحديث 69) . واخرجه النسائي في المياه، الوضظوء بماء البحر (331) و في الصيد و الذى بائح، باب ميتة البحر (الحديث 4361) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الوضوء بماء البحر (الحديث 386) و في الصيد ، باب الطافي من صيد البحر (الحديث 3246) مختصراً .تحفة الاشراف (14618) .

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور عام فقہاء اسی بات کے قائل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم کے حوالے سے یہ بات منقول ہے: ان حضرات نے سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی حدیث نقل کی ہے' اس کے بعد وہ تحریر کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں' جن میں سے حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک سمندر کے پانی کے ذریعے (وضو یا غسل کرنے) میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے' ان میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آگ ہے۔[1]

•••———•••———•••

## 48 - باب الْوُضُوْءِ بِالثَّلْجِ .

### باب: برف کے ذریعے وضو کرنا

60 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ سَكَتَ هُنَيْهَةً فَقُلْتُ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَقُوْلُ فِىْ سُكُوْتِكَ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَالْقِرَاَةِ قَالَ "اَقُوْلُ اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ خَطَايَاىَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللّٰهُمَّ نَقِّنِىْ مِنْ خَطَايَاىَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ اغْسِلْنِىْ مِنْ خَطَايَاىَ بِالثَّلْجِ وَالْمَآءِ وَالْبَرَدِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں تھوڑی دیر خاموش رہا کرتے تھے' ایک مرتبہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والدین آپ پر قربان ہوں! تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان آپ اس دوران خاموش ہوتے ہیں' تو آپ کیا پڑھتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں یہ پڑھتا ہوں:

[1] (جامع ترمذی 100/1)

60-اخرجه البخاري في الاذان، باب ما يقول بعد التكبير (الحديث 744) . و اخرجه ملسم في المساجد و مواضع الصلاة، باب ما يقال بين تكبيرة الاحرام و القراءة (الحديث 147) . واخرجه ابوداوُد في الصلاة، باب السكتة عند الافتاح (الحديث 781) . و اخرجه النسائي في المياه، باب الوضوء بماء الثلج و البرد (333) مختصرًا، و في الافتتاح، باب الدعاء بين التبكير و القراءة (الحديث 894) و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنةفيها، باب افتتاح الاصلاة (الحديث 805) . و الحديث عند النسائي في الافتتاح، سكوت الامام بعد افتتاحه الصلاة (الحديث 893) . تحفة الاشراف (14896) .

Marfat.com

''اے اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنا فیصلہ پیدا کر دے جتنا تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان کیا ہے' اور میری خطاؤں کو اس طرح صاف کر دے جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کر دیا جاتا ہے' اے اللہ! میری خطاؤں کو برف' پانی اور اولوں کے ذریعے دھو دے''۔

## 49 - باب الْوُضُوْءِ بِمَآءِ الثَّلْجِ

### باب: برف کے پانی کے ذریعے وضو کرنا

61 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ."

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! برف اور اولوں کے پانی کے ذریعے میری خطاؤں کو دھو دے اور میرے دل کو خطاؤں سے اس طرح پاک کر دے جس طرح تو سفید کپڑے کو میل سے پاک کرتا ہے''۔

## 50 - باب الْوُضُوْءِ بِمَآءِ الْبَرَدِ .

### باب: اولوں کے پانی سے وضو کرنا

62 - اَخْبَرَنِیْ هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ قَالَ شَهِدْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ يَّقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّی عَلٰی مَيِّتٍ فَسَمِعْتُ مِنْ دُعَائِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَاَوْسِعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ ."

☆☆ جبیر بن نفیر بیان کرتے ہیں' میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' انہوں نے فرمایا: میں نے دیکھا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی نمازِ جنازہ ادا کی تو میں نے آپ کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! اس کی مغفرت کر دے' اس پر رحم کر' اس کو عافیت نصیب کر' اس سے درگزر کر' اس کی اچھی طرح سے مہمان نوازی کر' اس کی قبر کو کشادہ کر دے اور اسے پانی' برف اور اولوں کے ذریعے دھو دے اور اس کو اس کی

61-انفرد به النسائي، و سياتي في المياه، باب الوضوء بماء الثلج و البرد (الحديث 332) . تحفة الاشراف (16779) .
62-اخرجه مسلم في الجنائز، باب الدعاء للميت في الصلاة (الهديث 85و 86) مطولاً . واخرجه الترمذي في الجنائز، باب ما يقول في الصلاة على الميت (الحديث 1025) بنحوه، مختصراً . و اخرجه النسائي في الجنائز، الدعاء (الحديث 1982و 1983) مطولًا، و هو في عمل اليوم و الليلة، نوح آخر من الذعاء (الحديث 1087) من نفس الطريق . تحفة الاشراف (10901) .

Marfat.com

خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کرتے ہیں"۔

## 51 - باب سُؤْرِ الْكَلْبِ .

## باب: کتے کے جوٹھے کا حکم

63 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِى اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کتا کسی کے برتن میں سے کچھ پی لے' تو وہ شخص اس کو سات مرتبہ دھوئے۔

### شرح

امام طحاوی فرماتے ہیں: ہمارے اصحاب' ثوری' لیث فرماتے ہیں' کتے کا جوٹھا نجس ہے۔ اور ایسے برتن کو دھویا جائے گا جس میں کتے نے منہ ڈالا ہو۔

امام مالک فرماتے ہیں: یہ پاک ہے' تاہم اگر کتا پانی میں منہ ڈال دے تو اس برتن کو دھونا مستحب ہے' لیکن اگر وہ دودھ یا گھی میں منہ ڈال دے تو اسے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

کتے (کا جوٹھا برتن دھونے) کے بارے میں منقول حدیث کے بارے میں وہ فرماتے ہیں' مجھے یہ معلوم نہیں ہے کہ اس کی حقیقت کیا ہے؟

ابن قاسم نے ان کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے۔ انہوں نے کئی مرتبہ اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ ابن قاسم کہتے ہیں: امام مالک کتے کو گھریلو (پالتو جانوروں) میں شمار کرتے ہیں۔[1]

64 - اَخْبَرَنِى اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِى زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ اَنَّ ثَابِتًا مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِى اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ شخص اُسے سات مرتبہ دھوئے۔

65 - اَخْبَرَنِى اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِى زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ

[1] مختصر اختلاف العلماء الجزء: 1' فی سؤر الکلب

63-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الماء الزي يغسل به شعر الانسان (الحديث 172) . و اخرجه مسلم في الطهارة، بادب حكم و لوغ الكلب (الحديث 90) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب غسل الاناء من و لو غ الكلب (الحديث 364) . تحفة الاشراف (13799) .

64-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (12230) .

Marfat.com

هِلَالُ بْنُ اُسَامَةَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَمَةَ يُخْبِرُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## 52 - باب الْاَمْرِ بِاِرَاقَةِ مَا فِى الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ .

### باب: جس برتن میں کتے نے منہ ڈال دیا ہو اس کے پانی کو بہانے کا حکم

66 - اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ وَّاَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِىْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيُرِقْهُ ثُمَّ لِيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا اَعْلَمُ اَحَدًا تَابَعَ عَلِيَّ بْنَ مُسْهِرٍ عَلٰى قَوْلِهٖ فَلْيُرِقْهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ شخص اس برتن میں موجود پانی وغیرہ کو بہا دے' پھر اس کو سات مرتبہ دھوئے۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی فرماتے ہیں: روایت کے الفاظ میں بہانے کے الفاظ کو نقل کرنے میں ہمارے علم کے مطابق کسی بھی شخص نے علی نامی راوی کی متابعت نہیں کی ہے۔

### شرح

اس حدیث کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے دھونے کا طریقہ کیا ہوگا؟

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایسے برتن کو آٹھ مرتبہ دھویا جائے گا اور آٹھویں مرتبہ مٹی کے ساتھ دھویا جائے گا۔

امام مالک کے نزدیک ایسے برتن کو استعمال کے وقت سات مرتبہ دھویا جائے گا۔

بعض فقہاء نے یہ روایت بیان کی ہے کہ امام شافعی نے پہلے یہ فتویٰ دیا تھا کہ ایسے برتن کو ایک مرتبہ دھونا کافی ہے۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ کتے کے جوٹھے کا حکم دیگر نجاستوں کی مانند ہے اور اس میں عام نجاستوں کی طرح نجاست کے زائل ہونے کے غالب گمان کا اعتبار کیا جائے گا اگر وہ ایک مرتبہ دھونے سے حاصل ہو جائے تو مزید دھونے کی ضرورت نہیں ہے لیکن جب تک نجاست کے زائل ہونے کا غالب گمان نہ ہو اس وقت تک اسے بار بار دھویا جائے گا۔ اگرچہ بیس مرتبہ ہی کیوں نہ دھونا پڑے۔

فقہاء کے درمیان اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ یہ جوٹھا پانی نجس ہے یا پاک ہے؟

---

65-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (15352) .

66-اخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب (الحديث 89) . و اخرجه النسائي في المياه، باب سور الكلب (334) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب غسل الاناء من و لو غ الكلب (الحديث 363) . تحفة الاشراف (14607) .

Marfat.com

احناف‘ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک یہ نجس ہے اور اسے دھونا فرض ہے۔
امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ (برتن یا پانی) پاک ہے لیکن اسے دھونا مسنون عبادت ہے۔
امام ابوجعفر طحاوی نے اس موضوع پر پہلے وہ روایات نقل کی ہیں جن میں ایسے برتن کو سات مرتبہ دھونے کا حکم موجود ہے پھر آپ تحریر کرتے ہیں:

''ان آثار کی بنیاد پر اہلِ علم کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے کہ جب کوئی کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اس وقت تک پاک نہیں ہوگا جب تک اسے سات مرتبہ دھو نہ لیا جائے جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔''

## 53 - باب تَعْفِيرِ الْإِنَاءِ الَّذِىْ وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ بِالتُّرَابِ ۔

## باب: جس برتن میں کتے نے منہ ڈالا ہو‘ اس کو مٹی کے ذریعے مانجھ کر صاف کرنا

67 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ وَرَخَّصَ فِىْ كَلْبِ الصَّيْدِ وَالْغَنَمِ وَقَالَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِى الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَّعَفِّرُوْهُ الثَّامِنَةَ بِالتُّرَابِ ۔"

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں‘ نبی اکرم ﷺ نے کتوں کو مار دینے کا حکم دیا ہے‘ تاہم شکار کے لیے استعمال ہونے والے کتے اور بکریوں کی حفاظت کے لیے استعمال ہونے والے کتے کو رکھنے کی اجازت دی ہے‘ آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اس کو سات مرتبہ دھولو اور آٹھویں دفعہ اسے مٹی کے ذریعے مانجھ لو۔

## 54 - باب سُؤْرِ الْهِرَّةِ ۔

## باب: بلی کے جوٹھے کا حکم

68 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ عَلَيْهَا ثُمَّ ذَكَرَتْ كَلِمَةً مَّعْنَاهَا فَسَكَبْتُ لَهُ وَضُوْءًا فَجَائَتْ هِرَّةٌ فَشَرِبَتْ مِنْهُ فَاَصْغَى لَهَا الْاِنَاءَ حَتّٰى شَرِبَتْ - قَالَتْ كَبْشَةُ - فَرَآنِىْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ اَتَعْجَبِيْنَ يَا ابْنَةَ اَخِىْ فَقُلْتُ نَعَمْ ۔ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ اِنَّمَا هِىَ مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ

67-اخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم ولوغ الكلب (الحديث 93) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء بسوور الكلب (الحديث 74) . و اخرجه النسائي في المياه، باب تعفير الاناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه ((الحديث 335 و 336) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب غسل الاناء من ولوغ الكلب (الحديث 365) مختصراً . و الحديث عند مسلم في المساقاة باب الامر بقتل الكلاب و بيان نسخه و بيان تحريم اقتنائها الا لصيد او زرع او ماشية و نحو ذلك (الحديث 48، 49) . و ابن ماجه في الصيد ، باب قتل الكلاب الا كلب صيد او زرع (الحديث 3200و 3201) . تحفة الاشراف (9665) .

68-اخرجه ابوداؤدفي الطهارة، باب سور الهرة (الحديث ۷۵) . و اخرجه الترمذى في الطهارة، باب ما جاء في سور الهرة (الحديث 92) . و اخرجه النسائي في المياه، باب سور الهرة (339) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الوضوء بسور الهرة و الرخصة في ذلك (الحديث 367) بنحوه . تحفة الا شراف (12141) .

Marfat.com

وَالطَّوَّافَاتِ ۔"۔

☆☆ سیّدہ کبشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ان کے ہاں تشریف لائے' پھر اس کے بعد اس خاتون نے کوئی بات ذکر کی' جس کے بعد انہوں نے یہ بیان کیا' کہ میں نے حضرت ابوقتادہ کے وضو کا پانی رکھا ہوا تھا' ایک بلی آئی اور اس پانی میں سے پینے لگی' تو حضرت ابوقتادہ نے اس بلی کے لیے اس برتن کو اس کی طرف کر دیا' اُس بلی نے پانی پی لیا' سیّدہ کبشہ بیان کرتی ہیں' کہ حضرت ابوقتادہ نے میری طرف دیکھا کہ میں غور سے اس کا جائزہ لے رہی ہوں' تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بھتیجی! کیا تم اس بات پر حیران ہو رہی ہو' تو میں نے جواب دیا: جی ہاں! تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ (یعنی بلی) ناپاک نہیں ہے بلکہ یہ گھر میں آنے جانے والے (پالتو جانوروں) میں شامل ہے۔

### شرح

امام طحاوی فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ' امام محمد اور ابن ابی لیلیٰ نے اسے (یعنی بلی کے جوٹھے) کو مکروہ قرار دیا ہے۔

اسی طرح کی روایت حضرت ابن عمر اور حضرت ابوہریرہ کے بارے میں بھی منقول ہے۔

امام مالک' امام اوزاعی' امام ابویوسف اور حسن بن صالح کے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

## 55 - باب سُؤْرِ الْحِمَارِ ۔

## باب: گدھے کے جوٹھے کا حکم

69 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُّحَمَّدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَتَانَا مُنَادِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَاِنَّهَا رِجْسٌ ۔

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے منادی کرنے والا شخص میرے پاس آیا اور بولا: اللہ اور اس کے رسول نے گدھے کے گوشت کو کھانے سے تمہیں منع کر دیا ہے' کیونکہ یہ ناپاک ہیں۔

### شرح

امام طحاوی فرماتے ہیں: ہمارے اصحاب (یعنی فقہاء احناف) فرماتے ہیں' اس (یعنی گدھے یا خچر کے جوٹھے) کے ذریعے وضوء کرنا جائز نہیں ہے۔

سفیان ثوری بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام مالک' امام شافعی اور امام اوزاعی فرماتے ہیں: جائز ہے۔[2]

---

[1] مختصر اختلاف العلماء' الجزء: 1' فی سؤر الھر

69-اخرجه البخاري في الجهاد، باب التكبير عند الحرب (الحديث 2991) مطولاً . و في المغازي، باب غزوة خيبر (الحديث 4198) مطولاً . و اخرجه النسائي في الصيد و الذبائح، تحريم اكل لحوم الحمر الاهلية (4352) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الذبائح، باب لحوم الحمر الوحشية (الحديث 3196) . و الحديث عند البخاري في المناقب، باب 28 . (الحديث 3647) . تحفة الاشراف (1457) .

[2] مختصر اختلاف العلماء' الجزء: 1' فی سؤر الحمار والبغل

Marfat.com

## 56 - باب سُؤْرِ الْحَائِضِ .

### باب: حیض والی عورت کا جوٹھا

70 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ فَيَضَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاهُ حَيْثُ وَضَعْتُ وَاَنَا حَائِضٌ وَّكُنْتُ اَشْرَبُ مِنَ الْاِنَاءِ فَيَضَعُ فَاهُ حَيْثُ وَضَعْتُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ بعض اوقات میں کوئی ہڈی چوستی تھی' تو بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنا منہ اُسی جگہ پر رکھ دیتے تھے جہاں میں نے رکھا ہوتا تھا' حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اسی طرح میں کسی برتن میں سے پانی پیتی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنا منہ اسی جگہ پر رکھتے تھے' جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا تھا حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 57 - باب وُضُوْءِ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ جَمِيْعًا .

### باب: مرد وخواتین (یعنی میاں بیوی) کا ایک ساتھ وضو کرنا

71 - اَخْبَرَنِیْ هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الرِّجَالُ وَالنِّسَآءُ يَتَوَضَّئُوْنَ فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْعًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مرد اور خواتین (یعنی میاں بیوی) ایک ساتھ وضو کرلیا کرتے تھے۔

## 58 - باب فَضْلِ الْجُنُبِ .

### باب: جنبی شخص کا بچایا ہوا پانی

70-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله و طهارة سورها و الاتكاه في حجر ها و قراء ة القرآن فيه (الحديث 14) . و اخرجه ابوداوٗد في ابو داوٗد في الطهارة، باب في مواكلة الحائض و مجامعتها (الحديث 259) . واخرجه النسائي في الطهارة، باب مواكلة الحائض و الشرب من سورها (الحديث 278) مطولًا (الحديث 279) . و اباب الانتفاع بفضل الحائض (الحديث 280 و 281) . و في المياه، باب سور الحائض (الحديث 340)، و في الحيض و الا ستحاضة، باب مواكلة الحائض و الشرب من سورها (الحديث 375) مطولًا و (الحديث 376) ، والانتفاع بفضل الحائض (الحديث 377و 378)، و في عشرة النساء من الكبرى ، مواكلة الحائض و الشرب من سورها والانتفاع بفضلها (الحديث 234) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة وسننها، باب ما جاء في مواكلة الحائض و سورها (الحديث 643) . تحفة الاشراف (16145) .

71-اخرجه البخاري في الوضوء، باب وضوء الرجل مع امراته ، وفضل و ضوء المراة (الحديث 193) . و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب الوضوء بفضل وضوء المراة (الحديث 79) . و اخرجه النسائي في المياه، باب الرخصة في فضل المراة (الحديث 341) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل و المراة يتوضان من انا ء واحد (الحديث 381) بنحوه . تحفة الاشراف (8350) .

Marfat.com

72 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِنَاءِ الْوَاحِدِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی برتن میں غسل کرلیا کرتی تھیں۔

## 59 - باب الْقَدْرِ الَّذِیْ يَكْتَفِیْ بِهِ الرَّجُلُ مِنَ الْمَآءِ لِلْوُضُوْءِ .

## باب: پانی کی اس مقدار کا تذکرہ، جو مرد کے وضو کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے

73 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِمَكُّوْكٍ وَّيَغْتَسِلُ بِخَمْسَةِ مَكَاكِيَّ .

☆☆ عبداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں، میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکوک کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور پانچ مکاکیک کے ذریعے غسل کرلیا کرتے تھے۔

74 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَّعْنَاهَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبَّادَ بْنَ تَمِيْمٍ يُحَدِّثُ عَنْ جَدَّتِيْ وَهِيَ اُمُّ عُمَارَةَ بِنْتُ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَاُتِيَ بِمَاءٍ فِيْ اِنَاءٍ قَدْرَ ثُلُثَيِ الْمُدِّ .

قَالَ شُعْبَةُ فَاَحْفَظُ اَنَّهُ غَسَلَ ذِرَاعَيْهِ وَجَعَلَ يَدْلُكُهُمَا وَيَمْسَحُ اُذُنَيْهِ بَاطِنَهُمَا وَلَا اَحْفَظُ اَنَّهُ مَسَحَ ظَاهِرَهُمَا .

☆☆ عباد بن تمیم، سیّدہ اُم عمارہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرنا تھا تو آپ کے لیے جس برتن میں پانی لایا گیا وہ دو تہائی مُد کے برابر تھا۔

شعبہ نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اس روایت میں مجھے یہ الفاظ یاد ہیں، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں بازوؤں کو

72-اخرجه مسلم في الحيض، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، و غسل الرجل و المراة في انا واحد في حالة و احدة، و غسل احدهما بفضل الآخر (الحديث 41) مطولاً . واخرجه النسائي في الطهارة، باب ذكر القدر الذي يكتفي به الرجل منا لماء للغسل (الحديث 228) مطولًا، وفي المياه، الرخصة في فضل الجنب (الحديث 343) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل و المراة يغتسلان من اناء واحد (الحديث 376) . تحفة الاشراف (16586) .

73-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء بالمد (الحديث 201) بمعناه . و اخرجه مسلم في الحيض، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، و غسل الرجل والمراة في انا واحد في حالة و احدة، و غسل احدهما بفضل الآخر (الحديث 50) و (الحديث 51) و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب ما يجزيء من الماء في الوضوء (الحديث 95) بمعناه و (الحديث 95م) تعليقاً . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب قدر ما يجزيء من الماء في الوضوء (الحديث 95) بمعناه و (الحديث 609م) تعليقاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب ذكر القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء للغسل . (الحديث 229)، و في المياه، باب القدر الذي يكتفي به الانسان من الماء للوضوء و الغسل (الحديث 344) . تحفة الاشراف (963) .

74-اخرجه ابوداوٗد في الطهارة ، باب ما يجزيء من الماء في الوضوء (الحديث 94) . تحفة الاشراف (18336) .

Marfat.com

دھویا اور آپ نے انہیں ملا' پھر آپ نے اپنے دونوں کانوں کے اندرونی حصے کا مسح کیا' تاہم اس روایت میں مجھے یہ بات یاد نہیں ہے' کہ راوی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں کانوں کے باہر والے حصے کا بھی ذکر کیا تھا۔

## 60 - باب النِّيَّةِ فِي الْوُضُوْءِ

### باب: وضو میں نیت کرنے کا حکم

75 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ حَمَّادٍ وَّالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاْءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَنِي مَالِكٌ ح وَاَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِامْرِءٍ مَا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَّنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ ."

☆☆ علقمہ بن وقاص بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے اور ہر شخص کو وہی اجر ملتا ہے' جس کی اس نے نیت کی ہو' جس شخص کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے ہوگی اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف شمار ہوگی اور جس شخص کی ہجرت دنیا کے حصول کے لیے ہوگی یا کسی عورت کے ساتھ شادی کرنے کے لیے ہوگی' تو اس کی ہجرت اسی طرف شمار ہوگی' جس کی طرف نیت کر کے اس نے ہجرت کی تھی۔

### شرح

### باب: وضو کے مستحبات

مسئلہ: متون میں وضو کے دو مستحبات کا تذکرہ موجود ہے' ان میں پہلا دائیں طرف سے آغاز کرنا ہے' اس سے مراد یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کو بائیں پاؤں سے پہلے' اور دائیں پاؤں کو بائیں پاؤں سے پہلے دھویا جائے۔ صحیح قول کے مطابق اسی میں

75-اخرجه البخاري في بدء الوحي، باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 1) . مختصرًا، و في الايمان، باب ما جاء ان الاعمال بالنية وا لحسبة، و لكل امري ء ما نوى (الحديث 54) و في العتق، باب الخطا و النسيان في العتاقة و الطلاق و نحوه (الحديث 2529)، و في مناقب الانصار، باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم و اصحابه الى المدينة (الحديث 3898)، و في النكاح، باب من هاجر او عمل خيرًا لتزويج امراة فله ما نوى (الحديث 75070)، و في الايمان و النذور، باب النية في الايمان (الحديث 6689)، و في الحيل، باب في ترك الحيل ، و ان لكل امريء، في الايمان و غيرها (الحديث 6953) . و اخرجه مسلم في الامارة، باب قوله صلى الله عليه وسلم ، انما الاعمال بالنية، و ان يدخل فيه الغزو و غيره من الاعمال (الحديث 155) . و اخرجه ابو داؤد في الطلاق، باب فيما عني به الطلاق و النيات (الحديث 2201) . واخرجه الترمذي في فائل الجهاد، باب فيمن يقاتل رياء و للدنيا (الحديث 1647) . واخرجه النسائي في الطلاق، باب الكلام اذا قصد به فيما يحتمل معناه (الحديث 3437) و في الايمان و النذور، النية في اليمين (الحديث 3803) . واخرجه ابن ماجه في الزهد، باب النية (الحديث 4227) . تحفة الاشراف (10612) .

Marfat.com

فضیلت ہے جن اعضاء کو دھویا جاتا ہے ان میں سے کانوں کے علاوہ باقی ہر عضو کے دائیں کو پہلے دھونا مستحب ہے (صرف کانوں کا مسح ایک ساتھ کیا جاتا ہے)۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کا صرف ایک ہی ہاتھ ہو یا اس کے ایک ہاتھ میں کوئی علت ہو جس کی وجہ سے وہ دونوں کانوں کا ایک ساتھ مسح نہ کر سکتا ہو تو پہلے دائیں کان کا مسح کرے گا' پھر بائیں کان کا مسح کرے گا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: دوسرا مستحب گردن کا مسح کرنا ہے' اس سے مراد ہاتھ کے ظاہری حصے کے ذریعے مسح کرنا ہے۔

مسئلہ: حلقوم (یعنی گردن کے اگلے حصے) کا مسح کرنا بدعت ہے۔ (بحرالرائق)

## وضو کے مزید آداب

مسئلہ: یہاں وضو کی چند اور سنتیں اور چند اور آداب بھی ہیں' جن کا تذکرہ مشائخ نے کیا ہے۔

مسئلہ: ان میں ایک سنت یہ ہے کہ پاؤں کو دھوتے وقت دائیں ہاتھ سے انسان پانی کا برتن پکڑے اور پہلے دائیں پاؤں پر پاؤں کے اگلے حصے پر پانی بہائے اور بائیں ہاتھ کے ذریعے اُسے ملے' تین مرتبہ اس طرح دھو لینے کے بعد بائیں پاؤں پر اگلے حصے پر پانی ڈالے' اور اس کو بھی مل لے۔ (محیط)

مسئلہ: ان میں سے ایک سنت یہ ہے کہ ہاتھ اور پاؤں دھوتے وقت انگلیوں کے کناروں سے دھونا شروع کیا جائے۔

(فتح القدیر' محیط)

مسئلہ: سر کے اگلے حصے سے مسح شروع کرنا سنت ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: کلی کرتے ہوئے اور ناک میں پانی ڈالتے ہوئے ترتیب کا خیال رکھنا چاہیے' یعنی پہلے کلی کی جائے گی پھر ناک میں پانی ڈالا جائے گا' یہ عمل ہمارے نزدیک سنت ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: کلی کرتے ہوئے اور ناک میں پانی ڈالتے ہوئے مبالغہ کرنا سنت ہے۔ (کافی' شرح طحاوی) روزہ دار شخص کے لیے مبالغہ کے ساتھ کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت نہیں ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: کلی کرنے میں مبالغہ کرنا یہ ہے کہ انسان غرغرہ کرے۔ (کافی)

مسئلہ: ناک میں پانی ڈالتے ہوئے مبالغہ کرنا یہ ہے کہ دونوں نتھنوں میں پانی ڈال کر اسے اوپر کی طرف چڑھایا جائے' یہاں تک کہ پانی ناک کی اس جگہ تک پہنچ جائے جو سخت حصہ ہوتا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: آداب میں یہ بات شامل ہے کہ پانی استعمال کرتے ہوئے نہ تو اسراف کرے اور نہ ہی کمی کرے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: یہ حکم اس صورت میں ہے کہ جب نہر کے پانی کے ساتھ یا اپنی ملکیت کے پانی کے ساتھ وضو کر رہا ہو' اگر کوئی شخص ایسے پانی کے ساتھ وضو کر رہا ہو جسے وضو کرنے والوں کے لیے وقف قرار دیا گیا ہو (یعنی کوئی شخص مسجد میں وضو کر رہا ہے) تو اب پانی استعمال کرنے میں زیادتی اور اسراف حرام ہوگا' اس بارے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ (بحرالرائق)

Marfat.com

## وضو کے دوران پڑھی جانے والی دعائیں

مسئلہ: کلی کرتے ہوئے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّی عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ،

''اے اللہ! قرآن کریم کی تلاوت کرنے کے لیے اپنے ذکر کے لیے اپنے شکر کے لیے اور اچھی طرح سے اپنی عبادت کے لیے میری مدد کر''۔

مسئلہ: ناک میں پانی ڈالتے وقت آدمی کو یہ دعا مانگنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اَرِحْنِی رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا تُرِحْنِی رَائِحَةَ النَّارِ ،

''اے اللہ! مجھے جنت کی خوشبو سونگھنا نصیب کر اور جہنم کی خوشبو سونگھنے سے مجھے بچا''۔

مسئلہ: منہ کو دھوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ بَیِّضْ وَجْهِی یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ

''اے اللہ! میرے چہرے کو اس دن روشن رکھنا جس دن کچھ چہرے روشن ہوں گے اور کچھ چہرے سیاہ ہوں گے''۔

مسئلہ: دائیں ہاتھ کو دھوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِی کِتَابِیْ بِیَمِیْنِی وَحَاسِبْنِی حِسَابًا یَسِیْرًا.

''اے اللہ! میرا نامۂ اعمال میرے دائیں ہاتھ میں عطاء کرنا اور مجھ سے آسان حساب لینا''۔

مسئلہ: بائیں ہاتھ کو دھوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِی کِتَابِیْ بِشِمَالِی وَلَا مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِی ،

''اے اللہ! میرا نامۂ اعمال میرے بائیں ہاتھ میں عطاء نہ کرنا اور میری پشت کے پیچھے بھی نہ دینا''۔

مسئلہ: سر کا مسح کرتے وقت یہ دعا مانگنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِی تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِكَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ ،

''اے اللہ! مجھے اپنے عرش کے سائے میں جگہ نصیب کرنا جس دن تیرے عرش کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا''۔

مسئلہ: کانوں کا مسح کرتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی مِنَ الَّذِینَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ،

''اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں شامل کر دے جنہوں نے قول (یعنی قرآن مجید یعنی تیرے حکم) کو غور سے سنا اور اس کے اچھے احکام کی پیروی کی''۔

مسئلہ: گردن کا مسح کرتے ہوئے یہ دعا مانگنی چاہیے:

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ ،

''اے اللہ! میری گردن کو جہنم سے آزاد کردے''۔

مسئلہ: دائیں پاؤں کو دھوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِی عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ ،

''اے اللہ! تو اس دن میرے پاؤں کو پل صراط پر ثابت قدم رکھنا جس دن پاؤں پھسل جائیں گے''۔

مسئلہ: بائیں پاؤں کو دھوتے وقت یہ دعا مانگنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُورًا وَسَعْیِی مَشْكُورًا وَتِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ

''اے اللہ! میرے گناہوں کو ایسا کردے کہ ان کی مغفرت ہو جائے اور میری کوشش کو ایسا کردے جو قبول کر لی جائے اور میری تجارت کو ایسا کردے جس میں خسارہ نہ ہو''۔

مسئلہ: ایک مُد سے کم پانی سے وضو نہیں کرنا چاہیے۔ (تبیین)

•••——•••——•••

## 61 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ الْاِنَاءِ .

### باب: برتن سے وضو کرنا

76 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ فَلَمْ يَجِدُوْهُ فَاُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوْءٍ فَوَضَعَ يَدَهُ فِىْ ذٰلِكَ الْاِنَاءِ وَاَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَتَوَضَّئُوْا فَرَاَيْتُ الْمَآءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ اَصَابِعِهٖ حَتّٰى تَوَضَّئُوْا مِنْ عِنْدِ اٰخِرِهِمْ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا' لوگوں نے وضو کے لیے پانی تلاش کیا' لیکن انہیں پانی نہیں ملا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں وضو کے لیے پانی لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس پر رکھا اور لوگوں کو یہ حکم دیا' کہ وہ وضو کرنا شروع کریں' تو میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں کے نیچے سے پانی نکلنے لگا' یہاں تک کہ وہاں تمام لوگوں نے وضو کر لیا۔

77 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً فَاُتِیَ بِتَوْرٍ فَاَدْخَلَ يَدَهُ فَلَقَدْ رَاَيْتُ

76-اخرجه البخاري في الوضوء، باب التماس الوضوء اذا حانت الصلاة (الحديث 169)، و في المناقب، باب علامات النبوة في الاسلام (الحديث 3573) . و اخرجه مسلم في الفضائل، باب في معجزات النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 5) . و اخرجه الترمذي في المناقب، (الحديث 3631) . تحفة الاشراف (201) ..

77-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (9436) .

Marfat.com

الْمَآءَ يَتَفَجَّرُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ وَيَقُوْلُ "حَيَّ عَلَى الطَّهُوْرِ وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ."
قَالَ الْاَعْمَشُ فَحَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرٍ كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ اَلْفٌ وَّخَمْسُمِائَةٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' لوگوں کو پانی نہیں ملا' ایک پیالہ لایا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس میں داخل کیا' تو میں نے آپ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی کے چشمے رواں ہوتے ہوئے دیکھے' آپ نے ارشاد فرمایا: اس طہارت کے ذریعے کو استعمال کرو اور یہ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اس وقت آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو انہوں نے جواب دیا: ۱۵۰۰ تھی۔

## شرح

امام نسائی نے متن میں جو روایت نقل کی ہے۔ وہ علقمہ کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود سے منقول ہے۔

یہ روایت نقل کرنے کے بعد' امام نسائی نے تعلیق کے طور پر اعمش کے حوالے سے سالم بن ابوالجعد کا یہ قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اس موقع پر حاضرین کی تعداد دریافت کی تھی۔

اعمش کا نام سلیمان مہران ہے ان کا انتقال 147 ہجری میں ہوا۔

سالم بن ابوالجعد شجعی کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک اور حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سمیت کئی صحابہ کرام کی زیارت کی ہوئی ہے۔

سالم کا انتقال 97 ہجری میں ہوا۔ یہ "کوفہ" کے رہنے والے تھے۔

## 62 - باب التَّسْمِيَةِ عِنْدَ الْوُضُوْءِ .

### باب: وضو کے وقت بسم اللہ پڑھنا

78 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ وَّقَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ طَلَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هَلْ مَعَ اَحَدٍ مِّنْكُمْ مَاءٌ ." فَوَضَعَ يَدَهٗ فِي الْمَآءِ وَيَقُوْلُ "تَوَضَّئُوْا بِسْمِ اللّٰهِ ." فَرَاَيْتُ الْمَآءَ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ حَتّٰى تَوَضَّئُوْا مِنْ عِنْدِ اٰخِرِهِمْ . قَالَ ثَابِتٌ قُلْتُ لِاَنَسٍ كَمْ تُرَاهُمْ قَالَ نَحْوًا مِّنْ سَبْعِيْنَ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے وضو کے لیے پانی تلاش کیا (لیکن وہ انہیں نہیں ملا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی موجود ہے؟ (اس پانی کو لایا گیا) تو

78-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (484)، (1347) .

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس پانی میں رکھا اور ارشاد فرمایا: اللہ کا نام لے کر وضو کرنا شروع کرو۔

راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو نکلتے ہوئے دیکھا' یہاں تک کہ وہاں موجود ہر شخص نے وضو کرلیا۔

ثابت نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: (اس وقت) آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو انہوں نے جواب دیا: ۷۰ کے قریب تھی۔

## شرح

اس روایت میں نبی اکرم ﷺ کے معجزہ کا بیان ہے۔ اعلیٰ حضرت محدث بریلوی نے آپ ﷺ کی مقدس انگلیوں سے نکلنے والے اس پانی کو "نور کے چشمے" قرار دیا ہے۔

نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

## 63 - باب صَبِّ الْخَادِمِ الْمَآءَ عَلَى الرَّجُلِ لِلْوُضُوْءِ .

### باب: خادم کا آدمی کو وضو کروانا

79 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ مَالِكٍ وَّيُوْنُسَ وَعَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ اَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبَّادِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ يَقُوْلُ سَكَبْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَوَضَّاَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَمْ يَذْكُرْ مَالِكٌ عُرْوَةَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ .

☆☆ عروہ بن مغیرہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ تبوک کے موقع پر وضو کیا' تو میں نے آپ پر پانی اُنڈیلا آپ نے موزوں پر مسح کرلیا تھا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے سند میں عروہ بن مغیرہ کا تذکرہ نہیں کیا۔

79-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الرجل يوضئ صاحبه(الحديث 182) بنحوه، و باب المسح على الخفين (الحديث 203) بنحوه، و في المغازي، (الحديث 4421) مطولًا، و في اللباس، باب لبس جبة الصرف في الغزو (الحديث 5799) مطولاً . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 75)، و (الحديث 79) مطولًا، و (الحديث 80) مختصرًا، و في الصلاة، باب تقديم الجماعة من يصلي بهم اذا تاخر الامام و لم يخافوا مفسدة بالتقديم (الحديث 105) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 149و 151) مطولاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب صفة الوضوء غسل الكفين (الحديث 82) مطولاً . و باب المسح على الحفين (الحديث 124) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المسح على الخفين (الحدبث 545) . والحديث عند: البخاري في الوضوء، باب اذا اخل رجليه و هما طاهرتان (الحديث 206) . تحفة الاشراف (11514) .

Marfat.com

## 64 - باب الْوُضُوءِ مَرَّةً مَّرَّةً .

### باب: ایک ایک مرتبہ وضو کرنا

80 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِوُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّاَ مَرَّةً مَّرَّةً .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے طریقے کے بارے میں بتاؤں' تو انہوں نے ایک ایک مرتبہ وضو کیا۔

## 65 - باب الْوُضُوءِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا .

### باب: تین' تین مرتبہ وضو کرنا

81 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَنْبَاَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا يُسْنِدُ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ انہوں نے تین' تین مرتبہ وضو کیا اور اس بات کی نسبت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی۔

## 66 - باب صِفَةِ الْوُضُوءِ - غَسْلُ الْكَفَّيْنِ .

### باب: وضو کا طریقہ' دونوں ہاتھوں کو دھونا

82 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَصْرِيُّ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ وَعَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ رَّجُلٍ حَتّٰى رَدَّهٗ اِلَى الْمُغِيْرَةِ - قَالَ ابْنُ عَوْنٍ وَّلَا اَحْفَظُ

80-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء مرة مرة (الحديث 157) بنحوه مختصراً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء مرة مرة (الحديث 138) . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الوضوء مرة مرة (الحديث 42) . بنحوه مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في الوضوء مرة مرة (الحديث 411) بنحوه مختصراً . تحفة الاشراف (5976) .

81-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الوضوء ثلاثًا (الحديث 414) . تحفة الاشراف (7458) .

82-اخرجه البخارى في الوضوء، باب الرجل يوضى، صاحبه (الحديث 182) مختصرًا، و في المغازي، باب . 81 . (الحديث 4421) مختصرًا، و في اللباس، باب لبس جبة الصرف في الغزو (الحديث 5799) . مختصراً . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 75) مختصرًا، و الحديث 79)، و في الصلاة، باب تقديم الجماعة من يصلي بهم اذا تاخر الامام و لم يخافوا مفسدة بالتقديم (الحديث 105) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 149و 151) . و الحديث عند: البخاري في الوضوء، باب المسح على الخفين (الحديث 203)، و باب اذا ادخل رجليه و هما طاهرتان (الحديث 206) . و مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 80) . و النسائي في الطهارة، صب الخادم الماء على الرجل للوضوء (الحديث 79)، و باب المسح على الخفين (الحديث 124) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المسح على الخفين (الحديث 545) . تحفة الاشراف (11514) .

Marfat.com

حَدِيْثٌ ذَا مِنْ حَدِيْثِ ذَا - اَنَّ الْمُغِيْرَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَفَرٍ فَقَرَعَ ظَهْرِىْ بِعَصًا كَانَتْ مَعَهٗ فَعَدَلَ وَعَدَلْتُ مَعَهٗ حَتّٰى اَتٰى كَذَا وَكَذَا مِنَ الْاَرْضِ فَاَنَاخَ ثُمَّ انْطَلَقَ - قَالَ فَذَهَبَ حَتّٰى تَوَارٰى عَنِّىْ ثُمَّ جَآءَ فَقَالَ "اَمَعَكَ مَآءٌ -" وَمَعِىْ سَطِيْحَةٌ لِّىْ فَاَتَيْتُهٗ بِهَا فَاَفْرَغْتُ عَلَيْهِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهٗ وَذَهَبَ لِيَغْسِلَ ذِرَاعَيْهِ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ فَاَخْرَجَ يَدَهٗ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَذِرَاعَيْهِ وَذَكَرَ مِنْ نَّاصِيَتِهٖ شَيْئًا وَّعِمَامَتِهٖ شَيْئًا - قَالَ ابْنُ عَوْنٍ لَّا اَحْفَظُ كَمَا اُرِيْدُ ثُمَّ مَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ - ثُمَّ قَالَ "حَاجَتَكَ -" قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَتْ لِىْ حَاجَةٌ فَجِئْنَا وَقَدْ اَمَّ النَّاسَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَّقَدْ صَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَذَهَبْتُ لِاُوْذِنَهٗ فَنَهَانِىْ فَصَلَّيْنَا مَا اَدْرَكْنَا وَقَضَيْنَا مَا سُبِقْنَا -

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں موجود چھڑی کو میری پشت پر مارا (یعنی مجھے ساتھ آنے کا اشارہ کیا) پھر آپ راستے سے الگ ہو گئے' میں بھی الگ ہو گیا' پھر آپ فلاں جگہ پر چلے گئے' آپ نے مجھے وہاں بیٹھنے کے لیے کہا اور تشریف لے گئے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جاتے ہوئے میری نگاہوں سے اوجھل ہو گئے' پھر واپس آئے اور دریافت کیا: کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ اس وقت میرے پاس ایک مشکیزہ تھا' میں اُسے لے کر آپ کے پاس آیا' میں نے اس کے ذریعے آپ پر پانی انڈیلنا شروع کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا' اپنے چہرے مبارک کو دھویا' پھر جب آپ اپنے بازو دھونے لگے تو اس وقت آپ نے ایک شامی جبہ پہنا ہوا تھا جس کی آستینیں تنگ تھیں (اس لیے آپ اس کے بازو اوپر نہیں کر سکے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبّے سے ہاتھ نکال کر اپنے چہرۂ مبارک اور دونوں بازوؤں کو دھویا' یہاں راوی نے پیشانی اور سر پر مسح کرنے کے حوالے سے ذکر کیا ہے' تاہم اگلا راوی اس کو صحیح طور پر یاد نہیں رکھ سکا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں موزوں پر مسح کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم قضائے حاجت کر لو' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے' پھر جب ہم لوگ آئے' تو اس وقت حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے تھے' انہوں نے ان لوگوں کو فجر کی نماز میں ایک رکعت پڑھائی' میں انہیں اس بات کی اطلاع دینے کے لیے جانے لگا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے منع کر دیا' جتنی نماز باقی رہ گئی تھی' ہم نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی اور جو رکعت پہلے گزر چکی تھی' اسے بعد میں ادا کیا۔

## 67 - باب كَمْ تُغْسَلَانِ

(ان دونوں ہاتھوں کو) کتنی مرتبہ دھویا جائے گا

83 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُفْيَانَ - وَهُوَ ابْنُ حَبِيْبٍ - عَنْ شُعْبَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْسٍ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْكَفَ ثَلَاثًا -

☆☆ ابن ابواوس اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مرتبہ ہاتھوں کو دھوتے ہوئے دیکھا ہے۔

83-انفرد بہ النسائی ۔ تحفۃ الاشراف (1740) ۔

Marfat.com

## شرح

# باب: وضو کی سنتوں کا بیان

## وضو میں تیرہ سنتیں ہیں

مسئلہ: متون میں یہ بات مذکور ہے کہ وضو میں تیرہ چیزیں سنت ہیں' ان میں سے ایک وضو کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنا ہے اور ہر وضو کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنا سنت ہے' اس کے لیے یہ بات شرط نہیں ہے کہ جب آدمی سونے کے بعد بیدار ہوتے وقت وضو کرتا ہے' تو اس وقت بسم اللہ پڑھے گا۔

مسئلہ: یہاں یہ بات یاد رکھنی ہے کہ وضو کے آغاز میں بسم اللہ کا اعتبار کیا جائے گا' اگر کوئی شخص آغاز میں بسم اللہ پڑھنی بھول جاتا ہے اور بعض اعضاء کو دھونے کے بعد اسے بسم اللہ پڑھنی یاد آتی ہے اور وہ اس وقت اسے پڑھ لیتا ہے' تو سنت ادا نہیں ہوگی' البتہ کھانے اور اس طرح کے باقی کاموں کا حکم مختلف ہے' کیونکہ ان میں بسم اللہ پڑھنے کا یہ حکم نہیں ہے' یہ بات ''تبیین'' میں تحریر ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص وضو کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنا بھول جاتا ہے اور وضو مکمل کرنے سے پہلے اسے یہ بات یاد آ جاتی ہے' تو وہ اسی وقت بسم اللہ پڑھ لے' تاکہ اس کا وضو بسم اللہ کے بغیر نہ ہو۔ (سراج الوہاج)

## دوسری سنت: دونوں ہاتھ دھونا

مسئلہ: وضو کی دوسری سنت یہ ہے کہ وضو کے آغاز میں دونوں ہاتھ مکمل دھوئے جائیں' ایک قول یہ بھی ہے کہ ان ہاتھوں کو دھونا تو فرض ہے لیکن بالکل آغاز میں دھونا سنت ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: کتاب الاصل (یعنی امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی مبسوط) میں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول میں بھی اسی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ (بحرالرائق)

## تیسری سنت: کلی کرنا' ناک میں پانی ڈالنا

مسئلہ: وضو کی تیسری سنت کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا ہے' اس کا سنت طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ کلی کرے' پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے' اور دونوں میں سے ہر ایک کے لیے نئے سرے سے پانی لے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: کلی کرنے کی حد یہ ہے کہ پورے منہ کے اندر پانی بھر جائے اور ناک میں پانی ڈالنے کی حد یہ ہے کہ جہاں تک ناک کا نرم حصہ ہے وہاں تک پانی پہنچائے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: (وضو میں) کلی کرنے یا ناک میں پانی ڈالنے کو ترک کرنا صحیح قول کے مطابق گناہ شمار ہوگا کیونکہ دونوں سنت مؤکدہ ہیں کیونکہ سنت مؤکدہ کو چھوڑنا برائی ہے جبکہ سنن زوائد کا حکم مختلف ہے کیونکہ انہیں ترک کرنے کے نتیجے میں برائی لازم نہیں آتی ہے۔ (سراج الوہاج)

Marfat.com

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک مرتبہ ہاتھ میں چلّو میں پانی لے کر اسی سے تین مرتبہ کلی کر لے تو یہ بھی جائز ہے اور اگر کوئی شخص ایک مرتبہ چلّو میں پانی لے کر اس کو تین مرتبہ ناک میں ڈال دے تو یہ جائز نہیں ہوگا' اس کی وجہ یہ ہے کہ ناک میں پانی ڈالنے کے بعد استعمال شدہ پانی چلّو میں واپس آ جائے گا' جبکہ کلی کرنے میں یہ صورت نہیں پائی جاتی ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص چلّو میں پانی لے کر تھوڑے سے پانی کے ذریعے وضو کر لیتا ہے' پھر باقی پانی کو ناک میں ڈال لیتا ہے' تو ایسا کرنا جائز ہے لیکن اس کے برعکس کرنا درست نہیں ہوگا۔ (سراج الوہاج)

## چوتھی سنت: مسواک کرنا

### مسواک کے احکام

مسئلہ: وضو کی سنتوں میں سے ایک عمل مسواک کرنا ہے' مسواک کے لیے ایسے درخت کی ٹہنی کو استعمال کرنا چاہیے' جن کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے' کیونکہ اس کے نتیجے میں منہ کی بو ختم ہو جاتی ہے' دانت مضبوط ہوتے ہیں' معدہ تندرست ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: مسواک کی لکڑی تر ہونی چاہیے' یہ چھوٹی انگلی جتنی موٹی ہونی چاہیے اور ایک بالشت لمبی ہونی چاہیے۔

مسئلہ: یہ بات مستحب ہے کہ آدمی دائیں ہاتھ میں مسواک کو اس طرح پکڑے کہ اس کی چھوٹی انگلی مسواک کے نیچے ہو اور انگوٹھا مسواک کے سرے کے نیچے ہو اور باقی انگلیاں مسواک کے اوپر ہوں۔ (نہر الفائق)

مسئلہ: مسواک کرنے کا وقت وہی ہے جو کلی کرنے کا وقت ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: دانت کے اوپری طرف اور نیچے والی طرف چوڑائی کی سمت میں مسواک کی جانی چاہیے اور مسواک کا آغاز دائیں طرف سے کیا جائے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: جس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اگر اس نے مسواک کی تو وہ قے کر دے گا تو وہ شخص مسواک نہ کرے۔

مسئلہ: لیٹ کر مسواک کرنا مکروہ ہے۔ (سراج الوہاج)

### داڑھی کا خلال کرنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت داڑھی کا خلال کرنا ہے' قاضی خان نے ''الجامع الصغیر'' کی شرح میں یہ بات تحریر کی ہے: تین مرتبہ منہ دھو لینے کے بعد داڑھی کا خلال کرنا امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سنت ہے۔

مسئلہ: داڑھی کا خلال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نیچے کی جانب سے داڑھی میں انگلیاں داخل کر کے اوپر کی طرف لایا جائے گا اور خلال کیا جائے گا' یہ بات شمس الائمہ کردری نے بیان کی ہے۔ (مضمرات)

### انگلیوں کا خلال کرنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت انگلیوں میں خلال کرنا ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ انگلیوں کو دوسری انگلیوں میں اس طرح داخل کیا جائے کہ ان سے پانی ٹپک رہا ہو' اس بات پر اتفاق ہے کہ ایسا کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ (نہر الفائق)

Marfat.com

مسئلہ: وضو کے دوران انگلیوں میں خلال کرنا اس وقت سنت شمار ہوگا جب پہلے پانی ان انگلیوں کے درمیان پہنچ چکا ہو' لیکن اگر انگلیوں کے بند ہونے کی وجہ سے پانی وہاں تک نہ پہنچا ہو' تو اب یہ خلال کرنا واجب ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنی انگلیاں پانی میں داخل کر دیتا ہے' تو یہ بھی خلال کے قائم مقام ہو جائے گا۔

مسئلہ: ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کرتے ہوئے زیادہ بہتر طریقہ یہ ہے کہ انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کی جائیں جبکہ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرتے ہوئے مناسب یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے ذریعے خلال کرے اور دائیں پاؤں کی چھوٹی انگلی سے خلال شروع کر کے بائیں پاؤں کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔ (نہر الفائق)

## اعضاء کو تین مرتبہ دھونا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت یہ ہے کہ جن اعضاء کو دھونا فرض ہے' انہیں تین' تین مرتبہ دھویا جائے' یعنی منہ دونوں بازو اور پاؤں تین مرتبہ دھوئے جائیں۔ (محیط)

مسئلہ: ان اعضاء کو ایک مرتبہ مکمل دھونا فرض ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: صحیح مذہب کے مطابق انہیں دو مرتبہ دھونا سنت مؤکدہ ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اسے مکمل اور اچھی طرح دھونے کا مطلب یہ ہے کہ تمام عضو تک پانی پہنچ جائے اور اس پر بہہ بھی جائے اور اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنے دل کے اطمینان کے لیے یعنی ایسی حالت میں اسے شک واقع ہو رہا ہو' تین مرتبہ سے زیادہ ان اعضاء کو دھو لیتا ہے یا دوسری مرتبہ وضو کرنے کی نیت کر لیتا ہے' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (نہایہ' سراج الوہاج)

## پورے سر کا مسح کرنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت پورے سر کا ایک مرتبہ مسح کرنا ہے' یہ بات متون میں تحریر ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی عذر کے بغیر پورے سر کے مسح کرنے کو ہمیشہ ترک کیے رکھتا ہے' تو وہ گناہگار شمار ہوگا۔ (قنیہ)

## کانوں کا مسح کرنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت کانوں کا مسح کرنا ہے' آدمی کانوں کے آگے سے بھی مسح کرے گا اور پیچھے سے بھی مسح کرے گا اور اسی پانی کے ذریعے مسح کرے گا جس کے ذریعے سر کا مسح کیا ہے۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر آدمی کے سر کے مسح کرنے کے بعد اس کے ہاتھ میں تری باقی ہو' لیکن وہ کانوں کے مسح کے لیے نئے سرے سے پانی لے تو یہ بہتر ہوگا۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: کان کے پیچھے کی طرف انگوٹھے کے ذریعے اور کان کے اندرونی حصے میں شہادت کی انگلی کے ذریعے مسح کیا جائے گا۔ (سراج الوہاج)

Marfat.com

## وضو کی نیت کرنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت نیت کرنا بھی ہے۔

مسئلہ: وضو کی نیت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان یہ نیت کرے کہ میں اس وضو کے ذریعے اس عبادت کو ادا کروں گا جو طہارت کے بغیر ادا نہیں ہوتی ہے'یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انسان اس کے ذریعے عدم طہارت کو ختم کرنے کی نیت کرلے جو بے وضو ہونے کی حالت میں ہوتی ہے۔(تبیین الحقائق)

مسئلہ: نیت اس وقت کرنی چاہیے جس وقت انسان منہ دھوتا ہے اور نیت کا محل دل ہے' البتہ زبان سے نیت کے الفاظ ادا کرنا مستحب ہے۔(جوہرہ نیرہ)

## ترتیب اور موالات کا خیال رکھنا

مسئلہ: وضو کی ایک سنت یہ ہے کہ وضو میں مختلف اعضاء کو دھوتے ہوئے (اور مسح کرتے ہوئے) ان میں ترتیب کا خیال رکھا جائے' اس ترتیب کا اصول یہ ہے کہ اللہ نے جس چیز کا ذکر پہلے کیا ہے' اسے پہلے کیا جائے۔(تبیین)

مسئلہ: امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے وضو کے آغاز میں نیت کرنے' وضو کے دوران ترتیب اختیار کرنے اور پورے سر کے مسح کرنے کو مستحبات میں شمار کیا ہے جبکہ ہدایہ کے مصنف' محیط برہانی کے مصنف اور دیگر فقہاء نے اسے سنتوں میں شمار کیا ہے اور یہی قول درست ہے۔(معراج الدرایہ)

مسئلہ: وضو کی ایک سنت یہ ہے کہ اس میں موالات کا خیال رکھا جائے' اس سے مراد یہ ہے کہ ایک عضو کو دھونے کے فوراً بعد دوسرا عضو بھی دھولیا جائے اور فوراً بعد کی حد یہ ہوگی کہ معتدل موسم میں پہلے عضو کے خشک ہونے سے پہلے دوسرے عضو کو دھولیا جائے۔(جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: کسی عذر کے بغیر وضو میں تفریق کردینا یعنی کچھ اعضاء کو دھونے کے بعد تھوڑی دیر کے لیے ویسے ہی رہنا' پھر اس کے بعد باقی وضو کرنا یہ مکروہ ہے' لیکن اگر کوئی عذر آجاتا ہے یعنی پانی ختم ہوجاتا ہے اور یہ شخص پانی لینے چلا جاتا ہے یا اس طرح کی کوئی اور صورتِ حال پیش آتی ہے' تو پھر صحیح قول کے مطابق اس صورت میں مضائقہ نہیں ہوگا' غسل اور تیمم کے درمیان تفریق کردینے کا بھی یہی حکم ہوگا۔(سراج الوہاج)

# 68 - باب الْمَضْمَضَةِ وَالاِسْتِنْشَاقِ .

## باب: کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا

84 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ قَالَ رَاَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - تَوَضَّاَ فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ ثَلَاثًا فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ

Marfat.com

مَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِي ثُمَّ قَالَ "مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِي هٰذَا ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ فِيْهِمَا بِشَيْءٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔"

☆☆ حمران بن ابان بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' انہوں نے وضو کرتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈال کر انہیں تین مرتبہ دھویا' پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے دونوں بازوؤں کو دھویا' پہلے دائیں بازو کو کہنی تک تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں بازو کو کہنی تک تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنے سر کا مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے دائیں پاؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں پاؤں کو بھی اسی طرح دھویا' پھر یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے جیسے میں نے وضو کیا ہے' نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"'جو شخص اس طرح سے وضو کرنے کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے' جس کے دوران وہ اپنے خیالات میں گم نہ ہو جائے' تو اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی'۔

## شرح

وضو کے دوران کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے لیکن اس کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

احناف کے نزدیک وضو کے دوران کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنتِ مؤکدہ ہے اور اس عمل کے دوران پانچ چیزیں سنت ہیں:

(1) ترتیب کا خیال رکھنا (2) تین مرتبہ کلی کرنا اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا (3) ہر مرتبہ نئے سرے سے پانی لینا (4) دائیں ہاتھ سے پانی ناک یا منہ میں ڈالنا (5) جو شخص روزہ دار نہ ہو اس کا کلی کے دوران غرغرہ کرنا اور ناک میں پانی ڈالنے کے دوران نرم بانسے تک پانی پہنچانا۔

امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک ناک میں پانی ڈالنا اور کلی کرنا وضو اور غسل دونوں کے دوران سنت ہیں۔

خواجہ حسن بصری' لیث بن سعد' اوزاعی اور شافعی بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا' غسل جنابت کے دوران واجب ہیں اور وضو میں واجب نہیں ہیں۔

صاحبِ ہدایہ لکھتے ہیں' (وضو کے دوران) کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باقاعدگی سے ایسا کیا ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ تین مرتبہ کلی کی جائے گی جس کے دوران ہر مرتبہ نئے سرے سے پانی لیا جائے گا۔

کمال الدین ابن ہمام تحریر کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقے میں بائیس (۲۲) صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم

84-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء ثلاثًا ثلاثًا (الحديث 159)، و بـاب المضمضة في الوضوء (الحديث 164) و في الصيام، باب سواك الرطب و اليابس للصائم (الحديث 1934) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب صفة الوضوء و كماله (الحديث 3، 4) . و اكرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 106) . و اخرجه النسائي في الطهارة، بابي اليدين يتمضمض (الحديث 85)، وباب حد الغسل (الحديث 116) . تحفة الاشراف (9794) .

Marfat.com

اجمعین نے قولی و فعلی طور پر نقل کیا ہے (ان میں سے دو روایات درج ذیل ہیں)

(1) حضرت عبداللہ بن زید ان سے حدیثِ فعلی منقول ہے جس میں یہ بات ذکر ہے کہ تین تین مرتبہ چلو میں پانی لے کر کلی کی جائے گی اور ناک میں پانی ڈالا جائے گا اس کے علاوہ اس میں یہ بات بھی موجود ہے کہ سر کے مسح کے دوران نبی اکرم ﷺ ایک ہی مرتبہ ہاتھ آگے سے پیچھے کی طرف لے گئے اور پھر واپس آگے لے آئے۔

(ابن ہمام لکھتے ہیں) اس روایت کو صحاح ستہ کے مؤلفین نے نقل کیا ہے اور یہاں عبداللہ بن زید سے مراد حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم ہیں اس روایت کے بارے میں شیخ ابن عیینہ کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ ان سے مراد عبداللہ بن زید بن عبدا بر ہیں جنہوں نے اذان سے متعلق حدیث روایت کی ہے اور اس روایت میں جہاں دو مرتبہ مسح کرنے کا ذکر ہے اس سے مراد ایک ہی مسح کے دوران ہاتھ آگے سے پیچھے تک لے جانا اور پھر واپس آگے کی طرف لے آنا۔

(2) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ: ان سے حدیثِ فعلی منقول ہے جسے صحیحین (کے مؤلفین نے نقل کیا) ہے لیکن اس میں کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے دوران چلو کی تعداد کا ذکر نہیں ہے اور مسح کے دوران ہاتھ آگے سے پیچھے کی طرف لے جانے کا ذکر نہیں ہے۔

## 69 - باب بِاَيِّ الْيَدَيْنِ يَتَمَضْمَضُ .

### باب: دونوں میں سے کون سے ہاتھ سے کلی کی جائے؟

85 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ - هُوَ ابْنُ سَعِيْدِ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ دِيْنَارٍ الْحِمْصِيُّ عَنْ - شُعَيْبٍ - هُوَ ابْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ - عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ حُمْرَانَ اَنَّهُ رَاَى عُثْمَانَ دَعَا بِوَضُوْءٍ فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ مِنْ اِنَائِهِ فَغَسَلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَدْخَلَ يَمِيْنَهُ فِي الْوَضُوْءِ فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَّيَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ كُلَّ رِجْلٍ مِّنْ رِجْلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ "مَنْ تَوَضَّاَ مِثْلَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ بِشَيْءٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ."

☆☆ حمران بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کے لیے پانی منگوایا' پھر برتن میں سے اپنے دونوں پر پانی انڈیل کر تین مرتبہ دھویا' پھر اپنا دایاں ہاتھ پانی میں ڈال کر اس کے ذریعے کلی کی' ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا مسح کیا' پھر دونوں میں سے ایک پاؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو اسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے' پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص میرے اس وضو کی طرح وضو کرے گا اور پھر دو رکعت ادا کرے گا' جس کے درمیان وہ اپنے خیالوں میں گم نہ

85-تقديم في الطهارة، المضمضة و الا ستنشاق (الحديث 84) .

Marfat.com

نہ ہو جائے' تو اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دے گا''۔

## 70 - باب اتِّخَاذِ الْاِسْتِنْشَاقِ ۔

## باب: ناک میں پانی ڈالنا

86 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ مَعْنٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ فِىْ اَنْفِهٖ مَاءً ثُمَّ لِيَسْتَنْثِرْ ۔"

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص وضو کرے تو وہ اپنے ناک میں بھی پانی ڈال کر اسے صاف کیا کرے۔

### شرح

علامہ عینی لکھتے ہیں: استنشاق کا مطلب ناک میں پانی ڈالنا ہے۔اورقول کے مطابق استنشاق سے مراد یہ ہے پانی ناک کے بانسہ تک پہنچ جائے۔

جبکہ لفظ ''استنثار'' لفظ ''نثر'' سے ماخوذ ہے۔جس کا مطلب کسی چیز کو ظاہر کرنا ہے۔ایک قول کے مطابق ان دونوں کا مطلب ایک ہی ہے۔[1]

## 71 - باب الْمُبَالَغَةِ فِى الْاِسْتِنْشَاقِ ۔

## باب: ناک صاف کرنے میں مبالغہ کرنا

87 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ ح وَاَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطِ بْنِ صَبْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِىْ عَنِ الْوُضُوْءِ قَالَ "اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَبَالِغْ فِى الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا ۔"

☆☆ عاصم بن لقیط اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے وضو کے بارے میں بتائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اچھی طرح وضو کرو اور ناک کو اچھی طرح صاف کرو البتہ اگر تم روزے دار ہو (تو ایسا نہ کرنا)۔

---

[1] ملخص' عمدۃ القاری' کتاب الوضوء' باب: غسل الوجہ بالیدین

86-اخرجه البخاري في الوضوء ، باب الاستجمار و ترًا (الحديث 162) مطولاً ۔ و اخرجه مسلم في الطهارة ، باب الايتار في الاستنثار و الستجمار (الحديث 20) مطولاً ۔ و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة ، باب في الا ستنثار (الحديث 140) ۔ تحفة الاشراف (13689 و 13820) ۔

87-اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب في الاستنثار (الحديث 142و 143و 145) مطولًا، و في الصوم ، باب الصائم يصب عليه الماء من العطش و يبالغ في الاستنشاق (الحديث 2366) و في الحروف و القراء ات ، (الحديث 3973) ۔ و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في تخليل الاصابع (الحديث 38) و في الصوم ، باب ما جاء في كراهية مبالغة الا ستنشاق للصائم (الحديث 788) ۔ و الحديث عند: النسائي في الطهارة، الامر بتخليل الا صابع (الحديث 114) ۔ و ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب تخليل الاصابع (الحديث 448) ۔ تحفة الاشراف (11172) ۔

Marfat.com

## 72 - باب الْاَمْرِ بِالاِسْتِنْثَارِ .

### باب: ناک میں پانی ڈالنے کا حکم

88 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ تَوَضَّاَ فَلْيَسْتَنْثِرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص وضو کرے' وہ ناک میں بھی پانی ڈالا کرے اور جو شخص استنجاء کرے وہ طاق تعداد میں پتھر استعمال کرے۔

89 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يِسَافٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا تَوَضَّاْتَ فَاسْتَنْثِرْ وَاِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَاَوْتِرْ ."

☆☆ حضرت سلمہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب تم وضو کرو تو ناک میں بھی پانی ڈالو جب تم استنجاء کرو تو (طاق تعداد میں) پتھر استعمال کرو۔

## 73 - باب الْاَمْرِ بِالاِسْتِنْثَارِ عِنْدَ الْاِسْتِيْقَاظِ مِنَ النَّوْمِ .

### باب: نیند سے بیدار ہونے پر وقت ناک صاف کرنے کا حکم

90 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ الْمَكِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَهُ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّاَ فَلْيَسْتَنْثِرْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَبِيْتُ عَلٰى خَيْشُوْمِهٖ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو کر وضو کرے تو وہ تین مرتبہ ناک میں بھی پانی ڈالے' کیونکہ شیطان نے اس کے ناک میں رات بسر کی ہوتی ہے۔

## 74 - باب بِاَيِّ الْيَدَيْنِ يَسْتَنْثِرُ .

### باب: کون سے ہاتھ کے ذریعے ناک صاف کی جائے؟

88-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الستنثار في الوضوء (الحديث 161) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب الايتار في الاستنثار و الا ستجمار (الحديث 22) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المبالغة في الاستنشاق و الا ستنثار (الحديث 409) . تحفة الاشراف (13547) .

89-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المضمضة والاستنشاق (الحديث 27) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب المبالغة في الاستنشاق و الا ستنثار (الحديث 406) . و الحديث عند: النسائي في الطهارة ، باب الرخصة في الا ستطابة بحجر و احد (الحديث 43) . تحفة الاشراف (4556) .

90-اخرجه البخاري في بدء الخلق ، باب صفة، ابليس و جنوده (الحديث 3295) . واخرجه مسلم في الطهارة، باب الايتار في الاستنثار و الا ستجمار (الحديث 23) . تحفة الاشراف (14284) .

Marfat.com

91 - اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ دَعَا بِوَضُوْءٍ فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَنَثَرَ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى فَفَعَلَ هٰذَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰذَا طُهُوْرُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ انہوں نے وضو کا پانی منگوا کر کلی کی' ناک میں پانی ڈالا اور اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے ناک صاف کیا' ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا اور پھر بولے: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ ہے۔

## 75 - باب غَسْلِ الْوَجْهِ ۔

### باب: چہرے کو دھونا

92 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ اَتَيْنَا عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَقَدْ صَلّٰى فَدَعَا بِطَهُوْرٍ فَقُلْنَا مَا يَصْنَعُ بِهٖ وَقَدْ صَلّٰى مَا يُرِيْدُ اِلَّا لِيُعَلِّمَنَا فَاُتِيَ بِاِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ وَّطَسْتٍ فَاَفْرَغَ مِنَ الْاِنَاءِ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا مِّنَ الْكَفِّ الَّذِىْ يَاْخُذُ بِهِ الْمَآءَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا وَّغَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثًا وَّيَدَهُ الشِّمَالَ ثَلَاثًا وَّمَسَحَ بِرَاْسِهٖ مَرَّةً وَّاحِدَةً ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثًا وَّرِجْلَهُ الشِّمَالَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّعْلَمَ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ هٰذَا ۔

☆☆ عبد خیر بیان کرتے ہیں' ہم حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' وہ نماز ادا کر چکے تھے انہوں نے پانی منگوایا' ہم نے سوچا کہ یہ اس کے ذریعے کیا کریں گے؟ جبکہ یہ تو نماز ادا کر چکے ہیں' یہ ضرور ہمیں اس کی تعلیم دیں گے' ان کی خدمت میں ایک برتن لایا گیا جس میں پانی موجود تھا اور ایک طشت لایا گیا تو انہوں نے اس برتن میں سے دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیل کر انہیں تین مرتبہ دھویا' پھر تین مرتبہ کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا' ایسا انہوں نے اسی ہتھیلی سے کیا جس میں انہوں نے پانی لیا تھا' پھر انہوں نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور پھر اپنے دائیں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں بازو کو تین مرتبہ دھویا اور پھر اپنے سر کا مسح کیا' پھر دائیں پاؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں پاؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر ارشاد فرمایا: جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے طریقے کے بارے میں جان لے' تو وہ طریقہ یہ ہے۔

---

91-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة و ضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 111و 112 و 113) ۔ تحفة الاشراف (10203) ۔ و الحديث عند الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في وضوء النبي صلى الله عليه وسلم كيف كان (الحديث 49) و النسائي في اطهارة، باب غسل الوجه (الحديث 92)، و عدد غسل الوجه (الحديث 93) و غسل اليدين (الحديث 94) ۔

92-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة وضوء النبى صلى الله عليه وسلم (الحديث 111و 112و 113) ۔ و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في وضوء النبى صلى الله عليه وسلم كيف كان (الحديث 49) ۔ و اخرجه النسائي في الطهارة، عدد غسل الوجه (الحديث 93) غسل اليدين (الحديث 94) مختصراً ۔ والحديث عند: النسائى فى الطهارة، باي اليدين يستنثر (الحديث 91) ۔ تحفة الاشراف (10203) ۔

Marfat.com

# 76 - باب عَدَدِ غَسْلِ الْوَجْهِ .

## باب: چہرے کو دھونے کی تعداد

93 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ - وَهُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ - عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ اُتِيَ بِكُرْسِيٍّ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِتَوْرٍ فِيْهِ مَاءٌ فَكَفَاَ عَلٰى يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ بِكَفٍّ وَّاحِدٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَّغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَّاَخَذَ مِنَ الْمَآءِ فَمَسَحَ بِرَاْسِهِ -

وَاَشَارَ شُعْبَةُ مَرَّةً مِّنْ نَّاصِيَتِهِ اِلٰى مُؤَخَّرِ رَاْسِهِ - ثُمَّ قَالَ - لَا اَدْرِىْ اَرَدَّهُمَا اَمْ لَا - وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى طُهُوْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا طُهُوْرُهُ .

وَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا خَطَاٌ وَّالصَّوَابُ خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ لَيْسَ مَالِكَ بْنَ عُرْفُطَةَ .

☆☆ عبد خیر' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ان کے لیے تخت لایا گیا پھر وہ تشریف فرما ہوئے' پھر انہوں نے برتن منگوایا جس میں پانی موجود تھا' پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں پر تین مرتبہ پانی انڈیلا' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' انہوں نے ایک ہی مرتبہ چلّو میں پانی لے کر تین مرتبہ ایسا کیا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو تین' تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے پانی لے کر اپنے سر کا مسح کیا۔

یہاں شعبہ نامی راوی نے ایک مرتبہ اشارہ کرتے ہوئے بتایا: انہوں نے سر کی پیشانی سے لے کر سر کے پچھلے حصے تک مسح کیا' پھر راوی نے یہ بات بیان کی کہ مجھے یہ پتہ نہیں ہے' کہ وہ ہاتھوں کو واپس آگے کی طرف لائے تھے کہ نہیں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دونوں پاؤں کو تین مرتبہ دھویا اور یہ ارشاد فرمایا: جو شخص یہ بات پسند کرتا ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے طریقے کو جان سکے' تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ ہے۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہ غلط ہے' صحیح روایت وہ ہے' جو خالد بن علقمہ سے منقول ہے' مالک بن عرفطہ سے منقول نہیں ہے۔

### شرح

یہاں امام نسائی نے ایک راوی کے نام کی تصحیح کی ہے۔ یہ روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے۔ جسے ''عبد خیر'' نامی راوی نے نقل کیا۔ نقل کرنے والے راوی کا نام اس روایت کی سند میں مالک بن عرفطہ ہے۔ اور مالک سے شعبہ نے یہ روایت نقل کی ہے۔

امام نسائی فرماتے ہیں: شعبہ نے راوی کا یہی نام ذکر کیا ہے' لیکن اس میں شعبہ کو وہم ہوا ہے کیونکہ اس راوی کا اصل نام

93-تقديم في الطهارة، باب غسل الوجه (الحديث 92) .

Marfat.com

خالد بن عرفطہ ہے۔

اس راوی نے ''عبد خیر'' کے حوالے سے وضو کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے۔

اس راوی سے سفیان ثوری اور شعبہ نے روایات نقل کی ہیں۔

## 77 - باب غَسْلِ الْيَدَيْنِ .

### باب: دونوں بازوؤں کو دھونا

94 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّحُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ يَّزِيْدَ - وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ - قَالَ حَدَّثَنِيْ شُعْبَةُ عَنْ مَّالِكِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ شَهِدْتُ عَلِيًّا دَعَا بِكُرْسِيٍّ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فِيْ تَوْرٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ بِكَفٍّ وَّاحِدٍ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَّيَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ غَمَسَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَمَسَحَ بِرَاْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا وَضُوْؤُهُ .

☆☆ عبد خیر بیان کرتے ہیں' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' انہوں نے ایک کرسی منگوائی' پھر اس پر تشریف فرما ہو گئے' پھر انہوں نے ایک برتن میں پانی منگوایا' پھر انہوں نے اپنے ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' انہوں نے ایک ہی چلّو میں پانی لے کر تین مرتبہ ایسا کیا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنا ہاتھ برتن کے اندر ڈبویا' پھر انہوں نے اپنے سر کا مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے پاؤں تین مرتبہ دھوئے اور یہ بات ارشاد فرمائی: جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے طریقے کو دیکھ سکے' تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ ہے۔

## 78 - باب صِفَةِ الْوُضُوْءِ .

### باب: وضو کا طریقہ

95 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ شَيْبَةُ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ اَخْبَرَهُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَلِيٌّ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ قَالَ دَعَانِيْ اَبِيْ عَلِيٌّ بِوَضُوْءٍ فَقَرَّبْتُهُ لَهُ فَبَدَاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ اَنْ يُّدْخِلَهُمَا فِيْ وَضُوْئِهِ ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلَاثًا وَّاسْتَنْثَرَ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى كَذٰلِكَ ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ مَسْحَةً وَّاحِدَةً ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى كَذٰلِكَ ثُمَّ قَامَ قَائِمًا فَقَالَ نَاوِلْنِيْ فَنَاوَلْتُهُ الْاِنَاءَ الَّذِيْ فِيْهِ فَضْلُ وَضُوْئِهِ

94-تقديم في الطهارة، باب غسل الوجه (الحديث 92) .

95-اخرجه ابوداؤد في الطهارة ، باب صفة و ضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 117) تعليقًا مختصراً . تحفة الاشراف (10075) .

Marfat.com

فَشَرِبَ مِنْ فَضْلِ وَضُوْئِهِ قَائِمًا فَعَجِبْتُ فَلَمَّا رَآنِي قَالَ لَا تَعْجَبْ فَإِنِّي رَأَيْتُ اَبَاكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ مِثْلَ مَا رَأَيْتَنِي صَنَعْتُ يَقُوْلُ لِوُضُوْئِهِ هٰذَا وَشُرْبِ فَضْلِ وَضُوْئِهِ قَائِمًا .

☆☆ امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے والد حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' کہ ایک مرتبہ میرے والد حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے وضو کا پانی منگوایا' میں وہ لے کر آپ کے پاس آیا' تو انہوں نے وضو کرنا شروع کیا' پہلے انہوں نے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' انہوں نے وضو کے پانی میں ان کو داخل کرنے سے پہلے انہیں دھویا' پھر انہوں نے تین مرتبہ کلی کی' پھر انہوں نے تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنے دائیں بازو کو تین مرتبہ دھویا پھر بائیں بازو کو اسی طرح دھویا' پھر انہوں نے ایک مرتبہ سر کا مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے پاؤں کو ٹخنوں تک اسی طرح دھویا' پھر بائیں پاؤں کو اسی طرح دھویا' پھر وہ کھڑے ہوئے اور بولے: یہ مجھے پکڑاؤ' میں نے وہ برتن انہیں پکڑا دیا جس میں ان کا بچا ہوا وضو کا پانی موجود تھا' تو انہوں نے اپنے وضو کے بچے ہوئے پانی میں سے پانی پی لیا اور کھڑے ہو کر پیا' مجھے اس بات پر بہت حیرانگی ہوئی' انہوں نے مجھے دیکھا تو فرمایا: تم اس بات پر حیران نہ ہو' تمہارے نانا جان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے' جس طرح تم نے مجھے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) انہوں نے اپنے وضو کے طریقے کے بارے میں اور وضو کے بچے ہوئے پانی کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی تھی۔

## 79 - باب عَدَدِ غَسْلِ الْيَدَيْنِ .

### دونوں بازوؤں کو دھونے کی تعداد

96 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي حَيَّةَ - وَهُوَ ابْنُ قَيْسٍ - قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - تَوَضَّاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ حَتّٰى اَنْقَاهُمَا ثُمَّ تَمَضْمَضَ ثَلَاثًا وَّاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَّغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَّغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ قَامَ فَاَخَذَ فَضْلَ طَهُوْرِهٖ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ اَحْبَبْتُ اَنْ اُرِيَكُمْ كَيْفَ طَهُوْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ ابوحیہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کیا' تو دونوں ہاتھوں کو دھو کر اچھی طرح صاف کیا' پھر تین مرتبہ کلی کی' پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا اور پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے اپنے سر کا مسح کیا' پھر پاؤں کو ٹخنوں تک دھویا' پھر وہ کھڑے ہوئے اور اپنے وضو کے بچے ہوئے پانی کو

96-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة و ضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 116) تعليقًا مختصراً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في وضوء النبي صلى الله عليه وسلم كيف كان (الحديث 48) . و اخرجه النسائي في الطهارة، عدد غسل الرجلين (الحديث 115) . تحفة الاشراف (10321) .

Marfat.com

کھڑے ہو کر پی لیا، پھر انہوں نے یہ بات ارشاد فرمائی: میری یہ خواہش ہوئی کہ میں تم لوگوں کو یہ بات دکھاؤں کہ نبی اکرم ﷺ اس طرح وضو کیا کرتے تھے۔

## 80 - باب حَدِّ الْغَسْلِ .

## باب: دونوں بازوؤں کو دھونے کی حد

97 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ - وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَدُّ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى - هَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُرِيَنِي كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ نَعَمْ . فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهُ بِيَدَيْهِ فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ بَدَاَ بِمُقَدَّمِ رَاْسِهِ ثُمَّ ذَهَبَ بِهِمَا اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى رَجَعَ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ بَدَاَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ .

☆☆ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا، جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی تھے اور یہ عمرو بن یحییٰ کے دادا ہیں، (انہوں نے کہا:) کیا آپ مجھے کر کے دکھا سکتے ہیں، کہ نبی اکرم ﷺ کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ تو حضرت عبداللہ بن زید نے فرمایا: جی ہاں! پھر انہوں نے وضو کا پانی منگوایا، پھر انہوں نے اُسے دونوں ہاتھوں پر ڈال کر دونوں ہاتھوں کو دو، دو مرتبہ دھویا، پھر انہوں نے کلی کی، پھر ناک میں پانی ڈالا، انہوں نے ایسا تین مرتبہ کیا، پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا، پھر اپنے دونوں بازوؤں کو دو، دو مرتبہ کہنیوں تک دھویا، پھر دونوں ہاتھوں سے اپنے سر کا مسح کرتے ہوئے آگے سے پیچھے کی طرف لے گئے پھر پیچھے سے آگے کی طرف لے کر آئے، یعنی سر کے آگے والے حصے سے پیچھے گدی تک لے کر گئے اور پھر واپس اسی جگہ پر لے کر آئے جہاں پر انہوں نے مسح کا آغاز کیا تھا، پھر انہوں نے اپنے دونوں پاؤں دھو لیے۔

97-اخرجه البخاري في الوضوء، باب مسح الراس كله (الحديث 185) و باب غسل الرجلين الى الكعبين (الحديث 186)، و باب من مضمض و استنشق من غرفة واحدة (الحديث 191) مختصرًا ، وباب مسح الراس مرة (الحديث 192)، وباب الغسل و الوضوء في المخضب و القدح و الخشب و الحجارة (الحديث 197) مختصرًا، و باب الوضوء من التور (الحديث 199) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب في وضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 18) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 118 و119) . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب المضمضة و الا ستنشاق من كفِ و احدة (الحديث 28) مختصرًا، وباب ماجاء في مسح الراس انه يبدا بمقدم الراس الى موخره (الحديث 32)، وباب ماجاء فكيمن يتوضا بعد و ضوئه مرتين (الحديث 47) مختصراً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب صفة مسح الراس (الحديث 98)، و عدد مسح الراس (الحديث 99) مختصراً . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في مسح الراس (الحديث 434) . و الحديث عند: ابي داؤد في الطهارة، باب الوضوء في انية الصفر (الحديث 100) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المضمضة والاستنشاق من كف واحد (الحديث 405)، و باب الوضوء بالصفر (الحديث 471) . تحفة الاشراف (5308) .

Marfat.com

## 81 - باب صِفَةِ مَسْحِ الرَّأْسِ .

## باب: سر کا مسح کرنے کا طریقہ

98 - اَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مَّالِكٍ - هُوَ ابْنُ اَنَسٍ - عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ - وَهُوَ جَدُّ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى - هَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُرِيَنِيْ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ نَعَمْ . فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدِهِ الْيُمْنٰى فَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهٗ بِيَدَيْهِ فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ بَدَاَ بِمُقَدَّمِ رَاْسِهٖ ثُمَّ ذَهَبَ بِهِمَا اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى رَجَعَ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ بَدَاَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ .

☆☆ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے جو عمرو بن یحییٰ کے دادا ہیں' یہ کہا: کیا آپ مجھے یہ کر کے دکھا سکتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کیا کرتے تھے؟ تو حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! پھر انہوں نے وضو کا پانی منگوایا' پھر انہوں نے اسے اپنے دائیں ہاتھ پر بہایا' پھر انہوں نے وضو کا پانی منگوایا' پھر اسے اپنے دائیں ہاتھ پر بہا کر دو مرتبہ دھویا' پھر انہوں نے کلی کی' پھر انہوں نے ناک میں پانی ڈالا' ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا' پھر انہوں نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو دو' دو مرتبہ کہنیوں تک دھویا' پھر انہوں نے دونوں ہاتھوں کے ذریعے اپنے سر کا مسح کیا' پہلے ہاتھ آگے سے پیچھے کی طرف لے کر گئے' پھر پیچھے سے آگے کی طرف لے کر آئے' انہوں نے سر کے آگے والے حصے سے آغاز کیا' پھر دونوں ہاتھوں کو پیچھے گدی تک لے گئے اور پھر واپس اسی جگہ پر لے آئے جہاں سے انہوں نے مسح کا آغاز کیا تھا' پھر انہوں نے دونوں پاؤں دھو لیے۔

### شرح

امام طحاوی فرماتے ہیں: ہمارے اصحاب (فقہاء احناف) فرماتے ہیں: (سر کا) مسح ایک مرتبہ کیا جائے گا۔

امام مالک' سفیان ثوری' حسن حی' امام اوزاعی بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام شافعی فرماتے ہیں: (سر پر) تین مرتبہ مسح کیا جائے گا۔

ہمارے فقہاء یہ فرماتے ہیں: اگر آدمی (صرف) چوتھائی سر کا مسح کرلے تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا۔

آدمی سر کے اگلے حصے سے مسح کا آغاز کرے گا اور پیچھے تک (ہاتھ) لے جائے گا۔

حسن بن حی فرماتے ہیں: سر کے پچھلے حصے سے آغاز کرے گا۔

امام مالک فرماتے ہیں: پورے سر کا مسح کرنا فرض ہے۔ اگر کوئی شخص سر کا کچھ حصہ چھوڑ دیتا ہے' تو یہ بالکل اسی طرح ہوگا

---

98-تقديم في الطهارة، باب حد الغسل (الحديث 97) .

Marfat.com

جیسے وہ (وضو میں) منہ دھوتے ہوئے منہ کا کچھ حصہ چھوڑ دے۔

امام اوزاعی اور لیث بن سعد فرماتے ہیں: (صرف) سر کے اگلے حصے پر مسح کیا جائے گا۔

امام شافعی فرماتے ہیں: سر کے کچھ حصے کا مسح کرنا فرض ہے۔

تاہم انہوں نے اس کی کوئی حد مقرر نہیں کی ہے[1]

# 82 - باب عَدَدِ مَسْحِ الرَّأْسِ ۔

## باب: سر کے مسح کی تعداد

99 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ - الَّذِیْ اُرِیَ النِّدَاءَ - قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا وَّيَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ مَرَّتَيْنِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ مَرَّتَيْنِ ۔

☆☆ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: یہ وہی صحابی ہیں، جن کو اذان دینے کا طریقہ دکھایا گیا تھا، وہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرۂ مبارک کو تین مرتبہ دھویا، دونوں بازوؤں کو دو، دو مرتبہ دھویا، دونوں پاؤں کو دو مرتبہ دھویا اور اپنے سر پر دو مرتبہ مسح کیا۔

شرح

### وضو کے مکروہات

(۱) سختی سے منہ پر پانی مارنا۔

(۲) بائیں ہاتھ سے کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا اور دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا، لیکن یہ شرط ہے کہ یہ کسی عذر کے بغیر ہو۔

مسئلہ: ہر مرتبہ نئے سرے سے پانی لے کر تین مرتبہ مسح کرنا۔

مسئلہ: وضو کر لینے کے بعد تولیے یا رومال کے ذریعے سے اعضاء کو خشک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اپنے لیے کوئی ایسا برتن مخصوص کر لینا کہ دوسرا اس کے ساتھ وضو نہ کر سکے، یہ مکروہ ہے، اسی طرح مسجد میں اپنے لیے کوئی جگہ مخصوص کر لینا بھی مکروہ ہے۔ (الوجیز للکردری)

•••——•••——•••

---

[1] مختصر اختلاف العلماء، الجزء: 1، (مسألة) فی عدد مسح الرأس وصفته

99-تقديم في الطهارة، باب حد الغسل (الحديث 97).

Marfat.com

## 83 - باب مَسْحِ الْمَرْاَةِ رَاْسَهَا .

### باب: عورت کا اپنے سر پر مسح کرنا

100 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ جُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ سَالِمٌ سَبَلَانُ قَالَ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَسْتَعْجِبُ بِاَمَانَتِهٖ وَتَسْتَاْجِرُهٗ فَاَرَتْنِىْ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ فَتَمَضْمَضَتْ وَاسْتَنْثَرَتْ ثَلَاثًا وَّغَسَلَتْ وَجْهَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَتْ يَدَهَا الْيُمْنٰى ثَلَاثًا وَّالْيُسْرٰى ثَلَاثًا وَّوَضَعَتْ يَدَهَا فِىْ مُقَدَّمِ رَاْسِهَا ثُمَّ مَسَحَتْ رَاْسَهَا مَسْحَةً وَّاحِدَةً اِلٰى مُؤَخَّرِهٖ ثُمَّ اَمَرَّتْ يَدَيْهَا بِاُذُنَيْهَا ثُمَّ مَرَّتْ عَلَى الْخَدَّيْنِ

قَالَ سَالِمٌ كُنْتُ اٰتِيْهَا مُكَاتَبًا مَّا تَخْتَفِىْ مِنِّىْ فَتَجْلِسُ بَيْنَ يَدَىَّ وَتَتَحَدَّثُ مَعِىْ حَتّٰى جِئْتُهَا ذَاتَ يَوْمٍ فَقُلْتُ ادْعِىْ لِىْ بِالْبَرَكَةِ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ . قَالَتْ وَمَا ذَاكَ قُلْتُ اَعْتَقَنِى اللّٰهُ . قَالَتْ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ . وَاَرْخَتِ الْحِجَابَ دُوْنِىْ فَلَمْ اَرَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ .

☆☆ ابوعبداللہ سالم بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان کی ایمانداری سے بہت خوش تھیں' اس لیے انہیں مزدوری کے لیے کام مہیا کرتی تھیں' ایک مرتبہ انہوں نے یہ کر کے دکھایا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وضو کس طرح سے کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے تین مرتبہ کلی کی' ناک میں پانی ڈالا' اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' دائیں بازو کو تین مرتبہ دھویا' بائیں بازو کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنا ہاتھ سر کے آگے والے حصے پر رکھا اور اسے سر کے پیچھے آخری حصے تک لے گئیں' انہوں نے ایک مرتبہ مسح کیا' پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کو کانوں پر پھیرا۔

سالم نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں ان کی خدمت میں ایک مکاتب غلام کے طور پر رہتا تھا' اس لیے وہ مجھ سے پردہ نہیں کیا کرتی تھیں اور میرے ساتھ گفتگو کر لیا کرتی تھیں' ایک مرتبہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! آپ میرے لیے برکت کی دعا کریں' انہوں نے دریافت کیا: کیا ہوا ہے؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے مجھے آزادی نصیب کر دی ہے' تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت نصیب کرے' پھر انہوں نے میرے اور اپنے درمیان پردہ کر لیا' اس دن کے بعد میں نے کبھی بھی انہیں نہیں دیکھا۔

## 84 - باب مَسْحِ الْاُذُنَيْنِ .

### باب: دونوں کانوں کا مسح کرنا

101 - اَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ اَيُّوْبَ الطَّالَقَانِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ

100-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (16093) .

Marfat.com

وَاسْتَنْشَقَ مِنْ غَرْفَةٍ وَّاحِدَةٍ وَّغَسَلَ وَجْهَهُ وَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّةً مَّرَّةً وَّمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ مَرَّةً ـ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ وَّاَخْبَرَنِىْ مَنْ سَمِعَ ابْنَ عَجْلَانَ يَقُوْلُ فِىْ ذٰلِكَ وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ـ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں' یاد ہے' کہ آپ نے وضو کرتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو دھویا' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' یہ آپ نے ایک ہی چلّو کے ذریعے کیا' پھر آپ نے اپنے چہرۂ مبارک کو دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو ایک ایک مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا اپنے کانوں کا ایک مرتبہ مسح کیا۔

ایک راوی نے یہاں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: پھر آپ نے اپنے دونوں پاؤں دھوئے۔

## شرح

امام طحاوی فرماتے ہیں: ہمارے فقہاء فرماتے ہیں: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔ ان کے آگے والے اور پیچھے والے حصے پر مسح کیا جائے گا۔

سفیان ثوری بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام اوزاعی فرماتے ہیں: یہ دونوں سر کا حصہ ہیں' ان کے ظاہری اور باطنی حصے پر مسح کیا جائے گا۔

اشہب نے امام مالک کا یہ قول نقل کیا ہوے۔ دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔

ابن القاسم نے بھی اسی کی مانند روایت نقل کی ہے۔ تاہم اس میں یہ اضافہ کیا ہے:

''جس پانی سے سر کا مسح کیا گیا تھا' اس کے علاوہ دوسرا پانی ے کران پر مسح کیا جائے گا' امام شافعی فرماتے ہیں: (کانوں پر مسح کے لیے) نئے سرے سے پانی لیا جائے گا اور یہ دونوں اپنی مخصوص حیثیت رکھتے ہیں۔ نہ یہ چہرے میں شامل ہیں۔ نہ سر کا حصہ ہیں۔ امام حسن بن حیی فرماتے ہیں: کانوں کے اندرونی حصے کو چہرے کے ساتھ دھویا جائے گا اور ان کے ظاہری حصے کا سر کے ساتھ مسح کیا جائے گا۔[1]

## 85 - باب مَسْحِ الْاُذُنَيْنِ مَعَ الرَّاْسِ وَمَا يُسْتَدَلُّ بِهٖ عَلٰى اَنَّهُمَا مِنَ الرَّاْسِ ـ

باب: سر کے ساتھ دونوں کانوں کا مسح کرنا اور یہ جو دلیل پیش کی جاتی ہے ''دونوں کان' سر کا حصہ ہیں''

102 - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَرَفَ غَرْفَةً فَمَضْمَضَ

101-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء موتين (الحديث 137) مطولاً ـ و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في مسح الاذنين ظاهر هما و باطنهما (الحديث 36) مختصراً ـ و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ماجاء في مسح الاذنين (الحديث 439) بمعناه مختصراً ـ و الحديث عند: البخاري في الوضوء، باب غسل الوجه باليدين من غرفة و احدة (الحديث 140) ـ و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المضمضة والاستنشاق من كف و احد (الحديث 403) ـ تحفة الاشراف (5978) ـ

[1] مختصر اختلاف العلماء' الجزء: 1' (مسألة) فی الاذنین

102-تقديم في الطهارة، مسح الا ذنين (الحديث 101) ـ

Marfat.com

وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَرَفَ غَرْفَةً فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثُمَّ غَرَفَ غَرْفَةً فَغَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى ثُمَّ غَرَفَ غَرْفَةً فَغَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ بَاطِنِهِمَا بِالسَّبَّاحَتَيْنِ وَظَاهِرِهِمَا بِاِبْهَامَيْهِ ثُمَّ غَرَفَ غَرْفَةً فَغَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى ثُمَّ غَرَفَ غَرْفَةً فَغَسَلَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے ایک چلّو میں پانی لے کر اس کے ذریعے کلی کی' آپ نے ناک میں پانی ڈالا' پھر ایک مرتبہ چلّو میں پانی لے کر اپنے دائیں بازو کو دھویا' پھر ایک مرتبہ چلّو میں پانی لے کر اپنے بائیں بازو کو دھویا۔ پھر آپ نے اپنے سر مبارک کا مسح کیا اور دونوں کانوں کے اندرونی حصے میں شہادت کی انگلی کے ذریعے اور بیرونی حصے میں انگوٹھے کے ذریعے مسح کیا' پھر آپ نے چلّو میں پانی لے کر اس کے ذریعے اپنے دائیں پاؤں کو دھویا' پھر چلّو میں پانی لے کر اپنے بائیں پاؤں کو دھویا۔

103 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ وَعُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ فَتَمَضْمَضَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ فِيْهِ فَاِذَا اسْتَنْثَرَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَنْفِهِ فَاِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ وَّجْهِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَشْفَارِ عَيْنَيْهِ فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ يَدَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ يَدَيْهِ فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ رَّاْسِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ اُذُنَيْهِ فَاِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ رِجْلَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ رِجْلَيْهِ ثُمَّ كَانَ مَشْيُهُ اِلَى الْمَسْجِدِ وَصَلَاتُهُ نَافِلَةً لَهُ ." قَالَ قُتَيْبَةُ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ .

☆☆ حضرت عبداللہ صنابحی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب مؤمن وضو کرتا ہوا کلی کرتا ہے' تو اس کے منہ میں سے اس کے گناہ نکل جاتے ہیں' پھر وہ ناک میں پانی ڈالتا ہے' تو اس کی ناک میں سے گناہ نکل جاتے ہیں' پھر جب وہ اپنے چہرے کو دھوتا ہے' تو اس کے چہرے میں سے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کی دونوں آنکھوں کی پلکوں سے بھی گناہ نکل جاتے ہیں' پھر جب وہ اپنے دونوں بازو دھوتا ہے' تو اس کے دونوں بازوؤں میں سے اس کے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے ہاتھوں کے ناخنوں کے نیچے سے بھی نکل جاتے ہیں' جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے' اس کے سر میں سے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے دونوں کانوں میں سے بھی نکل جاتے ہیں' پھر جب وہ اپنے دونوں پاؤں دھوتا ہے' تو دونوں پاؤں میں سے گناہ نکل جاتے ہیں' یہاں تک کہ اس کے پاؤں کے ناخنوں میں سے بھی نکل جاتے ہیں' پھر جب وہ چل کر مسجد کی طرف جاتا ہے' وہاں نماز ادا کرتا ہے' تو یہ اس کے لیے مزید ثواب کے حصول کا باعث بنتا ہے۔

103-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب ثواب الطهور (الحديث 282) . تحفة الاشراف (9677) .

Marfat.com

## 86 - باب الْمَسْحِ عَلَى الْعِمَامَةِ ۔

### باب: عمامہ پر مسح کرنا

104 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ ح وَاَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنْ بِلَالٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ ۔

☆☆ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دونوں موزوں پر اور چادر پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

105 - وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْجَرَائِيُّ عَنْ طَلْقِ بْنِ غَنَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنْ بِلَالٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ ۔

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

106 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ بِلَالٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخِمَارِ وَالْخُفَّيْنِ ۔

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چادر اور موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## 87 - باب الْمَسْحِ عَلَى الْعِمَامَةِ مَعَ النَّاصِيَةِ ۔

### باب: پیشانی کے ساتھ عمامہ پر مسح کرنا

107 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ

104-اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الناصية و العمامة (الحديث 84) . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المسح على العمامة (الحديث 101) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المسح على العمامة (الحديث 561) . تحفة الاشراف (2047) .

105-انفردبه النسائي . تحفة الاشراف (2032) .

106-انفردبه النسائي . تحفة الاشراف (2043) .

107-اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الناصية و العمامة (الحديث 82 و 83) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 150) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المسح على العمامة (الحديث 100) تعليقًا مختصراً . و الحديث عند: الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المسح على العمامة (الحديث 100) . تحفة الاشراف (11494) .

Marfat.com

فَمَسَحَ نَاصِيَتَهُ وَعِمَامَتَهُ وَعَلَى الْخُفَّيْنِ . قَالَ بَكْرٌ وَّقَدْ سَمِعْتُهُ مِنِ ابْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ .

☆☆ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے اپنی پیشانی اور عمامہ پر بھی مسح کیا اور موزوں پر بھی مسح کیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

108 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيّ وَّحُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ يَزِيْدَ - وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ - قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ تَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَخَلَّفْتُ مَعَهُ فَلَمَّا قَضٰى حَاجَتَهُ قَالَ "اَمَعَكَ مَاءٌ ." فَاَتَيْتُهُ بِمِطْهَرَةٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثُمَّ ذَهَبَ يَحْسُرُ عَنْ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَ كُمُّ الْجُبَّةِ فَاَلْقَاهُ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ فَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ وَمَسَحَ بِنَاصِيَتِهِ وَعَلَى الْعِمَامَةِ وَعَلٰى خُفَّيْهِ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ سفر کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں سے پیچھے ہو گئے' آپ کے ساتھ میں بھی پیچھے ہو گیا' پھر آپ نے قضائے حاجت کی' واپس آ کر آپ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ تو میں آپ کے پاس وضو کا برتن لے کر آیا' آپ نے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے' اپنے چہرے کو دھویا' پھر آپ اپنے بازو دھونے لگے تو آپ انہیں باہر نہیں نکال سکے' کیونکہ اس (جبہ) کی آستینیں تنگ تھیں' آپ نے کندھے کے پاس سے انہیں باہر نکالا اور پھر دونوں بازوؤں کو دھویا' پھر آپ نے پیشانی کا اور عمامہ کا مسح کیا اور اپنے دونوں موزوں کا بھی مسح کیا۔

## 88 - باب كَيْفَ الْمَسْحِ عَلَى الْعِمَامَةِ

### باب: عمامہ پر کیسے مسح کیا جائے؟

109 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ وَهْبٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ قَالَ خَصْلَتَانِ لَا اَسْاَلُ عَنْهُمَا اَحَدًا بَعْدَ مَا شَهِدْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ - كُنَّا مَعَهُ فِيْ سَفَرٍ فَبَرَزَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ جَاءَ فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ بِنَاصِيَتِهِ وَجَانِبَيْ عِمَامَتِهِ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ قَالَ وَصَلَاةُ الْاِمَامِ خَلْفَ الرَّجُلِ مِنْ رَّعِيَّتِهِ فَشَهِدْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاحْتَبَسَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقَامُوا الصَّلَاةَ وَقَدَّمُوا ابْنَ عَوْفٍ فَصَلّٰى بِهِمْ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى خَلْفَ ابْنِ عَوْفٍ

108-اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الناصية و العمامة (الحديث 81) . و الحديث عند: مسلم في الصلاة، باب تقديم الجماعة من يصلي بهم اذا تاخر الامام و لم يخافوا مفسدة بالتقديم (الحديث 105) . و النسائي في الطهارة، باب المسح على الخفين في السفر (الحديث 125) . تحفة الاشراف (11495) .

109-انفرد به النسائي . و ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في ماجاء في صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم خلف رجل من امته (الحديث 1236) . تحفة الاشراف (11521) .

Marfat.com

مَا بَقِيَ مِنَ الصَّلَاةِ فَلَمَّا سَلَّمَ ابْنُ عَوْفٍ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضٰى مَا سُبِقَ بِهٖ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دو کام ایسے ہیں جن کے بارے میں' میں کسی سے بھی سوال نہیں کروں گا' جبکہ میں نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے' ایک مرتبہ ہم لوگ آپ کے ساتھ سفر کر رہے تھے' اسی دوران آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' (بعد میں) آپ نے وضو کرتے ہوئے اپنی پیشانی پر اور عمامہ کی دونوں جانب مسح کیا اور آپ نے اپنے موزوں پر بھی مسح کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' حاکم وقت اپنی رعایا کے پیچھے بھی نماز ادا کر سکتا ہے۔ (حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں') میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھا کہ نماز کا وقت ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں تک نہیں پہنچ سکے' ان لوگوں نے نماز کے لیے اقامت کہہ دی اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو آگے کر دیا تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھانی شروع کی تو اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں باقی رہ جانے والی نماز ادا کی' جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے سلام پھیر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور جو نماز پہلے گزر چکی تھی' آپ نے وہ ادا کی۔

## شرح

امام طحاوی تحریر کرتے ہیں: ہمارے اصحاب (امام ابوحنیفہ' امام ابویوسف' امام محمد) امام مالک' حسن بن حیی' امام شافعی فرماتے ہیں: عمامہ پر مسح نہیں کیا جائے گا' نہ ہی چادر پر مسح کیا جائے گا۔

سفیان ثوری اور امام اوزاعی فرماتے ہیں: عمامہ پر مسح کیا جا سکتا ہے۔[1]

حنابلہ عمامہ پر مسح کے جواز کے قائل ہیں' کیونکہ مختلف روایات میں عمامہ پر مسح کرنے کے بارے میں منقول ہے۔

حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت انس' حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہم اس بات کے قائل ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول منقول ہے۔

''جس شخص کو عمامہ پر مسح کر کے طہارت حاصل نہیں ہوئی اللہ تعالیٰ اسے پاک نہ کرے'' (حنابلہ کے نزدیک) عمامہ کے اکثر حصے پر مسح کرنا واجب ہے' کیونکہ موزہ کی طرح یہ بھی بدل کی حیثیت رکھتا ہے۔ عمامہ کے درمیان میں (سر کے اوپری حصے پر) مسح کرنے کی بجائے اس کے اطراف کے پیچ پر مسح کیا جائے گا' کیونکہ وہ موزے کے زیریں حصے کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔[2]

---

[1] مختصر اختلاف العلماء' الجزء: 1' (مسألة) فی المسح علی العمامة

[2] ملخص' الفقه الاسلامی وادلته' الباب الاول' الطهارات' الفصل الرابع' الوضوء وما يتبعه

Marfat.com

# 89 - باب اِيجَابِ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ .

## باب: دونوں پاؤں دھونا فرض ہے

110 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ شُعْبَةَ ح وَاَنْبَانَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَيْلٌ لِّلْعَقِبِ مِنَ النَّارِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
"بعض ایڑیوں کے لئے جہنم کی بربادی ہے"۔

111 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَنْبَانَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يِسَافٍ عَنْ اَبِيْ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا يَتَوَضَّئُوْنَ فَرَاَى اَعْقَابَهُمْ تَلُوْحُ فَقَالَ "وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ان کی ایڑیوں کے کچھ حصے خشک ہیں تو آپ نے ارشاد فرمایا:
بعض ایڑیوں کے لیے جہنم کی بربادی ہے' تم لوگ اچھی طرح وضو کیا کرو"۔

# 90 - باب بِاَيِّ الرِّجْلَيْنِ يَبْدَاُ بِالْغَسْلِ

## باب: دونوں پاؤں میں سے کون سے پاؤں کو پہلے دھویا جائے؟

112 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِي الْاَشْعَثُ قَالَ

110-اخرجه البخاري في الوضوء، باب غسل الاعقاب (الحديث 165) . مطولاً . و اخرجه مسلم في الطهارة ، باب و جوب غسل الرجلين بكمالهما (الحديث 29) . تحفة الاشراف (14381) .

111-اخرجه مسلم في الطهارة، باب وجوب غسل الرجلين بكمالهما (الحديث 26) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في اسباغ الوضوء (الحديث 97) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة ، باب غسل العراقيب (الحديث 450) . والحديث عند : النسائي في الطهارة، الامر باسباغ الوضوء (142) . تحفة الاشراف (8936) .

112-اخرجه البخاري في الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل (الحديث 168)، و في الصلاة، باب التيمن في دخول المسجد وغيره (الحديث 446)، في الاطعمة، باب التيمن في الا كل وغيره، (الحديث 5380) و في اللباس ، باب يبدأ بالنعل اليمنى (الحديث 5854)، باب الترجيل و التيمن فيه (الحديث 5926) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب التيمن في الطهور وغيره (الحديث 66 و 67) . و اخرجه ابوداؤد في اللباس ، باب في الانتعال (الحديث 4140) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما يستحب من التيمن في الطهور (الحديث 608) . واخرجه الترمذي ايضًا في الشمائل، باب ما جاء في نعل رسول صلى الله عليه وسلم (الحديث 80) . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب التيمن في الطهور (419)، و في الزينة، التيامن في الترجل (الحديث 5255)، واخرجه ابن ماجه في الطهارة وسننها، باب التيمن في الوضوء (الحديث 401) . تحفة الاشراف (17657) .

Marfat.com

سَمِعْتُ اَبِیْ يُحَدِّثُ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا وَذَكَرَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّ التَّيَامُنَ مَا اسْتَطَاعَ فِیْ طُهُوْرِهٖ وَنَعْلِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ .

قَالَ شُعْبَةُ ثُمَّ سَمِعْتُ الْاَشْعَثَ بِوَاسِطٍ يَّقُوْلُ يُحِبُّ التَّيَامُنَ فَذَكَرَ شَانَهٗ كُلَّهٗ ثُمَّ سَمِعْتُهٗ بِالْكُوْفَةِ يَقُوْلُ يُحِبُّ التَّيَامُنَ مَا اسْتَطَاعَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات ذکر کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاں تک ہوسکتا تھا' وضو کرنے میں' جوتا پہننے میں' کنگھی کرنے میں دائیں طرف سے آغاز کیا کرتے تھے۔

یہاں پر روایت کے الفاظ نقل کرنے میں بعض راویوں نے اختلاف کیا ہے۔

## 91 - باب غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ بِالْيَدَيْنِ .

### باب: دونوں ہاتھوں کے ذریعے پاؤں دھونا

113 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْمَدَنِیُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ - يَعْنِیْ عُمَارَةَ - قَالَ حَدَّثَنِی الْقَيْسِیُّ اَنَّهٗ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَاُتِیَ بِمَآءٍ فَقَالَ عَلٰی يَدَيْهِ مِنَ الْاِنَآءِ فَغَسَلَهُمَا مَرَّةً وَّغَسَلَ وَجْهَهٗ وَذِرَاعَيْهِ مَرَّةً مَّرَّةً وَّغَسَلَ رِجْلَيْهِ بِيَمِيْنِهٖ كِلْتَيْهِمَا .

☆☆ حضرت قیسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' پانی لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن میں سے دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیلا' پھر انہیں ایک مرتبہ دھویا' پھر آپ نے اپنا چہرہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو ایک ایک مرتبہ دھویا' پھر آپ نے اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے دونوں پاؤں کو دھویا۔

## 92 - باب الْاَمْرِ بِتَخْلِيْلِ الْاَصَابِعِ .

### باب: انگلیوں کا خلال کرنے کا حکم

114 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِیْ يَحْيَی بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ وَّكَانَ يُكْنٰی اَبَا هَاشِمٍ ح وَاَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ هَاشِمٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا تَوَضَّاْتَ فَاَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ ."

113-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (15648) .

114-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الاستنثار (الحديث 142 و 143 و 144) مطولًا، و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في تخليل الاصابع (الحديث 38) مختصرًا، و في الصوم، باب ما جاء في كراهية مبالغة الاستنشاق للصائم (الحديث 788) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها (الحديث 448) . و الحديث عند : ابي داؤد في الصوم، باب الصائم يصب عليه الماء من العطش و يبالغ في الاستنشاق (الحديث 2366) و في الحروف القراء ات، باب 1 . (الحديث 3973) . و النسائي في الطهارة، المبالغة في الاستنشاق (87) . تحفة الاشراف (11172) .

Marfat.com

☆☆ عاصم بن لقیط اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب تم وضو کرو تو اچھی طرح وضو کرو اور اپنی انگلیوں کے درمیان خلال کرلیا کرو۔

## 93 - باب عَدَدِ غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ .

### باب: دونوں پاؤں کو دھونے کی تعداد

115 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ وَغَیْرُهٗ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ حَيَّةَ الْوَادِعِيِّ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا تَوَضَّاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا وَّتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَّغَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا وَّذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَّمَسَحَ بِرَاْسِهٖ وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت ابوحیہ وادعی بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی ﷜ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا' پھر انہوں نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر اپنے سر کا مسح کیا' پھر اپنے دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے' پھر یہ بات بیان کی: یہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کا طریقہ ہے۔

## 94 - باب حَدِّ الْغَسْلِ .

### باب: (دونوں پاؤں کو) دھونے کی حد

116 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَزِيْدَ اللَّيْثِيَّ اَخْبَرَهٗ اَنَّ حُمْرَانَ مَوْلٰى عُثْمَانَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عُثْمَانَ دَعَا بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهٖ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهٗ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ."

115-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 116) مختصراً . و الحديث عند: الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في وضوء النبي صلى الله عليه وسلم كيف كان (الحديث 48) . و النسائي في الطهارة ، عدد غسل اليدين (الحديث 96) . تحفة الاشراف (10321) .

116-اخرجه الابخاري في الوضوء، باب الوضوء ثلاثًا ثلاثًا (الحديث 159)، وباب المضمضة في الوضوء (الحديث 164)، و في الصيام ، باب سواك الرطب و اليابس للصائم (الحديث 1934) . واخرجه مسلم في الطهارة، باب صفة الوضوء و كماله (الحديث 3 و 4) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 106) . واخرجه النسائي في الطهارة، المضمضة و الاستنشاق (84) . مختصرًا، و باي اليدين يتمضمض (85) . تحفة الاشراف (9794) .

Marfat.com

☆☆ حمران بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے وضو کا پانی منگوایا' پھر انہوں نے وضو کرتے ہوئے پہلے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر کلی کی' پھر ناک میں پانی ڈالا' پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دائیں بازو کو کہنی تک تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں بازو کو کہنی تک اسی طرح دھویا' پھر انہوں نے اپنے سر کا مسح کیا' پھر دائیں پاؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر بائیں پاؤں کو اسی طرح دھویا' پھر یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے' جیسے میں نے ابھی وضو کیا ہے۔

پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص میرے اس وضو کی طرح وضو کرے اور پھر وہ کھڑا ہو کر دو رکعات ادا کرے' جس کے دوران وہ اپنے خیالوں میں گم نہ ہو جائے' تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی۔

## 95 - باب الْوُضُوْءِ فِي النَّعْلِ .

### باب: جوتے پہن کر وضو کرنا

117 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَمَالِكٍ وَّابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَاَيْتُكَ تَلْبَسُ هٰذِهِ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَتَتَوَضَّاُ فِيهَا . قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا وَيَتَوَضَّاُ فِيهَا .

☆☆ عبید بن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے سبتی جوتے پہنے ہوئے ہیں اور جوتے پہن کر ہی وضو کر لیتے ہیں' تو انہوں نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے یہ جوتے پہنے ہوئے دیکھا ہے اور آپ ان کو پہن کر ہی وضو کر لیا کرتے تھے۔

## 96 - باب الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

### باب: دونوں موزوں پر مسح کرنا

118 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ

---

117-اخرجه البخاري في الوضوء، باب غسل الرجلين في النعلين ، و لا يمسح على النعلين (الحديث 166) مطولاً، و في اللباس ، باب النعال السبتية و غيرها (الحديث 5851) مطولاً . و اخرجه مسلم في الحج، باب الاهلال من حيث تنبعث الراحلة (الحديث 25 و 26) . و اخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب في وقت الاحرام (الحديث 1772) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في نعل رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 74) . و الحديث عند : النسائي في مناسك الحج، العمل في الاهلال (الحديث 2759)، و ترك استلام الركنين الآخرين (2950) و في الزينة، تصفير اللحية (5258) و ابن ماجه في اللباس ، باب الخضاب بالصفرة (الحديث 3626) . تحفة الاشراف (7316) .

118-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة في الخفاف (الحديث 387) بنحوه . و اخرجه مسلم في الطهارة ، باب المسح على الخفين (الحديث 72) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب في المسح على الخفين (الحديث 93) بنحوه . واخرجه النسائي في القبلة، الصلاة في الخفين (773) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المسح على الخفين (543) بنحوه . تحفة الاشراف (3235) .

Marfat.com

تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلٰی خُفَّيْهِ فَقِيْلَ لَهُ اَتَمْسَحُ فَقَالَ قَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ ۔

وَكَانَ اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ يُعْجِبُهُمْ قَوْلُ جَرِيْرٍ وَّكَانَ اِسْلَامُ جَرِيْرٍ قَبْلَ مَوْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَسِيْرٍ ۔

☆☆ ہمام نامی راوی حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ انہوں نے وضو کرتے ہوئے اپنے موزوں پر مسح کرلیا تو ان سے کہا گیا: کیا آپ بھی مسح کرتے ہیں' تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھی حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے اس قول کو پسند کرتے تھے' اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال فرمانے سے کچھ عرصہ پہلے اسلام قبول کیا۔

## شرح

## موزوں پر مسح کے احکام

مسئلہ: موزوں پر مسح کرنا ایک رخصت ہے' اگر کوئی شخص اس کو جائز تسلیم کرتے ہوئے عزیمت کو اختیار کرتا ہے (یعنی موزوں پر مسح نہیں کرتا بلکہ پاؤں دھولیتا ہے) تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ (تبیین)

## پہلی فصل: ان اُمور کا بیان جو موزوں پر مسح کے جواز کے لیے ضروری ہیں

### موزہ کی شرائط

مسئلہ: ان میں سے ایک حکم یہ ہے کہ موزہ ایسا ہونا چاہیے جسے پہن کر سفر کیا جا سکتا ہو اور آدمی مسلسل چل سکے' اس کے ذریعے ٹخنے ڈھک جانے چاہئیں' ٹخنے سے اوپر کا حصہ ڈھانپنا شرط نہیں ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص ایسا موزہ پہنتا ہے جس میں پنڈلی نہیں ہے لیکن اس کا ٹخنہ چھپ گیا ہے' تو اس پر مسح کرنا جائز ہوگا' چمڑے سے بنی ہوئی جراب پر مسح کرنا جائز ہے' اس سے مراد وہ جراب ہے جس کے اوپر اور نیچے چمڑا لگا ہوتا ہے۔ (کافی)

مسئلہ: جبکہ منعل اس جراب کو کہتے ہیں جس کے صرف نیچے کے حصے کی طرف' تلوے کے طور پر چمڑا لگا ہوتا ہے۔

(سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص لوہے یا لکڑی یا شیشے کے موزے بنالیتا ہے' تو ان پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

### موزہ کے اوپری حصے پر مسح کرنا

مسئلہ: اس بارے میں ایک حکم یہ ہے کہ موزے کے اوپر والے حصے پر ہاتھ کی تین انگلیوں کے برابر مسح کرے۔

(محیط سرخسی)

مسئلہ: اس سے مراد تین چھوٹی انگلیوں کے برابر حصے پر مسح کرنا ہے۔ (قاضی خان)

Marfat.com

مسئلہ: موزے کے نیچے کی جانب‘ یا ایڑی پر‘ یا پنڈلی پر‘ یا اس کے اطراف میں‘ یا ٹخنے پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک پاؤں پر دو انگلیوں کے برابر مسح کرتا ہے اور دوسرے پاؤں پر پانچ انگلیوں کے برابر مسح کر لیتا ہے‘ تو یہ جائز نہیں ہوگا۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: موزے پر ایسی جگہ پر مسح کرنے کا اعتبار نہیں ہوگا جو پاؤں سے خالی ہوتی ہے‘ اگر اس جگہ اپنا پاؤں لے جا کر وہاں مسح کر لیتا ہے‘ تو یہ جائز ہے‘ اگر بعد میں اس کا پاؤں اس جگہ سے الگ ہو جاتا ہے‘ تو دوبارہ مسح کرے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر ایک شخص کا ایک پاؤں زخمی ہے اور وہ نہ اسے دھو سکتا ہے اور نہ مسح کر سکتا ہے‘ تو دوسرے پاؤں پر مسح کرنا جائز ہے۔

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی شخص کا پاؤں ٹخنے کے اوپر سے کٹا ہو‘ تو اس کے لیے بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: اس بارے میں ایک بنیادی حکم یہ بھی ہے کہ تین انگلیوں کے ذریعے مسح کیا جائے۔ (کافی)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کوئی شخص نئے سرے سے پانی لیے بغیر صرف ایک انگلی کے ذریعے مسح کر لیتا ہے‘ تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا‘ لیکن اگر ایک انگلی کے ذریعے تین مرتبہ پانی لے کر تین مرتبہ مسح کرتا ہے‘ تو یہ جائز ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے ذریعے مسح کرتا ہے‘ تو اگر یہ دونوں انگلیاں کھلی ہوئی ہیں‘ تو یہ جائز ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اس طرح مسح کرتا ہے کہ تین انگلیاں رکھ دیتا ہے‘ لیکن انہیں کھینچتا نہیں ہے‘ تو یہ جائز ہے‘ لیکن سنت کے خلاف ہوگا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اگر انگلی کے سرے کے ذریعے موزے پر مسح کرتے وقت پانی ٹپک جاتا ہے‘ تو یہ جائز ہوگا ورنہ جائز نہیں ہوگا۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: موزے پر مسح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی انگلیاں دائیں موزے کے اگلے حصے پر رکھے اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں بائیں موزے کے اگلے حصے پر رکھے‘ ان انگلیوں کو کشادہ کرے اور انہیں پنڈلی کی طرف ٹخنوں سے اوپر تک کھینچتا ہوا لے جائے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: یہ مسنون طریقہ کا بیان ہے‘ لیکن اگر کوئی شخص پنڈلیوں کی طرف سے پاؤں کی انگلیوں کی طرف لے جاتا ہے یا دونوں موزوں پر چوڑائی کی سمت میں مسح کر لیتا ہے‘ تو مسح ہو جائے گا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: مسح میں خطوط یعنی لکیروں کا ظاہر ہونا شرط نہیں‘ ظاہر الروایۃ سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: تاہم مستحب یہ ہے کہ وہ لکیریں نظر آنی چاہئیں۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: ایک سے زیادہ مرتبہ مسح کرنا سنت نہیں ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: موزے پر مسح کرنے کے لیے نیت شرط نہیں ہے۔ (فتح القدیر)

Marfat.com

مسئلہ: اگر کوئی شخص وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کرتا ہے اور نیت یہ کرتا ہے کہ موزوں پر مسح کرنے کے طریقے کی تعلیم دے رہا ہے' طہارت حاصل کرنے کی نیت نہیں کرتا تو بھی مسح درست ہوگا۔ (خلاصہ)

## مسح کے جواز کی اہم شرط

مسئلہ: مسح میں جو چیزیں ضروری ہیں' ان میں سے ایک چیز یہ ہے کہ موزہ پہننے کے بعد جو حدث طاری ہوتا ہے' وہ ایسی مکمل طہارت پر طاری ہونا چاہیے' جو پہننے سے پہلے یا اس کے بعد کامل تھی' محیط میں اسی طرح تحریر ہے۔

مسئلہ: اسی بنیاد پر اگر کوئی شخص دونوں پاؤں پہلے دھو لیتا ہے اور پھر موزے پہن لیتا ہے یا ایک پاؤں دھو کر اس میں موزہ پہن لیتا ہے' پھر دوسرا پاؤں دھو کر اس میں موزہ پہن لیتا ہے' پھر طہارت کو حدث لاحق ہونے سے پہلے مکمل کر لیتا ہے' تو ایسا کرنا جائز ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پاؤں دھو کر موزے پہن لیتا ہے لیکن وضو مکمل کرنے سے پہلے اس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے' تو مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (کافی)

مسئلہ: جو شخص کسی حدث کے لیے تیمّم کر لیتا ہے' اس کے لیے موزے پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ (خزانۃ المفتیین)

مسئلہ: جس شخص کو موزے پہننے کے بعد یا موزے پہننے سے پہلے ہی جنابت لاحق ہوگئی ہے' اب اس کے لیے موزے پر مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔ اس کے جواز کی صرف ایک صورت ہوسکتی ہے کہ آدمی پہلے جنابت کے لیے تیمّم کرے' پھر حدث کے لیے وضو کرے' پھر دونوں پاؤں دھو کر موزہ پہن لے۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر وضو کرتے ہوئے وضو کا کوئی ایک عضو کسی جگہ سے سوکھا رہ گیا' وہاں تک پانی نہیں پہنچا' پھر آدمی نے پاؤں دھو کر موزے پہن لیے اور پھر اس حصے تک پانی پہنچانے سے پہلے حدث لاحق ہوگیا تو اب موزے پر مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (تبیین)

## مسح کی مدت

مسئلہ: موزوں پر مسح کے حکم سے متعلق ایک اہم چیز موزہ پہننے کی مدت ہے' یہ مدت مقیم شخص کے لیے ایک دن اور ایک رات ہے' جبکہ مسافر کے لیے تین دن اور تین راتیں ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس بارے میں اس حوالے سے کوئی فرق نہیں ہوگا کہ وہ سفر کسی نیکی کے کام کے بارے میں ہے یا گناہ کے بارے میں ہے۔ (سراجیہ)

مسئلہ: اس مدت میں اس وقت سے ابتداء معتبر ہوگی جب موزہ پہن لینے کے بعد حدث لاحق ہوتا ہے' لہٰذا اگر کوئی شخص فجر کے وقت وضو کر کے موزہ پہن لیتا ہے اور حدث اسے عصر کے وقت لاحق ہوتا ہے' پھر وہ وضو کر کے موزے پر مسح کر لیتا ہے' تو اگلے دن کے اسی وقت تک یعنی عصر کے وقت تک موزے پر مسح کی مدت باقی رہے گی' جس وقت پہلے دن اسے حدث لاحق ہوا تھا' اگر وہ شخص مسافر ہو' تو چوتھے دن اسی وقت مسح کی مدت باقی رہے گی۔ (محیط سرخسی)

Marfat.com

مسئلہ: مقیم شخص نے اقامت کی مدت کے دوران سفر اختیار کیا تھا تو وہ سفر کی مدت کو پورا کرے گا۔ (خلاصہ)

## موزہ کا سالم ہونا

مسئلہ: موزوں پر مسح کے جواز کے لیے ایک ضروری چیز یہ ہے کہ موزہ بہت زیادہ پھٹا ہوا نہیں ہونا چاہیے اور اس کی مقدار یہ ہے کہ پاؤں کی تین چھوٹی انگلیوں کے برابر حصہ پھٹا ہوا نہیں ہونا چاہیے' اس سے کم ہونا چاہیے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اس بارے میں اس حوالے سے کوئی فرق نہیں ہوگا' وہ سوراخ موزے کے نیچے کی طرف ہے' اوپر کی طرف ہے یا ایڑی کی طرف ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: لیکن اگر وہ شگاف موزے کی پنڈلی کی طرف ہے' تو پھر یہ مسح میں رکاوٹ نہیں بنے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: تین انگلیوں کی اس مقدار کا حکم ایک موزے کے لیے ہے' یہاں تک کہ ایک موزہ میں ایک انگلی کے برابر اور دوسرے موزہ میں دو انگلیوں کے برابر سوراخ ہو' تو ان پر مسح کرنا جائز ہوگا۔

## دوسری فصل: موزوں پر مسح کو ختم کرنے والی چیزیں

مسئلہ: وضو کے نواقض موزے پر مسح کے بھی نواقض شمار ہوں گے' ان میں ایک اضافی چیز یہ ہے کہ اگر آدمی موزہ اتار لیتا ہے' تو بھی مسح کا حکم ختم ہو جائے گا' دوسری اضافی چیز مخصوص مدت کا گزر جانا ہے' جس کے نتیجے میں مسح ختم ہو جاتا ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: لیکن وقت گزرنے کا حکم اس وقت ہوگا جب آدمی کو وضو کے لیے پانی دستیاب ہو جائے' جب پانی دستیاب نہیں ہوتا تو محض مخصوص مدت گزر جانے کی وجہ سے مسح نہیں ٹوٹے گا' بلکہ اس مسح کے ذریعے نماز ادا کرنا جائز ہوگا۔

(محیط' قاضی خان' زاہدی' جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: جب کوئی شخص موزہ اُتارتے وقت باوضو ہو' تو اب اس پر صرف پاؤں دھونا واجب ہوگا' اسی طرح اگر موزے پر مسح کے جواز کی مخصوص مدت ختم ہوگئی ہے' تو اب اس شخص پر موزے اتار کر صرف پاؤں دھونا لازم ہوگا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر کسی شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ موزے اتارنے کی وجہ سے اس کے پاؤں سردی کی وجہ سے خراب ہو جائیں گے تو اب اس پر مسح کرنا جائز ہوگا' خواہ کتنا ہی عرصہ کیوں نہ گزر جائے اور اس کی مثال اسی طرح ہوگی جس طرح ٹوٹی ہڈی پر باندھی ہوئی لکڑی پر مسح کیا جاتا ہے۔ (تبیین' بحرالرائق)

مسئلہ: دستانوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اگر کسی دوسرے شخص سے اپنے موزے پر مسح کروالیا جائے تو یہ بھی جائز ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: موزوں پر مسح کے حکم میں عورت کے احکام بھی مرد کی مانند ہیں کیونکہ موزوں پر مسح کے جواز کا جو سبب ہے' وہ دونوں میں برابری کی حیثیت سے پایا جاتا ہے۔ (محیط)

•••———•••———•••

119 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ

Marfat.com

اَبِیْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

☆☆ جعفر بن عمرو اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو وضو کرتے ہوئے اور موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

120 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ دُحَيْمٌ وَّسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - عَنِ ابْنِ نَافِعٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِلَالٌ الْاَسْوَاقَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهٖ ثُمَّ خَرَجَ قَالَ اُسَامَةُ فَسَاَلْتُ بِلَالًا مَّا صَنَعَ فَقَالَ بِلَالٌ ذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ ثُمَّ تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثُمَّ صَلّٰى .

☆☆ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ بازار میں تشریف لائے' پھر نبی اکرم ﷺ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' جب نبی اکرم ﷺ بازار سے تشریف لے گئے' تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' کہ نبی اکرم ﷺ نے کیا کیا تھا؟ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا تھا کہ پہلے نبی اکرم ﷺ نے جا کر قضائے حاجت کی' پھر آپ نے جا کر وضو کیا' آپ نے اپنے چہرۂ مبارک اور دونوں بازوؤں کو دھویا' پھر سر کا مسح کیا' پھر آپ نے اپنے دونوں موزوں پر بھی مسح کر لیا' پھر نماز ادا کی۔

121 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِی النَّضْرِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا تھا۔

122 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ - وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ - عَنْ مُّوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ اَبِی النَّضْرِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ اَنَّهٗ لَا بَاْسَ بِهٖ .

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' موزوں پر مسح کے بارے میں آپ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

123 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيْسٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ

119-اخرجه البخاري في الوضوء، باب المسح على الخفين (الحديث 204 و205) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المسح على العمامة (الحديث 562) بنحوه تحفة الاشراف (10701) .

120-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (2030) .

121-اخرجه البخاري في الوضوء، باب المسح على الخفين (الحديث 202) مطولاً . تحفة الاشراف (3899) .

122-تقديم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 121) .

Marfat.com

شُعْبَةَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ فَلَمَّا رَجَعَ تَلَقَّيْتُهُ بِإِدَاوَةٍ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَغْسِلَ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَتْ بِهِ الْجُبَّةُ فَأَخْرَجَهُمَا مِنْ أَسْفَلِ الْجُبَّةِ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ ثُمَّ صَلّٰى بِنَا .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' جب آپ واپس تشریف لائے' تو میں نے پانی کا برتن لیا اور آپ کے سامنے آیا' میں نے آپ پر پانی انڈیلنا شروع کیا' آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا' پھر آپ نے اپنے چہرۂ مبارک کو دھویا' پھر آپ اپنے دونوں بازوؤں کو دھونے لگے تو اس جبّے کی آستینیں تنگ تھیں' آپ نے جبّے کے نیچے کی طرف سے بازوؤں کو باہر نکالا اور بازوؤں کو دھویا' پھر آپ نے اپنے موزوں پر مسح کیا اور ہمیں نماز پڑھائی۔

124 - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ أَبِيهِ الْمُغِيرَةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ خَرَجَ لِحَاجَتِهٖ فَاتَّبَعَهُ الْمُغِيرَةُ بِإِدَاوَةٍ فِيهَا مَاءٌ فَصَبَّ عَلَيْهِ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهٖ فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ .

☆☆ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ پانی کا برتن لے کر آپ کے پیچھے گئے' حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے آپ پر پانی انڈیلا اور قضائے حاجت سے فارغ ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کیا تھا۔

# 97 - باب الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فِي السَّفَرِ .

## باب: سفر کے دوران موزوں پر مسح کرنا

125 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ إِسْمَاعِيلَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَقَالَ "تَخَلَّفْ يَا مُغِيرَةُ وَامْضُوا أَيُّهَا النَّاسُ ." فَتَخَلَّفْتُ وَمَعِيَ إِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ وَمَضَى النَّاسُ فَذَهَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهٖ فَلَمَّا رَجَعَ ذَهَبْتُ أَصُبُّ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ رُومِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ فَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ يَدَهُ مِنْهَا فَضَاقَتْ عَلَيْهِ فَأَخْرَجَ يَدَهُ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَمَسَحَ بِرَأْسِهٖ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ .

☆☆ حمزہ بن مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں

123-اخرجه البخاري في الصلاة ، باب الصلاة في الجبة الشامية (الحديث 363) بنحوه، و باب الصلاة في الخفاف (الحديث 388) مختصرًا، و في الجهاد، باب الجبة في السفر و الحرب (الحديث 2918)، و في اللباس ، باب من لبس جبة ضيقة الكمين في السفر (الحديث 5798) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 77 و 78) مطولاً . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل يستعين على وضوئه فيصب عليه (الحديث 389) . تحفة الاشراف (11528) .

124-تقديم في الطهارة صب الخادم الماء على الرجل للوضوء (الحديث 79) .

125-تقديم في الطهارة، باب المسح على العمامة مع الناصية (الحديث 108) .

Marfat.com

شریک تھا' آپ نے ارشاد فرمایا: اے مغیرہ! تم پیچھے رہو اور لوگو! تم لوگ چلتے رہو' حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ میں پیچھے رہ گیا' میرے پاس پانی کا برتن موجود تھا' لوگ آگے چلے گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے' جب آپ واپس تشریف لائے' تو میں نے آپ پر پانی انڈیلنا شروع کیا' اس وقت آپ نے تنگ آستینوں والا ایک رومی جبہ پہنا ہوا تھا' آپ اس میں سے اپنے ہاتھ نکالنے لگے تو اس کی آستینیں تنگ تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبّے کے نیچے سے اپنے ہاتھ نکالے' اور پھر اپنے چہرے اور اپنے بازوؤں کو دھویا' آپ نے اپنے سر پر مسح کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔

## 98 - باب التَّوْقِيتِ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُسَافِرِ .

## باب: مسافر شخص کے لیے موزوں پر مسح کرنے کی متعین مدت

126 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ رَخَّصَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنَّا مُسَافِرِينَ اَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ .

☆☆ حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی اجازت دی ہے' کہ جب ہم سفر کر رہے ہوں' تو ہم تین دن اور تین راتوں تک اپنے موزے نہ اتاریں۔

127 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرُّهَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ وَّزُهَيْرٌ وَّاَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ وَّسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ سَاَلْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اِذَا كُنَّا مُسَافِرِينَ اَنْ نَمْسَحَ عَلٰى خِفَافِنَا وَلَا نَنْزِعَهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ .

☆☆ زر بن حبیش بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ حکم دیا کرتے تھے کہ جب ہم سفر کر رہے ہوں' تو اپنے موزوں پر مسح کر لیا کریں اور تین دن تک پاخانہ یا پیشاب کرنے یا وضو ٹوٹنے پر موزے نہ اتاریں' البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے۔ (کیونکہ جنابت کی صورت میں موزے اتارنا لازم ہوگا)۔

---

126-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 96) مطولًا، و في الدعوات ، باب في فضل التوبة و الاستغفار و ما ذكر من رحمة الله لعباده (الحديث 3535 و 3536) مطولاً . و اخرجه النسائي في الطهارة ، باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر (الحديث 127)، و باب الوضوء من الغائط و البول (الحديث 158) ، و الوضوء من الغائط (الحديث 159) و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الوضوء من النوم (الحديث 478) و الحديث عند: الترمذي في الزهد، باب ما جاء ان المرء مع من احب (الحديث 2387) و النسائي في التفسير: سورة آل عمران ، قوله تعالى: (يوم ياتي بعض آيات ربك لا ينفع نفسًا ايمانها لم تكن آمنت من قبل) (الحديث 198) . و ابن ماجه في الفتن ، باب طلوع الشمس من مغربها (الحديث 4070) . تحفة الاشراف (4952) .

127-تقديم في الطهارة، باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر (الحديث 126) .

Marfat.com

## 99 - باب التَّوْقِيتِ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيمِ .

### باب: مقیم شخص کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کا تعین

128 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ وَيَوْمًا وَّلَيْلَةً لِلْمُقِيمِ يَعْنِي فِي الْمَسْحِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافر شخص کو تین دن اور تین راتوں تک، جبکہ مقیم شخص کو ایک دن اور ایک رات تک کی اجازت دی ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) یعنی موزوں پر مسح کرنے کے حوالے سے اجازت دی ہے۔

129 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَتِ ائْتِ عَلِيًّا فَاِنَّهُ اَعْلَمُ بِذٰلِكَ مِنِّي . فَاَتَيْتُ عَلِيًّا فَسَاَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ فَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اَنْ يَّمْسَحَ الْمُقِيمُ يَوْمًا وَّلَيْلَةً وَّالْمُسَافِرُ ثَلَاثًا .

☆☆ شریح بن ہانی بیان کرتے ہیں، میں نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے موزوں کے بارے میں دریافت کیا، تو انہوں نے فرمایا: تم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ، وہ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں، میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے مسح کے بارے میں دریافت کیا، تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ حکم دیتے تھے کہ مقیم شخص ایک دن اور ایک رات تک، جبکہ مسافر تین دن اور تین راتوں تک موزوں پر مسح کرے۔

## 100 - باب صِفَةِ الْوُضُوْءِ مِنْ غَيْرِ حَدَثٍ .

### باب: پہلا وضو باقی ہونے پر وضو کرنے کا طریقہ

130 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ لِحَوَائِجِ النَّاسِ فَلَمَّا حَضَرَتِ

128-اخرجه مسلم في الطهارة، باب التوقيت في المسح على الخفين (الحديث 85) مطولاً . واخرجه النسائي في الطهارة، التوقيت في المسح على الخفين للمقيم (الحديث 129) . و اخرجه ابن ما في الطهارة و سننها، باب ما جاء في التوقيت فى المسح للمقيم و المسافر (الحديث 552) مطولاً . تحفة الاشراف (10126) .

129-تقديم في الطهارة، التوقيت في المسح على الخفين للمقيم (الحديث 128) .

130-اخرجه البخارى في الاشربة ، باب الشرب قائمًا (الحديث 5616) مختصرًا و اكرجه الترمذي في الشمائل ، باب ما جاء في صفة شرف رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 200) . و الحديث عند : البخاري في الاشربة ، باب الشرب قائمًا (الحديث 5615) . و ابي داوٗد في الاشربة ، باب في الشرب قائمًا (الحديث 3718) . تحفة الاشراف (10293) .

Marfat.com

الْعَصْرُ اُتِيَ بِتَوْرٍ مِّنْ مَّاءٍ فَاَخَذَ مِنْهُ كَفًّا فَمَسَحَ بِهِ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَرَاْسَهُ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ اَخَذَ فَضْلَهُ فَشَرِبَ قَائِمًا وَّقَالَ اِنَّ نَاسًا يَكْرَهُوْنَ هٰذَا وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ وَهٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَّمْ يُحْدِثْ ـ

☆☆ نزال بن سبرہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' انہوں نے ظہر کی نماز ادا کی' پھر اس کے بعد لوگوں کے معاملات نبٹانے کے لیے تشریف فرما ہوئے اور پھر عصر کی نماز کا وقت ہوا تو ان کے پاس وضو کا برتن لایا گیا' انہوں نے اس میں سے پانی پیا اور اس کے ذریعے اپنے چہرے' دونوں بازوؤں' اپنے سر اور دونوں پاؤں پر مسح کر لیا' پھر انہوں نے باقی بچا ہوا پانی لیا اور اسے کھڑے ہو کر پی لیا' پھر یہ بات بیان کی: لوگ اس بات کو مکروہ سمجھتے ہیں' لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے' یہ اس شخص کے وضو کا طریقہ ہے' جو پہلے سے باوضو ہو۔

## 101 - باب الْوُضُوْءِ لِكُلِّ صَلَاةٍ ـ

### باب: ہر نماز کے لیے وضو کرنا

131 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ ذَكَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِاِنَاءٍ صَغِيْرٍ فَتَوَضَّاَ ـ قُلْتُ اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلَاةٍ قَالَ نَعَمْ ـ قَالَ فَاَنْتُمْ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي الصَّلَوَاتِ مَا لَمْ نُحْدِثْ قَالَ وَقَدْ كُنَّا نُصَلِّي الصَّلَوَاتِ بِوُضُوْءٍ ـ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے' کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چھوٹا برتن لایا گیا تو آپ نے اس سے وضو کر لیا۔

راوی کہتے ہیں' کہ میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

راوی کہتے ہیں: آپ لوگ کیا کیا کرتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: ہم لوگ جب تک ہمارا وضو نہیں ٹوٹ جاتا تھا' اس وقت تک ایک ہی وضو کے ساتھ مختلف نمازیں ادا کیا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں: ہم بھی ایک ہی وضو کے ساتھ کئی نمازیں ادا کر لیا کرتے ہیں۔

### شرح

#### وضو کی تین اقسام

(۱) فرض: اس سے مراد بے وضو شخص کا نماز ادا کرنے کے وقت وضو کرنا ہے۔

131-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء من غير حدث (الحديث 214) مختصراً ـ و اخرجه ابو داوُد في الطهارة، باب الرجل يصلي الصلوات بوضوء واحد (الحديث 171) مختصراً ـ و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الوضوء لكل صلاة (الحديث 60) مختصراً ـ و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الوضوء لكل صلاة ـ والصلوات كلها بوضوء واحد (الحديث 509) مختصراً ـ تحفة الاشراف (1110) ـ

Marfat.com

(۲) واجب: اس سے مراد خانۂ کعبہ کا طواف کرنے والے شخص کا وضو کرنا ہے اگر کوئی شخص وضو کے بغیر طواف کر لیتا ہے تو یہ جائز ہوگا' تاہم وہ واجب کو ترک کرنے والا شمار ہوگا۔

(۳) مستحب: اس کی بہت سی اقسام ہیں' ان میں سے ایک سوتے وقت وضو کرتا ہے' ان میں سے ایک ہر وقت وضو برقرار رکھنا ہے' اس سے مراد یہ ہے کہ جب آدمی بے وضو ہو' اسی وقت وضو کر لے تاکہ وہ ہر وقت باوضو حالت میں رہے۔

مسئلہ: ان میں سے ایک غیبت کرنے یا شعر سنانے کے بعد وضو کرنا ہے' ان میں سے ایک وضو ہونے کے باوجود وضو کرنا ہے' ان میں سے ایک قہقہہ لگا کر ہنسنے کے بعد وضو کرنا ہے' ان میں سے ایک میت کو غسل دینے کے بعد وضو کرنا۔ (قاضی خان)

•••——•••——•••

132 - اَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُرِّبَ اِلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالُوْا اَلَا نَاْتِيكَ بِوَضُوْءٍ فَقَالَ "اِنَّمَا اُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ اِذَا قُمْتُ اِلَى الصَّلَاةِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ بات بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کر کے تشریف لائے' آپ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا' لوگوں نے عرض کی: پہلے ہم آپ کے لیے وضو کا پانی لے آئیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے وضو کرنے کا حکم اس وقت کے لیے دیا گیا ہے' جب میں نماز پڑھنی شروع کروں۔

133 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلَاةٍ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْفَتْحِ صَلَّى الصَّلَوَاتِ بِوُضُوْءٍ وَّاحِدٍ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ فَعَلْتَ شَيْئًا لَّمْ تَكُنْ تَفْعَلُهُ . قَالَ "عَمْدًا فَعَلْتُهُ يَا عُمَرُ ."

☆☆ ابن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کیا کرتے تھے' البتہ فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی وضو کے ساتھ کئی نمازیں ادا کیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: آپ نے ایسا عمل کیا ہے' جو آپ نے پہلے نہیں کیا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے۔

## 102 - باب النَّضْحِ .

### باب: (وضو کے بعد) شرم گاہ پر پانی چھڑکنا

134 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ

132-اخرجه ابوداؤد في الاطعمة، باب في غسل اليدين عند الطعام (الحديث 3760) . واخرجه الترمذي في الاطعمة، باب في ترك الوضوء قبل الطعام (الحديث 1847) . تحفة الاشراف (5793) .

133-اخرجه مسلم في الطهارة، باب جواز الصلوات كلها بوضوء ، واحد (الحديث 86) مختصراً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الرجل يصلي الصلوات بوضوء واحد (الحديث 172) مختصراً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء انه يصلي الصلوات بوضوء واحد (الحديث 61) . و اخرجه ابن ماجه الطهارة و سننها، باب الوضوء لكل صلاة، و الصلوات كلها بوضوء و احد (الحديث 510) مختصراً . تحفة الاشراف (1928) .

Marfat.com

الْحَكَمِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ اَخَذَ حَفْنَةً مِّنْ مَّاءٍ فَقَالَ بِهَا هٰكَذَا - وَوَصَفَ شُعْبَةُ - نَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ فَذَكَرْتُهُ لِاِبْرَاهِيمَ فَاَعْجَبَهُ قَالَ الشَّيْخُ ابْنُ السُّنِّيِّ

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَكَمُ هُوَ ابْنُ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

☆☆ حکم نامی راوی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب وضو کر لیتے تھے' تو آپ چلّو میں پانی لے کر اس طرح کیا کرتے تھے۔

شعبہ نامی راوی نے اپنی شرم گاہ پر پانی چھڑک کر بتایا: یہ کیا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں' کہ جب میں نے اس روایت کا تذکرہ ابراہیم نامی راوی سے کیا' تو انہیں یہ روایت پسند آئی۔

شیخ ابن سنی فرماتے ہیں: امام نسائی فرماتے ہیں: حکم سے مراد حکم بن سفیان ثقفی ہے۔

135 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ ح وَاَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمٌ - وَهُوَ ابْنُ يَزِيْدَ الْجَرْمِيُّ - قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَنَضَحَ فَرْجَهُ . قَالَ اَحْمَدُ فَنَضَحَ فَرْجَهُ .

☆☆ حکم بن سفیان بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا (اور وضو کے بعد) اپنی شرم گاہ پر پانی چھڑکا۔

احمد بن حرب نامی راوی نے ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے۔

## 103 - باب الْاِنْتِفَاعِ بِفَضْلِ الْوُضُوْءِ .

## باب: وضو کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنا

136 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَتَّابٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي حَيَّةَ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ وَقَالَ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا صَنَعْتُ .

☆☆ ابوحیہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' انہوں نے تین مرتبہ وضو کیا اور پھر کھڑے ہو کر وضو سے بچا ہوا پانی پی لیا اور یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے بھی ایسا کیا تھا' جس طرح میں نے کیا ہے۔

134-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الانتضاح (الحديث 166 و167 و1685 ) بمعناه . واخرجه النسائي في الطهارة، باب النضح (الحديث 135) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في النضح بعد الوضوء (الحديث 461) بنحوه . تحفة الاشراف (3420) .

135-تقديم في الطهارة، باب النضح (الحديث 134) .

136-انفرد به النسائي . والحديث عند: الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الوضوء ثلاثًا ثلاثًا (الحديث 44) . تحفة الاشراف (10322) .

Marfat.com

137 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ وَاَخْرَجَ بِلَالٌ فَضْلَ وَضُوْئِهٖ فَابْتَدَرَهُ النَّاسُ فَنِلْتُ مِنْهُ شَيْئًا وَّرَكَزْتُ لَهُ الْعَنَزَةَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ وَالْحُمُرُ وَالْكِلَابُ وَالْمَرْاَةُ يَمُرُّوْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ ۔

☆☆ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے سامنے موجود تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی لے کر باہر آئے' تو لوگ ان کی طرف لپکے' مجھے بھی اس میں سے کچھ حصہ ملا' پھر نبی اکرم ﷺ کے لیے عنزہ (یعنی چھوٹا نیزہ سترہ) کے طور پر گاڑا گیا' نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' اس وقت کچھ گدھے' کتے اور خواتین' سترے کے دوسری طرف سے آپ کے آگے سے گزرے۔

138 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ مَرِضْتُ فَاَتَانِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ يَعُوْدَانِىْ فَوَجَدَانِىْ قَدْ اُغْمِىَ عَلَىَّ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَّ عَلَىَّ وَضُوْئَهٗ ۔

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں بیمار ہو گیا' نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ دونوں حضرات میری تیمارداری کے لیے تشریف لائے' ان لوگوں نے مجھے ایسی حالت میں پایا' کہ مجھ پر بے ہوشی طاری ہو چکی تھی' تو نبی اکرم ﷺ نے وضو کیا اور اپنا بچا ہوا وضو کا پانی مجھ پر ڈالا۔

## 104 - باب فَرْضِ الْوُضُوْءِ ۔

### باب: وضو کا فرض ہونا

139 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُوْرٍ وَّلَا صَدَقَةً مِّنْ غُلُوْلٍ ۔"

☆☆ ابوالملیح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ وضو کے بغیر

---

137-اخرجه البخارى في المناقب ، باب صفة النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3566) بنحوه . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب ستر المصلي (الحديث 251) . تحفة الاشراف (11818) .

138-اخرجه البخاري في المرضى ، باب عيادة المغمى عليه (الحديث 565) مطولًا، و في الفرائض ، باب قول الله تعالىٰ: (يو صيكم الله فپ اولادكم . . . .) الايتان (11 و12 ) من سورة المائدة . (الحديث 6723) مطولًا، و في الاعتصام بالكتاب و السنة، باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يسال مما لم ينزل عليه الوحي فيقول لا ادري او لم يجب حتي ينزل عليه الوحي، و لم يقل براي او قياس (الحديث 7309) مطولاً . و اخرجه مسلم في الفرائض، باب ميراث الكلالة (ا لحديث 5) مطولاً . و اخرجه ابوداوٗد في الفرائض ، باب في الكلالة (الحديث 2886) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الفرائض، باب ميراث الاخوات (الحديث 2097) مطولاً . و اخرجه النسائي في التفسير: سورة النساء ، قوله تعالىٰ : (يستفتونك قل الله يفنيكم في الكلالة) (الحديث 154) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الفرائض، باب الكلالة (الحديث 2727) . و الحديث عند: الترمذي في تفسير القرآن، باب "و من سورة النساء" (الحديث 3015) . و ابن ماجه في الجنائز، باب ما جاء في عيادة المريض (الحديث 1436) . تحفة الاشراف (3028) .

139-اخرجه ابوداوف في الطهارة ، باب فرض الوضوء (الحديث 59) . و اخرجه النسائي في الزكاة، باب الصدقة من غلول (الحديث 2523) . و اخرجه ابن ماجه فپ الطهارة و سننها، باب لا يقبل الله صلاة بغير طهور (الحديث 271) . تحفة الاشراف (132)..

Marfat.com

نماز کو اور حرام مال میں سے دیئے گئے صدقے کو قبول نہیں کرتا ہے۔

## 105 - باب الْاِعْتِدَاءِ فِي الْوُضُوْءِ .

### باب: وضو میں حد سے تجاوز کرنا

140 - اَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُّوسَى بْنِ اَبِي عَائِشَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهُ عَنِ الْوُضُوْءِ فَاَرَاهُ الْوُضُوْءَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ "هٰكَذَا الْوُضُوْءُ فَمَنْ زَادَ عَلَى هٰذَا فَقَدْ اَسَاءَ وَتَعَدّٰى وَظَلَمَ ."

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک دیہاتی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے آپ سے وضو کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ ﷺ نے اسے تین' تین مرتبہ وضو کر کے دکھایا' پھر ارشاد فرمایا: یہ وضو کا طریقہ ہے' جو اس سے زیادہ مرتبہ عضو کو دھوئے گا وہ غلط کرے گا' زیادتی کرے گا اور ظلم کرے گا۔

## 106 - باب الْاَمْرِ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ .

### باب: اچھی طرح وضو کرنے کا حکم

141 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو جَهْضَمٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا خَصَّنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ دُونَ النَّاسِ اِلَّا بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءَ فَاِنَّهُ اَمَرَنَا اَنْ نُّسْبِغَ الْوُضُوْءَ وَلَا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَلَا نُنْزِيَ الْحُمُرَ عَلَى الْخَيْلِ .

☆☆ عبداللہ بن عبیداللہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے باقی لوگوں کو چھوڑ کر بطورِ خاص ہمیں کسی چیز کا حکم نہیں دیا' البتہ تین چیزیں ایسی ہیں' جن کا (بطورِ خاص ہمیں حکم دیا ہے) آپ نے ہمیں ہدایت کی ہے' کہ ہم اچھی طرح وضو کریں' یہ کہ ہم زکوٰۃ نہ کھائیں اور یہ کہ ہم گدھوں کو گھوڑی کے ساتھ جفتی کے لیے نہ دیں۔

142 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَّنْصُورٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يِسَافٍ عَنْ اَبِي يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

---

140-اخرجه ابوداؤد في الطهارة ، باب الوضوء ثلاثاً ثلاثاً (الحديث 135 ) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في القصد في الوضوء و كراهية التعدي فيه (الحديث 422) . تحفة الاشراف (8809) .

141-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب قدر القراء ة في صلاة الظهر و العصر (الحديث 808) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الجهاد ، باب ما جاء في كراهية ان تنزى الحمر على الخيل (الحديث 1701) . و اخرجه النسائي في الخيل ، باب التشديد في حمل الحمير على الخيل (الحديث 3583) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في اسباغ الوضوء (الحديث 426) مختصراً . تحفة الاشراف (5791) .

142-تقديم في الطهارة ، باب ايجاب غسل الرجلين (الحديث 111) .

Marfat.com

عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ ۔"

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اچھی طرح وضو کرو۔

## 107 - باب الْفَضْلِ فِيْ ذٰلِكَ ۔

## باب: اس عمل کی فضیلت

143 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكَارِهِ وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلَى الْمَسَاجِدِ وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں بتاؤں؟ جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور جس کے ذریعے درجات کو بلند کر دیتا ہے' جس وقت طبیعت آمادہ نہ ہو' تو اس وقت اچھی طرح وضو کرنا' مسجد کی طرف دور سے چل کر آنا اور ایک نماز ادا کر لینے کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی تیاری ہے' یہی تیاری ہے' یہی تیاری ہے۔

### شرح

امام سیوطی فرماتے ہیں: الرباط سے مراد اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی طرف اشارہ ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا (آل عمران:۲۰۰)

علامہ سندھی فرماتے ہیں: ایک قول کے مطابق یہاں "رباط" سے مراد "افضل" ہونا ہے۔

(سنن نسائی: مذکورہ حدیث کے حواشی میں یہ بات تحریر ہے)

## 108 - باب ثَوَابِ مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ ۔

## باب: جو شخص اسی طرح وضو کرے' جس طرح حکم دیا گیا ہے' اس کا ثواب

144 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ اَنَّهُمْ غَزَوْا غَزْوَةَ السَّلَاسِلِ فَفَاتَهُمُ الْغَزْوُ فَرَابَطُوْا ثُمَّ رَجَعُوْا اِلٰى مُعَاوِيَةَ وَعِنْدَهُ اَبُوْ اَيُّوْبَ وَعُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ فَقَالَ عَاصِمٌ يَا اَبَا اَيُّوْبَ فَاتَنَا الْغَزْوُ الْعَامَ وَقَدْ اُخْبِرْنَا اَنَّهُ مَنْ صَلّٰى فِي الْمَسَاجِدِ الْاَرْبَعَةِ غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ ۔ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ اَدُلُّكَ عَلٰى اَيْسَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ تَوَضَّاَ كَمَا اُمِرَ وَصَلّٰى كَمَا اُمِرَ غُفِرَ لَهُ مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلٍ ۔" اَكَذٰلِكَ يَا عُقْبَةُ قَالَ نَعَمْ ۔

143-اخرجه مسلم في الطهارة، باب فضل اسباغ الوضوء على المكاره (الحديث 41) . تحفة الاشراف (14087) .

144-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها ، باب ما جاء في الصلاة كفارة (الحديث 1396) . تحفة الاشراف (3462) .

Marfat.com

☆☆ عاصم بن سفیان ثقفی بیان کرتے ہیں' ان لوگوں نے غزوۂ سلاسل میں شرکت کا ارادہ کیا' لیکن وہ لوگ اس جنگ میں شریک نہیں ہو سکے' تو انہوں نے سرحد پر نگہبانی کے فرائض انجام دینا شروع کیے' پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس واپس آئے' اس وقت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے' تو عاصم نے کہا: اے حضرت ابوایوب! ہم لوگ اس سال جنگ میں شریک نہیں ہو سکے ہیں' ہمیں یہ بتایا گیا ہے' کہ جو شخص جلد مسجد میں نماز ادا کر لیتا ہے' تو اس کے گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی' تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے بھتیجے! میں تمہاری رہنمائی اس سے بھی زیادہ آسان عمل کی طرف کرتا ہوں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اُسی طرح وضو کرتا ہے' جس طرح اُسے ہدایت کی گئی ہے اور وہ اُسی طرح نماز ادا کرتا ہے' جس طرح ہدایت کی گئی ہے' تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔

(پھر انہوں نے حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا:) اے عقبہ! کیا ایسا ہی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

145 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ اَبَانَ اَخْبَرَ اَبَا بُرْدَةَ فِی الْمَسْجِدِ اَنَّهٗ سَمِعَ عُثْمَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ اَتَمَّ الْوُضُوْءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَالصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَاتٌ لِّمَا بَيْنَهُنَّ".

☆☆ جامع بن شداد بیان کرتے ہیں' میں نے مسجد میں حمران کو ابوبردہ کو یہ حدیث سناتے ہوئے سنا' انہوں (حمران) نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بیان کرتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اُسی طرح مکمل وضو کرے جیسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے' تو پانچ نمازیں' ان کے درمیان ہونے والے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

146 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حُمْرَانَ مَوْلٰى عُثْمَانَ اَنَّ عُثْمَانَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَا مِنِ امْرِءٍ يَّتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ وُضُوْئَهٗ ثُمَّ يُصَلِّى الصَّلَاةَ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الصَّلَاةِ الْاُخْرٰى حَتّٰى يُصَلِّيَهَا".

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرتا ہے اور نماز ادا کرتا ہے' تو اس کے اس نماز اور اگلی نمازوں کے درمیان کے گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے' یہاں تک کہ وہ اگلی نماز ادا کرے۔

147 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِىْ اِيَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ - هُوَ ابْنُ سَعْدٍ - قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ يَحْيٰى سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ وَّضَمْرَةُ بْنُ حَبِيْبٍ وَّاَبُوْ طَلْحَةَ نُعَيْمُ بْنُ زِيَادٍ

145-اخرجه مسلم في الطهارة، باب فضل الوضوء و الصلاة عقبه (الحديث 10و11) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في الوضوء على ما امر الله تعالىٰ (الحديث 459) . تحفة الاشراف (9789) .

146-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء ثلاثًا ثلاثًا (الحديث 160) مطولاً . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب فضل الوضوء و الصلاة عقبه (الحديث 5 و 6) مطولاً . تحفة الاشراف (9793) .

147-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (10760) .

Marfat.com

قَالُوْا سَمِعْنَا اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الْوُضُوْءُ قَالَ "اَمَّا الْوُضُوْءُ فَاِنَّكَ اِذَا تَوَضَّاْتَ فَغَسَلْتَ كَفَّيْكَ فَاَنْقَيْتَهُمَا خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ بَيْنِ اَظْفَارِكَ وَاَنَامِلِكَ فَاِذَا مَضْمَضْتَ وَاسْتَنْشَقْتَ مَنْخِرَيْكَ وَغَسَلْتَ وَجْهَكَ وَيَدَيْكَ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ وَمَسَحْتَ رَاْسَكَ وَغَسَلْتَ رِجْلَيْكَ اِلَى الْكَعْبَيْنِ اغْتَسَلْتَ مِنْ عَامَّةِ خَطَايَاكَ فَاِنْ اَنْتَ وَضَعْتَ وَجْهَكَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ خَرَجْتَ مِنْ خَطَايَاكَ كَيَوْمَ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ ." قَالَ اَبُوْ اُمَامَةَ فَقُلْتُ يَا عَمْرُو بْنَ عَبَسَةَ انْظُرْ مَا تَقُوْلُ اَكُلُّ هٰذَا يُعْطَى فِيْ مَجْلِسٍ وَّاحِدٍ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّيْ وَدَنَا اَجَلِيْ وَمَا بِيْ مِنْ فَقْرٍ فَاَكْذِبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وضو کیسے کیا جاتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک وضو کا تعلق ہے' تو جب تم وضو کرنے لگو تو اپنے دونوں ہاتھوں کو دھو کر اچھی طرح صاف کرو' تو تمہارے ناخنوں میں سے اور تمہارے انگلیوں کے پوروں میں سے بھی تمہارے گناہ نکل جائیں گے' پھر تم کلی کرو اور ناک میں پانی ڈالو' پھر اپنے چہرے کو دھوؤ اور دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک دھوؤ اور پھر اپنے سر کا مسح کرو اور دونوں پاؤں کو ٹخنوں تک دھوؤ تو تمہارے سب گناہ دُھل جائیں گے' اگر تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی پیشانی کو زمین پر رکھ دو تو تم اپنے گناہوں سے یوں پاک ہو جاؤ گے جس طرح اس دن تھے جب تمہاری والدہ نے تمہیں جنم دیا تھا۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ میں نے حضرت عمرو بن عبسہ سے کہا: آپ غور کریں کہ آپ کیا' کہہ رہے ہیں؟ کیا یہ سارے فوائد ایک ہی محفل میں حاصل ہو جائیں گے؟ تو انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! میری عمر زیادہ ہو چکی ہے' میرے مرنے کا وقت قریب آ چکا ہے اور میں محتاج بھی نہیں ہوں' تو ایسی حالت میں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جھوٹی بات بیان کروں گا؟ میں نے اپنے ان دونوں کانوں کے ذریعے یہ بات سنی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے اور اپنے ذہن میں اسے محفوظ رکھا ہے۔

## 109 - باب الْقَوْلِ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الْوُضُوْءِ .

### باب: وضو سے فارغ ہونے کے بعد کیا پڑھا جائے؟

148 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ رَّبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَاَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ

148-اخرجه مسلم في الطهارة، باب الذكر المستحب عقب الوضوء (الحديث 17) مطولاً . و اخرجه النسائي في عمل اليوم و الليلة، ما يقول اذا فرغ من وضوئه (الحديث 84) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما يقال بعد الوضوء (الحديث 470) . تحفة الاشراف (10609) .

Marfat.com

الْخَطَّابِ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ "مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فُتِحَتْ لَهٗ ثَمَانِيَةُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ ."

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرے' پھر بعد میں یہ پڑھے کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں''۔

تو اس شخص کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ وہ ان میں سے جس میں سے چاہے داخل ہو جائے۔

## 110 - باب حِلْيَةِ الْوُضُوْءِ .

### باب: وضو کا زیور ہونا

149 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ خَلَفٍ - وَهُوَ ابْنُ خَلِيْفَةَ - عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَهُوَ يَتَوَضَّاُ لِلصَّلَاةِ وَكَانَ يَغْسِلُ يَدَيْهِ حَتّٰى يَبْلُغَ اِبْطَيْهِ فَقُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ مَا هٰذَا الْوُضُوْءُ فَقَالَ لِىْ يَا بَنِىْ فَرُّوْخَ اَنْتُمْ هَا هُنَا لَوْ عَلِمْتُ اَنَّكُمْ هَا هُنَا مَا تَوَضَّاْتُ هٰذَا الْوُضُوْءَ سَمِعْتُ خَلِيْلِىْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "تَبْلُغُ حِلْيَةُ الْمُؤْمِنِ حَيْثُ يَبْلُغُ الْوُضُوْءُ ."

☆☆ ابوحازم بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے موجود تھا' وہ نماز کے لیے وضو کر رہے تھے' انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا' یہاں تک کہ بغلوں کو دھویا' تو میں نے دریافت کیا: اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ وضو کا کون سا طریقہ ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: اے بنوفروخ! تم یہاں موجود تھے؟ اگر مجھے پتا ہوتا کہ تم یہاں ہو تو میں اس طرح وضو نہ کرتا' میں نے اپنے خلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' کہ جنت میں بندۂ مؤمن کو وہاں تک زیورات پہنائے جائیں گے جہاں تک وہ وضو کرے گا۔

150 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْمَقْبُرَةِ فَقَالَ "السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ وَدِدْتُ اَنِّىْ قَدْ رَاَيْتُ اِخْوَانَنَا ." قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَسْنَا اِخْوَانَكَ قَالَ "بَلْ اَنْتُمْ اَصْحَابِىْ وَاِخْوَانِى الَّذِيْنَ لَمْ

149-اخرجه مسلم في الطهارة ، باب تبلغ الحلية حيث يبلغ الوضوء (الحديث 40) تحفة الاشراف (13398) .

150-اخرجه مسلم في الطهارة، باب استحباب الطالة الغرة و التحجيل في الوضوء (الحديث 39) مطولاً . و الحديث عند: ابي داؤد في الجنائز ، باب ما يقول اذا زار القبور او مربها (الحديث 3237) . تحفة الاشراف (14086) .

Marfat.com

يَاتُوا بَعْدُ وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ ." قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ يَّاتِيْ بَعْدَكَ مِنْ اُمَّتِكَ قَالَ "اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لِرَجُلٍ خَيْلٌ غُرٌّ مُّحَجَّلَةٌ فِيْ خَيْلٍ بُهْمٍ دُهْمٍ اَلَا يَعْرِفُ خَيْلَهُ ." قَالُوْا بَلٰى . قَالَ "فَاِنَّهُمْ يَاتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان تشریف لے گئے اور وہاں جا کر آپ نے یہ دعا پڑھی:

تم پر سلام ہو اے اہل ایمان کی بستی والو! اگر اللہ نے چاہا تو ہم تم سے آملیں گے۔

اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میری یہ خواہش تھی کہ میں اپنے بھائیوں کو دیکھ لوں' لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے ساتھی ہو' میرے بھائی وہ لوگ ہیں جو بعد میں آئیں گے اور میں حوض پر ان کا منتظر ہوں گا' لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اپنے بعد میں آنے والی اُمت کو کس طرح پہچانیں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر کسی شخص کا ایسا گھوڑا جس کی پیشانی پر سفید نشان ہو اور وہ گھوڑا سیاہ گھوڑوں کے درمیان موجود ہو' تو کیا وہ شخص اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لے گا' لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ قیامت کے دن اس طرح آئیں گے کہ وضو کرنے کی وجہ سے ان کی پیشانیاں چمک رہی ہوں گی اور میں حوض پر ان کا پیش رو ہوں گا۔

## 111 - باب ثَوَابِ مَنْ اَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ .

### باب: جو شخص اچھی طرح وضو کرنے کے بعد دو رکعات نماز ادا کرے' اس کا ثواب

151 - اَخْبَرَنَا مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَاَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ يُقْبِلُ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَوَجْهِهٖ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ ."

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرے' پھر اس کے بعد دو رکعت ادا کرے' جنہیں ادا کرتے ہوئے وہ ذہنی اور جسمانی طور پر مکمل طور پر متوجہ رہے' تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔

## 112 - باب مَا يَنْقُضُ الْوُضُوْءَ وَمَا لَا يَنْقُضُ الْوُضُوْءَ مِنَ الْمَذْيِ .

### باب: مذی میں سے کون سی چیز وضو کو توڑتی ہے اور کون سی چیز وضو کو نہیں' توڑتی ہے؟

151-اخرجه مسلم في الطهارة، باب الذكر المستحب عقب الوضوء (الحديث 17) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب ما يقول الرجل اذا توضا (الحديث 169) مطولاً، وفي الصلاة، باب كراهية الوسوسة و حديث النفس في الصلاة (الحديث 906) . تحفة الاشراف (9914) .

Marfat.com

152 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً وَّكَانَتِ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتِيْ فَاسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَسْاَلَهُ فَقُلْتُ لِرَجُلٍ جَالِسٍ اِلٰى جَنْبِيْ سَلْهُ ۔ فَسَاَلَهُ فَقَالَ "فِيْهِ الْوُضُوْءُ ۔"

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ بیان کرتے ہیں' میری مذی بکثرت خارج ہوا کرتی تھی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی میری اہلیہ تھیں' اس لیے مجھے آپ سے اس بارے میں دریافت کرتے ہوئے حیاء محسوس ہوئی تو میں نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے ایک شخص سے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کرو' اس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا' کہ ایسی صورت میں وضو کرنا ہوگا۔

## شرح

### وضو کو توڑنے والی چیزیں

(i) وہ چیز جو سبیلین سے نکلتی ہے' یعنی پیشاب' پاخانہ اور پچھلی شرمگاہ سے نکلنے والی ہوا'

(ii) ودی

(iii) مذی

(iv) منی

(v) کیڑا

(vi) پتھری

مسئلہ: پاخانہ تھوڑا نکلے یا زیادہ نکلے' اس کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے' پیشاب کا بھی یہی حکم ہے اور پاخانہ کے مقام سے نکلنے والی ہوا کا بھی یہی حکم ہے۔ (محیط)

مسئلہ: مرد یا عورت کے پیشاب کے مقام سے نکلنے والی ہوا کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: مذی اور ودی کے مطلق خروج سے وضو ٹوٹ جاتا ہے جبکہ منی کے لیے حکم یہ ہے کہ اگر وہ شہوت کے بغیر نکل آتی ہے' تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا' جیسے کوئی شخص وزن اُٹھاتا ہے اور اس کی منی خارج ہو جاتی ہے یا کسی بلند جگہ سے گر جاتا ہے اور اس کی منی خارج ہو جاتی ہے' تو ایسی صورت میں اس کا وضو ٹوٹے گا (غسل لازم نہیں ہوگا)۔ (محیط)

مسئلہ: سبیلین کے علاوہ جو چیز انسان کے جسم سے خارج ہوتی ہے اور ظاہر ہونے کے بعد بہنے لگتی ہے' اس کی وجہ سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے' اس میں خون' پیپ' زخم کا پانی' آبلے کا پانی اور اس طرح کی دیگر مائع چیزیں شامل ہیں۔

مسئلہ: بہنے کی حد یہ ہے کہ وہ مواد ظاہر ہونے کے بعد زخم کے نشان سے آگے پیچھے ہو جائے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر زخم کے سرے پہ خون نمودار ہوتا ہے' تو یہ خون وضو نہیں توڑتا' اگرچہ زخم کے اکثر حصے پر وہ خون نمودار ہو

152-اخرجه البخاری في الوضوء، باب غسل المذي و الوضوء منه (الحديث 269) . تحفة الاشراف (10178) .

Marfat.com

جائے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اصول یہ ہے کہ انسان کے جسم سے جو بھی ایسی چیز باہر نکلتی ہے جس کے ذریعے وضو نہیں ٹوٹتا تو وہ چیز نجس شمار نہیں ہو گی جس طرح تھوڑی قے یا ایسا خون جو بہتا نہیں' وہ باہر آ جائے تو وضو نہیں ٹوٹتا تو یہ ناپاک بھی شمار نہیں ہوں گے۔ (تبیین)

## وضو کے مزید نواقض

مسئلہ: وضو توڑنے والی چیزوں میں سے ایک سونا ہے' نماز کے دوران یا نماز کے علاوہ لیٹ کر سونے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے' اس میں فقہاء کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے' اسی طرح اگر کوئی شخص تورک کے طور پر بیٹھے ہوئے سو جاتا ہے' تو بھی یہی حکم ہو گا' چت لیٹ کر سونے والے کے لیے بھی یہی حکم ہو گا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: وضو توڑنے والے اُمور میں سے ایک بے ہوشی' جنون' غشی اور سُکر طاری ہونا ہے' یہ سب چیزیں وضو کو توڑ دیتی ہیں' خواہ یہ کم ہوں یا زیادہ ہوں' سُکر یعنی نشے کی حد یہ ہے کہ انسان مرد و عورت میں تمیز نہ کر سکتا ہو' یہ حکم بعض مشائخ کے نزدیک ہے اور صدر شہید نے اس کو اختیار کیا ہے جبکہ شمس الائمہ حلوانی کے نزدیک نشے سے مراد یہ ہے کہ انسان کی چال میں لغزش آ جائے۔ (ذخیرہ)

## نماز میں قہقہہ لگانے کے احکام

مسئلہ: وضو توڑنے والی چیزوں میں قہقہہ لگانا بھی شامل ہے' قہقہہ لگانے کی حد یہ ہے کہ انسان خود بھی اسے سن لے' اور اس کے ساتھ والا شخص بھی اسے سن لے جبکہ ہنسنا یہ ہے کہ انسان خود اس کو سنے' لیکن اس کے ساتھ والا اسے نہ سن سکے اور مسکرانا یہ ہے کہ آدمی خود بھی اسے نہ سن سکے اور اس کا پڑوسی بھی اسے نہ سن سکے۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: رکوع اور سجدے والی کسی بھی نماز میں قہقہہ لگانے سے نماز بھی ٹوٹ جاتی ہے اور وضو بھی ٹوٹ جاتا ہے' یہ حکم ہمارے نزدیک ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس بارے میں صورت برابر ہو گی کہ انسان جان بوجھ کر قہقہہ لگاتا ہے یا بھول کر ایسا کر لیتا ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: لیکن اگر کوئی شخص نماز کے باہر قہقہہ لگاتا ہے' تو اس صورت میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔

مسئلہ: ہنسنے کی وجہ سے نماز ٹوٹ جائے گی لیکن وضو نہیں ٹوٹے گا اور مسکرانے سے نہ نماز ٹوٹے گی' نہ وضو ٹوٹے گا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص سجدۂ تلاوت میں قہقہہ لگا لیتا ہے یا نمازِ جنازہ میں قہقہہ لگا لیتا ہے' تو اس کی نمازِ جنازہ یا سجدہ باطل ہو جائیں گے لیکن وضو برقرار رہے گا۔ (فتاویٰ قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی بچہ نماز کے دوران قہقہہ لگا لیتا ہے' تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران سو جاتا ہے اور سوتے ہوئے قہقہہ لگا لیتا ہے' تو نہ اس کا وضو ٹوٹے گا نہ نماز ٹوٹے گی۔ (تبیین)

Marfat.com

جبکہ حاکم ابومحمد کوفی نے یہ بات بیان کی ہے کہ ایسے شخص کی نماز اور وضو دونوں ٹوٹ جائیں گے۔ متاخرین نے احتیاط کے پیش نظر اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی عذر کی وجہ سے اشارے کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو یا کوئی شخص سوار ہو کر اشارے کے ساتھ نوافل ادا کر رہا ہو یا کسی عذر کی وجہ سے اشارے کے ساتھ نماز ادا کر رہا ہو (اور اس میں قہقہہ لگا لے) تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: قہقہہ جس طرح وضو کو توڑ دیتا ہے' اسی طرح تیمم کو بھی توڑ دیتا ہے' لیکن یہ غسل کی طہارت کو نہیں توڑتا ہے۔

## مباشرت کے احکام

مسئلہ: وضو کو لازم کرنے والی چیزوں میں سے ایک چیز کھلی مباشرت ہے اور کھلی مباشرت سے مراد یہ ہے کہ شوہر اپنی بیوی کے سامنے بے لباس ہو جائے' اس کا عضو منتشر ہو جائے اور شرمگاہ شرمگاہ سے مس ہو' تو استحسان کے پیش نظر امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق ایسی صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ مرد پر وضو لازم نہیں ہوگا' قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے۔ (محیط)

مسئلہ: ایسی صورتِ حال میں مرد کے آلے کے منتشر ہونے کا عورت کا وضو ٹوٹنے میں اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ (قنیہ)

مسئلہ: مرد کا عورت کو محض چھو لینا یا عورت کا مرد کو محض چھو لینا وضو کو نہیں توڑتا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: ہمارے نزدیک شرمگاہ کو چھونے کی وجہ سے بھی وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔

## شک لاحق ہونے کے احکام

مسئلہ: وضو توڑنے کے احکام کے متعلق کچھ صورتیں ایسی ہیں جن میں شک پایا جاتا ہے' اس بارے میں پہلا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو یہ شک لاحق ہوا ہے کہ وضو کے دوران اس نے فلاں عضو کو نہیں دھویا ہے' تو اگر اسے پہلی مرتبہ یہ شک لاحق ہوا ہے' تو وہ اس جگہ کو دھو لے گا' جس کے بارے میں اسے شک ہے' لیکن اگر اس کے ساتھ اکثر یہی صورتِ حال درپیش ہوتی ہے' تو اب اس صورت میں شک کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا اور یہ حکم بھی اس وقت ہوگا جب انسان کو وضو کرنے کے دوران شک لاحق ہوتا ہو' اگر وضو کرنے کے بعد شک ہوا ہے' تو اس کی طرف توجہ نہیں دی جائے گی' جو شخص باوضو تھا اور پھر اس کو یہ شک ہوا کہ میرا وضو ٹوٹ چکا ہے یا نہیں ٹوٹا ہے' تو ایسی صورت میں اس کا وضو باقی شمار ہوگا' اور اگر کوئی شخص بے وضو تھا اور پھر اسے یہ شک لاحق ہوا کہ اس نے وضو کیا ہے یا نہیں کیا ہے' تو اس صورت میں وہ بے وضو شمار ہوگا' اس مسئلے کے بارے میں غالب گمان پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔ (خلاصہ)

•••———•••———•••

153 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ

153-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في المذي (الحديث 208 و 209) بمعناه . تحفة الاشراف (10241) .

Marfat.com

عَنْهُ - قَالَ قُلْتُ لِلْمِقْدَادِ اِذَا بَنَى الرَّجُلُ بِاَهْلِهِ فَاَمْذَى وَلَمْ يُجَامِعْ فَسَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاِنِّى اَسْتَحِى اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ وَابْنَتُهُ تَحْتِي - فَسَاَلَهُ فَقَالَ "يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّأُ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ."

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ بیان کرتے ہیں' میں نے مقداد سے کہا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے اور اس کی مذی خارج ہوجاتی ہے' لیکن وہ بیوی کے ساتھ صحبت نہیں کرتا تو اس بارے میں حکم کیا ہوگا؟ تم یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرو' کیونکہ مجھے آپ سے یہ سوال کرتے ہوئے حیاء محسوس ہوتی ہے' کیونکہ آپ کی صاحبزادی میری اہلیہ ہیں۔ مقداد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات دریافت کی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: ایسا شخص اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کرے گا جیسا کہ نماز کے لیے وضو کیا جاتا ہے۔

154 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَاَمَرْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجْلِ ابْنَتِهِ عِنْدِي فَقَالَ "يَكْفِي مِنْ ذٰلِكَ الْوُضُوْءُ."

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں ایک ایسا شخص تھا جس کی مذی بکثرت خارج ہوا کرتی تھی' میں نے عمار بن یاسر کو یہ ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کرے' اس کی وجہ یہ تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی میری اہلیہ تھیں (اس لیے میں براہِ راست خود سوال نہیں کرسکتا تھا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسی صورت میں وضو کرنا لازم ہوگا۔

155 - اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَنْبَاَنَا اُمَيَّةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اَنَّ رَوْحَ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ اَبِي نُجَيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ خَلِيْفَةَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ عَلِيًّا اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ "يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّأُ."

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے یہ کہا تھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کا حکم دریافت کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا: ایسا شخص اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کرے گا۔

156 - اَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَرْوَزِيُّ عَنْ مَالِكٍ - وَهُوَ ابْنُ اَنَسٍ - عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّ عَلِيًّا اَمَرَهُ اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنْ اَهْلِهِ فَخَرَجَ مِنْهُ الْمَذْيُ مَاذَا عَلَيْهِ فَاِنَّ عِنْدِي ابْنَتَهُ وَاَنَا اَسْتَحِي اَنْ اَسْاَلَهُ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ "اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهُ وَيَتَوَضَّأْ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ."

154-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (10156) ۔

155-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (3550) ۔

156-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في المذي (الحديث 207) ۔ و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 439) ۔ و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الوضوء من المذي (الحديث 505) بمعناه مختصراً ۔ تحفة الاشراف (11544) ۔

Marfat.com

☆☆ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کریں جو اپنی بیوی کے قریب ہوتا ہے' تو اس کی مذی خارج ہو جاتی ہے' ایسے شخص پر کیا کرنا لازم ہوگا؟' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی میری اہلیہ ہیں' اس لیے مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کرتے ہوئے حیاء محسوس ہوتی ہے۔ (حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں') میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کو ایسی صورتِ حال کا سامنا ہو' تو وہ شرمگاہ پر پانی چھڑک کر (یعنی اسے دھوکر) نماز کے وضو کی طرح وضو کر لے۔

157 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ قَالَ سَمِعْتُ مُنْذِرًا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَسْاَلَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْىِ مِنْ اَجْلِ فَاطِمَةَ فَاَمَرْتُ الْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ فَسَاَلَهُ فَقَالَ "فِيْهِ الْوُضُوْءُ ."

☆☆ امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فاطمہ کے ساتھ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتے) کی وجہ سے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کا حکم دریافت کرتے ہوئے حیاء محسوس ہوئی تو میں نے مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے کہا' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسی صورت میں وضو کرنا ہوگا۔

## 113 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ .

### باب: پاخانہ یا پیشاب کرنے کے بعد وضو کرنا

158 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ اَنَّهُ سَمِعَ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يُحَدِّثُ قَالَ اَتَيْتُ رَجُلًا يُّدْعٰى صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ فَقَعَدْتُ عَلٰى بَابِهٖ فَخَرَجَ فَقَالَ مَا شَاْنُكَ قُلْتُ اَطْلُبُ الْعِلْمَ . قَالَ اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَطْلُبُ . فَقَالَ عَنْ اَىِّ شَىْءٍ تَسْاَلُ قُلْتُ عَنِ الْخُفَّيْنِ .

قَالَ كُنَّا اِذَا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَفَرٍ اَمَرَنَا اَنْ لَا نَنْزِعَهٗ ثَلَاثًا اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَّلٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ .

157-اخرجه البخاري في العلم، باب من استحيا فامر غيره بالسوال (الحديث 132) و في الوضوء، باب من لم ير الوضوء الا من المخرجين من القبل و الدبر (الحديث 178) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب المذي (الحديث 17 و 18) . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 436) . تحفة الاشراف (10264) .

158-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 96) ، و في الدعوات، باب في فضل التوبة والاستغفار، و ما ذكر من رحمة الله لعباده (الحديث 3535 و 3536) مطولاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر (الحديث 127) ، و الوضوء من الغائط (الحديث 159) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الوضوء من النوم (الحديث 478) . و الحديث عند الترمذي في الزهد، باب ما جاء ان المرء مع من احب (الحديث 2387) . و النسائي في الطهارة، باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر (الحديث 126) و ابن ماجه في الفتن، باب طلوع الشمس من مغربها (الحديث 4070) . تحفة الاشراف (4952) .

Marfat.com

☆☆ زر بن حبیش بیان کرتے ہیں' میں ایک صحابی کے پاس آیا' جن کا نام حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ تھا' میں ان کے دروازے پر بیٹھ گیا' وہ باہر تشریف لائے' انہوں نے دریافت کیا: تمہیں کیا کام ہے؟ میں نے جواب دیا: میں علم کے حصول کے لیے آیا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: طالب علم کے حصول سے راضی ہو کر فرشتے اپنے پر بچھا دیا کرتے ہیں' تم کس چیز کے بارے میں دریافت کرنا چاہتے ہو؟ میں نے جواب دیا: میں موزوں کے بارے میں دریافت کرنا چاہتا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: ہم جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں ہوتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ ہم تین دن تک موزے نہ اتاریں' البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے' پاخانہ پیشاب یا نیند کی وجہ سے (وضو ٹوٹنے پر وضو کرتے ہوئے موزے نہیں اتاریں گے)۔

## 114 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ الْغَائِطِ .

### باب: پاخانے کے بعد وضو کرنا

159 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ قَالَ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ كُنَّا اِذَا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ اَمَرَنَا اَنْ لَا نَنْزِعَهُ ثَلَاثًا اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَّلٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ .

☆☆ زر بیان کرتے ہیں' حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' کہ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی سفر میں شریک ہوتے تھے' تو آپ ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ ہم تین دن تک موزے نہ اتاریں' البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے' (موزے نہ اتارنے کا حکم) پاخانہ' پیشاب یا سونے (کی وجہ سے وضو ٹوٹنے کے بارے میں ہے)۔

## 115 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ الرِّيحِ .

### باب: ہوا خارج ہونے پر وضو کرنا

160 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدٌ - يَعْنِي ابْنَ الْمُسَيَّبِ - وَعَبَّادُ بْنُ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ - وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ - قَالَ شُكِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ يَجِدُ الشَّيْءَ فِي الصَّلَاةِ قَالَ "لَا يَنْصَرِفْ حَتّٰى يَجِدَ رِيْحًا اَوْ يَسْمَعَ صَوْتًا ."

159-تقديم في الطهارة، باب الوضوء من الغائط و البول (الحديث 158) .

160-اخرجه البخاري في الوضوء، باب لا يتوضا من الشك حتى يستقين (الحديث 137) و باب من لم ير الوضوء الا من المخرجين من القبل و الدبر (الحديث 177) مختصرًا، و في البيوع، باب من لم ير الوساوس و نحوها من الشبهات (الحديث 2056) . و اخرجه مسلم في الحيض، باب الدليل على ان من يستيقن الطهارة ثم شك في الحديث فله ان يصلي بطهارته تلك (الحديث 98) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب اذا شك في الحدث (الحديث 176) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب لا وضوء الا من حدث (الحديث 513) . تحفة الاشراف (5296) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ایسے شخص کے بارے میں مسئلہ پیش کیا گیا جسے نماز کے دوران کوئی چیز محسوس ہوتی ہے' تو آپ نے ارشاد فرمایا: آدمی اس وقت تک اپنی نماز ختم نہیں کرے گا' جب تک اسے بدبو محسوس نہیں ہوتی یا (ہوا خارج ہونے کی) آواز نہیں آتی۔

شرح

## نماز کے دوران حدث لاحق ہونے کے احکام

مسئلہ: جس شخص کو نماز کے دوران حدث لاحق ہو جائے تو وہ وضو کر کے اسی پر بنا کرے گا (یعنی جہاں سے نماز چھوڑ کر گیا تھا' وہیں سے آگے پڑھے گا)۔ (کنز)

مسئلہ: اس بارے میں مرد اور خاتون کا حکم برابر ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جس رکن کے دوران حدث لاحق ہوگا' وہ شمار نہیں ہوگا' اسے دوبارہ ادا کیا جائے گا۔ (ہدایہ' کافی)

مسئلہ: نماز کے دوران حدث لاحق ہونے کی صورت میں ازسرنو نماز ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ (متون)

مسئلہ: بعض فقہاء کے نزدیک یہ حکم سب کے لیے عام ہے' بعض فقہاء کے نزدیک یہ حکم منفرد شخص کے لیے ہے۔ (باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم مختلف ہوگا) (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: نماز میں بناء کے درست ہونے کے لیے چند شرائط ہیں۔

مسئلہ: وہ حدث وضو کو توڑ دے اور اس کا وجود نادر نہ ہو' یعنی وہ کوئی آسمانی آفت نہ ہو جس میں بندے کا کوئی اختیار نہیں ہوتا یا جس کے سبب کا بندے کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران پیشاب کر کے' پاخانہ کر کے' ہوا خارج کر کے یا نکسیر نکال کر' جان بوجھ کر حدث لاحق کرتا ہے' تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی' وہ بناء نہیں کر سکتا لیکن اگر جان بوجھ کر نہیں کیا اور حدث ایسا ہے جو غسل کو لازم کرتا ہے' تو بھی بناء نہیں کی جا سکتی' اگر کوئی ایسا حدث ہو جو وضو کو لازم کرتا ہو' لیکن وہ کسی دوسرے انسان کے فعل کی وجہ سے لازم آیا ہو' تو بھی یہی حکم ہوگا' تاہم اس بارے میں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس کی صورت یہ ہے کہ کوئی شخص اسے گولی' پتھر یا کوئی اور چیز مار دیتا ہے جس کے نتیجے میں اس کا خون بہنے لگتا ہے' تو خون بہنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے' ایسی صورت میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بناء نہیں کی جا سکتی۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص چھینکا یا کھنکارا جس کے نتیجے میں اس کی ہوا خارج ہو گئی تو بعض فقہاء کے نزدیک ایسی صورت میں وہ بناء نہیں کرے گا' یہی قول صحیح ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اس کے لیے دوسری شرط یہ ہے کہ جیسے ہی حدث لاحق ہو' فوراً نماز چھوڑ کر چلا جائے' یہاں تک کہ اگر ایک شخص حدث کی حالت میں ایک رکن ادا کر لیتا ہے یا اس جگہ اتنی دیر رہتا ہے کہ اتنے وقت میں ایک رکن ادا کیا جا سکتا ہے' تو اس کی نماز

Marfat.com

فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: اگر وہ شخص جاتے ہوئے تلاوت کرتا ہے تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی لیکن اگر واپس آتے ہوئے تلاوت کرے گا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ صحیح قول یہ ہے کہ دونوں صورتوں میں نماز فاسد ہو جائے گی۔ (تبیین)

مسئلہ: اس دوران اگر کوئی سبحان اللہ یا لا الہ الا اللہ پڑھ لیتا ہے تو صحیح قول کے مطابق بناء کی جا سکتی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر امام کو رکوع کے دوران حدث لاحق ہو گیا اور اس نے سر اُٹھاتے ہوئے سمع اللہ لمن حمدہ کہہ دیا یا سجدے میں حدث ہوا اور سر اُٹھاتے ہوئے اللہ اکبر کہہ دیا اور یہ کہتے ہوئے نماز کے رکن ادا کرنے کا ارادہ کیا تو سب کی نماز فاسد ہو جائے گی لیکن اگر رکن کی ادائیگی کا ارادہ نہیں کیا تھا تو اس بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے دو طرح کی روایات منقول ہیں۔ (کافی)

مسئلہ: اس کے لیے ایک یہ بھی شرط ہے کہ حدث کے بعد کوئی ایسا فعل نہ کرے کہ اگر حدث لاحق نہ ہوا ہوتا تو نماز کے دوران اس فعل کو سر انجام دینا نماز کو توڑ دیتا ہے اس لیے اگر کسی کو حدث لاحق ہوا اور اس کے بعد اس نے کلام کر لیا یا جان بوجھ کر دوسرا حدث کیا یا قہقہہ لگا لیا یا کچھ کھا لیا یا پی لیا یا اس کے علاوہ اور کوئی کام کر لیا تو اب نماز پر بناء جائز نہیں ہوگی۔ یہ حکم اس صورت میں بھی ہوگا کہ اگر حدث لاحق ہو جانے کے بعد وہ شخص مجنون ہو جائے یا بے ہوش ہو جائے یا اسے جنابت لاحق ہو جائے۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: اس بارے میں ایک یہ بات بھی شرط ہے کہ سماوی حدث لاحق ہو جانے کے بعد سابقہ حدث ظاہر نہ ہو۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: اس اصول کے پیش نظر یہ حکم ہوگا کہ کوئی شخص موزوں پر مسح کر کے نماز پڑھ رہا تھا تو اسے حدث لاحق ہو گیا اور وضو کرنے کے لیے نماز چھوڑ کر چلا گیا اور وضو کے درمیان ہی مسح کی مدت تمام ہو گئی تو وہ شخص از سر نو نماز پڑھے گا' وہ بناء نہیں کر سکتا' یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: اس کی دوسری شکل یہ ہے کہ اگر کوئی شخص تیمّم کر کے نماز ادا کر رہا تھا اور اس دوران اسے حدث لاحق ہو گیا تو وہ تیمّم کرنے کے لیے گیا تو اسے پانی مل گیا تو وہ بناء نہیں کر سکتا۔

مسئلہ: بناء کے لیے ایک شرط یہ ہے کہ اگر مقتدی ہو' اگر وہ اس کے وضو کر کے آنے تک امام فارغ نہیں ہوا تو وہ واپس امام تک آ سکتا ہو اور ان دونوں کے درمیان کوئی ایسی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے جو اقتداء کے درست ہونے میں رکاوٹ بن سکتی ہو' لیکن اگر اس کے واپس آنے سے پہلے امام فارغ ہو چکا ہو' تو اب وہ امام کی طرف واپس نہ آئے' اگر وہ شخص امام کی طرف واپس آ جاتا ہے' تو کیا اس کی نماز فاسد ہو جائے گی' اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

مسئلہ: ان میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ اگر حدث امام کو لاحق ہوا ہے' تو وہ کسی ایسے شخص کو اپنا نائب نہ بنائے جو امامت کی صلاحیت نہیں رکھتا' اس اعتبار سے اگر وہ امام کسی عورت کو اپنا نائب بنا دیتا ہے' تو وہ نئے سرے سے نماز پڑھے گا۔ (بحر الرائق)

Marfat.com

## (نماز کے دوران) نائب بنانے کے احکام

مسئلہ: جن صورتوں میں نماز کی بناء کی جاسکتی ہے ان میں امام کو چاہیے کہ وہ کسی کو اپنا نائب بنا دے لیکن جن صورتوں میں بناء کی ہی نہیں جاسکتی ان صورتوں میں نائب بھی نہیں بنایا جاسکتا۔

مسئلہ: جب امام کو حدث لاحق ہوتا ہے تو جو شخص آغاز میں ہی امام بننے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ امام کا نائب بننے کی صلاحیت رکھے گا اور جو شخص آغاز میں امام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا تھا وہ امام کا نائب بننے کی بھی صلاحیت نہیں رکھے گا۔ (محیط)

مسئلہ: نائب بنانے کا طریقہ یہ ہوگا کہ آدمی جھک کر پیچھے کی طرف ہٹے اور ناک پر ہاتھ رکھ لے تاکہ دوسروں کو یہ محسوس ہو کہ شاید اس کی نکسیر پھوٹ گئی ہے پھر امام پہلی صف میں کسی کی طرف اشارہ کر کے اسے اپنا نائب بنا دے لیکن وہ نائب بنانے کے لیے کلام نہیں کرے گا۔

مسئلہ: زیادہ بہتر یہ ہے کہ امام مسبوق کو اپنا نائب نہ بنائے اگر امام مسبوق کو نائب بنانے کے لیے اشارہ کرے تو مسبوق کو چاہیے کہ اسے قبول نہ کرے لیکن اگر وہ قبول کر لیتا ہے تو یہ جائز ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر امام نے کسی کو نائب مقرر نہ کیا لوگوں نے بھی کسی کو نائب نہیں بنایا یہاں تک کہ امام (وضو کے لیے) مسجد سے باہر نکل گیا تو سب لوگوں کی نماز فاسد ہو جائے گی تاہم وضو کر کے آکر بناء کرے گا کیونکہ اپنی ذات کے اعتبار سے اس کا حکم منفرد کا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس دوران اگر کوئی شخص امام کے مقرر کرنے سے پہلے ہی خود آگے بڑھ کر امامت پر کھڑا ہو جاتا ہے اور امام کے مسجد سے باہر جانے سے پہلے امامت کی جگہ پر کھڑا ہو جائے ایسا کرنا جائز ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ایسی صورت میں اگر امام ایک شخص کو آگے کر لے اور مقتدی دوسرے شخص کو آگے کر دے تو امامت وہ کرے گا جس کو امام نے آگے کیا ہے۔

## بعض ذیلی مسائل

مسئلہ: اگر کسی شخص کو نماز کے دوران یہ گمان ہو کہ اس کو حدث لاحق ہو گیا پھر وہ مسجد سے باہر چلا جائے اور باہر جا کر اسے پتہ چلا کہ حدث لاحق نہیں ہوا تو اب وہ ازسرِنو نماز ادا کرے گا لیکن اگر وہ مسجد سے باہر نہیں نکلا تھا تو جتنی نماز باقی ہے اسے پورا کرے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: لیکن اگر کسی شخص کو یہ گمان ہوا کہ اس نے وضو کیے بغیر نماز پڑھنا شروع کر دی تھی یا اس نے موزوں پر مسح کر کے نماز پڑھی تھی تو اسے یہ گمان ہوا کہ شاید اس کے موزوں پر مسح کی مدت ختم ہوگئی ہے یا اس نے تیمم کر کے نماز پڑھی تھی اور اسے محسوس ہوا کہ شاید پانی قریب موجود ہے میں اس سے جا کر وضو کر لیتا ہوں یا ترتیب کے ساتھ نماز پڑھنے والے کو ظہر کی نماز ادا کرتے وقت یہ گمان ہوا کہ شاید میں نے فجر کی نماز نہیں پڑھی تھی یا کسی شخص نے اپنے کپڑے کے اوپر داغ لگا ہوا دیکھا اور اسے

Marfat.com

نجاست سمجھ لیا اور پھر اس نماز سے پھر گیا تو اب اس کی نماز فاسد ہو جائے گی (وہ اس پر بناء نہیں کر سکتا ہے)۔

مسئلہ: گھر میں عید گاہ میں اور جنازگاہ میں پورا مکان یا احاطہ مسجد کے حکم میں ہوگا' جبکہ جنگل میں جہاں تک صفیں موجود ہیں' وہ والا حصہ مسجد کے حکم میں ہوگا۔

مسئلہ: ایسی صورتِ حال میں امام کو حدث لاحق ہوا اور وہ آگے کی طرف بڑھ گیا' اس کے سامنے کوئی سترہ موجود نہیں تھا تو اس کے پیچھے جتنی جگہ صفوں کی ہے' اتنی ہی سامنے کی طرف جگہ مسجد شمار ہوگی' لیکن اگر اس کے سامنے سترہ موجود تھا تو صرف سترے تک کا حصہ مسجد شمار ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: چند صورتوں میں نماز باطل ہو جاتی ہے (یعنی ٹوٹ جاتی ہے)۔

مسئلہ: جب فجر کی نماز ادا کرنے کے دوران سورج نکل آئے' جب جمعہ کی نماز ادا کرنے کے دوران عصر کا وقت شروع ہو جائے۔

مسئلہ: جب آدمی کے تندرست ہونے پر اس کی پٹی گر جائے' جب کسی معذور کا عذر زائل ہو جائے۔

مسئلہ: جب کسی اَن پڑھ (یعنی جو قرآن کا علم نہ رکھتا ہو) کو نائب بنا دیا جائے۔

مسئلہ: جب اشارے کے ساتھ نماز ادا کرنے والا شخص رکوع اور سجدہ کرنے پر قادر ہو جائے۔

مسئلہ: جب موزوں پر مسح کرنے والے کی مدت (نماز کے دوران) ختم ہو جائے' لیکن شرط یہ ہے کہ اس وقت اسے پاؤں دھونے کے لیے پانی مل رہا ہو' اگر پانی نہیں ملتا تو نماز باطل نہیں ہوگی (جبکہ بعض فقہاء کے نزدیک باطل ہو جائے گی)۔

مسئلہ: کوئی شخص موزوں پر مسح کر کے نماز پڑھ رہا تھا' پھر اس نے تھوڑے سے عمل کے ذریعے موزہ اتار دیا۔

مسئلہ: جب کوئی اَن پڑھ شخص (یعنی جسے قرآن پڑھنا نہیں آتا) وہ نماز پڑھ رہا تھا اور اسی دوران اسے کوئی سورت یاد آ گئی یا کسی دوسرے شخص کی زبانی تلاوت سن کر با قاعدہ سیکھے بغیر صرف سن کر اس نے اس سورت کو یاد کر لیا۔

مسئلہ: کوئی برہنہ شخص نماز پڑھ رہا تھا' نماز کے دوران اس کو کپڑا مل گیا' ایسا کپڑا جس کے ساتھ نماز جائز ہوتی ہے' یعنی اس پر کوئی ایسی نجاست نہ لگی ہوئی ہو جو نماز کے لیے رکاوٹ ہوتی ہے۔

مسئلہ: کوئی شخص تیمم کر کے نماز ادا کر رہا تھا تو پانی کے استعمال پر قادر ہو گیا۔

مسئلہ: کسی شخص کو نماز کے دوران فوت شدہ نماز یاد آ گئی اور ابھی وہ ترتیب کا پابند تھا۔

مسئلہ: کوئی شخص نجس کپڑے میں نماز ادا کر رہا تھا اور پھر اسے کوئی ایسی چیز مل گئی جس کے ذریعے اس نجاست کو صاف کر سکتا ہے۔

مسئلہ: کوئی شخص قضاء نماز پڑھ رہا تھا اور اسی دوران زوال کا وقت شروع ہو گیا یا سورج غروب ہو گیا یا سورج نکل آیا۔

مسئلہ: کوئی کنیز اوڑھنی کے بغیر نماز ادا کر رہی تھی اور نماز کے دوران آزاد ہو گئی۔

مسئلہ: یہ سب صورتیں اگر امام کے ساتھ پیش آتی ہیں' تو اس کے مقتدیوں کی نماز بھی باطل ہو جائے گی۔

Marfat.com

## 116 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ .

باب: سونے کی وجہ سے (وضولازم ہونا)

161 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَّحُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَّنَامِهٖ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهٗ فِى الْاِنَاءِ حَتّٰى يُفْرِغَ عَلَيْهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهٗ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو' تو وہ اپنا ہاتھ اس وقت تک برتن میں داخل نہ کرے جب تک اس پر تین مرتبہ پانی نہ بہالے (یعنی دونوں ہاتھوں کو پہلے دھو نہیں لیتا)' کیونکہ اسے یہ نہیں معلوم کہ اس کا ہاتھ رات کہاں رہا تھا؟

## 117 - باب النُّعَاسِ .

باب: اونگھنے کا حکم

162 - اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا نَعَسَ الرَّجُلُ وَهُوَ فِى الصَّلَاةِ فَلْيَنْصَرِفْ لَعَلَّهٗ يَدْعُوْ عَلٰى نَفْسِهٖ وَهُوَ لَا يَدْرِيْ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کسی شخص کو نماز کے دوران اونگھ آنے لگے تو اسے نماز ختم کر دینی چاہیے' کیونکہ ہوسکتا ہے' کہ وہ اپنے خلاف دعائے ضرر کر رہا ہو' جبکہ اسے اس بات کا احساس بھی نہ ہو۔

## 118 - باب الْوُضُوْءِ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ .

باب: شرمگاہ کو چھونے پر وضو کرنا

163 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ اَنْبَاَنَا مَالِكٌ ح وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ

---

161-تقديم في الطهارة ، تاويل قوله عز و جل : (اذا قمتم الى الصلاة، فا غسلوا وجوهكم و ايديكم الى المرافق) (الحديث 1) .

162-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16769) .

163-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 181) ، و اكرجه الترمذي في الطهارة، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 82 و83) بنحوه مختصراً . و اخرجه النسائي الطهارة ، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 164) ، و في الغسل و التيمم، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 443و444 و 445و 446) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 479) مختصراً . تحفة الاشراف (15785) .

Marfat.com

الزُّبَيْرِ يَقُولُ دَخَلْتُ عَلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَذَكَرْنَا مَا يَكُونُ مِنْهُ الْوُضُوْءُ فَقَالَ مَرْوَانُ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ الْوُضُوْءُ ۔ فَقَالَ عُرْوَةُ مَا عَلِمْتُ ذٰلِكَ ۔ فَقَالَ مَرْوَانُ اَخْبَرَتْنِي بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهٗ فَلْيَتَوَضَّاْ ۔"

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں' میں مروان بن حکم کے پاس آیا' ہم نے وہاں اس بات کا تذکرہ کیا' کہ کن صورتوں میں وضو کرنا لازم ہوتا ہے؟ تو مروان نے یہ کہا کہ شرمگاہ کو چھونے کی وجہ سے وضو کرنا لازم ہوتا ہے' عروہ بولے: مجھے اس کا علم نہیں تھا' مروان نے بتایا: سیّدہ بسرہ بنت صفوان نے یہ بات بیان کی ہے' کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اگر کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے تو اسے وضو کرنا چاہیے۔

## شرح

احناف کے نزدیک شرمگاہ کو چھو لینے سے وضو نہیں ٹوٹتا' جبکہ جمہور کے نزدیک شرمگاہ کو چھو لینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ احناف کی دلیل حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث ہے جسے امام نسائی نے اگلے ترجمۃ الباب کے بعد نقل کیا ہے۔

احناف کی دلیل یہ بھی ہے۔ حضرت عمر' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت زید بن ثابت' حضرت عمران بن حصین' حضرت حذیفہ بن یمان' حضرت ابودرداء' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں بھی یہ بات منقول ہے۔ ان حضرات کے نزدیک شرمگاہ کو چھو لینا ناقض وضو نہیں ہے۔[1]

164 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُولُ ذَكَرَ مَرْوَانُ فِي اِمَارَتِهٖ عَلَى الْمَدِينَةِ اَنَّهٗ يُتَوَضَّاُ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ اِذَا اَفْضٰى اِلَيْهِ الرَّجُلُ بِيَدِهٖ فَاَنْكَرْتُ ذٰلِكَ وَقُلْتُ لَا وُضُوْءَ عَلٰى مَنْ مَسَّهٗ ۔ فَقَالَ مَرْوَانُ اَخْبَرَتْنِي بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ مَا يُتَوَضَّاُ مِنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَيُتَوَضَّاُ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ ۔" قَالَ عُرْوَةُ فَلَمْ اَزَلْ اُمَارِي مَرْوَانَ حَتّٰى دَعَا رَجُلًا مِّنْ حَرَسِهٖ فَاَرْسَلَهٗ اِلٰى بُسْرَةَ فَسَاَلَهَا عَمَّا حَدَّثَتْ مَرْوَانَ فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ بُسْرَةُ بِمِثْلِ الَّذِي حَدَّثَنِي عَنْهَا مَرْوَانُ ۔

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں' جن دنوں مروان مدینہ منورہ کا گورنر تھا' اس نے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ جب کوئی شخص اپنا ہاتھ شرمگاہ کو لگالیتا ہے' تو اس صورت میں وضو کرنا لازم ہوتا ہے' میں نے کہا کہ جو شخص شرمگاہ کو چھوتا ہے' اس پر وضو کرنا لازم نہیں ہوتا۔ تو مروان بولا: سیّدہ بسرہ بنت صفوان نے یہ بات بتائی ہے' کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے

[1] ملخص' الفقہ الاسلامی وادلتہ' الطہارات' المطلب السابع' نواقض الوضوء)

164-تقديم في الطهارة ، باب الوضوء من مس الذكر (الحديث 163) .

Marfat.com

ہوئے سنا ہے: کن صورتوں میں وضو کرنا لازم ہوتا ہے' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: شرمگاہ کو چھونے پر وضو کیا جائے گا۔

عروہ کہتے ہیں' کہ میں اس بارے میں مروان کے ساتھ بحث کرتا رہا' یہاں تک کہ مروان نے اپنے ایک سپاہی کو بلوایا اور اسے سیّدہ بسرہ کے پاس بھیجا اوران سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا جو سیّدہ بسرہ نے بیان کی ہے' تو سیّدہ بسرہ نے انہیں جواب میں یہ پیغام بھیجا جوان کے حوالے سے مروان نے مجھے حدیث سنائی تھی۔

## 119 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ ذٰلِكَ .

### باب: ایسی صورت میں وضو نہ کرنے کا حکم

165 - اَخْبَرَنَا هَنَّادٌ عَنْ مُّلَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا حَتّٰى قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ جَآءَ رَجُلٌ كَاَنَّهُ بَدَوِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَرٰى فِيْ رَجُلٍ مَسَّ ذَكَرَهُ فِي الصَّلَاةِ قَالَ "وَهَلْ هُوَ اِلَّا مُضْغَةٌ مِّنْكَ اَوْ بَضْعَةٌ مِّنْكَ ."

☆☆ قیس بن طلق اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم ایک وفد کی شکل میں روانہ ہوئے اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے آپ کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا' آپ ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی' جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' جو دیہاتی لگ رہا تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو نماز کے دوران اپنی شرمگاہ کو چھو لیتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ صرف تمہارے جسم کا ایک ٹکڑا ہے (یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)۔

## 120 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ مَّسِّ الرَّجُلِ امْرَاَتَهُ مِنْ غَيْرِ شَهْوَةٍ .

### باب: شہوت کے بغیر مرد کے اپنی بیوی کو چھونے سے وضو لازم نہ ہونا

166 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ اللَّيْثِ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُصَلِّي وَاِنِّيْ لَمُعْتَرِضَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ اعْتِرَاضَ الْجَنَازَةِ حَتّٰى اِذَا اَرَادَ اَنْ يُّوْتِرَ مَسَّنِيْ بِرِجْلِهٖ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ بعض اوقات نبی اکرم ﷺ نماز ادا کر رہے ہوتے اور میں آپ کے سامنے

165-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الرخصة في ذلك (الحديث 182، 183) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في ترك الوضوء من مس الذكر (الحديث 85) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرخصة في ذلك (الحديث 483) مختصراً . تحفة الاشراف (5023) .

166-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (17532) .

Marfat.com

جنازے کی طرح (یعنی چوڑائی کی سمت میں) لیٹی ہوئی ہوتی تھی' جب آپ ﷺ وتر ادا کرنے لگتے تھے' تو پاؤں کے ذریعے چھو کر مجھے (جگا دیتے تھے)۔

167 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُمُوْنِىْ مُعْتَرِضَةً بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّسْجُدَ غَمَزَ رِجْلِىْ فَضَمَمْتُهَا اِلَىَّ ثُمَّ يَسْجُدُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ تم میرے بارے میں یہ بات جان لو کہ میں نبی اکرم ﷺ کے سامنے چوڑائی کی سمت میں لیٹی ہوئی ہوتی تھی' حالانکہ نبی اکرم ﷺ اس وقت نماز ادا کر رہے ہوتے تھے' جب آپ سجدے میں جانے لگتے تھے' تو آپ میرے پاؤں کو ہلا دیتے تھے' تو میں اسے سمیٹ لیتی تھی' پھر آپ سجدے میں چلے جاتے تھے۔

168 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِى النَّضْرِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَنَامُ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَاىَ فِىْ قِبْلَتِهٖ فَاِذَا سَجَدَ غَمَزَنِىْ فَقَبَضْتُ رِجْلَىَّ فَاِذَا قَامَ بَسَطْتُهُمَا وَالْبُيُوْتُ يَوْمَئِذٍ لَّيْسَ فِيْهَا مَصَابِيحُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم ﷺ کے سامنے لیٹی ہوئی ہوتی تھی' میرے دونوں پاؤں آپ کے قبلہ کی سمت میں ہوتے تھے' جب آپ سجدے میں جانے لگتے تھے' تو میرا پاؤں ہلا دیتے تھے' میں اپنے پاؤں سمیٹ لیتی تھی' پھر جب آپ کھڑے ہو جاتے تھے' تو میں پھر انہیں پھیلا دیتی تھی' ان دنوں گھروں میں چراغ نہیں ہوا کرتے تھے۔

169 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَنُصَيْرُ بْنُ الْفَرَجِ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ فَقَدْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَجَعَلْتُ اَطْلُبُهٗ بِيَدِىْ فَوَقَعَتْ يَدِىْ عَلٰى قَدَمَيْهِ وَهُمَا مَنْصُوْبَتَانِ وَهُوَ سَاجِدٌ يَّقُوْلُ "اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِىْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ رات کے وقت میں نے نبی اکرم ﷺ کو اپنے پاس موجود نہیں پایا' میں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے آپ کو تلاش کیا (کیونکہ وہاں اندھیرا تھا) میرا ہاتھ آپ

167-اخرجه البخاري في الصلاة، باب هل يغمز الرجل امراته عند السجود لكي يسجد (الحديث 519) بنحوه مطولاً ـ و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال: المراة لا تقطع الصلاة (الحديث 712) بنحوه مطولاً ـ تحفة الاشراف (17537) ـ

168-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة على الفراش (الحديث 382) و باب التطوع خلف المراة (الحديث 513) و في العمل في الصلاة، باب ما يجوز من العمل في الصلاة (الحديث 1209) بنحوه مختصراً ـ و اخرجه مسلم في الصلاة، باب الاعتراض بين يدي المصلي (الحديث 272) ـ و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال: المراة لا تقطع الصلاة (الحديث 713) مختصراً ـ تحفة الاشراف (17712) ـ

169-اخرجه مسلم في الصلاة، باب ما يقال في الركوع و السجود (الحديث 222) ـ و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في الدعاء في الركوع و السجود (الحديث 879) ـ و اخرجه ابن ماجه في الدعاء، باب ما تعوذ منه رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 3841) ـ و الحديث عند: النسائي في التطبيق، باب نصب القدمين في السجود (الحديث 1099) ـ تحفة الاشراف (17807) ـ

Marfat.com

کے پاؤں مبارک پر پڑا' آپ کے دونوں پاؤں کھڑے تھے اور آپ اس وقت سجدے کی حالت میں یہ دعا مانگ رہے تھے:
''(اے اللہ!) میں تیری ناراضگی سے تیری رضا' تیری سزا سے تیری معافی اور تیرے مقابلے میں تیری ہی پناہ مانگتا ہوں' میں تیری تعریفوں کا احاطہ نہیں کرسکتا' تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے خود اپنی تعریف بیان کی ہے''۔

## 121 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْقُبْلَةِ .

### باب: بوسہ لینے پر وضو لازم نہ ہونا

170 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ رَوْقٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيّ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ بَعْضَ اَزْوَاجِهٖ ثُمَّ يُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّأُ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَيْسَ فِىْ هٰذَا الْبَابِ حَدِيْثٌ اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاِنْ كَانَ مُرْسَلًا وَّقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ الْاَعْمَشُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ . قَالَ يَحْيَى الْقَطَّانُ حَدِيْثُ حَبِيْبٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ هٰذَا وَحَدِيْثُ حَبِيْبٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ تُصَلِّي وَاِنْ قَطَرَ الدَّمُ عَلَى الْحَصِيْرِ لَا شَىْءَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ایک زوجہ محترمہ کا بوسہ لے لیا کرتے تھے' پھر (از سرِ نو وضو کیے بغیر) نماز ادا کر لیتے تھے' آپ دوبارہ وضو نہیں کرتے تھے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' اس بارے میں اس سے بہتر حدیث اور کوئی نہیں ہے' اگرچہ یہ روایت مرسل ہے' لیکن بعض دیگر راویوں نے اسے دیگر اسناد کے ہمراہ بھی نقل کیا ہے۔

حبیب نامی راوی نے عروہ کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کی ہے: (استحاضہ کا شکار عورت) نماز ادا کرے گی' اگرچہ خون چٹائی پر گر رہا ہو' اس پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔

## 122 - باب الْوُضُوْءِ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ .

### باب: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو لازم ہونا

171 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَا حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيّ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آگ پر

170-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب الوضوء من القبلة (الحديث 178) مختصرًا و (الحديث 179و 180) بمعناه . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في ترك الوضوء من القبلة (الحديث 86) بنحوه مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الوضوء من القبلة (الحديث 502) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (17371) .

171-اخرجه مسلم في الحيض، باب الوضوء مما مست النار (الحديث 90) . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب الوضوء مما غيرت النار (الحديث 172و 173) . تحفة الاشراف (12182و 135530)

Marfat.com

پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

## شرح

آگ پر پکی ہوئی چیز کھا لینے سے وضو لازم ہو جاتا ہے؟

حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت عبداللہ بن عباس رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھا لینے کے بعد وضو کرنا ضروری نہیں ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھا لینے سے وضو لازم ہو جاتا ہے۔ ان صحابہ میں حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت ابوطلحہ انصاری' حضرت انس بن مالک' حضرت ابوموسیٰ اشعری' حضرت زید بن ثابت اور حضرت ابوہریرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اسماء قابلِ ذکر ہیں۔

اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے امام ابوجعفر طحاوی نے پہلے وہ تمام روایات نقل کی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھا لینے کے بعد وضو لازم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد وہ روایات نقل کی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو نہیں کیا اور پھر ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جن روایات میں نبی اکرم ﷺ کا آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو نہ کرنے کا ذکر ہے' وہ آپ ﷺ کا آخری عمل ہے۔ (ملخص)

•••——•••——•••

172 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ - يَعْنِى ابْنَ حَرْبٍ - قَالَ حَدَّثَنِى الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَارِظٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ "تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

173 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ بَكْرٍ - وَهُوَ ابْنُ مُضَرَ - قَالَ حَدَّثَنِى اَبِى عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَتَوَضَّاُ عَلٰى ظَهْرِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ اَكَلْتُ اَثْوَارَ اَقِطٍ فَتَوَضَّاْتُ مِنْهَا اِنِّى سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ.

☆☆ عبداللہ بن ابراہیم بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مسجد کی چھت پر وضو کرتے ہوئے دیکھا' انہوں نے بتایا: میں نے پنیر کے کچھ ٹکڑے کھائے تھے' اس لیے میں وضو کر رہا ہوں' کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد

172-تقديم في الطهارة، باب الوضوء مما مست النار (الحديث171) .

173-تقديم في الطهارة، باب الوضوء مما مست النار (الحديث171 و 172) .

Marfat.com

فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم دیا ہے۔

174 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ قَالَ حَدَّثَنِى يَحْيَى بْنُ اَبِى كَثِيرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ الْمُطَّلِبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ يَقُوْلُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَتَوَضَّاُ مِنْ طَعَامٍ اَجِدُهُ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ حَلَالًا لِاَنَّ النَّارَ مَسَّتْهُ فَجَمَعَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ حَصًى فَقَالَ اَشْهَدُ عَدَدَ هٰذَا الْحَصٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ ."

☆☆ مطلب بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ کہا کہ کیا میں ایسا کھانا کھانے کے بعد وضو کروں گا جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں حلال قرار دیا گیا ہے اور وہ صرف اس وجہ سے ہوگا کہ اسے آگ پر پکایا گیا ہے' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کنکریاں اکٹھی کیں اور بولے: ان کنکریوں کی جو تعداد ہے' اس کے مطابق میں گواہی دے کر یہ بات کہتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

175 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

176 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا اَنْبَاَنَا ابْنُ اَبِى عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو - قَالَ مُحَمَّدٌ الْقَارِيُّ - عَنْ اَبِى اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ ."

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

177 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ وَّهَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ - وَهُوَ ابْنُ عُمَارَةَ بْنِ اَبِى حَفْصَةَ - قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ جَعْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْقَارِيِّ عَنْ اَبِى طَلْحَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ ."

☆☆ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے

174-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14614) .

175-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (13583) .

176-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3464) .

177-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3781) .

Marfat.com

کے بعد وضو کیا کرو۔

178 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا اَنْضَجَتِ النَّارُ ."

☆☆ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرلیا کرو۔

179 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِى الزُّهْرِيُّ اَنَّ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ اَبِىْ بَكْرٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ ."

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کیا کرو۔

180 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْاَخْنَسِ بْنِ شَرِيْقٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ خَالَتُهُ فَسَقَتْهُ سَوِيْقًا ثُمَّ قَالَتْ لَهُ تَوَضَّاْ يَا ابْنَ اُخْتِىْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ ."

☆☆ ابوسفیان بن سعید بیان کرتے ہیں' وہ سیّدہ اُم حبیبہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھیں اور ابوسفیان بن سعید کی خالہ تھیں' سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے انہیں ستو پلائے' پھر سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا: اے میرے بھانجے! تم وضو کرلو' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرلیا کرو۔

181 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ قَالَ حَدَّثَنِىْ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْاَخْنَسِ اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَهُ وَشَرِبَ سَوِيْقًا يَا ابْنَ اُخْتِىْ تَوَضَّاْ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "تَوَضَّئُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ ."

---

178-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3778) .

179-اخرجه مسلم في الحيض، باب الوضوء مما مست النار (الحديث 90) تحفة الاشراف (3704) .

180-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب التشديد في ذلك (الحديث 195) . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب الوضوء مما غيرت النار (الحديث 181) . تحفة الاشراف (15871) .

181-تقديم في الطهارة، باب الوضوء مما غيرت النار (180) .

Marfat.com

☆☆ ابوسفیان بن سعید بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُم حبیبہ ﷞ نے ان سے کہا: جبکہ وہ ستو پی چکے تھے' اے میرے بھانجے! تم وضو کرلو' کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرلیا کرو۔

## 123 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ .

### باب: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کا لازم نہ ہونا

182 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ كَتِفًا فَجَائَهُ بِلَالٌ فَخَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً .

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ ﷞ بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ شانے کا گوشت تناول کیا' پھر حضرت بلال ﷜ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نماز ادا کرنے کے لیے تشریف لے گئے' آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

183 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَحَدَّثَتْنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِّنْ غَيْرِ احْتِلَامٍ ثُمَّ يَصُوْمُ . وَحَدَّثَنَا مَعَ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا قَرَّبَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنْبًا مَّشْوِيًّا فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَتَوَضَّاْ .

☆☆ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں' میں سیّدہ اُم سلمہ ﷞ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی کہ نبی اکرم ﷺ بعض اوقات صبح کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' لیکن احتلام کی وجہ سے نہیں ہوتے تھے (بلکہ صحبت کرنے کی وجہ سے ہوتے تھے) اور پھر آپ روزہ بھی رکھ لیا کرتے تھے۔

ان کے ساتھ سلیمان بن یسار نے یہ حدیث بھی بیان کی ہے' کہ سیّدہ اُم سلمہ ﷞ نے انہیں بتایا: ایک مرتبہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے بھنا ہوا پہلو کا گوشت پیش کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اسے کھالیا' پھر آپ نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہو گئے' آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

184 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ خُبْزًا وَّلَحْمًا ثُمَّ قَامَ

182-اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب الرخصة في ذلك (الحديث 491) بنحوه . تحفة الاشرا ف(18269) .

183-انفرد به النسائي . و الحديث عند : مسلم في الصيام، باب صحة صوم من طلع عليه الفجر و هو جنب (الحديث 80) تحفة الاشراف (18160) .

184-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (5671) .

Marfat.com

اِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس ﷠ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھا' آپ نے روٹی اور گوشت کھایا' پھر آپ نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہو گئے اور آپ نے ازسرِنو وضو نہیں کیا۔

185 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ اٰخِرَ الْاَمْرَيْنِ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْكُ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ ﷜ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ سے دو صورتوں میں سے آخری صورت یہ منقول ہے: آپ نے آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو نہیں کیا۔

## 124 - باب الْمَضْمَضَةِ مِنَ السَّوِيْقِ .

### ستّو پینے کے بعد کلی کرنا

186 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ مَوْلَى بَنِيْ حَارِثَةَ اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالصَّهْبَاءِ وَهِيَ مِنْ اَدْنٰى خَيْبَرَ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَعَا بِالْاَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ اِلَّا بِالسَّوِيْقِ فَاَمَرَ بِهٖ فَثُرِّيَ فَاَكَلَ وَاَكَلْنَا ثُمَّ قَامَ اِلَى الْمَغْرِبِ فَتَمَضْمَضَ وَتَمَضْمَضْنَا ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ .

☆☆ حضرت سوید بن نعمان بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ غزوۂ خیبر کے موقع پر وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے جب لوگ صہباء کے مقام پر پہنچے یہ خیبر کے قریب مقام تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے وہاں عصر کی نماز ادا کی' اس کے بعد آپ نے کھانا طلب کیا' آپ کی خدمت میں صرف ستّو پیش کیے گئے' نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت انہیں پانی میں بھگو دیا گیا' پھر نبی اکرم ﷺ نے انہیں تناول کیا' تو ہم نے بھی اسے کھا لیا' پھر جب مغرب کی نماز کا وقت ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے کلی کی اور ہم نے بھی کلی کی اور نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا کر لی' آپ نے ازسرِنو وضو نہیں کیا۔

185-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب ترك الوضوء مما مست النار (الحديث 192) تحفة الاشراف (3047) .

186-اخرجه البخاري في الوضوء، باب من مضمض من السويق و لم يتوضا (الحديث 209)، باب الوضوء من غير حدث (الحديث 215) و في الجهاد، باب حمل الزاد في الغزو (الحديث 2981)، و في المغازي، باب غزوة خيبر (الحديث 4195)، و في الا طعمة، باب (ليس على الاعمى حرج . الى قوله . لعلكم تعقلون) و النهد و الا جتماع على الطعام (الحديث 5384) بنحوه، و باب السويق (الحديث 5390)، و باب المضمضة بعد الطعام (الحديث 5454) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرخصة في ذلك (الحديث 492) بنحوه . و الحديث عند : البخاري في المغازي، باب غزوة الحديبية (الحديث 4175) . تحفة الاشراف (4813) .

Marfat.com

## 125 - باب الْمَضْمَضَةِ مِنَ اللَّبَنِ .

### باب: دودھ پینے کے بعد کلی کرنا

187 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ ثُمَّ قَالَ "اِنَّ لَهُ دَسَمًا ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پینے کے بعد پانی منگوایا اور کلی کرلی' پھر ارشاد فرمایا: اس میں چکناہٹ ہوتی ہے۔

## 126 - باب ذِكْرِ مَا يُوجِبُ الْغُسْلَ وَمَا لَا يُوجِبُهُ

## غُسْلُ الْكَافِرِ اِذَا اَسْلَمَ

### باب: کون سی چیز غسل کو لازم کرتی ہے اور کون سی چیز غسل کو لازم نہیں کرتی

### کافر شخص کا اسلام قبول کرنے کے بعد غسل کرنا

188 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَغَرِّ - وَهُوَ ابْنُ الصَّبَّاحِ - عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ اَنَّهُ اَسْلَمَ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَغْتَسِلَ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ .

☆☆ حضرت قیس بن عاصم بیان کرتے ہیں' انہوں نے جب اسلام قبول کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے غسل کرنے کا حکم دیا۔

**شرح**

### غسل کے فرائض

غسل کے فرائض تین ہیں:

(i) کلی کرنا

(ii) ناک میں پانی ڈالنا

(iii) پورے جسم پر پانی بہانا

187-اخرجه البخاري في الوضوء، باب هل يمضمض من اللبن (الحديث 211)، و في الاشربة، باب شرب اللبن (الحديث 5609) . و اخرجه مسلم في الحيض، باب نسخ الوضوء مما مست النار (الحديث 95) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الوضوء من اللبن (الحديث 196) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب في المضمضة من اللبن (الحديث 89) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب المضمضة من شرب اللبن (الحديث 498) بمعناه . تحفة الاشراف (5833) .

188-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الرجل يسلم فيومر بالغسل (الحديث 355) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما ذكر في الاغتسال عند ما يسلم الرجل (الحديث 605) . تحفة الاشراف (11100) .

Marfat.com

یہ بات متون میں تحریر ہے۔

مسئلہ: اگر جنبی شخص پانی پی لیتا ہے اور کلی کر کے منہ سے باہر پھینکتا نہیں ہے تو کلی کی جگہ یہ بھی کافی ہوگا لیکن شرط یہ ہے کہ وہ پورے منہ تک پہنچ چکا ہو۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر کسی شخص کا دانت خراب ہے یا درمیان میں جگہ باقی ہے اور وہاں کوئی چیز پھنسی رہ گئی یا ناک میں تر رینٹھ موجود ہو' تو صحیح قول یہ ہے کہ ایسے میں غسل پورا ہو جائے گا۔ (زاہدی)

مسئلہ: تاہم احتیاط یہ ہے کہ کھانے کی اس چیز کو دانت کے خلا میں سے نکال کر پھر اس پر پانی بہالیں۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اگر عورت نے مینڈھیاں بنائی ہوئی ہیں اور پانی بالوں کی جڑوں تک پہنچ سکتا ہے' تو اب اس کے لیے ان مینڈھیوں کو کھولنا ضروری نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر عورت کے بال کھلے ہوئے ہوں تو ان کے درمیان میں بھی پانی پہنچانا لازم ہے' اسی طرح مرد کو داڑھی کے درمیان میں بھی پانی پہنچانا لازم ہے' جس طرح داڑھی کی جڑوں تک پانی پہنچانا واجب ہے' اسی طرح بالوں کے بیچ بھی پانی پہنچانا واجب ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر بالی یا انگوٹھی تنگ ہوں تو انہیں ہلانا واجب ہے۔

مسئلہ: اگر کان میں بالی نہیں ہے' لیکن سوراخ موجود ہے اور پانی اس پر سے گزرتے ہوئے سوراخ کے اندر بھی داخل ہو سکتا ہے' تو اتنا ہی کافی ہوگا اور اگر داخل نہیں ہو سکتا تو پانی کو داخل کرنا چاہیے لیکن اس کے اہتمام کے ساتھ کوئی تنکا وغیرہ لے کر پانی اندر پہنچانے کا تکلف نہیں کرنا چاہیے۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: ناف کے سوراخ میں پانی پہنچانا لازم ہے اور اہتمام کے ساتھ یہاں پانی پہنچانے کے لیے انگلی بھی داخل کر دینی چاہیے۔ (محیط سرخسی)

## غسل کی سنتیں

مسئلہ: غسل کرنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ پہلے دونوں ہاتھوں کو کنارے تک تین مرتبہ دھویا جائے' پھر شرمگاہ کو دھویا جائے' اگر جسم پر نجاست لگی ہوئی ہو' تو اسے صاف کیا جائے' پھر نماز کے وضو کی طرح وضو کیا جائے لیکن اس میں دونوں پاؤں نہ دھوئے جائیں۔ (ملتقط)

مسئلہ: غسل کرتے ہوئے پہلے شرمگاہ کو دھو لینا سنت ہے' خواہ اس پر نجاست لگی ہوئی ہو یا نہ لگی ہوئی ہو' اسی طرح باقی جسم کو دھونے سے پہلے وضو کر لینا بھی سنت ہے خواہ انسان پہلے سے وضو کی حالت میں ہو یا نہ ہو۔

مسئلہ: حسن نے یہ روایت نقل کی ہے کہ اس وضو کے دوران سر کا مسح بھی نہیں کیا جائے' تاہم صحیح قول یہ ہے کہ مسح کرے گا۔ (زاہدی' قاضی خان)

مسئلہ: اس کے بعد آدمی اپنے سر پر اور پورے جسم پر تین مرتبہ پانی بہالے گا۔ (زاہدی)

Marfat.com

مسئلہ: صحیح قول یہ ہے کہ پہلی مرتبہ پانی بہانا فرض ہے اور باقی دو مرتبہ بہانا سنت ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: پانی ڈالنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان پہلے اپنے دائیں کندھے پر تین مرتبہ پانی ڈالے پھر بائیں کندھے پر تین مرتبہ پانی بہائے' پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہائے' پھر پورے جسم پر بہالے۔ (معراج الدرایہ)

مسئلہ: پھر اس کے بعد غسل کی جگہ سے ذرا سا ہٹ کر دونوں پاؤں دھولے۔ (محیط)

مسئلہ: یہ حکم اس وقت ہے جب انسان ایسی جگہ نہا رہا ہو' جہاں آدمی کے پاؤں کے پاس پانی جمع ہو جاتا ہو' اگر کوئی شخص تختے پر یا اونچے پتھر پر ہے (اور پانی پاؤں کے پاس جمع نہیں ہوتا) تو پاؤں دھونے میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ (جوہرہ نیرہ)

## موجباتِ غسل کا بیان

مسئلہ: غسل کو واجب کرنے والی ایک چیز جنابت ہے' اس کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ منی شہوت کے ساتھ اچھل کر باہر آئے' خواہ یہ عورت کو چھونے کی وجہ سے ہو یا اس کی طرف دیکھنے کی وجہ سے ہو یا احتلام کی وجہ سے ہو یا مشت زنی کی وجہ سے ہو۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اس بارے میں مرد اور عورت' سونے اور جاگنے دونوں کا حکم برابر ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر مذکورہ بالا صورتوں میں سے کسی ایک صورت میں جنابت لاحق ہو جاتی ہے اور اس کے بعد وہ شخص پیشاب کرنے یا سو جانے سے پہلے غسل جنابت کر لیتا ہے اور پھر نماز ادا کرتا ہے' پھر اس کے بعد اس کی منی کا بقیہ حصہ خارج ہوتا ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس پر غسل کرنا لازم ہوگا' جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے' البتہ تینوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ اس نماز کو دوبارہ ادا نہیں کرے گا۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: لیکن اگر مذکورہ بالا صورتوں میں کسی صورت میں جنابت لاحق ہونے کے بعد وہ شخص پیشاب کر لیتا ہے یا سو جاتا ہے یا چند قدم چل لیتا ہے (اور پھر منی خارج ہوتی ہے) تو اب اس پر غسل کرنا واجب نہیں ہوگا' اس پر تینوں فقہاء کا اتفاق ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کسی شخص کو احتلام ہو جائے اور منی اپنی مخصوص جگہ سے الگ ہو جائے' لیکن شرمگاہ کے کنارے پر ظاہر نہ ہو' تو ایسے شخص پر غسل کرنا لازم نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ایک شخص پیشاب کرتا ہے اور اس دوران (یعنی اس سے پہلے یا اس کے بعد) اس کی شرمگاہ سے منی نکل آتی ہے' تو اگر اس کی شرمگاہ منتشر تھی تو غسل لازم ہوگا اور اگر منتشر کیفیت میں نہیں تھی تو صرف وضو کرنا لازم ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کسی شخص کو احتلام یاد ہو' انزال کی لذت بھی یاد ہو لیکن اسے (بیدار ہونے کے بعد) تری نظر نہیں آتی تو اس پر غسل کرنا واجب نہیں ہوگا۔ (ظاہر الروایۃ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص بیٹھے ہوئے یا چلتے ہوئے سو جاتا ہے' پھر بیدار ہونے کے بعد اسے تری نظر آتی ہے' تو اس کا اور لیٹ کر سونے کا حکم برابر ہے۔ (محیط)

Marfat.com

مسئلہ: غسل کے وجوب کا دوسرا سبب ایلاج یعنی صحبت کرنا ہے' اس سے مراد یہ ہے کہ مرد اپنی شرمگاہ کو داخل کردے تو جیسے ہی مرد کی شرمگاہ عورت کی شرمگاہ میں چھپ جائے گی تو فاعل اور مفعول دونوں پر غسل واجب ہو جائے گا' خواہ انزال ہو یا نہ ہو' ہمارے علماء کا یہی مذہب ہے۔ (محیط)

مسئلہ: قاضی خان نے اسے درست قرار دیا ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی جانور کے ساتھ یا کسی مردہ کے ساتھ یا کوئی نابالغ بچی جس کے ساتھ صحبت نہیں کی جاسکتی' کے ساتھ اس طرح سے ایلاج (شرم گاہ میں شرم گاہ داخل کرنا) کر لیتا ہے' تو انزال کے بغیر غسل لازم نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی عورت یہ دعویٰ کرتی ہے کہ کوئی جن میرے پاس آتا ہے اور میرے ساتھ وہی صورتِ حال پیش ہوتی ہے جس طرح اس وقت پیش آتی ہے' جب میرا شوہر میرے ساتھ صحبت کرتا ہے' تو اس صورت میں عورت پر غسل لازم نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی خصی شخص صحبت کر لیتا ہے' تو اس صورت میں فاعل اور مفعول دونوں پر غسل لازم ہو جائے گا۔ (محیط)

مسئلہ: غسل کے وجوب کا ایک سبب حیض اور نفاس ہے' حیض یا نفاس کے خون کے نکلنے کے ساتھ ہی غسل لازم ہو جاتا ہے (اس سے مراد یہ ہے کہ یہ خون عورت کی شرمگاہ کے خارجی حصے تک پہنچ جانا چاہیے ورنہ وہ خارج شمار نہیں ہوگا اور اسے حیض قرار نہیں دیا جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: جب کوئی عورت بچے کو جنم دیتی ہے اور خون نہیں نکلتا تو کیا ایسی عورت پر غسل لازم ہوگا' صحیح قول یہ ہے کہ اس پر غسل لازم ہوگا۔ (ظہیریہ)

## غسل کی اقسام

مسئلہ: غسل کی نو قسمیں ہیں:

تین قسم کا غسل فرض ہے: (i) جنابت کے بعد (ii) حیض کے بعد (iii) نفاس کے بعد۔

ایک قسم کا غسل واجب ہے' یعنی مردے کو غسل دینا واجب ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: ظاہر الروایۃ کے مطابق اگر کافر شخص جنبی ہے اور پھر مسلمان ہو جاتا ہے' تو پھر اس پر غسل واجب ہوگا' اسی طرح اگر کافرہ عورت کا خون ختم ہوا اور پھر وہ مسلمان ہوگئی تو اس پر بھی غسل واجب ہوگا۔

مسئلہ: چار قسم کا غسل سنت ہے: جمعہ کے دن' عیدین کے دن' عرفہ کے دن اور احرام باندھنے کے وقت۔

مسئلہ: ایک قسم کا غسل مستحب ہے اور وہ کافر شخص کا غسل کرنا ہے' یعنی اس وقت جب وہ مسلمان ہوتا ہے اور جنابت کی حالت میں نہ ہو۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: صحیح قول کے مطابق جمعہ کے دن کا غسل جمعہ کی نماز کے لیے ہوتا ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص جمعہ کے دن صبح صادق کے بعد غسل کر لیتا ہے اور پھر اُس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے اور وہ شخص وضو کر کے جا

Marfat.com

کر جمعہ کی نماز ادا کر لیتا ہے یا کوئی شخص جمعہ کی نماز کے بعد غسل کرتا ہے' تو وہ سنت پر عمل پیرا نہیں ہو گا۔

مسئلہ: اگر جمعہ اور عید ایک ہی دن آ جاتے ہیں اور اس سے پہلے رات میں اس شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت بھی کی ہوئی ہو (یا احتلام کی وجہ سے غسل لازم ہو گیا ہو) اور کوئی شخص ایک مرتبہ غسل کر لے تو یہ تینوں غسل ادا ہو جائیں گے۔(زاہدی)

مسئلہ: بعض مشائخ نے درج ذیل مواقع پر غسل کرنے کو مندوب قرار دیا ہے:

(i) مکہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرنا'

(ii) مزدلفہ میں ٹھہرنے سے پہلے غسل کرنا'

(iii) مدینہ منورہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرنا'

(iv) مجنون شخص جب تندرست ہو جائے' اس وقت غسل کرنا'

(v) لڑکا جب سالوں کے اعتبار سے بالغ شمار ہو' اس وقت غسل کرنا۔(تبیین)

مسئلہ: ظاہر الروایۃ کے مطابق غسل کرنے کے لیے ایک صاع پانی کافی ہوتا ہے اور وضو کے لیے ایک مُد کافی ہوتا ہے۔ فقہائے احناف اسی بات کے قائل ہیں۔

مسئلہ: غسل کے لیے ایک صاع پانی اس وقت کافی ہو گا جب غسل کے دوران وضو نہ کیا جائے' لیکن اگر غسل کے ساتھ آدمی وضو بھی کرتا ہے' تو اس وقت اسے مزید ایک مُد پانی کی ضرورت ہو گی' یہ بعض مشائخ کا قول ہے' لیکن اکثر مشائخ اس بات کے قائل ہیں کہ ایک صاع پانی غسل اور وضو دونوں کے لیے کافی ہوتا ہے۔

مسئلہ: تاہم صحیح قول یہ ہے کہ پانی کی یہ کم از کم مقدار پانی کے کافی ہونے کے لیے ہے' یہ مقدار لازم نہیں ہے' اگر کوئی شخص اس سے کم پانی کے ذریعے غسل کر سکتا ہے' تو بھی ٹھیک ہے اور اگر کسی کو زیادہ کی ضرورت پیش آ جاتی ہے' تو وہ اس میں اضافہ کرے' لیکن یہ شرط ہے کہ اس میں افراط و تفریط نہیں ہونی چاہیے۔(محیط سرخسی)

مسئلہ: اسی طرح اگر کوئی شخص ایک مُد سے کم پانی کے ذریعے اچھی طرح وضو کر لیتا ہے' تو یہ بھی جائز ہے۔(شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر مرد اور عورت (یعنی میاں بیوی) ایک ہی برتن سے ایک ساتھ غسل کر لیتے ہیں' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر جنابت کی حالت میں وضو کیے بغیر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے' البتہ وضو کرنا بہتر ہے' اسی طرح اگر کوئی شخص جنابت کی حالت میں کھانے پینے کا ارادہ کرتا ہے' تو اسے چاہیے کہ پہلے اپنے ہاتھ دھولے' اور کلی کر لے۔(سراج الوہاج)

•••——•••——•••

Marfat.com

## 127 - باب تَقْدِيمِ غُسْلِ الْكَافِرِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُسْلِمَ ۔

## باب: جب کوئی کافر اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرے (تو اسلام قبول کرنے سے) پہلے غسل کرنا

189 - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ إِنَّ ثُمَامَةَ بْنَ أُثَالٍ الْحَنَفِيَّ انْطَلَقَ إِلَى نَخْلٍ قَرِيبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ يَا مُحَمَّدُ وَاللَّهِ مَا كَانَ عَلَى الْأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ وَجْهِكَ فَقَدْ أَصْبَحَ وَجْهُكَ أَحَبَّ الْوُجُوهِ كُلِّهَا إِلَيَّ وَإِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِي وَأَنَا أُرِيدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرَى فَبَشَّرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَمِرَ ۔ مُخْتَصَرٌ ۔

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ثمامہ بن اُثال حنفی مسجد کے قریب چشمے کی طرف گیا' اس نے وہاں غسل کیا' پھر مسجد میں داخل ہوا اور بولا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہی ایک معبود ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں (پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:) اس سے پہلے آپ میرے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ ترین شخصیت تھے' لیکن اب آپ میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ترین شخصیت ہو گئے ہیں' آپ کے ساتھیوں نے جب مجھے پکڑا تھا تو میں اس وقت عمرہ کرنے کے لیے جا رہا تھا' اب آپ کی کیا رائے ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے خوشخبری دیتے ہوئے یہ ہدایت کی کہ وہ عمرہ کرنے کے لیے چلا جائے (یہ روایت مختصر ہے)۔

## 128 - باب الْغُسْلِ مِنْ مُوَارَاةِ الْمُشْرِكِ ۔

## باب: مشرک شخص کو دفن کرنے کے بعد غسل کرنا

190 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ نَاجِيَةَ بْنَ كَعْبٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أَبَا طَالِبٍ مَاتَ ۔ فَقَالَ "اذْهَبْ فَوَارِهِ ۔" قَالَ إِنَّهُ مَاتَ مُشْرِكًا ۔ قَالَ "اذْهَبْ فَوَارِهِ ۔" فَلَمَّا وَارَيْتُهُ رَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ لِي "اغْتَسِلْ ۔"

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: جناب ابوطالب کا

189-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الاغتسال اذا اسلم و ربط الاسير ايضًا في المسجد (الحديث 462) مختصرًا، وفي المغازي، باب و فد بني حنيفة، (الحديث 4372) مطولاً ۔ و اخرجه مسلم في الجهاد و السير، باب ربط الاسير وحبسه، و جواز المن عليه (الحديث 59) ۔ مطولاً ۔ و اخرجه ابوداؤد في الجهاد، باب في الاسير يوثق (الحديث 2679) مطولاً ۔ و الحديث عند: البخاري في الصلاة، باب دخلو المشرك المسجد (الحديث 469، و في الحضومات، باب تحفة الاشراف (13007) ۔

190-اخرجه ابوداؤد، باب الرجل يموت له قرابه مشرك (الحديث 3214) بنحوه ۔ التوثق ممن تخشى معرته (الحديث 2422)، و باب الربط و الجس في الحرم (الحديث 2423) ۔ و النسائي في المساجد، ربط الاسير بسارية المسجد (الحديث 711) ۔ و اخرجه النسائي في الجنائز، باب مواراة المشرك (الحديث 2005) بنحوه مطولاً ۔ تحفة الاشراف (10287) ۔

Marfat.com

انتقال ہو گیا ہے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جا کر انہیں دفن کر دو' انہوں نے عرض کی: ان کا انتقال مشرک ہونے کی حالت میں ہوا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جا کر انہیں دفن کرو۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) جب میں نے انہیں دفن کر دیا اور میں واپس نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے یہ ہدایت کی: تم غسل کر لو۔

## 129 - باب وُجُوبِ الْغُسْلِ إِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ .

## باب: جب دونوں شرمگاہیں مل جائیں' تو غسل کا لازم ہونا

191 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا جَلَسَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ ثُمَّ اجْتَهَدَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص عورت کے ساتھ صحبت کرے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

### شرح

اس روایت کا بنیادی مسئلہ یہی ہے کہ جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ صحبت کرتا ہے' تو کیا محض شرم گاہ کو عورت کی شرم گاہ میں داخل کر دینے کی وجہ سے غسل لازم ہو جائے گا؟ یا اس کے لیے انزال ہونا شرط ہے؟

امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے اس روایت میں پانچ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اس مسئلے کے بارے میں یہ فتویٰ نقل کیا ہے کہ ان کے نزدیک غسل کے وجود کے لیے انزال شرط ہے اور محض ایلاج سے صرف وضو لازم آتا ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں' غسل کے وجود کے لیے انزال شرط ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے حضرت عثمان غنی' حضرت علی بن ابوطالب' حضرت زبیر بن عوام' حضرت طلحہ بن عبیداللہ' حضرت سعد بن ابی وقاص' حضرت رافع بن خدیج' حضرت ابوسعید خدری' حضرت ابی بن کعب' حضرت ابوایوب انصاری' حضرت ابن عباس' حضرت زید بن ثابت' حضرت نعمان بن بشیر اور بہت سے انصار صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین اسی بات کے قائل ہیں۔ تابعین میں سے عطا بن ابی رباح' ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن' ہشام بن عروہ اور اعمش اسی بات کے قائل ہیں۔

•••———•••———•••

192 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ الْجُوْزَجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

191-اخرجه البخاري في الغسل ، باب اذ التقى الختانان (الحديث 291) . و اخرجه مسلم في الحيض، باب نسخ الماء من الماء و وجوب الغسل بالتقاء الختانين (الحديث 87) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الاكسال (الحديث 216) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة، باب ما جاء في وجوب الغسل اذا التقى الختانان (الحديث 610). تحفة الاشراف (14659) .

192-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14405) .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ ثُمَّ اجْتَهَدَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا خَطَأٌ وَّالصَّوَابُ اَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ . وَقَدْ رَوَى الْحَدِيْثَ عَنْ شُعْبَةَ النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ وَّغَيْرُهُ كَمَا رَوَاهُ خَالِدٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی شخص عورت کے ساتھ صحبت کرے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کی سند میں غلطی ہوئی ہے' درست یہ ہے' کہ یہ روایت اشعث نامی راوی کے حوالے سے حسن نامی راوی کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

شعبہ کے حوالے سے اس روایت کو نضر بن شمیل اور دیگر راویوں نے اسی طرح نقل کیا ہے' جس طرح خالد نامی راوی نے نقل کیا ہے۔

## 130 - باب الْغُسْلِ مِنَ الْمَنِيِّ .

## باب: منی (کے خروج) کی وجہ سے غسل لازم ہونا

193 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَّعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ - وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ - قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَّذَّاءً فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا رَاَيْتَ الْمَذْىَ فَاغْسِلْ ذَكَرَكَ وَتَوَضَّاْ وُضُوْئَكَ لِلصَّلَاةِ وَاِذَا فَضَخْتَ الْمَآءَ فَاغْتَسِلْ ."

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں ایک ایسا شخص تھا جس کی مذی بکثرت خارج ہوا کرتی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا' کہ جب تم مذی کو دیکھو تو اپنی شرمگاہ کو دھو کر نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیا کرو' لیکن جب تمہاری منی خارج ہو' تو غسل کیا کرو۔

194 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ زَائِدَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - اَنْبَاَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيلَةَ الْفَزَارِيِّ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَّذَّاءً فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اِذَا رَاَيْتَ الْمَذْىَ فَتَوَضَّاْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ وَاِذَا رَاَيْتَ فَضْخَ الْمَآءِ فَاغْتَسِلْ ."

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں ایک ایسا شخص تھا جس کی مذی بکثرت خارج ہوتی تھی' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم مذی دیکھو تو اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کر لیا کرو اور جب

193-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في المذي (الحديث 206) مطولًا و اخرجه النسائي في الطهارة، الغسل من المني (الحديث 194) مطولاً . تحفة الاشراف (10079) .

194-تقدم في الطهارة، الغسل من المني (الحديث 193) مختصراً .

Marfat.com

تم منی دیکھو تو غسل کیا کرو۔

## 131: باب غُسْلِ الْمَرْاَةِ تَرٰى فِىْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ ۔

باب: جب عورت خواب میں وہی چیز دیکھے جو مرد دیکھتا ہے تو اس پر غسل لازم ہونا

195 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرٰى فِىْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ قَالَ "اِذَا اَنْزَلَتِ الْمَآءَ فَلْتَغْتَسِلْ ۔"

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو اسی طرح کا خواب دیکھتی ہے' جو مرد دیکھتا ہے (یعنی اس عورت کو احتلام ہو جاتا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہاری منی خارج ہو جائے تم غسل کیا کرو۔

196 - اَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ كَلَّمَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَآئِشَةُ جَالِسَةٌ فَقَالَتْ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ اَرَاَيْتَ الْمَرْاَةَ تَرٰى فِى النَّوْمِ مَا يَرَى الرَّجُلُ اَفَتَغْتَسِلُ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "نَعَمْ ۔" قَالَتْ عَآئِشَةُ فَقُلْتُ لَهَا اُفٍّ لَكِ اَوَتَرَى الْمَرْاَةُ ذٰلِكَ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ فَمِنْ اَيْنَ يَكُوْنُ الشَّبَهُ ۔"

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گفتگو شروع کی' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا وہاں بیٹھی ہوئی تھیں۔ سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا' ایسی عورت کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو نیند میں وہی چیز دیکھتی ہے' جو مرد دیکھتے ہیں' تو کیا اس عورت کو غسل کرنا ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: جی ہاں! سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے اُم سلیم سے کہا: تم پر افسوس ہے! کیا کوئی عورت اس طرح کا خواب دیکھ سکتی ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے اور بولے: تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں' پھر (بچے کی) ماں کے ساتھ مشابہت کس وجہ سے ہوتی ہے؟

197 - اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ هَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ غُسْلٌ اِذَا هِىَ

195-اخرجه مسلم في الحيض، باب وجوب الغسل على الرماة بخروج المني منها (الحديث 30) مطولاً ۔ و اخرجه النسائي في عشرة النساء من الكبرى، صفة ماء الرجل وصفة ماء المراة (الحديث 191) مطولاً و اخرجه ابن ماجه في الطهارة، باب في المراة ترى في منامها ما يرى الرجل (الحديث 601) مطولاً ۔ و الحديث عند: النسائي في الطهارة، باب الفصل بين ماء الرجل و ماء المراة (الحديث 200) . تحفة الاشراف (1181) .

196-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في المراة ترى الرجل (الحديث 237) تعليقاً ۔تحفة الاشراف (16627) ۔

Marfat.com

احْتَلَمَتْ قَالَ "نَعَمْ إِذَا رَاَتِ الْمَاءَ ." فَضَحِكَتْ أُمُّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ أَتَحْتَلِمُ الْمَرْاَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَفِيمَ يُشْبِهُهَا الْوَلَدُ ."

☆☆ سیّدہ زینب بنت اُم سلمہ' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں' کہ ایک خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا' جب عورت کو احتلام ہو جائے' تو کیا اس پر غسل کرنا لازم ہوگا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! جب اس کی منی خارج ہو جائے' تو سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا مسکرا دیں اور بولیں: کیا عورت کو بھی احتلام ہوسکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر بچہ اس کے ساتھ مشابہت کس وجہ سے اختیار کرے گا؟

198 - اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً الْخُرَاسَانِيَّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَحْتَلِمُ فِي مَنَامِهَا فَقَالَ "اِذَا رَاَتِ الْمَآءَ فَلْتَغْتَسِلْ ."

☆☆ سیّدہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جسے خواب میں احتلام ہو جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب وہ منی دیکھ لے گی' تو غسل کرے گی۔

## 132 - باب الَّذِىْ يَحْتَلِمُ وَلَا يَرَى الْمَاءَ .

## باب: ایسا شخص جسے احتلام ہوتا ہے' لیکن اسے منی نظر نہیں آتی

199 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُعَادٍ عَنْ اَبِىْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلْمَآءُ مِنَ الْمَاءِ ."

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: منی کے خروج پر غسل لازم ہوتا ہے۔

## 133 - باب الْفَصْلِ بَيْنَ مَآءِ الرَّجُلِ وَمَآءِ الْمَرْاَةِ .

## باب: مرد اور عورت کے مادۂ تولید کے درمیان فرق

200 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَآءُ الرَّجُلِ غَلِيظٌ اَبْيَضُ وَمَآءُ الْمَرْاَةِ رَقِيقٌ اَصْفَرُ فَاَيُّهُمَا سَبَقَ كَانَ الشَّبَهُ ."

197-اخرجه البخاري في العلم، باب الحياء في العلم (الحديث 130) و في الغسل، باب اذا احتلمت المراة (الحديث 282) مختصرًا، و في احاديث الانبياء (الحديث 3328) و في الادب، باب التبسم و الضحك (الحديث 6091) و باب مالا يستحيا من الحق، للتفقه في الدين (الحديث 6121) مختصراً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب وجوب الغسل على المراة بخروج المني منها (الحديث 32) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المراة ترى في المنام مثل ما يرى الرجل (الحديث 122) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في المراة ترى في منامها ما يرى الرجل (الحديث 600) . تحفة الاشراف (18264) .

198-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في المراة ترى في منامها ما يرى الرجل (الحديث 602) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (15827) .

199-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الماء من الماء (الحديث 607) . تحفة الاشراف (3469) .

Marfat.com

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مرد کا مادۂ تولید گاڑھا اور سفید ہوتا ہے' جبکہ عورت کا مادۂ تولید نرم اور زرد ہوتا ہے' ان دونوں میں سے جو آگے نکل جائے (بچے کی اسی کے ساتھ) مشابہت ہوتی ہے۔

## 134 - باب ذِكْرِ الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْحَيْضِ .

## باب: حیض کے بعد غسل کرنا

201 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ مِّنْ بَنِيْ اَسَدِ قُرَيْشٍ اَنَّهَا اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّهَا تُسْتَحَاضُ فَزَعَمَتْ اَنَّهُ قَالَ لَهَا "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمَ ثُمَّ صَلِّيْ ."

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا جن کا تعلق بنو اسد سے ہے' وہ بیان کرتی ہیں' کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ انہیں استحاضہ کی شکایت ہے' سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا' کہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' جب حیض آ جائے' تو تم اس وقت نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو اور جب وہ ختم ہو جائے' تو تم خون کو دھو کر نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو۔

202 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَاتْرُكِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِيْ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب حیض آ جائے' تو تم نماز ترک کر دو اور جب حیض ختم ہو جائے' تو تم غسل کر لو۔

203 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا

200-اخرجه مسلم في الحيض، باب وجوب الغسل على المراة بخروج المني منها (الحديث 30) مطولاً . و اخرجه النسائي في اعشره النساء من الكبرى، صفة ماء الرجل و صفة ماء المراة (الحديث 191) مطولًا واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب في المراة ترى في منامها ما يرى الرجل (الحديث 195) . انظر: تحفة الاشراف للمزي (1181) .

201-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في المراة تستحاض ، و من قال: تدع الصلاة في عدة الايام التي كانت تحيض (الحديث 280 و 281) . و اخرجه النسائي في الطهارة، ذكر الاقراء (الحديث 211) بنحوه، و في الحيض والا ستحاضة، ذكر الا ستحاضة و اقبال الدم و ادباره (الحديث 348)، و ذكر الاقراء (الحديث 356)، و في الطلاق، الاقراء (الحديث 3555) . و الحديث عند: ابي داؤد في الطهارة، باب في المراة تستحاض . و من قال تدع الصلاة في الايام التي كانت تحيض (الحديث 286) . و النسائي في الطهارة، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 215) ، و في الحيض و الاستحاضة، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 360) . تحفة الاشراف (18019) .

202-اخرجه النسائي في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 203 و 204 )، و في الحيض و الا ستحاضة، ذكر الا ستحاضة و اقبال الدم و ادباره (الحديث 349) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المستحاضة اذا اختلط عليها الدم فلم تقف على ايام حيضتها (الحديث 226) مطولاً . تحفة الاشراف (16516) .

Marfat.com

الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتُحِيضَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ سَبْعَ سِنِينَ فَاشْتَكَتْ ذٰلِكَ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "إِنَّ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي ثُمَّ صَلِّي".

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ اُم حبیبہ بنت جحش کو سات برس تک استحاضہ کی شکایت رہی' انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' کہ یہ حیض نہیں ہے بلکہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' تم غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو۔

204 - أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي النُّعْمَانُ وَالْأَوْزَاعِيُّ وَأَبُو مُعَيْدٍ - وَهُوَ حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ - عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَعَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتُحِيضَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ امْرَأَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَهِيَ أُخْتُ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَاسْتَفْتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "إِنَّ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَإِذَا أَدْبَرَتِ الْحَيْضَةُ فَاغْتَسِلِي وَصَلِّي وَإِذَا أَقْبَلَتْ فَاتْرُكِي لَهَا الصَّلَاةَ". قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلَاةٍ وَتُصَلِّي وَكَانَتْ تَغْتَسِلُ أَحْيَانًا فِي مِرْكَنٍ فِي حُجْرَةِ أُخْتِهَا زَيْنَبَ وَهِيَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى أَنَّ حُمْرَةَ الدَّمِ لَتَعْلُو الْمَاءَ وَتَخْرُجُ فَتُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا يَمْنَعُهَا ذٰلِكَ مِنَ الصَّلَاةِ.

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ اُم حبیبہ بنت جحش' عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں اور سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی بہن تھیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا' کہ یہ حیض نہیں ہے' بلکہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' جب حیض ختم ہو جائے' تو تم غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو اور جب حیض آ جائے' تو تم نماز ترک کر دیا کرو۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ خاتون ہر نماز کے لیے غسل کیا کرتی تھیں اور پھر نماز ادا کیا کرتی تھیں' بعض اوقات وہ اپنی بہن اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے ہاں پانی کے ٹب میں غسل کرتی تھیں' یہاں تک کہ ان کے خون کی سرخی پانی پر غالب آ جایا کرتی تھی' پھر وہ وہاں سے نکل کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کر لیتی تھیں' یہ چیز نماز کی ادائیگی میں رکاوٹ نہیں بنتی تھی۔

205 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ

203-اخرجه البخاري في الحيض، باب عرق الا ستحاضة (الحديث 327) بنحوه . و اخرجه مسلم في الحيض، باب المستحاضة و غسلها و صلاتها (الحديث 64) . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب من قال اذا اقبلت الحيضة تدع الصلاة (الحديث 285) .واخرجه النسائي في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (204) مطولاً . و (205) . و ذكر الاقراء (210)، و في الحيض و الا ستحاضة، ذكر الاقراء (الحديث 355) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المستحاضة اذا اختلط عليها الدم فلم تقف على ايام حيضها (الحديث 626) مطولاً . تحفة الاشراف (16516)، (17922) .

204-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 203) .

205-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 203) .

Marfat.com

وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ - خَتَنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ - اسْتُحِيضَتْ سَبْعَ سِنِيْنَ اسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ هٰذِهٖ لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنْ هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہر نسبتی سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں' انہیں سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی' انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' تم غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دو۔

206 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَفْتَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُسْتَحَاضُ . فَقَالَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاغْتَسِلِيْ وَصَلِّيْ ." فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلَاةٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ سیّدہ اُم حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ مجھے استحاضہ کی شکایت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کسی اور رگ کا خون ہے' تم غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دو۔ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) وہ خاتون ہر نماز کے لیے غسل کیا کرتی تھیں۔

207 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّمِ - قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا رَاَيْتُ مِرْكَنَهَا مَلْآنَ دَمًا - فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اُمْكُثِيْ قَدْرَ مَا كَانَتْ تَحْبِسُكِ حَيْضَتُكِ ثُمَّ اغْتَسِلِيْ ." اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ مَرَّةً اُخْرٰى وَلَمْ يَذْكُرْ جَعْفَرًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خون کے بارے میں دریافت کیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اس عوت کے ٹب کو دیکھا ہے' جو خون سے بھرا ہوا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے یہ فرمایا تھا: تمہارے حیض کے جو مخصوص دن ہوتے ہیں' ان دونوں کے مطابق تم (نماز کی ادائیگی سے) رکی رہو اور پھر غسل کر لو (اور نماز پڑھنا شروع کر دو)۔

208 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ تَعْنِيْ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تُهَرَاقُ الدَّمَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ لَهَا اُمُّ سَلَمَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

206-اخرجه مسلم في الحيض ، باب المستحاضة و غسلها و صلاتها (الحديث 63) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب من قال اذا قبلت الحيضة تدع الصلاة (الحديث 290) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المستحاضة انها تغتسل عند كل صلاة (الحديث 129) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، ذكر الا ستحاضة و اقبال الدم و ادباره (الحديث 350) . تحفة الاشراف (16583) .

207-اخرجه مسلم في الحيض ، باب المستحاضة و غسلها و صلاتها (الحديث 65 و66 ) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب في المراة تستحاض ، و من قال: تدع الصلاة في عدة الايام التي كانت تحيض (الحديث 279) . و اخرجه النسائي في الحيض والا ستحاضة، المراة تكون لها ايام معلومة تحيضها كل شهر (الحديث 351) تحفة الاشراف (16370) .

Marfat.com

فَقَالَ "لِتَنْظُرْ عَدَدَ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ الَّتِيْ كَانَتْ تَحِيضُ مِنَ الشَّهْرِ قَبْلَ اَنْ يُصِيبَهَا الَّذِيْ اَصَابَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلَاةَ قَدْرَ ذٰلِكَ مِنَ الشَّهْرِ فَإِذَا خَلَّفَتْ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ ثُمَّ لِتَسْتَثْفِرْ ثُمَّ لِتُصَلِّي ."

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک عورت کا خون بکثرت خارج ہوتا تھا تو' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس خاتون کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اس عورت کو یہ بیماری لاحق ہونے سے پہلے مہینے کے جتنے دن حیض آیا کرتا تھا' اس کے حساب سے اتنے دن وہ عورت ہر مہینے میں نماز ترک کیے رکھے گی' جب وہ دن گزر جائیں گے تو وہ غسل کر کے اپنی شرمگاہ پر کپڑا باندھ کر نماز ادا کرنا شروع کر دے گی۔

## 135 - باب ذِكْرِ الْاَقْرَاءِ .

### باب: قروء کا تذکرہ

209 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ الَّتِيْ كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَّاَنَّهَا اسْتُحِيضَتْ لَا تَطْهُرُ فَذُكِرَ شَاْنُهَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اِنَّهَا لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ وَلٰكِنَّهَا رَكْضَةٌ مِّنَ الرَّحِمِ فَلْتَنْظُرْ قَدْرَ قُرْئِهَا الَّتِيْ كَانَتْ تَحِيضُ لَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلَاةَ ثُمَّ تَنْظُرُ مَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ سیّدہ اُم حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں' انہیں استحاضہ کی شکایت ہوگئی' وہ پاک نہیں ہوتی تھیں' ان کی صورتِ حال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کی گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا' کہ یہ حیض نہیں ہے' بلکہ یہ رحم کی کسی خرابی کی وجہ سے ہے' وہ عورت اس سے پہلے جتنا عرصہ حیض میں گزارتی تھی' اتنی مدت تک انتظار کرے گی اور اس دوران نماز ترک کر دے گی' پھر اس کے بعد وہ ہر نماز کے وقت غسل کیا کرے گی۔

210 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ كَانَتْ تُسْتَحَاضُ سَبْعَ سِنِيْنَ فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ ." فَاَمَرَهَا اَنْ تَتْرُكَ الصَّلَاةَ قَدْرَ اَقْرَائِهَا وَحَيْضَتِهَا وَتَغْتَسِلَ وَتُصَلِّيَ فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ اُم حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کو سات سال تک استحاضہ کی شکایت رہی' انہوں نے

208-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في المراة تستحاض، و من قال: تدع الصلاة في عدة الايام التي كانت تحيض (الحديث 274و 275 و 276 و 277 و278) . واخرجه النسائي في الحيض والاستحاضة، المراة تكون لها ايام معلومة تحيضها كل شهر (الحديث 352 و353 ) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة وسننها ، باب ما جاء في المستحاضة التي قد عدت ايام اقرائها قبل ان يستمر بها الدم (الحديث 623) بنحوه . تحفة الاشراف (الحديث 18158) .

209-انفرد به النسائي، و سياتي في الحيض و الاستحاضة، ذكر الاقراء (الحديث 354) . تحفة الاشراف (17954) .

210-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 203) .

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ کسی اور رگ کا خون ہے' نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کو یہ ہدایت کی کہ وہ نماز پڑھنا ترک کر دیا کرے گی' اس مقدار کے حساب سے جتنے دنوں میں پہلے اسے حیض آیا کرتا تھا اور جتنا عرصہ متواتر رہا کرتا تھا (پھر حیض گزر جانے کے بعد) وہ عورت غسل کر کے نماز ادا کیا کرے گی۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) تو وہ خاتون ہر نماز کے وقت غسل کیا کرتی تھی۔

211 - اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِي حُبَيْشٍ حَدَّثَتْ اَنَّهَا اَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَتْ اِلَيْهِ الدَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَانْظُرِي اِذَا اَتَاكِ قُرْؤُكِ فَلَا تُصَلِّي فَاِذَا مَرَّ قُرْؤُكِ فَتَطَهَّرِي ثُمَّ صَلِّي مَا بَيْنَ الْقُرْءِ اِلَى الْقُرْءِ" هٰذَا الدَّلِيلُ عَلٰى اَنَّ الْاَقْرَاءَ حِيَضٌ .

قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ مَا ذَكَرَ الْمُنْذِرُ .

☆☆ عروہ بیان کرتے ہیں' سیّدہ فاطمہ بنت ابو حبیش رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بات بتائی ہے' کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ کی خدمت میں اس بات کی شکایت کی کہ ان کا خون بکثرت خارج ہوتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا' کہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' تم اس بات کا جائزہ لو کہ جب تمہارے حیض کے دن آ جائیں' تو تم نماز ادا نہ کرو' پھر جب حیض کے دن گزر جائیں اور تم (حکمی طور پر) پاک ہو جاؤ تو ایک حیض سے دوسرے حیض تک کے درمیانی عرصے تک نماز ادا کرتی رہو۔

(مصنف فرماتے ہیں:) یہ اس بات کی دلیل ہے' کہ لفظ قروء سے مراد حیض ہوتا ہے۔ یہی روایت دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

212 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ وَوَكِيعٌ وَّاَبُو مُعَاوِيَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِي حُبَيْشٍ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّي امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ قَالَ "لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي ."

211-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في المراة تستحاض ، و من قال: تدع الصلاة في عدة الايام التي كانت تحيض (الحديث 280) . و اكرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، ذكر الاقراء (الحديث 356)، و في الطلاق، الاقراء (الحديث 3555) و الحديث عند : ابي داوُد في الطهارة، باب في المراة تستحاض و من قال : تدع الصلاة في عدة الايام التي اكنت تحيض (الحديث 281)، و باب من قال اذا اقبلت الحيضة تدع الصلاة (الحديث 286) . و النسائي في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 201)، و في الحيض و الا ستحاضة، ذكر الاستحاضة و اقبال الدم و ادباره (الحديث 348)، و باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 360) . تحفة الاشراف (18019) .

212-اخرجه البخاري في الوضوء ، باب غسل الدم (الحديث 228) . و اخرجه مسلم في الحيض، باب المستحاضة و غسلها و صلاتها (الحديث 62) . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في المستحاضة (الحديث 125) . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة ، ذكر الاقراء (الحديث 357) . و اكرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المستحاضة التي قدعدت ايام القرائها قبل ان يستمر الدم (الحديث 621) . تحفة الاشراف (17070 و 17196 و 17259) .

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی: میں ایک ایسی عورت ہوں جسے استحاضہ کی شکایت ہے' میں پاک نہیں ہوتی' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کر دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! یہ کسی اور رگ کا خون ہے' جب حیض آ جائے' تو تم نماز پڑھنا ترک کر دو' جب حیض ختم ہو جائے' تو تم خون دھو کر نماز پڑھ لو۔

## 136 - باب ذِكْرِ اغْتِسَالِ الْمُسْتَحَاضَةِ .

### باب: استحاضہ کا شکار عورت کا غسل کرنا

213 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ امْرَاَةً مُسْتَحَاضَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهَا اِنَّهُ عِرْقٌ عَانِدٌ فَاُمِرَتْ اَنْ تُؤَخِّرَ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلَ الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتُؤَخِّرَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلَ الْعِشَآءَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ غُسْلًا وَّاحِدًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک خاتون کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی تو اسے یہ کہا گیا' کہ یہ کسی اور رگ کا خون ہے' جس میں مسلسل بہاؤ رہتا ہے' پھر اس عورت کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیا کرے اور عصر کی نماز جلدی ادا کر لیا کرے اور دونوں نمازوں کے لیے ایک غسل کیا کرے' پھر وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیا کرے اور عشاء کی نماز کو جلدی ادا کر لیا کرے اور ان دونوں نمازوں کے لیے ایک غسل کیا کرے' البتہ صبح کی نماز کے لیے وہ عورت الگ سے ایک مرتبہ غسل کرتی تھی۔

## 137 - باب الْاِغْتِسَالِ مِنَ النِّفَاسِ .

### باب: نفاس کے بعد غسل کرنا

214 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ حَدِيْثِ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ حِيْنَ نُفِسَتْ بِذِى الْحُلَيْفَةِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ "مُرْهَا اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُهِلَّ ".

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جو سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کے بارے میں ہے' کہ جب انہیں ذوالحلیفہ میں نفاس کی حالت درپیش ہوئی تو نبی

---

213-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب من قال تجمع بين الصلاتين و تغتسل لهما غسلاً (الحديث 294) . و اخرجه النسائي، في الحيض و الاستحاضة، جمع المستحاضة بين الصلاتين و غسلها اذا جمعت (الحديث 358) . تحفة الاشراف (17495) .

214-اخرجه مسلم في الحج، باب احرام النفساء، واستحباب اغتسالها للاحرام، و كذا الحائض (الحديث 110) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، ما تفعل النفساء عند الاحرام (الحديث 390) مناسك و في الحج، اهلال النفساء (الحديث 2760 و2761) . و اخرجه ابن ماجه في المناسك، باب النفساء و الحائض تهل بالحج (الحديث 2913) . تحفة الاشراف (2600) .

Marfat.com

اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا: تم اس سے کہو کہ وہ غسل کر کے احرام باندھ لے۔

## 138 - باب الْفَرْقِ بَيْنَ دَمِ الْحَيْضِ وَالاِسْتِحَاضَةِ .

## باب: حیض اور استحاضہ کے خون کے درمیان فرق

215 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ مُحَمَّدٍ - وَهُوَ ابْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ - عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِىْ حُبَيْشٍ اَنَّهَا كَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا كَانَ دَمُ الْحَيْضِ - فَاِنَّهُ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ - فَاَمْسِكِىْ عَنِ الصَّلَاةِ فَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِىْ فَاِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ ."

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انہیں استحاضہ کی شکایت ہوگئی تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: جب حیض کا خون آئے گا' تو وہ سیاہ خون ہوگا جو پہچانا جائے گا' اس وقت تم نماز ادا کرنے سے رُک جانا اور جب دوسرے رنگ کا خون آئے گا' تو تم وضو کرلیا کرنا (یعنی وضو کر کے نماز پڑھ لینا)' کیونکہ یہ کسی دوسری رگ کا ہوگا۔

216 - قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ هٰذَا مِنْ كِتَابِهٖ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ مِنْ حِفْظِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِىْ حُبَيْشٍ كَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ دَمَ الْحَيْضِ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكِ فَاَمْسِكِىْ عَنِ الصَّلَاةِ وَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِىْ وَصَلِّىْ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ لَّمْ يَذْكُرْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ مَا ذَكَرَهُ ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ وَّاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: حیض کا خون سیاہ رنگ کا ہوتا ہے' جو پہچانا جاتا ہے' جب یہ خون آئے' تو تم نماز ادا کرنے سے رک جانا اور جب دوسری رنگت کا مواد خارج ہو' تو تم وضو کر کے نماز پڑھ لیا کرنا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کو دیگر کئی راویوں نے بھی نقل کیا ہے' تاہم انہوں نے اس بات کا تذکرہ نہیں کیا جو ابن ابوعدی نامی راوی نے بیان کی ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

217 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ - وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ - عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ

215-تقديم في الطهارة، ذكر الا غتسال من الحيض (الحديث 201) .

216-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب من قال اذا اقبلت الحيضة تدع الصلاة (الحديث 286) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 361) . تحفة الاشراف (16626) .

217-اخرجه مسلم في الحيض، باب المستحاضة وغسلها و صلاتها (الحديث 62) . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة ، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 362) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في المستحاضة التي قد عدت ايام اقرائها قبل ان يستمر بها الدم (الحديث 621) . تحفة الاشراف (16858) .

Marfat.com

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتِ اسْتُحِيضَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ عَنْكِ اَثَرَ الدَّمِ وَتَوَضَّئِيْ فَاِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ ـ" قِيْلَ لَهُ فَالْغُسْلُ قَالَ "ذٰلِكَ لَا يَشُكُّ فِيْهِ اَحَدٌ ـ"

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا اَعْلَمُ اَحَدًا ذَكَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ "وَتَوَضَّئِيْ ـ" غَيْرَ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَّقَدْ رَوٰى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هِشَامٍ وَّلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ "وَتَوَضَّئِيْ ـ"

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے استحاضہ کی شکایت ہوگئی ہے' میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کردوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے' یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آئے' تو تم نماز پڑھنا ترک کردواور جب حیض ختم ہوجائے' تو تم خون کے نشان کو دھوکر وضوکرکے (نماز پڑھ لیا کرو) کیونکہ یہ کسی دوسری رگ کا خون ہوگا' یہ حیض نہیں ہوگا۔

اس روایت کے ایک راوی کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' کہ ایسی صورت میں' غسل کرنے کا حکم ہے' انہوں نے فرمایا: اس میں کسی راوی کو کوئی شک نہیں ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ہمارے علم کے مطابق صرف حماد بن زید نامی راوی نے اس روایت میں وضو کرنے کا تذکرہ کیا ہے' دیگر راویوں نے اسے ہشام کے حوالے سے نقل کیا ہے' لیکن انہوں نے اس میں وضوکرنے کا تذکرہ نہیں کیا۔

218 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ فَاِذَا ذَهَبَ قَدْرُهَا فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّيْ ـ"

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میں پاک نہیں ہوتی' کیا میں نماز ترک کردوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' کہ یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے' حیض نہیں ہے' جب حیض آجائے' تو تم نماز پڑھنا ترک کردو' جب اس کی مقدار کے مطابق وہ رخصت ہوجائے' تو تم خون کو دھوکر نماز ادا کرلو۔

219 - اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

218-اخرجه البخاري في الحيض، باب الا ستحاضة (الحديث 306) . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة ، باب من روي ان الحيضة اذا ادبرت لا تدع الصلاة (الحديث 283) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة ، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 364) . تحفة الاشراف (17149) .

219-انفرد به النسائي، و سياتي في الحيض و الا ستحاضة ، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 365) . تحفة الاشراف (16956) .

Marfat.com

عَائِشَةَ اَنَّ بِنْتَ اَبِى حُبَيْشٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّى لَا اَطْهُرُ اَفَاَتْرُكُ الصَّلَاةَ قَالَ "لَا اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ ." قَالَ خَالِدٌ فِيْمَا قَرَاْتُ عَلَيْهِ "وَلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِى الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِى عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّى ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ابوحبیش کی صاحبزادی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نماز کو ترک کردوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے۔

خالد نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آ جائے' تو تم نماز پڑھنا ترک کر دو' جب حیض ختم ہو جائے' تو تم خون دھو کر نماز پڑھ لو۔

## 139 - باب النَّهْيِ عَنِ اغْتِسَالِ الْجُنُبِ فِى الْمَآءِ الدَّآئِمِ

## باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل جنابت کرنے کی ممانعت

220 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ اَنَّ اَبَا السَّائِبِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يَغْتَسِلْ اَحَدُكُمْ فِى الْمَآءِ الدَّآئِمِ وَهُوَ جُنُبٌ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی شخص جب جنابت کی حالت میں ہو' تو وہ ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل نہ کرے۔

## 140 - باب النَّهْيِ عَنِ الْبَوْلِ فِى الْمَآءِ الرَّاكِدِ وَالْاِغْتِسَالِ مِنْهُ

## باب: ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے اور پھر اسی میں غسل کرنے کی ممانعت

221 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِى عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِى الْمَآءِ الرَّاكِدِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے کہ پھر وہ اسی میں غسل بھی کرے۔

220-اخرجه مسلم من الطهارة، باب النهي عن الا غتسال في الماء الراكد (الحديث 97) مطولاً . و اخرجه النسائي من المياه ، النهي عن اغتسال الجنب في الماء الدائم (الحديث 330)، و في الغسل و التيمم، باب ذكر نهي الجنب عن الاغتسال في الماء الدائم (الحديث 394) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الجنب ينغمس في الماء الدائم ايجزئه (الحديث 605) . تحفة الاشراف (14936) .

221-انفرد به النسائي، و سياتي في الغسل و التيمم ، باب ذكر نهي الجنب عن الا غتسال في الماء الدائم (الحديث 397) . تحفة الاشراف (13392) .

Marfat.com

# 141 - باب ذِكْرِ الْاِغْتِسَالِ اَوَّلَ اللَّيْلِ

## باب: رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرنے کا تذکرہ

222 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَىَّ اللَّيْلِ كَانَ يَغْتَسِلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ رُبَّمَا اغْتَسَلَ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ اٰخِرَهُ . قُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً .

☆☆ عضیف بن حارث بیان کرتے ہیں' انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے کس حصے میں غسل کرتے تھے؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بعض اوقات آپ رات کے ابتدائی حصے میں غسل کر لیتے تھے اور بعض اوقات آخری حصے میں غسل کیا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں: تو میں نے کہا کہ ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔

# 142 - باب الْاِغْتِسَالِ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَآخِرَهُ

## باب: رات کے ابتدائی یا آخری حصے میں غسل کرنا

223 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ بُرْدٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَاَلْتُهَا قُلْتُ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ مِنْ اٰخِرِهٖ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهٖ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اٰخِرِهٖ . قُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً .

☆☆ عضیف بن حارث بیان کرتے ہیں' میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے ان سے دریافت کیا' میں نے کہا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں غسل کیا کرتے تھے یا آخری حصے میں کیا کرتے تھے؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: دونوں صورتیں ہوتی تھیں' بعض اوقات آپ ابتدائی حصے میں غسل کر لیتے تھے اور بعض اوقات آخری حصے میں غسل کر لیتے تھے' تو میں نے کہا: ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔

# 143 - باب ذِكْرِ الْاِسْتِتَارِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ

## باب: غسل کے وقت پردہ کرنا

224 - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ

222-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يوخر الغسل (الحديث 226) مطولاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، الاغتسال اول الليل و آخره (الحديث 223) و في الغسل و التيمم ، باب الاغتسال اول الليل(الحديث 1354) . تحفة الاشراف (17429) .

223-تقديم في الطهارة ، باب ذكر الاغتسال اول الليل (الحديث 222) .

Marfat.com

حَدَّثَنِی مُحِلُّ بْنُ خَلِیفَةَ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُو السَّمْحِ قَالَ کُنْتُ اَخْدُمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَغْتَسِلَ قَالَ "وَلِّنِیْ قَفَاكَ ." فَاُوَلِّیهِ قَفَایَ فَاَسْتُرُهُ بِهِ .

☆☆ حضرت ابوسمح بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا' ایک مرتبہ جب آپ غسل کرنے لگے تو آپ نے مجھ سے فرمایا: تم اپنی پیٹھ میری طرف کرلو تو میں نے اپنی پیٹھ آپ کی طرف کر کے آپ کے لیے پردہ کر دیا۔

225 - اَخْبَرَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِی مُرَّةَ مَوْلٰی عَقِیلِ بْنِ اَبِی طَالِبٍ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا ذَهَبَتْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْفَتْحِ فَوَجَدَتْهُ یَغْتَسِلُ وَفَاطِمَةُ تَسْتُرُهُ بِثَوْبٍ فَسَلَّمَتْ فَقَالَ "مَنْ هٰذَا ." قُلْتُ اُمُّ هَانِیءٍ . فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ قَامَ فَصَلّٰی ثَمَانِیَ رَکَعَاتٍ فِی ثَوْبٍ مُلْتَحِفًا بِهِ .

☆☆ سیّدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ فتح مکہ کے دن وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں' تو آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا' سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ایک کپڑے کے ذریعے پردہ تان رکھا تھا' سیّدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نے سلام کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں اُم ہانی ہوں' نبی اکرم ﷺ غسل سے فارغ ہوئے' تو آپ نے آٹھ رکعات نماز ادا کی' آپ نے اس وقت ایک ہی کپڑے کو لپیٹا ہوا تھا۔

## 144 - باب ذِکْرِ الْقَدْرِ الَّذِیْ یَکْتَفِیْ بِهِ الرَّجُلُ مِنَ الْمَآءِ لِلْغُسْلِ

### باب: پانی کی اس مقدار کا تذکرہ' جو مرد کے غسل کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے

226 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ عَنْ مُوسَی الْجُهَنِیِّ قَالَ اُتِیَ مُجَاهِدٌ بِقَدَحٍ حَزَرْتُهُ ثَمَانِیَةَ اَرْطَالٍ فَقَالَ حَدَّثَتْنِی عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَغْتَسِلُ بِمِثْلِ هٰذَا .

☆☆ موسیٰ جہنی بیان کرتے ہیں' مجاہد کی خدمت میں پانی کا ایک برتن لایا گیا' میرا یہ اندازہ تھا کہ اس میں آٹھ رطل پانی آ جاتا ہے۔ مجاہد نے بتایا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ نبی اکرم ﷺ اتنے پانی کے ساتھ غسل کر لیتے تھے۔

224-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب بول الصبي يصيب الثوب (الحديث 376) مطولاً ـ و الحديث عند: ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب ما جاء في بول الصبي الذي لم يطعم (الحديث 526) ـ تحفة الاشراف (12051) .

225-اخرجه البخاري في الغسل ، باب التستر في الغسل عند الناس (الحديث 280)، و في الصلاة، باب الصلاة في الثوب الواحد ملتحفًا به (الحديث 357) مطولًا، و في الجزية و الموادعة، باب امان النساء و جوارهن (الحديث 3171) مطولًا، و في الادب، باب ما جاء في (زعموا) (الحديث 6158 ) مطولاً ـ و اخرجه مسلم في الحيض، باب تستر المغتسل بثوب و نحوه (الحديث 70 ) مختصراً ـ و (الحديث 71 و 72) بنحوه ـ و اخرجه الترمذي في الاستئذان ، باب ما جاء في مرحباً (الحديث 2734) مختصراً ـ و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المنديل بعد الوضوء و بعد الغسل (الحديث 465) بنحوه مختصراً ـ و الحديث عند: مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب صلاة الضحى و ان اقلها ركعتان و اكملها ثمان ركعات و اوسطها اربع ركعات او ست و الحث على المحافظة عليها (الحديث 483) و الترمذي في السير ، باب ما جاء في امان العبد و المراة (الحديث 1579) ـ تحفة الاشراف (18018) .

226-انفرد به النسائي ـ تحفة الاشراف (17581) .

Marfat.com

227 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ يَقُوْلُ دَخَلْتُ عَلٰى عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا وَاَخُوهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ فَسَاَلَهَا عَنْ غُسْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَتْ بِاِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ قَدْرَ صَاعٍ وَّسَتَرَتْ سِتْرًا فَاغْتَسَلَتْ فَاَفْرَغَتْ عَلٰى رَاْسِهَا ثَلَاثًا .

☆☆ ابوسلمہ نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے ساتھ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھائی بھی تھے' انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل کے بارے میں بھی دریافت کیا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پانی کا ایک برتن منگوایا' جس میں ایک صاع پانی آ جاتا تھا' پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پردہ تان لیا اور غسل کیا' انہوں نے اپنے سر پر تین مرتبہ پانی انڈیلا۔

228 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ فِى الْقَدَحِ وَهُوَ الْفَرَقُ وَكُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ فِىْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم "قدح" (میں موجود پانی) کے ذریعے غسل کر لیتے تھے جو بڑے برتن کو کہتے ہیں' میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کر لیتے تھے۔

229 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَّقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِمَكُّوْكٍ وَّيَغْتَسِلُ بِخَمْسَةِ مَكَاكِيَّ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مکوک پانی کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور پانچ مکوک کے ذریعے غسل کر لیتے تھے۔

230 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ قَالَ تَمَارَيْنَا فِى الْغُسْلِ عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ جَابِرٌ يَكْفِىْ مِنَ الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ صَاعٌ مِّنْ مَّاءٍ . قُلْنَا مَا يَكْفِىْ صَاعٌ وَّلَا صَاعَانِ . قَالَ جَابِرٌ قَدْ كَانَ يَكْفِىْ مَنْ كَانَ خَيْرًا مِّنْكُمْ وَاَكْثَرَ شَعْرًا .

227-اخرجه البكارى في الغسل ، باب الغسل با لصاع و نحوه (الحديث 251) بنحوه . و اخرجه مسلم في الحيض، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، و غسل الرجل و المراة في الناء و احد في حالة و احدة و غسل احدهما بفضل الآخر (الحديث 42) مطولاً . تحفة الاشراف (17792) .

228-اخرجه مسلم في الحيض، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة و غسل الرجل و المراة في اناء واحد في حالة و احدة و غسل احدهما بفضل الآخر (الحديث 41) . و الحديث عند ئ النسائي في الطهارة، باب فضل الجنب (72)، و في المياه ، الرخصة في فضل الجنب (الحديث 343) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل و المراة يغتسلان من اناء واحد (الحديث 376) . انظر : تحفة الاشراف للمزي(16586) .

229-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء بالمد (الحديث 201) بمعناه . و اخرجه مسلم في الحيض ، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، و غسل الرجل و المراة في اناء واحد في حالة واحدة و غسل احدهما بفضل الاخر (الحديث 50) و (الحديث 51) بمعناه . و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب ما يجزي من الماء في الوضوء (الحديث 95) معلقاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب قدر ما يجزى من الماء في الوضوء (الحديث 609) معلقاً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء للوضوء (الحديث 73)، و في المياه ، باب القدر الذي يكتفي به الانسان من الماء للوضوء و الغسل (الحديث 344) تحفة الاشراف (963) .

230-اخرجه البخاري في الغسل ، باب الغسل بالصاع و نحوه (الحديث 252) بنحوه . تحفة الاشراف (2641) .

Marfat.com

☆☆ امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ہمارے درمیان غسل کے بارے میں بحث ہوگئی تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ بولے: غسل جنابت کے لیے ایک صاع پانی کافی ہوتا ہے' ہم نے کہا: نہ تو ایک صاع کافی ہوتا ہے اور نہ ہی دو صاع کافی ہوتا ہے' تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ بولے: یہ اس ہستی کے لیے کافی تھا جو تم سے بہتر تھی اور جن کے بال تم سے زیادہ تھے۔

## 145 - باب ذِكْرِ الدِّلَالَةِ عَلٰى اَنَّهُ لَا وَقْتَ فِىْ ذٰلِكَ

### باب: اس بات کی دلیل کہ اس حوالے سے کوئی متعین مقدار نہیں ہے

231 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَاَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ وَّابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ وَّهُوَ قَدْرُ الْفَرَقِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کرلیا کرتے تھے' جو ایک ''فرق'' جتنا ہوتا تھا۔

## 146 - باب ذِكْرِ اغْتِسَالِ الرَّجُلِ وَالْمَرْاَةِ مِنْ نِسَائِهٖ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ

### باب: شوہر اور بیوی کا ایک ہی برتن سے غسل کرنا

232 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ح وَاَنْبَاَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ وَاَنَا مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ نَغْتَرِفُ مِنْهُ جَمِيْعًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور میں ایک ہی برتن سے غسل کر لیتے تھے' ہم دونوں ایک ساتھ چلو بھرتے تھے۔

### شرح

کیا مرد اور عورت ایک ہی برتن سے ایک ساتھ وضو کر سکتے ہیں' اس بارے میں مختلف طرح کی روایات منقول ہیں۔

اس بارے میں پانچ اقوال ہیں:

پہلا قول یہ ہے کہ مرد کے بچے ہوئے پانی سے عورت کا وضو کرنا مکروہ ہے اور اس کے برعکس (یعنی عورت کے بچائے ہوئے پانی سے مرد کا وضو کرنا مکروہ ہے)۔

231-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16533 و 16666) .

232-تفرد به النسائي ، و سياتي في الغسل و التيمم، باب اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء و احد (الحديث 409) . تحفة الاشراف (16976 و 17174) .

Marfat.com

دوسرا قول یہ ہے کہ عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے مرد کا وضو کرنا مکروہ ہے' البتہ اس کے برعکس جائز ہے' یعنی عورت مرد کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کر سکتی ہے۔

تیسرا قول یہ ہے کہ اگر مرد اور عورت دونوں ایک ساتھ پانی حاصل کرتے ہیں' تو ایسی صورت میں وضو کرنا جائز ہوگا' لیکن اگر عورت پہلے سے وضو کر چکی ہو' تو اس کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے مرد کا وضو کرنا جائز نہیں ہے۔

چوتھا قول یہ ہے کہ مرد اور عورت میں سے کسی ایک کے لیے بھی' دوسرے فریق کے وضو سے بچائے ہوئے پانی سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' خواہ ان دونوں نے ایک ساتھ وضو کیا ہو یا ان دونوں میں سے کسی ایک نے پہلے وضو کر لیا ہو' عام فقہاء اسی بات کے قائل ہیں۔

پانچواں قول یہ ہے کہ ایسا کرنا جائز ہے' جبکہ مرد جنابت کی حالت میں نہ ہو یا عورت حیض کی حالت میں نہ ہو۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' جمہور صحابہ اور تابعین سے اس بات کا جواز منقول ہے کہ مرد عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کر سکتا ہے' صرف حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی رائے مختلف ہے کہ ان کے نزدیک جنابت والے شخص یا حیض والی عورت کے وضو سے بچائے ہوئے پانی سے وضو کرنا مکروہ ہے۔ (مؤطا امام مالک کی شرح ''الاستذکار'' میں یہ احکام ذکر کیے گئے ہیں۔

جن احادیث میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ مرد عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے وضو نہیں کر سکتا' اس کے مختلف جوابات دیئے گئے ہیں۔

اس کا پہلا جواب یہ ہے کہ جن احادیث میں اس طرزِ عمل کی اباحت کا تذکرہ ہے' ان کے مقابلے میں ممانعت والی روایات ضعیف ہیں۔

دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس سے مراد اس پانی کو استعمال کرنے کی ممانعت ہے' جو عورت کے جسم سے مس ہونے کے بعد گرتا ہے' یعنی آبِ مستعمل ہے۔

تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہاں ممانعت کا حکم استحباب اور زیادہ فضیلت کے حوالے سے ہے۔

امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔

•••——•••——•••

233 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يُحَدِّثُ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الْجَنَابَةِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسلِ جنابت کرلیا کرتے تھے۔

233-اخرجه البخاري في الغسل ، باب هل يدخل الجنب يده في الاناء قبل ان يغسلها اذا لم يكن على يده قذر غير الجنابة (الحديث 263) بنحوه . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء و احد (الحديث 410) . تحفة الاشراف (17493) .

Marfat.com

234 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ اُنَازِعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِنَاءَ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ مِنْهُ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے کہ میں پانی کے برتن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جھگڑا کرتی تھی، میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

235 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرلیا کرتے تھے۔

236 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَخْبَرَتْنِىْ خَالَتِىْ مَيْمُوْنَةُ اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے، کہ وہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرلیا کرتے تھے۔

237 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ الْاَعْرَجَ يَقُوْلُ حَدَّثَنِىْ نَاعِمٌ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ سُئِلَتْ اَتَغْتَسِلُ الْمَرْاَةُ مَعَ الرَّجُلِ قَالَتْ نَعَمْ اِذَا كَانَتْ كَيِّسَةً رَاَيْتُنِىْ وَرَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَغْتَسِلُ مِنْ مِرْكَنٍ وَّاحِدٍ نُفِيضُ عَلٰى اَيْدِيْنَا حَتّٰى نُنْقِيَهُمَا ثُمَّ نُفِيضَ عَلَيْهَا الْمَاءَ ۔ قَالَ الْاَعْرَجُ لَا تَذْكُرُ فَرْجًا وَّلَا تَبَالَهُ ۔

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا گیا، کہ کیا کوئی عورت اپنے شوہر کے ساتھ غسل کرسکتی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! جبکہ وہ آداب کا خیال رکھے، مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے، کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کرلیا کرتے تھے، ہم لوگ اپنے ہاتھوں پر پانی بہا کرانہیں اچھی طرح صاف کرتے تھے، پھر اس کے بعد اپنے جسم پر پانی بہاتے تھے۔

اعرج کہتے ہیں: یعنی وہ عورت فرج کا تذکرہ نہ کرے اور احمق اور بیوقوف عورتوں جیسی حرکتیں نہ کرے۔

---

234-اخرجه البخاري في الغسل ، باب مباشرة الحائض (الحديث 299) بنحوه مطولاً ۔ واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء بفضل وضوءالمراة (الحديث 77) بنحوه ۔ و اخرجه النسائي في الطهارة، باب ذكر اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء واحد (الحديث 235) بنحوه، و في الغسل و التيمم، باب اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء و اهد (الحديث 411) ۔ تحفة الاشراف (15983) ۔

235-تقدم من الطهارة، باب ذكر اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء واحد (الحديث 234) ۔

236-اخرجه مسلم في الحيض، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابه و غسل و المراة في اناء و احد في حالة واحدة و غسل احدهما بفضل الآخر (الحديث 47) ۔ و اخرجه الترمذي في الطهارة ، باب ما جاء في وضوء الرجل و المراة من اناء واحد (الحديث 62) ۔ واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل و المراة يغتسلان من اناء واحد (الحديث 377) ۔ تحفة الاشراف (17067) ۔

237-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (18215) ۔

Marfat.com

## 147 - باب ذِكْرِ النَّهْيِ عَنِ الِاغْتِسَالِ بِفَضْلِ الْجُنُبِ

باب: جنبی کے بچائے ہوئے پانی سے غسل کرنے کی ممانعت

238 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ دَاوُدَ الْاَوْدِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَقِيْتُ رَجُلًا صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا صَحِبَهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - اَرْبَعَ سِنِيْنَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّمْتَشِطَ اَحَدُنَا كُلَّ يَوْمٍ اَوْ يَبُوْلَ فِيْ مُغْتَسَلِهٖ اَوْ يَغْتَسِلَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ وَلْيَغْتَرِفَا جَمِيْعًا .

☆☆ حمید بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' میں ایک ایسے صاحب سے ملا' جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی تھے' جس طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں' وہ صاحب چار سال تک نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں رہے تھے' انہوں نے یہ بات بیان کی: نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ کوئی شخص روزانہ کنگھی کرے یا غسل کی جگہ پر پیشاب کرے یا کوئی مرد عورت کے بچائے ہوئے پانی سے غسل کرے' یا عورت مرد کے بچائے ہوئے پانی سے غسل کرلے' البتہ وہ دونوں ایک ساتھ پانی حاصل کرسکتے ہیں۔

## 148 - باب الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

باب: اس بارے میں رخصت کا بیان

239 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ يُبَادِرُنِيْ وَاُبَادِرُهٗ حَتّٰى يَقُوْلَ "دَعِيْ لِيْ ." وَاَقُوْلُ اَنَا دَعْ لِيْ .

قَالَ سُوَيْدٌ يُبَادِرُنِيْ وَاُبَادِرُهٗ فَاَقُوْلُ دَعْ لِيْ دَعْ لِيْ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے' بعض اوقات آپ مجھ سے پہلے پانی حاصل کرلیتے تھے' بعض اوقات میں آپ سے پہلے پانی حاصل کرلیتی تھی' یہاں تک کہ آپ یہ فرمایا کرتے تھے: میرے لیے بھی پانی چھوڑ دو اور میں یہ کہا کرتی تھی کہ آپ میرے لیے پانی چھوڑ دیں۔

سوید نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں' کہ آپ مجھ سے پہلے پانی حاصل کرلیتے تھے اور بعض اوقات میں آپ سے پہلے پانی حاصل کرلیتی تھی' میں یہ کہا کرتی تھی کہ میرے لیے بھی چھوڑ دیں' میرے لیے بھی چھوڑ دیں۔

238-اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب النهي عن ذلك (الحديث 81) مختصراً . و الحديث عند : ابي داؤد في الطهارة، باب في البول في المستحم (الحديث 28) . و النسائي في الزينة، الاخذ من الشعر (الحديث 5069) تحفة الاشراف (15554 و 15555) .

239-اخرجه مسلم في الحيض ، باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة و غسل الرجل و المراة في اناء و احد في حالة و احدة و غسل احدهما بفضل الآخر (الهديث 46) . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الرخصة في ذلك (الحديث 412) . تحفة الاشراف (17969) .

Marfat.com

## 149 - باب ذِكْرِ الْاِغْتِسَالِ فِي الْقَصْعَةِ الَّتِي يُعْجَنُ فِيهَا

باب: اس برتن (میں پانی ڈال کر) غسل کرنا جس میں آٹا گوندھا جاتا ہے

240 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اُمِّ هَانِءٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَ هُوَ وَمَيْمُونَةُ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ فِي قَصْعَةٍ فِيهَا اَثَرُ الْعَجِينِ .

☆☆ مجاہد سیّدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا ایک ہی برتن سے غسل کرلیا کرتے تھے' جوایسا برتن تھا جس میں آٹے کے نشان موجود ہوتا تھا۔

## 150 - باب ذِكْرِ تَرْكِ الْمَرْاَةِ نَقْضَ ضَفْرِ رَاْسِهَا عِنْدَ اغْتِسَالِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ

باب: عورت جب غسلِ جنابت کرتی ہے' اس وقت اس کا سر کی مینڈھیوں کو نہ کھولنا

241 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي امْرَاَةٌ اَشُدُّ ضَفْرَ رَاْسِي اَفَاَنْقُضُهَا عِنْدَ غَسْلِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَ "اِنَّمَا يَكْفِيكِ اَنْ تَحْثِي عَلٰى رَاْسِكِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مِّنْ مَّاءٍ ثُمَّ تُفِيضِينَ عَلٰى جَسَدِكِ ."

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں' وہ بیان کرتی ہیں' کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے سر کی مینڈھیاں زور سے باندھی ہوئی ہوتی ہیں' تو کیا میں غسلِ جنابت کے وقت انہیں کھولا کروں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' کہ تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہے' کہ تم اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہا دیا کرو اور پھر اپنے باقی جسم پر پانی ڈال لیا کرو۔

## 151 - باب ذِكْرِ الْاَمْرِ بِذٰلِكَ لِلْحَائِضِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ لِلْاِحْرَامِ

باب: حیض والی عورت جب احرام باندھنے کے لیے غسل کرتی ہے' اس کو اس بات کا حکم دینا

242 - اَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَشْهَبُ عَنْ مَّالِكٍ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ وَّهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ حَدَّثَاهُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَهْلَلْتُ بِالْعُمْرَةِ فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ فَلَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلٰى

---

240-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرجل و المراة يغتسلان من اناء و احد (الحديث 378) . تحفة الاشراف (18012) .

241-اخرجه مسلم في الحيض ، باب حكم ضفائر المغتسلة (الحديث 58) بنحوه . و اكرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في المراة هل تنقض شعرها عند الغسل (الحديث 251) بنحوه.واخرجه الترمذي في الطهارة، باب هل اتنقض المراة شعر ها عند الغسل (الحديث 105) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في ب الطهارة و سننها، باب ما جاء في غسل النساء من الجنابة (الحديث 603) بنحوه . تحفة الاشراف (18172) .

Marfat.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَاَهِلِّي بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ ." فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ اَرْسَلَنِيْ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ اِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ "هٰذِهٖ مَكَانَ عُمْرَتِكِ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ لَمْ يَرْوِهٖ اَحَدٌ اِلَّا اَشْهَبُ .

☆☆ عروہ' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے سال روانہ ہوئے' تو میں نے عمرے کا احرام باندھا' جب میں مکہ آئی تو اس وقت مجھے حیض آ چکا تھا' اس لیے میں نے بیت اللہ کا طواف نہیں کیا' صفا اور مروہ کی سعی نہیں کی' میں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے سر کے بال کھول دو اور ان میں کنگھی کرلو اور حج کا احرام باندھ لو اور عمرے کو ترک کر دو' میں نے ایسا ہی کیا' جب ہم نے حج مکمل کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تنعیم بھیجا' میں نے وہاں سے عمرہ کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے پہلے والے عمرے کی جگہ ہے۔

## 152 - باب ذِكْرِ غَسْلِ الْجُنُبِ يَدَيْهِ قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهُمَا الْاِنَاءَ

### باب: جنبی شخص کا غسل کے وقت ہاتھ کو برتن میں ڈالنے سے پہلے دھونا

243 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ وُضِعَ لَهُ الْاِنَاءُ فَيَصُبُّ عَلٰى يَدَيْهِ قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهُمَا الْاِنَاءَ حَتّٰى اِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ ثُمَّ صَبَّ بِالْيُمْنٰى وَغَسَلَ فَرْجَهُ بِالْيُسْرٰى حَتّٰى اِذَا فَرَغَ صَبَّ بِالْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا ثُمَّ يَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهٖ مِلْءَ كَفَّيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ يُفِيضُ عَلٰى جَسَدِهٖ .

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب غسلِ جنابت کا ارادہ کرتے تھے' تو آپ کے لیے پانی کا برتن رکھا جاتا تھا' سب سے پہلے آپ دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیلتے تھے' آپ برتن میں انہیں داخل کرنے سے پہلے ایسا کرتے تھے' آپ دونوں ہاتھوں کو دھونے کے بعد پھر دایاں ہاتھ برتن میں داخل کرتے تھے' پھر آپ دائیں ہاتھ کے ذریعے پانی انڈیل کر اپنی شرمگاہ کو بائیں ہاتھ کے ذریعے دھوتے تھے' جب آپ اس سے فارغ ہو جاتے تو آپ دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر پھر ان دونوں کو دھو لیتے تھے' پھر آپ کلی کرتے تھے' پھر ناک میں

242-اخرجه البخاري في الحج ، باب كيف تهل الحائض و النفساء (الحديث 1556) مطولاً، و في المغازي، باب حجة الوداع (الحديث 4395) مطولاً . واخرجه مسلم في الحج، باب بيان وجوه الاحرام، و انه يجوز افراد الحج و التمتع و القرآن و جواز ادخال الحج على العمرة و متى يحل القارن من نسكه (الحديث 111) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج) ، باب في افراد الحج (الحديث 1781) مطولاً . و اخرجه النسائي في مناسك الحج ، في المهلة بالعمرة تحيض و تخاف فوت الحج (الحديث 2763) مطولاً . و الحديث عند: البخاري في الحج، باب طواف القارن (الحديث ) 1638 . تحفة الاشراف (16591 و 17175) .

243-انفرد به النسائي، و ياتي في الطهارة، باب ذكر عدد غسل اليدين قبل ادخالهما الاناء ( 344 )بنحوه، و ازالة الجنب الاذى عن جسده بعد غسل يديه ( 245 )بنحوه . و باب اعادة الجنب غسل يديه بعد ازالة الاذى عن جسده (الحديث 246) بنحوه تحفة الاشراف ( 17737 ) .

Marfat.com

پانی ڈالتے تھے' ایسا آپ تین مرتبہ کرتے تھے' پھر آپ دونوں لپ بھر کر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے تھے' پھر اپنے جسم پر پانی ڈالتے تھے۔

## 153 - باب ذِكْرِ عَدَدِ غَسْلِ الْيَدَيْنِ قَبْلَ اِدْخَالِهِمَا الْاِنَاءَ

## باب: دونوں ہاتھوں کو برتن میں ڈالنے سے پہلے کتنی مرتبہ دھویا جائے؟

244 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ غُسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ فَقَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْرِغُ عَلٰى يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ يَغْسِلُ فَرْجَهُ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ ثُمَّ يُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ ثُمَّ يُفْرِغُ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثًا ثُمَّ يُفِيْضُ عَلٰى سَائِرِ جَسَدِهٖ.

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسلِ جنابت کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دونوں ہاتھوں پر تین مرتبہ پانی ڈالتے تھے' پھر آپ اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے' پھر دونوں ہاتھوں کو دھوتے تھے' پھر کلی کرتے تھے' پھر ناک میں پانی ڈالتے تھے' پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے تھے' پھر باقی جسم پر پانی ڈال لیتے تھے۔

## 154 - باب اِزَالَةِ الْجُنُبِ الْاَذٰى عَنْ جَسَدِهٖ بَعْدَ غَسْلِ يَدَيْهِ

## باب: ہاتھوں کو دھونے کے بعد جنبی شخص کا اپنے جسم سے نجاست کو صاف کرنا

245 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ اَنْبَاَنَا النَّضْرُ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَاَلَهَا عَنْ غُسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ فَقَالَتْ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالْاِنَاءِ فَيَصُبُّ عَلٰى يَدَيْهِ ثَلَاثًا فَيَغْسِلُهُمَا ثُمَّ يَصُبُّ بِيَمِيْنِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ فَيَغْسِلُ مَا عَلٰى فَخِذَيْهِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ وَيَتَمَضْمَضُ وَيَسْتَنْشِقُ وَيَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثًا ثُمَّ يُفِيْضُ عَلٰى سَائِرِ جَسَدِهٖ.

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' وہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسلِ جنابت کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پانی کا برتن رکھا جاتا تھا' پھر آپ اپنے دونوں ہاتھوں پر تین مرتبہ پانی ڈال کر انہیں دھویا کرتے تھے' پھر آپ دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر اس کے ذریعے اپنے زانو پر لگی ہوئی (منی) کو دھوتے تھے' پھر آپ دونوں ہاتھ دھوتے تھے' پھر آپ کلی کرتے تھے'

244-تقديم في الطهارة، ذكر غسل الجنب يديه قبل ان يدخلها الاناء (الحديث 243).

245-تقديم في الطهارة، ذكر غسل الجنب يديه قبل ان يد خلها الاناء (الحديث (243).

Marfat.com

پھر ناک میں پانی ڈالتے تھے' پھر تین مرتبہ سر پر پانی ڈالتے تھے اور پھر پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے۔

## 155 - باب اِعَادَةِ الْجُنُبِ غَسْلَ يَدَيْهِ بَعْدَ اِزَالَةِ الْاَذٰى عَنْ جَسَدِهٖ

### باب: اپنے جسم پر موجود نجاست کو صاف کرنے کے بعد جنبی شخص کا دوبارہ ہاتھ دھونا

246 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ وَصَفَتْ عَائِشَةُ غُسْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَتْ كَانَ يَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ يُفِيضُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى فَيَغْسِلُ فَرْجَهُ وَمَا اَصَابَهُ - قَالَ عُمَرُ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا قَالَ يُفِيضُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - ثُمَّ يَتَمَضْمَضُ ثَلَاثًا وَّيَسْتَنْشِقُ ثَلَاثًا وَّيَغْسِلُ وَجْهَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ يُفِيضُ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثًا ثُمَّ يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ ۔

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسلِ جنابت کا طریقہ بیان کرتے ہوئے یہ بات بیان کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوتے تھے' پھر دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے اور جو چیز آپ کے جسم پر لگی ہوتی تھی اسے دھوتے تھے' پھر آپ اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ پر پانی انڈیل کر تین مرتبہ انہیں دھوتے تھے' پھر آپ تین مرتبہ کلی کرتے تھے' تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالتے تھے' تین مرتبہ منہ دھوتے تھے' پھر تین مرتبہ اپنے سر پر پانی بہاتے تھے' پھر پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے۔

## 156 - باب ذِكْرِ وُضُوْءِ الْجُنُبِ قَبْلَ الْغُسْلِ

### باب: جنبی شخص کا غسل جنابت کرنے سے پہلے وضو کرنا

247 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَاَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ كَمَا يَتَوَضَّاُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ يُدْخِلُ اَصَابِعَهُ الْمَآءَ فَيُخَلِّلُ بِهَا اُصُوْلَ شَعْرِهٖ ثُمَّ يَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثَ غُرَفٍ ثُمَّ يُفِيضُ الْمَآءَ عَلٰى جَسَدِهٖ كُلِّهٖ ۔

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب غسلِ جنابت کرتے تھے' تو سب سے پہلے دونوں ہاتھ دھوتے تھے' نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے' پھر اپنے ہاتھ پانی میں داخل کر کے اس پانی کے ذریعے بالوں کی جڑوں کے درمیان خلال کیا کرتے تھے' پھر تین مرتبہ دونوں ہاتھوں کے ذریعے سر پر پانی بہاتے تھے' پھر باقی پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے۔

---

246-تقديم في الطهارة، ذكر غسل الجنب يديه قبل ان يد خلها الاناء (الحديث 243) ۔

247-اخرجه البخاري في الغسل ، باب الوضوء قبل الغسل (الحديث 248) ۔ تحفة الاشراف (17164) ۔

Marfat.com

## 157 - باب تَخْلِيْلِ الْجُنُبِ رَأْسَهُ

## باب: جنبی شخص کا اپنے سر میں خلال کرنا

248 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَانَا يَحْيٰى قَالَ اَنْبَانَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ حَدَّثَتْنِىْ عَآئِشَةُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ غُسْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ اَنَّهُ كَانَ يَغْسِلُ يَدَيْهِ وَيَتَوَضَّأُ وَيُخَلِّلُ رَاْسَهُ حَتّٰى يَصِلَ اِلٰى شَعْرِهٖ ثُمَّ يُفْرِغُ عَلٰى سَائِرِ جَسَدِهٖ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسلِ جنابت کے طریقے کے بارے میں یہ بیان کرتی ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے اپنے دونوں ہاتھ دھوتے تھے' پھر وضو کرتے تھے پھر اپنے سر مبارک کا خلال کرتے تھے' یہاں تک کہ پانی آپ کے بالوں تک پہنچ جاتا تھا' پھر آپ اپنے پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے۔

249 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُشَرِّبُ رَاْسَهُ ثُمَّ يَحْثِىْ عَلَيْهِ ثَلَاثًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر میں خلال کرتے تھے' پھر اس پر تین لپ پانی بہا دیتے تھے۔

## 158 - باب ذِكْرِ مَا يَكْفِى الْجُنُبَ مِنْ اِفَاضَةِ الْمَآءِ عَلٰى رَاْسِهٖ

## باب: جنبی شخص کے لیے سر پر کس حد تک پانی بہانا کافی ہے؟

250 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ تَمَارَوْا فِى الْغُسْلِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اِنِّىْ لَاَغْسِلُ كَذَا وَكَذَا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَمَّا اَنَا فَاُفِيْضُ عَلٰى رَاْسِىْ ثَلَاثَ اَكُفٍّ ."

☆☆ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے' لوگوں کے درمیان غسل کے بارے میں بحث ہوگئی' کسی نے کہا: میں اس' اس طرح غسل کرتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک میرا تعلق ہے' تو میں' تو اپنے سر پر تین لپ پانی بہا لیتا ہوں۔

---

248-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (17331) .

249-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16937) .

250-اخرجه البخاري في الغسل ، باب من افاض على راسه ثلاثًا (الحديث 254) مختصراً . وا خرجه مسلم في الحيض، باب استحباب افاضة الماء على الراس وغيره ثلاثًا (الحديث 54) و (الحديث 55) . مختصراً . واخرجه ابو داؤد في لطهارة، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 239) . واخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب ما يكفي الجنب من افاضة الماء على راسه (الحديث 423) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 575)مختصراً . تحفة الاشراف (3186) .

Marfat.com

## 159 - باب ذِكْرِ الْعَمَلِ فِي الْغُسْلِ مِنَ الْحَيْضِ

باب: حیض کے بعد غسل کرنے کا طریقہ

251 - أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ - وَهُوَ ابْنُ صَفِيَّةَ - عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِهَا مِنَ الْمَحِيضِ فَأَخْبَرَهَا كَيْفَ تَغْتَسِلُ ثُمَّ قَالَ "خُذِيْ فِرْصَةً مِّنْ مِسْكٍ فَتَطَهَّرِيْ بِهَا ." قَالَتْ وَكَيْفَ أَتَطَهَّرُ بِهَا فَاسْتَتَرَ كَذَا ثُمَّ قَالَ "سُبْحَانَ اللّٰهِ تَطَهَّرِيْ بِهَا ." قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَجَذَبْتُ الْمَرْأَةَ وَقُلْتُ تَتَبَّعِيْنَ بِهَا أَثَرَ الدَّمِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک مرتبہ ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے بعد غسل کا طریقہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بتایا: وہ کس طرح غسل کرے گی' پھر آپ نے اسے فرمایا' کہ تم مشک لگی ہوئی روئی لو اور اس کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرو' اس خاتون نے دریافت کیا: میں اس کے ذریعے کس طرح پاکیزگی حاصل کروں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح اپنے منہ پر چادر رکھتے ہوئے فرمایا: سبحان اللہ! تم اس کے ذریعے پاکیزگی حاصل کرو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے اس عورت کو اپنی طرف کھینچا اور اسے بتایا: تم اس کے ذریعے خون کے نشان کو صاف کرو۔

## 160 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ بَعْدِ الْغُسْلِ

باب: غسل کر لینے کے بعد وضو نہ کرنا

252 - أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِيْ أَنْبَأَنَا الْحَسَنُ - وَهُوَ ابْنُ صَالِحٍ - عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَضَّأُ بَعْدَ الْغُسْلِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کر لینے کے بعد (ازسرنو) وضو نہیں کرتے تھے۔

## 161 - باب غَسْلِ الرِّجْلَيْنِ فِي غَيْرِ الْمَكَانِ الَّذِيْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ

باب: جس جگہ پر غسل کیا ہو وہاں سے ہٹ کر پاؤں دھونا

253 - أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عِيْسٰى عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

---

251-اخرجه البخاري في الحيض، باب دلك المراة نفسها اذا تطهرت من الحيض و كيف تغتسل و تاخر فرصة ممسكة فتتبع اثر الدم (الحديث 314)، وباب غسل المحيض (الحديث 315 بنحوه .و في الاعتصام بالكتاب و السنة، باب الاحكام التي تعرف بالدلائل (الحديث 60) . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم ، باب العمل في الغسل من الحيض (الحديث 425) . تحفة الاشراف (17859) .

252-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الوضوء بعد الغسل (الحديث 107) . و اخرجه النسائي في الغُسل و التيمم ، باب ترك الوضوء بعد الغسل (الحديث 428) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في الوضوء بعد الغسل (الحديث 579) . تحفة الاشراف (16019 و 16025) .

Marfat.com

حَدَّثَتْنِي خَالَتِي مَيْمُونَةُ قَالَتْ اَدْنَيْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُسْلَهُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ اَدْخَلَ بِيَمِينِهِ فِي الْاِنَاءِ فَاَفْرَغَ بِهَا عَلٰى فَرْجِهِ ثُمَّ غَسَلَهُ بِشِمَالِهِ ثُمَّ ضَرَبَ بِشِمَالِهِ الْاَرْضَ فَدَلَكَهَا دَلْكًا شَدِيدًا ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوئَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ اَفْرَغَ عَلٰى رَاْسِهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مِلْءَ كَفِّهِ ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ ثُمَّ تَنَحّٰى عَنْ مَقَامِهِ فَغَسَلَ رِجْلَيْهِ قَالَتْ ثُمَّ اَتَيْتُهُ بِالْمِنْدِيلِ فَرَدَّهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میری خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسلِ جنابت کے لیے پانی رکھا' آپ نے پہلے دونوں ہتھیلیوں کو دومرتبہ یا شاید تین مرتبہ دھویا' پھر آپ نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کر کے اس کے ذریعے اپنی شرمگاہ کو پانی میں ڈالا اور اسے اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے دھویا' پھر آپ نے اپنا بایاں ہاتھ زمین پر اچھی طرح سے مل کر صاف کیا' پھر آپ نے نماز کے وضو کی طرح وضو کیا' پھر آپ نے اپنے سر مبارک پر پانی کے تین لپ یعنی دونوں ہتھیلیوں کو بھر کر پانی بہایا' پھر آپ نے اپنے پورے جسم کو دھویا پھر آپ اس جگہ سے ہٹ گئے اور اپنے پاؤں دھوئے۔

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے آپ کی خدمت میں رومال پیش کیا' تو آپ نے اسے قبول نہیں کیا۔

## 162 - باب تَرْكِ الْمِنْدِيلِ بَعْدَ الْغُسْلِ

### باب: غسل کر لینے کے بعد رومال استعمال نہ کرنا

254 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَ فَاُتِيَ بِمِنْدِيلٍ فَلَمْ يَمَسَّهُ وَجَعَلَ يَقُولُ بِالْمَاءِ هٰكَذَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا' آپ کی خدمت میں رومال پیش کیا گیا تو آپ نے اسے استعمال نہیں کیا اور ہاتھ سے ہی جسم پر موجود پانی کو پونچھ لیا۔

253-اخرجه البخاري في الغسل، باب الوضوء قبل الغسل (الحديث 249) و باب الغسل مرة واحدة (الحديث 257) بنحوه مختصراً . و باب المضمضة و الاستنشاق في الجنابة (الحديث 259) بنحوه، و باب تفريق الغسل (الحديث 265) بنحوه مختصراً . و باب من افرغ بيمينه على شماله في الغسل (الحديث 266) بنحوه، و باب من توضا في الجنابة ثم غسل سائر جسده و لم يعد غسل مواضع الوضوء مرة اخرى (الحديث 274) بنحوه، و باب نفض اليدين من الغسل عن الجنابة (الحديث 276) بنحوه، و باب التستر في الغسل عند الناس (الحديث 281) بنحوه مختصراً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب صفة غسل الجنابة (الحديث 37) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 245) بنحوه مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الغسل من الجنابة (الحديث 103) بنحوه مختصراً . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب ازالة الجنب الاذى عنه قبل افاضة الماء عليه (الحديث 416) بنحوه مختصراً، و باب سح اليد بالارض بعد غسل الفرج (الحديث 417) . و الحديث عند: البخاري في الغسل، باب مسح اليد بالتراب لتكون انقى (الحديث 260) . تحفة الاشراف (18064) .

254-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (6351) . و الحديث عن مسلم في الحيض، باب تستر المغتسل بثوب و نحوه (الحديث 73) و النسائي في الغسل و التيمم، باب الاستتار عند الاغتسال (الحديث 406)، و باب الغسل مرة واحدة (الحديث 426) .

Marfat.com

## 163 - باب وُضُوْءِ الْجُنُبِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ

### باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے کا ارادہ کرے اس وقت وضو کر لے

255 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ شُعْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَقَالَ عَمْرٌو كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ اَوْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ - زَادَ عَمْرٌو فِيْ حَدِيْثِهٖ - وُضُوْئَهٗ لِلصَّلَاةِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں کچھ کھانے کا یا سونے کا ارادہ کرتے تھے' تو آپ وضو کر لیتے تھے۔

عمرو نامی راوی نے روایت کے الفاظ میں اختلاف نقل کیا ہے اور انہوں نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نماز کے وضو کا سا وضو کرتے تھے۔

## 164 - باب اقْتِصَارِ الْجُنُبِ عَلٰى غَسْلِ يَدَيْهِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ

### باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے لگے' تو اس کا صرف ہاتھ دھونے پر اکتفاء کرنا

256 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ غَسَلَ يَدَيْهِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جنابت کی حالت میں سونا ہوتا تھا تو وضو کر لیتے تھے اور جب کچھ کھانا ہوتا تھا تو اپنے دونوں ہاتھ دھو لیتے تھے۔

255-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز نوم الجنب ، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا اراد ان ياكل اويشرب او ينام او يجامع (الحديث 22)، و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب من قال : يتوضا الجنب (الحديث 224ص) . و اخرجه النسائي في عشرة النساء من الكبرى، ما عليه اذا ارادان ينام و ذكر اختلاف الناقلين لخبر عائشة في ذلك (الحديث 161) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها ، باب في الجنب ياكل و يشرب (الحديث 591) تحفة الاشراف (15926) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المنديل بعد الوضوء و بعد الغسل (الحديث 467) .

256-اكرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الجنب ياكل (الحديث 233) . و اكرجه النسائي في الطهارة، باب اقتصار الجنب على غسل يديه اذا ارادان يا كل او يشرب (الحديث 257) . و في عشرة النساء من الكبرى، ما عليه اذا ارادان ينام و ذكر اختلاف الناقلين لخبر عائشة في ذلك (الحديث 159و 160) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب من قال يجزئه غسل يديه (الحديث 593) مختصرًا و الحديث عند: مسلم في الحيض ، باب جواز نوم الجنب، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا اراد ان يا كل او يشرب او ينام او يجامع (الحديث 21) . و ابي داؤد في الطهارة، باب الجنب يا كل (الحديث 222) . و النسائي في الطهارة، باب وضوء الجنب اذا اراد ان ينام (الحديث 258)، و في عشرة النساء من الكبرى ما عليه اذا ارادان ينام و ذكر اختلاف الناقلين لخير عائشة في ذلك (الحديث 157 و158) . و ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب من قال : لا ينام الجنب حتى يتوضّا و ضوء و الصلاة (الحديث 584) . انظر: تحفة الاشراف للمزي (17769) .

Marfat.com

جنبی شخص جب کچھ کھانے یا پینے کا ارادہ کرلے تو اس کا اپنے دونوں ہاتھوں کو دھونے پر اکتفاء کرنا۔

## 165 - بابُ اقْتِصَارِ الْجُنُبِ عَلٰى غَسْلِ يَدَيْهِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّأْكُلَ اَوْ يَشْرَبَ

### باب: جنبی شخص جب کچھ کھانے یا پینے کا ارادہ کرے تو اس کا دونوں ہاتھ دھونے پر اکتفا کرنا

257 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّاْكُلَ اَوْ يَشْرَبَ - قَالَتْ - غَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ يَاْكُلُ اَوْ يَشْرَبُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جنابت کی حالت میں سونا ہوتا تھا تو آپ وضو کر لیتے تھے اور جب کچھ کھانا یا پینا ہوتا تھا تو دونوں ہاتھ دھو کر پھر کچھ کھاتے یا پیتے تھے۔

## 166 - باب وُضُوْءِ الْجُنُبِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ

### باب: جنبی شخص جب سونے لگے تو وضو کرے

258 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جنابت کی حالت میں سونا ہوتا تھا تو آپ سونے سے پہلے نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے تھے۔

### شرح

علامہ عینی لکھتے ہیں، شیخ ابوعمر بن عبدالبر اندلسی اپنی کتاب ''التمہید'' میں تحریر کرتے ہیں، علماء کے درمیان اس بارے میں اختلافِ رائے پایا جاتا ہے کہ حالتِ جنابت میں سوتے وقت وضو کرنے کا حکم کیا ہے؟ اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ یہ حکم استحباب کے لیے ہے ایسا کرنا واجب نہیں ہے، تاہم اہلِ علم کا ایک گروہ اسی بات کا بھی قائل ہے کہ جنبی شخص کو جس وضو کا حکم دیا گیا ہے اس سے مراد صرف شرم گاہ، جسم کے کسی دوسرے حصے پر لگی ہوئی نجاست یا دونوں ہاتھ دھونا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت منقول ہے کہ وہ حالتِ جنابت میں سوتے وقت مکمل وضو نہیں کیا کرتے تھے۔

امام مالک رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں جنبی اس وقت تک نہ سوئے جب تک نماز کا سا وضو نہ کر لے۔ شافعی رحمتہ اللہ علیہ کی بھی یہی رائے ہے۔ امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہما کے نزدیک جنبی شخص کے لیے وضو کیے بغیر سونے میں کوئی

257-تقديم في الطهارة، باب اقتصار الجنب على غسل يديه اذا اراد ان يا كل (الحديث 256) . و ليس فيه (او يشرب) .

258-تقدم في الطهارة ، باب اقتصار الجنب على غسل يديه اذا اراد ان يا كل (الحديث 256) .

Marfat.com

حرج نہیں ہے۔ (ملخص)

❀——❀❀——❀

259 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيَنَامُ اَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ قَالَ "اِذَا تَوَضَّاَ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا کوئی شخص جنابت کی حالت میں سوسکتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وہ وضو کرلے (تو پھر سوسکتا ہے)۔

## 167 - باب وُضُوْءِ الْجُنُبِ وَغَسْلِ ذَكَرِهٖ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّنَامَ

## باب: جنبی شخص جب سونے کا ارادہ کرے تو اس کا وضو کرنا اور اپنی شرمگاہ کو دھولینا

260 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ تُصِيْبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "تَوَضَّاْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ ثُمَّ نَمْ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ بعض اوقات انہیں رات کے وقت جنابت لاحق ہوجاتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم وضو کرو' اپنی شرمگاہ کو دھولو اور پھر سو جاؤ۔

## 168 - باب فِى الْجُنُبِ اِذَا لَمْ يَتَوَضَّاْ

## باب: جب کوئی جنبی شخص وضو نہ کرے (تو اس کا حکم)

261 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ ح وَاَنْبَاَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ عَنْ

259-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز نوم الجنب، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا ارادان يا كل او يشرب او ينام او يجامع (الحديث 23) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الوضوء للجنب اذا ارادان ينام (الحديث 120) . تحفة الاشراف (8178 و 10552) .

260-اخرجه البخاري في الغسل ، باب الجنب يتوضائم ينام (الحديث 290) . واخرجه مسلم في الحيض، باب جواز نوم الجنب، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا ارادان يا كل او يشرب او ينام او يجامع (الحديث 25) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الطنب ينام (الحديث 221) . و اخرجه النسائي في عشرة النساء من الكبرى، ذكر اختلاف الناقلين لخبر عبد الله بن عمر في ذلك (الحديث 170) . تحفة الاشراف (7224) .

261-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يوخر الغسل (الحديث 227)، و في اللباس ، باب في الصور (الحديث 4152) . و اخرجه النسائي في الصيد و الذبائح، امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب (الحديث 4292) . و الحديث عند: ابن ما جه في اللباس ، باب الصور في البيت (الحديث 3250) . تحفة الاشراف (10291) .

Marfat.com

اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَّلَا كَلْبٌ وَّلَا جُنُبٌ ـ"

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایسے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی تصویر ہوتی ہے یا کتا ہوتا ہے یا جنبی شخص ہوتا ہے۔

## 169 - باب فِي الْجُنُبِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّعُوْدَ

### باب: جب جنبی شخص دوبارہ صحبت کرنے کا ارادہ کرے (تو اس کا حکم)

262 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّعُوْدَ تَوَضَّاَ ـ"

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص (ایک مرتبہ صحبت کر لینے کے بعد) دوبارہ کرنا چاہے' تو پہلے وضو کرے۔

## 170 - باب اِتْيَانِ النِّسَآءِ قَبْلَ اِحْدَاثِ الْغُسْلِ

### باب: غسل کرنے سے پہلے بیوی سے دوبارہ صحبت کرنا

263 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ - وَاللَّفْظُ لِاِسْحَاقَ - قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلٰى نِسَائِهٖ فِيْ لَيْلَةٍ بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ ـ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی رات میں اپنی تمام ازواج کے ساتھ صحبت کر لیتے تھے' پھر بعد میں ایک ہی مرتبہ غسل کرتے تھے۔

264 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهٖ فِيْ غُسْلٍ وَّاحِدٍ ـ

---

262-اخرجه مسلم في الحيض ، باب جواز نوم الجنب ، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا اراد ان يا كل او يشرب او ينام او يجامع (الحديث 27) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء لمن اراد ان يعود (الحديث 220) بنحوه مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الجنب اذا اراد ان يعود توضا (الحديث 141) بنحوه مطولاً . و اخرجه النسائي في عشره النساء من الكبرى ، ما على من اتى المراة ثم اراد ان يعود (الحديث 152 و153 ) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في الجنب اذا اراد العود توضّا (الحديث 587) مطولاً . تحفة الاشراف (4250) .

263-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يعود (الحديث 218) . تحفة الاشراف (568) .

264-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الرجل يطوف على نسائه بغسل واحد (الحديث 140) . و اخرجه النسائي في عشرة النساء من الكبرى، طواف الرجل على نسائه و الاقتصار على غسل واحد و ذكر الاختلاف على معمر في خبر انس في ذلك (الحديث 150) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء فيمن يغتسل من جميع نسائه غسلًا واحدًا (الحديث 588) . تحفة الاشراف (1336) .

Marfat.com

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد ایک ہی مرتبہ غسل کرتے تھے۔

## 171 - باب حَجْبِ الْجُنُبِ مِنْ قِرَاَةِ الْقُرْآنِ

## باب: جنبی شخص کے لیے قرآن کی تلاوت کی ممانعت

265 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ قَالَ اَتَيْتُ عَلِيًّا اَنَا وَرَجُلَانِ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنَ الْخَلَاءِ فَيَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَيَاْكُلُ مَعَنَا اللَّحْمَ وَلَمْ يَكُنْ يَحْجُبُهُ عَنِ الْقُرْآنِ شَيْءٌ لَيْسَ الْجَنَابَةَ .

☆☆ عبداللہ بن سلمہ بیان کرتے ہیں' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے ساتھ دو آدمی بھی تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء سے تشریف لا کر (وضوء کیے بغیر) قرآن کی تلاوت بھی کر لیتے تھے' ہمارے ساتھ گوشت بھی کھا لیتے تھے' جنابت کے علاوہ کوئی بھی چیز آپ کے تلاوت کرنے میں رکاوٹ نہیں ہوتی تھی۔

### شرح

حیض والی عورت اور جنبی شخص کے لئے قرآن کی تلاوت کرنے کا شرعی حکم کیا ہے؟ اس کی وضاحت کرتے ہوئے صاحبِ ہدایہ تحریر کرتے ہیں:

''حیض والی عورت' جنبی شخص اور نفاس والی عورت قرآن نہیں پڑھ سکتے ہیں''۔

اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''حیض والی عورت اور جنابت والا شخص قرآن کا کوئی حصہ نہیں پڑھ سکتے''۔

یہ روایت امام مالک کے خلاف حجت ہے کیونکہ انہوں نے حیض والی عورت (کے لیے تلاوت کی اجازت دی ہے) اور یہ روایت اپنے اطلاق کی وجہ سے ایک آیت سے کم حصے کو بھی شامل ہو گی' اس اعتبار سے یہ امام طحاوی کے خلاف حجت ہو گی جنہوں نے اسے جائز قرار دیا ہے' یہ لوگ (یعنی حیض' جنابت اور نفاس والی عورت) مصحف (قرآن مجید) کو صرف اس کے غلاف کے ساتھ تھام سکتے ہیں۔

•••——•••——•••

266 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ اَبُوْ يُوْسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ الرَّقِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا

265-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يقرا القرآن (الحديث 229) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الرجل يقرًا القرآن على كل حال ما لم يكن جنبًا (الحديث 146) بمعناه مختصراً . و اخرجه النسائي في الطهارة، باب حجب الجنب من قراء ة القرآن (الحديث 266) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في قراء ة القرآن على غير طهارة (الحديث 594) . تحفة الاشراف (10186) .

266-تقدم في الطهارة ، باب حجب الجنب من قراء ة القرآن (الحديث 265) .

Marfat.com

الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ لَّيْسَ الْجَنَابَةَ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر حالت میں' جبکہ وہ جنابت کی حالت نہ ہو' قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے۔

## 172 - باب مُمَاسَةِ الْجُنُبِ وَمُجَالَسَتِهٖ

### باب: جنبی شخص کو چھونا یا اس کے ساتھ بیٹھنا

267 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَقِىَ الرَّجُلَ مِنْ اَصْحَابِهٖ مَاسَحَهُ وَدَعَا لَهُ - قَالَ - فَرَاَيْتُهُ يَوْمًا بُكْرَةً فَحِدْتُ عَنْهُ ثُمَّ اَتَيْتُهُ حِيْنَ ارْتَفَعَ النَّهَارُ فَقَالَ "اِنِّىْ رَاَيْتُكَ فَحِدْتَ عَنِّىْ ." فَقُلْتُ اِنِّىْ كُنْتُ جُنُبًا فَخَشِيْتُ اَنْ تَمَسَّنِىْ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ ."

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے کسی صحابی سے ملتے تھے' تو آپ اس پر ہاتھ پھیرتے تھے اور اس کے لیے دعا کیا کرتے تھے' ایک مرتبہ میری صبح کے وقت آپ سے ملاقات ہوئی تو میں نے اپنا راستہ تبدیل کر لیا' بعد میں دن چڑھنے کے بعد جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہیں دیکھا تھا' لیکن تم نے مجھے دیکھ کر راستہ تبدیل کر لیا' میں نے عرض کی: میں اس وقت جنابت کی حالت میں تھا' مجھے یہ اندیشہ تھا کہ آپ مجھے چھو نہ لیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان ناپاک نہیں ہوتا۔

268 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ وَاصِلٌ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَهُ وَهُوَ جُنُبٌ . فَاَهْوٰى اِلَىَّ فَقُلْتُ اِنِّىْ جُنُبٌ فَقَالَ "اِنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ ."

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان سے ملاقات ہوئی' حضرت حذیفہ اس وقت جنابت کی حالت میں تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف بڑھے تو میں نے عرض کی: میں جنابت کی حالت میں ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان ناپاک نہیں ہوتا۔

269 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ - وَهُوَ ابْنُ الْمُفَضَّلِ - قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرٍ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَهُ فِىْ طَرِيْقٍ مِّنْ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ جُنُبٌ فَانْسَلَّ

267-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3392) .

268-اخرجه مسلم في الحيض ، باب الدليل على ان المسلم لا ينجس (الحديث 116) بنحوه مطولاً . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب في الجنب يصافح (الحديث 230) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب مصافحة الجنب (الحديث 535) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (3339) .

Marfat.com

عَنْهُ فَاغْتَسَلَ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا جَآءَ قَالَ "اَيْنَ كُنْتَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ ."
قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَقِيْتَنِيْ وَاَنَا جُنُبٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اُجَالِسَكَ حَتّٰى اَغْتَسِلَ . فَقَالَ "سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں مدینہ منورہ کے کسی راستے میں ملے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس وقت جنابت کی حالت میں تھے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ میں ایک طرف ہٹ گیا' بعد میں غسل کر کے (میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی غیر موجودگی کا پتہ چل گیا تھا' جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ نے دریافت کیا: ابوہریرہ! تم کہاں چلے گئے تھے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جب آپ کی مجھ سے ملاقات ہوئی تھی' اس وقت میں جنابت کی حالت میں تھا تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں غسل کرنے سے پہلے آپ کے ساتھ بیٹھوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سبحان اللہ! مؤمن ناپاک نہیں ہوتا۔

## 173 - باب اسْتِخْدَامِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت سے خدمت لینا

270 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ حَازِمٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ قَالَ "يَا عَائِشَةُ نَاوِلِيْنِي الثَّوْبَ ." فَقَالَتْ اِنِّيْ لَا اُصَلِّيْ . قَالَ "اِنَّهُ لَيْسَ فِيْ يَدِكِ ." فَنَاوَلَتْهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے' آپ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! مجھے ایک کپڑا پکڑادو' انہوں نے عرض کی: میں نماز نہیں پڑھتی (یعنی میں حیض کی حالت میں ہوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے۔ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو وہ کپڑا پکڑا دیا۔

271 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ ح وَاَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

269-اخرجه البخاري في الغسل، باب عرق الجنب ، و ان المسلم لا ينجس (الحديث 283)، و باب الجنب يخرج و يمشي في السوق وغيره (الحديث 285) بنحوه مختصراً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب الدليل على ان المسلم لا ينجس (الحديث 371رقم عام). و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يصافح (الحديث 231) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في مصافحة الجنب (الحديث 121) نحوه . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب مصافحة الجنب (الحديث 534) . تحفة الاشراف (14648) .

270-اخرجه مسلم في الحيض ، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله وطهارة سورها و الا تكاء في حجرها و قراءة القرآن فيه (الحديث 13) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، باب استخدام الحائض (الحديث 381) تحفة الاشراف (3443) .

271-اخرجه مسلم في الحيض ، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله وطهارة سورها و الا تكاء في حجرها و قراءة القرآن فيه (الحديث 11 و 12) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الحائض تناول من المسجد (الحديث 261) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الحائض تناول الشيء من المسجد (الحديث 134) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة ، باب استخدام الحائض (382) . تحفة الاشراف (17446) .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "نَاوِلِينِى الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ ." قَالَتْ اِنِّىْ حَائِضٌ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَيْسَتْ حَيْضَتُكِ فِىْ يَدِكِ ." اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں سے فرمایا: مجھے ایک کپڑا پکڑا دو' انہوں نے عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا حیض تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## 174 - باب بَسْطِ الْحَائِضِ الْخُمْرَةَ فِى الْمَسْجِدِ

### باب: حیض والی عورت کا مسجد میں چٹائی پکڑانا

272 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْبُوْذٍ عَنْ اُمِّهِ اَنَّ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَاْسَهُ فِىْ حِجْرِ اِحْدَانَا فَيَتْلُو الْقُرْآنَ وَهِىَ حَائِضٌ وَّتَقُوْمُ اِحْدَانَا بِالْخُمْرَةِ اِلَى الْمَسْجِدِ فَتَبْسُطُهَا وَهِىَ حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے کسی ایک کی گود میں اپنا سر رکھ کر قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے' حالانکہ وہ خاتون اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔ اسی طرح ہم میں سے کوئی ایک خاتون چٹائی پکڑ کر اسے مسجد میں بچھا دیتی۔ حالانکہ وہ اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 175 - باب فِى الَّذِىْ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَرَاْسُهُ فِىْ حِجْرِ امْرَاَتِهٖ وَهِىَ حَائِضٌ

### باب: جو شخص ایسی حالت میں قرآن کی تلاوت کرے کہ اس کا سر اس کی بیوی کی گود میں ہے اور وہ عورت اس وقت حیض کی حالت میں ہو

273 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَاْسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حِجْرِ اِحْدَانَا وَهِىَ حَائِضٌ وَّهُوَ يَتْلُو الْقُرْآنَ .

---

272-انفردبه النسائي، و سياتي في الحيض و الا ستحاضة، و بسط الحائض الخمره في المسجد (الحديث 383) . تحفة الاشراف (18086) .

273-اخرجه البخاري في الحيض، باب قراءة الرجل في حجر امراتهو هي حائض (الحديث 297) بنحوه، و في التوحيد، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة، و زينوا القرآن باصواتكم (الحديث 7549) بنحوه . و اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله و طهارة سورها و الاتكاء في حجرها و قراءة القرآن فيه (الحديث 15) بنحوه . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في مواكلة الحائض و مجامعتها (الحديث 260) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة ، باب الرجل يقرا القرآن و راسه في حجر امراته و هي حائض (الحديث 379) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة، باب الحائض تناول الشيء من المسجد (الحديث 634) بنحوه . تحفة الاشراف (17858) .

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سرمبارک ہم میں سے کسی ایک کی گود میں ہوتا تھا' وہ خاتون اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے۔

## 176 - باب غَسْلِ الْحَائِضِ رَأْسَ زَوْجِهَا

### باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر کو دھونا

274 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْمِئُ اِلَيَّ رَاْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر میری طرف بڑھا دیتے تھے' اس وقت جب آپ اعتکاف کی حالت میں ہوتے تھے' تو میں اسے دھو دیا کرتی تھی حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

275 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ وَذَكَرَ اٰخَرَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْرِجُ اِلَيَّ رَاْسَهُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَهُوَ مُجَاوِرٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں سے اپنا سر میری طرف بڑھا دیتے تھے' حالانکہ آپ اس وقت اعتکاف کی حالت میں ہوتے تھے' میں اسے دھو دیا کرتی تھی حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

276 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں حیض کی حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں کنگھی کر دیا کرتی تھی۔

277 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ ح وَاَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مِثْلَ ذٰلِكَ .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

274-اخرجه البخاري في الحيض، باب مباشرة الحائض (الحديث 301)، و في الاعتكف ، باب غسل المعتكف (الحديث 2031) . واخرجه مسلم في الحيض، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله و طهارة سورها و الاتكاء في حجرها و قرائة القرآن فيه (الحديث 10) بنحوه . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، غسل الحائض راس زوجها (الحديث 385) . تحفة الاشراف (15990) .

275-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله و طهارة سورها و الاتكاء في حجرها و قراء ة القرآن فيه (الحديث 8) . تحفة الاشراف (16394) .

276-اخرجه البخاري في الحيض، باب غسل الحائض راس زوجها و ترجليه (الحديث 295)، و في اللباس ، باب ترجيل الحائض زوجها (الحديث 5925) . و اخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في ترجل رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 31) . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، غسل الحائض راس زوجها (الحديث 387) تحفة الاشراف (17154) .

277-اخرجه البخاري في اللباس، باب ترجيل الحائض زوجها (الحديث 5925) تحفة الاشراف (16604) .

Marfat.com

# 177 - باب مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ وَالشُّرْبِ مِنْ سُؤْرِهَا

## باب: حیض والی عورت کے جوٹھے کو کھانا یا پینا

278 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ - وَهُوَ ابْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ - عَنْ اَبِيْهِ عَنْ شُرَيْحٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَاَلْتُهَا هَلْ تَاْكُلُ الْمَرْاَةُ مَعَ زَوْجِهَا وَهِيَ طَامِثٌ قَالَتْ نَعَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنِيْ فَاٰكُلُ مَعَهُ وَاَنَا عَارِكٌ وَّكَانَ يَاْخُذُ الْعَرْقَ فَيُقْسِمُ عَلَيَّ فِيْهِ فَاَعْتَرِقُ مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَعْتَرِقُ مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِي مِنَ الْعَرْقِ وَيَدْعُو بِالشَّرَابِ فَيُقْسِمُ عَلَيَّ فِيْهِ قَبْلَ اَنْ يَّشْرَبَ مِنْهُ فَاٰخُذُهُ فَاَشْرَبُ مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَشْرَبُ مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِي مِنَ الْقَدَحِ .

☆☆ شریح بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا حیض والی عورت اپنے شوہر کے ساتھ کچھ کھا سکتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بلاتے تھے اور میں آپ کے ساتھ کھایا کرتی تھی، حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ہڈی والا گوشت مجھے پکڑاتے اور مجھے قسم دے کر اصرار کرتے کہ میں اسے کھالوں، میں اسے اپنے دانتوں کے ذریعے نوچ کر کھا کر پرے رکھ دیتی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو اٹھا لیتے اور اپنے دانتوں کے ساتھ اس گوشت کو نوچ کر کھاتے۔ آپ اپنا منہ مبارک اس جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوا ہوتا تھا، اسی طرح آپ مشروب منگواتے تو مجھے اس بارے میں قسم دیتے (یعنی اصرار کرتے) آپ خود پینے سے پہلے وہ مجھے دیتے تو میں اسے لے کر پی لیتی، پھر میں اسے رکھ دیتی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس برتن کو لیتے اور اس میں سے پیتے، پیالے میں آپ اپنا منہ مبارک اس جگہ پر رکھتے تھے، جس جگہ میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

279 - اَخْبَرَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ فَاهُ عَلَى الْمَوْضِعِ الَّذِيْ اَشْرَبُ مِنْهُ فَيَشْرَبُ مِنْ فَضْلِ سُؤْرِيْ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ مبارک اسی جگہ رکھتے تھے جس جگہ منہ رکھ کر میں نے پانی پیا ہوتا تھا اور آپ میرے بچائے ہوئے پانی کو پی لیا کرتے تھے، حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

# 178 - باب الْاِنْتِفَاعِ بِفَضْلِ الْحَائِضِ

## باب: حیض والی عورت کی بچائی ہوئی کھانے یا پینے کی چیز سے نفع حاصل کرنا

280 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

278-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

279-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

Marfat.com

سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَاوِلُنِي الْإِنَاءَ فَاَشْرَبُ مِنْهُ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُعْطِيْهِ فَيَتَحَرّٰى مَوْضِعَ فَمِي فَيَضَعُهُ عَلٰى فِيْهِ .

☆☆ مقدام بن شریح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم برتن میری طرف بڑھاتے تھے تو میں اس میں سے پی لیتی تھی حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی پھر میں وہ آپ کو دے دیتی تھی تو آپ اہتمام کے ساتھ اسی جگہ پر اپنا منہ رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

281 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ وَّسُفْيَانُ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَشْرَبُ وَاَنَا حَائِضٌ وَّاُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ فَيَشْرَبُ وَاَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ وَاَنَا حَائِضٌ وَّاُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ .

☆☆ مقدام بن شریح اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں کچھ پیتی تھی جبکہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی پھر میں اس برتن کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا دیتی تھی اور آپ اپنا منہ مبارک اسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا اور پھر وہاں سے پانی پی لیتے تھے اسی طرح میں کوئی ہڈی والا گوشت کھاتی تھی جبکہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی میں اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا دیتی تھی آپ بھی اپنا منہ مبارک اس جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

## 179 - باب مُضَاجَعَةِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت کے ساتھ لیٹنا

282 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ ح وَاَنْبَاَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ وَّاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِيْ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهَا قَالَتْ بَيْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعَةٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمِيْلَةِ اِذْ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَنُفِسْتِ" . قُلْتُ نَعَمْ فَدَعَانِيْ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيْلَةِ .

☆☆ سیّدہ زینب بنت ابوسلمہ بیان کرتی ہیں کہ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بات بتائی ہے کہ ایک مرتبہ میں نبی

280-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

281-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

282-اخرجه البخاري في الحيض، باب من سمي النفاس حيضًا (الحديث 298)، و باب النوم مع الحائض و هي في ثيابها (الحديث 322) مطولًا، و باب من اتخذ ثياب الحيض سوى ثياب الطهر (الحديث 323)، و في الصوم، باب القبلة للصائم (الحديث 1929) مطولاً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب الاضطجاع مع الحائض في لحاف واحد (الحديث 5) مطولاً . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، مضاجعة الحائض في ثياب حيضتها (الحديث 369) . تحفة الاشراف (18270) .

Marfat.com

اکرم ﷺ کے ساتھ ایک ہی لحاف میں لیٹا ہوئی تھی' اس دوران مجھے حیض آ گیا' میں وہاں سے نکلی' پھر میں نے حیض کے کپڑے پہن لیے' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے مجھے پاس بلایا اور میں آپ کے ساتھ اسی لحاف میں لیٹ گئی۔

283 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ صُبْحٍ قَالَ سَمِعْتُ خِلَاسًا يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيتُ فِي الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَاَنَا طَامِثٌ اَوْ حَائِضٌ فَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ غَسَلَ مَكَانَهُ وَلَمْ يَعْدُهُ وَصَلّٰى فِيْهِ ثُمَّ يَعُوْدُ فَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَمْ يَعْدُهُ وَصَلّٰى فِيْهِ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم ﷺ ایک ہی لحاف میں رات بسر کر دیتے تھے حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اگر اس حیض کا کچھ حصہ آپ کے جسم پر لگ جاتا تو آپ اس جگہ کو دھو دیتے تھے' اسے زیادہ نہیں دھوتے تھے' پھر آپ اسی کپڑے میں نماز ادا کر لیتے تھے' پھر آپ واپس اسی لحاف میں آ کر لیٹ جاتے تھے' پھر اگر آپ کے جسم پر حیض کا خون لگ جاتا تو پھر آپ ایسا ہی کرتے تھے' لیکن اسے زیادہ نہیں دھوتے تھے' پھر اسی کپڑے میں نماز ادا کر لیتے تھے۔

## 180 - باب مُبَاشَرَةِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت کے ساتھ مباشرت کرنا

284 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَشُدَّ اِزَارَهَا ثُمَّ يُبَاشِرُهَا ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ ہم میں سے کسی ایک (زوجہ محترمہ) کو یہ ہدایت کرتے تھے' یعنی اس وقت جب وہ خاتون حیض کی حالت میں ہوتی تھی' یہ ہدایت کرتے تھے کہ وہ اپنے تہبند کو اچھی طرح باندھ لے' اور پھر نبی اکرم ﷺ اس خاتون کے ساتھ مباشرت کر لیتے تھے۔

285 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

283-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الرجل يصيب منها ما دون الجماع (الحديث 269)، و في النكاح، باب في اتيان الحائض و مباشرتها (الحديث 2166) . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، باب نوم الرجل مع حليلته في الشعار الواحد و هي حائض (370)، و في القبلة، الصلاة في الشعار (الحديث 772) . تحفة الاشراف (16067) .

284-انفرد به النسائي و سياتي في الحيض والاستحاضة، مباشرة الحائض (الحديث371) . تحفة الاشراف (17420) .

285-اخرجه البخاري في الحيض ، باب مباشرة الحائض، باب الحائض (الحديث 300) بنحوه، و في الاعتكاف ، باب غسل المعتكف (الحديث 2031) بنحوه . واخرجه مسلم في الحيض، باب مباشرة الحائض فوق الازار (الحديث 1) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الرجل يصيب منها ما دون الجماع (الحديث 268) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في مباشرة الحائض (الحديث 132) بنحوه . و اخرجه النسائي في الحيض والاستحاضة، مباشرة الحائض (الحديث 372)، و في عشرة النساء من الكبرى، مضاجعة الحائض و مباشرتها (الحديث 233)، و الرخصة في ان تحدث المراة بما يكون بينها و بين زوجها (الحديث 242) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما للرجل من امراته اذا كانت حائضًا (الحديث 636) تحفة الاشراف (15982) .

Marfat.com

كَانَتْ اِحْدَانَا اِذَا حَاضَتْ اَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ہم میں سے کسی ایک کو جب حیض آتا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے یہ ہدایت کرتے تھے کہ وہ تہبند باندھ لے' پھر آپ اس کے ساتھ مباشرت کر لیتے تھے۔

286 - اَخْبَرَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ وَاللَّيْثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَبِيْبٍ مَوْلٰى عُرْوَةَ عَنْ بُدَيَّةَ - وَكَانَ اللَّيْثُ يَقُوْلُ نَدَبَةَ - مَوْلَاةُ مَيْمُوْنَةَ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ اِذَا كَانَ عَلَيْهَا اِزَارٌ يَبْلُغُ اَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ . فِيْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ مُحْتَجِزَةً بِهِ ۔

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زوجہ محترمہ کے ساتھ مباشرت کر لیا کرتے تھے جبکہ وہ خاتون حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اس وقت اس خاتون نے تہبند باندھا ہوا ہوتا تھا جو نصف ران یا گھٹنوں تک آتا تھا (یہاں پر یہ شک راوی کو ہے)۔

ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اس خاتون نے کپڑا اچھی طرح باندھا ہوا ہوتا تھا۔

## 181 - باب تَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ)

## باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر: ''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں''

287 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ مِنْهُمْ لَمْ يُؤَاكِلُوْهُنَّ وَلَمْ يُشَارِبُوْهُنَّ وَلَمْ يُجَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ فَسَاَلُوْا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى) الْاٰيَةَ فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤَاكِلُوْهُنَّ وَيُشَارِبُوْهُنَّ وَيُجَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ وَاَنْ يَّصْنَعُوْا بِهِنَّ كُلَّ شَيْءٍ مَا خَلَا الْجِمَاعَ ۔

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہودیوں کا یہ معمول تھا کہ جب ان میں سے کسی عورت کو حیض آجاتا تھا تو وہ اس کے ساتھ بیٹھ کر کچھ کھاتے پیتے نہیں تھے' گھر میں اس کے ساتھ نہیں رہا کرتے تھے' لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس

286-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الرجل يصيب منها ما دون الجماع (الحديث 267) . و اخرجه النسائي في الحيض والاستحاضة، و ذكر ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يصنعه اذا حاضت احدى نسائه (الحديث 374) . تحفة الاشراف (18085) .

287-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز غسل الحائض راس زوجها و ترجيله و طهارة سورها و الاتكاء في حجرها و قرائة القرآن فيه (الحديث 16) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في مواكلة الحائض و مجامعتها (الحديث، 258) مطولاً، و في النكاح، باب في اتيان الحائض و مباشرتها (الحديث 2165) مطولاً . و اخرجه الترمذي في تفسير القرآن ، باب و من سورة البقرة (الحديث 2977 و2978) مطولاً . و اخرجه النسائي في الحيض و الاستحاضة، باب ما ينال من الحائض (الحديث 367) مطولاً . في عشرة النساء من الكبرى، ما ينال من الحائض (الحديث 212)، و في التفسير سورة البقرة، قوله: (يسالونك عن المحيض قل هو اذى فاعتزلوا النساء في المحيض (الحديث 57) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة ،باب ماجاء في مواكلة الحائض و سورها (الحديث 644) بنحوه تحفة الاشراف (308) .

Marfat.com

بارے میں دریافت کیا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا:

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تم فرمادو: یہ گندگی ہے''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو یہ ہدایت کی کہ وہ ایسی خواتین کے ساتھ کھاپی لیا کریں اور گھر میں ان کے ساتھ رہا کریں' صحبت کے علاوہ وہ ان کے ساتھ سب کچھ کر سکتے ہیں۔

## 182 - باب مَا يَجِبُ عَلٰى مَنْ اَتَى حَلِيْلَتَهُ فِيْ حَالِ حَيْضَتِهَا بَعْدَ عِلْمِهِ بِنَهْيِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ وَّطِئِهَا .

### باب: جب کسی شخص کو اس بات پر پتہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے حیض والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے منع کر دیا ہے اور پھر اس کے بعد وہ اپنی حیض والی بیوی کے ساتھ صحبت کرے تو اس پر کیا لازم ہوگا؟

288 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ عَنْ مُّقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَاْتِي امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ يَتَصَدَّقُ بِدِيْنَارٍ اَوْ بِنِصْفِ دِيْنَارٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جو شخص اپنی حیض والی بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' وہ ایک دینار یا نصف دینار صدقہ کرے۔

## 183 - باب مَا تَفْعَلُ الْمُحْرِمَةُ اِذَا حَاضَتْ

### باب: حالت احرام والی عورت کو جب حیض آ جائے' تو وہ کیا کرے؟

289 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرٰى اِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا كَانَ بِسَرِفَ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ

288-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في اتيان الحائض (الحديث 264)، و في النكاح ، باب في كفارة من اتى حائضًا (الحديث 2168) . واخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة ، ذكر ما يجب على من اتى حليلتة في حال حيضها مع علمه بنهي الله تعالىٰ: (الحديث 368)، و في النساء من الكبرى، ما يجب على من وطي ء امراته في حال حيضتها و ذكر اختلاف الناقلين لخبر عبد الله بن عباس في ذلك(الحديث 213و 214)، و ذكر الاختلاف على الحكم بن عتيبة فيه (الحديث 218) . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب في كفارة من اتى حائضًا (الحديث 640) تحفة الاشراف (6490) .

289-اخرجه البخاري في الحيض ، باب الامر بالنفساء اذا نفسن (الحديث 294)، و في الاضاحي، باب الاضحية للمسافر و النساء (الحديث 5548) و باب من ذبح ضحية غيرة (الحديث 5559) . و اخرجه مسلم في الحج، باب بيان وجوه الاحرام، و انه يجوز افراد الحج و التمتع و القرآن و جواز ادخال الحج على العمرة، و متى يحل القارن من نسكه (الحديث 119) . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، باب بدء الحيض و هل يسمى الحيض نفاسًا (الحديث 347)، وفي مناسك الحج، ترك التسمية عند الاهلال (الحديث 2740) . و اخرجه ابن ماجه في المناسك ، باب الحائض تقضي المناسك الا الطواف (الحديث 2963) . و الحديث عند: النسائي في مناسك الحج، ما يفعل من اهل بالحج و اهدى (الحديث 2990) . تحفة الاشراف (17482) .

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي فَقَالَ "مَا لَكِ اَنَفِسْتِ ." فَقُلْتُ نَعَمْ . قَالَ "هٰذَا اَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى بَنَاتِ اٰدَمَ فَاقْضِي مَا يَقْضِي الْحَاجُّ غَيْرَ اَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ ." وَضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ بِالْبَقَرِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے' ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا' جب نبی اکرم ﷺ "سرف" کے مقام پر پہنچے تو مجھے حیض آ گیا' نبی اکرم ﷺ جب میرے پاس تشریف لائے' تو میں رو رہی تھی' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ کیا تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ ایک ایسی چیز ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آدم کی بیٹیوں کا مقدر کر دی ہے' تم وہ تمام افعال سرانجام دو! جو حاجی سرانجام دیتے ہیں' البتہ تم بیت اللہ کا طواف نہ کرنا' (اس موقع پر) نبی اکرم ﷺ نے اپنی ازواج کی طرف سے ایک گائے قربان کی تھی۔

## 184 - باب مَا تَفْعَلُ النُّفَسَاءُ عِنْدَ الْاِحْرَامِ

### باب: نفاس والی عورت احرام کے وقت کیا کرے گی؟

290 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالُوْا حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ اَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ وَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى اِذَا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلَدَتْ اَسْمَآءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُّحَمَّدَ بْنَ اَبِيْ بَكْرٍ فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَصْنَعُ قَالَ "اغْتَسِلِيْ وَاسْتَثْفِرِيْ ثُمَّ اَهِلِّيْ ."

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ ہم لوگ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے ان سے نبی اکرم ﷺ کے حج کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے ہمیں بتایا: نبی اکرم ﷺ پچیس ذی القعدہ کو روانہ ہوئے' آپ کے ساتھ ہم لوگ بھی روانہ ہوئے' جب نبی اکرم ﷺ ذوالحلیفہ پہنچے تو وہاں سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہما کو جنم دیا' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ اب میں کیا کروں؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم غسل کر کے شرمگاہ پر کپڑے کو باندھ لو اور پھر احرام باندھ لو۔

## 185 - باب دَمِ الْحَيْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ

### باب: جب حیض کا خون کپڑے پر لگ جائے (تو اس کا حکم کیا ہوگا؟)

291 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمِقْدَامِ ثَابِتٌ

290-انفرد به النسائي، و ياتي في الغسل و التيمم، باب اغتسال النفساء عند الا حرام (الحديث 427) . تحفة الاشراف (2617) .

291-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب المراة تغسل ثوبها الذي تلبسه في حيضها (الحديث 363) . و اخرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، باب دم الحيض يصيب الثوب (393) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في دم الحيض يصيب الثوب (الحديث 628) . تحفة الاشراف (18344) .

Marfat.com

الْحَدَّادُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ قَالَ "حُكِّيهِ بِضِلَعٍ وَّاغْسِلِيهِ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ".

☆☆ سیّدہ اُم قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کپڑے پر حیض کا خون لگ جانے کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے لکڑی کے ذریعے کھرچ کر اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے دھولو۔

## شرح

## نجاست کے احکام

## نجاست کو پاک کرنے کا طریقہ

### نجاست کو پاک کرنے کا طریقہ

مسئلہ: نجاست کو پاک کرنے کے دس طریقے ہیں:

ایک طریقہ نجاست کو دھونا ہے' نجاست کو پانی اور ہر بہتی ہوئی پاک چیز کے ذریعے پاک کیا جا سکتا ہے' جس چیز کے ذریعے نجاست دور ہو سکتی ہو جیسے سرکہ' گلاب اور اس کی مانند دیگر اشیاء ہیں' یعنی اگر کسی کپڑے کو ان میں بھگو کر نچوڑا جائے تو وہ نچڑ جائے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: لیکن جب کپڑے کو کسی چیز میں بھگویا جائے اور نچوڑا جائے اور وہ نہ نچڑے' اس سے نجاست دور کرنا جائز نہیں ہے' جیسے تیل۔

مسئلہ: چھاج' دودھ اور شیرہ کا بھی یہی حکم ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: بہتی ہوئی چیزوں کے ذریعے نجاست کو دھویا جا سکتا ہے' ان میں آبِ مستعمل بھی شامل ہے' یہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے اور ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں اور فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: اگر نجاست نظر آتی ہو' تو عین نجاست کو دور کرنا ضروری ہے اور اس کے اصل کو بھی دور کرنا ضروری ہے' لیکن شرط یہ ہے کہ وہ کوئی ایسی نجاست ہونی چاہیے' جس کا اثر دور ہو سکتا ہو' اس بارے میں تعداد کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: اگر ایک ہی مرتبہ دھونے کے نتیجے میں نجاست اور اس کا اثر ختم ہو جاتے ہیں' تو یہی کافی ہوگا اور اگر تین مرتبہ دھونے سے بھی ختم نہیں ہوتے ہیں' تو اس وقت تک دھویا جائے جب تک وہ بالکل ختم نہیں ہو جاتے۔ (سراجیہ)

مسئلہ: اگر وہ نجاست کی کوئی ایسی قسم ہو جس کا نشان مشقت کے بغیر دور نہیں ہو سکتا' یعنی اس نشان کو ختم کرنے کے لیے پانی کے علاوہ کوئی دوسری چیز یعنی صابن وغیرہ کی بھی ضرورت پیش آئے تو پھر اس نشان کو دور کرنے کا تکلف نہیں کرنا چاہیے۔ (تبیین)

Marfat.com

مسئلہ: اسی طرح نشان دور کرنے کے لیے گرم پانی سے بھی دھونے کا تکلف نہ کیا جائے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اسی بنیاد پر فقہاء نے یہ اصول بیان کیا ہے کہ اگر کسی شخص کے ہاتھ یا لباس پر مہندی یا کوئی ایسی چیز لگ جاتی ہے جو رنگ دار ہے' لیکن ناپاک ہے' تو جب دھوتے ہوئے اس کا پانی صاف ہو جائے تو وہ ہاتھ یا کپڑا پاک ہو جائے گا' اگرچہ اس پر رنگ کا نشان موجود ہو۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اگر نجاست ایسی ہو جو نظر نہ آتی ہو' تو اسے تین مرتبہ دھولیا جائے گا۔ (محیط) اور اگر وہ کسی ایسی چیز پر لگی ہوئی ہو جو نچوڑی جاسکتی ہو' تو اسے ہر مرتبہ نچوڑنا شرط ہوگا' تیسری مرتبہ خوب اچھی طرح نچوڑا جائے گا' اتنا کہ اگر بعد میں اسے نچوڑا جائے تو اس میں سے پانی نہ گرے' اس میں ہر شخص کے نچوڑنے کی قوت کا اعتبار کیا جائے گا۔

مسئلہ: بعض روایات کے مطابق ایک مرتبہ نچوڑنا بھی کافی ہے اور یہی قول زیادہ آسان ہے۔ (کافی)

مسئلہ: نوازل میں یہ بات مذکور ہے کہ فتویٰ اسی بات پر ہے۔ (تاتارخانیہ) تاہم پہلے قول میں زیادہ احتیاط پائی جاتی ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جو چیز نچوڑی نہ جاسکتی ہو' اسے تین مرتبہ دھویا جائے گا اور ہر مرتبہ خشک کیا جائے گا تو پھر وہ پاک ہوگی کیونکہ خشک کرنے کے نتیجے میں بھی نجاست نکل جاتی ہے اور خشک کرنے کی حد یہ ہے کہ وہ اتنی دیر تک پڑا رہے کہ اس سے پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے' مطلق سوکھنا شرط نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی عورت گوشت یا گیہوں' شراب میں پکا لیتی ہے' تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ تین مرتبہ پانی میں اسے پکائے گی اور ہر مرتبہ خشک کرے گی تو پاک ہوں گے' جبکہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اب وہ کسی بھی صورت میں پاک نہیں ہوں گے اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے۔ (مضمرات)

## پیشاب والی زمین کو پاک کرنا

مسئلہ: اگر زمین پیشاب کی وجہ سے نجس ہو جاتی ہے اور اسے دھونے کی ضرورت ہو' تو اگر زمین نرم ہے' تو تین مرتبہ بہانے سے پاک ہو جائے گی اور اگر سخت ہے' تو فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ ان پر پانی ڈالا جائے گا اور ہاتھ کے ذریعے اسے رگڑا جائے گا' پھر اُون یا پاک کپڑے کے ذریعے اسے پونچھ لیا جائے گا' تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے زمین پاک ہوگی۔

مسئلہ: زمین یا درخت پر نجاست لگ جائے اور بارش برس جائے' جس کے نتیجے میں نجاست کا کوئی نشان باقی نہ رہے' تو پاک ہوگا' لکڑی کا بھی یہی حکم ہے' اگر زمین پیشاب کی وجہ سے نجس ہو جائے اور اسے دھونے کی ضرورت ہو' تو اگر زمین نرم ہو' تو تین مرتبہ پانی بہانے سے پاک ہو جائے گی اور اگر سخت ہو' تو پانی ڈالنے کے بعد اسے رگڑا جائے گا اور پھر اُون یا کسی اور پاک کپڑے کے ذریعے پونچھ لیا جائے گا' تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے وہ پاک ہو جائے گی' اگر اس پر اتنا پانی ڈال دیا جائے کہ نجاست کا بو اور رنگ باقی نہ رہے اور پھر وہ خود ہی خشک ہو جائے تو وہ بھی زمین پاک ہو جائے گی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر برتن یا شراب کا مسئلہ پرانا ہو' تو تین مرتبہ پانی ڈالنے سے پاک ہو جائے گا۔ (قاضی خان) تاہم یہ حکم اس وقت

Marfat.com

ہوگا جب شراب کی بو اس میں باقی نہ رہے۔ (تاتارخانیہ)

## چمڑے کو پاک کرنے کا طریقہ

مسئلہ: جب چمڑے کی دباغت کر لی جائے' پھر اس پر نجاست لگ جائے تو اگر وہ اتنا سخت ہو کہ اس کی سختی کی وجہ سے نجاست اس کے اندر جذب نہ ہو سکتی ہو' تو ائمہ کے قول کے مطابق محض دھونے کی وجہ سے وہ پاک ہو جائے گا اور اگر نجاست اس کے اندر جذب ہو سکتی ہو اور نچوڑا جا سکتا ہو' تو تین مرتبہ دھویا جائے گا اور ہر مرتبہ نچوڑا جائے گا تو وہ پاک ہو جائے گا' اگر اسے نچوڑا نہیں جا سکتا تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق تین مرتبہ دھونے کے بعد ہر مرتبہ خشک کیا جائے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: لوہے اور اس طرح کی دوسری صیقل شدہ چیزیں اگر ان پر نجاست لگ جائے اور اس کے اندر جذب نہ ہو' تو جس طرح وہ دھونے سے پاک ہوتی ہیں' اسی طرح پاک کپڑے سے صاف کرنے سے بھی پاک ہو جائیں گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اس حوالے سے تر یا خشک' جسم دار یا بے جسم نجاست میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر منی کپڑے پر لگ جاتی ہے' تو اگر وہ تر ہے' تو اسے دھونا واجب ہوگا اور اگر کپڑے پر لگنے کے بعد خشک ہو گئی تو استحسان کے پیش نظر اسے صرف مل کے جھاڑ دینا کافی ہوگا۔ (عنایہ)

مسئلہ: اس حوالے سے مرد یا عورت کی منی میں کوئی فرق نہیں ہوگا اور مل کر جھاڑ دینے کے بعد اگر منی کا نشان باقی رہ جاتا ہے' تو کوئی نقصان نہیں ہوگا' بالکل اسی طرح جیسے دھونے کے بعد بھی اس کا نشان رہ جائے (تو کوئی حرج نہیں ہے)۔ (زاہدی)

مسئلہ: اگر منی جسم پر لگ جاتی ہے' تو وہ دھوئے بغیر پاک نہیں ہوگا' خواہ منی تر ہو یا خشک ہو' امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہی روایت منقول ہے۔ (کافی' قاضی خان' خلاصہ)

## نجاست کا خشک ہو جانا

مسئلہ: نجاست کے پاک ہونے کی ایک صورت نجاست کا خشک ہو جانا یا اس کا نشان ختم ہو جانا ہے' جب زمین خشک ہو جائے اور اس سے نجاست کا نشان ختم ہو جائے تو وہ نماز ادا کرنے کے لیے پاک ہو جاتی ہے' لیکن تیمم کرنے کے لیے پاک نہیں ہوتی ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اس حوالے سے دھوپ کے ذریعے خشک ہونے' آگ کے ذریعے خشک ہونے' ہوا کے ذریعے خشک ہونے یا سائے میں خشک ہونے کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: زمین کے حکم میں وہ تمام چیزیں شامل ہوں گی جو زمین میں قائم ہوتی ہیں' ان میں دیواریں' درخت' گھاس وغیرہ سب شامل ہیں جبکہ وہ زمین پر کھڑے ہوئے ہوں' لیکن اگر گھاس' لکڑی یا بانس وغیرہ کٹ جاتے ہیں اور پھر ان پر نجاست لگ جاتی ہے' تو وہ اب دھوئے بغیر پاک نہیں ہوں گے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر زمین پر اینٹیں فرش کے طور پر بچھی ہوئی ہوں تو ان کا حکم زمین کا ہوگا' یعنی وہ خشک ہونے سے پاک ہو جائیں

Marfat.com

گی' لیکن اگر انہیں ویسے ہی زمین پر رکھا گیا ہو اور مقصد انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ہو' تو پھر انہیں دھونا ضروری ہو گا۔ (محیط)

مسئلہ: نجاست کے پاک ہونے کی ایک صورت گوبر کو جلانا ہے' جب وہ جل کر راکھ ہو جائے تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ نجس نہیں رہے گا اور فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اسی طرح بکری کے سر میں خون بھرا ہوا تھا' اسے جلا دیا گیا اور خون اس سے زائل ہو گیا تو وہ پاک قرار دیا جائے گا۔

مسئلہ: اسی طرح نجس مٹی کے ذریعے کوئی برتن یا ہنڈیا بنالی گئی پھر اسے پکا لیا گیا تو وہ پاک ہو جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: یہی حکم ان اینٹوں کا بھی ہو گا جو نجس پانی کے ساتھ بنائی جاتی ہیں اور پھر انہیں پکا لیا جاتا ہے۔ (فتاویٰ غرائب)

مسئلہ: کوئی عورت تندور گراتی ہے اور پھر اسے اپنے کپڑے کے ذریعے پونچھ لیتی ہے' جس میں نجاست لگی ہوئی تھی تو اگر تندور میں روٹی لگنے سے پہلے وہ تری آگ کی گرمی کی وجہ سے خشک ہو چکی تھی تو روٹی نجس نہیں ہو گی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کسی تندور میں گوبر یا لید کے ذریعے آگ جلائی گئی ہو' تو اس میں روٹی پکانا مکروہ ہے اور اگر اس پر پانی چھڑک لیا جائے تو یہ کراہت ختم ہو جائے گی۔ (قنیہ)

مسئلہ: نجاست کا ایک حکم تبدیل ہونے کی ایک صورت اس کی حالت کا بدل جانا ہے' اگر شراب کسی مٹکے میں رکھی ہوئی تھی اور وہ سرکہ بن گئی تو بالاتفاق وہ مٹکا پاک ہو جائے گا۔

مسئلہ: شراب کے ذریعے اگر آٹا گوندھا گیا تو وہ دھونے سے پاک نہیں ہو گا' لیکن اگر اس میں سرکہ ڈال دیں اور شراب کا اثر ختم ہو جائے (اور وہ سرکہ بن جائے) تو وہ پاک ہو جائے گا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر شراب میں نجس سرکہ ڈال دیا جائے اور وہ شراب سرکہ ہو جائے تو وہ نجس ہی رہے گی کیونکہ اس میں ملا ہوا سرکہ نجس تھا' وہ تبدیل نہیں ہوا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ان میں ایک صورت یہ ہے کہ چمڑے کو دباغت کے ذریعے' جانور کے گوشت کو ذبح کے ذریعے اور کنویں کو پانی نکالنے کے ذریعے پاک کیا جاتا ہے' اس کی تفصیلات پہلے بیان کی جا چکی ہیں۔

مسئلہ: چوہا گھی میں گر کر مر جاتا ہے' اگر وہ گھی جما ہوا تھا تو اس کے آس پاس کے گھی کو نکال کر پھینک دیا جائے گا اور باقی گھی پاک ہو گا' اسے کھایا جا سکتا ہے' لیکن اگر گھی پگھلا ہوا ہو' تو اسے کھانا جائز نہیں ہو گا' لیکن کھانے کے علاوہ دوسری صورتوں میں استعمال کر سکتے ہیں' جیسے چراغ وغیرہ جلانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے' یا چمڑے کی دباغت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (خلاصہ)

•••———•••———•••

292 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِى بَكْرٍ وَّكَانَتْ تَكُونُ فِىْ حِجْرِهَا اَنَّ امْرَاَةً اسْتَفْتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ

Marfat.com

الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ فَقَالَ "حُتِّيهِ ثُمَّ اقْرُصِيهِ بِالْمَآءِ ثُمَّ انْضَحِيهِ وَصَلِّي فِيهِ ـ"

☆☆ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کپڑے پر حیض کا خون لگ جانے کا مسئلہ دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے کھرچ کر اسے پانی کے ذریعے دھولو پھر اس پر پانی چھڑکو اور وہ کپڑا پہن کر نماز ادا کرلو۔

## 186 - باب الْمَنِيّ يُصِيبُ الثَّوْبَ

### باب: کپڑے پر منی لگ جانے کا حکم

293 - اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى حَبِيبٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِى سُفْيَانَ اَنَّهُ سَاَلَ اُمَّ حَبِيبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِى الثَّوْبِ الَّذِى كَانَ يُجَامِعُ فِيهِ قَالَتْ نَعَمْ اِذَا لَمْ يَرَ فِيهِ اَذًى ـ

☆☆ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کپڑے میں نماز ادا کرلیتے تھے جو آپ نے صحبت کرنے کے وقت پہنے ہوتے تھے' تو سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں! جبکہ آپ کو اس میں کوئی نجاست لگی ہوئی نظر نہیں آتی تھی۔

## 187 - باب غَسْلِ الْمَنِيّ مِنَ الثَّوْبِ

### باب: کپڑے پر لگی ہوئی منی کو دھونا

294 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْسِلُ الْجَنَابَةَ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ وَاِنَّ بُقَعَ الْمَآءِ لَفِى ثَوْبِهِ ـ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے جنابت (یعنی منی) کو دھو دیتی تھی' پھر

---

292-اخرجه البخاري في الوضوء، باب غسل الدم (الحديث 227)بنحوه، و في الحيض ، باب غسل دم المحيض (الحديث 307) بنحوه ..و اخرجه مسلم في الطهارة، باب نجاسة الدم و كيفية غسله (الحديث 110) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب المراة تغسل ثوبها الذي تلبسه في حيضها (الحديث 361 و 362) واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في غسل دم الحيض من الثوب (الحديث 138) . و اكرجه النسائي في الحيض و الا ستحاضة، باب دم الحيض يصيب الثوب (الحديث 392) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في دم الحيض يصيب الثوب (الحديث 629) بنحوه . تحفة الاشراف (15743) .

293-اخرجه ابو داوٗد في الطهارة ، باب الصلاة في الثوب الذي يصيب اهله فيه (الحديث 366) . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب الصلاة في الثواب الذي يجامع فيه (الحديث 540) . تحفة الاشراف (15868) .

294-اخرجه البخاري في الوضوء، باب غسل المني و فركه ، وغسل ما يصيب من المراة (الحديث 229و230) و باب اذا غسل الجنابة او غيرها فلم يذهب اثره (الحديث 231 و232 ) . واخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم المني (الحديث 108) بنحوه . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب المني يصيب الثوب (الحديث 373) . و اكرجه الترمذي في الطهارة، باب غسل المني من الثوب (الحديث 117) مختصراً . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب المني يصيب الثوب (الحديث 536) بنحوه مطولًا تحفة الا شراف (16135) .

Marfat.com

[...]پ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لیے تشریف لے جاتے تھے' حالانکہ پانی کا نشان آپ کے کپڑے میں موجود ہوتا تھا۔

# 188 - باب فَرْكِ الْمَنِيِّ مِنَ الثَّوْبِ

## باب: کپڑے پر سے منی کو کھرچ دینا

295 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ عَنْ اَبِىْ مِجْلَزٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عَآئِشَةَ [...]لَتْ كُنْتُ اَفْرُكُ الْجَنَابَةَ - وَقَالَتْ مَرَّةً اُخْرَى الْمَنِىَّ - مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے) جنابت (اور ایک روایت میں یہ الفاظ [...]ں:) منی کو کھرچ دیا کرتی تھی۔

296 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ الْحَكَمُ اَخْبَرَنِىْ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامِ [...] الْحَارِثِ اَنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ وَمَا اَزِيْدُ عَلٰى اَنْ اَفْرُكَهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے [...]پڑے سے منی کو صرف کھرچا کرتی تھی (اسے دھوتی نہیں تھی)۔

297 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ [...]نْتُ اَفْرُكُهُ مِنْ ثَوْبِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو کھرچ دیا کرتی تھی۔

298 - اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ عَآئِشَةَ [...]لَتْ كُنْتُ اَرَاهُ فِىْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَحُكُّهُ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اگر وہ (منی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے پر لگی ہوئی دیکھتی تھی' تو اسے [...]ھرچ دیتی تھی۔

299 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ [...]لْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ اَفْرُكُ الْجَنَابَةَ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے

---

29[...]-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (16057) ۔

29[...]-اخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم المني (الحديث 106 و 107) بنحوه ۔ و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب المني يصيب الثوب [...]لحديث 371) بنحوه مطولاً ۔ و اخرجه النسائي في الطهارة، باب فرك المني من الثوب (الحديث 297 و 298) ۔ و اخرجه ابن ماجه في [...]طهارة و سننها، باب في فرك المني من الثوب (الحديث 537) بمعناه ۔ تحفة الاشراف (17676) ۔

29[...]-تقدم في الطهارة، باب فرك المني من الثوب (الحديث 296) ۔

29[...]-تقدم في الطهارة، باب فرك المني من الثوب (الحديث 296) ۔

29[...]-اخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم المني (الحديث 105 و 107) ۔ تحفة الاشراف (15941) ۔

Marfat.com

کپڑے سے جنابت (یعنی منی) کو کھرچ دیا کرتی تھی۔

300 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَامِلٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِي اَجِدُهُ فِي ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَحُتُّهُ عَنْهُ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے' کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے پر منی لگی ہوئی نظر آتی تھی' تو میں اسے کھرچ دیتی تھی۔

## 189 - باب بَوْلِ الصَّبِيِّ الَّذِي لَمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ

## باب: جو بچہ کھانا نہ کھاتا ہو' اس کے پیشاب کا حکم

301 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ اَنَّهَا اَتَتْ بِابْنٍ لَهَا صَغِيرٍ لَمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجْلَسَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجْرِهِ فَبَالَ عَلَى ثَوْبِهِ فَدَعَا بِمَاءٍ فَنَضَحَهُ وَلَمْ يَغْسِلْهُ ۔

☆☆ سیّدہ اُم قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ وہ اپنے کم سن بچے کو ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں' وہ بچہ ابھی کچھ کھاتا نہیں تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کو اپنی گود میں بٹھا لیا تو اس بچے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے پر پیشاب کر دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوا کر اسے اپنے کپڑے پر چھڑکا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دھویا نہیں۔

### شرح

علامہ ابن عبدالبر اندلسی اس مسئلے کی وضاحت کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

اس بارے میں تمام اہل اسلام کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے کہ جو بچہ کھانا کھاتا ہو اور دودھ چھوڑ چکا ہو' اس کا پیشاب اس کے باپ کی طرح ناپاک ہوتا ہے' البتہ جو بچہ اور جو بچی دودھ پیتے ہوں' کچھ کھاتے نہ ہوں' ان کے پیشاب کے بارے میں اہل علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک' امام ابوحنیفہ ان دونوں حضرات کے اصحاب یہ کہتے ہیں: بچی اور بچے کے پیشاب کا حکم ایک (بالغ) آدمی کے پیشاب کی طرح ہے خواہ وہ دونوں دودھ پیتے ہوں یا دودھ نہ پیتے ہوں۔

امام اوزاعی یہ کہتے ہیں: بچہ جب تک دودھ پیتا ہو' اس وقت تک اس کے پیشاب میں کوئی حرج نہیں ہے (یعنی اگر وہ

300-اخرجه مسلم في الطهارة، باب المني يصيب الثوب (الحديث 107م) . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب فرك المني من الثوب (الحديث 539) . تحفة الاشراف (15976) .

301-اخرجه البخاري في الوضوء، باب بول الصبيان (الحديث 223) . و اخرجه مسلم في الطهارة، باب حكم بول الطفل الرضيع و كيفية غسله (الحديث 103) . وفي السلام ، باب التداوي بالعود الهندي، و هو الكست (الحديث 86) بنحوه و (الحديث 87) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب بول الصبي يصيب الثوب (الحديث 374) . و اخرجه الترمذي في الطهارة باب ما جاء في تضح بول الغلام قبل ان يطعم (الحديث 71) بنحوه . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها . باب ما جاء في بول الصبي الذي لم يطعم (الحديث 524) بنحوه . تحفة الاشراف (18342) .

Marfat.com

کپڑے پر لگ جائے تو کپڑا ناپاک نہیں ہوگا) شرط یہ ہے کہ وہ بچہ کھانا نہ کھاتا ہو۔

امام مالک کے شاگرد شیخ عبداللہ بن وہب بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام شافعی یہ فرماتے ہیں: جو بچہ کھانا نہ کھاتا ہو (یعنی صرف دودھ پیتا ہو) اس کا پیشاب ناپاک نہیں ہوگا اس وقت تک جب تک وہ کھانا نہ شروع کر دے اور ہمارے سامنے ایسی کوئی صورت پیش نہیں آسکی جس کے نتیجے میں یہ واضح ہو سکے کہ اس حوالے سے بچے اور بچی کے پیشاب کے درمیان کوئی اختلاف ہے' تاہم اگر اسے دھولیا جائے تو میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہو گی۔

امام طبری یہ فرماتے ہیں: بچی کے پیشاب کو دھویا جائے گا اور بچے کے پیشاب پر پانی چھڑک دیا جائے گا' شیخ حسن بصری بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام عبدالرزاق نے اپنی سند کے حوالے سے ابن شہاب کا یہ بیان نقل کیا ہے' یہ رواج چلا آ رہا ہے کہ بچے کے پیشاب پر پانی چھڑک دیا جاتا ہے اور بچی کے پیشاب کو دھویا جاتا ہے۔

•••——•••——•••

302 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَبِيٍّ فَبَالَ عَلَيْهِ فَدَعَا بِمَاءٍ فَاَتْبَعَهُ اِيَّاهُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی بچہ لایا جاتا' وہ آپ پر پیشاب کر دیتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانی منگوا کر اس پر بہا دیا کرتے تھے۔

## 190 - باب بَوْلِ الْجَارِيَةِ

## باب: بچی کے پیشاب کا حکم

303 - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحِلُّ بْنُ خَلِيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُو السَّمْحِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْجَارِيَةِ وَيُرَشُّ مِنْ بَوْلِ الْغُلَامِ".

☆☆ حضرت ابوسمح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: بچی کے پیشاب کو دھویا جائے گا اور بچے کے پیشاب پر پانی چھڑک دیا جائے گا۔

302-اخرجه البخاري في الوضوء، باب بول الصبيان (الحديث 222) . تحفة الاشراف (17163) .

303-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (12052) .

Marfat.com

# 191 - باب بَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ

## باب: جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کے پیشاب کا حکم

304 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ اَنَّ اُنَاسًا اَوْ رِجَالًا مِّنْ عُكْلٍ قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمُوْا بِالْاِسْلَامِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا اَهْلُ ضَرْعٍ وَّلَمْ نَكُنْ اَهْلَ رِيْفٍ . وَاسْتَوْخَمُوا الْمَدِيْنَةَ فَاَمَرَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَوْدٍ وَّرَاعٍ وَّاَمَرَهُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا فِيْهَا فَيَشْرَبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا فَلَمَّا صَحُّوا وَكَانُوْا بِنَاحِيَةِ الْحَرَّةِ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَقَتَلُوْا رَاعِيَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ الطَّلَبَ فِيْ اٰثَارِهِمْ فَاُتِيَ بِهِمْ فَسَمَرُوْا اَعْيُنَهُمْ وَقَطَّعُوا اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ ثُمَّ تُرِكُوْا فِي الْحَرَّةِ عَلٰى حَالِهِمْ حَتّٰى مَاتُوا .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ عکل قبیلے کے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے اسلام کے حوالے سے کچھ گفتگو کی' پھر انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم لوگ جانور پالنے والے لوگ ہیں' ہم کھیتی باڑی کرنے والے لوگ نہیں ہیں' ان لوگوں کو مدینہ منورہ کی آب و ہوا موافق نہیں آئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ کچھ اونٹنیاں اور ایک چرواہا ساتھ لے کر مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں چلے جائیں اور وہاں وہ ان اونٹنیوں کا دودھ اور پیشاب پئیں (ایسا کرنے پر) وہ لوگ تندرست ہو گئے' وہ لوگ حرہ کے کنارے پر ٹھہرے ہوئے تھے' انہوں نے تندرست ہونے کے بعد اسلام قبول کرنے کے بعد کفر اختیار کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کر کے اونٹوں کو ساتھ لے کر چل پڑے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع ملی تو آپ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا' ان کو پکڑ کر لایا گیا' ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں' ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے اور پھر انہیں پتھریلی زمین پر اسی حالت میں چھوڑ دیا گیا' یہاں تک کہ وہ مر گئے۔

305 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ اَعْرَابٌ مِّنْ عُرَيْنَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمُوْا فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ حَتّٰى اصْفَرَّتْ اَلْوَانُهُمْ وَعَظُمَتْ بُطُوْنُهُمْ فَبَعَثَ بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى لِقَاحٍ لَّهُ وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّشْرَبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا حَتّٰى صَحُّوا فَقَتَلُوْا رَاعِيَهَا وَاسْتَاقُوا

304-اخرجه البخاري في المغازي، باب قصة عكل و عرينة (الحديث 4192)، و في الطب، باب من حرج من ارض لا تلايمه (الحديث 5727) . و اخرجه مسلم في القسامة ، اب حكم المحاربدين و المرتدين (الحديث 13م) بنحوه . و الحديث عند : البخاري في الجهاد، باب العون بالمدد (الحديث 3064)، و في المغازي، باب غزوة الرجيع و رعل و ذكوان و بئر معونة (الحديث 4090) . تحفة الاشراف (1176) .

305-انفرد به النسائي، و سياتي في تحريم الدم ، ذكر اختلاف طلحة بن المصرف و معاوية بن صالح على يحيى بن سعيد في هذا الحديث (الحديث 4046) . تحفة الاشراف (1664) .

Marfat.com

الْإِبِلَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ طَلَبِهِمْ فَاُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ ۔ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدُ الْمَلِكِ لِاَنَسٍ وَّهُوَ يُحَدِّثُهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِكُفْرٍ اَمْ بِذَنْبٍ قَالَ بِكُفْرٍ ۔

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا قَالَ عَنْ يَّحْيٰى عَنْ اَنَسٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرَ طَلْحَةَ وَالصَّوَابُ عِنْدِيْ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ يَحْيٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلٌ ۔

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ عرینہ قبیلے کے کچھ دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا' مدینہ منورہ کی آب و ہوا انہیں موافق نہیں آئی' اس کے نتیجے میں ان کے رنگ زرد ہو گئے اور پیٹ بڑھ گئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی اونٹنیوں کی طرف بھیج دیا اور انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ ان اونٹنیوں کا دودھ اور پیشاب پئیں' جب وہ لوگ تندرست ہو گئے' تو ان لوگوں نے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹنیوں کو ساتھ لے گئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے ایک مہم روانہ کی' انہیں پکڑ کر لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں۔

راوی بیان کرتے ہیں' اس وقت کے امیر المؤمنین عبدالملک بن مروان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' جنہوں نے یہ حدیث اس کے سامنے بیان کی تھی' ایسا ان کے کفر کی وجہ سے ہوا تھا یا ان کے گناہ (یعنی قتل کرنے کی وجہ سے ہوا تھا؟) تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کے کفر کی وجہ سے ہوا تھا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میرے علم کے مطابق صرف طلحہ نامی راوی نے اس روایت کو یحییٰ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ تاہم میرے نزدیک درست یہ ہے۔ یہ روایت یحییٰ کے حوالے سے سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ سے مرسل روایت کے طور پر منقول ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

## 192 - باب فَرْثِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ يُصِيبُ الثَّوْبَ

## باب: جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کے گوبر کا کپڑے پر لگ جانا

306 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ - يَعْنِيْ ابْنَ مَخْلَدٍ - قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ - وَهُوَ ابْنُ صَالِحٍ - عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْبَيْتِ وَمَلَاٌ مِّنْ قُرَيْشٍ جُلُوسٌ وَّقَدْ نَحَرُوْا جَزُوْرًا فَقَالَ بَعْضُهُمْ اَيُّكُمْ يَاْخُذُ هٰذَا

306-اخرجه البخاري في الوضوء، باب اذا القى على ظهر المصلي قذر او جيفة لم تفسد عليه صلاته (الحديث 240) بنحوه، و في الصلاة، باب المراة تطرح عن المصلي شيئًا من الاذى (الحديث 520) بنحوه، و في الجهاد ، باب الدعاء على المشركين بالهزيمة و الزلزلة (الحديث 2934) بنحوه، وفي الجزية و الموادعة، باب طرح جيف المشركين في البئر، ولا يوخذ لهم ثمن (الحديث 3185) بنحوه، و في مناقب الانصار ، باب ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم و اصحابه من المشركين بمكة (الحديث 3854) بنحوه و اخرجه مسلم في الجهاد و السير ، باب ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم من اذى المشركين و المنافقين (الحديث 107) مطولًا و (الحديث 108 و109 ) بنحوه و الحديث عند: البخاري في المغازي، باب دعاء النبي صلى الله عليه وسلم على كفار قريش (الحديث 3960) و مسلم في الجهاد و السير،باب ما لقي صلى الله عليه وسلم من اذى المشركين و المنافقين (الحديث 110) . تحفة الاشراف (9484) .

Marfat.com

الْفَرْثَ بِدَمِهٖ ثُمَّ يُمْهِلُهٗ حَتّٰى يَضَعَ وَجْهَهٗ سَاجِدًا فَيَضَعُهٗ - يَعْنِيْ - عَلٰى ظَهْرِهٖ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَانْبَعَثَ اَشْقَاهَا فَاَخَذَ الْفَرْثَ فَذَهَبَ بِهٖ ثُمَّ اَمْهَلَهٗ فَلَمَّا خَرَّ سَاجِدًا وَّضَعَهٗ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَاُخْبِرَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ جَارِيَةٌ فَجَائَتْ تَسْعٰى فَاَخَذَتْهُ مِنْ ظَهْرِهٖ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ قَالَ "اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ـ" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ "اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِاَبِيْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَّشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَعُقْبَةَ بْنِ اَبِيْ مُعَيْطٍ ـ" حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةً مِّنْ قُرَيْشٍ ـ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَوَالَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ لَقَدْ رَاَيْتُهُمْ صَرْعٰى يَوْمَ بَدْرٍ فِيْ قَلِيْبٍ وَّاحِدٍ ـ

☆☆ عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیت المال میں ہمیں یہ حدیث سنائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے پاس نماز ادا کر رہے تھے' قریش کے کچھ افراد بھی وہاں بیٹھے ہوئے تھے' ان لوگوں نے ایک اونٹ ذبح کیا تھا' ان میں سے کسی ایک نے کہا: تم میں سے کون شخص اس اونٹ کی اوجھ کو اس کے خون سمیت اُٹھا کر اس وقت ان (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) پر رکھ دے گا کہ جب وہ سجدے میں جائیں گے۔ راوی کہتے ہیں' کہ ان میں سے ایک بدبخت شخص اُٹھا' اس نے اس اوجھ کو اُٹھایا اور وہ لے کر آ گیا' پھر اس نے انتظار کیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں گئے' تو اس نے اس اوجھ کو آپ کی پشت پر رکھ دیا' جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس بارے میں پتہ چلا تو وہ دوڑتی ہوئی آئیں' حالانکہ وہ اس وقت کم سن بچی تھیں' انہوں نے اس اوجھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر سے ہٹایا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ نے تین مرتبہ یہ دعا کی: اے اللہ! قریش کو اپنی گرفت میں لے' اے اللہ! ابوجہل بن ہشام' شیبہ بن ربیعہ' عتبہ بن ربیعہ' عقبہ بن ابومعیط پر گرفت کر! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات افراد کا نام لے کر تذکرہ کیا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اس ذات کی قسم جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر کتاب نازل کی ہے! میں نے غزوۂ بدر کے دن ان سب افراد کو ایک پرانے گڑھے میں مردہ حالت میں پڑے ہوئے دیکھا ہے۔

## 193 - بَاب الْبُزَاقِ يُصِيبُ الثَّوْبَ

### باب: کپڑے پر تھوک لگ جانے کا حکم

307 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ طَرَفَ رِدَائِهٖ فَبَصَقَ فِيْهِ فَرَدَّ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ ـ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کا کونہ لیا اور اس میں تھوک دیا' پھر آپ نے اس کو مل دیا۔

308 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مِهْرَانَ يُحَدِّثُ عَنْ

307-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (591) .

308-اخرجه مسلم في المساجد و امواضع الصلاة، باب النهي عن البصاق في المسجد ، في الصلاة و غيرها (الحديث 53) بمعناه مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها (الحديث 1022) بمعناه مطولاً . تحفة الاشراف (14669) .

Marfat.com

اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَايَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَلٰكِنْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهٖ وَاِلَّا ." فَبَزَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا فِىْ ثَوْبِهٖ وَدَلَكَهٗ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو' تو وہ اپنے سامنے کی طرف یا دائیں طرف نہ تھوکے بلکہ بائیں طرف یا پاؤں کے نیچے تھوک دے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کپڑے میں اس طرح تھوک دیتے تھے اور پھر آپ اسے مل دیا کرتے تھے۔

## 194 - باب بَدْءِ التَّيَمُّمِ

## باب: تیمّم کا آغاز (کیسے ہوا)

309 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ اَوْ ذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِّىْ فَاَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْتِمَاسِهٖ وَاَقَامَ النَّاسُ مَعَهٗ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَاَتَى النَّاسُ اَبَا بَكْرٍ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - فَقَالُوْا اَلَا تَرٰى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ اَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِالنَّاسِ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ . فَجَاءَ اَبُوْ بَكْرٍ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعٌ رَاْسَهٗ عَلٰى فَخِذِىْ قَدْ نَامَ فَقَالَ حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسَ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ . قَالَتْ عَائِشَةُ فَعَاتَبَنِىْ اَبُوْ بَكْرٍ وَّقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ وَجَعَلَ يَطْعُنُ بِيَدِهٖ فِىْ خَاصِرَتِىْ فَمَا مَنَعَنِىْ مِنَ التَّحَرُّكِ اِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَخِذِىْ فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَاءٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اٰيَةَ التَّيَمُّمِ . فَقَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ مَا هِىَ بِاَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا اٰلَ اَبِىْ بَكْرٍ . قَالَتْ فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِىْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْنَا الْعِقْدَ تَحْتَهٗ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر کر رہے تھے' جب ہم بیداء (راوی کو شک ہے' کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) یا ذات الجیش کے مقام پر پہنچے تو میرا ہار گر گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہار کی تلاش میں وہیں قیام کیا' آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی پڑاؤ کر لیا' اس جگہ پر پانی نہیں تھا اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں تھا' لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے' کہ سیّدہ عائشہ نے کیا کیا ہے؟ انہوں نے لوگوں کو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ٹھہرنے پر

309-اخرجه البخاري في التيمم، باب . 1 . (الحديث 334)، و في فضائل الصحابة، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم (لو كنت متخذاً خليلاً)(الحديث 3672)، و في التفسير، باب (فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيداً طيباً) (الحديث 4607)، و في الحدود، باب من ادب اهله او غيره دون السلطان (الحديث 6844) مختصراً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب التيمم (الحديث 108) . و اخرجه النسائي في التفسير: سورة النساء، قوله تعالى: (فلا و ربك لا يومنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم) ، (الحديث 127) . و الحديث عند: البخاري في النكاح، باب قول الرجل لصاحبه: هل اعرستم الليلة (الحديث 5250) . تحفة الاشراف (17519) .

Marfat.com

مجبور کر دیا ہے' جبکہ یہاں آس پاس بھی پانی موجود نہیں ہے اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت اپنا سر مبارک میرے زانوں پر رکھ کر سوئے ہوئے تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور لوگوں کو یہاں رُکنے پر مجبور کر دیا ہے' جبکہ یہاں آس پاس پانی بھی نہیں ہے اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرے سامنے ناراضگی کا اظہار کیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ کہا' انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے میرے پہلو میں مارا' میں نے صرف اس لیے حرکت نہیں کی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے زانوں پر آرام فرما تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوئے رہے' یہاں تک کہ صبح کے وقت وہاں پانی موجود نہیں تھا' پھر اللہ تعالیٰ نے تیمّم کے حکم سے متعلق آیت نازل کر دی' اس وقت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے یہ بات کہی: اے آل ابوبکر! یہ تمہاری پہلی برکت نہیں ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب ہم نے اس اونٹ کو اُٹھایا جس پر میں سوار تھی' تو ہمیں اس کے نیچے سے ہار بھی مل گیا۔

## 195 - باب التَّيَمُّمِ فِي الْحَضَرِ

### باب: حضر کی حالت میں تیمّم کرنا

310 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ اَقْبَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَسَارٍ مَوْلَى مَيْمُوْنَةَ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَبِيْ جُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ الْاَنْصَارِيِّ فَقَالَ اَبُوْ جُهَيْمٍ اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَّحْوِ بِئْرِ الْجَمَلِ وَلَقِيَهُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ عَلَى الْجِدَارِ فَمَسَحَ بِوَجْهِهٖ وَيَدَيْهِ ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ ۔

☆☆ عمیر بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں اور عبداللہ بن یسار' ہم حضرت ابوجہیم بن حارث انصاری کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو حضرت ابوجہیم بولے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بئر جمل کی طرف سے تشریف لا رہے تھے' ایک شخص آپ کے سامنے آیا' اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سلام کا جواب نہیں دیا' آپ دیوار کی طرف بڑھے' اور (اس پر ہاتھ مار کر) اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر مسح کیا' پھر آپ نے اسے سلام کا جواب دیا۔

311 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ

310-اخرجه البخاري في التيمم، باب التيمم في الحضر اذا لم يجد الماء و خاف فوت الصلاة (الحديث 337) و اخرجه مسلم في الحيض، باب التيمم (الحديث 114) تعليقاً . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب التيمم في الحضر (الحديث 329) . تحفة الاشراف (11885) .

311-اخرجه البخاري في التيمم، باب المتيمم هل ينفخ فيهما (الحديث 338) مختصراً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب التيمم (الحديث 112 و 113) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب التيمم (الحديث 322و 323 و 324 و325 و326) . و اخرجه النسائي في الطهارة، نوع آخر من التيمم (الحديث 317)، و نوع آخر (الحديث 318) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في التيمم ضربة واحدة (الحديث 569) . و الحديث عند: البخاري في التيمم، باب التيمم للوجه و الكفين (الحديث 339 و 340 و341 و 342 و 343) . و ابوداؤد في الطهارة، باب التيمم (الحديث 327 و 328) و الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في التيمم (الحديث 144) . تحفة الاشراف (10362) .

Marfat.com

الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عُمَرَ فَقَالَ اِنِّىْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ . قَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ . فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يَّا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَمَا تَذْكُرُ اِذْ اَنَا وَاَنْتَ فِىْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَآءَ فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَتَمَعَّكْتُ فِى التُّرَابِ فَصَلَّيْتُ فَاَتَيْنَا النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكَ ." فَضَرَبَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيْهِمَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ وَكَفَّيْهِ - وَسَلَمَةُ شَكَّ لَا يَدْرِىْ فِيْهِ الْمِرْفَقَيْنِ اَوْ اِلَى الْكَفَّيْنِ - فَقَالَ عُمَرُ نُوَلِّيْكَ مَا تَوَلَّيْتَ .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی' پھر مجھے پانی نہیں ملا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تم نماز ادا نہ کرو تو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین! کیا آپ کو یاد نہیں ہے' کہ جب آپ اور میں ایک مہم میں شریک ہوئے تھے اور ہمیں جنابت لاحق ہوگئی تھی اور ہمیں پانی نہیں ملا تھا تو آپ نے تو نماز ہی نہیں پڑھی تھی اور میں نے مٹی میں لوٹ پوٹ ہوکر نماز ادا کر لی تھی' پھر جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے اتنا ہی کافی تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے' پھر ان پر پھونک ماری' پھر ان دونوں کو چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیرلیا۔

یہاں سلمہ نامی راوی کو شک ہے' اسے یہ بات پتہ نہیں ہے' کہ روایت کے الفاظ میں کہنیوں تک مسح کرنے کا ذکر ہے یا ہتھیلیوں تک کرنے کا ذکر ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تم جدھر کا رخ کرنا چاہتے ہو' ہم تمہیں اسی طرف پھیرتے ہیں۔

312 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ نَّاجِيَةَ بْنِ خُفَافٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ اَجْنَبْتُ وَاَنَا فِى الْاِبِلِ فَلَمْ اَجِدْ مَاءً فَتَمَعَّكْتُ فِى التُّرَابِ تَمَعُّكَ الدَّابَّةِ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ بِذٰلِكَ فَقَالَ "اِنَّمَا كَانَ يَجْزِيْكَ مِنْ ذٰلِكَ التَّيَمُّمُ ."

☆☆ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ مجھے جنابت لاحق ہوگئی' میں اس وقت اونٹوں میں (یعنی آبادی سے باہر) موجود تھا' مجھے وہاں پانی نہیں ملا تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا' جس طرح کوئی جانور مٹی میں لوٹ پوٹ ہوتا ہے' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے اس کی بجائے صرف تیمم کر لینا کافی تھا۔

## 197 - باب التَّيَمُّمِ فِى السَّفَرِ

### باب: سفر کے دوران تیمم کرنا

313 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ

312-انفرد به النسائي ـ تحفة الاشراف (10368) ـ

Marfat.com

ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَمَّارٍ قَالَ عَرَّسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُولَاتِ الْجَيْشِ وَمَعَهُ عَائِشَةُ زَوْجَتُهُ فَانْقَطَعَ عِقْدُهَا مِنْ جَزْعِ ظِفَارٍ فَحُبِسَ النَّاسُ ابْتِغَاءَ عِقْدِهَا ذٰلِكَ حَتّٰى اَضَاءَ الْفَجْرُ وَلَيْسَ مَعَ النَّاسِ مَاءٌ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهَا اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ حَبَسْتِ النَّاسَ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رُخْصَةَ التَّيَمُّمِ بِالصَّعِيْدِ قَالَ فَقَامَ الْمُسْلِمُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبُوْا بِاَيْدِيهِمُ الْاَرْضَ ثُمَّ رَفَعُوا اَيْدِيَهُمْ وَلَمْ يَنْفُضُوا مِنَ التُّرَابِ شَيْئًا فَمَسَحُوا بِهَا وُجُوْهَهُمْ وَاَيْدِيَهُمْ اِلَى الْمَنَاكِبِ وَمِنْ بُطُوْنِ اَيْدِيهِمْ اِلَى الْاٰبَاطِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اولات الجیش کے مقام پر پڑاؤ کیا' آپ کے ساتھ آپ کی زوجہ محترمہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں' "ظفار کے یمنی پتھروں" سے بنا ہوا ان کا ہار گر کر ٹوٹ گیا' لوگ اس کی تلاش میں وہاں ٹھہر گئے' یہاں تک کہ صبح صادق ہوگئی' لوگوں کے پاس پانی نہیں تھا' اس بات پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے غصے کا اظہار کیا اور بولے: تم نے لوگوں کو رُکنے پر مجبور کیا ہے' حالانکہ ان کے پاس پانی بھی نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو اللہ تعالیٰ نے مٹی کے ذریعے تیمّم کرنے کی اجازت کا حکم نازل کیا' تو لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے اپنے ہاتھ زمین پر مارے' پھر انہوں نے اپنے ہاتھ بلند کیے اور مٹی کو جھاڑا نہیں' اس کے ساتھ انہوں نے اپنے چہروں اور دونوں بازوؤں کا مسح کر لیا' انہوں نے ظاہری حصے کا کندھے تک اور نیچے والے حصے کا بغلوں تک مسح کیا۔

## 198 - باب الْاِخْتِلَافِ فِيْ كَيْفِيَّةِ التَّيَمُّمِ

### باب: تیمّم کے طریقے میں اختلاف

314 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَآءَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ تَيَمَّمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتُّرَابِ فَمَسَحْنَا بِوُجُوْهِنَا وَاَيْدِيْنَا اِلَى الْمَنَاكِبِ .

☆☆ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مٹی کے ساتھ تیمّم کیا ہے' ہم نے اپنے چہروں اور کندھوں تک دونوں بازوؤں پر مسح کیا تھا۔

## 199 - باب نَوْعٍ اٰخَرَ مِنَ التَّيَمُّمِ وَالنَّفْخِ فِي الْيَدَيْنِ

### باب: تیمّم کا ایک اور طریقہ اور دونوں ہاتھوں پر پھونک مارنا

---

313-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب التيمم (الحديث 320) . تحفة الاشراف (10357) .

314-اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في السبب (الحديث 566) مختصراً . تحفة الاشراف (10358) .

Marfat.com

315 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ وَّعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی قَالَ كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ رُبَّمَا نَمْكُثُ الشَّهْرَ وَالشَّهْرَيْنِ وَلَا نَجِدُ الْمَاءَ . فَقَالَ عُمَرُ اَمَّا اَنَا فَاِذَا لَمْ اَجِدِ الْمَآءَ لَمْ اَكُنْ لِاُصَلِّیَ حَتّٰی اَجِدَ الْمَاءَ . فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ اَتَذْكُرُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ حَيْثُ كُنْتَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا وَنَحْنُ نَرْعَى الْاِبِلَ فَتَعْلَمُ اَنَّا اَجْنَبْنَا قَالَ نَعَمْ اَمَّا اَنَا فَتَمَرَّغْتُ فِی التُّرَابِ فَاَتَيْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ فَقَالَ "اِنْ كَانَ الصَّعِيدُ لَكَافِيكَ ." وَضَرَبَ بِكَفَّيْهِ اِلَی الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيهِمَا ثُمَّ مَسَحَ وَجْهَهُ وَبَعْضَ ذِرَاعَيْهِ .
فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ يَا عَمَّارُ . فَقَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنْ شِئْتَ لَمْ اَذْكُرْهُ . قَالَ لَا وَلٰكِنْ نُوَلِّيكَ مِنْ ذٰلِكَ مَا تَوَلَّيْتَ .

☆☆ عبداللہ بن عبدالرحمٰن' حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے' ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: اے امیر المؤمنین! بعض اوقات ہمیں ایک ماہ اور دو ماہ تک پانی نہیں ملتا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: اگر مجھے پانی نہیں ملتا تو میں نماز اس وقت تک ادا نہیں کروں گا' جب تک مجھے پانی مل نہیں جاتا' تو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بولے: اے امیر المؤمنین! کیا آپ کو یاد نہیں ہے' کہ جب آپ فلاں جگہ پر موجود تھے اور ہم اونٹ چرا رہے تھے' آپ کو پتہ تو ہے' کہ اس وقت ہمیں جنابت لاحق ہو گئی تھی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: جی ہاں! تو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بولے: میں' تو اس وقت مٹی میں لوٹ پوٹ ہو گیا تھا' پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اور فرمایا: تمہارے لیے مٹی ہی کافی تھی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں ہتھیلیاں زمین پر ماریں' پھر ان پر پھونک ماری' پھر آپ نے اپنے چہرے اور بازوؤں کے بعض حصے کا مسح کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: اے عمار! اللہ سے ڈرو! انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! اگر آپ چاہیں' تو میں اس بات کا تذکرہ نہیں کروں گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: نہیں! ہم تمہیں اس طرف پھیرتے ہیں جس طرف تم رخ کرتے ہو۔

## 200 - باب نَوْعٍ اٰخَرَ مِنَ التَّيَمُّمِ

### باب: تیمم کا ایک اور طریقہ

316 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنِ التَّيَمُّمِ فَلَمْ يَدْرِ مَا يَقُولُ فَقَالَ عَمَّارٌ اَتَذْكُرُ حَيْثُ كُنَّا فِی سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ فِی التُّرَابِ فَاَتَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اِنَّمَا يَكْفِيكَ هٰكَذَا ." وَضَرَبَ شُعْبَةُ بِيَدَيْهِ عَلٰی رُكْبَتَيْهِ وَنَفَخَ فِی يَدَيْهِ وَمَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ مَرَّةً وَّاحِدَةً .

315-تقدم في الطهارة، باب التيمم من الحضر (الحديث 311) .

316-تقدم في الطهارة، باب التيمم من الحضر (الحديث 311) .

Marfat.com

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا' تو انہیں یہ اندازہ نہیں ہوا کہ وہ کیا جواب دیں' تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ بولے: کیا آپ کو یاد نہیں ہے' کہ جب ہم ایک مہم میں شریک تھے' مجھے جنابت لاحق ہوگئی تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے اس طرح کرنا کافی تھا۔

پھر شعبہ نامی راوی نے اپنے دونوں ہاتھ' اپنے گھٹنوں پر مارے' پھر ان میں پھونک ماری' پھر ان دونوں کے ذریعے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا ایک مرتبہ مسح کیا۔

## 201 - باب نَوْعٍ اٰخَرَ مِنَ التَّيَمُّمِ

### باب: تیمّم کا ایک اور طریقہ

317 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَنْبَاَنَا خَالِدٌ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ سَمِعْتُ ذَرًّا يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ وَقَدْ سَمِعَهُ الْحَكَمُ مِنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَجْنَبَ رَجُلٌ فَاَتٰى عُمَرَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - فَقَالَ اِنِّىْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدْ مَاءً ـ قَالَ لَا تُصَلِّ ـ قَالَ لَهٗ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ اَنَّا كُنَّا فِىْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدْ مَاءً فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَاِنِّىْ تَمَعَّكْتُ فَصَلَّيْتُ ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكَ ـ" وَضَرَبَ شُعْبَةُ بِكَفَّيْهِ ضَرْبَةً وَّنَفَخَ فِيْهِمَا ثُمَّ دَلَكَ اِحْدَاهُمَا بِالْاُخْرٰى ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ ـ فَقَالَ عُمَرُ شَيْئًا لَا اَدْرِىْ مَا هُوَ ـ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ لَا حَدَّثْتُهٗ ـ وَذَكَرَ شَيْئًا فِىْ هٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ وَّزَادَ سَلَمَةُ قَالَ بَلْ نُوَلِّيْكَ مِنْ ذٰلِكَ مَا تَوَلَّيْتَ ـ

☆☆ عبدالرحمٰن کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص کو جنابت لاحق ہوئی' وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے' مجھے پانی نہیں ملا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تم نماز ادا نہ کرو (جب تک پانی نہیں ملتا) تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: کیا آپ کو یاد نہیں ہے' کہ ہم جنگی مہم میں شریک تھے' تو ہمیں جنابت لاحق ہوگئی' آپ نے تو نماز ہی ادا نہیں کی اور میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا اور نماز ادا کرلی' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہے۔

پھر شعبہ نامی راوی نے اپنی ہتھیلی کو زمین پر ایک مرتبہ مارا' پھر اس میں پھونک ماری' پھر اس کے ذریعے دوسرے ہاتھ کو مل لیا' پھر ان دونوں کو اپنے چہرے پر پھیرا۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوئی بات کہی جو مجھے پتہ نہیں چل سکا کہ کیا بات تھی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: اگر تم چاہو تو اس واقعے کو بیان نہ کرو۔

اس کے بعد راوی نے اس کی سند میں ابومالک سے منقول ہونے کے حوالے سے کوئی بات ذکر کی ہے۔

317-تقدم في الطهارة، باب التيمم من الحضر (الحديث 311) .

Marfat.com

سلمہ نامی راوی نے یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں: ہم تمہیں اسی طرف پھیرتے ہیں' جس طرف کا تم رخ کرتے ہو۔

## 202 - باب نَوْعٍ اٰخَرَ

### باب: ایک اور طریقہ

318 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ تَمِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ وَسَلَمَةُ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلٰى عُمَرَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - فَقَالَ اِنِّىْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ . فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ . فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِذْ اَنَا وَاَنْتَ فِى سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدْ مَاءً فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَتَمَعَّكْتُ فِى التُّرَابِ ثُمَّ صَلَّيْتُ فَلَمَّا اَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ "اِنَّمَا يَكْفِيكَ ." وَضَرَبَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيهِمَا فَمَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ - شَكَّ سَلَمَةُ وَقَالَ لَا اَدْرِى فِيهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ اَوْ اِلَى الْكَفَّيْنِ - قَالَ عُمَرُ نُوَلِّيكَ مِنْ ذٰلِكَ مَا تَوَلَّيْتَ قَالَ شُعْبَةُ كَانَ يَقُولُ الْكَفَّيْنِ وَالْوَجْهَ وَالذِّرَاعَيْنِ . فَقَالَ لَهُ مَنْصُورٌ مَا تَقُولُ فَاِنَّهُ لَا يَذْكُرُ الذِّرَاعَيْنِ اَحَدٌ غَيْرُكَ . فَشَكَّ سَلَمَةُ فَقَالَ لَا اَدْرِى ذَكَرَ الذِّرَاعَيْنِ اَمْ لَا .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے اور مجھے پانی نہیں ملا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تم نماز ادا نہ کرو (جب تک پانی نہیں مل جاتا) حضرت عمار رضی اللہ عنہ بولے: اے امیر المؤمنین! کیا آپ کو یاد نہیں ہے' کہ جب میں اور آپ ایک مہم میں شریک تھے' تو ہمیں جنابت لاحق ہوگئی تھی اور ہمیں پانی نہیں ملا تھا تو جہاں تک آپ کا تعلق ہے' تو آپ نے تو نماز ہی نہیں پڑھی تھی' البتہ میں نے مٹی میں لوٹ پوٹ ہوکر نماز ادا کر لی تھی۔ پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: تمہارے لیے اتنا کافی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے' پھر ان میں پھونک ماری' پھر ان کے ذریعے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا۔

یہاں پر سلمہ نامی راوی کو شک ہے' وہ فرماتے ہیں' کہ مجھے نہیں معلوم کہ کہنیوں تک مذکور ہونے کا تذکرہ ہے یا کلائیوں تک کا تذکرہ ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم تمہیں اس کی طرف پھیرتے ہیں جس طرف کا تم رخ کرتے ہو۔

شعبہ نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: دونوں ہتھیلیوں' چہرے اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا۔

منصور نامی راوی نے ان سے کہا: یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ کیونکہ آپ کے علاوہ اور کسی نے بھی بازوؤں کا ذکر نہیں کیا۔

اس وجہ سے سلمہ نامی راوی کو شک ہے' وہ فرماتے ہیں' کہ مجھے نہیں معلوم کہ اس میں انہوں نے دونوں بازوؤں کا ذکر کیا ہے یا نہیں کیا؟

318-تقدم في الطهارة، باب التيمم من الحضر (الحديث 311) .

Marfat.com

## 203 - باب تَيَمُّمِ الْجُنُبِ

### باب: جنبی شخص کا تیمّم کرنا

319 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَّعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِىْ مُوْسٰى فَقَالَ اَبُوْ مُوْسٰى اَوَلَمْ تَسْمَعْ قَوْلَ عَمَّارٍ لِعُمَرَ بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَاجَةٍ فَاَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَآءَ فَتَمَرَّغْتُ بِالصَّعِيْدِ ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ اَنْ تَقُوْلَ هٰكَذَا ." وَضَرَبَ بِيَدَيْهِ عَلَى الْاَرْضِ ضَرْبَةً فَمَسَحَ كَفَّيْهِ ثُمَّ نَفَضَهُمَا ثُمَّ ضَرَبَ بِشِمَالِهٖ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَبِيَمِيْنِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ عَلٰى كَفَّيْهِ وَوَجْهِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَوَلَمْ تَرَ عُمَرَ لَمْ يَقْنَعْ بِقَوْلِ عَمَّارٍ .

☆☆ شقیق بیان کرتے ہیں' میں حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بولے: کیا آپ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا وہ قول نہیں سنا جو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام سے بھیجا مجھے جنابت لاحق ہوگئی' مجھے پانی نہیں ملا' میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لیے اتنا کافی تھا کہ تم اس طرح کر لیتے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر ایک مرتبہ مارے' پھر ان کے ذریعے دونوں ہتھیلیوں کا مسح کیا' پھر ان میں پھونک ماری' پھر بائیں ہاتھ کو دائیں ہاتھ پر اور دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر' دونوں بازوؤں پر پھیرا اور چہرے پر پھیرا۔

تو حضرت عبداللہ بولے: کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے بیان پر اکتفاء نہیں کیا تھا۔

## 204 - باب التَّيَمُّمِ بِالصَّعِيْدِ

### باب: پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کرنا

320 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَوْفٍ عَنْ اَبِىْ رَجَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا مُعْتَزِلًا لَمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ فَقَالَ "يَا فُلَانُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّىَ مَعَ الْقَوْمِ ." فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَتْنِىْ جَنَابَةٌ وَّلَا مَآءَ . قَالَ "عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَاِنَّهٗ يَكْفِيكَ ."

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو الگ تھلگ بیٹھا ہوا تھا اور

319-اخرجه البخاري في التيمم، باب اذا خاف الجنب على نفسه المرض او الموت او خاف العطش تيمم (الحديث 345) بنحوه مختصرًا و (الحديث 346 و 347) بنحوه مطولًا و اخرجه مسلم في الحيض، باب التيمم (الحديث 110 و 111) مطولاً . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب التيمم (الحديث 321) مطولاً . تحفة الاشراف (10360) .

320-اخرجه البخاري في التيمم، باب . □□ 9الحديث 348) . تحفة الاشراف (10876)

Marfat.com

اس نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے فلاں! تم نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا کیوں نہیں کی؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی اور پانی موجود نہیں ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم مٹی استعمال کرو وہ تمہارے لیے کافی ہوگی۔

## 205 - باب الصَّلَوَاتِ بِتَيَمُّمٍ وَّاحِدٍ

### باب: ایک ہی تیمّم کے ذریعے مختلف نمازیں ادا کرنا

321 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لَّمْ يَجِدِ الْمَآءَ عَشْرَ سِنِيْنَ ."

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: پاک مٹی مسلمان کے لیے وضو کا ذریعہ ہے' اگرچہ اسے دس سال تک پانی نہ ملے۔

## 206 - باب فِيْمَنْ لَّمْ يَجِدِ الْمَآءَ وَلَا الصَّعِيْدَ

### باب: جس شخص کو پانی بھی نہیں ملتا اور مٹی بھی نہیں ملتی (وہ کیا کرے؟)

322 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ وَّنَاسًا يَطْلُبُوْنَ قِلَادَةً كَانَتْ لِعَآئِشَةَ نَسِيَتْهَا فِىْ مَنْزِلٍ نَزَلَتْهُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ وَلَيْسُوا عَلٰى وُضُوْءٍ وَّلَمْ يَجِدُوْا مَآءً فَصَلَّوْا بِغَيْرِ وُضُوْءٍ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اٰيَةَ التَّيَمُّمِ قَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا فَوَاللّٰهِ مَا نَزَلَ بِكِ اَمْرٌ تَكْرَهِيْنَهُ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ لَكِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ خَيْرًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور بعض دیگر افراد کو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار تلاش کرنے کے لیے بھیجا' جو کسی پڑاؤ میں وہ بھول گئی تھیں (یعنی ان سے گر گیا تھا) اس دوران نماز کا وقت ہوگیا' لوگ وضو کی حالت میں نہیں تھے اور انہیں وضو کرنے کے لیے پانی بھی نہیں ملا تو انہوں نے وضو کے بغیر نماز ادا کرلی' بعد میں انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو اللہ تعالیٰ نے تیمّم کے حکم سے متعلق آیت نازل کی' اس وقت حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) یہ کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطاء کرے! اللہ کی قسم! جب بھی آپ کے ساتھ کوئی ایسی صورتِ حال درپیش ہوئی جو آپ کو ناپسند ہو' تو اللہ تعالیٰ نے اسے آپ کے لیے اور مسلمانوں کے لیے خیر کا ذریعہ بنا دیا۔

321-اخرجه ابو دود في الطهارتة، باب الجنب يتيمم (الحديث 332) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في التيمم للجنب اذا لم يجد الماء (الحديث 124) مطولاً . تحفة الاشراف (11971) .

322-اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب التيمم (الحديث 317) . تحفة الاشراف (17205) .

Marfat.com

323 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ اَنْبَانَا شُعْبَةُ اَنَّ مُخَارِقًا اَخْبَرَهُمْ عَنْ طَارِقٍ اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فَلَمْ يُصَلِّ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ "اَصَبْتَ". فَاَجْنَبَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَتَيَمَّمَ وَصَلّٰى فَاَتَاهُ فَقَالَ نَحْوَ مَا قَالَ لِلْاٰخَرِ يَعْنِيْ "اَصَبْتَ".

☆☆ طارق نامی راوی بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص کو جنابت لاحق ہوگئی' اس نے نماز ادا نہیں کی' وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے' ایک مرتبہ ایک اور شخص کو جنابت لاحق ہوئی تو اس نے تیمم کر کے نماز ادا کر لی' وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اسے بھی وہی جواب دیا جو دوسرے کو دیا تھا' یعنی آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے۔

323-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (4982) .

Marfat.com

# 2 - كِتَابُ الْمِيَاهِ

## کتاب: (مختلف قسم کے) پانیوں کے بارے میں روایات

امام نسائی نے اس کتاب ''(مختلف قسم کے) پانیوں کے بارے میں روایات'' میں 13 تراجم ابواب اور 23 روایات نقل کی ہیں، جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 9 ہوگی۔

### 1 - باب

**قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَاءً طَهُوْرًا)**
**وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ (وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ)**
**وَقَالَ تَعَالٰى (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) .**

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:
''اور ہم نے پاک کرنے والا پانی آسمان سے نازل کیا ہے''۔
اللہ تعالیٰ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے:
''اور اس نے تم پر آسمان سے پانی نازل کیا ہے تا کہ وہ اس کے ذریعے تمہیں پاک کر دے''۔
اللہ تعالیٰ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے:
''اگر تمہیں پانی نہ ملے تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کر لو''۔

324 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَتْ مِنَ الْجَنَابَةِ فَتَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَضْلِهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ "اِنَّ الْمَآءَ لَا يُنَجِّسُهٗ شَيْءٌ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ محترمہ نے غسل جنابت کیا، تو

324-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الماء لا يجنب (الحديث 68) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الرخصة في ذلك (الحديث 65) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الرخصة بفضل و ضوء المراة (الحديث 370 و371) بنحوه تحفة الاشراف (6103) .

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ نے ان کے بچائے ہوئے پانی سے وضو کر لیا' اس خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی ہے۔

شرح

# پانی کے بارے میں احکام

## ان پانیوں کا بیان جن کے ذریعے وضو کرنا جائز ہے

مسئلہ: تین قسم کے پانیوں کے ذریعے وضو کرنا جائز ہے:

(i) جاری پانی: جاری پانی سے مراد وہ پانی ہے جس میں تنکا بہہ جاتا ہے۔ (کنز' خلاصہ)

مسئلہ: بعض حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ جسے لوگ جاری سمجھتے ہیں وہ جاری پانی شمار ہوگا اور یہی قول صحیح ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: جاری پانی کا ذائقہ' رنگ یا بونجاست کے ملنے کی وجہ سے جب تک تبدیل نہیں ہوتے ہیں' اُس وقت تک وہ نجس شمار نہیں ہوگا۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر جاری پانی میں کوئی نجس چیز ڈال دی جاتی ہے جیسے مردار' شراب تو جب تک اس جاری پانی کا رنگ' ذائقہ یا بو تبدیل نہیں ہوتی' اس وقت تک وہ نجس شمار نہیں ہوگا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اگر بہت سے لوگ کسی نہر کے کنارے بیٹھ کر وضو کر لیتے ہیں' تو اپنا وضو کرنا جائز ہوگا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اسی طرح اگر کوئی چھوٹا حوض ہو' جس میں ایک طرف سے پانی آ رہا ہو اور دوسری طرف سے نکل رہا ہو' تو ایسی صورت میں بھی بہت سے افراد کامل کر ایک ساتھ وضو کرنا جائز ہوگا۔ (شرح وقایہ)

مسئلہ: اگر کسی چھوٹے حوض میں ایک طرف سے پانی داخل ہوتا ہے' جس کی وجہ سے دوسری طرف سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے' تو جیسے ہی دوسری طرف سے پانی بہنا شروع ہوگا تو اسی وقت وہ حوض طہارت کے لیے کافی ہوگا' یہ فقیہ ابوجعفر کا قول ہے اور صدر الشریعہ نے اسی کو محیط میں تحریر کیا ہے' نوازل میں یہ بات تحریر ہے کہ ہم اسی حکم کو اختیار کرتے ہیں' یہ بات فتاویٰ تاتارخانیہ میں بھی تحریر ہے۔

مسئلہ: حمام میں موجود حوض کا پانی فقہاء کے نزدیک پاک ہوتا ہے' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے کہ اس میں کوئی نجاست نہ ملی ہوئی ہو۔

مسئلہ: دوسری قسم کا پانی وہ ہے جو بہتا نہیں ہے' لیکن تعداد میں زیادہ ہوتا ہے' اس کا حکم یہ ہے کہ جب اس کی تعداد زیادہ ہو جائے تو یہ جاری پانی کے حکم میں آ جاتا ہے' یعنی اگر اس کے کسی ایک کنارے پر نجاست ڈال دی جائے تو وہ سارا پانی نجس نہیں ہوتا ہے' اس وقت تک جب تک اس کا رنگ' اس کی بو یا ذائقہ تبدیل نہیں ہو جاتے ہیں' جب یہ تبدیل ہو جائیں گے تو وہ نجس ہو

Marfat.com

جائے گا' اس بات پر تمام علماء کا اتفاق ہے اور تمام مشائخ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جس مقام پر ایسے پانی میں نجاست ڈالی گئی ہے' اس کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ نجاست نظر آ رہی ہے' تو نجاست جس جگہ نظر آ رہی ہے' وہ سارا حصہ ناپاک ہوگا' اس بات پر اتفاق ہے کہ ایسی نجاست کی جگہ سے تقریباً اتنے فاصلے سے وضو کیا جائے گا جتنا چھوٹا حوض ہوتا ہے۔

اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ اگر کوئی حوض ۱۰ گز لمبا اور ۱۰ گز چوڑا ہو' تو اس صورت میں ایک طرف کی نجاست کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچ سکتا ہے' عام مشائخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس بارے میں گہرائی کا حکم یہ ہے کہ چلّو میں پانی لینے کی وجہ سے فرش واضح نہ ہو جائے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: یہاں گز میں کپڑے کے گز کا اعتبار ہوگا۔ (ظہیریہ) اور اسی پر فتویٰ ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی ایسے حوض سے وضو کرتا ہے جہاں کائی جمی ہوئی ہے' تو اگر ہلانے کے ساتھ وہ ہل جائے تو ایسے حوض سے وضو کرنا جائز ہوگا۔ (خلاصہ)

## کنوئیں کے احکام

مسئلہ: تیسری قسم کا پانی جس سے وضو کرنا جائز ہے' وہ کنویں کا پانی ہے (بعض اوقات نجاست گرنے کی وجہ سے کنویں میں سے پانی نکال دیا جاتا ہے) تو دو طرح کی صورت میں کنویں کا پانی نکالا جاتا ہے۔

مسئلہ: پہلی صورت وہ ہے جس میں کسی نجاست کے گرنے کی وجہ سے تمام پانی کو نکالنا لازم ہو جاتا ہے' یہ اس وقت ہوتا ہے جب نجاست کنویں میں گر جاتی ہے' اس طرح پانی نکالنے کا مقصد یہ ہوتا ہے تاکہ کنواں پاک ہو جائے' اس بات پر اسلاف کا اتفاق ہے۔ (الہدایہ)

مسئلہ: اونٹ یا بکری کی مینگنیاں اگر کنویں میں گر جاتی ہیں' تو اگر وہ زیادہ نہ ہوں تو کنواں ناپاک نہیں ہوتا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ یہاں بہت زیادہ سے مراد وہ ہے جسے دیکھنے والا بہت زیادہ سمجھے اور کم وہ ہے جسے دیکھنے والا کم شمار کرے' اسی قول پر اعتماد ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: ایک قول یہ ہے کہ زیادہ سے مراد یہ ہے کہ ہر مرتبہ ڈول سے پانی نکالتے وقت اس میں وہ مینگنیاں آ رہی ہوں۔ لیکن اگر ایسا نہیں ہوتا تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کم ہیں اور یہ قول صحیح ہے۔ (مبسوط سرخسی' نہایہ)

مسئلہ: اس بارے میں بنیادی اصول یہ ہے کہ ثابت مینگنی' ٹوٹی ہوئی' تر مینگنی یا خشک مینگنی میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس مسئلے کے بارے میں لید' گوبر اور مینگنی کا حکم ایک جیسا ہوگا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اس حوالے سے جنگل یا شہر میں موجود کنوؤں کے حکم میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی بکری' کتا' انسان کنویں میں مر جاتا ہے یا کوئی جانور پھول جاتا ہے یا پھٹ جاتا ہے' تو وہ جانور چھوٹا ہو یا بڑا ہو' اس کنویں کا سارا پانی نکالا جائے گا۔ (ہدایہ)

Marfat.com

مسئلہ: اسی طرح اگر اُس جانور کے بال کنویں میں بکھر جاتے ہیں' تو یہ بھی اس کے جسم کے پھٹ جانے کی مانند ہوگا۔

(سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر بکری کی قسم کا کوئی جانور کنویں میں گر جاتا ہے اور اسے زندہ نکال لیا جاتا ہے' تو صحیح قول یہ ہے کہ وہ جانور اگر نجس العین نہیں ہے اور اس کے جسم پر بھی کوئی نجاست نہیں لگی ہوئی اور اس کا منہ بھی پانی میں داخل نہیں ہوا تو وہ پانی نجس نہیں ہو گا' لیکن اگر اس کا منہ پانی میں داخل ہو جائے تو اس کے جوٹھے کے مطابق پانی کا حکم جاری کیا جائے گا' اگر اس کا جوٹھا پاک ہو گا تو پانی پاک شمار ہوگا' اگر نجس ہوگا تو نجس شمار ہوگا اور اگر پانی نجس ہوگا تو سارے پانی کو نکالا جائے گا لیکن اگر اس کا جوٹھا مشکوک ہوتا ہے' تو پانی کو بھی مشکوک قرار دیا جائے گا لیکن تمام پانی نکال لیا جائے گا اور اگر اس کا جوٹھا مکروہ ہے' تو پانی بھی مکروہ ہو جائے گا اور اس صورت میں اسے نکالنا مستحب قرار دیا جائے گا' لیکن اگر وہ جانور نجس العین ہے جیسے خنزیر ہے' تو پانی نجس ہو جائے گا' اگرچہ اس کا پانی میں منہ داخل نہ ہوا ہو اور صحیح قول یہ ہے کہ کتا نجس العین نہیں ہوتا' جب تک اس کا منہ پانی میں داخل نہیں ہوگا' پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا' جیسے وحشی درندے یا وحشی پرندے' وغیرہ ان سب کا یہی حکم ہوگا کہ اگر وہ زندہ نکل آتے ہیں اور ان کا منہ پانی تک نہیں پہنچا تو صحیح قول یہ ہے کہ پانی نجس نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: مردہ کافر خواہ اسے غسل دے دیا جائے یا اسے غسل نہ دیا جائے' نجس شمار ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر کوئی مسلمان مردہ کنویں میں گر جاتا ہے' تو اگر اس کو غسل نہیں دیا گیا تھا تو پانی خراب ہو جائے گا اور اگر غسل کے بعد گرتا ہے' تو پانی خراب نہیں ہوگا' یہی قول مختار ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اگر بچہ پیدا ہونے کے بعد رو دیتا ہے اور پھر اس کے بعد فوت ہوتا ہے' تو اس کا حکم بڑے آدمی کا سا ہوگا' یعنی اگر وہ غسل کے بعد کنویں میں گرا ہے' تو پانی خراب نہیں ہوگا اور اگر رویا نہیں تھا تو اگرچہ کئی مرتبہ غسل دینے کے بعد پانی میں گرتا ہے' تو بھی کنواں (یعنی اس کا پانی) خراب ہو جائے گا' اسی طرح اگر کوئی شہید تھوڑے پانی میں گرتا ہے' تو پانی خراب نہیں ہوگا لیکن اگر اس کا خون بہہ جاتا ہے' تو پانی خراب ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی مرغی' بلی' کبوتر یا اس طرح کا کوئی اور جانور کنویں میں گر جاتا ہے' لیکن اس کا جسم پھولتا بھی نہیں ہے اور پھٹتا بھی نہیں ہے' تو اس صورت میں چالیس یا پچاس ڈول نکال لیے جائیں گے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی چوہا یا چڑیا کنویں میں گر کر مر جاتے ہیں یا ان کا مردہ جسم باہر نکلتا ہے لیکن وہ پھولے نہیں ہیں' تو ان کا جسم نکالنے کے بعد کنویں میں سے بیس سے لے کر تیس ڈول تک نکال لیے جائیں گے۔ (محیط)

مسئلہ: کنویں کے پاک ہونے کے ساتھ اس کا ڈول' رسّی' چرخ اور کنویں کے گرد کی فصیل بھی پاک شمار ہوگی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی نجس لکڑی یا نجس کپڑا کنویں میں گر جاتا ہے اور اسے نکالنا ممکن نہ ہو' یا وہ غائب ہو جاتے ہیں' تو اس کنویں کے پاک ہونے کے ساتھ ہی وہ کپڑا اور وہ لکڑی بھی پاک شمار ہوں گے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: جس کنویں میں سے بیس ڈول نکالنا لازم تھا' اس میں سے پہلا ڈول نکال کر ایک اور کنویں میں ڈال دیا گیا تو اس

Marfat.com

دوسرے کنویں میں سے بھی بیس ڈول نکالے جائیں گے' اس بارے میں اصول یہ ہے کہ دوسرا کنواں بھی اتنے ہی ڈولوں سے پاک ہوگا' جتنے ڈولوں سے پہلے کنواں پاک ہوگا۔

## فصل: پانی کی ان اقسام کا بیان' جن کے ذریعے وضو نہیں ہوسکتا

مسئلہ: خربوزہ' ککڑی' کھیرا' گلاب کے پانی کے ساتھ وضو کرنا جائز نہیں ہے' اسی طرح کسی شربت یا اسی طرح کی کوئی اور پتلی چیز یعنی سرکہ وغیرہ سے بھی وضو جائز نہیں ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: نمک کے پانی کے ساتھ بھی وضو نہیں کیا جاسکتا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: صابن کے پانی یا اشنان کے پانی کے ساتھ وضو نہیں کیا جاسکتا' لیکن یہ اس وقت ہوگا کہ جب پانی کی طبعی حیثیت اتنی زیادہ تبدیل نہ ہوجائے کہ وہ پانی گاڑھا ہوجائے' اگر وہ بدستور پتلا رہتا ہے اور اس کی لطافت باقی رہتی ہے' تو جائز ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: انگور کے درختوں سے نکلنے والے پانی سے بھی وضو جائز نہیں ہے۔ (کافی' محیط' قاضی خان)

مسئلہ: اگر کسی موسم میں پتے وغیرہ گرنے کی وجہ سے پانی کا ذائقہ' رنگ یا بو تبدیل ہوجاتے ہیں' تو فقہاء احناف کے نزدیک ایسے پانی سے وضو جائز ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: زعفران' زردج اور کسم کے پانی سے وضو جائز ہے' لیکن شرط یہ ہے کہ وہ پانی پتلا ہونا چاہیے اور پانی غالب ہونا چاہیے' لیکن اگر سرخی غالب آجاتی ہے اور پانی گاڑھا ہوجاتا ہے' تو اس سے وضو جائز نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر صرف پانی ہے اور مٹی یا چونے کے ملنے کی وجہ سے یا بہت دن تک کھڑا رہنے کی وجہ سے متغیر ہوجاتا ہے' تو اس سے وضو جائز ہوگا۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سیلابی پانی سے وضو کرتا ہے' تو یہ جائز ہوگا' اگرچہ اس میں مٹی وغیرہ ملی ہوئی ہو' لیکن شرط یہ ہے کہ پانی غالب ہونا چاہیے اور پتلا ہونا چاہیے خواہ وہ میٹھا ہو یا اس کا ذائقہ کھارا ہوچکا ہو۔

مسئلہ: اسی طرح ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا جائز ہے' جس میں چنے یا باقلا بھگوئے گئے ہوں' پانی کی رنگت اور ذائقہ تبدیل ہوا ہو' لیکن اس کا پتلا پن ختم نہ ہوا ہو۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اس بارے میں اصول یہ ہے کہ غلبے میں رنگ کا اعتبار کیا جائے گا' اگر کوئی چیز پانی میں ملنے کے بعد رنگت میں مخالف نہیں ہے' لیکن ذائقہ تبدیل ہوگیا تو ذائقہ کا اعتبار کیا جائے گا اور اگر رنگت اور ذائقے دونوں میں مخالفت نہیں ہے' تو اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ مقدار کس کی زیادہ ہے' اگر مقدار کے اعتبار سے بھی دونوں برابر ہوتے ہیں' تو اس کا حکم ظاہر الروایۃ میں موجود نہیں ہے' تاہم بعد کے فقہاء نے یہ بات کہی ہے کہ احتیاط کے پیش نظر پانی کو دوسری چیز کے مقابلے میں مغلوب قرار دیں گے۔ (بدائع الصنائع)

### نبیذ کے ذریعے وضو کرنا

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ کھجور کی نبیذ کے ذریعے وضو کیا جاسکتا ہے اور جب ایسا پانی موجود ہو' تو

Marfat.com

آدمی تیمم نہیں کرے گا۔ (الجامع الصغیر شرح طحاوی)

مسئلہ: اکثر متون میں یہ بات تحریر ہے ایسی صورت میں جب صرف کھجور کی نبیذ موجود ہو اور کوئی پانی موجود نہ ہو تو اس صورت میں انسان کھجور کی نبیذ کے ذریعے وضو بھی کرے گا اور احتیاط کے پیش نظر تیمم بھی کرے گا۔ یہ حکم بھی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے البتہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں ایسی صورت میں انسان تیمم کرے گا وہ کھجور کی نبیذ کے ذریعے کسی بھی صورت میں وضو نہیں کر سکتا ہے جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ احتیاط کے پیش نظر وضو بھی کرے گا اور تیمم بھی کرلے گا اگر وہ شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کو بھی ترک کر دیتا ہے تو یہ جائز نہیں ہوگا البتہ یہ ضروری نہیں ہے کہ دونوں میں سے کسی ایک کو پہلے کیا جائے دونوں میں سے خواہ جسے بھی پہلے کرلیا جائے تو درست ہوگا۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: امام قاضی خان رحمۃ اللہ علیہ نے الجامع الصغیر کی شرح میں یہ بات تحریر کی ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی طرف رجوع کرلیا تھا فتویٰ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر ہے۔ (عینی شرح کنز)

مسئلہ: کھجور کی نبیذ کا حکم اس وقت ہے جب وہ میٹھی ہو اور ترشی کی طرف مائل ہو لیکن جب اس میں جوش آ جاتا ہے اور وہ سخت ہو جاتی ہے یا اس پر جھاگ آ جاتا ہے تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہوگا کیونکہ اب وہ نشہ آور بن چکی ہے۔

مسئلہ: اگر چند چھوہارے پانی میں بھگو دیئے جاتے ہیں جس کے نتیجے میں وہ پانی میٹھا ہو جاتا ہے لیکن دیکھنے میں پانی ہی محسوس ہوتا ہے اور وہ پتلا بھی ہوتا ہے تو ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا جائز ہے اس بارے میں فقہائے احناف کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

## آبِ مستعمل کے احکام

مسئلہ: فقہائے احناف کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ آبِ مستعمل کے ذریعے طہارت حاصل نہیں ہوسکتی اس لیے اس سے وضو کرنا جائز نہیں ہوگا البتہ کیا آبِ مستعمل خود پاک ہوتا ہے اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسا پانی پاک ہوتا ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی روایت منقول ہے اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جس بھی پانی سے حدث دور کیا جائے (یعنی بے وضو حالت میں وضو کرلیا گیا ہو یا جنابت کی حالت میں غسل کرلیا گیا ہو) یا جسے عبادت کے لیے استعمال کیا گیا ہو تو حکم یہ ہے کہ جیسے ہی وہ انسان کے عضو سے الگ ہوگا وہ آبِ مستعمل شمار ہو گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اس بارے میں چھوٹے حدث (یعنی بے وضو حالت) اور بڑے حدث (یعنی جنابت کی حالت) کا حکم برابر ہے۔ (عینی شرح کنز)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنے دونوں بازو دھو رہا تھا اور اس کے بازو دھونے سے جو پانی گر رہا تھا وہ پانی کسی اور شخص نے ہاتھ نیچے لے جا کر حاصل کیا اور اس سے اپنے عضو کو دھولیا تو یہ جائز نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

Marfat.com

مسئلہ: اگر کوئی بے وضو شخص یا جنابت کی حالت والا شخص یا حیض والی عورت جو غسل کرنے لگی ہے اگر وہ پانی لینے کے لیے اپنا ہاتھ پانی میں داخل کرتے ہیں تو ضرورت کے پیش نظر اس پانی کو مستعمل قرار نہیں دیا جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر پانی نکالنے والا ڈبہ بالٹی میں گر جاتا ہے اور اسے نکالنے کے لیے آدمی کہنی تک ہاتھ اس میں ڈال لیتا ہے تو بھی پانی مستعمل نہیں ہوگا' لیکن وہ شخص صرف ہاتھوں کو ٹھنڈک پہنچانے کے لیے برتن میں داخل کرتا ہے تو پانی مستعمل شمار ہو جائے گا' کیونکہ یہاں اس طرح ہاتھ ڈالنے کی ضرورت نہیں تھی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: مشہور روایت کے مطابق امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ پانی کے مستعمل ہونے کے لیے یہ بات شرط ہے کہ انسان نے کوئی پورا عضو اُس میں داخل کیا ہو۔ (محیط)

مسئلہ: ایک یا دو انگلیوں کو پانی میں داخل کرنے سے پانی مستعمل شمار نہیں ہوتا' البتہ پوری ہتھیلی کو داخل کرنے سے مستعمل شمار ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر جنابت کی حالت والا کوئی شخص ڈول کو ڈھونڈنے کے لیے کنویں میں غوطہ لگا دیتا ہے تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اس کی جنابت باقی رہتی ہے اور پانی بھی اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے' جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اس صورت میں پانی پاک رہے گا اور جنابت والے شخص کی جنابت بھی ختم ہو جائے گی' جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت یہ نقل کی گئی ہے کہ اس صورت میں دونوں نجس ہو جائیں گے۔

مسئلہ: ایک قول یہ ہے کہ اس صورت میں آدمی پاک ہو جاتا ہے کیونکہ پانی اس کے جسم سے جدا ہونے سے پہلے مستعمل نہیں ہوتا اور یہ روایت قرین قیاس محسوس ہوتی ہے۔ (الہدایہ' تبیین)

مسئلہ: لیکن اگر کوئی شخص نماز کے لیے (وضو کرنے کے لیے) اس طرح کے پانی میں غوطہ لگا دیتا ہے تو اس بات پر اتفاق ہے کہ سارا پانی خراب ہو جائے گا۔ (نہایہ)

مسئلہ: اگر حیض والی کوئی عورت کنویں میں گر جاتی ہے تو اگر وہ خون کی آمد منقطع ہو جانے کے بعد کنویں میں گری ہے اور اس کے اعضاء پر کوئی نجاست بھی نہیں لگی تو اس کا حکم جنبی شخص کی مانند ہوگا' لیکن اگر اس کا خون بند نہیں ہوا' اس سے پہلے وہ گر گئی ہے' تو اس کی مثال پاک شخص کی طرح ہوگی کیونکہ اس طرح سے گرنے کے نتیجے میں وہ حیض کی ناپاکی کے حکم سے باہر نہیں آئے گی (اب اگر اس کنویں میں اس کا کچھ خون مل جاتا ہے' تو اس کا حکم خون کے اعتبار سے ہوگا' آبِ مستعمل کے اعتبار سے نہیں ہوگا)۔ (خلاصہ' قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص وضو کرتے ہوئے وضو کے اعضاء کے علاوہ جسم کے کسی اور حصے کو دھو لیتا ہے جیسے پہلو دھو لیتا ہے یا زانو کو دھو لیتا ہے' تو صحیح قول یہ ہے کہ اس صورت میں پانی مستعمل شمار نہیں ہوگا' پانی صرف اس وقت مستعمل شمار ہوگا جب وہ وضو کے مخصوص اعضاء کو دھوتا ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی پاک شخص مٹی' آٹا یا میل صاف کرنے کے لیے اعضائے وضو کو دھوتا ہے یا ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے

Marfat.com

نہاتا ہے' تو محض اس وجہ سے پانی مستعمل نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی بے وضو شخص ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے یا کسی دوسرے کو سکھانے کے لیے وضو کرتا ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پانی مستعمل شمار ہوگا' جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مستعمل شمار نہیں ہوگا۔

(خلاصہ)

یہاں ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ اگر کوئی نابالغ لڑکا اس طرح سے پانی استعمال کر لیتا ہے' تو کیا وہ مستعمل شمار ہوگا؟ اس بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر وہ لڑکا سمجھدار ہے' تو اس کے وضو کرنے کی وجہ سے پانی مستعمل ہو جائے گا' ورنہ نہیں ہوگا۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کھانا کھانے سے پہلے یا کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوتا ہے' تو پانی مستعمل ہو جائے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کسی مقتول کا سر تن سے جدا ہو جاتا ہے' تو اگر اس کے سر کو دھویا جائے تو وہ پانی بھی مستعمل شمار ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر جنبی شخص غسل کر رہا ہو اور اس کے جسم سے کچھ پانی برتن میں ٹپک جائے تو پانی خراب نہیں ہوگا' لیکن اگر ٹپکنے والا پانی برتن میں موجود پانی پر غالب آ جاتا ہے' تو اس برتن کا پانی خراب ہو جائے گا۔

مسئلہ: اسی طرح حمام کے حوض کا بھی یہی حکم ہے کہ جب تک مستعمل پانی اس میں موجود پانی پر غالب نہیں آتا' اس وقت تک وہ پانی پاک کرنے والا شمار ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: مستعمل پانی اگر کنویں میں گر جاتا ہے' تو اس وقت تک کنویں کا پانی خراب شمار نہیں ہوگا' جب تک مستعمل پانی اس پر غالب نہیں آ جاتا' یہی قول درست ہے۔ (محیط سرخسی)

•••———•••———•••

## 2 - باب ذِكْرِ بِئْرِ بُضَاعَةَ

## باب: بضاعہ کنوئیں کا تذکرہ

325 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَتَوَضَّاُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِيَ بِئْرٌ يُطْرَحُ فِيْهَا لُحُوْمُ الْكِلَابِ وَالْحِيَضُ وَالنَّتَنُ فَقَالَ "اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ".

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا آپ بضاعہ کنوئیں کے پانی سے وضو کر لیتے ہیں؟ جبکہ وہ ایک ایسا کنواں ہے' جس میں کتوں کا گوشت' حیض والی عورتوں کے کپڑے اور دیگر گندگی کی چیزیں پھینکی جاتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' کہ پانی پاک ہوتا ہے' اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

326 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ

325-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب ما جاء في بئر بضاعة (الحديث 66) و (الحديث 67) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء ان الماء لا ينجسه شيئء (الحديث 66) . تحفة الاشراف (4144) .

326-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف . (4125)

Marfat.com

وَكَانَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ - عَنْ مُّطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِى نَوْفٍ عَنْ سَلِيطٍ عَنِ ابْنِ اَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَرَرْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَوَضَّاُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ فَقُلْتُ اَتَتَوَضَّاُ مِنْهَا وَهِىَ يُطْرَحُ فِيْهَا مَا يُكْرَهُ مِنَ النَّتْنِ فَقَالَ "اَلْمَآءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَیْءٌ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا' آپ اس وقت بضاعہ کنوئیں سے وضو کر رہے تھے' میں نے عرض کی: کیا آپ اس سے وضو کر رہے ہیں؟ حالانکہ اس میں ناپسندیدہ گندگی پھینکی جاتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی ہے۔

## 3 - باب التَّوْقِيْتِ فِى الْمَاءِ

## باب: پانی میں مقدار متعین کرنا

327 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ فَقَالَ "اِذَا كَانَ الْمَآءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ ."

☆☆ عبیداللہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے پانی کے بارے میں دریافت کیا گیا جس میں سے جانور اور درندے آ کر پیتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب پانی دو قلے ہو جائے وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

328 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَعْرَابِيًّا بَالَ فِى الْمَسْجِدِ فَقَامَ اِلَيْهِ بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا تُزْرِمُوْهُ ." فَلَمَّا فَرَغَ دَعَا بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک دیہاتی نے مسجد میں پیشاب کر دیا' کچھ لوگ اُٹھ کر اس کی طرف بڑھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے روکو نہیں' جب وہ فارغ ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ڈول منگوا کر اس پر بہا دیا۔

329 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ اَعْرَابِىٌّ فَبَالَ فِى الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "دَعُوْهُ وَاَهْرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهِ دَلْوًا مِّنْ مَّآءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ ."

---

327-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب ما ينجس الماء (الحديث 64) و (الحديث 65) مختصرًا واخرجه الترمذي في الطهارة، باب منه آخر (الحديث 67) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة، باب مقدار الماء الذي لا ينجس (الحديث 517) و (الحديث 518) مختصرًا تحفة الاشراف (7305) .

328-تقدم في الطهارة، ترك التوقيت في الماء (الحديث 53) .

329-تقدم في الطهارة، ترك التوقيت في الماء (الحديث 56) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک دیہاتی اُٹھا اور اس نے مسجد میں پیشاب کرنا شروع کر دیا' لوگ اس کی طرف بڑھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اسے رہنے دو' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیشاب پر پانی کا ایک ڈول بہانے کی ہدایت کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں کو آسانی فراہم کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے' تمہیں مشکل میں ڈالنے کے لیے نہیں بھیجا گیا۔

## 4 - باب النَّهْيِ عَنِ اغْتِسَالِ الْجُنُبِ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ

## باب: جنبی شخص کے ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کرنے کی ممانعت

330 - اَخْبَرَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ عَمْرٍو - وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ - عَنْ بُكَيْرٍ اَنَّ اَبَا السَّائِبِ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يَغْتَسِلُ اَحَدُكُمْ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی شخص جنابت کی حالت میں ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل نہ کرے۔

## 5 - باب الْوُضُوْءِ بِمَآءِ الْبَحْرِ

## باب: سمندر کے پانی سے وضو کرنا

331 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ اَبِيْ بُرْدَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيْلَ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّاُ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سمندر میں سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے کر جاتے ہیں' اگر ہم اس کے ذریعے وضو کر لیتے ہیں' تو خود پیاسے رہ جائیں گے' کیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کر لیا کریں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس (سمندر) کا پانی پاک کرنے والا ہوتا ہے اور اس کا مردار حلال ہوتا ہے۔

## 6 - باب الْوُضُوْءِ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

## باب: برف اور اولوں کے پانی سے وضو کرنا

330-تقدم في الطهارة، باب النهي عن اغتسال الجنب في الماء الدائم (الحديث 220) .

331-تقدم في الطهارة، باب في ماء البحر (الحديث 59) .

Marfat.com

332 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَانَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

"اے اللہ! میری خطاؤں کو برف اور اولوں کے پانی کے ذریعے دھو دے اور میرے دل کو خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے' جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا جاتا ہے"۔

333 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَانَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِیْ مِنْ خَطَايَایَ بِالثَّلْجِ وَالْمَآءِ وَالْبَرَدِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے:

"اے اللہ! میری خطاؤں کو برف' پانی اور اولوں کے ذریعے دھو دے"۔

## 7 - باب سُؤْرِ الْكَلْبِ

### باب: کتے کے جوٹھے کا حکم

334 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ رَزِيْنٍ وَّاَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيُرِقْهُ ثُمَّ لِيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے' تو وہ اس شخص میں موجود چیز کو بہا دے اور اسے سات مرتبہ دھوئے۔

## 8 - باب تَعْفِيرِ الْاِنَاءِ بِالتُّرَابِ مِنْ وُلُوْغِ الْكَلْبِ فِيْهِ

### باب: جس برتن میں کتا منہ ڈال دے' اُسے مٹی کے ذریعے صاف کرنے کا حکم

335 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ - يَعْنِی ابْنَ الْحَارِثِ - عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ وَرَخَّصَ فِی

332-تقدم في الطهارة، الوضوء بماء الثلج (الحديث 61) .

333-تقدم في الطهارة، باب الوصنو با لثلج (الحديث 60) مطولاً .

334-تقدم في الطهارة، الامر بار اقة ما في الاناء اذا و لغ فيه الكلب (الحديث 66) .

335-تقدم في الطهارة، باب تعفير الاناء الذي و لغ فيه الكلب بالتراب (الحديث 67) .

Marfat.com

كَلْبِ الصَّيْدِ وَالْغَنَمِ وَقَالَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَّعَفِّرُوْهُ الثَّامِنَةَ بِالتُّرَابِ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' (پہلے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مار دینے کا حکم دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شکار کے لیے اور بکریوں (کی حفاظت) کے لیے کتے (کو پالنے) کی اجازت دی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اُسے سات مرتبہ دھوؤ اور آٹھویں مرتبہ مٹی کے ذریعے صاف کرو''۔

336 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ يَزِيْدَ بْنِ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ قَالَ "مَا بَالُهُمْ وَبَالُ الْكِلَابِ". قَالَ وَرَخَّصَ فِي كَلْبِ الصَّيْدِ وَكَلْبِ الْغَنَمِ وَقَالَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَّعَفِّرُوا الثَّامِنَةَ بِالتُّرَابِ". خَالَفَهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ اِحْدَاهُنَّ بِالتُّرَابِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(پہلے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مار دینے کا حکم دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کا کتوں سے کیا واسطہ''۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شکار کرنے یا بکریوں کی حفاظت کے لیے کتا (پالنے) کی اجازت دی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو تم اُسے سات مرتبہ دھولو اور آٹھویں مرتبہ مٹی کے ذریعے (مل کے) صاف کرلو''۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس سے مختلف روایت نقل کی ہے' انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:)

''ان میں سے ایک مرتبہ مٹی کے ذریعے (مل کے) صاف کرو''۔

337 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اُوْلَاهُنَّ بِالتُّرَابِ".

☆☆ ابورافع بیان کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اُسے سات مرتبہ دھولے' جن میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے (مل کے) صاف کرے''۔

338 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ ابْنِ

336-تقدم في الطهارة، باب تعفير الاناء الذي و لغ فيه الكلب بالتراب (الحديث 67) .

337-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (14664) .

Marfat.com

سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِىْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اُولاهُنَّ بِالتُّرَابِ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کتا کسی کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اُسے سات مرتبہ دھولے' جس میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ذریعے (مل کے) صاف کرے''۔

# 9 - باب سُؤْرِ الْهِرَّةِ

## باب: بلی کے جوٹھے کا حکم

339 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ عَلَيْهَا ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا فَسَكَبْتُ لَهُ وَضُوْءًا فَجَائَتْ هِرَّةٌ فَشَرِبَتْ مِنْهُ فَاَصْغَى لَهَا الْاِنَاءَ حَتّٰى شَرِبَتْ قَالَتْ كَبْشَةُ فَرَآنِىْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ اَتَعْجَبِيْنَ يَا ابْنَةَ اَخِىْ قُلْتُ نَعَمْ . قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ اِنَّمَا هِىَ مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ وَالطَّوَّافَاتِ ."

☆☆ سیّدہ کبشہ بنت کعب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ان کے ہاں تشریف لائے' پھر انہوں نے ایک کلمہ ذکر کیا' جس کا مطلب یہ تھا کہ میں نے ان کے لیے پانی رکھا' اسی دوران ایک بلی آ گئی' اس بلی نے اس برتن میں سے پانی پی لیا' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے برتن کا رخ اُس کی طرف کر دیا تو اس بلی نے پانی پی لیا۔

سیّدہ کبشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں' کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے مجھے دیکھا کہ میں غور سے ان کی طرف دیکھ رہی ہوں' تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بھتیجی! کیا تم اس بات پر حیران ہو رہی ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''یہ ناپاک نہیں ہے بلکہ یہ تمہارے پاس گھر میں آنے والے جانوروں میں سے ایک ہے''۔

### شرح

### جوٹھے کے احکام

مسئلہ: ہر چیز کے پسینے میں اس کے جوٹھے کے حکم کا اعتبار کیا جائے گا۔ (الہدایہ)

مسئلہ: گدھے اور خچر کا پسینہ یا لعاب اگر تھوڑے پانی میں شامل ہو جاتا ہے' تو وہ اس کو خراب کر دے گا اگرچہ وہ لعاب یا پسینہ تھوڑا ہو۔ (محیط)

338-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب الوضوء بو ر الكلب (الحديث 73) بنحوه، و فيه (السابعة بالتراب) . تحفة الاشراف (14495) .

339-تقدم في الطهارة، سور الهرة (الحديث 68) .

Marfat.com

مسئلہ: اگر کپڑے پر ان کا لعاب یا پسینہ زیادہ بھی لگ جاتا ہے' تو ظاہر الروایۃ کے مطابق اس کپڑے کو پہن کر نماز ادا کرنا جائز ہوگا۔ (خزانۃ المفتین)

مسئلہ: آدمی کا جوٹھا پاک ہوتا ہے' جنبی شخص' حیض والی عورت' نفاس والی عورت بھی اس کے حکم میں شامل ہوں گے' البتہ شرابی کافر' یا ایسا شخص جس کے منہ سے خون نکلتا ہے' ان کا حکم مختلف ہوگا' اگر وہ کسی برتن میں سے پانی پی لیتے ہیں' تو ان کا جوٹھا نجس شمار ہوگا۔

اجنبی مرد کے لیے عورت کا جوٹھا اور عورت کے لیے اجنبی مرد کا جوٹھا مکروہ ہے' لیکن وہ ناپاک ہونے کے حوالے سے نہیں بلکہ لذت کے حصول کے حوالے سے ہے۔ (نہر الفائق)

مسئلہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ گھوڑے کا پس خوردہ پاک ہوتا ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: جن پرندوں اور چرندوں کا گوشت کھایا جاتا ہے' ان کا جوٹھا پاک ہوتا ہے' البتہ وہ مرغی' اونٹ یا بیل جو نجاست کھاتے ہوں' ان کا جوٹھا مکروہ ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: وہ جانور جن کا خون نہیں بہتا ہے خواہ وہ پانی میں رہتے ہوں یا خشکی پر رہتے ہوں' ان کا جوٹھا پاک ہوتا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: گھروں میں رہنے والے کیڑے مکوڑے جیسے سانپ' چوہا' بلی وغیرہ کا جوٹھا مکروہ تنزیہی ہے' یہی قول صحیح ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: بلی کا جوٹھا کھانا مکروہ ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی بلی' چوہا کھانے کے فوراً بعد پانی پی لیتی ہے' تو وہ پانی نجس ہو جائے گا' لیکن اگر کچھ دیر کے بعد پیتی ہے' تو پانی نجس نہیں ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: شکاری پرندوں اور درندوں کا جوٹھا مکروہ ہے' ایک روایت کے مطابق امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر اس طرح کے پرندوں کو قید کیا جاتا ہے اور اس کا مالک یہ جانتا ہے کہ اس شکاری پرندے کی چونچ پر کوئی نجاست نہیں لگی ہوئی تو اس کا جوٹھا پینا مکروہ نہیں ہوگا اور مشائخ نے اسی قول کو مستحسن قرار دیا ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: وہ جانور جو وحشی نہیں ہیں' لیکن ان کا گوشت بھی نہیں کھایا جاتا' ان کا جوٹھا پاک اور مکروہ ہے اور یہ حکم استحسان کے پیشِ نظر ہے۔ (مبسوط)

مسئلہ: کتے' خنزیر' درندے اور چوپاؤں کا جوٹھا نجس ہوتا ہے۔ (کنز)

مسئلہ: ہر ایسا پرندہ یا جانور جس کا خون جاری نہیں ہوتا' اگر وہ پانی میں مرجاتا ہے' تو پانی نجس نہیں ہوگا' جیسے مچھر' مکھی' بھڑ' بچھو وغیرہ۔

مسئلہ: اسی طرح اگر پانی کا جانور پانی میں مرجاتا ہے' تو بھی پانی خراب نہیں ہوگا جیسے مچھلی' مینڈک وغیرہ۔

Marfat.com

مسئلہ: مردار کا بال ہڈی پٹھا کھر سم پشم اون پر دانت چونچ پاک ہوتے ہیں آدمی کے بال اور اس کی ہڈی کا بھی یہی حکم ہے۔ (اختیار شرح مختار)

مسئلہ: خنزیر کے تمام اعضاء نجس ہیں۔ (اختیار شرح مختار)

مسئلہ: جس چمڑے کی دباغت کر لی جاتی ہے اس چمڑے پر نماز ادا کرنا یا اس کے مشکیزے کے ذریعے پانی حاصل کر کے وضو کرنا جائز ہے خواہ چمڑے کی دباغت حقیقی اعتبار سے کی جائے یا حکمی اعتبار سے کی جائے البتہ آدمی اور خنزیر کے چمڑے کا حکم مختلف ہوگا۔ (زاہدی)

مسئلہ: دباغت کے بعد جب چمڑے کو پانی لگ جائے تو وہ نجس نہیں ہوتا حقیقی اور حکمی دونوں طرح کی دباغت کا یہی حکم ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: آبِ مستعمل کا پینا مکروہ ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: بہتے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا مکروہ ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا بھی مکروہ ہے اور یہی قول مختار ہے۔ (تاتارخانیہ)

•••——•••——•••

## 10 - باب سُؤْرِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت کے جوٹھے کا حکم

340 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ فَيَضَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاهُ حَيْثُ وَضَعْتُهُ وَاَنَا حَائِضٌ وَّكُنْتُ اَشْرَبُ مِنَ الْاِنَاءِ فَيَضَعُ فَاهُ حَيْثُ وَضَعْتُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ بعض اوقات میں کوئی ہڈی چوسا کرتی تھی تو نبی اکرم ﷺ اپنا منہ مبارک اسی جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا تھا حالانکہ میں اُس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔ اسی طرح بعض اوقات میں برتن میں سے پانی پی لیتی تھی تو نبی اکرم ﷺ اپنا منہ مبارک اُسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے رکھا تھا حالانکہ میں اُس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 11 - باب الرُّخْصَةِ فِي فَضْلِ الْمَرْاَةِ

### باب: عورت کے بچائے ہوئے کو استعمال کرنے کی رخصت

341 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ

340-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

341-تقدم في الطهارة، باب وضوء الرجال و النساء جميعًا (الحديث 71) .

Marfat.com

الرِّجَالُ وَالنِّسَآءُ يَتَوَضَّئُوْنَ فِي زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْعًا ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مرد اور خواتین (یعنی میاں بیوی) ایک ساتھ وضو کرلیا کرتے تھے۔

## 12 - باب النَّهْيِ عَنْ فَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ

### باب: عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی (کو استعمال کرنے) کی ممانعت

342 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَاجِبٍ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاسْمُهُ سَوَادَةُ بْنُ عَاصِمٍ - عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّتَوَضَّاَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ ۔

☆☆ حضرت حکم بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ آدمی عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرلے۔

## 13 - باب الرُّخْصَةِ فِي فَضْلِ الْجُنُبِ

### باب: جنبی شخص کے بچائے ہوئے پانی (کو استعمال کرنے) کی اجازت

343 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِنَاءِ الْوَاحِدِ ۔

☆☆ عروہ' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی برتن میں سے (پانی لے کر) غسل کرلیا کرتی تھیں۔

## 14 - باب الْقَدْرِ الَّذِيْ يَكْتَفِيْ بِهِ الْاِنْسَانُ مِنَ الْمَآءِ لِلْوُضُوْءِ وَالْغُسْلِ

### باب: پانی کی اُس مقدار کا بیان جو انسان کے وضو یا غسل کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے

344 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِمَكُّوْكٍ وَّيَغْتَسِلُ بِخَمْسَةِ مَكَاكِيَّ ۔

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مکوک (پانی) کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور

342-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب النهي عن ذلك (الحديث 82) . واخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في كراهية فضل طهور المراة (الحديث 63 و64) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب النهي عن ذلك (الحديث 373) . تحفة الاشراف (3421) .

343-تقدم في الطهارة، باب فضل الجنب (الحديث 72) .

344-تقدم في الطهارة، باب القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء للوضوء (الحديث 73) .

Marfat.com

پانچ مکوک پانی کے ذریعے غسل کرلیا کرتے تھے۔

345 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ - يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ - عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّأُ بِمُدٍّ وَّيَغْتَسِلُ بِنَحْوِ الصَّاعِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مُد (پانی) کے ذریعے وضو کر لیتے تھے اور تقریباً ایک صاع (پانی) کے ذریعے غسل کرلیا کرتے تھے۔

346 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مد (پانی) کے ذریعے وضو کرلیا کرتے تھے اور ایک صاع (پانی) کے ذریعے غسل کر لیتے تھے۔

---

345-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب ما يجزيء من الماء في الوضوء (الحديث 92) . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في مقدار الماء للوضوء و الغسل من الجنابة (الحديث 268) . تحفة الاشراف (17854) .

346-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (17837) .

Marfat.com

# 3 - كِتَابُ الْحَيْضِ وَالِاسْتِحَاضَةِ

## حیض اور استحاضہ (سے متعلق روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''حیض اور استحاضہ (سے متعلق روایات)'' میں 26 تراجم ابواب اور 46 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 6 ہوگی۔

## 1 - باب بَدْءُ الْحَيْضِ وَهَلْ يُسَمَّى الْحَيْضُ نِفَاسًا

### باب: حیض کا آغاز' اس کو نفاس کہا جا سکتا ہے؟

347 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرَى اِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي فَقَالَ "مَا لَكِ اَنَفِسْتِ." قُلْتُ نَعَمْ. قَالَ "هٰذَا اَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى بَنَاتِ اٰدَمَ فَاقْضِي مَا يَقْضِي الْحَاجُّ غَيْرَ اَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ."

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا' جب ہم ''سرف'' کے مقام پر پہنچے تو مجھے حیض آ گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' تو میں اُس وقت رو رہی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ کیا تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ ایک ایسی چیز ہے' جو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی بیٹیوں کے نصیب میں لکھ دی ہے' تم وہ سب کچھ ادا کرو! جو حاجی ادا کرتے ہیں' البتہ تم بیت اللہ کا طواف نہ کرنا''۔

### شرح

خون کی ان اقسام کا تذکرہ' جو خواتین کے ساتھ مخصوص ہیں' یہ تین قسمیں ہیں: حیض' نفاس' استحاضہ

347-تقدم في الطهارة، باب ما تفعل المحرمة اذا حاضت (الحديث 289) .

Marfat.com

# حیض کے احکام

## حیض کی تعریف

مسئلہ: حیض وہ خون ہے جو رحم سے خارج ہوتا ہے لیکن ولادت کی وجہ سے (یعنی ولادت کے فوراً بعد) نہیں نکلتا۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: پچھلی شرمگاہ سے نکلنے والا خون حیض شمار نہیں ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: خون کا حیض ہونا چند اُمور پر موقوف ہے' ان میں سے ایک وقت ہے اور یہ ۹ برس کی عمر سے لے کر سنِ ایاس تک کی عمر ہے۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: مختار قول کے مطابق سنِ ایاس سے مراد پچپن برس ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: جب کوئی عورت اتنی عمر کے بعد خون دیکھتی ہے' تو وہ حیض شمار نہیں ہوگا' ظاہری مذہب یہ ہے۔

مسئلہ: مختار قول یہ ہے کہ وہ اس کے بعد ایسا خون دیکھتی ہے جو گاڑھا ہو' تو وہ حیض شمار ہوگا۔ (شرح مجمع لابن الملک)

مسئلہ: اس بارے میں دوسرا حکم یہ ہے کہ خون خارج ہونا چاہیے اور اسے نکل کر فرج کے باہر والے حصے تک آنا چاہیے' خواہ خون کا یہ خروج شرمگاہ پر رکھے ہوئے کپڑے وغیرہ کے گرنے کے ہمراہ ہو' جب تک ایسے کپڑے کا کچھ حصہ خون اور شرمگاہ کے باہر والے حصے کے درمیان حائل ہے' اس وقت تک حیض شمار نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: کوئی عورت پاک تھی' پھر اس نے شرمگاہ پر رکھے ہوئے کپڑے پر خون کا نشان دیکھا تو جس وقت اس نے اس کپڑے کو اُتارا تھا' اسی وقت سے حیض کا حکم جاری ہو جائے گا' اسی طرح حیض والی عورت نے شرمگاہ پر کپڑا رکھا اور پھر اسے (ایک متعین وقت تک) خون کا نشان نظر نہیں آیا تو جس وقت اس نے وہ کپڑا رکھا تھا' اس وقت سے خون کی آمد منقطع ہونے کا حکم جاری کیا جائے گا۔ (شرح وقایہ)

مسئلہ: حیض میں سیلان شرط نہیں ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ان میں سے ایک حکم یہ ہے کہ خون کا چھ مخصوص رنگوں میں سے کوئی ایک رنگ ہونا چاہیے: سیاہ' سرخ' زرد' مٹیالہ' سبز' خاکی۔ (نہایہ)

مسئلہ: شرمگاہ پر رکھے ہوئے کپڑے پر موجود اس رنگ کا اعتبار ہوگا کہ جب کپڑے کو ہٹاتے وقت وہ کپڑا تر ہو' اس وقت کا اعتبار نہیں ہوگا جب وہ خشک ہو جاتا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جب کپڑے کو ہٹایا گیا تھا اس وقت وہ سفید تھا' جب خشک ہو گیا تو اس کا رنگ زرد ہو گیا تو وہ سفید ہی شمار ہوگا' لیکن اگر کپڑے کو اُٹھانے کے وقت سرخ یا زرد رنگ نظر آیا' بعد میں خشک ہونے کے بعد وہ سفید ہو گیا تو جس حالت میں دیکھا تھا' اس حالت کا اعتبار کیا جائے گا' تغیر کے بعد جو حالت سامنے آئی ہے' اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ (تجنیس)

Marfat.com

مسئلہ: اس بارے میں ایک امر حیض کی مدت ہے' ظاہر الروایۃ کے مطابق حیض کی کم از کم مدت تین دن اور تین راتیں ہے۔ (تبیین)

## حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت

مسئلہ: حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت ۱۰ دن اور ۱۰ راتیں ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس حوالے سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ حیض آنے سے پہلے طہر کی مکمل مدت گزر چکی ہو اور رحم میں حمل نہیں ہونا چاہیے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر عورت کو ایک مرتبہ خون آیا' اس کے بعد طہر آ گیا' پھر دوسری مرتبہ خون آ گیا تو دونوں مرتبہ خون آنے کے بعد درمیان حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت ہو (یعنی ۱۰ دن کے اندر دونوں مرتبہ ایسا ہو جائے) تو وہ پورا عرصہ حیض شمار ہوگا اور اگر دوسری مرتبہ آنے والا خون حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت کے بعد آیا تو وہ حیض شمار نہیں ہوگا۔

مسئلہ: لیکن اگر دونوں مرتبہ کا خون ۱۰ دن کے اندر ہی آ جاتا ہے' تو طہر اور خون کی آمد دونوں حیض شمار ہوں گے' خواہ عورت کو پہلی مرتبہ حیض آ رہا ہو یا اسے مخصوص عادت کے مطابق پہلے بھی حیض آتا رہا ہو' لیکن اگر دس دن سے تجاوز کر جاتے ہیں' تو اگر حیض پہلی مرتبہ آیا ہے' تو ابتدائی دس دن حیض شمار ہوں گے' لیکن اگر عورت کو پہلے بھی حیض آتا تھا تو اس کی عام عادت کے مطابق دن حیض شمار ہوں گے اور باقی دن طہر شمار ہوں گے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: حیض کا آغاز طہر کے ذریعے ہونا جائز ہے' جبکہ اس سے پہلے خون موجود ہو' اسی طرح طہر کے ذریعے حیض کا ختم ہونا بھی جائز ہے' جبکہ اس کے بعد خون ہو۔ (تبیین)

مسئلہ: جب طہر ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ہو' تو وہ فصل کرنے والا شمار ہوگا (تو ۱۵ دن سے پہلے یا ۱۵ دن کے بعد) آنے والے خون میں سے ہر ایک کو الگ سے حیض قرار دیا جا سکے گا جہاں تک ممکن ہو۔ (محیط)

مسئلہ: طہر کی کم از کم مدت ۱۵ دن ہے' اس کی زیادہ سے زیادہ مدت کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

مسئلہ: لیکن اگر کسی کی عادت مقرر کرنے کی ضرورت پیش آ جاتی ہے' یعنی کوئی عورت ہے جو ایسی حالت میں بالغ ہوئی ہے کہ اسے مسلسل خون آ رہا ہے' تو ہر مہینے کے دس دن حیض سمجھے جائیں گے باقی دن طہر سمجھے جائیں گے۔ (ہدایہ)

# دوسری فصل: نفاس سے متعلق احکام

## نفاس کی تعریف

مسئلہ: اس سے مراد وہ خون ہے جو ولادت کے بعد آتا ہے' متون میں یہی بات تحریر ہے۔

مسئلہ: اگر بچہ پیدا ہو جاتا ہے اور عورت کا خون نہیں نکلتا تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس پر غسل واجب نہیں ہوگا' امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی روایت نقل کی گئی ہے اور یہی قول صحیح ہے' تاہم بچے کے ہمراہ نجاست کے خروج کی وجہ سے عورت پر

Marfat.com

وضو کرنا لازم ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس صورت میں بھی عورت پر غسل واجب ہوگا' اکثر مشائخ نے ان ہی کے قول کو اختیار کیا ہے اور صدر الشریعہ نے اسی پر فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

## نفاس کی کم از کم مدت

مسئلہ: نفاس کی کم از کم مدت وہی ہے کہ جب تک خون آتا رہتا ہے' خواہ وہ ایک لمحے کے لیے ہی کیوں نہ ہو اور فتویٰ بھی اسی قول پر ہے جبکہ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے۔ (سراجیہ)

مسئلہ: اگر چالیس دن کے بعد بھی خون آتا رہتا ہے' تو جس عورت کو پہلی مرتبہ نفاس آیا ہے' تو اس کے پہلے چالیس دن نفاس شمار ہوں گے اور باقی دن استحاضہ شمار ہوں گے' لیکن اگر اس عورت کو پہلے بھی نفاس آ چکا ہو' تو اس کی عام عادت کے مطابق دنوں کو نفاس قرار دیا جائے گا اور بقیہ دن استحاضہ شمار ہوں گے۔ (محیط)

مسئلہ: ان چالیس دنوں کے دوران اگر دو مرتبہ خون کی آمد کے درمیان طہر آ جاتا ہے' تو خواہ وہ پندرہ دن کا ہی کیوں نہ ہو' تو بھی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسے نفاس ہی سمجھا جائے گا' فتویٰ اسی پر ہے' جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نفاس کی عادت تبدیل ہو جاتی ہے۔

(خلاصہ)

# تیسری فصل: استحاضہ کے احکام

## استحاضہ کی تعریف

مسئلہ: حیض یا نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت گزر جانے کے بعد یا طہر کی کم از کم مدت پورے ہونے سے پہلے جو خون ظاہر ہوتا ہے' وہ استحاضہ قرار دیا جاتا ہے' یہ حکم اس خاتون کے لیے ہے جسے پہلی مرتبہ خون آیا ہے' تو حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت کے بعد' یعنی دس دن کے بعد' جتنے بھی دن تک خون آتا رہے گا' وہ استحاضہ شمار ہوگا' لیکن اگر عورت کو پہلے بھی حیض آتا تھا تو اب اس کی معمول کی عادت کے مطابق حیض شمار ہوگا اور اضافی دن استحاضہ شمار ہوں گے' اسی طرح حیض کی کم از کم مدت سے کم عرصے کے لیے جو خون آتا ہے' وہ بھی استحاضہ شمار ہوتا ہے' اسی طرح زیادہ عمر رسیدہ عورت یا زیادہ چھوٹی لڑکی کا خون نکل آئے تو وہ استحاضہ شمار ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: حاملہ عورت آغاز میں جو خون دیکھتی ہے یا بچے کی ولادت سے پہلے جو خون نکلتا ہے' وہ استحاضہ شمار ہوگا۔ (ہدایہ)

# چوتھی فصل: حیض' نفاس' استحاضہ کے احکام

## حیض اور نفاس کے مشترکہ احکام

مسئلہ: حیض اور نفاس کے مشترکہ احکام آٹھ ہیں:

Marfat.com

پہلا حکم یہ ہے کہ حیض اور نفاس والی عورت سے نماز ساقط ہو جاتی ہے اور اس نماز کی قضاء بھی اس پر لازم نہیں ہوتی۔ (کفایہ)

مسئلہ: عورت کو جب پہلی مرتبہ خون نظر آئے گا تو وہ اس وقت نماز چھوڑ دے گی۔ (تاتارخانیہ نوازل تبیین)

مسئلہ: جس نماز کے وقت میں حیض یا نفاس آ جاتا ہے اس وقت کا فرض عورت کے ذمے سے ساقط ہو جائے گا' خواہ نماز پڑھنے کا وقت باقی رہا ہو یا نہ رہا ہو۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: اگر عورت نماز کے آخری وقت میں نماز شروع کرتی ہے اور پھر اسے حیض آتا ہے' تو اب بعد میں اس پر اس نماز کی قضاء لازم نہیں ہوگی' لیکن اگر اس نے نفل نماز شروع کی تھی تو قضاء لازم ہوگی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: حیض والی عورت کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ نماز کے وقت وہ وضو کر کے اپنے گھر میں نماز پڑھنے کی مخصوص جگہ پر آ کر بیٹھ جائے اور جتنی دیر نماز ادا کرتی تھی' اتنی دیر سبحان اللہ' لا الہ الا اللہ پڑھتی رہے (یعنی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتی رہے)۔ (سراجیہ)

مسئلہ: حیض والی عورت اگر آیتِ سجدہ کی تلاوت سن لیتی ہے' تو اس پر سجدہ واجب نہیں ہوتا۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: ان کے لیے ایک مخصوص حکم یہ بھی ہے کہ ان پر روزہ رکھنا حرام ہوتا ہے' تاہم اس کی قضاء لازم ہوتی ہے۔ (کفایہ)

مسئلہ: اگر حیض یا نفاس والی کسی عورت نے نفلی روزہ رکھا اور درمیان میں حیض آ گیا تو احتیاط کے پیش نظر اس پر قضاء لازم ہوگی۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: ان کے بارے میں ایک حکم یہ ہے کہ حیض یا نفاس والی عورت اور جنبی شخص کا مسجد میں داخل ہونا حرام ہے' خواہ وہ وہاں بیٹھنے کے لیے مسجد میں داخل ہوں یا مسجد میں سے گزرنے کے لیے اس میں داخل ہو جائیں۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: جو جگہ نمازِ جنازہ ادا کرنے کے لیے' عید کی نماز ادا کرنے کے لیے' مقرر کی جاتی ہے' صحیح قول کے مطابق ان پر مسجد کا حکم لاگو نہیں ہوتا۔

(بحر الرائق)

مسئلہ: حیض والی عورت یا جنبی شخص قبرستان جا سکتے ہیں۔ (سراجیہ)

مسئلہ: ان کے بارے میں ایک حکم یہ ہے کہ حیض اور نفاس والی عورت کے لیے خانۂ کعبہ کا طواف کرنا حرام ہے خواہ مسجد کے باہر طواف کریں۔ (کفایہ)

مسئلہ: اسی طرح جنبی شخص کے لیے بھی طواف حرام ہے۔ (تبیین)

## قرآن کی تلاوت ممنوع ہونا

مسئلہ: ان احکام میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ ان کے لیے قرآن پڑھنا حرام ہے' حیض والی عورت' نفاس والی عورت اور جنبی شخص قرآن کا کوئی حصہ بھی نہیں پڑھیں گے' خواہ ایک مکمل آیت ہو یا اس سے کم ہو' لیکن اگر وہ کسی آیت کا کوئی ٹکڑا قرأت

Marfat.com

کی نیت سے نہیں بلکہ ذکر کے لیے پڑھ لیتے ہیں جیسے الحمدللہ کہہ دیتے ہیں یا بسم اللہ پڑھ لیتے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: آیت کے ایسے الفاظ جو بات کرتے ہوئے عام طور پر محاورے میں زبان پر آ جاتے ہیں ان کو ادا کرنا حرام نہیں ہو گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: حیض اور نفاس والی عورت اور جنبی شخص کے لیے تورات زبور اور انجیل کو پڑھنا مکروہ ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر معلمہ کو حیض آ جاتا ہے تو اس کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ ایک ایک لفظ کر کے لڑکوں کو تعلیم دے اور دو کلمات ادا کرنے کے درمیان توقف کر لے کیونکہ قرآن کو ہجوں کے ساتھ پڑھنا اس کے لیے مکروہ نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: ظاہر الروایۃ کے مطابق حیض اور نفاس والی عورت کے لیے دعائے قنوت پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: جنبی شخص اور حیض والی عورت کے لیے دعا پڑھنا اذان کا جواب دینا اور اس طرح کے دیگر کلمات پڑھنا جائز ہیں۔ (سراجیہ)

## قرآن کو چھونا ممنوع ہونا

مسئلہ: ان کے لیے ایک مخصوص حکم یہ بھی ہے کہ ان کے لیے قرآن کو چھونا حرام ہے حیض نفاس والی عورت جنبی شخص اور بے وضو شخص کے لیے قرآن کو چھونا جائز نہیں ہے لیکن اگر قرآن کسی ایسے غلاف میں ہو جو اس سے جدا ہو سکتا ہو جیسے تھیلی میں ہو یا ایسی جلد میں ہو جو قرآن کے ساتھ سلی ہوئی نہ ہو تو اسے چھونا جائز ہوگا لیکن جو قرآن کے ساتھ منفصل ہو اسے چھونا جائز نہیں ہوگا یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

اسی پر فتویٰ ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اسی طرح انسان نے جو کپڑے خود پہنے ہوئے ہوں ان کے ذریعے بھی ایسی حالت میں قرآن کو نہیں چھو سکتا۔

مسئلہ: اسی طرح تفسیر فقہ اور حدیث کی کتابوں کو بھی چھونا جائز نہیں ہے البتہ آستین سے چھونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی درہم یا لوح یا کسی اور چیز پر قرآن کی پوری آیت لکھی ہوئی ہو تو اسے بھی ایسی حالت میں چھونا جائز نہیں ہو گا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر قرآن کا فارسی ترجمہ یا (کسی بھی اور زبان میں ترجمہ) لکھا ہوا ہو تو اسے چھونا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مکروہ ہے صحیح قول کے مطابق امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: جنابت والے شخص حیض یا نفاس والی عورت کے لیے قرآن کی طرف دیکھنا مکروہ نہیں ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: جنبی شخص حیض یا نفاس والی عورت کے لیے کوئی ایسی چیز تحریر کرنا جس کی بعض سطروں میں قرآن کی آیات آ جاتی ہیں انہیں تحریر کرنا مکروہ ہے اگرچہ وہ اس کو پڑھتی نہیں ہے جنبی شخص قرآن کو لکھے گا نہیں اگرچہ تحریر زمین پر رکھی ہوئی ہو اور نہ

Marfat.com

اس پر ہاتھ رکھے گا' اگرچہ وہ ایک آیت سے کم ہو۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ وہ اسے تحریر نہ کرے' بخارا کے مشائخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ (ذخیرہ)

**صحبت حرام ہونا**

مسئلہ: ان احکام میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ حیض یا نفاس والی عورت کے ساتھ صحبت کرنا حرام ہے۔ (نہایہ' کفایہ)

مسئلہ: ایسی عورت کے شوہر کے لیے ایسی عورت کا بوسہ لینا' اس کو اپنے پاس لٹانا' اس کے پورے جسم سے لذت حاصل کرنا جائز ہے' البتہ گھٹنے سے لے کر ناف تک لذت حاصل نہیں کی جائے گی' یہ حکم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایسی حالت میں اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے اور یہ بات جانتا ہے کہ یہ عمل حرام ہے' تو اس پر توبہ واستغفار کے علاوہ کوئی چیز لازم نہیں ہوگی' تاہم اس کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ایک دینار یا نصف دینار صدقہ دے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: ان احکام میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ حیض یا نفاس والی عورت کا خون جیسے ہی بند ہوگا' اس پر غسل کرنا واجب ہو جائے گا۔ (کفایہ)

مسئلہ: اگر حیض والی عورت کی اکثر مدت یعنی حیض کی جو زیادہ سے زیادہ مدت ہے' جس کے دس دن گزر جاتے ہیں' تو ابھی اس نے غسل نہیں بھی کیا تو اس کے ساتھ صحبت کرنا جائز ہوگا' خواہ اس عورت کو پہلی مرتبہ حیض آیا ہو یا اسے عام عادت کے مطابق حیض آتا ہو' تاہم مستحب یہ ہے کہ جب تک وہ غسل نہیں کر لیتی' اس کے ساتھ صحبت نہ کی جائے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کسی عورت کے حیض کا خون دس دن سے پہلے بند ہو جاتا ہے' تو جب تک وہ غسل نہیں کر لیتی' یا اس پر آخری نماز کا پورا وقت نہیں گزر جاتا جو تکبیر تحریمہ کہنے اور غسل کرنے کو کافی ہو' تو اس وقت اس کے ساتھ صحبت جائز نہیں ہوگی' کیونکہ نماز اسی وقت لازم ہوتی ہے جب نماز کا آخری وقت کم از کم اتنا موجود ہو (جتنی دیر میں غسل کر کے تکبیر تحریمہ کہی جا سکے)۔ (زاہدی)

مسئلہ: اس بارے میں پورا وقت گزرنا شرط نہیں ہے' یعنی کسی نماز کے ابتدائی وقت میں خون بند ہو اور اسی بند ہونے کی حالت میں وہ تمام وقت گزر جائے' یہ شرط نہیں ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: اگر اس عورت کی عام عادت سے پہلے ہی خون کی آمد بند ہو جاتی ہے' تو اس کے ساتھ صحبت کرنا مکروہ ہے' خواہ وہ غسل بھی کر چکی ہو اور یہ اس وقت تک مکروہ رہے گا' جب تک اس کی عام عادت کے دن پورے نہیں ہو جاتے ہیں' تاہم اس دوران احتیاط کے طور پر اس عورت کا روزہ رکھنا اور نماز پڑھنا لازم ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کسی عورت کو خون کی آمد دس دن سے پہلے بند ہو جاتی ہے اور وہ پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمّم کر لیتی ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس کے ساتھ صحبت کرنا اس وقت تک جائز نہیں ہوگا جب تک وہ نماز ادا نہیں کر لیتی' پھر بعد میں اگر اسے پانی ملتا ہے' تو اب اس کے لیے (غسل کرنے سے پہلے) قرآن کی تلاوت حرام ہوگی' البتہ اس کے

Marfat.com

ساتھ صحبت کرنا حرام نہیں ہوگا' یہ حکم ہمارے نزدیک ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: جس عورت کو پہلی مرتبہ حیض آئے اور وہ دس دن سے پہلے پاک ہو جائے یا جس عورت کو عام عادت سے کم عرصے تک حیض آئے اور وہ پاک ہو جائے تو وہ وضو اور غسل میں اتنی تاخیر کرے گی کہ نماز کا مکروہ وقت شروع نہ ہو جائے۔ (زاہدی)

مسئلہ: پانچ احکام ایسے ہیں جو حیض کے ساتھ مخصوص ہیں: عدت (پوری ہونا)' استبراء (یعنی رحم کا نطفے سے خالی ہونے کا حکم جاری کرنا)' بالغ ہونے کا حکم' طلاقِ سنت اور طلاقِ بدعت میں فرق۔ (کفایہ)

مواتر روزوں کے اتصال کا منقطع نہ ہونا۔ (تبیین' مضمرات)

## معذور شخص کے احکام

### عذر کے ثبوت کے لیے شرط

مسئلہ: پہلی مرتبہ عذر ثابت ہونے کے لیے یہ بات شرط ہے کہ کسی ایک نماز کے پورے وقت تک وہ عذر برقرار رہے' اسی طرح عذر کے ختم ہونے کے لیے بھی یہ بات ضروری ہے کہ ایک نماز کے پورے وقت تک وہ عذر منقطع رہے' اس اصول کی بنیاد پر حکم یہ ہوگا کہ اگر ایک نماز کے وقت کے دوران خون آ گیا تو یہ نماز کے پورے وقت میں ثابت نہیں ہو سکے گا' اب اگر وہ عورت معذور کے طور پر وضو کر کے نماز پڑھ لیتی ہے' پھر اس نماز کا وقت ختم ہو جاتا ہے اور دوسری نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے یا اسی نماز کے وقت کے دوران خون کی آمد منقطع ہو جاتی ہے' تو اب وہ اس نماز کو دوبارہ ادا کرے گی' کیونکہ پورے وقت کے دوران عذر موجود نہیں رہا ہے' اگر اگلی نماز کے پورے وقت کے دوران عذر منقطع نہیں ہوتا' یہاں تک کہ اگلی نماز کا پورا وقت ختم ہو جاتا ہے' تو اب وہ اس نماز کا اعادہ نہیں کرے گی' کیونکہ اب یہاں ایک نماز کے پورے وقت میں عذر موجود ہے اور عذر کو باقی رہنے کے لیے یہ بات شرط ہے کہ کسی نماز کے پورے وقت کے دوران کوئی ایسا لمحہ نہیں ہونا چاہیے' جس میں وہ عذر موجود نہ ہو۔ (تبیین)

مسئلہ: استحاضہ کا شکار عورت' جس شخص کو پیشاب کے قطرے آنے کی شکایت ہو' جس شخص کے دست جاری ہوں' جس شخص کی بار بار ہوا خارج ہو جاتی ہو' جس شخص کی نکسیر جاری ہو' جس شخص کو کوئی ایسا زخم لگا ہوا ہو جو مسلسل بہتا ہو اور بند نہ ہوتا ہو' اس طرح کے تمام افراد ہر نماز کے لیے الگ وضو کریں گے' اس وضو کے ذریعے اس وقت کے دوران جتنے بھی چاہیں فرض اور نوافل ادا کر لیں گے (بشرطیکہ کسی اور حدث کی وجہ سے وہ بے وضو نہ ہو جائیں)۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر (استحاضہ کا شکار عورت) کے وضو کے دوران خون نکل رہا تھا' پھر نماز پڑھنے کے وقت بند ہو گیا' پھر اگلی نماز کے تمام وقت تک بند رہا تو وہ اس نماز کو دوبارہ ادا کرے گی۔ (شرح منیۃ المصلی)

### وقت کا ختم ہونا بھی ناقض ہے

مسئلہ: معذور شخص کا وضو فرض نماز کا وقت ختم ہو جانے کے ذریعے ٹوٹتا ہے (یعنی اس حدث کے حوالے سے جو اسے بیماری کی شکل میں لاحق ہوا ہے)۔ (ہدایہ)

Marfat.com

مسئلہ: یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی معذور شخص عید کی نماز کے لیے وضو کرتا ہے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس وضو کے ذریعے ظہر کی نماز ادا کر سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ عید کی نماز چاشت کی نماز کی مانند ہے لیکن اگر کوئی شخص ایک مرتبہ ظہر کی نماز کے لیے وضو کر لیتا ہے تو پھر وہ ظہر کے وقت کے دوران عصر کی نماز کے لیے وضو نہیں کرے گا کیونکہ اس وضو کے ذریعے عصر کی نماز ادا کرنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے نزدیک جائز نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر معذور شخص اس بات پر قادر ہو کہ زخم کو باندھ کر یا اس پر روئی وغیرہ رکھ کر خون کو بند کر سکتا ہے یا کوئی ایسی صورت ہو کہ بیٹھنے کے دوران خون جاری نہیں ہوتا اور کھڑے ہونے کی صورت میں جاری ہو جاتا ہے تو اب اس معذور پر اس خون کو بند کرنا واجب ہوگا کیونکہ جب وہ خون کو بند کر دے گا تو اب وہ معذور شمار نہیں ہوگا البتہ حیض والی عورت اگر شرمگاہ پر کپڑا رکھ لیتی ہے اور اس کی وجہ سے خون بند ہو جاتا ہے تو وہ بدستور حیض کی حالت میں ہی شمار ہوتی ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اسی طرح نفاس یا استحاضہ والی عورت اگر کپڑا وغیرہ رکھ لیتی ہے تو وہ نفاس اور استحاضہ کے حکم سے خارج نہیں ہو گی۔ (تجنیس)

مسئلہ: اگر آنکھ میں درد کی وجہ سے یا آنکھ دُکھنے آنے کی وجہ سے اس سے ہر وقت پانی جاری رہتا ہو تو ایسا شخص ہر نماز کے وقت وضو کرے گا کیونکہ اس کے پیپ ہونے کا احتمال موجود ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: جس شخص کی نکسیر جاری ہو جاتی ہو یا زخم سے خون بہہ رہا ہو وہ نماز کے آخری وقت تک انتظار کرے گا اگر آخری وقت کے قریب بھی خون بند نہیں ہوتا تو وقت ختم ہونے سے پہلے اس نماز کو ادا کر لے گا۔ (ذخیرہ)

•••——•••——•••

## 2 - باب ذِكْرِ الِاسْتِحَاضَةِ وَإِقْبَالِ الدَّمِ وَإِدْبَارِهِ

### باب: استحاضہ کا تذکرہ، خون کا آنا اور ختم ہو جانا

348 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ - وَهُوَ ابْنُ سَمَاعَةَ - قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ اَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ مِّنْ بَنِي اَسَدِ قُرَيْشٍ اَنَّهَا اَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّهَا تُسْتَحَاضُ فَزَعَمَتْ اَنَّهُ قَالَ لَهَا "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِي وَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ ثُمَّ صَلِّي".

☆☆ عروہ بیان کرتے ہیں، قریش کے خاندان بنو اسد سے تعلق رکھنے والی سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا، کہ انہیں استحاضہ کی شکایت ہے۔ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

"یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے جب حیض آ جائے، تو تم نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو اور جب وہ ختم ہو جائے، تو تم

348-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 201) .

Marfat.com

غسل کر کے اور اپنے آپ سے خون کو دھو کر نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو"۔

349 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَقْبَلَتِ الْحِيضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِي ."

☆☆ عروہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس خاتون سے) فرمایا:

"جب حیض آ جائے تو تم نماز پڑھنا ترک کر دو اور جب وہ ختم ہو جائے تو تم غسل کرلو"۔

350 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَفْتَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُسْتَحَاضُ فَقَالَ "اِنَّ ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي ثُمَّ صَلِّي ." فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ اُم حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے استحاضہ کی شکایت ہو جاتی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"یہ کسی (دوسری) رگ (کا خون) ہے تم غسل کر کے نماز پڑھ لیا کرو"۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) وہ خاتون ہر نماز کے وقت غسل کیا کرتی تھیں۔

## 3 - باب الْمَرْاَةِ يَكُونُ لَهَا اَيَّامٌ مَعْلُومَةٌ تَحِيضُهَا كُلَّ شَهْرٍ

### باب: ایسی عورت (کا حکم) جسے ہر ماہ متعین دنوں میں ہی حیض آتا ہو

351 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ سَاَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّمِ - فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَاَيْتُ مِرْكَنَهَا مَلْآنَ دَمًا - فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "امْكُثِي قَدْرَ مَا كَانَتْ تَحْبِسُكِ حِيضَتُكِ ثُمَّ اغْتَسِلِي ." وَاَخْبَرَنَا بِهِ قُتَيْبَةُ مَرَّةً اُخْرٰى وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ جَعْفَرَ بْنَ رَبِيعَةَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ اُم حبیبہ (بنت جحش) رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خون کا مسئلہ دریافت کیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اُس عورت کے ٹب کو دیکھا ہے' جو خون سے بھرا ہوا ہوتا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس خاتون سے یہ فرمایا تھا:

"پہلے تم اپنے حیض کے دنوں میں جتنا عرصہ رکی رہتی تھی' اتنا عرصہ رکی رہا کرو' پھر غسل کرلیا کرو"۔

---

349-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 202) .

350-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 206) .

351-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 207) .

Marfat.com

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس کی سند میں جعفر بن ربیعہ نامی راوی کا تذکرہ نہیں ہے۔

352 - اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَاَلَتِ امْرَاَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اِنِّىْ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ قَالَ "لَا وَلٰكِنْ دَعِىْ قَدْرَ تِلْكَ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِىْ الَّتِىْ كُنْتِ تَحِيضِينَ فِيهَا ثُمَّ اغْتَسِلِىْ وَاسْتَثْفِرِىْ وَصَلِّىْ ."

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' اُس نے عرض کی: مجھے استحاضہ کی شکایت ہو جاتی ہے' میں پاک نہیں ہوتی' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کیے رکھوں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''نہیں! تمہیں پہلے جتنے دنوں حیض آیا کرتا تھا' اُتنے عرصے تک تم نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو' پھر اُس کے بعد غسل کر کے کپڑے کو مضبوطی سے باندھ کر نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو''۔

353 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تُهَرَاقُ الدَّمَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَفْتَتْ لَهَا اُمُّ سَلَمَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "لِتَنْظُرْ عَدَدَ اللَّيَالِىْ وَالْاَيَّامِ الَّتِىْ كَانَتْ تَحِيضُ مِنَ الشَّهْرِ قَبْلَ اَنْ يُّصِيبَهَا الَّذِىْ اَصَابَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلَاةَ قَدْرَ ذٰلِكَ مِنَ الشَّهْرِ فَاِذَا خَلَّفَتْ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ ثُمَّ لِتَسْتَثْفِرْ بِالثَّوْبِ ثُمَّ لِتُصَلِّىْ ."

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک خاتون کا خون بہت زیادہ خارج ہوتا تھا' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس خاتون کا مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''وہ عورت اس بات کا جائزہ لے کہ اس بیماری میں مبتلا ہونے سے پہلے اُسے ہر مہینے کتنے دن حیض آیا کرتا تھا' پھر ہر مہینے میں اسی حساب سے وہ نماز پڑھنا ترک کر دیا کرے' جب وہ عرصہ گزر جایا کرے تو وہ غسل کر کے کپڑے کو اچھی طرح باندھ کر نمازیں پڑھنا شروع کر دیا کرے''۔

## 4 - باب ذِكْرِ الْاَقْرَاءِ

### باب: قروء کا تذکرہ

354 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ - وَهُوَ ابْنُ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ - قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ - وَهُوَ ابْنُ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ - عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ - وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ - عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ الَّتِىْ كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَّاَنَّهَا

352-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 208) .

353-تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 208) .

354-تقدم في الطهارة، ذكر الاقراء (الحديث 209) .

Marfat.com

اسْتُحِيضَتْ لَا تَطْهُرُ فَذُكِرَ شَأْنُهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَيْسَتْ بِالْحِيضَةِ وَلٰكِنَّهَا رَكْضَةٌ مِّنَ الرَّحِمِ لِتَنْظُرْ قَدْرَ قُرْئِهَا الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُ لَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلَاةَ ثُمَّ تَنْظُرْ مَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ اُم حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں' انہیں استحاضہ کی شکایت ہوگئی' خون کی آمد رکتی نہیں تھی' ان کا مسئلہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''یہ حیض نہیں ہے بلکہ یہ رحم کی ایک رگ (سے نکلنے والا مواد) ہے وہ عورت اپنے ان ایام کا حساب لگائے کہ اس سے پہلے جتنے دن اُسے حیض آیا کرتا تھا' پھر وہ اسی حساب سے نماز پڑھنا ترک کیے رکھے' پھر وہ اس کے بعد کا حساب لگائے (یعنی کتنا عرصہ طہر پر مشتمل ہوتا تھا) وہ عورت ہر نماز کے وقت غسل کرلیا کرے''۔

355 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ ابْنَةَ جَحْشٍ كَانَتْ تُسْتَحَاضُ سَبْعَ سِنِيْنَ فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "لَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ."

فَاَمَرَهَا اَنْ تَتْرُكَ الصَّلَاةَ قَدْرَ اَقْرَائِهَا وَحِيضَتِهَا وَتَغْتَسِلَ وَتُصَلِّيَ فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ جحش کی صاحبزادی کو سات برس تک استحاضہ کی شکایت رہی' اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ حیض [redacted] بلکہ یہ ایک اور رگ (کا مواد) ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ اپنے طہر اور حیض کے ایام کے حساب سے نماز پڑھنا ترک کردیا کرے اور پھر (ہر نماز کے وقت) غسل کر کے نماز ادا کرلیا کرے''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) وہ خاتون ہر نماز کے وقت غسل کیا کرتی تھیں۔

356 - اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَتْ اِلَيْهِ الدَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَانْظُرِيْ اِذَا اَتَاكِ قَرْؤُكِ فَلَا تُصَلِّيْ وَاِذَا مَرَّ قَرْؤُكِ فَلْتَطَهَّرِيْ ثُمَّ صَلِّيْ مَا بَيْنَ الْقُرْءِ اِلَى الْقُرْءِ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ مَا ذَكَرَ الْمُنْذِرُ.

☆☆ عروہ بیان کرتے ہیں' سیّدہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بات بتائی ہے' کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے خون آنے کی شکایت کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

''یہ دوسری رگ (کا مواد) ہے' تم اس بات کا جائزہ لو' جب تمہارا حیض آجائے' تو تم نماز ادا نہ کرو' اور جب تمہارا

355-تقدم في الطهارة، ذكر الاقراء (الحديث 210) . تحفة الاشراف (16455) .

356-تقدم في الطهارة، ذكر الاقراء (الحديث 211) ..

Marfat.com

حیض گزر جائے' تو تم پاک ہو جاؤ' اور ایک حیض سے دوسرے حیض تک کے درمیانی عرصے (یعنی طہر کی مدت کے برابر) نمازیں ادا کرتی رہو''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہی حدیث عروہ کے صاحبزادے ہشام نے عروہ کے حوالے سے نقل کی ہے' لیکن انہوں نے اس حدیث میں وہ چیز ذکر نہیں کی جو منذر (بن مغیرہ) نامی راوی نے ذکر کی ہے۔

357 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَوَكِيْعٌ وَّاَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَائَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّيْ امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ قَالَ "لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحِيضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحِيضَةُ فَدَعِي الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِيْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّيْ"۔

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد (عروہ بن زبیر) کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور بولیں: میں ایک ایسی عورت ہوں جسے استحاضہ کی شکایت ہے' میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کیے رکھوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''نہیں! یہ ایک دوسری رگ کا مواد ہے یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آ جایا کرے تو تم نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو اور جب وہ ختم ہو جائے' تو تم خون دھو کر نماز پڑھنا شروع کر دو''۔

## 5 - باب جَمْعِ الْمُسْتَحَاضَةِ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ وَغُسْلِهَا اِذَا جَمَعَتْ

## باب: استحاضہ والی عورت کا دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا جب وہ نمازیں ایک ساتھ ادا کرے گی' تو ایک ہی مرتبہ غسل کرے گی

358 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً مُسْتَحَاضَةً عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهَا اِنَّهُ عِرْقٌ عَانِدٌ وَّاُمِرَتْ اَنْ تُؤَخِّرَ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلَ الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتُؤَخِّرَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلَ الْعِشَآءَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ غُسْلًا وَّاحِدًا ۔

☆☆ عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک عورت کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی' اُس عورت کو یہ کہا گیا' کہ یہ ایک ایسی رگ کا خون ہے' جو رُکے گا نہیں اور اس عورت کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیا کرے اور عصر کی نماز جلدی ادا کر لیا کرے اور ان دونوں نمازوں کے لیے ایک مرتبہ غسل کر لیا کرے' پھر وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیا کرے اور عشاء کی نماز جلدی ادا کر لیا کرے اور ان دونوں کے

357-تقدم في الطهارة، ذكر الاقراء (الحديث 212) .

358-تقدم في الطهارة، ذكر اغتسال المستحاضة (الحديث 213) .

Marfat.com

لیے ایک مرتبہ غسل کیا کرے اور پھر وہ صبح کی نماز کے لیے ایک مرتبہ غسل کیا کرے۔

359- اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا مُسْتَحَاضَةٌ. فَقَالَ "تَجْلِسُ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ وَتُؤَخِّرُ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلُ الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلُ وَتُصَلِّي وَتُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلُ الْعِشَآءَ وَتَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيهِمَا جَمِيعًا وَتَغْتَسِلُ لِلْفَجْرِ".

☆☆ سیدہ (زینب بنت جحش ام المومنین) سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ وہ عورت مستحاضہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"وہ اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران بیٹھی رہے گی پھر وہ غسل کرے گی وہ ظہر کی نماز کو تاخیر سے ادا کرے گی اور عصر کی نماز جلدی ادا کرے گی اور غسل کرے گی اور پھر نماز ادا کرے گی وہ مغرب کی نماز تاخیر سے ادا کرے گی اور عشاء کی نماز جلدی ادا کرے گی اور غسل کرکے یہ دونوں نمازیں ایک ساتھ ادا کیا کرے گی پھر وہ فجر کی نماز کے لیے غسل کیا کرے گی"۔

## 6- باب الْفَرْقِ بَيْنَ دَمِ الْحَيْضِ وَالْاِسْتِحَاضَةِ

### باب: حیض اور استحاضہ کے خون کے درمیان فرق (کا تذکرہ)

360- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو - وَهُوَ ابْنُ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ - عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِيْ حُبَيْشٍ اَنَّهَا كَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا كَانَ دَمُ الْحَيْضِ - فَاِنَّهُ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ - فَاَمْسِكِيْ عَنِ الصَّلَاةِ وَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِيْ فَاِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ".

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ هٰذَا مِنْ كِتَابِهِ.

☆☆ عروہ بن زبیر سیدہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہیں استحاضہ کی شکایت ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا:

"جب حیض کا خون آرہا ہو تو وہ سیاہ خون ہوگا جو پہچانا جائے گا تو اس دوران تم نماز ادا نہ کرو اور جب دوسری رنگت کا خون آجائے تو اس وقت تم وضو کر لو کیونکہ یہ کسی دوسری رگ کا (مواد) ہوگا"۔

محمد بن مثنیٰ نامی راوی بیان کرتے ہیں: (میرے استاد) ابن ابی عدی نے مجھے یہ روایت اپنی تحریر میں سے بیان کی ہے (یعنی اپنی کتاب میں سے پڑھ کر یا اپنی تحریر کو دیکھ کر بیان کی ہے)۔

---

359- انفرد به النسائي. تحفة الاشراف (15881).

360- تقدم في الطهارة، ذكر الاغتسال من الحيض (الحديث 201) بنحوه.

Marfat.com

361 - وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ مِنْ حِفْظِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِىْ حُبَيْشٍ كَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ دَمَ الْحَيْضِ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكِ فَاَمْسِكِىْ عَنِ الصَّلَاةِ فَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِىْ وَصَلِّىْ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ وَّلَمْ يَذْكُرْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ مَا ذَكَرَ ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا:

"حیض کا خون سیاہ ہوتا ہے' جو پہچانا جاتا ہے' جب وہ ہو' تو تم نماز ادا کرنے سے رُک جاؤ اور جب دوسری رنگت (کا مواد) نکل آئے' تو تم وضو کر کے نماز پڑھ لیا کرو"۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس حدیث کو کئی محدثین نے نقل کیا ہے اور ان میں سے کسی ایک نے بھی وہ چیز نقل نہیں کی جو ابن ابی عدی راوی نے نقل کی ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

362 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتُحِيْضَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِىْ حُبَيْشٍ فَسَاَلَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِى الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِىْ عَنْكِ الدَّمَ وَتَوَضَّئِىْ وَصَلِّىْ فَاِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ ." قِيْلَ لَهٗ فَالْغُسْلُ قَالَ "وَذٰلِكَ لَا يَشُكُّ فِيْهِ اَحَدٌ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ "وَتَوَضَّئِىْ" غَيْرُ حَمَّادٍ وَّاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ .

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں:

فاطمہ بنت ابوحبیش کو استحاضہ کی شکایت ہوگئی' اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' اُس نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے استحاضہ کی شکایت ہوگئی ہے' میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نمازیں پڑھنا ترک کر دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"یہ کسی دوسری رگ (کا مواد) ہے یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آ جایا کرے تو تم نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو اور جب وہ ختم ہو جائے' تو تم اپنے آپ سے خون دھو کے وضو کر کے نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو' چونکہ یہ ایک دوسری رگ کا خون ہے' یہ حیض

361-تقدم في الطهارة، باب الفرق بين دم الحيض و الاستحاضة (الحديث 216) .

362-تقدم في الطهارة، باب الفرق بين دم الحيض و الاستحاضة (الحديث 217) .

Marfat.com

نہیں ہے"۔

ان سے کہا گیا: پھر غسل ہوگا' انہوں نے فرمایا: اس میں' تو کسی کو شک ہی نہیں ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس حدیث کو کئی راویوں نے ہشام بن عروہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور کسی نے بھی اس میں یہ ذکر نہیں کیا:

"تم وضو کرلو"۔

یہ صرف حماد نامی راوی نے نقل کیا ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

363 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِىْ حُبَيْشٍ اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحِيضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحِيضَةُ فَاَمْسِكِىْ عَنِ الصَّلَاةِ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِىْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّىْ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں' انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے استحاضہ کی شکایت ہے' میں پاک نہیں ہوتی ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"یہ دوسری رگ کا مواد ہے یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آ جائے گا' تو تم نماز ادا کرنے سے رُک جایا کرو اور جب وہ ختم ہو جایا کرے تو تم اپنے خون کو دھو کر نماز پڑھ لیا کرو"۔

364 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِىْ حُبَيْشٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَيْسَتْ بِالْحِيضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحِيضَةُ فَدَعِى الصَّلَاةَ وَاِذَا ذَهَبَ قَدْرُهَا فَاغْسِلِىْ عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّىْ ."

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کردوں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"یہ دوسری رگ کا مواد ہے یہ حیض نہیں ہے جب حیض آ جایا کرے تو تم نماز پڑھنا ترک کر دیا کرو اور جب اس کی (متعین) مقدار گزر جایا کرے تو تم اپنے آپ سے خون کو دھو کر نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو"۔

365 - اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ هِشَامًا يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ

363-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16975) .

364-تقدم في الطهارة، باب الفرق بين دم الحيض و الا ستحاضة (الحديث 218) .

Marfat.com

اَنَّ بِنْتَ اَبِیْ حُبَیْشٍ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ لَا اَطْهُرُ اَفَاَتْرُكُ الصَّلَاةَ قَالَ "لَا اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ ." قَالَ خَالِدٌ وَّفِيْمَا قَرَاْتُ عَلَيْهِ "وَلَيْسَتْ بِالْحِيْضَةِ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحِيْضَةُ فَدَعِی الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِیْ عَنْكِ الدَّمَ ثُمَّ صَلِّیْ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ فاطمہ بنت ابوحبیش رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میں پاک نہیں ہوتی ہوں' تو کیا میں نماز پڑھنا ترک کردوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''نہیں! یہ دوسری رگ کا مواد ہے''۔

حارث نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے' کہ میں نے اپنے استاد کے سامنے جو الفاظ پڑھ کر سنائے تھے' اس میں یہ الفاظ بھی شامل تھے:

''یہ حیض نہیں ہے' جب حیض آجایا کرے تو تم نماز پڑھنا ترک کردیا کرو اور جب وہ ختم ہو جایا کرے تو تم اپنے آپ سے خون دھو کر نماز پڑھنا شروع کردیا کرو''۔

## 7- باب الصُّفْرَةِ وَالْكُدْرَةِ

### باب: زرد اور مٹیالے مواد (کا حکم)

366 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَتْ اُمُّ عَطِيَّةَ كُنَّا لَا نَعُدُّ الصُّفْرَةَ وَالْكُدْرَةَ شَيْئًا .

☆☆ محمد (بن سیرین) بیان کرتے ہیں' سیّدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے' کہ ہم لوگ (یعنی ہم خواتین) زرد یا مٹیالے مواد کو کچھ نہیں سمجھتی تھیں (یعنی ہم اسے حیض شمار نہیں کیا کرتی تھیں)۔

## 8- باب مَا يُنَالُ مِنَ الْحَائِضِ وَتَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِی الْمَحِيْضِ) الْاٰيَةَ

### باب: حیض والی عورت کے ساتھ کیا' کیا جاسکتا ہے؟

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر:

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تم فرمادو: وہ نجاست ہے' تو تم حیض کے دوران عورتوں سے الگ رہو''۔

365-تقدم في الطهارة، باب الفرق بين دم الحيض و الاستحاضة (الحديث 219) .

366-اخرجه البخاري في الحيض، باب الصفرة و الكدرة ، في غير ايام الحيض (الحديث 326) . و اخرجه ابو داوٗد في الطهارة، باب في المراة ترى الكدرة و الصفرة بعد الطهر (الحديث 308) . و اخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب باب ما جاء في الحائض ترى بعد الطهر الصفرة و الكدرة (الحديث 647) . تحفة الاشراف (18096) .

Marfat.com

367 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُودُ اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ مِنْهُمْ لَمْ يُؤَاكِلُوْهُنَّ وَلَا يُشَارِبُوْهُنَّ وَلَا يُجَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ فَسَاَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ اَذًى) الْاٰيَةَ فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤَاكِلُوْهُنَّ وَيُشَارِبُوْهُنَّ وَيُجَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ وَاَنْ يَّصْنَعُوا بِهِنَّ كُلَّ شَيْءٍ مَا خَلَا الْجِمَاعَ . فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ مَا يَدَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِّنْ اَمْرِنَا اِلَّا خَالَفَنَا . فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَّعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ فَاَخْبَرَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَا اَنُجَامِعُهُنَّ فِي الْمَحِيضِ فَتَمَعَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمَعُّرًا شَدِيدًا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ قَدْ غَضِبَ فَقَامَا فَاسْتَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدِيَّةَ لَبَنٍ فَبَعَثَ فِي اٰثَارِهِمَا فَرَدَّهُمَا فَسَقَاهُمَا فَعُرِفَ اَنَّهُ لَمْ يَغْضَبْ عَلَيْهِمَا .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہودیوں کا یہ معمول تھا کہ جب ان میں سے کسی عورت کو حیض آ جاتا تھا تو وہ اس کے ساتھ بیٹھ کر کچھ کھاتے پیتے نہیں تھے اور گھر میں اس کے ساتھ نہیں رہا کرتے تھے' لوگوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا:

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تم فرما دو: یہ نجاست ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو یہ ہدایت کی کہ وہ ایسی خواتین کے ساتھ بیٹھ کر کھا پی سکتے ہیں' گھروں میں ان کے ساتھ رہ سکتے ہیں اور صحبت کرنے کے علاوہ ان کے ساتھ سب کچھ کر سکتے ہیں۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس ہدایت پر) یہودیوں نے یہ کہا:

اللہ کے رسول ہر معاملے میں ہماری مخالفت ہی کرتے ہیں۔

تو حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور حضرت عباد بن بشر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا اور ان دونوں نے عرض کی: کیا ہم ایسی خواتین کے ساتھ ان کے حیض کے دوران صحبت نہ کر لیا کریں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک کا رنگ تبدیل ہو گیا' یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر ناراضگی کا اظہار کریں گے' یہ دونوں حضرات اُٹھ کر چلے گئے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ کا تحفہ پیش کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو بلوایا' وہ دونوں آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دودھ ان کو پلایا' اس سے یہ پتا چل گیا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان پر (زیادہ) ناراض نہیں ہوئے ہیں۔

## 9 - باب ذِكْرِ مَا يَجِبُ عَلٰى مَنْ اَتٰى حَلِيْلَتَهٗ فِيْ حَالِ حَيْضِهَا مَعَ عِلْمِهٖ بِنَهْيِ اللّٰهِ تَعَالٰى

367- تقدم في الطهارة، باب تاويل قول الله عزوجل : (ويسئلونك عن المحيض) (الحديث 287) مختصراً .

Marfat.com

باب: جب کسی شخص کو اس بات کا پتہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے منع کیا ہے اور پھر بھی وہ اپنی بیوی کے ساتھ اس کے حیض کے دوران صحبت کر لے (تو اس کا حکم کیا ہو گا؟)

368 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَاْتِي امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ اَوْ بِنِصْفِ دِينَارٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ اس کے حیض کے دوران صحبت کر لیتا ہے' اُسے ایک دینار (راوی کو شک ہے' کہ شاید یہ لفظ ہے:) نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

## 10 - باب مُضَاجَعَةِ الْحَائِضِ فِي ثِيَابِ حَيْضَتِهَا

باب: جب حیض والی عورت نے حیض کے مخصوص کپڑے پہنے ہوں' تو اس کے ساتھ لیٹنے (کا حکم)

369 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ح وَاَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي ح وَاَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ - وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ - قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهَا قَالَتْ بَيْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعَةٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَنَفِسْتِ ." قُلْتُ نَعَمْ فَدَعَانِي فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيلَةِ .

وَاللَّفْظُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ .

☆☆ سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بات بتائی کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لیٹی ہوئی تھی' اسی دوران مجھے حیض آ گیا' تو میں وہاں سے اُٹھ کر چلی گئی' پھر میں نے اپنے حیض کے مخصوص کپڑے پہن لیے (جب میں واپس آئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پاس بلایا اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چادر میں لیٹ گئی۔

روایت کے یہ الفاظ عبیداللہ بن سعید نامی راوی کے ہیں۔

## 11 - باب نَوْمِ الرَّجُلِ مَعَ حَلِيلَتِهِ فِي الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَهِيَ حَائِضٌ

باب: آدمی کا اپنی بیوی کے ساتھ' ایک ہی چادر میں لیٹ جانا' جبکہ وہ عورت حیض کی حالت میں ہو

368-تقدم في الطهارة، باب ما يجب على من اتى حليلته في حال حيضتها بعد علمه بنهي الله عزوجل عن وطئها (الحديث 288) .

369-تقدم في الطهارة، باب مضاجعة الحائض (الحديث 282) .

Marfat.com

370 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ جَابِرِ بْنِ صُبْحٍ قَالَ سَمِعْتُ خِلَاسًا يُحَدِّثُ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيتُ فِي الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَاَنَا طَامِثٌ حَائِضٌ فَإِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ غَسَلَ مَكَانَهُ لَمْ يَعْدُهُ ثُمَّ صَلّٰى فِيْهِ ثُمَّ يَعُوْدُ فَإِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ غَسَلَ مَكَانَهُ لَمْ يَعْدُهُ وَصَلّٰى فِيْهِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی لحاف میں رات بسر کرلیا کرتے تھے حالانکہ میں اُس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اگر مجھ سے کوئی چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لگ جاتی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ کو دھو لیتے تھے (جہاں خون لگا ہوتا تھا) اس سے زیادہ کچھ نہیں کرتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی کپڑے میں نماز ادا کرلیا کرتے تھے (پھر واپس آ کر میرے پاس لیٹ جایا کرتے تھے) پھر اگر مجھ سے کوئی چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لگ جاتی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے' اس جگہ کو دھولیا کرتے تھے (جہاں خون لگا ہوتا تھا) اس سے زیادہ نہیں کرتے تھے (یعنی پورے کپڑے کو نہیں دھوتے تھے) اور پھر اس کپڑے میں نماز ادا کرلیا کرتے تھے۔

## 12 - باب مُبَاشَرَةِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت کے ساتھ مباشرت کرنا

371 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَشُدَّ اِزَارَهَا ثُمَّ يُبَاشِرُهَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے کسی ایک کو (یعنی اپنی کسی زوجہ محترمہ کو) جبکہ وہ حیض کی حالت میں ہوتیں' یہ ہدایت کرتے کہ وہ اپنا تہبند باندھ لے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ مباشرت کرلیے (یعنی جسم کے ساتھ جسم کو مس کرلیتے تھے)۔

372 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ اِحْدَانَا اِذَا حَاضَتْ اَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرُهَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ہم میں سے کسی ایک کو (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی ایک زوجہ محترمہ کو) جب حیض آ جاتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے یہ ہدایت کرتے کہ وہ تہبند باندھ لے' تو آپ اُس کے ساتھ مباشرت کرلیتے تھے (یعنی جسم کے ساتھ جسم کو مس کرلیتے تھے)۔

---

370-تقدم في الطهارة، باب مضاجعة الحائض (الحديث 283) .

371-تقدم في الطهارة، باب مباشرة الحائض (الحديث 284) .

372-تقدم في الطهارة، باب مباشرة الحائض (الحديث 285) .

Marfat.com

## 13 - باب ذِكْرِ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ اِذَا حَاضَتْ اِحْدٰى نِسَائِهِ

### باب: اس بات کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم ﷺ کی کسی زوجہ محترمہ کو حیض آتا تھا تو آپ ﷺ ان کے ساتھ کیا کرتے تھے؟

373 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ - وَهُوَ اَبُوْ بَكْرٍ - عَنْ صَدَقَةَ بْنِ سَعِيْدٍ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَّعْنَاهَا حَدَّثَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ مَعَ اُمِّي وَخَالَتِيْ فَسَاَلَتَاهَا كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ اِذَا حَاضَتْ اِحْدَاكُنَّ قَالَتْ كَانَ يَاْمُرُنَا اِذَا حَاضَتْ اِحْدَانَا اَنْ تَتَّزِرَ بِاِزَارٍ وَّاسِعٍ ثُمَّ يَلْتَزِمُ صَدْرَهَا وَثَدْيَيْهَا .

☆☆ جمیع بن عمیر بیان کرتے ہیں: میں اپنی والدہ اور خالہ کے ہمراہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو میری امی اور میری خالہ نے ان سے دریافت کیا: جب آپ (یعنی ازواجِ مطہرات) میں سے کسی ایک کو بلایا جاتا تھا تو نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ کیا کرتے تھے؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب ہم میں سے کسی کو حیض آتا تھا تو نبی اکرم ﷺ ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ ہم بڑا تہبند باندھ لیں' پھر اس کے بعد نبی اکرم ﷺ اس خاتون کے سینے اور چھاتیوں کو اپنے ساتھ چمٹا لیتے تھے۔

374 - اَخْبَرَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ وَاللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَبِيْبٍ مَوْلٰى عُرْوَةَ عَنْ بُدَيَّةَ - وَكَانَ اللَّيْثُ يَقُوْلُ نَدَبَةَ - مَوْلَاةِ مَيْمُوْنَةَ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ اِذَا كَانَ عَلَيْهَا اِزَارٌ يَّبْلُغُ اَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ فِيْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ تَحْتَجِزُ بِهٖ .

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کہ نبی اکرم ﷺ اپنی کسی زوجہ محترمہ کے ساتھ مباشرت کرلیا کرتے تھے جبکہ وہ خاتون حیض کی حالت میں ہوتی تھیں' لیکن اس وقت جب اس خاتون نے تہبند باندھا ہوتا تھا' جو اُس خاتون نے نصف زانوں تک (راوی کو یہ شک ہے' کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) گھٹنوں تک ہوتا تھا۔

لیث نامی راوی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''اس خاتون نے اُسے اچھی طرح باندھا ہوتا تھا''۔

## 14 - باب مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ وَالشُّرْبِ مِنْ سُؤْرِهَا

### باب: حیض والی عورت کے ساتھ بیٹھ کر کھانا اور اس کے جوٹھے کو پی لینا

373-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16055) .

374-تقدم في الطهارة، باب مباشرة الحائض (الحديث 286) .

Marfat.com

375 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جَمِيلِ بْنِ طَرِيفٍ قَالَ اَنْبَانَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ شُرَيْحٍ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ هَلْ تَاْكُلُ الْمَرْاَةُ مَعَ زَوْجِهَا وَهِيَ طَامِثٌ قَالَتْ نَعَمْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُونِي فَاٰكُلُ مَعَهُ وَاَنَا عَارِكٌ كَانَ يَاْخُذُ الْعَرْقَ فَيُقْسِمُ عَلَيَّ فِيهِ فَاَعْتَرِقُ مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَعْتَرِقُ مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِي مِنَ الْعَرْقِ وَيَدْعُو بِالشَّرَابِ فَيُقْسِمُ عَلَيَّ فِيهِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَشْرَبَ مِنْهُ فَاٰخُذُهُ فَاَشْرَبُ مِنْهُ ثُمَّ اَضَعُهُ فَيَاْخُذُهُ فَيَشْرَبُ مِنْهُ وَيَضَعُ فَمَهُ حَيْثُ وَضَعْتُ فَمِي مِنَ الْقَدَحِ .

☆☆ شریح بن ہانی بیان کرتے ہیں' انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا کوئی عورت اپنے شوہر کے ساتھ بیٹھ کر کچھ کھا سکتی ہے' جبکہ وہ عورت حیض کی حالت میں ہو؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پاس بلاتے تھے' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ کر کھا لیتی تھی جبکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہڈی والا گوشت لیتے اور اصرار کر کے مجھے وہ کھانے کے لیے کہتے' میں اس میں سے دانت کے ذریعے کچھ گوشت نوچ لیتی' اور پھر واپس کر دیتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے لے کر اُس میں سے دانت کے ذریعے بوٹی توڑتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ مبارک اُسی جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے بوٹی توڑتے ہوئے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی مشروب منگواتے اور مجھ سے اصرار کرتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے میں اُسے پی لوں' تو میں اُسے لے کر اس میں سے کچھ پی لیتی پھر میں اُسے پرے کر دیتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے لیتے اور اس میں سے پی لیتے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ مبارک اُسی جگہ رکھتے جہاں پیالے میں' میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

376 - اَخْبَرَنِي اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ فَاهُ عَلَى الْمَوْضِعِ الَّذِي اَشْرَبُ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِنْ فَضْلِ شَرَابِي وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ مبارک اُس جگہ رکھتے تھے جہاں سے میں نے پانی پیا ہوتا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بچے ہوئے پانی کو پی لیا کرتے تھے جبکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 15 - باب الْاِنْتِفَاعِ بِفَضْلِ الْحَائِضِ

### باب: حیض والی عورت کے بچائے ہوئے (کھانے یا پانی) کو استعمال کرنا

377 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ

375-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) مختصراً .

376-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

377-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

Marfat.com

سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَاوِلُنِي الْإِنَاءَ فَاَشْرَبُ مِنْهُ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُعْطِيْهِ فَيَتَحَرّٰى مَوْضِعَ فَمِي فَيَضَعُهُ عَلٰى فِيْهِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ برتن میری طرف بڑھاتے تھے میں اس میں سے پی لیتی تھی جبکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی پھر میں وہ آپ ﷺ کو دے دیتی تھی تو نبی اکرم ﷺ اہتمام کے ساتھ اسی جگہ پر اپنا منہ مبارک رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

378 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ وَّسُفْيَانُ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَشْرَبُ مِنَ الْقَدَحِ وَاَنَا حَائِضٌ فَاُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ فَيَشْرَبُ مِنْهُ وَاَتَعَرَّقُ مِنَ الْعَرْقِ وَاَنَا حَائِضٌ فَاُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں پیالے میں سے پی لیتی تھی جبکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی پھر میں وہ پیالہ نبی اکرم ﷺ کی طرف بڑھا دیتی تھی تو آپ ﷺ اپنا منہ مبارک اُسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا اور آپ ﷺ اس میں سے پی لیتے تھے اسی طرح میں بعض اوقات میں دانت کے ذریعے ہڈی سے گوشت نوچ کر کھاتی تھی جبکہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی پھر میں اُسے نبی اکرم ﷺ کی طرف بڑھا دیتی تھی تو نبی اکرم ﷺ اپنا منہ مبارک اُسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا۔

## 16 - باب الرَّجُلِ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَرَاْسُهُ فِيْ حِجْرِ امْرَاَتِهٖ وَهِيَ حَائِضٌ

## باب: کسی شخص کا ایسی حالت میں قرآن کی تلاوت کرنا جبکہ اس کا سر اس کی بیوی کی گود میں ہو اور وہ عورت اس وقت حیض کی حالت میں ہو

379 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَاْسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حِجْرِ اِحْدَانَا وَهِيَ حَائِضٌ وَّهُوَ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کا سر مبارک ہم میں سے کسی ایک (زوجہ محترمہ) کی گود میں ہوتا تھا اور وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی نبی اکرم ﷺ اس وقت تلاوت کر لیا کرتے تھے۔

## 17 - باب سُقُوْطِ الصَّلَاةِ عَنِ الْحَائِضِ

## باب: حیض والی عورت سے نماز کا ساقط ہو جانا

---

378-تقدم في الطهارة، باب سور الحائض (الحديث 70) .

379-تقدم في الطهارة، باب في الذي يقرّا القرآن و راسه في حجر امراته و هي حائض (الحديث 273) .

Marfat.com

380 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ قَالَ اَنْبَانَا اِسْمَاعِيلُ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ مُّعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ قَالَتْ سَاَلَتِ امْرَاَةٌ عَآئِشَةَ اَتَقْضِى الْحَائِضُ الصَّلٰوةَ فَقَالَتْ اَحَرُوْرِيَّةٌ اَنْتِ قَدْ كُنَّا نَحِيضُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَانَقْضِى وَلَا نُؤْمَرُ بِقَضَاءٍ ۔(موقوف)

☆☆ معاذہ عدویہ بیان کرتی ہیں' کہ ایک خاتون نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا حیض والی عورت نمازوں کی قضاء کرے گی؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم حروریہ (انتہاء پسند) ہو؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم لوگوں کو بھی حیض آیا کرتا تھا' لیکن ہم لوگ ان کی قضاء نہیں کرتی تھیں اور نہ ہی ہمیں ان کی قضاء کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

## شرح

جس وقت جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں اہلِ عراق اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے اہلِ شام کے درمیان جنگ ہوئی اور جنگ ختم ہونے سے پہلے فریقین میں صلح کے لیے ثالث مقرر کیے اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں سے کچھ افراد نے بغاوت کر دی۔ عربی میں بغاوت کے لیے لفظ خروج استعمال ہوتا ہے۔ ان باغیوں کو خارجی یا خوارج کہا گیا۔ انہیں کا ایک گروہ ''حروریہ'' کہلاتا تھا۔ یہ لوگ بعض مذہبی معاملات میں غیر ضروری شدت پسندی کے قائل تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی اس خاتون سے یہی فرمایا: کیا تم حروریہ ہو؟ یعنی تمہارے اس سوال سے حروریوں یعنی خارجیوں کی شدت پسندی محسوس ہوتی ہے۔

## 18 - باب اسْتِخْدَامِ الْحَائِضِ

## باب: حیض والی عورت سے خدمت لینا

381 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ حَدَّثَنِى اَبُوْ حَازِمٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَسْجِدِ اِذْ قَالَ ''يَا عَآئِشَةُ نَاوِلِينِى الثَّوْبَ ." فَقَالَتْ اِنِّى لَا اُصَلِّى . فَقَالَ ''اِنَّهُ لَيْسَ فِى يَدِكِ ." فَنَاوَلَتْهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اے عائشہ! مجھے کپڑا پکڑا دو''۔ انہوں نے عرض کی: میں نماز ادا نہیں کر سکتی (یعنی میں حیض کی حالت میں ہوں) تو

---

380-اخرجه البخاري في الحيض ، باب لا تقضي الحائض الصلاة (الحديث 321) . و اخرجه مسلم في الحيض، باب وجوب قضاء الصوم على الحائض دون الصلاة (الحديث 67 و68 و69) . و اخرجه ابوداوٗد في الطهارة، باب في الحائض لا تقضي الصلاة (الحديث 262 و 263) . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الحائض انها لا تقضي الصلاة (الحديث 130) . واخرجه النسائي في الصيام ، وضع الصيام عن الحائض (الحديث 2317) واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب الحائضلا تقضي الصلاة (الحديث 631) . تحفة الاشراف (17964) .

381-تقدم في الطهارة، باب استحذام الحائض (الحديث 270) .

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''وہ (حیض) تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے''۔

تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے وہ کپڑا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑا دیا۔

382 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ ح وَاَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "نَاوِلِيْنِی الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ ." فَقُلْتُ اِنِّیْ حَائِضٌ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَيْسَتْ حَيْضَتُكِ فِیْ يَدِكِ ." قَالَ اِسْحَاقُ اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں سے مجھ سے فرمایا' کہ مجھے فلاں کپڑا پکڑا دو۔ میں نے عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تمہارا حیض تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے''۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

## 19 - باب بَسْطِ الْحَائِضِ الْخُمْرَةَ فِی الْمَسْجِدِ

### باب: حیض والی عورت کا نماز کی جگہ پر چٹائی بچھا دینا

383 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْبُوْذٍ عَنْ اُمِّهٖ اَنَّ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَاْسَهُ فِیْ حِجْرِ اِحْدَانَا فَيَتْلُو الْقُرْآنَ وَهِیَ حَائِضٌ وَّتَقُوْمُ اِحْدَانَا بِخُمْرَتِهِ اِلَی الْمَسْجِدِ فَتَبْسُطُهَا وَهِیَ حَائِضٌ .

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں سے کسی کی گود میں اپنا سر رکھا ہوتا تھا اور اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت کرلیا کرتے تھے جبکہ وہ خاتون اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اسی طرح ہم میں سے کوئی ایک اُٹھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی جگہ پر چٹائی بچھا دیتی تھی' جبکہ وہ خاتون اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 20 - باب تَرْجِيْلِ الْحَائِضِ رَاْسَ زَوْجِهَا وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِی الْمَسْجِدِ

### باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر میں کنگھی کرنا جبکہ وہ شخص مسجد میں معتکف ہو

384 - اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِیَ حَائِضٌ وَّهُوَ مُعْتَكِفٌ فَيُنَاوِلُهَا رَاْسَهُ وَهِیَ فِیْ

382-تقدم في الطهارة، باب استخدام الحائض (الحديث 271) .

383-تقدم في الطهارة، باب بسط الحائض الخمرة في المسجد (الحديث 272) .

384-اخرجه البخاري في الاعتكاف ، باب المعتكف يدخل راسه البيت للغسل (الحديث 2046) . تحفة الاشراف (16641) .

Marfat.com

حُجْرَتِهَا .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کر دیا کرتی تھیں حالانکہ وہ حیض کی حالت میں ہوتی تھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت معتکف ہوتے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر ان کی طرف کر دیتے تھے جبکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے حجرے میں ہوتی تھیں۔

## 21 - باب غَسْلِ الْحَائِضِ رَأْسَ زَوْجِهَا

### باب: حیض والی عورت کا اپنے شوہر کے سر کو دھونا

385 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْنِيْ اِلَيَّ رَاْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر میری طرف بڑھا دیتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت معتکف ہوتے تھے' تو میں اسے دھو دیا کرتی تھیں حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

386 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ - وَهُوَ ابْنُ عِيَاضٍ - عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخْرِجُ رَاْسَهُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَاَغْسِلُهُ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے اپنا سر آگے بڑھا دیتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت معتکف ہوتے تھے' میں اسے دھو دیا کرتی تھی حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

387 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کر دیا کرتی تھی حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

## 22 - باب شُهُوْدِ الْحُيَّضِ الْعِيْدَيْنِ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِيْنَ

### باب: حیض والی عورتوں کا عید کی نماز اور مسلمانوں کی اجتماعی دعا میں شریک ہونا

388 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كَانَتْ اُمُّ عَطِيَّةَ لَا تَذْكُرُ

385-تقدم في الطهارة، باب غسل الحائض راس زوجها (الحديث 274) .

386-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16334) .

387-تقدم في الطهارة، باب غسل الحائض راس زوجها (الحديث 276) .

Marfat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَتْ بِاَبَا . فَقُلْتُ اَسَمِعْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ نَعَمْ بِاَبَا قَالَ "لِتَخْرُجِ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُورِ وَالْحُيَّضُ فَيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَتَعْتَزِلِ الْحُيَّضُ الْمُصَلّٰى ."

☆☆ حفصہ بنت سیرین بیان کرتی ہیں' کہ سیّدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بات کا تذکرہ کیا کرتی تھیں' تو وہ یہ ضرور کہا کرتیں تھیں: میرے والد ان پر قربان ہوں! ایک مرتبہ میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فلاں بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! میرے والد ان پر قربان ہوں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا: بالغ' پردہ دار' حیض والی خواتین بھی بھلائی اور مسلمانوں کی اجتماعی دعا میں شامل ہوں' البتہ حیض والی خواتین نماز کی جگہ سے الگ رہیں گی (یعنی وہ نماز میں شامل نہیں ہوں گی)۔

## 23 - باب الْمَرْاَةِ تَحِيضُ بَعْدَ الْإِفَاضَةِ

### باب: جس عورت کو طوافِ افاضہ کے بعد حیض آجائے (اس کا حکم کیا ہے؟)

389 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ قَدْ حَاضَتْ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَعَلَّهَا تَحْبِسُنَا اَلَمْ تَكُنْ طَافَتْ مَعَكُنَّ بِالْبَيْتِ ." قَالَتْ بَلٰى . قَالَ "فَاخْرُجْنَ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا: سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو حیض آ گیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید اس کی وجہ سے ہمیں رُکنا پڑے' کیا اس نے تم لوگوں کے ساتھ بیت اللہ کا طواف نہیں کر لیا تھا؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں (کر لیا تھا)۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "پھر تم لوگ روانہ ہو جاؤ"۔

## 24 - باب مَا تَفْعَلُ النُّفَسَاءُ عِنْدَ الْإِحْرَامِ

### باب: نفاس والی عورت احرام باندھنے کے بعد کیا کرے؟

390 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

388-اخرجه البخاري في الحيض، باب شهود الحائض العيدين و دعوة المسلمين ، و يعتزلن المصلى (الحديث 324) بنحوه، مطولاً . و في العيدين ، باب خروج النساء و الحيضالى المصلي (الحديث 974) مختصرًا، وباب اذا لم يكن لها جلباب في العيد (الحديث 980) مطولاً . وفي الحج ، باب تقضي الحائض المناسك كلها الا الطواف بالبيت و اذا سعى على غير وضوء بين الصفا و المروة (الحديث 1652) بنحوه مطولاً . و اخرجه النسائي في صلاة العيدين ، خروج العواتق و ذوات الخدور في العيدين (الحديث 1557) تحفة الاشراف (18118) .

389-اخرجه البخاري في الحيض، باب المراة تحيض بعد الافاضة (الحديث 328) . واخرجه مسلم في الحج، باب وجوب طواف الوداع و سقوطه عن الحائض (الحديث 385) . تحفة الاشراف (17949) .

390-تقدم في الطهارة، باب الاغتسال من النفاس (الحديث 214) .

Marfat.com

جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فِي حَدِيثِ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ حِينَ نُفِسَتْ بِذِي الْحُلَيْفَةِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِي بَكْرٍ "مُرْهَا اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُهِلَّ".

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کرتے ہیں' جو سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کے بارے میں ہے' کہ انہیں ذوالحلیفہ میں نفاس آ گیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا:

''تم اس سے کہو کہ وہ غسل کر کے احرام باندھ لے''۔

## 25 - باب الصَّلَاةِ عَلَى النُّفَسَاءِ

### باب: نفاس والی عورت کی نمازِ جنازہ ادا کرنا

391 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ حُسَيْنٍ - يَعْنِي الْمُعَلِّمَ - عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ كَعْبٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ فِي وَسَطِهَا.

☆☆ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں سیّدہ اُم کعب رضی اللہ عنہا کی نمازِ جنازہ ادا کی تھی' جن کا نفاس کے دوران انتقال ہو گیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران اُن کے وسط کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے۔

## 26 - باب دَمِ الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ

### باب: حیض کے خون کا کپڑے پر لگ جانا

392 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ - وَكَانَتْ تَكُونُ فِي حِجْرِهَا - اَنَّ امْرَاَةً اسْتَفْتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضِ يُصِيبُ الثَّوْبَ فَقَالَ "حُتِّيهِ وَاقْرُصِيهِ وَانْضَحِيهِ وَصَلِّي فِيهِ".

☆☆ فاطمہ بنت منذر بیان کرتی ہیں' یہ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کی زیر پرورش تھیں' سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے' کہ ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے خون کا مسئلہ دریافت کیا جو کپڑے پر لگ جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

391-اخرجه البخاري في الحيض ، باب الصلاة على النفساء و سنتها (الحديث 332) بنحوه، و في الجنائز، باب الصلاة على النفساء اذا ماتت في نفاسها (الحديث 1331) بنحوه، و في الجنائز، باب اين يقوم من المراة و الرجل (الحديث 1332) بنحوه . و اخرجه مسلم في الجنائز، باب اين يقوم الامام من الميت للصلاة عليه (الحديث 87 و88) . و اخرجه ابوداؤد في الجنائز، باب اين يقوم الامام من الميت اذا صلى عليه (الحديث 3195) . و اخرجه النسائي في الجنائز ، الصلاة على الجنائز قائمًا (الحديث 1975)، و باب اجتماع جنائز الرجال و النساء (الحديث 1978) . و اخرجه ابن ماجه في الجنائز، باب ما جاء في اين يقوم الامام اذا صلى على الجنازة (الحديث 1493) و الحديث عند : الترمذي في الجنائز ، باب ما جاء في اين يقوم الامام من الرجل و المراة (الحديث 1035) . تحفة الاشراف (4625) .

392-تقدم في الطهارة، باب دم الحيض يصيب الثوب (الحديث 292) .

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا:

''تم اسے لکڑی سے کھرچ دو پھر انگلی کے ساتھ مل دو اور اس پر پانی چھڑک کر پھر اُسی کپڑے میں نماز ادا کر لو''۔

393 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمِقْدَامِ ثَابِتُ الْحَدَّادُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ قَيْسٍ بِنْتَ مِحْصَنٍ اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضَةِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ قَالَ ''حُكِّيْهِ بِضِلَعٍ وَّاغْسِلِيْهِ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ''۔

☆☆ سیّدہ اُم قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے خون کے بارے میں دریافت کیا' جو کپڑے پر لگ جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''تم اسے لکڑی کے ذریعے رگڑ کر پانی کے ذریعے اور بیری کے پتوں کے ذریعے دھولو''۔

393-تقدم في الطهارة، باب دم الحيض يصيب الثوب (الحديث 291) .

Marfat.com

# 4 - كِتَابُ الْغُسْلِ وَالتَّيَمُّمِ

## غسل اور تیمم (سے متعلق روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''غسل اور تیمم (سے متعلق روایات)'' میں 30 تراجم ابواب اور 52 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 11 ہوگی۔

## 1 - باب ذِكْرِ نَهْيِ الْجُنُبِ عَنِ الْاِغْتِسَالِ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ

### باب: جنبی شخص کے لیے ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل کی ممانعت

394 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ اَنَّ اَبَا السَّائِبِ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لاَ يَغْتَسِلْ اَحَدُكُمْ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل جنابت نہ کرے''۔

395 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لاَ يَبُولَنَّ الرَّجُلُ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ اَوْ يَتَوَضَّاُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے' کیونکہ اس نے اُسی میں سے غسل کرنا ہوگا''۔

396 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَجْلاَنَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّبَالَ فِي الْمَآءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يُغْتَسَلَ فِيهِ مِنَ الْجَنَابَةِ.

---

394-تقدم في الطهارة، باب النهي عن اغتسال في الماء الدائم (الحديث 220).

395-انفرد به النسائي. تحفة الاشراف (14691).

396-انفرد به النسائي. تحفة الاشراف (13870).

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کیا جائے' اور پھر اس میں غسل جنابت کیا جائے۔

397 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِى عُثْمَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُبَالَ فِى الْمَآءِ الرَّاكِدِ ثُمَّ يُغْتَسَلَ مِنْهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کیا جائے اور پھر اس میں سے غسل کرلیا جائے۔

398 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِيْنَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِى الْمَآءِ الدَّائِمِ الَّذِى لَا يَجْرِى ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ . قَالَ سُفْيَانُ قَالُوا لِهِشَامٍ - يَعْنِى ابْنَ حَسَّانَ - اَنَّ اَيُّوبَ اِنَّمَا يَنْتَهِى بِهٰذَا الْحَدِيثِ اِلٰى اَبِى هُرَيْرَةَ فَقَالَ اِنَّ اَيُّوبَ لَوِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَا يَرْفَعَ حَدِيْثًا لَّمْ يَرْفَعْهُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' کہ کوئی بھی شخص ایسے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے جو بہتا نہ ہو' اور پھر اس میں غسل نہ کرے۔

(امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں' لوگوں نے ہشام سے کہا کہ ایوب نامی راوی تو اس حدیث کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر نقل کرتے ہیں' تو ہشام نے جواب دیا: ایوب نامی محدث اگر اس بات کی استطاعت رکھتے ہوں کہ وہ کسی حدیث کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہ کریں' تو وہ اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کرتے۔

## 2 - باب الرُّخْصَةِ فِى دُخُولِ الْحَمَّامِ

### باب: حمام میں داخل ہونے کی اجازت

399 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِى اَبِى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ اِلَّا بِمِئْزَرٍ ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو' وہ حمام میں تہبند باندھے بغیر داخل نہ ہو''۔

---

397-تقدم في الطهارة، باب النهي عن البول في الماء الراكد و الاغتسال منه (الحديث 221) بنحوه .

398-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14440) .

399-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (2887) .

Marfat.com

## 3 - باب الْاِغْتِسَالِ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

### باب: برف اور اولوں (کے پگھلے ہوئے پانی) کے ذریعے غسل کرنا

400 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ اَوْفٰى يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَدْعُو "اللّٰهُمَّ طَهِّرْنِىْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَا اللّٰهُمَّ نَقِّنِىْ مِنْهَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ طَهِّرْنِىْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَآءِ الْبَارِدِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

"اے اللہ! مجھے گناہوں اور خطاؤں سے پاک کردے! اے اللہ! تو مجھے ان سے اس طرح صاف کردے جس طرح سفید کپڑے سے میل کو صاف کردیا جاتا ہے' اے اللہ! مجھے برف' اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ذریعے پاک کردے"۔

## 4 - باب الْاِغْتِسَالِ بِالْمَآءِ الْبَارِدِ

### باب: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا

401 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ رُقْبَةَ عَنْ مَجْزَاَةَ الْاَسْلَمِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اللّٰهُمَّ طَهِّرْنِىْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَآءِ الْبَارِدِ اللّٰهُمَّ طَهِّرْنِىْ مِنَ الذُّنُوْبِ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

"اے اللہ! مجھے برف' اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ذریعے پاک کردے! اے اللہ! مجھے گناہوں سے پاک کردے! جس طرح سفید کپڑے کو میل سے پاک کردیا جاتا ہے"۔

## 5 - باب الْاِغْتِسَالِ قَبْلَ النَّوْمِ

### باب: سونے سے پہلے غسل کرنا

402 - اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ قَيْسٍ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ كَيْفَ كَانَ نَوْمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْجَنَابَةِ اَيَغْتَسِلُ قَبْلَ اَنْ

400-اخرجه مسلم في الصلاة، باب ما يقول اذ رفع راسه من الركوع (الحديث 204) بنحوه مطو لاً ـ و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الاغتسال بالماء البارد (الحديث 401) تحفة الاشراف (5181) .

401-تقدم في الغسل و التيمم، باب الاغتسال بالثلج و البرد (الحديث 400) .

402-اخرجه مسلم في الحيض، باب جواز نوم الجنب، و استحباب الوضوء له و غسل الفرج اذا اراد ان يا كل او يشرب او ينام او يجامع (الحديث 26) ـ تحفة الاشراف (16285) .

Marfat.com

يَنَامُ اَوْ يَنَامُ قَبْلَ اَنْ يَّغْتَسِلَ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ رُبَّمَا اغْتَسَلَ فَنَامَ وَرُبَّمَا تَوَضَّاَ فَنَامَ .

☆☆ عبداللہ بن قیس بیان کرتے ہیں' میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں کس طرح سوتے تھے؟ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے غسل کرلیا کرتے تھے؟ یا غسل کرنے سے پہلے سو جایا کرتے تھے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہرطرح سے کرلیا کرتے تھے' بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے غسل کرتے اور پھر سو جایا کرتے تھے اور بعض اوقات صرف وضو کرکے سوجایا کرتے تھے۔

## 6 - باب الْاِغْتِسَالِ اَوَّلَ اللَّيْلِ

### باب: رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرنا

403 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ بُرْدٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَآئِشَةَ فَسَاَلْتُهَا فَقُلْتُ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ مِنْ اٰخِرِهٖ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهٖ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اٰخِرِهٖ . قُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ جَعَلَ فِى الْاَمْرِ سَعَةً .

☆☆ عفیف بن حارث بیان کرتے ہیں' میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے ان سے دریافت کیا' میں نے کہا کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرلیا کرتے تھے یا رات کے آخری حصے میں کیا کرتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: ہرطرح سے کرلیتے تھے' بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں غسل کرلیا کرتے تھے اور بعض اوقات رات کے آخری حصے میں غسل کرلیا کرتے تھے۔تو میں نے کہا: ہرطرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔

## 7 - باب الْاِسْتِتَارِ عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ

### باب: غسل کرتے وقت پردہ تان لینا

404 - اَخْبَرَنِىْ اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَغْتَسِلُ بِالْبَرَازِ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَقَالَ "اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَلِيْمٌ حَيِىٌّ سِتِّيْرٌ يُحِبُّ الْحَيَاءَ وَالسَّتْرَ فَاِذَا اغْتَسَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَتِرْ ".

☆☆ حضرت یعلیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ایک کھلی جگہ پر غسل کرتے ہوئے دیکھا' (بعد میں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد فرمایا:

403-تقدم في الطهارة، باب ذكر الا غتسال اول الليل (الحديث 222) .

404-اخرجه ابوداؤد في الحمام، باب النهي عن التعري (الحديث 4012) . تحفة الاشراف (11845) .

Marfat.com

”بے شک اللہ تعالیٰ بردبار ہے' زندہ ہے' پردہ ڈالنے والا ہے' وہ حیاء کو اور پردے کو پسند کرتا ہے' جب کوئی شخص غسل کرنے لگے تو اُسے پردہ کر لینا چاہیے“۔

405 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ”اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سِتِّيْرٌ فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّغْتَسِلَ فَلْيَتَوَارَ بِشَىْءٍ“.

☆☆ صفوان بن یعلیٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
”اللہ تعالیٰ پردہ رکھنے والا ہے' تو جب کوئی شخص غسل کرنے لگے' تو کسی چیز کے ذریعے اوٹ کر لے“۔

406 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ وَضَعْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاءً - قَالَتْ - فَسَتَرْتُهُ فَذَكَرَتِ الْغُسْلَ قَالَتْ ثُمَّ اَتَيْتُهُ بِخِرْقَةٍ فَلَمْ يُرِدْهَا .

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے لیے پانی رکھا' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے آپ ﷺ کے لیے پردہ تان لیا' پھر سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے (نبی اکرم ﷺ کے) غسل کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ فرمایا: پھر میں آپ ﷺ کے پاس کپڑا لے کر آئی' تو آپ ﷺ نے اُسے استعمال نہیں کیا۔

407 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ”بَيْنَمَا اَيُّوْبُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا خَرَّ عَلَيْهِ جَرَادٌ مِّنْ ذَهَبٍ فَجَعَلَ يَحْثِىْ فِىْ ثَوْبِهٖ قَالَ فَنَادَاهُ رَبُّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا اَيُّوْبُ اَلَمْ اَكُنْ اَغْنَيْتُكَ قَالَ بَلٰى يَا رَبِّ وَلٰكِنْ لَا غِنٰى بِىْ عَنْ بَرَكَاتِكَ“.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک مرتبہ حضرت ایوب علیہ السلام

405-اخرجه ابو داؤد في الحمام، باب النهي عن التعري (الحديث 4013) . تحفة الاشراف (11840) .

406-اخرجه البخاري في الغسل ، باب من افرغ بيمينه على شماله في الغسل (الحديث 266) مطولاً . و باب نفض اليدين من الغسل عن الجنابة (الحديث 276) مطولاً . و باب التستر في الغسل عند الناس (الحديث 281) مطولاً . و اخرجه مسلم في الحيض، باب تستر المغتسل بثوب و نحوه (الحديث 73) . و الحديث عند : البخاري في الغسل، باب الوضوء قبل الغسل (الحديث 249)، و باب الغسل مرة واحدة (الحديث 257)، و باب المضمضة و الاستنشاق في الجنابة (الحديث 259)، و باب مسح اليد بالتراب لتكون انقى (الحديث 260)، و باب تفريق الغسل و الوضوء (الحديث 265)، و باب من توضا في الجنابة ثم غسل سائر جسده و لم يعد مواضع الوضوء مرة اخرى (الحديث 274) . و مسلم في الحيض، باب صفة غسل الجنابة (الحديث 37) . و ابى داؤد في الطهارة، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 245) . و الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الغسل من الجنابة (الحديث 103) . و النسائي في الطهارة، باب غسل الرجلين في غير المكان الذي يغتسل فيه (الحديث 253)، و في الغسل و التيمم، باب ازالة الجنب الاذى عنه قبل افاضة الماء عليه (الحديث 416)، و باب مسح اليد بالارض بعد غسل الفرج (الحديث 417)، و باب الغسل مرة واحدة (الحديث 426) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب المنديل بعد الوضوء و بعد الغسل (الحديث 467) . تحفة الاشراف (18064) .

407-اخرجه البخاري في الغسل ، باب من اغتسل عريانًا و حده في الخلوة (الحديث 279) تعليقاً . تحفة الاشراف (14224) .

Marfat.com

برہنہ ہو کر غسل کر رہے تھے' اس دوران ان پر سونے کی ٹڈیاں گرنے لگیں' تو انہوں نے انہیں اپنے کپڑے میں سمیٹنا شروع کر دیا' ان کے پروردگار نے ان سے فرمایا: اے ایوب! کیا میں نے تمہیں غنی نہیں کیا ہوا ہے' انہوں نے فرمایا: جی ہاں! اے میرے پروردگار! لیکن میں تیری (عطاء کردہ) برکات سے بے نیاز نہیں ہوں۔

## 8 - باب الدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَّ لَا تَوْقِيْتَ فِى الْمَآءِ الَّذِىْ يُغْتَسَلُ فِيْهِ

### باب: اس بات کی دلیل کہ غسل کرنے کے لیے پانی کی کوئی حد متعین نہیں ہے

408 - اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ فِى الْاِنَاءِ وَهُوَ الْفَرَقُ وَكُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل کر لیا کرتے تھے' وہ فرق ہوتا تھا (یعنی تین صاع کے برابر ہوتا تھا) میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کر لیا کرتے تھے۔

## 9 - باب اغْتِسَالِ الرَّجُلِ وَالْمَرْاَةِ مِنْ نِسَائِهِ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ

### باب: آدمی کا اپنی بیوی کے ساتھ ایک ہی برتن میں سے غسل کرنا

409 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هِشَامٍ ح وَاَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ وَاَنَا مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ نَغْتَرِفُ مِنْهُ جَمِيْعًا . وَقَالَ سُوَيْدٌ قَالَتْ كُنْتُ اَنَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور میں ایک ہی برتن میں سے غسل کر لیا کرتے تھے' ہم ایک ساتھ اس میں سے پانی لیا کرتے تھے۔

یہاں سوید نامی راوی نے ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے۔

410 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الْجَنَابَةِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل جنابت کر لیا کرتے تھے۔

411 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ

---

408-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (17553) .

409-تقدم في الطهارة، باب ذكر اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء واحد (الحديث 232) . تحفة الاشراف (16976 و 17174) .

410-تقدم في الطهارة، باب ذكر اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء واحد (الحديث 233) . تحفة الاشراف (17493) .

Marfat.com

عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَأَيْتُنِي أُنَازِعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْإِنَاءَ أَغْتَسِلُ أَنَا وَهُوَ مِنْهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے' کہ میں برتن (سے پانی لینے میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مقابلہ کرتی تھی' میں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی ایک برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

## 10 - باب الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

### باب: اس بارے میں رخصت کا بیان

412 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ اُبَادِرُهُ وَيُبَادِرُنِيْ حَتّٰى يَقُوْلَ "دَعِيْ لِيْ ." وَاَقُوْلَ اَنَا دَعْ لِيْ .

قَالَ سُوَيْدٌ يُبَادِرُنِيْ وَاُبَادِرُهُ فَاَقُوْلُ دَعْ لِيْ دَعْ لِيْ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے' بعض اوقات میں پہلے پانی لے لیتی تھی اور بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے پہلے پانی لے لیتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے: تم میرے لیے بھی پانی رہنے دینا اور میں یہ کہا کرتی تھی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لیے بھی رہنے دیجیے گا۔

سوید نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے پہلے پانی لے لیتے تھے اور کبھی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پانی لے لیتی تھی' تو میں یہ کہا کرتی تھی: میرے لیے بھی رہنے دیجیے گا' میرے لیے بھی رہنے دیجیے گا۔

## 11 - باب الْاِغْتِسَالِ فِيْ قَصْعَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ

### باب: ایسے برتن میں (پانی ڈال کر) غسل کرنا جس میں آٹے کا اثر موجود ہو

413 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ اَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ هَانِءٍ اَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَهُوَ يَغْتَسِلُ قَدْ سَتَرَتْهُ بِثَوْبٍ دُوْنَهُ فِيْ قَصْعَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ . قَالَتْ فَصَلَّى الضُّحٰى فَمَا اَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى حِيْنَ قَضٰى غُسْلَهُ .

☆☆ سیّدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فتح مکہ کے دن حاضر ہوئیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت غسل کر رہے تھے۔ (سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کپڑے کے ذریعے پردہ تان رکھا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے برتن میں سے پانی لے کر غسل کر رہے تھے' جس میں آٹے کا نشان موجود تھا۔

411-تقدم في الطهارة، باب ذكر اغتسال الرجل و المراة من نسائه من اناء واحد (الحديث 234) . تحفة الاشراف (15983) .

412-تقدم في الطهارة، باب الرخصة في ذلك (الحديث 239) . تحفة الاشراف (17969) .

413-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18009) .

Marfat.com

سیّدہ اُمِ ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی نماز ادا کی مجھے یہ نہیں معلوم کہ غسل پورا کر لینے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی رکعات ادا کی تھیں؟

## 12 - باب تَرْكِ الْمَرْاَةِ نَقْضَ رَاْسِهَا عِنْدَ الْاِغْتِسَالِ

### باب: غسل کے وقت عورت کا اپنی مینڈھیوں کو نہ کھولنا

414 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هٰذَا فَاِذَا تَوْرٌ مَوْضُوْعٌ مِثْلُ الصَّاعِ اَوْ دُوْنَهُ فَنَشْرَعُ فِيْهِ جَمِيْعًا فَاُفِيْضُ عَلٰى رَاْسِىْ بِيَدَىَّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَمَا اَنْقُضُ لِىْ شَعْرًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ مجھے اپنے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے کہ میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں:) وہ ایک بڑا پیالہ تھا جو وہاں رکھا ہوا تھا جس میں ایک صاع کے قریب یا اس سے کچھ کم پانی آتا تھا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) ہم ایک ساتھ اس میں سے پانی لے کر غسل کیا کرتے تھے میں اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے تین مرتبہ اپنے سر پر پانی بہا لیتی تھی اور میں اپنے بال نہیں کھولا کرتی تھی۔

## 13 - باب اِذَا تَطَيَّبَ وَاغْتَسَلَ وَبَقِىَ اَثَرُ الطِّيْبِ

### باب: جب کوئی شخص خوشبو لگا کر غسل کرے اور اس کی خوشبو کا اثر ابھی باقی ہو

415 - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِىِّ عَنْ وَكِيْعٍ عَنْ مِسْعَرٍ وَسُفْيَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ لَاَنْ اُصْبِحَ مُطَّلِيًا بِقَطِرَانٍ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اُصْبِحَ مُحْرِمًا اَنْضَخُ طِيْبًا . فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَاَخْبَرْتُهَا بِقَوْلِهٖ فَقَالَتْ طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ عَلٰى نِسَائِهٖ ثُمَّ اَصْبَحَ مُحْرِمًا .

☆☆ ابراہیم بن محمد بن منتشر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں تارکول سے لپٹ جاؤں یہ میرے نزدیک اس بات سے زیادہ پسندیدہ بات ہے کہ میں حالت احرام میں ہوں اور مجھ سے خوشبو پھوٹ رہی ہو۔

(محمد بن منتشر بیان کرتے ہیں:) پھر میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے

414-اخرجه مسلم في الحيض، باب حكم ضفائر المغتسلة (الحديث 59) بنحوه مطولاً . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في غسل النساء من الجنابة (الحديث 604) بمعناه مطولاً . تحفة الاشراف (16324) .

415-اخرجه البخاري في الغسل ، باب اذا جامع ثم عاد (الحديث 267) و باب من تطيب ثم اغتسل و بقي اثر الطيب (الحديث 270) . و اخرجه مسلم في الحج، باب الطيب للمحرم عند الاحرام (الحديث 47و 48 و49) . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الطواف على النساء في غسل واحد (الحديث 429) . و في مناسك الحج ، موضع الطيب (الحديث 2703 و 2704) . تحفة الاشراف (17598) .

Marfat.com

اس قول کے بارے میں بتایا' تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے تھے اور اگلے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھ لیا تھا۔

## 14 - باب اِزَالَةِ الْجُنُبِ الْاَذٰى عَنْهُ قَبْلَ اِفَاضَةِ الْمَآءِ عَلَيْهِ

## باب: جنبی شخص (غسل جنابت کرتے ہوئے) اپنے جسم پر پانی بہانے سے پہلے (جسم پر لگی ہوئی) نجاست کو دور کرے

416 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ تَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ غَيْرَ رِجْلَيْهِ وَغَسَلَ فَرْجَهُ وَمَا اَصَابَهُ ثُمَّ اَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَآءَ ثُمَّ نَحّٰى رِجْلَيْهِ فَغَسَلَهُمَا . قَالَتْ هٰذِهٖ غِسْلَةٌ لِّلْجَنَابَةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (غسل جنابت کے آغاز میں) سب سے پہلے نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے' البتہ آپ اس میں پاؤں نہیں دھوتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے اور اس پر جو کچھ لگا ہوتا تھا اُسے دھوتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جسم پر پانی بہا لیتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پاؤں ایک طرف کر کے ان دونوں کو دھو لیتے تھے۔

سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: یہ غسل جنابت کا طریقہ ہے۔

## 15 - باب مَسْحِ الْيَدِ بِالْاَرْضِ بَعْدَ غَسْلِ الْفَرْجِ

## باب: غسل جنابت کرتے ہوئے شرمگاہ کو دھونے کے بعد ہاتھ کو زمین پر ملنا (یعنی مٹی کے ذریعے صاف کرنا)

417 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ يَبْدَاُ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ ثُمَّ يُفْرِغُ بِيَمِيْنِهٖ عَلٰى شِمَالِهٖ فَيَغْسِلُ فَرْجَهُ ثُمَّ يَضْرِبُ بِيَدِهٖ عَلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَمْسَحُهَا ثُمَّ يَغْسِلُهَا ثُمَّ يَتَوَضَّاُ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ يُفْرِغُ عَلٰى رَاْسِهٖ وَعَلٰى سَائِرِ جَسَدِهٖ ثُمَّ يَتَنَحّٰى فَيَغْسِلُ رِجْلَيْهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت کرتے تھے' تو سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دونوں ہاتھ دھوتے تھے' پھر اس کے

416-تقدم في الطهارة، باب غسل الرجلين في غير المكان الذي يغتسل فيه (الحديث 253) مطولاً .

417-تقدم في الطهارة، باب غسل الرجلين في غير المكان الذي يغتسل فيه (الحديث 253) .

Marfat.com

بعد دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ پر پانی انڈیل کر بائیں ہاتھ کے ذریعے اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے' پھر آپ ﷺ اپنا وہ ہاتھ زمین پر مارتے تھے' اور اُسے اس کے ساتھ ملتے تھے' پھر اُسے دھو لیتے تھے' پھر آپ ﷺ نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے' پھر آپ ﷺ اپنے سر پر اور اپنے پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے' پھر آپ ﷺ ایک طرف ہٹ کے اپنے دونوں پاؤں دھولیا کرتے تھے۔

## 16 - باب الْاِبْتِدَاءِ بِالْوُضُوْءِ فِيْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ

### باب: غسل جنابت کے آغاز میں وضو کرنا

418 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ اغْتَسَلَ ثُمَّ يُخَلِّلُ بِيَدِهِ شَعْرَهُ حَتّٰى اِذَا ظَنَّ اَنَّهُ قَدْ اَرْوٰى بَشْرَتَهُ اَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَآءَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ۔

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ جب غسل جنابت کرتے تھے' تو پہلے دونوں ہاتھ دھوتے تھے' پھر نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے' پھر آپ ﷺ غسل کرتے تھے' آپ ﷺ اپنے ہاتھ کے ذریعے اپنے بالوں کا خلال کرتے تھے' یہاں تک کہ آپ ﷺ کو یہ گمان ہو جاتا کہ آپ ﷺ کی جلد گیلی ہوگئی ہے' پھر آپ ﷺ اپنے اوپر تین مرتبہ پانی بہا دیتے تھے اور پورے جسم کو دھولیا کرتے تھے۔

## 17 - باب التَّيَمُّنِ فِي الطُّهُوْرِ

### باب: وضو کرتے ہوئے دائیں حصے کو پہلے دھونا

419 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ اَبِى الشَّعْثَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِيْ طُهُوْرِهِ وَتَنَعُّلِهِ وَتَرَجُّلِهِ وَقَالَ بِوَاسِطٍ فِيْ شَاْنِهِ كُلِّهِ۔

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ کو جہاں تک ممکن ہو' دائیں طرف سے کام کا آغاز کرنا پسند تھا' وضو کرنے میں بھی' جوتا پہننے میں بھی' کنگھی کرنے میں بھی۔

ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: "ہر معاملے میں (دائیں طرف سے آغاز کرنا پسند تھا)"۔

## 18 - باب تَرْكِ مَسْحِ الرَّاْسِ فِي الْوُضُوْءِ مِنَ الْجَنَابَةِ

### باب: جنابت کی حالت میں وضو کرتے ہوئے سر پر مسح نہ کرنا

---

418-اخرجه البخاري في الغسل، باب تخليل الشعر (الحديث 272) . تحفة الاشراف (16969) .

419-تقدم في الطهارة، باب باي الرجلين يبدا بالغسل (الحديث 112) .

Marfat.com

420 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ - هُوَ ابْنُ سَمَاعَةَ - قَالَ اَنْبَانَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ سَعْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَاتَّسَقَتِ الْاَحَادِيْثُ عَلٰى هٰذَا يَبْدَاُ فَيُفْرِغُ عَلٰى يَدِهِ الْيُمْنٰى مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِى الْاِنَاءِ فَيَصُبُّ بِهَا عَلٰى فَرْجِهِ وَيَدُهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَرْجِهِ فَيَغْسِلُ مَا هُنَالِكَ حَتّٰى يُنْقِيَهُ ثُمَّ يَضَعُ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلَى التُّرَابِ اِنْ شَآءَ ثُمَّ يَصُبُّ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى حَتّٰى يُنْقِيَهَا ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ ثَلَاثًا وَّيَسْتَنْشِقُ وَيُمَضْمِضُ وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا حَتّٰى اِذَا بَلَغَ رَاْسَهُ لَمْ يَمْسَحْ وَاَفْرَغَ عَلَيْهِ الْمَآءَ فَهٰكَذَا كَانَ غُسْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا ذُكِرَ ۔

☆☆ ایک سند کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور ایک سند کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بات منقول ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے غسل جنابت کے بارے میں دریافت کیا۔

اس کے بعد دونوں طرح کی روایات میں یہی مذکور ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کے آغاز میں پہلے اپنے دائیں ہاتھ پر دو مرتبہ یا شاید تین مرتبہ پانی بہاتے تھے پھر اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کرتے تھے پھر اس کے ذریعے اپنی شرمگاہ پر پانی ڈالتے تھے اور بائیں ہاتھ کے ذریعے شرمگاہ کو صاف کرتے تھے اس پر جو چیز لگی ہوتی تھی اسے دھولیتے تھے جب اُسے اچھی طرح صاف کر لیتے تھے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا بایاں ہاتھ مٹی پر رکھتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر اُسے اچھی طرح صاف کر لیتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوتے تھے پھر ناک میں پانی ڈالتے تھے پھر کلی کرتے تھے پھر اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کو تین تین مرتبہ دھوتے تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر تک پہنچ جاتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا مسح نہیں کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر پانی انڈیل لیا کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل کا طریقہ یہی تھا جو مذکور ہے۔

## 19 - باب اسْتِبْرَاءِ الْبَشَرَةِ فِى الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ

### باب: غسل جنابت میں جلد کو گیلا کرنا

421 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ يُخَلِّلُ رَاْسَهُ بِاَصَابِعِهِ حَتّٰى اِذَا خُيِّلَ اِلَيْهِ اَنَّهُ قَدِ اسْتَبْرَاَ الْبَشَرَةَ غَرَفَ عَلٰى رَاْسِهِ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ سَائِرَ جَسَدِهِ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت کرتے تھے تو پہلے دونوں ہاتھ دھوتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلیوں کے ذریعے اپنے سر میں خلال کرتے تھے یہاں

420-انفرد به النسائي، و الحديث عند: النسائي في عشرة النساء من الكبرى، ذكر اختلاف الناقلين لخبر عبد الله بن عمر في ذلك (الحديث 179) . تحفة الاشراف (8247 و 17787) .

421-اخرجه مسلم في الحيض، باب صفة غسل الجنابة (الحديث 35) . تحفة الاشراف (17108) .

Marfat.com

تک کہ آپ ﷺ کو یہ محسوس ہوتا تھا کہ آپ ﷺ کی جلد گیلی ہوگئی ہے' پھر آپ ﷺ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی کے چلّو ڈالتے تھے' پھر اپنے پورے جسم کو دھولیا کرتے تھے۔

422 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ دَعَا بِشَىْءٍ نَحْوِ الْحِلَابِ فَاَخَذَ بِكَفِّهِ بَدَاَ بِشِقِّ رَاْسِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ الْاَيْسَرِ ثُمَّ اَخَذَ بِكَفَّيْهِ فَقَالَ بِهِمَا عَلٰى رَاْسِهِ ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ جب غسل جنابت کرتے تھے' تو حلاب جتنی کوئی چیز منگواتے اور اُسے اپنی ہتھیلی میں لیتے۔

آپ اپنے سر کے دائیں حصے سے (سر کو دھونے کا) آغاز کرتے' پھر بائیں حصے کو دھوتے' پھر آپ ﷺ اپنی دونوں ہتھیلیوں میں پانی لیتے اور اُسے اپنے سر کے اوپر ڈال لیتے۔

## 20 - باب مَا يَكْفِى الْجُنُبَ مِنْ اِفَاضَةِ الْمَآءِ عَلٰى رَاْسِهٖ

## باب: جنبی شخص کے لیے (غسل جنابت کے دوران) اپنے اوپر کسی حد تک پانی بہانا کافی ہے؟

423 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ ح وَاَنْبَاَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدٍ يُحَدِّثُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذُكِرَ عِنْدَهُ الْغُسْلُ فَقَالَ "اَمَّا اَنَا فَاُفْرِغُ عَلٰى رَاْسِىْ ثَلَاثًا"۔
لَفْظُ سُوَيْدٍ ۔

☆☆ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے سامنے غسل کا تذکرہ کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- "میں اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہالیتا ہوں"۔

روایت کے یہ الفاظ سوید نامی راوی کے ہیں۔

424 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُّخَوَّلٍ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اغْتَسَلَ اَفْرَغَ عَلٰى رَاْسِهٖ ثَلَاثًا ۔

☆☆ امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب غسل کرتے تھے' تو آپ ﷺ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہالیتے تھے۔

422-اخرجه البخاري في الغسل ، باب من بدأ بالحلاب او الطيب عند الغسل (الحديث 258) . و اخرجه مسلم في الحيض ، باب صفة غسل الجنابة (الحديث 39) . و اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 240) . تحفة الاشراف (17447) .

423-تقدم في الطهارة، باب ذكر ما يكفي الجنب من افاضة الماء على راسه (الحديث 250) .

Marfat.com

## 21 - باب الْعَمَلِ فِي الْغُسْلِ مِنَ الْحَيْضِ

### باب: حیض کے بعد غسل کرنے کا طریقہ

425 - اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّهٖ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اَغْتَسِلُ عِنْدَ الطُّهُوْرِ قَالَ "خُذِىْ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً فَتَوَضَّئِي بِهَا ." قَالَتْ كَيْفَ اَتَوَضَّاُ بِهَا قَالَ "تَوَضَّئِي بِهَا ." قَالَتْ كَيْفَ اَتَوَضَّاُ بِهَا قَالَتْ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّحَ وَاَعْرَضَ عَنْهَا فَفَطِنَتْ عَآئِشَةُ لِمَا يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاَخَذْتُهَا وَجَبَذْتُهَا اِلَيَّ فَاَخْبَرْتُهَا بِمَا يُرِيْدُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں (حیض سے) پاک ہونے کے بعد کس طرح غسل کیا کروں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم خوشبو میں بسی ہوئی روئی استعمال کیا کرو اور اس کے ذریعے وضو کرلیا کرو''۔

اس خاتون نے دریافت کیا: میں اس کے ذریعے کیسے وضو کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے ذریعے وضو کرلیا کرو' اس خاتون نے دریافت کیا: میں اس کے ذریعے کیسے وضو کروں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ کہا اور اُس خاتون سے منہ پھیرلیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد کا اندازہ ہوگیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اُس خاتون کو پکڑا' اُسے اپنی طرف کھینچا اور اُسے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا مراد لے رہے ہیں۔

## 22 - باب الْغُسْلِ مَرَّةً وَّاحِدَةً

### باب: ایک ہی مرتبہ غسل کرنا (یعنی جسم پر ایک ہی مرتبہ پانی بہانا)

426 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ اغْتَسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ

424-اخرجه البخاري في الغسل ، باب من افاض على راسه ثلاثًا (الحديث 255) . تحفة الاشراف (2642) .

425-تقدم في الطهارة، باب ذكر العمل في الغسل من الحيض (الحديث 251) .

426-اخرجه البخاري في الغسل ، باب الوضوء قبل الغسل (الحديث 249) بنحوه، و في الغسل ، باب الغسل مرة واحدة (الحديث 257) مطولاً ـ و باب المضمضة و الاستنشاق في الجنابة (الحديث 259) مطولًا، و باب تفريق الغسل و الوضوء، (الحديث 265) مطولًا، و باب من افرغ بيمينه على شماله في الغسل (الحديث 266) مطولًا، وباب من توضا في الجنابة ثم غسل سائر جسده و لم يعد غسل مواضع الوضوء مرة آخرى (الحديث 274) مطولاً ـ و باب نفض اليدين من الغسل عن الجنابة (الحديث 276) مطولًا، و باب التستر في الغسل عند الناس (الحديث 281) مطولاً ـ و اخرجه مسلم في الحيض، باب غسل الجنابة (الحديث 37م) مطولاً ـ و اخرجه ابوداؤد في الطهارة ، باب في الغسل من الجنابة (الحديث 245)

Marfat.com

فَغَسَلَ فَرْجَهُ وَدَلَكَ يَدَهُ بِالْاَرْضِ اَوِ الْحَائِطِ ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ اَفَاضَ عَلٰى رَأْسِهِ وَسَائِرِ جَسَدِهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت کرتے ہوئے پہلے اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے' پھر اپنا ہاتھ زمین پر ملتے تھے۔ (راوی کو شک ہے' کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) دیوار پر ملتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے تھے' پھر اپنے سر اور پورے جسم پر پانی بہا لیتے تھے۔

## 23 - باب اغْتِسَالِ النُّفَسَاءِ عِنْدَ الْاِحْرَامِ

### باب: احرام باندھنے کے وقت' نفاس والی عورت کا غسل کرنا

427 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالُوْا حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ اَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَحَدَّثَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ . وَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى اِذَا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلَدَتْ اَسْمَآءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُّحَمَّدَ بْنَ اَبِىْ بَكْرٍ فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَصْنَعُ فَقَالَ "اغْتَسِلِىْ ثُمَّ اسْتَثْفِرِىْ ثُمَّ اَهِلِّىْ ."

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ ہم لوگ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہم نے ان سے حجۃ الوداع کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے ہمیں یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت روانہ ہوئے تھے' جب ذوالقعدہ ختم ہونے میں پانچ دن باقی رہ گئے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم لوگ بھی روانہ ہوئے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ پہنچے تو وہاں اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہما کو جنم دیا' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھیجا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''تم غسل کر کے کپڑے کو مضبوطی سے باندھ لو اور احرام باندھ لو''۔

## 24 - باب تَرْكِ الْوُضُوْءِ بَعْدَ الْغُسْلِ

### باب: غسل کر لینے کے بعد وضو نہ کرنا

428 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ ح وَاَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَضَّاُ بَعْدَ الْغُسْلِ .

---

427-تقدم في الطهارة، باب ما تفعل النفساء عند الاحرام (الحديث 290) .

428-تقدم في الطهارة، باب ترك الوضوء من بعد الغسل (الحديث 252) .

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کر لینے کے بعد (از سرِ نو) وضو نہیں کرتے تھے۔

## 25 - باب الطَّوَافِ عَلَى النِّسَآءِ فِيْ غُسْلٍ وَّاحِدٍ

### باب: تمام بیویوں کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد ایک ہی مرتبہ غسل کرنا

429 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ بِشْرٍ - وَهُوَ ابْنُ الْمُفَضَّلِ - قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَطُوْفُ عَلٰى نِسَائِهٖ ثُمَّ يُصْبِحُ مُحْرِمًا يَنْضَخُ طِيْبًا .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے' اگلے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھ لیا' حالانکہ اس وقت آپ سے خوشبو آ رہی تھی۔

## 26 - باب التَّيَمُّمِ بِالصَّعِيْدِ

### باب: مٹی کے ذریعے تیمّم کرنا

430 - اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَنْبَاَنَا سَيَّارٌ عَنْ يَزِيْدَ الْفَقِيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اُعْطِيْتُ خَمْسًا لَّمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِيْ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ وَّجُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا فَاَيْنَمَا اَدْرَكَ الرَّجُلَ مِنْ اُمَّتِي الصَّلَاةُ يُصَلِّيْ وَاُعْطِيْتُ الشَّفَاعَةَ وَلَمْ يُعْطَ نَبِيٌّ قَبْلِيْ وَبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَّكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ اِلٰى قَوْمِهٖ خَاصَّةً ."

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مجھے پانچ خصوصیات عطاء کی گئی ہیں' جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئی ہیں' ایک مہینے کی مسافت سے (دشمن پر پڑ جانے والے) رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے' میرے لیے تمام روئے زمین کو نماز ادا کرنے کی جگہ اور وضو کے حصول کا ذریعہ بنایا گیا ہے۔

میری اُمت کے جس بھی فرد کو جہاں بھی نماز کا وقت آ جائے گا' وہ وہاں نماز ادا کر سکے گا۔

مجھے شفاعت عطاء کی گئی ہے' جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئی' اور مجھے تمام بنی نوع انسان کی طرف مبعوث کیا گیا ہے' حالانکہ پہلے ہر نبی کو اس کی مخصوص قوم کی طرف مبعوث کیا جاتا تھا۔

---

429-تقدم في الغسل و التيمم، باب اذا تطيب و اغتسل و بقي اثر الطيب (الحديث 415) مطولاً .

430-اخرجه البخاري في التيمم، باب 1 . (الحديث 335)، و في الصلاة، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم و جعلت لي الارض مسجدًا و طهورًا، (الحديث 438) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة (الحديث 3) . واخرجه النسائي في المساجد، الرخصة في ذلك (الحديث 735) مختصراً . و الحديث عند: البخاري في فرض الخمس، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم (احلت لكم الغنائم) (الحديث 3122) . تحفة الاشراف (3139) .

Marfat.com

## شرح

# تیمّم کے احکام

## وہ اُمور جو تیمّم میں ضروری ہیں

### تیمّم کی نیت

مسئلہ: ان میں سے ایک چیز نیت ہے' اس کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی ایک ایسی عبادت کا ارادہ کرلے جس کا قصد کیا جاتا ہے اور جو طہارت کے بغیر درست نہیں ہوتی ہے کیونکہ طہارت کی نیت کرنا یا نماز کے مباح ہونے کی نیت کرنا' نماز کے ارادے کے قائم مقام ہے' تاہم یہاں اس بات کا اظہار ضروری نہیں ہے کہ وہ بے وضو حالت ختم کرنے کی نیت کررہا ہے یا جنابت ختم کرنے کی نیت کررہا ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی جنبی شخص وضو کے ارادے سے تیمّم کرلیتا ہے' تو یہ بھی جائز ہوگا۔ (تبیین)

### مختلف امور کے لیے تیمّم کرنا

مسئلہ: اگر کوئی شخص نمازِ جنازہ ادا کرنے کے لیے یا سجدۂ تلاوت کرنے کے لیے تیمّم کرتا ہے' تو اب اس کے لیے یہ بات جائز ہے کہ وہ اس تیمّم کے ذریعے فرض نماز ادا کرے' اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص دل میں قرآن پڑھنے کے لیے تیمّم کرتا ہے یا پھر مصحف کو دیکھ کر قرآن پڑھنے کے لیے یا قبرستان کی زیارت کرنے کے لیے یا میت کے دفن کرنے کے لیے یا اذان دینے کے لیے یا اقامت کہنے کے لیے یا مسجد میں داخل ہونے کے لیے یا مسجد سے باہر نکلنے کے لیے' یعنی اس صورت میں کہ وہ مسجد میں داخل ہوتے وقت باوضو حالت میں ہو یا کوئی شخص قرآن کو چھونے کے لیے تیمّم کرتا ہے اور پھر اس تیمّم کے ذریعے نماز ادا کرلیتا ہے' تو عام علماء اس بات کے قائل ہیں کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سجدۂ شکر کرنے کے لیے تیمّم کرتا ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اس تیمّم کے ذریعے وہ شخص فرض نماز ادا نہیں کرسکتا جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ اس کے ذریعے فرض نماز ادا کرسکتا ہے' کیونکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سجدہ کرنا عبادت ہے' جبکہ باقی دونوں حضرات کی رائے اس بارے میں مختلف ہے۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سلام کرنے کے لیے یا سلام کا جواب دینے کے لیے تیمّم کرتا ہے' تو وہ اس تیمّم کے ذریعے نماز ادا نہیں کرسکتا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو سکھانے کے لیے تیمّم کرتا ہے' تو اس کا مقصد اس کے ذریعے نماز ادا کرنا نہیں ہے' تو ایسے شخص کے لیے اس تیمّم کے ساتھ نماز ادا کرنا درست نہیں ہوگا' اس بات پر تینوں فقہاء کا اتفاق ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: قاضی خان میں یہ بات تحریر ہے کہ ظاہر الروایۃ میں بھی یہی مذکور ہے۔

مسئلہ: جب کوئی کافر اسلام قبول کرنے کے بعد تیمّم کرتا ہے اور اسلام قبول کرلیتا ہے' تو اب اس کے لیے اس تیمّم کے

Marfat.com

ذریعے نماز ادا کرنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز نہیں ہوگا۔ (الخلاصہ)

مسئلہ: جب کسی بیمار شخص کو کوئی دوسرا شخص تیمّم کروا دے تو تیمّم کی نیت کرنا بیمار پر لازم ہوگا' تیمّم کروانے والے پر لازم نہیں ہوگا۔ (قنیہ)

## تیمّم کا طریقہ

مسئلہ: (تیمّم کے بارے میں نیت کے بعد) دوسرا بنیادی حکم دو مرتبہ ضرب لگانا ہے' ان میں سے ایک کے ذریعے آدمی اپنے چہرے پر مسح کرے گا اور دوسری کے ذریعے کہنیوں تک دونوں بازوؤں پر مسح کرے گا۔ (الہدایہ)

مسئلہ: آدمی اپنی کہنی پر بھی مسح کرے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: الحلیہ میں یہ بات مذکور ہے کہ آدمی اپنے چہرے کی ظاہری جلد پر اور بالوں کی اوپری حصے کے اوپر مسح کرے گا' صحیح قول یہی ہے۔ (معراج الدرایۂ فتح القدیر)

مسئلہ: کیا آدمی اپنی ہتھیلی پر بھی مسح کرے گا' صحیح یہ ہے کہ اس پر مسح نہیں کرے گا بلکہ ہتھیلی کو زمین پر مارنا ہی کافی ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک ہی مرتبہ ضرب لگا کر اپنے دونوں بازوؤں اور چہرے پر مسح کر لیتا ہے' تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: جب کوئی شخص تیمّم کا ارادہ کرتے ہوئے مٹی میں لوٹ پوٹ ہو جاتا ہے اور مٹی کو اپنے جسم پر مل لیتا ہے' تو اگر اس کے چہرے اور بازوؤں پر مٹی لگ گئی ہے' تو یہ جائز ہوگا اور اگر نہیں لگی تو یہ تیمّم درست نہیں ہوگا۔ (الخلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص مٹی پر ہاتھ مارتا ہے اور پھر چہرے یا بازوؤں پر پھیرنے سے پہلے اس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے' تو ایسا مسح درست نہیں ہوگا۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے کوئی شخص وضو کرتے ہوئے بعض اعضاء کو دھونے کے بعد بے وضو ہو جاتا ہے۔ سید ابوشجاع نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

مسئلہ: قاضی اسبیجابی فرماتے ہیں: ایسا کرنا جائز ہوگا' کیونکہ اس کی مثال اس شخص کی مانند ہوگی جو اپنی دونوں ہتھیلیوں میں پانی بھرتا ہے اور پھر بے وضو ہو جاتا ہے اور پھر اس پانی کو استعمال کر لیتا ہے۔ الخلاصہ میں یہ بات تحریر ہے: صحیح قول یہ ہے کہ وہ آدمی اس مٹی کو استعمال نہیں کر سکتا۔ شمس الائمہ نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اس بارے میں ایک حکم استیعاب ہے' یعنی تیمّم کرتے ہوئے دونوں اعضاء کو مکمل طور پر مسح کرنا واجب ہے' یہ بات ظاہر الروایت میں ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کوئی شخص ابروؤں کے نیچے آنکھوں کے اوپر مسح نہیں کرتا تو یہ جائز نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: تیمّم کرنے سے پہلے انگوٹھی یا کنگن وغیرہ کو اتار لینا ضروری ہے۔ (الخلاصہ)

مسئلہ: ناک کے دونوں نتھنوں کے درمیان پردے پر بھی مسح کیا جائے گا اور اگر انگلیوں کے درمیان میں غبار داخل نہیں ہوگا

Marfat.com

تو ان کا خلال کرنا واجب ہوگا۔ (تبیین)

## مٹی کا پاک ہونا

مسئلہ: اس بارے میں ایک حکم مٹی کا پاک ہونا ہے' آدمی زمین کی جنس سے تعلق رکھنے والی پاک مٹی سے تیمم کرے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: ہر وہ چیز جو جلنے کے بعد راکھ بن جاتی ہے' جیسے لکڑی' حشیش وغیرہ' جو چیز نرم ہو کر پگھل جاتی ہے جیسے لوہا' کانسہ' تانبہ' شیشہ' سونا یا چاندی وغیرہ یہ سب زمین کی جنس سے شمار نہیں ہوں گے' لیکن جو ایسے نہ ہوں' وہ زمین کی جنس شمار ہوں گے۔ (البدائع)

مسئلہ: اس لیے مٹی' ریت' چونے' سرمے' گندھک' فیروزہ' عقیق اور اس جیسے دیگر پتھروں پر مسح کرنا جائز ہے۔ (البحر الرائق)

مسئلہ: یاقوت اور مرجان کا بھی یہی حکم ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اس بارے میں ایک حکم تین انگلیوں کے ذریعے مسح کرنا ہے' تین سے کم انگلیوں کے ذریعے مسح کرنا جائز نہیں ہے' یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے سر پر اور موزوں پر مسح کرنے کا حکم ہے۔ (تبیین)

## پانی پر قدرت نہ رکھنا

مسئلہ: اس بارے میں ایک حکم یہ ہے کہ تیمّم اس وقت جائز ہوتا ہے جب آدمی پانی پر قدرت نہ رکھے' جو شخص پانی سے ایک میل کے فاصلے پر دور ہو' اس کے لیے تیمّم کرنا جائز ہے' مقدار میں یہی قول مختار ہے' خواہ آدمی شہر سے باہر ہو یا شہر میں ہو۔ صحیح قول یہی ہے اور اس بارے میں یہ دونوں صورتیں بھی برابر ہوں گی کہ آدمی مسافر ہے یا مقیم ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: صحیح قول کے مطابق میل سے مراد تین فرسخ ہے جو چار ہزار بالشت کے برابر ہوتے ہیں' جن میں سے ایک بالشت کی لمبائی چوبیس انگلیوں کے برابر ہوتی ہے اور ایک انگلی کی چوڑائی جَو کے چھ دانوں کے برابر ہوتی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اس بارے میں مسافت کا اعتبار کیا جائے گا' وقت فوت ہونے کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ (الہدایہ)

## کسی خوف کی وجہ سے تیمّم کرنا

مسئلہ: اگر کسی درندے یا دشمن کا خوف ہو' تو بھی تیمّم کیا جا سکتا ہے' خواہ یہ خوف اپنی ذات کے بارے میں ہو یا اپنے مال کے بارے میں خوف ہو۔ (العنایہ)

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی سانپ یا آگ کا خوف ہو' تو بھی یہی حکم ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر پانی کے پاس چور موجود ہے یا ظالم شخص موجود ہے' جو اسے اذیت پہنچا سکتا ہے' تو ایسا شخص تیمّم کر لے گا۔ (قنیہ)

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی عورت کو اپنی عزت پر حملہ ہونے کا اندیشہ ہو' یعنی پانی کے پاس کوئی فاسق شخص موجود ہو' تو بھی وہ تیمّم کر لے گی۔ (بحر الرائق)

Marfat.com

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی شخص کو (وضو کرنے کے نتیجے میں) اپنے یا اپنے ساتھی کے یا اہل قافلہ میں سے کسی اور شخص کے یا اپنے جانور کے یا اپنے ساتھ حفاظت کے طور پر چلنے والے کتے کے یا اپنے شکاری کتے کے موجودہ وقت میں یا آگے چل کر پیاسے رہ جانے کا اندیشہ ہو تو وہ بھی تیمّم کرے گا۔

مسئلہ: اسی طرح اگر آدمی کو آٹا وغیرہ گوندھنے کے لیے اس پانی کی ضرورت ہو تو بھی وہ تیمّم کرے گا' البتہ شوربہ بنانے کے لیے یہ حکم نہیں ہوگا' اسی طرح تیمّم کرنا اس شخص کے لیے بھی جائز ہوگا جو جنابت کی حالت میں ہو اور اسے یہ اندیشہ ہو کہ اگر اس نے پانی کے ذریعے غسل کیا تو وہ ٹھنڈک کی وجہ سے مرجائے گا یا زیادہ بیمار ہو جائے گا اور یہ حکم اس وقت ہے جب وہ شخص شہر سے باہر ہو' اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر وہ شخص شہر کے اندر موجود ہے' تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہی حکم ہوگا' جبکہ صاحبین کی رائے مختلف ہے اور یہ اختلاف اس صورت میں ہے کہ جب اس شخص کے پاس یہ گنجائش نہ ہو کہ وہ حمام میں جاسکے (یعنی گرم پانی حاصل کرسکے) اگر گرم پانی حاصل کرنے کی گنجائش ہو' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس کے لیے تیمّم کرنا جائز نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اسی طرح جو شخص پانی کو گرم کرنے کی قدرت نہیں رکھتا' اس کا بھی یہی حکم ہوگا لیکن اگر وہ قدرت رکھتا ہو' تو ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (السراج الوہاج)

مسئلہ: اگر بے وضو شخص کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ اگر اس نے وضو کیا تو وہ ٹھنڈک کی وجہ سے مرجائے گا یا شدید بیمار ہو جائے گا تو ایسا شخص بھی تیمّم کرے گا۔ (کافی)

مسئلہ: تاہم صحیح قول یہ ہے کہ ایسی صورت میں تیمّم کرنا جائز نہیں ہوگا' اس بات پر اتفاق ہے۔ (النہر الفائق)

## پانی کے استعمال کا نقصان دہ ہونا

مسئلہ: اگر بیمار شخص کو پانی مل جاتا ہے' لیکن اسے یہ اندیشہ ہے کہ پانی کے استعمال سے بیماری میں اضافہ ہو جائے گا یا صحت میں تاخیر ہو جائے گی تو وہ تیمّم کرلے گا' اس بارے میں اس حوالے سے کوئی فرق شمار نہیں ہوگا کہ حرکت کرنے کی وجہ سے بیماری میں اضافہ ہوتا ہے یا پانی کو استعمال کرنے کی وجہ سے بیماری میں اضافہ ہوتا ہے یا اس طرح کی کوئی ایسی صورتِ حال ہو کہ آدمی بیمار ہو اور کوئی وضو کروانے والا دستیاب نہ ہو اور خود وہ وضو نہ کرسکتا ہو' لیکن اگر کوئی خادم مل سکتا ہو یا مزدور رکھنے کی رقم موجود ہو یا کوئی ایسا شخص موجود ہو جس سے مدد مانگے تو وہ مدد کردے گا' تو ایسی صورت میں اسے تیمّم نہیں کرنا چاہیے' کیونکہ وہ پانی کے استعمال پر قادر ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اس اندیشے کا اظہار اس صورت میں ہوتا ہے کہ جس کی علامت یا تجربے یا غالب گمان یا کسی مسلمان ماہر طبیب کی ہدایت پر یہ امکان ہو کہ شاید بیماری میں اضافہ ہو جائے گا یا صحت میں تاخیر ہو جائے گی۔ (شرح منیۃ المصلی از ابراہیم حلبی)

مسئلہ: اگر چیچک نکلی ہوئی ہو یا جسم پر زخم بنے ہوئے ہوں تو اکثر کا اعتبار کیا جائے گا' خواہ آدمی بے وضو ہو یا جنابت کی حالت میں ہو' جنابت میں جسم کے اکثر حصے کا اعتبار کیا جائے گا اور بے وضو حالت میں وضو کے اعضاء کے اکثر حصے کا اعتبار کیا جائے گا' یعنی اگر جسم کا اکثر حصہ ٹھیک ہے اور تھوڑے حصے پر زخم ہے' تو صحیح حصے کو دھولے گا اور اگر ممکن ہو' تو زخمی حصے پر مسح کرے

Marfat.com

گا' اگر مسح نہیں ہوسکتا تو ان لکڑیوں پر مسح کرے گا جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر بندھی ہوئی ہوتی ہیں' یا پٹی پر مسح کرے گا' تاہم تیمّم اور غسل کو جمع نہیں کرے گا لیکن اگر آدمی کا آدھا بدن تندرست ہو اور آدھا بدن زخمی ہو' تو اس بارے میں مشائخ کا اختلاف ہے' تاہم اس بارے میں صحیح قول یہ ہے کہ آدمی تیمّم کرے گا' پانی استعمال نہیں کرے گا۔ (خلاصہ محیط)

مسئلہ: مسافر کنویں تک پہنچ جاتا ہے لیکن اس کے پاس پانی نکالنے کے لیے ڈول نہیں ہے' تو وہ تیمّم کر لے گا اور اگر ڈول موجود ہے اور رسّی نہیں ہے' تو بھی تیمّم کرے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص دارالحرب میں قید ہو جاتا ہے اور کفار اسے وضو نہیں کرنے دیتے اور نماز ادا نہیں کرنے دیتے تو وہ تیمّم کر کے اشارے کے ساتھ نماز پڑھ لے گا' جب اس کو قید سے رہائی مل جائے گی تو دوبارہ ان نمازوں کو ادا کرے گا' اسی طرح اگر کوئی شخص ایسی صورتِ حال سے دوچار ہو جاتا ہے کہ دوسرا شخص اس سے کہتا ہے کہ اگر تم نے وضو کیا تو میں تمہیں قید کر دوں گا یا قتل کر دوں گا تو ایسا شخص بھی تیمّم کر کے نماز ادا کرے گا اور بعد میں ان نمازوں کا اعادہ کرے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اس حکم کی وجہ یہ ہے کہ یہاں عجز آدمی کے فعل کی وجہ سے واقع ہوا ہے' آدمی کا فعل اللہ تعالیٰ کے حق کو ساقط نہیں کرتا ہے۔

مسئلہ: اس بارے میں اصول یہ ہے کہ جب آدمی پانی کو اس طرح سے استعمال کر سکتا ہو کہ اسے جانی یا مالی اعتبار سے کوئی نقصان نہ پہنچتا ہو' تو پانی کا استعمال کرنا واجب ہوگا' یہاں تک کہ اگر عام قیمت سے زیادہ ادائیگی کر کے پانی حاصل ہوتا ہے' تو یہ بھی نقصان ہے' ایسی صورت میں وضو لازم نہیں ہوگا لیکن اگر عام قیمت سے معمولی سی زیادہ قیمت ہے' تو وضو لازم ہوگا۔

(بحرالرائق)

## دوسری فصل: ان چیزوں کا بیان جو تیمّم کو توڑ دیتی ہیں

مسئلہ: جو چیز وضو کو توڑتی ہے' وہ تیمّم کو بھی توڑ دیتی ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: جب پانی کے استعمال پر قدرت حاصل ہو جائے تو بھی تیمّم ٹوٹ جاتا ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کوئی مسافر بے وضو ہے اور اس کے کپڑے بھی ناپاک ہیں اور اس کے پاس صرف اتنا پانی موجود ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک میں استعمال کر سکتا ہے' تو اسے چاہیے کہ نجاست کو دھولے' اور حدث کی جگہ تیمّم کر لے' اس صورت میں اگر وہ پہلے تیمّم کر کے بعد میں نجاست کو دھوتا ہے' تو تیمّم دوبارہ کرے گا کیونکہ اس نے جب تیمّم کیا تھا' اس وقت وہ پانی پر قادر تھا' جس سے وضو ہو سکتا ہے۔ (محیط سرخسی)

اس صورت میں اگر وہ پانی کے ذریعے وضو کر لیتا ہے اور ناپاک کپڑوں سمیت نماز ادا کر لیتا ہے' تو نماز ہو جائے گی' تاہم وہ شخص گناہگار ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: جس بیماری کی وجہ سے تیمّم کرنا جائز ہوا تھا' جب وہ بیماری ختم ہو جائے تو تیمّم ٹوٹ جائے گا۔

مسئلہ: ایک شخص نے سفر کے دوران پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمّم کیا تھا' پھر اسے کوئی ایسی بیماری لاحق ہو گئی جس کے نتیجے

Marfat.com

میں تیمّم کرنا جائز ہو جاتا ہے اب اگر وہ شخص مقیم ہو جاتا ہے تو اس تیمّم کے ذریعے نماز جائز نہیں ہو گی کیونکہ یہاں تیمّم کی رخصت کے اسباب الگ الگ ہیں اور رخصت کا ایک سبب دوسری رخصت میں شامل نہیں ہوسکتا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص پانی کے پاس سے گزرتے ہوئے سویا ہوا تھا تو صحیح قول یہ ہے کہ تمام فقہاء کے نزدیک اس کا تیمّم نہیں ٹوٹے گا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص پانی کے پاس سے گزرتا ہے لیکن وہاں دشمن یا کسی درندے کے خوف کی وجہ سے اتر نہیں سکتا تو تیمّم نہیں ٹوٹے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اس بارے میں اصول یہ ہے کہ جس بھی چیز کے موجود ہونے کی وجہ سے تیمّم منع ہوتا ہے (اس کی عدم موجودگی میں جب آدمی تیمّم کرے اور بعد میں) جب وہ چیز موجود ہو جائے تو تیمّم ٹوٹ جاتا ہے اور جو چیز ایسی نہ ہو اس سے تیمّم نہیں ٹوٹتا ہے۔ (بدائع الصنائع)

## تیسری فصل: تیمّم سے متعلق متفرق مسائل

### تیمّم میں سات چیزیں سنت ہیں

مسئلہ: تیمّم میں سات چیزیں سنت ہیں ہاتھ مٹی پر رکھ کر آگے کی طرف لے جانا' انہیں پیچھے کی طرف لے جانا' انہیں جھاڑنا' انگلیوں کو کھولنا' اس کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنا' ترتیب کا خیال رکھنا اور درمیان میں توقف نہ کرنا۔ (بحرالرائق' نہرالفائق)

### تیمّم کرنے کا عملی طریقہ

مسئلہ: تیمّم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ زمین پر مار کر پہلے انہیں آگے کی طرف لایا جائے' پھر پیچھے کی طرف لے جایا جائے' پھر انہیں اُٹھا کر جھاڑ لیا جائے۔ (تبیین)

مسئلہ: ہاتھوں کو اتنا جھاڑا جائے گا کہ اس کے ذریعے مٹی جھڑ جائے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: پھر اس کے ذریعے اپنے منہ کا مسح کیا جائے گا' اس طرح کہ منہ کا کوئی بھی حصہ باقی نہ رہے' پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے جائیں گے اور دونوں بازوؤں پر کہنیوں تک مسح کر لیا جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: ہمارے مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے کہ آدمی پہلے بائیں ہاتھ کی چار انگلیوں کے کناروں کے ذریعے دائیں ہاتھ کی کہنی تک مسح کرے گا' پھر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے دائیں ہاتھ کے نیچے کی طرف پہنچے تک مسح کرے گا اور بائیں انگوٹھے کے اندر کی طرف' دائیں انگوٹھے کے اوپر کی طرف میں پھیرے گا' پھر اسی طرح سے بائیں ہاتھ کا مسح کرے گا' اس میں زیادہ احتیاط ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: ہمارے نزدیک نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے تیمّم کر لینا جائز ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: آدمی ایک تیمّم کے ذریعے جتنے چاہے فرض اور نوافل ادا کرسکتا ہے (جب تک حدث لاحق نہیں ہوتا)۔ (اختیار شرح مختار)

Marfat.com

مسئلہ: جس شخص کو یہ گمان ہو کہ نماز کے آخری وقت تک اسے پانی مل جائے گا اور پانی کی جگہ تک سے اس شخص کا فاصلہ ایک میل تک ہو' تو آخری وقت تک نماز کو مؤخر کرنا مستحب ہے۔ (معراج الدرایہ)

مسئلہ: اگر پانی ملنے کی اُمید نہ ہو' تو تاخیر نہیں کی جائے گی اور مستحب وقت میں تیمّم کر کے نماز ادا کر لی جائے گی۔ (بدائع الصنائع' شرح طحاوی)

مسئلہ: اس طرح کی صورتِ حال پیش آجاتی ہے کہ سفر کے دوران ایک شخص جنبی ہے' ایک عورت جو حیض سے پاک ہو چکی ہے اور میت بھی ہے اور پانی صرف اتنا ہے کہ ان میں سے کسی ایک کے لیے کافی ہو سکتا ہے' اگر وہ پانی ان تینوں میں سے کسی ایک کی ملکیت ہے' تو وہ پانی اسی پر استعمال کرنا مناسب ہوگا' اگر وہ پانی ان سب کی ملکیت ہے' تو کسی پر بھی صرف نہیں کیا جائے گا' بلکہ وہ سب تیمّم کر لیں گے اور اگر پانی مباح ہے' تو جنبی شخص کے لیے اسے استعمال کرنا زیادہ مناسب ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر باپ اور بیٹا موجود ہوں اور پانی ایک شخص کے استعمال میں آسکتا ہو' تو باپ کے لیے استعمال کرنا زیادہ مناسب ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی بیمار شخص وضو بھی نہیں کر سکتا اور تیمّم بھی نہیں کر سکتا اور اس کے ساتھ کوئی ایسا شخص بھی موجود نہیں ہے جو اسے وضو کروا سکے یا تیمّم کروا سکے تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ شخص نماز ادا نہیں کرے گا۔

مسئلہ: کوئی شخص قیدی ہے' اسے وضو کے لیے پانی بھی نہیں ملتا اور تیمّم کے لیے صاف مٹی بھی نہیں ملتی تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ نماز نہیں پڑھے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اصول یہ ہے کہ جس جگہ ادا شدہ نماز فوت ہو رہی ہو اور اس کا کوئی قائم مقام بھی موجود نہ ہو' تو ایسی صورت اس کو پانے کے لیے تیمّم کرنا جائز ہوگا لیکن جب کوئی ایسی نماز فوت ہو رہی ہو جس کی کوئی قائم مقام بھی موجود ہو' تو وہاں تیمّم کرنا جائز نہیں ہوگا' جیسے جمعہ کی نماز فوت ہو جاتی ہے' تو اس کی قائم مقام ظہر کی نماز موجود ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر دو آدمی ایک ہی جگہ سے تیمّم کر لیتے ہیں' تو یہ جائز ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر ایک شخص ایک ہی جگہ سے کئی مرتبہ تیمّم کر لیتا ہے' تو یہ بھی جائز ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: جنبی شخص جنازے کی نماز میں شریک ہونے کے لیے یا عید کی نماز ادا کرنے کے لیے تیمّم کر سکتا ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: (وضو پر وضو کرنا عبادت ہے) لیکن تیمّم پر تیمّم کرنا عبادت نہیں ہے۔ (قنیہ)

مسئلہ: مسافر شخص کے لیے یہ بات جائز ہے کہ وہ اپنی کنیز کے ساتھ صحبت کرے' اگرچہ اسے اس بات کا علم ہو کہ آگے غسل کے لیے پانی نہیں ملے گا۔ (خلاصہ)

•••———•••———•••

Marfat.com

## 27 - بابُ التَّيَمُّمِ لِمَنْ يَّجِدُ الْمَآءَ بَعْدَ الصَّلاةِ

### باب: جو شخص نماز کے بعد پانی پالیتا ہے اس کے تیمّم کا حکم کیا ہے؟

431 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ نَافِعٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ تَيَمَّمَا وَصَلَّيَا ثُمَّ وَجَدَا مَاءً فِي الْوَقْتِ فَتَوَضَّاَ اَحَدُهُمَا وَعَادَ لِصَلَاتِهِ مَا كَانَ فِي الْوَقْتِ وَلَمْ يُعِدِ الْاٰخَرُ فَسَاَلَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِلَّذِي لَمْ يُعِدْ "اَصَبْتَ السُّنَّةَ وَاَجْزَاَتْكَ صَلَاتُكَ." وَقَالَ لِلْاٰخَرِ "اَمَّا اَنْتَ فَلَكَ مِثْلُ سَهْمِ جَمْعٍ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دو آدمیوں نے تیمّم کر کے نماز ادا کر لی' پھر اُسی نماز کے وقت کے دوران ان دونوں کو پانی مل گیا' تو ان دونوں میں سے ایک نے وضو کر کے دوبارہ نماز ادا کر لی' چونکہ وقت ابھی باقی تھا' جبکہ دوسرے شخص نے اس نماز کو نہیں دُہرایا' بعد میں ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا' جس نے نماز دوبارہ نہیں پڑھی تھی: تم نے سنت کے مطابق عمل کیا ہے اور تمہاری پہلی نماز درست ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے شخص سے فرمایا: جہاں تک تمہارا معاملہ ہے' تو تمہیں دونوں نمازیں ادا کرنے کا ثواب ملے گا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

432 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِيرَةُ وَغَيْرُهُ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ .

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

433 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَنْبَاَنَا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَنَّ مُخَارِقًا اَخْبَرَهُمْ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فَلَمْ يُصَلِّ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ "اَصَبْتَ."

فَاَجْنَبَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَتَيَمَّمَ وَصَلّٰى فَاَتَاهُ فَقَالَ نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِلْاٰخَرِ يَعْنِي "اَصَبْتَ."

حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص کو جنابت لاحق ہوگئی' اس نے نماز ادا نہیں کی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے (اس صورت حال میں اپنے طرزِ عمل) کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے۔ اسی طرح ایک اور شخص کو جنابت لاحق ہوئی اس نے تیمّم کر کے نماز ادا کر لی' وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

(راوی کہتے ہیں میرے استاد نے) یہاں ایسے الفاظ نقل کیے ہیں جن کا مفہوم یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے شخص سے بھی یہی فرمایا: "تم نے ٹھیک کیا ہے"۔

---

431-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في المتيمم يجد الماء بعدما يصلي في الوقت (الحديث 338 و 339) مرسلاً . و اخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب التيمم لمن يجد الماء بعد الصلاة (432) مرسلًا تحفة الاشراف (4176) .

432-تقدم في الغسل و التيمم ، باب التيمم لمن يجد الماء بعد الصلاة (الحديث 431) .

433-تقدم في الطهارة، باب فيمن لم يجد الماء و الا الصعيد (الحديث 323) .

Marfat.com

# 28 - باب الْوُضُوْءِ مِنَ الْمَذْيِ

## باب: مذی کے خروج پر وضو کرنا

434 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَذَاكَرَ عَلِيٌّ وَّالْمِقْدَادُ وَعَمَّارٌ فَقَالَ عَلِيٌّ اِنِّيْ امْرُؤٌ مَذَّاءٌ وَّاِنِّيْ اَسْتَحِي اَنْ اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَكَانِ ابْنَتِهٖ مِنِّيْ فَيَسْاَلُهٗ اَحَدُكُمَا فَذَكَرَ لِيْ اَنَّ اَحَدَهُمَا وَنَسِيتُهٗ سَاَلَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "ذَاكَ الْمَذْيُ اِذَا وَجَدَهٗ اَحَدُكُمْ فَلْيَغْسِلْ ذٰلِكَ مِنْهُ وَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْئَهٗ لِلصَّلَاةِ اَوْ كَوُضُوْءِ الصَّلَاةِ."

الْاِخْتِلَافُ عَلٰى سُلَيْمَانَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت علی' حضرت مقداد بن اسود اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کے درمیان بحث ہوگئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایک ایسا شخص ہوں جس کی مذی بہت خارج ہوتی تھی' مجھے اس بات سے شرم آئی تھی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کروں' اس کی وجہ یہ ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی میری اہلیہ ہیں' تو تم دونوں میں سے کوئی ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کرے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) میرے استاد نے میرے سامنے یہ بات ذکر کی تھی کہ ان دونوں میں سے کسی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا تھا' لیکن میں ان کے بارے میں بھول گیا ہوں۔

ان صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"یہ مذی ہے' جب کوئی شخص اس کو پائے (یعنی کسی شخص کی مذی خارج ہو جائے) تو وہ اس کو دھولے اور نماز کے وضو کی طرح وضو کرلے"۔

یہاں ایک راوی نے ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے۔

435 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَاَمَرْتُ رَجُلًا فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "فِيْهِ الْوُضُوْءُ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میری مذی بکثرت خارج ہوا کرتی تھی' تو میں نے ایک شخص کو ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کرے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس صورت میں وضو کرنا لازم ہوگا۔

---

434-اخرجه مسلم في الحيض، باب المذي (الحديث 19) بنحوه . واخرجه النسائي في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 435 و437 و438) تحفة الاشراف (10195) .

435-تقدم في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 434) .

Marfat.com

436 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ مُنْذِرًا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ اسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ مِنْ اَجْلِ فَاطِمَةَ فَاَمَرْتُ الْمِقْدَادَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ "فِيْهِ الْوُضُوْءُ ".

الْاِخْتِلَافُ عَلٰى بُكَيْرٍ

☆☆ امام محمد بن علی رضی اللہ عنہ (یہ امام باقر بھی ہو سکتے ہیں اور امام محمد بن حنفیہ بھی ہو سکتے ہیں) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اس بات سے حیاء آتی ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کا مسئلہ دریافت کروں کیونکہ فاطمہ (میری بیوی تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھی) تو میں نے مقداد سے یہ کہا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اس صورت میں وضو کرنا لازم ہوگا"۔

یہاں روایت کے الفاظ میں بکیر نامی راوی پر اختلاف کیا گیا ہے۔

437 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى عَنِ ابْنِ وَهْبٍ وَّذَكَرَ كَلِمَةً مَّعْنَاهَا اَخْبَرَنِىْ مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْسَلْتُ الْمِقْدَادَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهُ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ "تَوَضَّاْ وَانْضَحْ فَرْجَكَ ".

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَخْرَمَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ شَيْئًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ میں نے مقداد کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تھا کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کا مسئلہ دریافت کرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"تم اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کر لیا کرو"۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی مخرمہ نے اپنے والد سے کوئی حدیث نہیں سنی ہے (حالانکہ اُس نے یہ حدیث اپنے والد کے حوالے سے نقل کی ہے)۔

438 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ اَرْسَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - الْمِقْدَادَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَجِدُ الْمَذْيَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يَغْسِلُ ذَكَرَهُ ثُمَّ لِيَتَوَضَّاْ ".

☆☆ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تاکہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں مسئلہ دریافت کریں جس کی مذی خارج ہو جاتی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

436-تقدم في الطهارة، باب ما ينقض الوضوء، و ما لا ينقض الوضوء من المذي (الحديث 157) .

437-تقدم في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 434) .

438-تقدم في الغسل و التيمم، باب الوضوء من المذي (الحديث 434) .

Marfat.com

''ایسا شخص اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کر لے گا''۔

(یعنی مذی کے خروج پر وضو لازم ہوگا)

439 - اَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ عَنْ اَبِى النَّضْرِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَرَهُ اَنْ يَّسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنَ الْمَرْاَةِ فَخَرَجَ مِنْهُ الْمَذْىُ فَاِنَّ عِنْدِىْ ابْنَتَهُ وَاَنَا اَسْتَحْيِىْ اَنْ اَسْاَلَهُ . فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ "اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهُ وَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ ."

☆☆ حضرت مقداد بن اسود ﷜' حضرت علی ﷜ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: حضرت علی ﷜ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم ﷺ سے ایسے شخص کا مسئلہ دریافت کریں جو اپنی بیوی کے قریب ہوتا ہے' تو اس کی مذی خارج ہو جاتی ہے۔

(حضرت علی ﷜ نے وضاحت کی کہ میں یہ مسئلہ اس لیے دریافت نہیں کر رہا) کیونکہ نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی میری اہلیہ ہے' تو مجھے اس بات سے حیاء آتی ہے' کہ میں نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کروں۔ حضرت مقداد ﷜ نے نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جب کسی شخص کو ایسی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑے تو وہ اپنی شرمگاہ کو دھو کر نماز کے وضو کی طرح وضو کر لے (یعنی مذی کے خروج پر صرف وضو کرنا لازم ہوتا ہے)''۔

## 29 - باب الْاَمْرِ بِالْوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ

## باب: نیند کے بعد وضو کرنے کا حکم

440 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِىُّ قَالَ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَا يُدْخِلْ يَدَهُ فِى الْاِنَاءِ حَتّٰى يُفْرِغَ عَلَيْهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يَدْرِىْ اَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ ﷜ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو' تو وہ اپنا ہاتھ برتن میں اس وقت تک داخل نہ کرے' جب تک اس ہاتھ پر دو یا تین مرتبہ پانی نہ بہا لے' کیونکہ وہ یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے''۔

---

439-تقدم في الطهارة، باب ما ينقض الوضوء و ما لا ينقض من المذي (الحديث 156) .

440-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء اذا استيقظ احدكم من منامه فلا يغمس يده في الاناء حتى يغسلها (الحديث 24) . و اخرجه ابن ماجه ، في الطهارة و سننها، باب الرجل يستيقظ من منامه هل يدخل في الاناء قبل ان يغسلها (الحديث 393) . تحفة الاشراف (13189) .

Marfat.com

441 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ فَجَعَلَنِي عَنْ يَمِينِهِ فَصَلَّى ثُمَّ اضْطَجَعَ وَرَقَدَ فَجَائَهُ الْمُؤَذِّنُ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ مُخْتَصَرٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے دائیں طرف کر لیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نوافل ادا کرتے رہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لیٹ گئے اور سو گئے' پھر مؤذن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلانے کے لیے آیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لیے تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے از سر نو وضو نہیں کیا۔

(امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:) یہ روایت مختصر ہے۔

442 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا نَعَسَ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَرْقُدْ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کسی شخص کو نماز کے دوران اونگھ آ جائے' تو وہ نماز ختم کر دے اور سو جائے۔

## 30 - باب الْوُضُوْءِ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ

### باب: شرمگاہ کو چھونے پر وضو لازم ہونا

443 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ - يَعْنِي ابْنَ اَبِي بَكْرٍ - قَالَ عَلٰى اَثَرِهِ

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَمْ اُتْقِنْهُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ بُسْرَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ ."

☆☆ سیّدہ بسرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے' اُسے وضو کر لینا چاہیے"۔

444 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ

---

441-اخرجه البخاري في الوضوء، باب التخفيف في الوضوء (الحديث 138) مطولًا، وفي الاذان ، باب اذا قام الرجل عن يسار الا مام و حوله الامام خلفه الى يمينه تمت صلاته (الحديث 726)، وباب وضوء الصبيان، و متى يجب عليهم الغسل و الطهور و حضورهم الجماعة والعيدين و الجنائز و صفر فهم (الحديث 859) مطولاً . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 186) مطولاً . و اخرجه ابن ما جه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في القصد في الوضوء و كراهية التعدي فيه (الحديث 423) مختصراً . و الحديث عند: الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الرجل يصلي و معه رجل (الحديث 232) . تحفة الاشراف (5356) .

442-اخرجه البخاري في الوضوء، باب الوضوء من النوم (الحديث 213) بنحوه . تحفة الاشراف (953) .

443-تقدم في الطهارة، الوضوء من مس الذكر (الحديث 163) .

444-تقدم في الطهارة، الوضوء من مس الذكر (الحديث 163) .

Marfat.com

بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَفْضٰى اَحَدُكُمْ بِيَدِهٖ اِلٰى فَرْجِهٖ فَلْيَتَوَضَّأْ".

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص اپنے ہاتھ کو اپنی شرمگاہ کی طرف لے کر جائے (یعنی شرمگاہ کو چھولے) تو اُسے وضو کر لینا چاہیے''۔

445 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ اَنَّهُ قَالَ الْوُضُوْءُ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ مَرْوَانُ اَخْبَرَتْنِيْهِ بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ. فَاَرْسَلَ عُرْوَةُ قَالَتْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُتَوَضَّأُ مِنْهُ فَقَالَ "مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ".

☆☆ ابن شہاب' عروہ بن زبیر اور مروان بن حکم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: مروان نے یہ ذکر کیا' کہ شرمگاہ کو چھونے کی وجہ سے وضو لازم ہو جاتا ہے' پھر مروان نے بتایا: سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نے مجھے اس بارے میں حدیث سنائی ہے' تو عروہ نے (سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا کو) پیغام بھیجا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چیزوں کا ذکر کیا' کہ جن کے بعد وضو کرنا لازم ہوتا ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں شرمگاہ کو چھونے کا بھی ذکر کیا (یعنی شرمگاہ چھونے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے)۔

446 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلَا يُصَلِّيْ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ".

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ.

☆☆ سیّدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھو لیتا ہے' وہ اس وقت تک نماز ادا نہ کرے جب تک وضو نہیں کر لیتا''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کے راوی ہشام بن عروہ نے اپنے والد سے یہ حدیث نہیں سنی ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

---

445-تقدم في الطهارة، الوضوء من مس الذكر (الحديث 163) .
446-تقدم في الطهارة، الوضوء من مس الذكر (الحديث 163) .

Marfat.com

# 5 - كِتَابُ الصَّلَاةِ

## نماز (کے بارے میں روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''نماز (کے بارے میں روایات)'' میں 24 تراجم ابواب اور 45 روایات نقل کی ہیں؛ جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 30 ہوگی۔

## 1 - باب فَرْضِ الصَّلَاةِ وَذِكْرِ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ فِي إِسْنَادِ حَدِيثِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَاخْتِلَافِ أَلْفَاظِهِمْ فِيهِ -

### نماز کی فرضیت (کا واقعہ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی سند میں نقل کرنے والوں کے اختلاف کا تذکرہ اور اس روایت کے الفاظ میں اختلاف کا تذکرہ

شرح

### نماز سے متعلق احکام

نماز کی فرضیت

مسئلہ: نماز ایک محکم فرض ہے' جسے ترک کرنے کی گنجائش نہیں ہے اور اس کا انکار کرنے والے کو کافر قرار دیا جائے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: جو شخص جان بوجھ کر نماز ترک کرتا ہے' لیکن اس کی فرضیت کا منکر نہیں ہے' اسے قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ قید کر دیا جائے گا یہاں تک کہ توبہ کر لے۔ (شرح مجمع البحرین لابن الملک)

مسئلہ: ہمارے نزدیک اس کے وجوب کا تعلق آخری وقت سے ہے اور اس کی مقدار اتنی ہے جتنی دیر میں تکبیر تحریمہ کہی جا سکتی ہے' یہاں تک کہ جب کوئی کافر مسلمان ہو جائے یا بچہ بالغ ہو جائے یا پاگل شخص ٹھیک ہو جائے یا حیض والی عورت پاک ہو جائے اور نماز کا وقت ختم ہونے میں تکبیر تحریمہ کہنے کا وقت باقی ہو' تو ہمارے نزدیک ان پر نماز ادا کرنا واجب ہوگا۔ (مضمرات)

Marfat.com

مسئلہ: اسی طرح اگر یہ عوارض نماز کے آخری وقت میں لاحق ہو جاتے ہیں' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس وقت کی فرض نماز ساقط ہو جائے گی۔ (مختار الفتاویٰ)

مسئلہ: بچے کو جنم دینے میں مدد دینے والی دائی کو اگر یہ اندیشہ ہو کہ اگر وہ نماز پڑھنے میں مشغول ہوئی تو بچہ فوت ہو جائے گا تو اس کے لیے یہ بات جائز ہے کہ وہ نماز کو اس کے وقت سے مؤخر کر دے' اسی طرح چوری کے خوف سے یا اس طرح کے دیگر اسباب کی وجہ سے بھی نماز کو مؤخر کیا جا سکتا ہے۔ (خلاصہ)

447 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "بَيْنَا اَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ اِذْ اَقْبَلَ اَحَدُ الثَّلَاثَةِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَاُتِيتُ بِطَسْتٍ مِّنْ ذَهَبٍ مَلْاٰنَ حِكْمَةً وَّاِيْمَانًا فَشَقَّ مِنَ النَّحْرِ اِلَى مَرَاقِّ الْبَطْنِ فَغَسَلَ الْقَلْبَ بِمَآءِ زَمْزَمَ ثُمَّ مُلِءَ حِكْمَةً وَّاِيْمَانًا ثُمَّ اُتِيتُ بِدَابَّةٍ دُوْنَ الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ ثُمَّ انْطَلَقْتُ مَعَ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَتَيْنَا السَّمَآءَ الدُّنْيَا فَقِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ . قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ . قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ مَرْحَبًا بِهٖ وَنِعْمَ الْمَجِىءُ جَآءَ فَاَتَيْتُ عَلٰى اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ قَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنِ ابْنٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ الثَّانِيَةَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ . قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ عَلٰى يَحْيٰى وَعِيْسٰى فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِمَا فَقَالَا مَرْحَبًا بِكَ مِنْ اَخٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ الثَّالِثَةَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ . قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ عَلٰى يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ قَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنْ اَخٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ الرَّابِعَةَ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ عَلٰى اِدْرِيْسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنْ اَخٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ الْخَامِسَةَ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ عَلٰى هَارُوْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ قَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنْ اَخٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ السَّادِسَةَ فَمِثْلُ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَيْتُ عَلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنْ اَخٍ وَّنَبِيٍّ . فَلَمَّا جَاوَزْتُهٗ بَكٰى قِيْلَ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يَا رَبِّ هٰذَا الْغُلَامُ الَّذِىْ بَعَثْتَهٗ بَعْدِىْ يَدْخُلُ مِنْ اُمَّتِهِ الْجَنَّةَ اَكْثَرُ وَاَفْضَلُ مِمَّا يَدْخُلُ مِنْ اُمَّتِىْ . ثُمَّ اَتَيْنَا السَّمَآءَ السَّابِعَةَ فَمِثْلُ ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ مِنِ ابْنٍ وَّنَبِيٍّ . ثُمَّ رُفِعَ لِىَ الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ فَسَاَلْتُ جِبْرِيْلَ فَقَالَ هٰذَا الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ يُصَلِّىْ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ فَاِذَا خَرَجُوْا مِنْهُ لَمْ يَعُوْدُوْا فِيْهِ اٰخِرَ مَا عَلَيْهِمْ ثُمَّ رُفِعَتْ لِىْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَاِذَا نَبِقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرٍ وَّاِذَا وَرَقُهَا

447-اخرجه البخاري في بدء الخلق، باب ذكر الملائكة (الحديث 3207)، و في مناقب الانصار، باب المعراج (الحديث 3887) . و اخرجه مسلم في الايمان، باب الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم الى السموات، و فرض الصلوات (الحديث 264) . و الحديث عند: البخاري في احاديث الانبياء، باب قول الله عزوجل: (وهل اتاك حديث موسى اذ راى نارًا الى قوله . بالواد المقدس طوى) (الحديث 3393) و باب قول الله تعالى: (ذكر رحمة ربك عبده زكريا، اذنادى ربه نداء خفيًا، قال رب اني و هن العظم مني و اشتعل الراس شيباً . الى قوله . لم نجعل له من قبل سمياً) (الحديث 3430) . وسلم في الايمان، باب السراء برسول الله صلى الله عليه وسلم الى السموات، و فرض الصلوات (الحديث 265) . و الترمذي في تفسير القرآن، باب (و من سورة الم نشرح) (الحديث 3346) . تحفة الاشراف (11202) .

Marfat.com

مِثْلُ اٰذَانِ الْفِیَلَةِ وَاِذَا فِیْ اَصْلِهَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ نَهْرَانِ بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ فَسَاَلْتُ جِبْرِیْلَ فَقَالَ اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِی الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالْفُرَاتُ وَالنِّیلُ ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَیَّ خَمْسُوْنَ صَلَاةً فَاَتَیْتُ عَلٰی مُوْسٰی فَقَالَ مَا صَنَعْتَ قُلْتُ فُرِضَتْ عَلَیَّ خَمْسُوْنَ صَلَاةً ۔ قَالَ اِنِّیْ اَعْلَمُ بِالنَّاسِ مِنْكَ اِنِّیْ عَالَجْتُ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ وَاِنَّ اُمَّتَكَ لَنْ یُطِیْقُوْا ذٰلِكَ فَارْجِعْ اِلٰی رَبِّكَ فَاسْاَلْهُ اَنْ یُخَفِّفَ عَنْكَ فَرَجَعْتُ اِلٰی رَبِّیْ فَسَاَلْتُهُ اَنْ یُخَفِّفَ عَنِّیْ فَجَعَلَهَا اَرْبَعِیْنَ ثُمَّ رَجَعْتُ اِلٰی مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ مَا صَنَعْتَ قُلْتُ جَعَلَهَا اَرْبَعِیْنَ ۔ فَقَالَ لِیْ مِثْلَ مَقَالَتِهِ الْاُوْلٰی فَرَجَعْتُ اِلٰی رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ فَجَعَلَهَا ثَلَاثِیْنَ فَاَتَیْتُ عَلٰی مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ لِیْ مِثْلَ مَقَالَتِهِ الْاُوْلٰی فَرَجَعْتُ اِلٰی رَبِّیْ فَجَعَلَهَا عِشْرِیْنَ ثُمَّ عَشْرَةً ثُمَّ خَمْسَةً فَاَتَیْتُ عَلٰی مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ مِثْلَ مَقَالَتِهِ الْاُوْلٰی فَقُلْتُ اِنِّیْ اَسْتَحِیْ مِنْ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ اَرْجِعَ اِلَیْهِ فَنُوْدِیَ اَنْ قَدْ اَمْضَیْتُ فَرِیْضَتِیْ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِیْ وَاَجْزِیْ بِالْحَسَنَةِ عَشْرَ اَمْثَالِهَا ۔''

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ایک مرتبہ میں بیت اللہ کے قریب سونے اور جاگنے کی درمیانی کیفیت میں تھا' (تین آدمی میرے پاس آئے) ان تین میں سے ایک شخص آگے بڑھا' پھر میرے پاس سونے سے بنا ہوا ایک طشت لایا گیا جو حکمت اور ایمان سے بھرا ہوا تھا' انہوں نے میری گردن سے لے کر پیٹ کے نرم حصے تک کو چاک کر دیا اور میرے دل کو آبِ زم زم کے ذریعے دھویا اور پھر اس میں حکمت اور ایمان کو بھر دیا گیا' پھر میرے پاس ایک جانور لایا گیا جو خچر سے کچھ چھوٹا اور گدھے سے کچھ بڑا تھا۔ پھر میں جبریل کے ہمراہ روانہ ہو گیا' ہم لوگ آسمانِ دنیا تک پہنچے' وہاں دریافت کیا گیا: کون ہے؟ تو جبریل نے جواب دیا: جبریل ہوں' دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ تو انہوں نے بتایا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' تو کہا گیا: انہیں پیغام بھیج کر (بلایا گیا ہے) انہیں خوش آمدید! کتنے اچھے مہمان آئے ہیں۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:)

(وہاں) میں حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آیا' میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے فرمایا: آپ کو جو (میرے) بیٹے بھی ہیں اور نبی بھی ہیں' خوش آمدید!

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) پھر ہم دوسرے آسمان پر آئے' تو وہاں دریافت کیا گیا: کون ہے؟ تو جبریل نے جواب دیا: جبریل ہوں' دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' تو اُسی کی مانند کلمات کہے گئے (جو پہلے آسمان پر کہے گئے تھے)۔

(وہاں) میں حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے پاس آیا' میں نے ان دونوں حضرات کو سلام کیا' ان دونوں نے جواب دیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش آمدید! جو بھائی بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) پھر ہم تیسرے آسمان پر آئے' تو وہاں دریافت کیا گیا: کون ہے؟ جبریل نے جواب دیا:

Marfat.com

جبریل ہوں' دریافت کیا گیا: آپ کے ساتھ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت محمد ﷺ ہیں (اسی کی مانند مکالمہ ہوا جو پہلے آسمان پر ہوا تھا)۔

(وہاں) میں حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس آیا' میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ کو خوش آمدید! جو نبی بھی ہیں اور بھائی بھی ہیں۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) پھر میں چوتھے آسمان پر آیا' پھر اسی کی مانند مکالمہ ہوا۔ (وہاں) میں حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس آیا' میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ کو خوش آمدید! جو بھائی بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔

پھر ہم پانچویں آسمان پر آئے' وہاں بھی اس کی مانند مکالمہ ہوا' وہاں میں حضرت ہارون علیہ السلام کے پاس آیا' میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے کہا: آپ ﷺ کو خوش آمدید! جو بھائی بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔

پھر ہم چھٹے آسمان پر آئے' وہاں بھی اسی کی مانند مکالمہ ہوا' وہاں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا اور انہیں سلام کیا' انہوں نے بھی فرمایا: آپ ﷺ کو خوش آمدید! جو بھائی بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) جب میں اُن سے آگے جانے لگے تو وہ رو پڑے' ان سے پوچھا گیا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تو انہوں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! یہ کم سن صاحب جنہیں' تو نے میرے بعد مبعوث کیا تھا' میری اُمت کے جو لوگ جنت میں داخل ہوں گے ان کی بہ نسبت ان کی اُمت کے افراد زیادہ تعداد میں اور زیادہ بہتر طور پر جنت میں داخل ہوں گے۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) پھر ہم ساتویں آسمان پر آئے' وہاں اسی کی مانند مکالمہ ہوا' یہاں تک کہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آیا' میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے فرمایا: آپ ﷺ کو خوش آمدید! جو بیٹے بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) پھر میرے سامنے بیت المعمور کو بلند کیا گیا' میں نے اس کے بارے میں جبریل سے دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: یہ بیت المعمور ہے' جس میں روزانہ ستّر ہزار فرشتے نماز ادا کرتے ہیں' جب وہ اس میں سے نکل جاتے ہیں' تو دوبارہ کبھی اس میں نہیں آئیں گے۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) پھر مجھے سدرۃ المنتہیٰ تک لے جایا گیا اور اس کے پھل ہجر (نامی شہر) کے مٹکوں کی طرح تھے اور اُس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی مانند تھے' اس کی جڑ میں سے چار نہریں نکل رہی تھیں' دو باطنی تھیں اور دو ظاہری تھیں' میں نے جبریل سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: باطنی نہریں' تو جنت میں ہیں اور ظاہری نہریں فرات اور نیل ہیں۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) پھر مجھ پر (روزانہ) پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔

(واپسی کے سفر کے دوران) جب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو انہوں نے دریافت کیا: آپ ﷺ کو کیا ملا ہے؟ میں نے جواب دیا: مجھ پر پچاس نمازیں فرض کی گئی ہیں' تو وہ بولے: آپ ﷺ کے مقابلے میں مجھے لوگوں سے زیادہ

Marfat.com

واقفیت ہے اور بنی اسرائیل کے حوالے سے میں سخت ترین تجربے کا سامنا کر چکا ہوں۔

(اس بنیاد پر میں یہ کہتا ہوں:) آپ ﷺ کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھ سکے گی' آپ ﷺ دوبارہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں جائیں اور اُس سے یہ درخواست کریں کہ وہ ان میں کمی کر دے۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میں نے اس سے درخواست کی کہ وہ اس میں کمی کر دے تو اس نے اسے چالیس مقرر کر دیا' میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو انہوں نے دریافت کیا: اب کیا ہوا ہے؟ میں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے یہ چالیس کر دی ہیں' تو انہوں نے اپنی پہلی بات دوبارہ مجھ سے کہی' میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوا' تو اس نے تیس مقرر کر دیں' میں پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اس بارے میں مجھے وہی بات کہی جو پہلے کہی تھی' میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں گیا' تو اُس نے بیس کر دیں' پھر دس ہو گئیں' پھر پانچ ہو گئیں' پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو انہوں نے مجھ سے وہی بات کہی جو پہلی مرتبہ کہی تھی' تو میں نے کہا کہ اب مجھے اپنے پروردگار سے حیاء آتی ہے' کہ میں دوبارہ اُس کے پاس جاؤں' تو آواز دی گئی (یعنی پروردگار نے فرمایا:)

''میں نے فرض شدہ (نمازوں کا حکم) جاری کر دیا ہے اور اپنے بندوں کے لیے اس میں تخفیف بھی کر دی ہے اور میں ایک نیکی کا بدلہ دس گنا دوں گا (یعنی پانچ نمازیں ادا کرنے والے کو پچاس نمازیں ادا کرنے کا ثواب ملے گا)''۔

448 - اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَّابْنُ حَزْمٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى اُمَّتِىْ خَمْسِيْنَ صَلَاةً فَرَجَعْتُ بِذٰلِكَ حَتّٰى اَمُرَّ بِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ مَا فَرَضَ رَبُّكَ عَلٰى اُمَّتِكَ قُلْتُ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسِيْنَ صَلَاةً . قَالَ لِىْ مُوْسٰى فَرَاجِعْ رَبَّكَ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ . فَرَاجَعْتُ رَبِّىْ عَزَّ وَجَلَّ فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَاِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ . فَرَاجَعْتُ رَبِّىْ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ هِىَ خَمْسٌ وَّهِىَ خَمْسُوْنَ لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَىَّ . فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّكَ فَقُلْتُ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ رَّبِّىْ عَزَّ وَجَلَّ ."

☆☆ ابن شہاب زہری' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور ابن حزم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

448-اخرجه البخاري في الصلاة، باب كيف فرضت الصلوات في الاسراء (الحديث 349) مطولًا ، و في الانبياء، باب ذكر ادريس عليه السلام (الحديث 3342) مطولًا، و اخرجه مسلم في الايمان ، باب الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم الى السموات، و فرض الصلوات (الحديث 263) مطولًا، و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في فرض الصلوات الخمس و المحافظة عليها (الحديث 1399) . و الحديث عند: البخاري في الحج، باب ما جاء في زمزم (الحديث 1636) . تحفة الاشراف (1556) .

Marfat.com

''اللہ تعالیٰ نے پہلے میری اُمت پر پچاس نمازیں فرض کی تھیں' میں ان کا حکم لے کر واپس آ رہا تھا' میرا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے ہوا تو انہوں نے دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت پر کیا چیز فرض کی ہے؟ تو میں نے جواب دیا:

اللہ تعالیٰ نے ان پر پچاس نمازیں فرض کی ہیں' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مجھ سے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں جایئے (اور نمازیں کم کرنے کے لیے کہیے)' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو اس نے ان میں سے نصف معاف کر دیں' میں پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ اپنے پروردگار کے پاس جایئے' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھے گی' میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو اُس نے فرمایا: یہ پانچ ہیں' لیکن (ثواب کے اعتبار سے پچاس ہیں) میرا فرمان تبدیل نہیں ہوتا ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو وہ بولے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار کے پاس دوبارہ جایئے' تو میں نے کہا: مجھے اپنے پروردگار سے حیاء آتی ہے۔

449 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اُتِيتُ بِدَابَّةٍ فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُوْنَ الْبَغْلِ خَطْوُهَا عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرْفِهَا فَرَكِبْتُ وَمَعِيَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسِرْتُ فَقَالَ انْزِلْ فَصَلِّ . فَفَعَلْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِطَيْبَةَ وَاِلَيْهَا الْمُهَاجَرُ ثُمَّ قَالَ انْزِلْ فَصَلِّ . فَصَلَّيْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِطُوْرِ سَيْنَاءَ حَيْثُ كَلَّمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ قَالَ انْزِلْ فَصَلِّ . فَنَزَلْتُ فَصَلَّيْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ اَيْنَ صَلَّيْتَ صَلَّيْتَ بِبَيْتِ لَحْمٍ حَيْثُ وُلِدَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ . ثُمَّ دَخَلْتُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَجُمِعَ لِيَ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَقَدَّمَنِيْ جِبْرِيْلُ حَتّٰى اَمَمْتُهُمْ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَاِذَا فِيْهَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ الثَّانِيَةِ فَاِذَا فِيْهَا ابْنَا الْخَالَةِ عِيْسٰى وَيَحْيٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ الثَّالِثَةِ فَاِذَا فِيْهَا يُوْسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ فَاِذَا فِيْهَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ الْخَامِسَةِ فَاِذَا فِيْهَا اِدْرِيْسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ السَّادِسَةِ فَاِذَا فِيْهَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَاِذَا فِيْهَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ صُعِدَ بِيْ فَوْقَ سَبْعِ سَمٰوَاتٍ فَاَتَيْنَا سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰى فَغَشِيَتْنِيْ ضَبَابَةٌ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا فَقِيْلَ لِيْ اِنِّيْ يَوْمَ خَلَقْتُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ فَرَضْتُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ خَمْسِيْنَ صَلَاةً فَقُمْ بِهَا اَنْتَ وَاُمَّتُكَ . فَرَجَعْتُ اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَلَمْ يَسْاَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ ثُمَّ اَتَيْتُ عَلٰى مُوْسٰى فَقَالَ كَمْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ قُلْتُ خَمْسِيْنَ صَلَاةً . قَالَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَقُوْمَ بِهَا اَنْتَ

449-انفرد به النسائي، تحفة الاشراف (1701) .

Marfat.com

وَلَا اُمَّتُكَ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْاَلْهُ التَّخْفِيفَ . فَرَجَعْتُ اِلٰى رَبِّي فَخَفَّفَ عَنِّي عَشْرًا ثُمَّ اَتَيْتُ مُوسٰى فَاَمَرَنِي بِالرُّجُوعِ فَرَجَعْتُ فَخَفَّفَ عَنِّي عَشْرًا ثُمَّ رُدَّتْ اِلٰى خَمْسِ صَلَوَاتٍ . قَالَ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْاَلْهُ التَّخْفِيفَ فَاِنَّهُ فَرَضَ عَلٰى بَنِي اِسْرَآئِيلَ صَلَاتَيْنِ فَمَا قَامُوا بِهِمَا . فَرَجَعْتُ اِلٰى رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فَسَاَلْتُهُ التَّخْفِيفَ فَقَالَ اِنِّي يَوْمَ خَلَقْتُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ فَرَضْتُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمَّتِكَ خَمْسِينَ صَلَاةً فَخَمْسٌ بِخَمْسِينَ فَقُمْ بِهَا اَنْتَ وَاُمَّتُكَ . فَعَرَفْتُ اَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى صِرَّى فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ ارْجِعْ فَعَرَفْتُ اَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ صِرَّى - اَيْ حَتْمٌ - فَلَمْ اَرْجِعْ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرے پاس ایک جانور لایا گیا جو گدھے سے کچھ بڑا تھا اور خچر سے کچھ چھوٹا تھا' لیکن اس کا ایک قدم اتنی دور پڑتا تھا' جہاں تک نگاہ کام کرتی ہے' میں اس پر سوار ہو گیا' میرے ساتھ حضرت جبریل بھی تھے' میں روانہ ہوا (راستے میں ایک جگہ) حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیچے اُتریے اور نماز ادا کیجئے' میں نے ایسا ہی کیا' پھر حضرت جبریل علیہ السلام نے دریافت کیا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طیبہ (مدینہ منورہ) میں نماز ادا کی ہے اور اس کی طرف ہجرت کی جائے گی (ہم وہاں سے روانہ ہوئے)۔

پھر جبریل علیہ السلام نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتریے اور یہاں نماز ادا کیجئے۔ میں نے وہاں نماز ادا کی' تو جبریل علیہ السلام نے دریافت کیا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں کہ آپ نے کہاں نماز ادا کی ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طور سینا میں نماز ادا کی ہے' جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کلام کیا تھا (پھر میں نے وہاں نماز ادا کی' پھر ہم وہاں سے روانہ ہو گئے) پھر جبریل علیہ السلام نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں اتریے اور نماز ادا کیجئے۔ میں وہاں اترا اور نماز ادا کی' جبریل علیہ السلام نے دریافت کیا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللحم میں نماز ادا کی ہے' جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تھی۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:) پھر میں بیت المقدس میں داخل ہوا تو وہاں انبیاء کرام میرے لیے اکٹھے ہو چکے تھے' جبریل علیہ السلام نے مجھے آگے کیا' میں نے ان حضرات کو نماز پڑھائی۔

پھر مجھے آسمانِ دنیا کی طرف لے جایا گیا وہاں حضرت آدم علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے دوسرے آسمان کی طرف لے جایا گیا وہاں دو خالہ زاد بھائی حضرت عیسیٰ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام موجود تھے' پھر مجھے تیسرے آسمان کی طرف لے جایا گیا وہاں حضرت یوسف علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے چوتھے آسمان کی طرف لے جایا گیا وہاں حضرت ہارون علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے پانچویں آسمان کی طرف لے جایا گیا وہاں حضرت ادریس علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے چھٹے آسمان کی طرف لے جایا گیا وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے ساتویں آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام موجود تھے' پھر مجھے سات آسمانوں کے اوپر لے جایا گیا' میں سدرۃ المنتہیٰ تک آ گیا' اس وقت مجھ پر ایک مخصوص کیفیت طاری ہوئی تو میں سجدے میں چلا گیا' اس وقت مجھ سے

Marfat.com

کہا گیا:

(یعنی پروردگار نے فرمایا:)

''جس دن میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا' اُس دن میں نے تم پر اور تمہاری اُمت پر پچاس نمازیں فرض کر دی تھیں' تم اور تمہاری اُمت انہیں قائم کرو''۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:)

میں واپس حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آیا' انہوں نے مجھ سے کوئی سوال نہیں کیا' پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو انہوں نے دریافت کیا: اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی اُمت پر کیا فرض کیا ہے؟ میں نے جواب دیا: پچاس نمازیں' انہوں نے کہا: آپ ﷺ انہیں قائم کرنے کی استطاعت نہیں رکھیں گے' نہ آپ ﷺ اور نہ ہی آپ ﷺ کی امت۔ آپ ﷺ اپنے پروردگار کے پاس واپس جائیں اور اس سے تخفیف کی درخواست کریں۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:) میں واپس اپنے پروردگار کے پاس آیا' تو اس نے دس کم کر دیں' پھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو انہوں نے مجھے پھر واپس جانے کے لیے کہا' میں واپس گیا تو پروردگار نے مزید دس کم کر دیں' پھر یہ (مزید تخفیف ہو کے) پانچ ہو گئیں۔

تو پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام بولے: آپ ﷺ اپنے پروردگار کے پاس واپس جائیں اور اس سے مزید تخفیف کی درخواست کریں' کیونکہ پروردگار نے بنی اسرائیل پر دو نمازیں فرض کی تھیں اور وہ لوگ ان دو نمازوں کو بھی ادا نہیں کر سکے تھے۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں:)

میں واپس اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میں نے اس سے تخفیف کی درخواست کی تو اُس نے ارشاد فرمایا:

''جس دن میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا' اُسی دن میں نے تم پر اور تمہاری اُمت پر پچاس نمازیں فرض کر دی تھیں' یہ پانچ نمازیں ہیں' لیکن پچاس کے برابر ہیں' تم اور تمہاری اُمت انہیں ادا کرو''۔

تو مجھے پتا چل گیا' کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حتمی حکم ہے۔

میں واپس حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' تو وہ بولے: آپ ﷺ واپس جائیے' لیکن چونکہ مجھے یہ پتہ چل چکا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حتمی حکم آچکا ہے' اس لیے میں واپس نہیں گیا۔

450 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا اُسْرِيَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتُهِيَ بِهِ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى وَهِيَ فِي السَّمَآءِ السَّادِسَةِ وَاِلَيْهَا يَنْتَهِيْ مَا عُرِجَ بِهِ مِنْ تَحْتِهَا وَاِلَيْهَا يَنْتَهِيْ مَا اُهْبِطَ بِهِ مِنْ فَوْقِهَا حَتّٰى يُقْبَضَ مِنْهَا قَالَ (اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى) قَالَ فَرَاشٌ مِّنْ ذَهَبٍ فَاُعْطِيَ ثَلَاثًا الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ

450-اخرجه مسلم في الايمان ، باب في ذكر سدرة المنتهى (الحديث 279)، و اخرجه الترمذي في تفسير القرآن ، باب (ومن سورة النجم) (الحديث 3276) . تحفة الاشراف (9548) .

Marfat.com

وَخَوَاتِيمُ سُورَةِ الْبَقَرَةِ وَيُغْفَرُ لِمَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِهِ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا الْمُقْحِمَاتُ . (موقوف)

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کروائی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سدرۃ المنتہیٰ پر لے جایا گیا' یہ چھٹے آسمان پر ہے اور جو چیز بھی اوپر کی طرف جاتی ہے' وہ یہاں تک جاتی ہے اور جو چیز اس کے اوپر سے نیچے کی طرف آتی ہے' وہ بھی صرف اس تک آتی ہے اور اس مقام سے اُسے قبض کر لیا جاتا ہے۔

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''جب سدرہ کو ڈھانپ لیا' اُس چیز نے جس نے اُسے ڈھانپا تھا''۔

(حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما) فرماتے ہیں:

''یہ سونے سے بنا ہوا ایک تخت ہے' وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین چیزیں دی گئیں: پانچ نمازیں' سورۃ البقرہ کی آخری آیات اور (یہ خوشخبری کہ) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کا جو بھی فرد اس حالت میں مر جائے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ سمجھتا ہو' تو اُس کے تمام کبیرہ گناہوں کی بھی بخشش کر دی جائے گی''۔

## 2 - باب اَيْنَ فُرِضَتِ الصَّلاةُ .

### باب: نماز کہاں فرض کی گئی؟

451 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ عَبْدَ رَبِّهِ بْنَ سَعِيْدٍ حَدَّثَهُ اَنَّ الْبُنَانِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ الصَّلَوَاتِ فُرِضَتْ بِمَكَّةَ وَاَنَّ مَلَكَيْنِ اَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَا بِهِ اِلٰى زَمْزَمَ فَشَقَّا بَطْنَهُ وَاَخْرَجَا حَشْوَهُ فِىْ طَسْتٍ مِّنْ ذَهَبٍ فَغَسَلَاهُ بِمَآءِ زَمْزَمَ ثُمَّ كَبَسَا جَوْفَهُ حِكْمَةً وَّعِلْمًا .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نماز مکہ مکرمہ میں فرض قرار دی گئی تھی' دو فرشتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے' وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر آبِ زم زم کے پاس گئے تھے' انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک کو چیر دیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک سے (قلب اطہر کو) نکال کر سونے سے بنے ہوئے طشت میں رکھا تھا اور پھر اُسے آبِ زم زم کے ذریعے دھویا تھا' پھر ان دونوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک کو حکمت اور علم سے بھر دیا تھا۔

## 3 - باب كَيْفَ فُرِضَتِ الصَّلاةُ .

### باب: نماز کیسے فرض کی گئی؟

452 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَوَّلَ مَا

451-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (454) .

452-اخرجه البخاري في اتفصير الصلاة، باب يقصر اذا خرج من موضعه (الحديث 1090) . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها ، باب صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 3) تحفة الاشراف (16439) .

Marfat.com

فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ فَاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ وَاُتِمَّتْ صَلَاةُ الْحَضَرِ ۔(موقوف)

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ابتداء میں نماز دو رکعت فرض ہوئی تھی' پھر سفر کی حالت میں اسی صورت کو برقرار رکھا گیا اور حضر کی حالت میں اسے مکمل کر دیا گیا۔

453 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمِ الْبَعْلَبَكِّيُّ قَالَ اَنْبَانَا الْوَلِيْدُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرٍو يَعْنِي الْاَوْزَاعِيَّ اَنَّهُ سَالَ الزُّهْرِيَّ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الصَّلَاةَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ مَا فَرَضَهَا رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اُتِمَّتْ فِي الْحَضَرِ اَرْبَعًا وَّاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ عَلَى الْفَرِيْضَةِ الْاُوْلٰى ۔(موقوف)

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے ابن شہاب زہری سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے سے پہلے مکہ مکرمہ میں نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو ابن شہاب نے جواب دیا: عروہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ وہ بیان کرتی ہیں' کہ پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جب نماز فرض کی تو سب سے پہلے دو' دو رکعات فرض کی تھیں' پھر حضر کی حالت میں اسی کو مکمل کر دیا گیا اور وہ چار ہو گئیں' جبکہ سفر کی حالت میں یہ اپنی پہلے والی فرض صورت پر برقرار رہی۔

454 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ وَزِيْدَ فِيْ صَلَاةِ الْحَضَرِ ۔(موقوف)

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ پہلے نماز دو' دو رکعات فرض کی گئی تھیں' پھر سفر کی حالت میں اسی صورت پر برقرار رہیں اور حضر کی حالت میں اس میں اضافہ کر دیا گیا۔

455 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فُرِضَتِ الصَّلَاةُ عَلٰى لِسَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ اَرْبَعًا وَّفِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَفِي الْخَوْفِ رَكْعَةً ۔(موقوف)

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس کے ذریعے نماز کو فرض قرار دیا گیا ہے' جو حضر کی حالت میں چار رکعات ہیں اور سفر کی حالت میں دو رکعات ہیں اور خوف کی حالت میں ایک رکعت ہے۔

453-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (16526) ۔

454-اخرجه البخاري في الصلاة، باب كيف فرضت الصلوات في الاسراء (الحديث 350) ۔ واخرجه مسلم في صلاة المسافرين وقصرها، باب صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 1)، و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب صلاة المسافر (الحديث 1198) ۔ تحفة الاشراف (16348) ۔

455-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 5) ۔ واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال: يصلي بكل طائفة ركعة ولا يقضون (الحديث 1247) ۔ و اخرجه النسائي في تقصير الصلاة في السفر، (الحديث 1440 و 1441)، و في صلاة الخوف، (الحديث 1531) ۔ و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب تقصير الصلاة في السفر (الحديث 1068) مختصراً ۔ تحفة الاشراف (6380) ۔

Marfat.com

456 - اَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّهُ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ كَيْفَ تَقْصُرُ الصَّلَاةَ وَاِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ اِنْ خِفْتُمْ) فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ يَا ابْنَ اَخِي اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانَا وَنَحْنُ ضُلَّالٌ فَعَلَّمَنَا فَكَانَ فِيْمَا عَلَّمَنَا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَنَا اَنْ نُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ فِي السَّفَرِ ۔ قَالَ الشُّعَيْثِيُّ وَكَانَ الزُّهْرِيُّ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ ۔ (موقوف)

☆☆ امیہ بن عبداللہ کے بارے میں منقول ہے: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ نماز کو قصر کیوں کر لیتے ہیں' جبکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم پر کوئی گناہ نہیں ہے' کہ تم نماز کو قصر کر لو' اگر تم خوف کی حالت میں ہو''۔

(لیکن اب تو کوئی خوف نہیں ہے) تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہم اس وقت گمراہی کا شکار تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (اسلامی تعلیمات کی) تعلیم دی' اس میں یہ بات بھی شامل تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ ہدایت کی ہے' کہ ہم سفر کے دوران دو رکعات ادا کریں گے۔

اس روایت کے راوی محمد بن عبداللہ شعیثی نے یہ بات بیان کی ہے' کہ ابن شہاب زہری نے اس روایت کو عبداللہ بن ابوبکر کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

## 4 - باب كَمْ فُرِضَتْ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ ۔

### باب: روزانہ کتنی نمازیں فرض کی گئی ہیں؟

457 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِي سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهِ وَلَا نَفْهَمُ مَا يَقُوْلُ حَتّٰى دَنَا فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ ." قَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُنَّ قَالَ "لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ ." قَالَ "وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ ." قَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ قَالَ

456-اخرجه النسائي في تفصير الصلاة في السفر، (الحديث 1433) بنحوه و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها ،باب تفصير الصلاة في السفر (الحديث 1066) بمعناه ـ تحفة الاشراف (6651) .

457-اخرجه البخاري في الايمان ، باب الزكاة من الاسلام (الحديث 46)، و في الصوم، باب وجوب صوم رمضان (الحديث 1891)، و في الشهادات، باب كيف يستحلف (الحديث 2678)، و في الحيل ، باب في الزكاة، و ان لا يفرق بين مجتمع و الا يجمع بين متفرق خشية الصدقة (الحديث 6956)، و اخرجه مسلم في الايمان ، باب بيان الصلوات التي هي احد اركان الاسلام (الحديث 8 و 9)، و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب فرض الصلاة (الحديث 391 و 392) و اخرجه النسائي في الصيام، باب وجوب الصيام (الحديث 2089)، في الايمان و شرائعه، الزكاة (الحديث 5043) و الحديث عند: ابي داؤد في الايمان و النذور، باب في كراهية الحلف بالاباء (الحديث 3252) ـ تحفة الاشراف (5009) .

Marfat.com

"لا اِلَّا اَنْ تَطَّوَّعَ ." وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ قَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا قَالَ "لا اِلَّا اَنْ تَطَّوَّعَ ." فَاَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ .
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَفْلَحَ اِنْ صَدَقَ ."

☆☆ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' وہ نجد سے تعلق رکھتا تھا' اس کے بال بکھرے ہوئے تھے' ہمیں اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنائی دے رہی تھی' لیکن وہ کیا کہہ رہا ہے' یہ سمجھ نہیں آرہا تھا' جب وہ قریب ہوا (یعنی جب ہم اس کے قریب ہوئے' تو پتہ چلا) وہ اسلام کے بارے میں دریافت کر رہا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا:

روزانہ پانچ نمازیں (فرض ہیں)' اس نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ بھی کوئی نماز مجھ پر فرض ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! البتہ اگر تم نوافل ادا کرو (تو تمہاری مرضی ہے) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا (بھی فرض ہیں) اس نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ کوئی اور روزہ بھی مجھ پر فرض ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! البتہ اگر تم نفلی روزے رکھنا چاہو تو تمہاری مرضی ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سامنے زکوٰۃ کا تذکرہ کیا' تو اس نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ مجھ پر کوئی اور (مالی ادائیگی) بھی لازم ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! البتہ اگر تم نفلی طور پر دینا چاہو (تو تمہاری مرضی ہے)۔

پھر وہ شخص چلا گیا' جاتے ہوئے وہ یہ کہہ رہا تھا:

''اللہ کی قسم! میں اس میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا اور اس میں کوئی کمی نہیں کروں گا''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر یہ سچ کہہ رہا ہے' تو یہ کامیاب ہو گیا''۔

458 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا نُوْحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمِ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى عِبَادِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ قَالَ "افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهٖ صَلَوَاتٍ خَمْسًا ." قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ قَبْلَهُنَّ اَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْئًا قَالَ "افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهٖ صَلَوَاتٍ خَمْسًا ." فَحَلَفَ الرَّجُلُ لَا يَزِيْدُ عَلَيْهِ شَيْئًا وَلَا يَنْقُصُ مِنْهُ شَيْئًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ

458-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1166) .

Marfat.com

تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟

تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ان سے پہلے یا ان کے بعد کوئی اور چیز بھی فرض ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر صرف پانچ نمازیں ہی فرض کی ہیں' تو اس شخص نے یہ قسم اُٹھائی کہ وہ ان پر کوئی اضافہ نہیں کرے گا اور ان میں کوئی کمی نہیں کرے گا۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اگر یہ سچ کہہ رہا ہے' تو یہ ضرور جنت میں داخل ہوگا''۔

## 5 - باب الْبَيْعَةِ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ .

### باب: پانچ نمازیں ادا کرنے پر بیعت لینا

459 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ رَّبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِىْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ قَالَ اَخْبَرَنَا الْحَبِيْبُ الْاَمِيْنُ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اَلَا تُبَايِعُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ." فَرَدَّدَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَدَّمْنَا اَيْدِيَنَا فَبَايَعْنَاهُ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ بَايَعْنَاكَ فَعَلَامَ قَالَ "عَلٰى اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ وَاَسَرَّ كَلِمَةً خَفِيَّةً اَنْ لَا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا ."

☆☆ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھے' آپ ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اللہ کے رسول کی بیعت نہیں کرو گے؟

نبی اکرم ﷺ نے یہ بات تین مرتبہ دُہرائی تو ہم نے اپنے ہاتھ آگے کر دیئے اور آپ ﷺ کی بیعت کی' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کی بیعت تو کر لی ہے' لیکن یہ کس بات پر ہے؟

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اس بات پر ہے' کہ تم اللہ کی عبادت کرو گے' کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے' پانچ نمازیں ادا کرو گے''۔

پھر آپ ﷺ نے پست آواز میں ارشاد فرمایا: (اور یہ بیعت اس بات پر بھی ہے' کہ) تم لوگوں سے کچھ نہیں مانگو گے''۔

## 6 - باب الْمُحَافَظَةِ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ .

### باب: پانچ نمازیں باقاعدگی سے ادا کرنا

459-اخرجه مسلم في الزكاة، باب كراهة المسالة للناس (الحديث 108) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الزكاة، باب كراهية المسالة (الحديث 1642) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في الجهاد، باب البيعة (الحديث 2867) مطولاً . تحفة الاشراف (10919) .

Marfat.com

460 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ بَنِي كِنَانَةَ يُدْعَى الْمُخْدَجِيَّ سَمِعَ رَجُلًا بِالشَّامِ يُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ يَقُوْلُ الْوِتْرُ وَاجِبٌ . قَالَ الْمُخْدَجِيُّ فَرُحْتُ اِلَى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَاعْتَرَضْتُ لَهُ وَهُوَ رَائِحٌ اِلَى الْمَسْجِدِ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ فَقَالَ عُبَادَةُ كَذَبَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "خَمْسُ صَلَوَاتٍ كَتَبَهُنَّ اللّٰهُ عَلَى الْعِبَادِ مَنْ جَآءَ بِهِنَّ لَمْ يُضَيِّعْ مِنْهُنَّ شَيْئًا اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهِنَّ كَانَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ لَمْ يَاْتِ بِهِنَّ فَلَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اِنْ شَآءَ عَذَّبَهُ وَاِنْ شَآءَ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ ."

☆☆ ابن محیریز بیان کرتے ہیں' بنو کنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب جنہیں مخدجی کہا جاتا تھا' انہوں نے شام میں ایک شخص کو سنا جن کی کنیت ابومحمد تھی' وہ صاحب یہ کہہ رہے تھے: وتر واجب ہیں۔ مخدجی کہتے ہیں: میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' میں ان کے پاس اس وقت پہنچا جب وہ مسجد جا رہے تھے' میں نے انہیں اس بات کے بارے میں بتایا جو ابومحمد نے بیان کی ہے۔ تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے کہا: ابومحمد نے غلط کہا ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: پانچ نمازیں ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض کیا ہے' جو شخص انہیں ادا کر دے گا اور ان کے حق کو کم تر سمجھتے ہوئے انہیں قضاء نہیں کرے گا' تو اس شخص کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ عہد ہے' کہ اللہ تعالیٰ اُسے جنت میں داخل کر دے گا اور جو شخص انہیں ادا نہیں کرے گا' تو اُس شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی عہد نہیں ہے' اگر وہ چاہے گا' تو اُس شخص کو عذاب دے گا' اگر وہ چاہے گا' تو اُسے جنت میں داخل کر دے گا۔

## 7 - باب فَضْلِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ .

### باب: پانچ نمازیں (ادا کرنے کی) فضیلت

461 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ نَهَرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ هَلْ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ ." قَالُوْا لَا يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ شَيْءٌ . قَالَ "فَكَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

"کیا تم نے غور کیا' کہ اگر تم میں سے کسی ایک شخص کے دروازے پر کوئی نہر موجود ہو اور وہ روزانہ اس میں پانچ

460-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب فيمن لم يوتر (الحديث 1420)، و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في فرض الصلوات الخمس و المحافظة عليها (الحديث 1401) . تحفة الاشراف (5122) .

461-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب الصلوات الخمس كفارة (الحديث 528) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب المشي الى الصلاة تمحى به الخطايا و ترفع به الدرجات (الحديث 283) . واخرجه الترمذي في الامثال، باب مثل الصلوات الخمس (الحديث 2868) . تحفة الاشراف (14998) .

Marfat.com

مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کا میل باقی رہ جائے گا؟''۔

لوگوں نے عرض کی: اس کا میل بالکل بھی باقی نہیں رہے گا۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''پانچ نمازوں کی مثال بھی اسی طرح ہے اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے گناہوں کو مٹا دیتا ہے''۔

## 8 - باب الْحُكْمِ فِىْ تَارِكِ الصَّلَاةِ .

### باب: نماز ادا نہ کرنے والے شخص کا حکم

462 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ اَنْبَاَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ الْعَهْدَ الَّذِیْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلَاةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ ."

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہمارے اور ان (کفار) کے درمیان بنیادی فرق نماز ادا کرنا ہے جو شخص اسے ترک کر دیتا ہے وہ گویا کفر کا مرتکب ہوتا ہے''۔

463 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ اِلَّا تَرْكُ الصَّلَاةِ ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''بندے اور کفر کے درمیان (فرق) صرف نماز کو ترک کرنا ہے (یعنی نماز ترک کرنے والا شخص کافر کی مانند ہے)''۔

## 9 - باب الْمُحَاسَبَةِ عَلَى الصَّلَاةِ .

### باب: نماز کے حوالے سے محاسبہ ہونا

464 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ - هُوَ ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْخَزَّازُ - قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ قَبِيْصَةَ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِىْ جَلِيْسًا صَالِحًا فَجَلَسْتُ اِلٰى اَبِىْ هُرَيْرَةَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ فَقُلْتُ اِنِّىْ دَعَوْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُّيَسِّرَ لِىْ جَلِيْسًا صَالِحًا فَحَدِّثْنِىْ بِحَدِيْثٍ

462-اخرجه الترمذي في الايمان ، باب ما جاء في ترك الصلاة (الحديث 2621) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة، و السنة فيها، باب ما جاء فيمن ترك الصلاة (الحديث 1079)، تحفة الاشراف (1960) .

463-اخرجه مسلم في الايمان، باب بيان اطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة (الحديث 134) . تحفة الاشراف (2817) .

464-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء ان اول ما يحاسب به العبد يوم القيامة الصلاة (الحديث 413) . تحفة الاشراف (12239) .

Marfat.com

سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّنْفَعَنِيْ بِهٖ ۔ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اِنَّ اَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ بِصَلَاتِهٖ فَاِنْ صَلَحَتْ فَقَدْ اَفْلَحَ وَاَنْجَحَ وَاِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ ۔" قَالَ هَمَّامٌ لَا اَدْرِيْ هٰذَا مِنْ كَلَامِ قَتَادَةَ اَوْ مِنَ الرِّوَايَةِ "فَاِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيْضَتِهٖ شَيْءٌ قَالَ انْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِيْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَيُكَمَّلُ بِهٖ مَا نَقَصَ مِنَ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ يَكُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهٖ عَلٰى نَحْوِ ذٰلِكَ ۔" خَالَفَهُ اَبُو الْعَوَّامِ ۔

☆☆ حریث بن قبیصہ بیان کرتے ہیں' میں مدینہ منورہ آیا' وہ کہتے ہیں' کہ میں نے دعا کی: یا اللہ! تو مجھے کوئی نیک ساتھی نصیب کرنا' پھر میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آ کے بیٹھا اور ان سے کہا: میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ وہ مجھے نیک ہم نشین عطا کرے' تو آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنایئے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو تا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مجھے بھی نفع نصیب کرے۔ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"(قیامت کے دن) بندے سے سب سے پہلے نماز کے بارے میں حساب لیا جائے گا' اگر وہ ٹھیک ہوئی تو بندہ فلاح پا جائے گا اور کامیاب ہو جائے گا' اگر وہ فاسد ہوئی تو وہ بندہ پریشان ہو گا اور نقصان اُٹھائے گا"۔

ہمام نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے یہ نہیں معلوم کہ یہ قتادہ کے الفاظ ہیں' یا روایت کے الفاظ ہیں (بظاہر یہی محسوس ہوتا ہے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں:)

"اگر اُس شخص کی فرض نماز میں کوئی کوتاہی ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے بندے کے نوافل کا جائزہ لو' تو ان نوافل کے ذریعے اس کے فرض کی کمی کو پورا کیا جائے گا' پھر اس کے تمام اعمال کا اسی طرح حساب لیا جائے گا"۔

ابوالعوام نامی راوی نے اس سے مختلف روایت نقل کی ہے (جو درج ذیل ہے)۔

465 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ - يَعْنِي ابْنَ زِيَادِ بْنِ مَيْمُوْنٍ - قَالَ كَتَبَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ عَنْهُ - اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَوَّامِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ اَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهٗ فَاِنْ وُجِدَتْ تَامَّةً كُتِبَتْ تَامَّةً وَّاِنْ كَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَيْءٌ قَالَ انْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ لَهٗ مِنْ تَطَوُّعٍ يُكَمِّلُ لَهٗ مَا ضَيَّعَ مِنْ فَرِيْضَةٍ مِّنْ تَطَوُّعِهٖ ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ تَجْرِيْ عَلٰى حَسَبِ ذٰلِكَ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے اس کی نماز کے بارے میں حساب لیا جائے گا' اگر وہ مکمل پائی گئی تو اُسے مکمل نوٹ کیا جائے گا' اگر اس میں کمی پائی گئی تو اللہ تعالیٰ (فرشتوں سے) فرمائے گا: تم اس بات کا جائزہ لو' کیا تمہیں اس کی کوئی نفل نماز ملتی ہے' تو پھر اس کے ذریعے اس کی فرض نماز میں سے رہ جانے والی چیزوں کو مکمل کر لیا جائے گا' پھر تمام اعمال کا اسی حساب سے (یعنی اسی طریقے سے حساب لیا جائے گا)۔

465-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14660) .

Marfat.com

466 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ صَلَاتُهُ فَاِنْ كَانَ اَكْمَلَهَا وَاِلَّا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ انْظُرُوْا لِعَبْدِىْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَاِنْ وُجِدَ لَهُ تَطَوُّعٌ قَالَ اَكْمِلُوْا بِهِ الْفَرِيضَةَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(قیامت کے دن) سب سے پہلے بندے سے اس کی نماز کے بارے میں حساب لیا جائے گا' اگر وہ مکمل ہوئی تو ٹھیک ہے ورنہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: میرے بندے کے نوافل کا جائزہ لو' اگر اس کے نوافل مل گئے' تو پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ان کے ذریعے اس کے فرض کو مکمل کرلو''۔

## 10 - باب ثَوَابِ مَنْ اَقَامَ الصَّلَاةَ .

### باب: نماز پڑھنے والے کا اجر و ثواب

467 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبُوْهُ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُمَا سَمِعَا مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِىْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِى الْجَنَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِى الزَّكَاةَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ ذَرْهَا" كَاَنَّهُ كَانَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ .

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کسی ایسے عمل کے بارے میں بتائیں جو مجھے جنت میں داخل کروادے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو' کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ' تم نماز قائم کرو' زکوٰۃ ادا کرو اور صلہ رحمی کرو اور اب اسے چھوڑ دو''۔

(راوی کہتے ہیں:) اس سے یہ لگتا ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سواری پر سوار تھے (اور اس شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کی لگام تھام کر یہ سوال کیا تھا)۔

## 11 - باب عَدَدِ صَلَاةِ الظُّهْرِ فِى الْحَضَرِ .

### باب: حضر کے دوران ظہر کی رکعات کی تعداد

466-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14818) .

467-اخرجه البخاري في الزكاة، باب وجوب الزكاة (الحديث 1396)، و في الادب ، باب فضل صلة الرحم (الحديث 5982 و 5983) . واخرجه مسلم في الايمان ، باب بيان الايمان الذي يدخل به الجنة و ان من تمسك بما امر به دخل الجنة (الحديث 12 و 13 و 14) مطولاً . تحفة الاشراف (3491) .

Marfat.com

468 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ وَّاِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ سَمِعَا اَنَسًا قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا وَّبِذِي الْحُلَيْفَةِ الْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے مدینہ منورہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ظہر کی نماز میں چار رکعات ادا کی ہیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز کی دو رکعات ادا کی ہیں۔

## 12 - باب صَلَاةِ الظُّهْرِ فِي السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران ظہر کی نماز ( کی رکعات )

469 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جُحَيْفَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْهَاجِرَةِ - قَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰى اِلَى الْبَطْحَاءِ - فَتَوَضَّاَ وَصَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ .

☆☆ حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر کے وقت باہر تشریف لائے۔

ابن مثنیٰ نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بطحاء کی طرف تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں وضو کیا پھر آپ نے ظہر کی نماز میں دو رکعات پڑھائیں اور عصر کی نماز میں دو رکعات پڑھائیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے (سترہ کے طور پر) نیزہ گڑا ہوا تھا۔

## 13 - باب فَضْلِ صَلَاةِ الْعَصْرِ .

### باب: نمازِ عصر کی فضیلت

470 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ وَّابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ وَّالْبَخْتَرِيُّ بْنُ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ كُلُّهُمْ سَمِعُوْهُ مِنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ الثَّقَفِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "لَنْ يَلِجَ النَّارَ مَنْ صَلّٰى قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ."

---

468-اخرجه البخاري في تقصير الصلاة، باب يقصر اذا خرج من موضعه (الحديث 1089)، و في الحج ، باب من بات بذي الحليفة حتى اصبح (الحديث 1546) مطولاً . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها ، باب صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 11) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب متى يقصر المسافر (الحديث 1202)، و في المناسك (الحج)، باب في وقت الاحرام (الحديث 1773) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في التقصير في السفر (الحديث 546) . تحفة الاشراف (166 و 1573) .

469-اخرجه البخاري في الوضوء، باب استعمال فضل وضوء الناس (الحديث 187) مطولاً . و في الصلاة ، باب السترة بمكة و غيرها (الحديث 501) مطولاً، وفي المناقب، باب صفة النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3553) مطولاً . واخرجه مسلم في الصلاة، باب سترة المصلى (الحديث 252و253) . تحفة الاشراف (11799) .

470-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب فضل صلاتي الصبح و العصر و المحافظ عليهما . (الحديث 213 و 214) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في المحافظة على وقت الصلوات (الحديث 427) مطولاً . و اخرجه النسائي في الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة (الحديث 486) تحفة الاشراف (10378) .

Marfat.com

☆☆ ابوبکر بن عمارہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا جو سورج نکلنے سے پہلے والی اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز ادا کرتا ہے''۔

## 14 - باب الْمُحَافَظَةِ عَلٰی صَلَاةِ الْعَصْرِ .

### باب: عصر کی نماز باقاعدگی سے ادا کرنا

471 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ اَبِىْ يُوْنُسَ مَوْلٰى عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَرَتْنِىْ عَآئِشَةُ اَنْ اَكْتُبَ لَهَا مُصْحَفًا فَقَالَتْ اِذَا بَلَغْتَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ فَاٰذِنِّىْ (حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطٰى) فَلَمَّا بَلَغْتُهَا اٰذَنْتُهَا فَاَمْلَتْ عَلَيَّ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطٰى وَصَلَاةِ الْعَصْرِ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ . ثُمَّ قَالَتْ سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے غلام ابو یونس بیان کرتے ہیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ ہدایت کی کہ میں ان کے لیے قرآن مجید تحریر کردوں' انہوں نے فرمایا: جب تم اس آیت پر پہنچو تو مجھے بتا دینا:
''تم لوگ نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیانی نماز کی بھی (حفاظت کرو)''۔
راوی کہتے ہیں: جب میں اس آیت پر پہنچا تو میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے مجھے یہ الفاظ املاء کروائے:
''تم لوگ نمازوں کی حفاظت کرو اور بطورِ خاص درمیانی نماز کی بھی حفاظت کرو اور عصر کی نماز کی بھی حفاظت کرو اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی کے ساتھ کھڑے رہے''۔
پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی یہ الفاظ سنے ہیں۔

472 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ قَتَادَةُ عَنْ اَبِىْ حَسَّانَ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ ."

471-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب الدليل لمن قال الصلاة الوسطى هي صلاة العصر (الحديث 207) . و اكرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة العصر (الحديث 410) . و اخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة البقرة) (الحديث 2982) . واخرجه البخاري في التفسير: سورة البقرة، قوله جل ثناوه (حافظوا على الصلوات و الصلاة الوسطى) (الحديث 66) تحفة الاشراف (17809) .

472-اخرجه البخاري في الجهاد، باب الدعاء على المشركين بالهزيمة و الزلزلة (الحديث 2931) بنحوه مطولاً . و في المغازي، باب غزوة الخندق (الحديث 4111) مطولاً، و في التفسير، باب (حافظوا على الصلوات و الصلاة الوسطى) (الحديث 4533) مطولاً، و في الدعوات، باب الدعاء على المشركين (الحديث 6396) مطولاً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب التغليظ في تفويت صلاة العصر (الحديث 202) مطولاً، وباب الدليل لمن قال الصلاة الوسطى هي صلاة العصر (الحديث 203) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة العصر (الحديث 409) مطولاً . واخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة البقر)(الحديث 2984)مطولاً . تحفة الاشراف (10232) .

Marfat.com

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
(غزوۂ خندق کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:)
"ان لوگوں نے ہمیں نمازِ وسطیٰ ادا نہیں کرنے دی' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا"۔

## 15 - باب مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ .

### باب: جو شخص عصر کی نماز ادا نہیں کرتا

473 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمَلِيحِ قَالَ كُنَّا مَعَ بُرَيْدَةَ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ غَيْمٍ فَقَالَ بَكِّرُوْا بِالصَّلَاةِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ".

☆☆ ابوملیح بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ جب بادل چھائے ہوئے تھے' ہم حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' انہوں نے ارشاد فرمایا: تم اس نماز کو جلدی ادا کرلو' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
"جس شخص کی عصر کی نماز قضاء ہو جائے اس کا عمل ضائع ہو جاتا ہے"۔

## 16 - باب عَدَدِ صَلَاةِ الْعَصْرِ فِي الْحَضَرِ .

### باب: حضر کے دوران عصر کی رکعات کی تعداد

474 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَنْبَاَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نَحْزُرُ قِيَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الظُّهْرِ قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ آيَةً قَدْرَ سُوْرَةِ السَّجْدَةِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ وَفِي الْاُخْرَيَيْنِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلٰى قَدْرِ الْاُخْرَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُخْرَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ ظہر اور عصر کی نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کا اندازہ لگایا کرتے تھے' تو ہم نے یہ اندازہ لگایا' کہ ظہر کی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنی دیر قیام کرتے ہیں' جتنی دیر میں تیس آیات کی تلاوت کی جا سکتی ہے' جو سورۂ سجدہ کے برابر ہیں' پہلی دو رکعات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنا قیام کرتے ہیں اور آخری دو رکعات میں اس سے نصف قیام کرتے ہیں' اسی طرح ہم نے عصر کی ابتدائی دو رکعات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کا اندازہ لگایا تو وہ ظہر کی آخری دو رکعات جتنا

473-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب من ترك العصر (الحديث 553) ، و باب التبكير بالصلاة، في يوم غيم (الحديث 594) . تحفة الاشراف (2013) .

474-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 156 و 157) و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب تخفيف الاخريين (الحديث 804) . تحفة الاشراف (3974) .

Marfat.com

تھا' جبکہ عصر کی آخری دو رکعات کے بارے میں ہمارا اندازہ یہ تھا کہ وہ پہلی دو رکعات سے نصف ہوتا ہے۔

475 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ اَبِىْ عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنِ الْوَلِيْدِ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ اَبِى الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ فِى الظُّهْرِ فَيَقْرَاُ قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ اٰيَةً فِىْ كُلِّ رَكْعَةٍ ثُمَّ يَقُوْمُ فِى الْعَصْرِ فِى الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ قَدْرَ خَمْسَ عَشْرَةَ اٰيَةً .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں قیام کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً تیس آیات کی تلاوت جتنی قرأت ہر رکعت میں کرتے تھے' پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی ابتدائی دو رکعات میں قیام کرتے تھے' تو وہ پندرہ آیات کی تلاوت کے برابر ہوتی تھیں۔

## 17 - باب صَلَاةِ الْعَصْرِ فِى السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران عصر کی نماز

476 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا وَّصَلَّى الْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز میں چار رکعات ادا کیں اور ذوالحلیفہ میں' عصر کی نماز میں دو رکعات ادا کیں۔

477 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ اَنَّ عِرَاكَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ اَنَّ نَوْفَلَ بْنَ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ ." قَالَ عِرَاكٌ وَّاَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ ." خَالَفَهُ يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ حَبِيْبٍ .

☆☆ حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جس شخص کی عصر کی نماز قضاء ہو جائے' گویا کہ اس کے سب گھر والے اور سب مال اسباب ضائع ہو گیا"۔

عراک نامی راوی بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو

475-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (4259) .

476-اخرجه البخاري في الحج، باب من بات بذي الحليفة حتى اصبح (الحديث 1547) مطولًا، و باب رفع الصوت بالا هلال (الحديث 1548) مطولًا، و باب التحميد و التسبيح و التكبير قبل الاهلال عند الركوب على الدابة (الحديث 1551) مطولًا، و باب نحر البدن قائمة (الحديث 1714 و 1715) مطولًا وفي الجهاد، باب الخروج بعد الظهر (الحديث 2951) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، و باب صلاة المسافرين و قصرها (الحديث 10) ، و الحديث عند : البخاري في الحج، باب من نحر هديه بيده (الحديث 1712) و من الجهاد، باب الارتداف في الغزو و الحج (الحديث 2986) . و ابى داؤد في المناسك (الحج) ، باب في الاقران (الحديث 1796)، و في الضحايا، باب ما يستحب من الضحايا (الحديث 2793) . تحفة الاشراف (947) .

477-انفرد به النسائي، و سياتي في الصلاة، باب صلاة العصر في السفر (الحديث 478 و 479) . تحفة الاشراف (11717 و 7320) .

Marfat.com

یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس شخص کی عصر کی نماز قضاء ہو جائے گویا کہ اس کے تمام گھر والے اور تمام مال اسباب ضائع ہو گیا''۔

یزید بن ابوصہیب نامی راوی نے اس سے مختلف روایت نقل کی ہے (جو درج ذیل ہے)۔

478 - اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى حَبِيبٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ بَلَغَهُ اَنَّ نَوْفَلَ بْنَ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مِنَ الصَّلَاةِ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ ." قَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "هِىَ صَلَاةُ الْعَصْرِ ." خَالَفَهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ .

☆☆ حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایک نماز ایسی ہے' کہ جس شخص کی وہ نماز قضاء ہو جائے' تو گویا اس کے تمام گھر والے' اور اس کا مال و اسباب ضائع ہو گئے''۔

جبکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''یہ عصر کی نماز ہے''۔

محمد بن اسحاق نامی راوی نے اس سے مختلف روایت نقل کی ہے' (جو درج ذیل ہے)

479 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِى عَمِّى قَالَ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِى يَزِيدُ بْنُ اَبِى حَبِيبٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ نَوْفَلَ بْنَ مُعَاوِيَةَ يَقُوْلُ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ . قَالَ ابْنُ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هِىَ صَلَاةُ الْعَصْرِ ."

☆☆ حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''ایک نماز ایسی ہے' کہ جس شخص کی وہ نماز قضاء ہو جائے' تو گویا اس کے اہل خانہ اور اس کا مال ضائع ہو گئے''۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''وہ عصر کی نماز ہے''۔

## 18 - باب صَلَاةِ الْمَغْرِبِ .

### باب: مغرب کی نماز (کے بارے میں روایت)

480 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ رَاَيْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ بِجَمْعٍ اَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى - يَعْنِى - الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ ذَكَرَ اَنَّ

478-تقدم في الصلاة، باب صلاة العصر في السفر (الحديث 477) .

479-تقدم في الصلاة، باب صلاة العصر في السفر (الحديث 477) .

Marfat.com

ابْنَ عُمَرَ صَنَعَ بِهِمْ مِثْلَ ذٰلِكَ فِي ذٰلِكَ الْمَكَانِ وَذَكَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ ذٰلِكَ فِي ذٰلِكَ الْمَكَانِ .

☆☆ سلمہ بن کہیل یہ بیان بیان کرتے ہیں' میں نے سعید بن جبیر کو مزدلفہ میں دیکھا' انہوں نے اقامت کہہ کے مغرب کی تین رکعات ادا کیں' پھر اقامت کہہ کر عشاء کی دو رکعات ادا کیں' پھر انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی ان لوگوں کو اس جگہ پر اسی طرح نماز پڑھائی تھی اور اس بات کا تذکرہ کیا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام پر یہ نمازیں اسی طرح ادا کی تھیں۔

## 19 - باب فَضْلِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ .

### باب: عشاء کی نماز ادا کرنے کی فضیلت

481 - اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعِشَاءِ حَتّٰى نَادَاهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَامَ النِّسَآءُ وَالصِّبْيَانُ .

فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اِنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ يُصَلِّي هٰذِهِ الصَّلَاةَ غَيْرُكُمْ ." وَلَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ اَحَدٌ يُصَلِّي غَيْرَ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کر دی' یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں گزارش کی: خواتین اور بچے سو چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مسجد میں) تشریف لائے اور ارشاد فرمایا:

''اس وقت تمہارے علاوہ کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جو اس نماز کو ادا کرے گا''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) اس زمانے میں صرف مدینہ منورہ میں ہی نمازیں ادا کی جاتی تھیں (یعنی اسلام ابھی پھیلا نہیں تھا)۔

480-اخرجه مسلم في الحج، باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة، و استحباب صلاتي المغرب و العشاء جميعًا بالمزدلفة في هذه الليلة (الحديث 287 و289 و290) و اخرجه ابوداؤد في المناسك ، باب الصلاة بجمع (الحديث 1930و1931 و1932) . واخرجه النسائي في الصلاة، باب صلاة العشاء في السفر (الحديث 482 و483)، و في الاذان، الاذان لمن جمع بين الصلاتين بعد ذهاب وقت الاولى منهما (الحديث 656) و الحديث عند : مسلم في الحج، باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة و استحباب صلاتي المغرب و العشاء جميعًا بالمزدلفة في هذه الليلة (الحديث 288 و289و291) . و الترمذي في الحج، باب ما جاء في الجمع بين المغرب و العشاء بالمزدلفة (الحديث 888) . والنسائي في المواقيت، الجمع بين المغرب و العشاء بالمزدلفة (الحديث 605)، و في الاذان ، الاقامة لمن جمع بين الصلاتين (الحديث 657 و 658)، و في مناسك الحج، الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة (الحديث 3030) . تحفة الاشراف (7052) .

481-اخرجه البخاري في الاذان، باب وضوء الصبيان و متى يجب عليهم الغسل و الطهور و حضورهم الجماعة و العيدين، و الجنائز و صفوفهم (الحديث 862) . تحفة الاشراف (16642) .

Marfat.com

## 20 - باب صَلَاةِ الْعِشَاءِ فِي السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران عشاء کی نماز ادا کرنے کا طریقہ

482 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِي الْحَكَمُ قَالَ صَلَّى بِنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ بِجَمْعٍ الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا بِاِقَامَةٍ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَآءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ ذَكَرَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَعَلَ ذٰلِكَ وَذَكَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ .

☆☆ حکم نامی راوی بیان کرتے ہیں' سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے مزدلفہ میں اقامت کہنے کے بعد ہمیں مغرب کی نماز میں تین رکعات پڑھائیں' پھر انہوں نے سلام پھیر دیا اور عشاء کی نماز میں دو رکعات پڑھائیں' پھر انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایسا ہی کیا تھا' اور انہوں نے اس بات کا ذکر کیا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا (یعنی سفر کے دوران عشاء کی نماز میں دو فرض ادا کیے جاتے ہیں)۔

483 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ رَاَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ صَلّٰى بِجَمْعٍ فَاَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا ثُمَّ صَلَّى الْعِشَآءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِي هٰذَا الْمَكَانِ .

☆☆ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا' انہوں نے مزدلفہ میں نماز ادا کی' انہوں نے پہلے اقامت کہی اور مغرب کی نماز کی تین رکعات ادا کیں' پھر انہوں نے عشاء کی نماز کی دو رکعات ادا کیں اور پھر یہ بات بیان کی کہ میں نے اس مقام پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو (اسی طرح یہ نمازیں ادا کرتے ہوئے) دیکھا ہے۔

## 21 - باب فَضْلِ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ .

### باب: باجماعت نماز ادا کرنے کی فضیلت

484 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "يَتَعَاقَبُوْنَ فِيكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيكُمْ فَيَسْاَلُهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِيْ فَيَقُوْلُوْنَ تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَاَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

482-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (الحديث 480) .

483-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (الحديث 480) .

484-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب فضل صلاة العصر (الحديث 555)؛ و في التوحيد، باب قول الله تعالى: (تعرج الملائكة و الروح اليه) (الحديث 7429)، و باب كلام الرب مع جبريل و نداء الله الملائكة (الحديث 7486) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب فضل صلاتي الصبح و العصر و المحافظ عليهما (الحديث 210) . تحفة الاشراف (13809) .

Marfat.com

رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے تمہارے درمیان آگے پیچھے آتے ہیں' یہ لوگ فجر کی نماز میں اور عصر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں' پھر جن فرشتوں نے رات تمہارے درمیان بسر کی ہوتی ہے' وہ اوپر چلے جاتے ہیں' پروردگار ان سے سوال کرتا ہے' حالانکہ وہ ان سے زیادہ علم رکھتا ہے:

''تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا ہے؟''

تو فرشتے جواب دیتے ہیں: ہم نے انہیں اس حال میں چھوڑا ہے' کہ وہ نماز ادا کر رہے تھے اور جب ہم لوگ ان کے پاس گئے تھے' اس وقت بھی وہ نماز ادا کر رہے تھے۔

485 - اَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "تَفْضُلُ صَلَاةُ الْجَمْعِ عَلٰى صَلَاةِ اَحَدِكُمْ وَحْدَهُ بِخَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ جُزْئًا وَّيَجْتَمِعُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فِىْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَاقْرَئُوْا اِنْ شِئْتُمْ (وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا)".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''باجماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے پر پچیس گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' رات اور دن کے فرشتے فجر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں''۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) اگر تم چاہو (تو اس بات کی تائید میں قرآن کی یہ آیت پڑھ سکتے ہو)۔

''اور فجر کی قرأت' بے شک فجر کی قرأت میں (فرشتوں کی) حاضری ہوتی ہے''۔

486 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "لَا يَلِجُ النَّارَ اَحَدٌ صَلّٰى قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ".

☆☆ ابوبکر بن عمارہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جو سورج نکلنے سے پہلے والی اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز ادا کرتا ہے''۔

## 22 - باب فَرْضِ الْقِبْلَةِ .

### باب: قبلہ (کی طرف رخ کرنا) فرض ہے

487 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ

485-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (13259) .

486-تقدم في الصلاة، باب فضل صلاة العصر (470) .

Marfat.com

الْبَرَاءِ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا - شَكَّ سُفْيَانُ - وَصُرِفَ اِلَى الْقِبْلَةِ .

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں سولہ ماہ تک (یہاں سفیان نامی راوی کو شک ہے' کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ قبلہ کی طرف کر دیا گیا (یعنی خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا)۔

488 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَصَلّٰى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا ثُمَّ اِنَّهُ وُجِّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ فَمَرَّ رَجُلٌ قَدْ كَانَ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وُجِّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ . فَانْحَرَفُوْا اِلَى الْكَعْبَةِ .

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سولہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے رہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا' ایک شخص جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی تھی' وہ کچھ انصاریوں کے پاس سے گزرا اور اس نے انہیں بتایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا ہے' تو ان لوگوں نے بھی اپنا رخ کعبہ کی طرف کر لیا۔

## 23 - باب الْحَالِ الَّتِيْ يَجُوْزُ فِيْهَا اسْتِقْبَالُ غَيْرِ الْقِبْلَةِ .

### باب: ایسی حالت کا بیان جس میں قبلہ کی طرف رخ نہ کرنا بھی جائز ہے

489 - اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ وَاَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَبِّحُ عَلَى الرَّاحِلَةِ قِبَلَ اَيِّ وَجْهٍ تَتَوَجَّهُ وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا غَيْرَ اَنَّهُ لَا يُصَلِّيْ عَلَيْهَا الْمَكْتُوْبَةَ .

487-اخرجه البخاري في التفسير، باب (و لكل وجهة هو موليها، فاستبقوا الخيرات اينما تكونوا يات بكم اللّٰه جميعًا، ان اللّٰه على كل شيء قدير) (الحديث 4492) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب تحويل القبلة من القدس الى الكعبة (الحديث 12) . تحفة الاشراف (1849) .

488-اخرجه النسائي في القبلة، باب استقبال القبلة (الحديث 741) ، و في التفسير : سورة البقره ، قوله تعالى: (سيقول السفهاء من الناس ما و لهم عن قبلتهم) (الحديث 20) . تحفة الاشراف (1835) .

489-اخرجه البخاري في تقصير الصلاة، باب ينزل للمكتوبة (الحديث 1098) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث تو جهت (الحديث 39) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب التطوع على الراحلة و الوتر (الحديث 1224) . واخرجه النسائي في القبلة، باب الحال التي يجوز عليها استقبال غير القبلة (الحديث 743) . تحفة الاشراف (6978) .

Marfat.com

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر ہی نفل نماز ادا کر لیتے تھے' خواہ اس کا رخ کسی بھی جانب ہو' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر ہی وتر بھی ادا کر لیتے تھے' البتہ فرض نماز آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر ادا نہیں کرتے تھے۔

490 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ يَّحْيٰى عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى دَابَّتِهٖ وَهُوَ مُقْبِلٌ مِّنْ مَّكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَفِيْهِ اُنْزِلَتْ (فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر ہی نماز ادا کر لیا کرتے تھے' حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ جا رہے تھے (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ مدینہ منورہ کی طرف تھا) اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''تم لوگ جس طرف بھی رخ کرو گے وہیں اللہ کی ذات موجود ہو گی''۔

491 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فِي السَّفَرِ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ .

قَالَ مَالِكٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ وَّكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران اپنی سواری پر ہی نفل نماز ادا کر لیتے تھے' خواہ اس سواری کا رخ کسی بھی سمت میں ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' کہ عبداللہ بن دینار بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا ہی کر لیا کرتے تھے۔

## 24 - باب اسْتِبَانَةِ الْخَطَاِ بَعْدَ الْاِجْتِهَادِ

### باب: اجتہاد کے بعد خطاء واضح ہو جانے کا حکم

492 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِيْ صَلَاةِ

490-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث تو جهت (الحديث 33 و34) . واخرجه الترمذي في التفسير، باب (ومن سورة البقرة) (الحديث 2958) . واخرجه النسائي في التفسير: (سورة البقرة) قوله (فينما تولوا فثم وجه الله) (الحديث 17) . تحفة الاشراف (7057) .

491-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث تو جهت (الحديث 37) . و اخرجه النسائي في القبلة، باب الحال التي يجوز عليها استقبال غير القبلة (الحديث 742) تحفة الاشراف (7238) .

492-اخرجه البخاري في الصلاة، باب ما جاء في القبلة (الحديث 403)، وفي التفسير، باب (الذين اتيناهم الكتاب يعرفونه كما يعرفون ابنائهم و ان فريقا منهم ليكتمون الحق . الى قوله . من الممترين) (الحديث 4491)، و في اخبار الاحاد، باب ما جاء في اجازة خبر الواحد الصدوق في الاذان و الصلاة و الصوم و الفرائض و الاحكام (الحديث 7251) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب تحويل القبلة من القدس الى الكعبة (الحديث 13) . واخرجه النسائي في القبلة، باب استبانة الخطابعد الاجتهاد (الحديث 744)، و في التفسير: قوله تعالى: (قد نرى تقلب و جهك في السماء فلنولنيك قبلة ترضاها) (الحديث 24) . تحفة الاشراف (7228) .

Marfat.com

الصُّبْحِ جَائَهُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ وَقَدْ اُمِرَ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا ۔ وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَى الْكَعْبَةِ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ قباء میں فجر کی نماز ادا کر رہے تھے'اسی دوران ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: گذشتہ رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ حکم نازل ہوا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت کی گئی ہے' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کی طرف رخ کرلیں' تو ان لوگوں نے خانہ کعبہ کی طرف اپنا رخ کرلیا' پہلے ان لوگوں کے چہرے شام کی طرف تھے' وہ لوگ اُلٹے گھوم کر خانہ کعبہ کی طرف ہو گئے۔

Marfat.com

Marfat.com

# شرح

جلد اول

جزو دوئم

# سنن نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شرح

استاذ العلماء علامہ

محمد لیاقت علی رضوی

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

Marfat.com

# شرح

# سنن نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

محمد لیاقت علی رضوی

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

Marfat.com

# 6 - کِتَابُ الْمَوَاقِیْتِ

## (نمازوں کے) اوقات کے بارے میں روایات

امام نسائی نے اس کتاب ''(نمازوں کے) اوقات کے بارے میں روایات'' میں 55 تراجم ابواب اور 131 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کردیا جائے تو روایات کی تعداد 101 ہوگی۔

لفظ مواقیت لفظ میقات کی جمع ہے۔ اور لفظ میقات لفظ وقت سے ماخوذ ہے جس کا مطلب زمانے کا کوئی مخصوص حصہ ہے۔ جب آپ کسی چیز کے لیے کوئی وقت مقرر کرتے ہیں تو اسے موقت کہا جاتا ہے۔

لفظ میقات کا مطلب یہ ہے: کسی فعل کی انجام دہی کے لیے کوئی وقت یا جگہ مقرر کردیے جائیں' جیسے احرام باندھنے کے لیے جو جگہ مقرر کی گئی ہے اسے میقات کہا جاتا ہے۔[1]

اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کے لیے روزانہ پانچ نمازیں ادا کرنا فرض قرار دیا ہے اور ان تمام نمازوں کے لیے متعین وقت مقرر کیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا (النساء:۱۰۳)

''بے شک نماز اہلِ ایمان پر متعین اوقات میں لازم کی گئی ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث میں نماز کے اوقات کے بارے میں حد بندی کی گئی ہے جو نماز کے ابتدائی اور آخری وقت کے بارے میں ہے۔ لیکن بعض نمازوں کے ابتدائی اور آخری اوقات کے بارے میں منقول روایات میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے' اس لئے نمازوں کے ابتدائی اور آخری اوقات میں فقہاء کے نزدیک کچھ فروعی اختلافات ہیں۔

### 1 - باب

### (بلاعنوان)

493 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَخَّرَ الْعَصْرَ شَيْئًا فَقَالَ لَهُ عُرْوَةُ اَمَا اِنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ نَزَلَ فَصَلّٰى اَمَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ فَقَالَ عُمَرُ

[1] (ملخص لسان العرب از ابن منظور افریقی 107/3' مطبوعہ دارصادر بیروت)

Marfat.com

اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ يَا عُرْوَةُ . فَقَالَ سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "نَزَلَ جِبْرِيْلُ فَاَمَّنِيْ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهُ ." يَحْسُبُ بِاَصَابِعِهِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ .

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے عصر کی نماز میں کچھ تاخیر کر دی تو عروہ نے ان سے کہا: حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھائی' تو عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ بولے: اے عروہ! آپ جانتے ہیں' کہ آپ کیا' کہہ رہے ہیں؟ تو عروہ نے بتایا: میں نے بشیر بن ابومسعود کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں' کہ میں نے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے (حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جبریل نازل ہوئے' انہوں نے مجھے نماز پڑھائی میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی' پھر میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی' پھر میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی' پھر میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی' پھر میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی''

تو انہوں نے اپنی انگلیوں پر پانچ نمازوں کا حساب کر کے (یہ بات بیان کی)

## شرح

# نمازوں کے اوقات کا بیان اور ان سے متعلق احکام

## نمازوں کے اوقات

### فجر کی نماز کا وقت

مسئلہ: فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے' اس سے مراد وہ سفیدی ہے جو چوڑائی کی سمت میں اُفق میں پھیلتی ہے اور یہ وقت سورج نکلنے تک باقی رہتا ہے' اس میں صبح کاذب یعنی لمبائی کی سمت میں پھیلنے والی سفیدی کا اعتبار نہیں ہوگا' جس کے بعد دوبارہ تاریکی آ جاتی ہے' صبح کاذب کے ذریعے نماز کا وقت شروع نہیں ہوگا اور اس وقت میں روزہ رکھنے والے پر سحری کھانا حرام نہیں ہوگا۔ (کافی)

مسئلہ: مشائخ کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ صبح صادق کے محض طلوع ہونے کا اعتبار کیا جائے گا یا اس کے پھیلنے کا بھی اعتبار کیا جائے گا۔ (محیط)

مسئلہ: تاہم دوسری صورت میں زیادہ گنجائش پائی جاتی ہے' اس لیے اکثر علماء اسی کی طرف مائل ہیں۔ (مختار الفتاویٰ)

493-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب مواقيت الصلاة و فضلها (الحديث 521) بنحوه مطولاً . و في بدء الخلق، باب ذكر الملائكة (الحديث 3221) ، و في المغازي، باب : 12 . (الحديث 4007) مختصراً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب اوقات الصلوات الخمس (الحديث 166و167 ) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما جاء في المواقيت (الحديث 394) مطولاً . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، ابواب مواقيت الصلاة (الحديث 668).تحفة الاشراف (9977) .

Marfat.com

مسئلہ: روزہ رکھنے اور عشاء کی نماز پڑھنے میں پہلی صورت کا اعتبار کرنا زیادہ محتاط ہے اور فجر کی نماز پڑھنے میں دوسری صورت کا اعتبار کرنا زیادہ بہتر ہے۔ (شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

## ظہر کی نماز کا وقت

مسئلہ: ظہر کا وقت زوال سے لے کر اس وقت تک رہتا ہے' جب تک کسی چیز کے اصل سائے کے علاوہ اس کا سایہ دو مثل نہیں ہو جاتا۔ (کافی) صحیح قول یہی ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: زوال سے مراد ہر شخص کا سایہ مشرق کی طرف' زیادہ ہونا ہے۔ (کافی)

مسئلہ: زوال کے وقت سائے اور اصلی سائے کو پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سیدھی لکڑی کو سیدھی زمین میں گاڑ دیں' جب تک سایہ کم ہوتا رہے گا' اس وقت تک سورج بلند ہوتا رہے گا اور جب سایہ بڑھنا شروع ہو جائے گا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اب سورج ڈھلنے لگ گیا ہے' اس وقت سائے کے کنارے پر ایک نشانی بنا دی جائے' اس نشانی سے لکڑی تک جتنا بھی سایہ ہے' اصلی سایہ شمار ہو گا' جب وہ سایہ بڑھنا شروع ہو' تو لکڑی کے اس اصل سائے کے علاوہ اس لکڑی کے برابر دوگنا سایہ ہو جائے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ظہر کا وقت باقی نہیں رہے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: فقہاء نے یہ بات تحریر کی ہے کہ احتیاط اس میں ہے کہ ظہر کی نماز ایک مثل ہونے سے پہلے ادا کر لی جائے اور عصر کی نماز دو مثل ہونے کے بعد ادا کی جائے' تا کہ دونوں نمازیں یقینی اعتبار سے اپنے وقت میں ادا ہوں۔

## عصر و مغرب کی نماز کا وقت

مسئلہ: عصر کا وقت اصلی سایہ کے علاوہ چیز کے سائے کے دو مثل ہو جانے کے بعد شروع ہو کر' سورج غروب ہونے تک باقی رہتا ہے۔ (شرح مجمع)

مسئلہ: مغرب کا وقت سورج غروب ہونے سے لے کر شفق غروب ہونے تک رہتا ہے۔

مسئلہ: امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد سرخی ہے اور فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (شرح الوقایہ)

مسئلہ: جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شفق سے مراد وہ سفیدی ہے جو سرخی کے بعد نمودار ہوتی ہے۔ (قدوری)

مسئلہ: صاحبین کا جو قول ہے اس میں لوگوں کے لیے زیادہ آسانی پائی جاتی ہے جبکہ امام صاحب کے قول میں زیادہ احتیاط پائی جاتی ہے کیونکہ نماز کے حوالے سے بنیادی اصول یہ ہے کہ اس کا ہر رکن اور ہر شرط اسی چیز سے ثابت ہوتے ہیں' جو یقینی ہوتی ہے۔ (نہایہ)

## عشاء و وتر کی نماز کا وقت

مسئلہ: عشاء اور وتر کا وقت شفق غروب ہونے سے لے کر صبح کاذب تک باقی رہتا ہے۔ (کافی)

مسئلہ: وتر کی نماز کو عشاء سے پہلے ادا نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ان دونوں کے درمیان ترتیب واجب ہے' اس کی وجہ یہ نہیں

Marfat.com

ہے کہ وتر کا وقت شروع نہیں ہو جاتا' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص بھول کر عشاء کی نماز سے پہلے وتر کی نماز ادا کر لیتا ہے یا اس نے عشاء کی نماز اور وتر کی نماز ادا کر لی اور بعد میں اسے پتہ چلا کہ کسی وجہ سے عشاء کی نماز فاسد ہوگئی تھی' لیکن وتر کی نماز فاسد نہیں ہوئی تھی تو وتر کی نماز صحیح شمار ہوگی' ایسی صورت میں امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کے نزدیک وہ شخص صرف عشاء کی نمازِ جنازہ پڑھے گا کیونکہ ترتیب کا حکم عذر کی وجہ سے ساقط ہو جاتا ہے۔

مسئلہ: جس شخص کو عشاء اور وتر کا وقت ملتا ہی نہیں ہے' مثال کے طور پر وہ کسی ایسے شہر میں رہتا ہے' جہاں شفق غروب ہونے کے ساتھ ہی صبح صادق طلوع ہو جاتی ہے یا شفق غروب ہونے سے پہلے ہی صبح صادق طلوع ہو جاتی تو ایسے شخص پر عشاء او روتر کی نماز واجب ہی نہیں ہوں گے۔ (تبیین)

## دوسری فصل: فضیلت والے اوقات کا بیان

### نمازِ فجر کا مستحب وقت

مسئلہ: فجر کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا مستحب ہے لیکن اتنی تاخیر نہ کی جائے کہ سورج نکل آنے کا شک ہو' بلکہ اتنی روشنی میں فجر کی نماز ادا کی جانی چاہیے کہ اگر بعد میں نماز کا فساد ظاہر ہو جائے تو مستحب قرأت کے ساتھ اسے اس کے وقت میں ہی ادا کیا جا سکے۔ (تبیین)

مسئلہ: یہ حکم عام ہے' البتہ قربانی کے دن حج کرنے والوں کے لیے مزدلفہ میں حکم مختلف ہوگا' ان لوگوں کے لیے فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھنا افضل ہوگا۔ (محیط)

### ظہر وعصر کا مستحب وقت

مسئلہ: گرمیوں کے موسم میں ظہر کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا اور سردی کے موسم میں جلدی ادا کرنا مستحب ہے۔ (کافی)

مسئلہ: خواہ آدمی اکیلا نماز ادا کر رہا ہو یا باجماعت نماز ادا کر رہا ہو۔ (شرح مجمع از ابن الملک)

مسئلہ: عصر کی نماز کو اس وقت تک ادا کر لینا چاہیے' جب تک سورج متغیر نہیں ہوتا اور یہ حکم عام ہے' سورج کی ٹکیہ کے متغیر ہونے کا اعتبار کیا جائے گا' دھوپ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا' اس لیے جب سورج کی ٹکیہ کی حیثیت ایسی ہو جائے' اسے دیکھنے سے آنکھ چندھیا جائے تو سورج متغیر شمار ہوگا' جب تک ایسا نہیں ہوتا' اس وقت تک تغیر کا حکم لاگو نہیں ہوگا۔ (کافی)

مسئلہ: اگر کسی شخص نے تغیر سے پہلے نماز شروع کر دی اور اس کی نماز اتنی طویل ہوگئی کہ تغیر کا وقت آ گیا تو یہ مکروہ نہیں ہے۔ (بحرالرائق)

### مغرب وعشاء کا مستحب وقت

مسئلہ: مغرب کی نماز ہر موسم میں جلدی ادا کر لینا مستحب ہے۔ (کافی)

مسئلہ: عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات گزرنے تک مؤخر کرنا مستحب ہے۔

Marfat.com

مسئلہ: وتر کی نماز کے بارے میں حکم یہی ہے' پھر جس شخص کو آخر شب جاگ جانے کے بارے میں اعتماد ہو' وہ اسے رات کے آخری حصے میں ادا کر لے' اس کے لیے یہی مستحب ہے اور جس شخص کو یہ اعتبار نہ ہو کہ وہ بیدار ہو گا تو اس کے لیے سونے سے پہلے وتر پڑھ لینا مستحب ہو گا۔ (تبیین)

مسئلہ: جب بادل چھائے ہوئے ہوں تو فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کیا جانا چاہیے کہ جیسے اس وقت ادا کی جاتی ہے جب بادل نہیں چھائے ہوئے ہوتے' لیکن ظہر کی نماز کو ذرا مؤخر کر دینا چاہیے تاکہ زوال سے پہلے ادا نہ ہو جائے' اسی طرح عصر کی نماز کو جلدی ادا کر لینا چاہیے تاکہ مباح وقت شروع نہ ہو جائے اور مغرب کی نماز کو ذرا مؤخر کر دینا چاہیے تاکہ غروب سے پہلے ہی ادا نہ کر لی جائے اور عشاء کی نماز کو جلدی ادا کر لینا چاہیے' تاکہ بارش وغیرہ کی وجہ سے جماعت میں رکاوٹ نہ آ جائے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: کسی عذر کے بغیر دو نمازیں ایک ساتھ ادا نہیں کی جا سکتیں' نہ سفر میں نہ حضر میں' البتہ عرفہ اور مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جاتی ہیں۔ (محیط)

•••——•••——•••

## 2 - باب اَوَّلِ وَقْتِ الظُّهْرِ

## باب: ظہر کی نماز کا ابتدائی وقت

494 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سَيَّارُ بْنُ سَلَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَسْاَلُ اَبَا بَرْزَةَ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ اَنْتَ سَمِعْتَهُ قَالَ كَمَا اَسْمَعُكَ السَّاعَةَ فَقَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَسْاَلُ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ لَا يُبَالِىْ بَعْضَ تَاْخِيْرِهَا - يَعْنِى الْعِشَاءَ - اِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ وَلَا يُحِبُّ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَلَا الْحَدِيْثَ بَعْدَهَا ۔

قَالَ شُعْبَةُ ثُمَّ لَقِيْتُهُ بَعْدُ فَسَاَلْتُهُ قَالَ كَانَ يُصَلِّى الظُّهْرَ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ وَالْعَصْرَ يَذْهَبُ الرَّجُلُ اِلٰى اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ وَالْمَغْرِبَ لَا اَدْرِىْ اَىَّ حِيْنٍ ذَكَرَ ثُمَّ لَقِيْتُهُ بَعْدُ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ وَكَانَ يُصَلِّى الصُّبْحَ فَيَنْصَرِفُ الرَّجُلُ فَيَنْظُرُ اِلٰى وَجْهِ جَلِيْسِهِ الَّذِىْ يَعْرِفُهُ فَيَعْرِفُهُ ۔ قَالَ وَكَانَ يَقْرَاُ فِيْهَا بِالسِّتِّيْنَ اِلَى الْمِائَةِ ۔

494-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت الظهر عند الزوال (الحديث 541) بنحوه، و باب وقت العصر (الحديث 547)، و باب ما يكره من السمر بعد العشاء (الحديث 599) بنحوه، وفي الاذان، باب القرائة في الفجر (الحديث 771) بنحوه . واخرجه مسلم في المساجد ومواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالصبح في اول وقتها و هو التغليس و بيان قدر القرائة فيها ( الحديث 235) . و اخرجه ابوداوٗد في الصلاة، باب في وقت صلاة النبي صلى الله عليه وسلم و كيف كان يصليها (الحديث 398) . و اخرجه النسائي في المواقيت، كراهية النوم بعد صلاة المغرب (الحديث 524)، و ما يستحب من تاخير العشاء (الحديث 529) . واخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب وقت صلاة الظهر (الحديث 674)مختصرًا والحديث عند: مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالصبح في اول وقتها و هو التغليس و بيان قدر القرائة فيها (الحديث 236 و237) . و ابي داوٗد في الادب ، باب النهي عن السمر بعد العشاء (الحديث 4849) . تحفة الاشراف ( 11605) .

Marfat.com

☆☆ سیار بن سلامہ بیان کرتے ہیں' میں نے اپنے والد کو حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے سنا' (سیار کے شاگرد کہتے ہیں:) میں نے دریافت کیا' کیا آپ خود اس بات کو سن رہے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا: بالکل اسی طرح جس طرح اس وقت میں تمہیں سن رہا ہوں۔

(سیار بن سلامہ نے بتایا:)

میرے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کی پرواہ نہیں کرتے تھے کہ اسے نصف رات تک مؤخر کر کے ادا کریں۔

(راوی کہتے ہیں: یعنی عشاء کی نماز کو) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے پہلے سونے کو اور اس کے بعد بات چیت کرنے کو پسند نہیں کرتے تھے۔

(سیار بن سلامہ کے شاگرد) شعبہ کہتے ہیں: پھر میری بعد میں ان سے ملاقات ہوئی اور میں نے ان سے اس روایت کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: (حدیث کے یہ الفاظ ہیں:)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز اس وقت ادا کیا کرتے تھے جب سورج ڈھل جاتا تھا' اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے' تو کوئی شخص مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں چلا جاتا تو سورج ابھی بھی چمک رہا ہوتا تھا۔

(راوی کہتے ہیں:) مجھے یہ نہیں' یاد کہ انہوں نے مغرب کی نماز کے بارے میں کس بات کا تذکرہ کیا تھا۔

(شعبہ کہتے ہیں:) پھر بعد میں میری ان سے ملاقات ہوئی اور میں نے ان سے اس روایت کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز اس وقت ادا کیا کرتے تھے کہ جب آدمی نماز ختم کرتا تو اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے شخص کی طرف دیکھتا تو اُسے پہچان سکتا تھا اور وہ دوسرا شخص اسے پہچان سکتا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں ساٹھ سے لے کر ایک سو تک آیات تلاوت کیا کرتے تھے۔

## شرح

اس بارے میں تمام فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے کہ ظہر کی نماز کا ابتدائی وقت وہ ہے جب سورج آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد مغرب کی طرف ڈھل جاتا ہے۔

ظہر کی نماز کے بارے میں یہ بات مستحب ہے کہ سردی کے موسم میں اسے اس کے ابتدائی وقت میں ادا کر دیا جائے اور گرمی کے موسم میں اسے ذرا تاخیر کے ساتھ اس وقت ادا کیا جائے جب گرمی کی شدت کچھ کم ہو چکی ہو۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ظہر کو ٹھنڈے وقت میں ادا کرو کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کی تپش کا حصہ ہے۔

495 - اَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي اَنَسٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰى بِهِمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ .

495-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1535) .

Marfat.com

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت باہر تشریف لائے' جب سورج ڈھل چکا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی۔

496 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّ الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا . قِيْلَ لِاَبِىْ اِسْحَاقَ فِىْ تَعْجِيْلِهَا قَالَ نَعَمْ .

☆☆ حضرت خباب رضی اللہ عنہ (بن ارت) بیان کرتے ہیں' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شدید گرمی کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری شکایت پر توجہ نہیں دی۔

ابواسحاق نامی راوی سے دریافت کیا گیا: اس سے مراد یہ ہے' کہ ظہر کی نماز جلدی ادا کر لیتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

## 3 - باب تَعْجِيْلِ الظُّهْرِ فِى السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران ظہر کی نماز جلدی ادا کرنا

497 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ حَمْزَةُ الْعَائِذِىُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَّقُوْلُ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتّٰى يُصَلِّىَ الظُّهْرَ .

فَقَالَ رَجُلٌ وَّاِنْ كَانَتْ بِنِصْفِ النَّهَارِ قَالَ وَاِنْ كَانَتْ بِنِصْفِ النَّهَارِ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جگہ پڑاؤ کرتے تھے' تو وہاں سے آگے اس وقت تک روانہ نہیں ہوتے تھے' جب تک ظہر کی نماز ادا نہیں کر لیتے تھے۔

ایک شخص نے دریافت کیا: اگرچہ عین دوپہر ہو چکی ہو؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگرچہ عین دوپہر ہو چکی ہو (یعنی سورج بالکل درمیان میں پہنچ چکا ہو)۔

## 4 - باب تَعْجِيْلِ الظُّهْرِ فِى الْبَرْدِ .

### باب: سردی کے موسم میں ظہر کی نماز جلدی ادا کرنا

498 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مَوْلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ اَبُوْ

496-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب تقديم الظهر في اول الوقت في غير شدة الحر (الحديث 189 و190) . تحفة الاشراف (3513) .

497-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب المسافر يصلي و هو يشك في الوقت (الحديث 1205) . تحفة الاشراف (555) .

498-اخرجه البخاري في الجمعة، باب اذا اشتد الحر يوم الجمعة (الحديث 206) . تحفة الاشراف (823) .

Marfat.com

خَلْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ الْحَرُّ اَبْرَدَ بِالصَّلَاةِ وَاِذَا كَانَ الْبَرْدُ عَجَّلَ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گرمی کے موسم میں ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت میں ادا کرتے تھے اور سردی کے موسم میں اسے جلدی ادا کر لیتے تھے۔

## 5 - باب الْاِبْرَادِ بِالظُّهْرِ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ .

### باب: جب گرمی شدید ہو' تو ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت میں ادا کرنا

499 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

''اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلَاةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ .''

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''جب گرمی شدید ہو' تو اس نماز کو ٹھنڈا کر کے ادا کیا کرو' کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کی تپش کا حصہ ہے''۔

500 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ ح وَاَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ ح وَاَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَوْسٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى يَرْفَعُهُ قَالَ ''اَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَاِنَّ الَّذِىْ تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ .''

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ مرفوع حدیث کے طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو' کیونکہ تم لوگ جو گرمی دیکھ رہے ہو یہ جہنم کی تپش کا حصہ ہے''۔

## 6 - باب اٰخِرِ وَقْتِ الظُّهْرِ

### باب: ظہر (کی نماز) کا آخری وقت کیا ہے؟

501 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ اَنْبَاَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ''هٰذَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَائَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ .'' فَصَلَّى الصُّبْحَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ وَصَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ رَاَى الظِّلَّ مِثْلَهُ ثُمَّ

499-اخرجه مسلم في المساجد ، باب استحباب الابراد بالظهر في شدة الحر لمن يمضي الى جماعة و يناله الحر في طريقه (الحديث 180) . و اخرجه ابوداوٗد في الصلاة، باب في وقت صلاة الظهر (الحديث 402) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في تاخير الظهر في شدة الحر (الحديث 157) . واخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب الابراد بالظهرفي شدة الحر (الحديث 678) . تحفة الاشراف (13226) .

500-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (8983) .

501-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15085) .

Marfat.com

صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَحَلَّ فِطْرُ الصَّائِمِ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ شَفَقُ اللَّيْلِ ثُمَّ جَاءَهُ الْغَدَ فَصَلَّى بِهِ الصُّبْحَ حِيْنَ اَسْفَرَ قَلِيْلًا ثُمَّ صَلَّى بِهِ الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ مِثْلَهُ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ مِثْلَيْهِ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ بِوَقْتٍ وَّاحِدٍ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَحَلَّ فِطْرُ الصَّائِمِ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّيْلِ ثُمَّ قَالَ "الصَّلَاةُ مَا بَيْنَ صَلَاتِكَ اَمْسِ وَصَلَاتِكَ الْيَوْمَ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''یہ جبریل تھے جو تمہارے پاس آئے تھے تاکہ تمہیں تمہارے دین کے بارے میں بتائیں' تو انہوں نے صبح کی نماز اس وقت پڑھائی جب صبح صادق ہوئی تھی' ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھل گیا تھا' عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب انہوں نے دیکھا کہ ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہو چکا ہے' پھر انہوں نے مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج غروب ہو چکا تھا' اور روزہ دار شخص کے لیے افطاری جائز ہو چکی تھی۔ پھر انہوں نے عشاء کی نماز اس وقت پڑھائی جب شفق رخصت ہو چکی تھی' پھر وہ اگلے دن آئے اور صبح کی نماز اس وقت پڑھائی جب تھوڑی سی روشنی پھیل چکی تھی' پھر ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کی ایک مثل ہو جاتا ہے' عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ دو مثل ہو جاتا ہے' مغرب کی نماز انہوں نے ایک ہی وقت میں پڑھائی' یعنی اس وقت جب سورج غروب ہوا تھا اور روزہ دار کے لیے افطاری کرنا جائز ہو جاتا ہے' پھر عشاء کی نماز انہوں نے اس وقت پڑھائی' جب رات کا ایک حصہ گزر چکا تھا' پھر انہوں نے یہ بات بتائی کہ کل آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جن اوقات میں) نماز ادا کی تھی اور آج (جن اوقات میں) نماز ادا کی ہے' ان کے درمیان کا وقت نماز کا وقت ہے۔

## شرح

ظہر کے آخری وقت کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابو یوسف' امام محمد' امام شافعی اس بات کے قائل ہیں: جب کسی چیز کا سایہ اس کے اصل سائے کے علاوہ' ایک مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

جبکہ امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں: جب کسی چیز کا سایہ اس کے اصل سائے کے علاوہ' دو مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہوتا ہے۔

•••———•••———•••

502 - اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَذْرَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُدْرِكٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ قَدْرُ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فِي الصَّيْفِ ثَلَاثَةَ اَقْدَامٍ اِلٰى خَمْسَةِ اَقْدَامٍ وَّفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةَ اَقْدَامٍ اِلٰى سَبْعَةِ اَقْدَامٍ .

502-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة الظهر (الحديث 400) . تحفة الاشراف (9186) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' گرمی کے موسم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے' جب کسی چیز کا سایہ تین قدم سے پانچ قدم تک کا ہوتا تھا اور سردیوں میں اس وقت ادا کرتے تھے' جب پانچ قدم سے سات قدم تک ہوتا تھا۔

# 7- باب اَوَّلِ وَقْتِ الْعَصْرِ .

## باب: عصر کی نماز کا ابتدائی وقت (کیا ہے؟)

503 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا ثَوْرٌ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ فَقَالَ "صَلِّ مَعِيْ ." فَصَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ زَاغَتِ الشَّمْسُ وَالْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ وَالْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ قَالَ ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الْاِنْسَانِ مِثْلَهُ وَالْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الْاِنْسَانِ مِثْلَيْهِ وَالْمَغْرِبَ حِيْنَ كَانَ قُبَيْلَ غَيْبُوْبَةِ الشَّفَقِ . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ ثُمَّ قَالَ فِي الْعِشَاءِ اُرٰى اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازوں کے اوقات کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"تم میری اقتداء میں نماز ادا کرو"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی جب سورج ڈھل گیا تھا' عصر کی نماز اس وقت ادا کی جب ہر چیز کا سایہ اس کی ایک مثل ہو چکا تھا' مغرب کی نماز اس وقت ادا کی جب سورج غروب ہو چکا تھا اور عشاء کی نماز اس وقت ادا کی جب شفق غروب ہوگئی تھی۔

پھر اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی جب ہر چیز کا سایہ ایک مثل ہو چکا ہوتھا' عصر کی نماز اس وقت ادا کی جب ہر چیز کا سایہ دو مثل ہو چکا تھا اور مغرب کی نماز شفق غروب ہونے سے تھوڑی دیر پہلے ادا کی۔

عبداللہ بن حارث نامی راوی بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے (میرے استاد نے حدیث بیان کرتے ہوئے) عشاء کی نماز کے بارے میں ایک تہائی (رات کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز ادا کرنے کا تذکرہ کیا تھا)۔

## شرح

اکثر فقہاء اسی بات کے قائل ہیں کہ جیسے ہی ظہر کی نماز کا وقت ختم ہوتا ہے اس کے فوراً بعد عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا جن فقہاء کے نزدیک ظہر کا وقت ایک مثل تک باقی رہتا ہے' ان کے نزدیک ایک مثل ہو جانے کے بعد عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے' جبکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک چونکہ ظہر کا وقت دو مثل تک باقی رہتا ہے' اس لئے ان کے نزدیک جب کسی چیز کا سایہ اس

503-رواه ابوداود في الصلاة، باب ما جاء في المواقيت (الحديث 395) تعليقاً، بمعناه . تحفة الاشراف (2417) .

Marfat.com

کے اصل سائے کے علاوہ دو مثل ہوگا اس وقت عصر کا وقت شروع ہوگا۔

متاخرین فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے: مناسب یہ ہے کہ کسی چیز کا سایہ ایک مثل ہونے سے پہلے ظہر کی نماز ادا کرلی جائے' جب کہ عصر کی نماز دو مثل ہوجانے کے بعد ادا کرنی چاہئے' تاکہ فقہاء کے درمیان اختلاف سے بچا جاسکے۔

•••———•••———•••

## 8 - باب تَعْجِيلِ الْعَصْرِ

### باب: عصر کی نماز جلدی ادا کرنا

504 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةَ الْعَصْرِ وَالشَّمْسُ فِي حُجْرَتِهَا لَمْ يَظْهَرِ الْفَيْءُ مِنْ حُجْرَتِهَا .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کرلیتے تھے جبکہ دھوپ ابھی حجرے میں موجود ہوتی تھی اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے سے سایہ ابھی بلند نہیں ہوا ہوتا تھا۔

**شرح**

امام نسائی نے ترجمۃ الباب میں عصر کی نماز جلدی ادا کرنے کا ذکر کیا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: عصر کی نماز کو اس وقت تک مؤخر نہ کیا جائے جب اس کا مکروہ وقت شروع ہوچکا ہوتا ہے۔

•••———•••———•••

505 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ وَاِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَذْهَبُ الذَّاهِبُ اِلٰى قُبَاءٍ فَقَالَ اَحَدُهُمَا فَيَاْتِيهِمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَقَالَ الْاٰخَرُ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کرلیتے تھے' اس کے بعد کوئی شخص قبا چلا جاتا تھا۔

اس کے بعد ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''جب وہ شخص وہاں پہنچتا تو وہ لوگ وہاں نماز ادا کررہے ہوتے تھے''۔

جبکہ دوسرے راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''(جب وہ وہاں پہنچتا) تو سورج بلند ہوتا تھا''۔

504-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت العصر (الحديث 545) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في تعجيل العصر (الحديث 159) . تحفة الاشراف (16585) .

505-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت العصر (الحديث 548) بنحوه، و (الحديث 551) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالعصر (الحديث 193) و (الحديث 194) بنحوه . تحفة الاشراف (202) .

Marfat.com

506 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ وَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ اِلَى الْعَوَالِىْ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ ـ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ سورج ابھی بلند اور چمکدار ہوتا تھا' اور پھر کوئی شخص اگر کسی نواحی علاقے میں چلا جاتا تو (تو اس کے وہاں پہنچنے کے بعد بھی) سورج بلند ہوتا تھا۔

507 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ اَبِى الْاَبْيَضِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى بِنَا الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُحَلِّقَةٌ ـ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عصر کی نماز پڑھا دیتے تھے جبکہ سورج ابھی بلند اور چمکدار ہوتا تھا۔

508 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ يَقُوْلُ صَلَّيْنَا مَعَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الظُّهْرَ ثُمَّ خَرَجْنَا حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّى الْعَصْرَ قُلْتُ يَا عَمِّ مَا هٰذِهِ الصَّلَاةُ الَّتِىْ صَلَّيْتَ قَالَ الْعَصْرَ وَهٰذِهِ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِىْ كُنَّا نُصَلِّى ـ

☆☆ حضرت ابوامامہ بیان کرتے ہیں کہ عمر بن عبدالعزیز نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی' پھر ہم وہاں سے نکلے' پھر ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو ہم نے انہیں عصر کی نماز ادا کرتے ہوئے پایا' میں نے کہا: اے چچا جان! یہ کون سی نماز ہے؟ جو آپ ادا کر رہے ہیں' انہوں نے کہا: یہ عصر کی نماز ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز ادا کرنے کا بھی یہی وقت ہے جب ہم (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں) ادا کیا کرتے تھے۔

509 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلْقَمَةَ الْمَدَنِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ صَلَّيْنَا فِىْ زَمَانِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ ثُمَّ انْصَرَفْنَا اِلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّى فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَنَا اَصَلَّيْتُمْ قُلْنَا صَلَّيْنَا الظُّهْرَ ـ قَالَ اِنِّىْ صَلَّيْتُ الْعَصْرَ ـ فَقَالُوْا لَهُ عَجَّلْتَ ـ فَقَالَ اِنَّمَا اُصَلِّى كَمَا رَاَيْتُ اَصْحَابِىْ يُصَلُّوْنَ ـ

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' ہم نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں نماز ادا کی' پھر ہم وہاں سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس چلے گئے' ہم نے انہیں بھی نماز ادا کرتے ہوئے پایا' جب انہوں نے نماز مکمل کی تو انہوں نے ہم

506-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالعصر (الحديث 404) . واخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب وقت صلاة العصر (الحديث 682) . تحفة الاشراف (1522) .

507-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1710) .

508-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت العصر (الحديث 549) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالعصر (الحديث 196) . تحفة الاشراف (225) .

509-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1718) .

Marfat.com

سے فرمایا: تم لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی ہاں! ہم نے ظہر کی نماز ادا کر لی ہے' تو انہوں نے فرمایا: میں نے تو عصر کی نماز ادا کر لی ہے' لوگوں نے کہا کہ آپ نے (عصر کی نماز) جلدی نہیں ادا کر لی؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے اسی طرح نماز ادا کی ہے' جس طرح میں نے اپنے ساتھیوں (یعنی دیگر صحابہ کرام) کو نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## 9 - باب التَّشْدِيدِ فِيْ تَاْخِيرِ الْعَصْرِ .

## باب: عصر کی نماز تاخیر سے ادا کرنے کی شدید مذمت

510 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرِ بْنِ اِيَاسِ بْنِ مُقَاتِلِ بْنِ مُشَمْرِجِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فِيْ دَارِهٖ بِالْبَصْرَةِ حِيْنَ انْصَرَفَ مِنَ الظُّهْرِ - وَدَارُهُ بِجَنْبِ الْمَسْجِدِ - فَلَمَّا دَخَلْنَا عَلَيْهِ قَالَ اَصَلَّيْتُمُ الْعَصْرَ قُلْنَا لَا اِنَّمَا انْصَرَفْنَا السَّاعَةَ مِنَ الظُّهْرِ . قَالَ فَصَلُّوا الْعَصْرَ . قَالَ فَقُمْنَا فَصَلَّيْنَا فَلَمَّا انْصَرَفْنَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِ جَلَسَ يَرْقُبُ صَلَاةَ الْعَصْرِ حَتّٰى اِذَا كَانَتْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطٰنِ قَامَ فَنَقَرَ اَرْبَعًا لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهَا اِلَّا قَلِيْلاً ."

☆☆ علاء بیان کرتے ہیں' وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کے گھر حاضر ہوئے جو بصرہ میں تھا' وہ ظہر کی نماز ادا کر کے ان کے گھر گئے تھے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کا گھر مسجد کے پڑوس میں تھا' وہ بیان کرتے ہیں' جب ہم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا:

کیا تم لوگوں نے عصر کی نماز ادا کر لی ہے؟ ہم نے عرض کی: نہیں! ہم تو ابھی ظہر کی نماز پڑھ کے آ رہے ہیں' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ عصر کی نماز ادا کر لو۔ تو ہم لوگ اُٹھے اور ہم نے نماز ادا کر لی' جب ہم نماز ادا کر کے فارغ ہوئے' تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"یہ منافق کا نماز پڑھنے کا طریقہ ہے' کہ وہ بیٹھا ہوا عصر کی نماز کو مؤخر کرتا رہتا ہے' یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے' تو وہ شخص اُٹھ کر چار مرتبہ (زمین پر سر مارتا ہے) اور وہ اس نماز میں اللہ تعالیٰ کا تھوڑا سا ذکر کرتا ہے"۔

511 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلَّذِيْ تَفُوْتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ ."

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

510-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالعصر (الحديث 195) و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة العصر (الحديث 413) . واخرجه الترمذي في الصلاة ، باب ما جاء في تعجيل العصر (الحديث 160) . تحفة الاشراف (1122) .

511-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب التغليظ في تفويت صلاة العصر (الحديث 201) . و اخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب المحافظة على صلاة العصر (الحديث 685) . تحفة الاشراف (6829) .

Marfat.com

''جس شخص کی عصر کی نماز قضاء ہو جائے گویا کہ اس کے اہل خانہ اس کا مال واسباب (سب) ضائع ہو گئے''۔

511B - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَلَّذِىْ تَفُوْتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ"۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو جائے گویا' کہ اس کے اہل خانہ اور اس کا مال ضائع ہو گئے''۔

## 10 - باب اٰخِرِ وَقْتِ الْعَصْرِ ۔

## باب: عصر کی نماز کا آخری وقت

512 - اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ وَاضِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا قُدَامَةُ - يَعْنِىْ ابْنَ شِهَابٍ - عَنْ بُرْدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ جِبْرِيْلَ اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُ مَوَاقِيْتَ الصَّلَاةِ فَتَقَدَّمَ جِبْرِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ وَالنَّاسُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَاَتَاهُ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ مِثْلَ شَخْصِهِ فَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ فَتَقَدَّمَ جِبْرِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ وَالنَّاسُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَتَقَدَّمَ جِبْرِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ وَالنَّاسُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ فَتَقَدَّمَ جِبْرِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ وَالنَّاسُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْعِشَآءَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ انْشَقَّ الْفَجْرُ فَتَقَدَّمَ جِبْرِيْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ وَالنَّاسُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْغَدَاةَ ثُمَّ اَتَاهُ الْيَوْمَ الثَّانِىَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ مِثْلَ شَخْصِهِ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعَ بِالْاَمْسِ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ مِثْلَ شَخْصَيْهِ فَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ بِالْاَمْسِ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ بِالْاَمْسِ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ فَنِمْنَا ثُمَّ قُمْنَا ثُمَّ نِمْنَا ثُمَّ قُمْنَا فَاَتَاهُ فَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ بِالْاَمْسِ فَصَلَّى الْعِشَآءَ ثُمَّ اَتَاهُ حِيْنَ امْتَدَّ الْفَجْرُ وَاَصْبَحَ وَالنُّجُوْمُ بَادِيَةٌ مُّشْتَبِكَةٌ فَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ بِالْاَمْسِ فَصَلَّى الْغَدَاةَ ثُمَّ قَالَ "مَا بَيْنَ هَاتَيْنِ الصَّلَاتَيْنِ وَقْتٌ"۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت جبریل علیہ السلام' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نمازوں کے اوقات کے بارے میں آگاہ کریں۔ حضرت جبریل علیہ السلام آگے ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اقتداء میں نماز ادا کی' جبکہ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی جب سورج ڈھل گیا تھا' پھر وہ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جب ہر انسان کا سایہ اس کی ایک مثل

512-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (2401) ۔

Marfat.com

ہوتا ہے' پھر انہوں نے ایسا ہی کیا جیسے پہلے کیا تھا' یعنی حضرت جبریل علیہ السلام آگے کھڑے ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پیچھے کھڑے ہوئے اور لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' حضرت جبریل علیہ السلام نے عصر کی نماز ادا کی' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے جب سورج غروب ہو چکا تھا' حضرت جبریل علیہ السلام آگے ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پیچھے تھے اور لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کر رہے تھے' پھر انہوں نے مغرب کی نماز ادا کی' پھر وہ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جب شفق غروب ہو چکی تھی' حضرت جبریل علیہ السلام آگے ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پیچھے تھے اور لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کر رہے تھے' انہوں نے عشاء کی نماز ادا کی' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت حاضر ہوئے جب صبح صادق ہو چکی تھی' حضرت جبریل علیہ السلام آگے ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے نماز ادا کی اور لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' انہوں نے فجر کی نماز ادا کی۔

پھر وہ دوسرے دن اُس وقت آئے جب ہر شخص کا سایہ اس کی ایک مثل ہو جاتا ہے' تو انہوں نے ظہر کی نماز ادا کی۔

پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت آئے جب ہر شخص کا سایہ اس کی دو مثل ہو جاتا ہے' تو انہوں نے ویسا ہی کیا جیسا گزشتہ دن کیا تھا اور عصر کی نماز ادا کی' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت آئے جب سورج غروب ہو چکا تھا اور اسی طرح کیا جس طرح گزشتہ دن کیا تھا اور مغرب کی نماز ادا کی' پھر ہم سو گئے' پھر ہم بیدار ہوئے' پھر ہم سو گئے' پھر بیدار ہو گئے' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور اس طرح کیا جس طرح گزشتہ دن کیا تھا اور انہوں نے عشاء کی نماز ادا کی (یعنی عشاء کی نماز رات گئے ادا کی)۔

پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اُس وقت آئے جب صبح ہو چکی تھی اور ستارے ٹمٹما رہے تھے' انہوں نے اُسی طرح کیا' جس طرح گزشتہ دن کیا تھا اور صبح کی نماز ادا کی۔

پھر یہ بات بیان کی کہ ان دونوں نمازوں کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

## شرح

تمام فقہاء کے درمیان اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے' عصر کا آخری وقت سورج غروب ہونے سے کچھ پہلے ہے' ان حضرات کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''جو شخص سورج طلوع ہونے سے پہلے صبح کی نماز کی ایک رکعت کو پالیتا ہے' وہ صبح کی نماز کو پالیتا ہے' اور جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی نماز کی ایک رکعت کو پالیتا ہے' وہ عصر کی نماز کو پالیتا ہے''۔

تاہم اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: جب سورج زرد ہو جائے یعنی اس کی دھوپ مدھم پڑ جائے' یعنی اس پر نگاہ جم سکتی ہو' اس وقت کے بعد عصر کی نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔

اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمان ہے' جسے امام نسائی نے بھی نقل کیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''یہ منافق کا نماز پڑھنے کا طریقہ ہے' کہ وہ بیٹھا ہوا عصر کی نماز کو مؤخر کرتا رہتا ہے' یہاں تک کہ جب سورج

Marfat.com

شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے تو وہ شخص اُٹھ کر چار مرتبہ (زمین پر سر مارتا ہے) اور وہ اس نماز میں اللہ تعالیٰ کا تھوڑا سا ذکر کرتا ہے''۔

## 11 - باب مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَتَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ .

### باب: جو شخص عصر کی دو رکعات پالے (اس کا حکم)

513 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ مَعْمَرًا عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَتَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ اَوْ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی دو رکعات پالے یا سورج نکلنے سے پہلے فجر کی نماز کی ایک رکعت پالے اس نے اس نماز کو پالیا''۔

514 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ مَعْمَرًا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغِيْبَ الشَّمْسُ اَوْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ فَقَدْ اَدْرَكَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت کو پالے یا سورج نکلنے سے پہلے فجر کی ایک رکعت کو پالے (اس نے اس نماز کو پالیا)''۔

515 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَدْرَكَ اَحَدُكُمْ اَوَّلَ سَجْدَةٍ مِّنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلَاتَهُ وَاِذَا اَدْرَكَ اَوَّلَ سَجْدَةٍ مِّنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلَاتَهُ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی نماز کا پہلا سجدہ کر لے (یعنی ایک رکعت ادا کر لے) تو اُسے چاہیے کہ اب وہ اس نماز کو مکمل کر لے اور جب کوئی شخص سورج نکلنے سے پہلے صبح کی نماز کے پہلے سجدے کو پالے

513-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 165) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة العصر (الحديث 412) . تحفة الاشراف (13576) .

514-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 163) بنحوه . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب وقت الصلاة في العذر و الضرورة (الحديث 700م) بنحوه تحفة الاشراف (15274) .

515-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب من ادرك ركعة من العصر قبل الغروب (الحديث 556) . تحفة الاشراف (15375) .

Marfat.com

(یعنی ایک رکعت نماز ادا کر لے) تو وہ اپنی اُس نماز کو مکمل کرے''۔

516 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ وَّعَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ وَّعَنِ الْاَعْرَجِ يُحَدِّثُونَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَ الصُّبْحَ وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَ الْعَصْرَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص سورج نکلنے سے پہلے صبح کی نماز کی ایک رکعت کو پالے' اُس نے صبح کی نماز کو پالیا اور جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت کو پالے' اُس نے عصر کی نماز کو پالیا''۔

517 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ نَّصْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَدِّهٖ مُعَاذٍ اَنَّهٗ طَافَ مَعَ مُعَاذِ ابْنِ عَفْرَاءَ فَلَمْ يُصَلِّ فَقُلْتُ اَلَا تُصَلِّي فَقَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيبَ الشَّمْسُ وَلَا بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ."

☆☆ نصر بن عبدالرحمٰن اپنے دادا معاذ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ کے ہمراہ طواف کیا' تو حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ نے (طواف کی بعد والی مسنون) رکعات ادا نہیں کیں' میں نے دریافت کیا: کیا آپ نماز نہیں پڑھیں گے؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی''۔

## 12 - باب اَوَّلِ وَقْتِ الْمَغْرِبِ .

## باب: مغرب کی نماز کا ابتدائی وقت

518 - اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَقَالَ "اَقِمْ مَعَنَا هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ ." فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ عِنْدَ الْفَجْرِ فَصَلَّى الْفَجْرَ ثُمَّ اَمَرَهٗ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَمَرَهٗ حِينَ رَاَى الشَّمْسَ بَيْضَاءَ فَاَقَامَ الْعَصْرَ ثُمَّ اَمَرَهٗ حِينَ وَقَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَاَقَامَ الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَمَرَهٗ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ فَاَقَامَ الْعِشَاءَ ثُمَّ اَمَرَهٗ مِنَ الْغَدِ فَنَوَّرَ بِالْفَجْرِ ثُمَّ اَبْرَدَ بِالظُّهْرِ وَاَنْعَمَ اَنْ يُبْرِدَ ثُمَّ صَلَّى

516-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب من ادرك من الفجر ركعة (الحديث 579) . واخرجه مسلم في المساجد ومواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 163) . و اخرجه الترمزي في الصلاة، باب ما جاء فيمن ادرك ركعة من العصر قبل ان تغرب الشمس (الحديث 186) . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب الصلاة في العذر و الضرورة (الحديث 699) . تحفة الاشراف (12206) .

517-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11374) .

518-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب اوقات الصلوات الخمس (الحديث 176 و177) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب (منه) (الحديث 152) . واخرجه ابن ما جه في الصلاة، ابواب مواقيت الصلاة (الحديث 667) بنحوه . تحفة الاشراف (1931) .

Marfat.com

الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ وَاَخَّرَ عَنْ ذٰلِكَ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ قَبْلَ اَنْ يَّغِيبَ الشَّفَقُ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ الْعِشَآءَ حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ فَصَلَّاهَا ثُمَّ قَالَ "اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَّقْتِ الصَّلَاةِ وَقْتُ صَلَاتِكُمْ مَا بَيْنَ مَا رَاَيْتُمْ".

☆☆ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے آپ ﷺ سے نمازوں کے وقت کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"تم ہمارے ساتھ دو دن رہو"۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی' تو انہوں نے صبح صادق کے وقت اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے فجر کی نماز ادا کی۔

پھر جب سورج ڈھل گیا تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہدایت کی (انہوں نے اذان دی) اور نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز ادا کر لی۔

پھر جب نبی اکرم ﷺ نے سورج کو چمکدار دیکھا تو آپ ﷺ نے انہیں ہدایت کی' انہوں نے اذان اور اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے عصر کی نماز ادا کر لی' پھر جب سورج غروب ہو گیا تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہدایت کی (انہوں نے اذان اور اقامت کہی) تو نبی اکرم ﷺ نے مغرب کی نماز ادا کر لی' پھر جب شفق غروب ہو گئی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہدایت کی (انہوں نے اذان و اقامت کہی) تو نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کر لی۔ اگلے دن نبی اکرم ﷺ نے صبح روشن ہو جانے کے بعد انہیں ہدایت کی (تو انہوں نے اذان اور اقامت کہی اور نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا کر لی) پھر نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز کو ٹھنڈے وقت میں ادا کیا اور اچھے خاصے ٹھنڈے وقت میں ادا کیا اور عصر کی نماز اس وقت ادا کی جب دھوپ ابھی چمکدار تھی' آپ ﷺ نے اسے تاخیر سے ادا کیا' پھر مغرب کی نماز آپ ﷺ نے شفق غروب ہونے سے پہلے ادا کر لی' پھر انہیں ہدایت کی تو انہوں نے عشاء کی نماز کے لیے اقامت اس وقت کہی جب ایک تہائی رات گزر چکی تھی' تو نبی اکرم ﷺ نے اس وقت یہ نماز ادا کی۔ پھر آپ ﷺ نے دریافت کیا: نمازوں کے وقت کے بارے میں دریافت کرنے والا شخص کہاں ہے؟ تم نے جو دیکھا ہے ان کے درمیان تمہاری نماز کا وقت ہے۔

## شرح

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ مغرب کا وقت سورج غروب ہونے کے بعد ہوتا ہے' یعنی جس وقت سورج کی ٹکیہ مکمل طور پر ڈوب چکی ہو۔

جمہور فقہاء کے نزدیک اس کا وقت شفق غروب ہونے تک رہتا ہے۔

احناف کے نزدیک سب سے زیادہ مغرب کی نماز کے بارے میں اس بات کی تاکید ہے کہ اسے ابتدائی وقت میں ادا کر لیا جائے۔

تاہم بعض دیگر روایات سے یہ بات ثابت ہے جب کسی شخص کو تیزی سے سفر کرنا مقصود ہو' یا کوئی اور ضرورت درپیش ہو تو

Marfat.com

وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کر کے اس کے آخری وقت میں اور عشاء کی نماز کو اس کے ابتدائی وقت میں ادا کر کے بظاہر دو نمازیں ایک ساتھ ادا کر لے گا۔

•••——•••——•••

## 13 - باب تَعْجِيلِ الْمَغْرِبِ .

### باب: مغرب کی نماز جلدی ادا کرنا (سنت ہے)

519 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ قَالَ سَمِعْتُ حَسَّانَ بْنَ بِلَالٍ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَسْلَمَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ اِلٰى اَهَالِيهِمْ اِلٰى اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ يَرْمُوْنَ وَيُبْصِرُوْنَ مَوَاقِعَ سِهَامِهِمْ .

☆☆ حسان بن بلال نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں مغرب کی نماز ادا کر لینے کے بعد مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں موجود اپنے گھر پہنچ جایا کرتے تھے (اور ابھی اتنی روشنی باقی ہوتی تھی) کہ اگر وہ تیر پھینکتے تو تیر کے گرنے کی جگہ کو دیکھ سکتے تھے۔

## 14 - باب تَاْخِيرِ الْمَغْرِبِ .

### باب: مغرب کی نماز تاخیر سے ادا کرنا

520 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنِ ابْنِ هُبَيْرَةَ عَنْ اَبِىْ تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ اَبِىْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ بِالْمُخَمَّصِ قَالَ "اِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ عُرِضَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَضَيَّعُوْهَا وَمَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتّٰى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ ." وَالشَّاهِدُ النَّجْمُ .

☆☆ حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ہمیں عصر کی نماز "مخمص" کے مقام پر پڑھائی' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"یہ نماز تم سے پہلے لوگوں پر بھی پیش کی گئی تھی' لیکن انہوں نے اسے ضائع کر دیا (یعنی باقاعدگی سے ادا نہیں کیا) تو جو شخص اسے باقاعدگی سے ادا کرے گا' اسے دگنا اجر ملے گا اور اس نماز کے بعد کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی' جب تک "شاہد" نکل نہیں آتا"۔

راوی کہتے ہیں: یہاں شاہد سے مراد ستارہ ہے۔

519-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15547) .

520-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 292) . تحفة الاشراف (3445) .

Marfat.com

# 15 - باب اٰخِرِ وَقْتِ الْمَغْرِبِ

## باب: مغرب کا آخری وقت

521 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَزْدِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو - قَالَ شُعْبَةُ كَانَ قَتَادَةُ يَرْفَعُهُ اَحْيَانًا وَّاَحْيَانًا لَا يَرْفَعُهُ - قَالَ "وَقْتُ صَلَاةِ الظُّهْرِ مَا لَمْ تَحْضُرِ الْعَصْرُ وَوَقْتُ صَلَاةِ الْعَصْرِ مَا لَمْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَوَقْتُ الْمَغْرِبِ مَا لَمْ يَسْقُطْ ثَوْرُ الشَّفَقِ وَوَقْتُ الْعِشَاءِ مَا لَمْ يَنْتَصِفِ اللَّيْلُ وَوَقْتُ الصُّبْحِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بعض اوقات مرفوع حدیث کے طور پر نقل کی گئی ہے اور بعض اوقات مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کی گئی ہے۔

''ظہر کی نماز کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے' جب تک عصر کی نماز کا وقت شروع نہیں ہو جاتا اور عصر کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے' جب تک سورج زرد نہیں ہو جاتا' مغرب کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے' جب تک شفق کا پھیلاؤ ختم نہیں ہو جاتا اور عشاء کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے' جب تک نصف رات نہیں گزر جاتی اور فجر کا وقت اس وقت تک باقی رہتا ہے' جب تک سورج نکل نہیں آتا''۔

### شرح

مغرب کی نماز کے آخری وقت کے بارے میں ہم اس سے پہلے یہ بات بیان کر چکے ہیں' کہ جمہور کے نزدیک اس کا آخری وقت وہ ہے' جب شفق غروب ہو جاتی ہے۔

شفق سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابو یوسف' امام محمد' امام احمد بن حنبل اور امام شافعی کے نزدیک شفق سے مراد سرخی ہے۔

امام ابو حنیفہ کے نزدیک شفق سے مراد وہ سفیدی ہے جو سرخی کے بعد نمودار ہوتی ہے اور پھر اس کے بعد سیاہی آ جاتی ہے۔

مشہور روایات کے مطابق فقہائے مالکیہ کے نزدیک اور ایک روایت کے مطابق امام شافعی کے نزدیک مغرب کا وقت انتہائی مختصر ہوتا ہے' یعنی اتنی دیر تک ہوتا ہے جتنی دیر میں کوئی شخص ستر ڈھانپ کر' وضو کر کے' اذان اور اقامت کہہ کر' پانچ رکعات ادا کر سکتا ہو۔

اس سے مراد یہ ہے ان حضرات کے نزدیک مغرب کا وقت انتہائی تنگ ہوتا ہے' اس میں گنجائش اور وسعت نہیں ہوتی۔

ان حضرات نے اپنے موقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے: جب حضرت جبرئیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے دو دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نمازیں پڑھائیں تو ان دونوں دنوں میں انہوں نے مغرب کی نماز ایک ہی وقت

521-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب اوقات الصلوات الخمس (الحديث 171) . بمعناه و (الحديث 172) و (الحديث 173 و 174) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب ما جاء في المواقيت (الحديث 396) . تحفة الاشراف (8946) .

Marfat.com

میں ادا کی تھی۔

تاہم ان حضرات کی اس دلیل کا یہ جواب دیا گیا ہے' اس سے مراد نماز کا مختار وقت ہے' یعنی جن اوقات میں نماز ادا کرنا فضیلت رکھتا ہے' جہاں تک جائز وقت کا تعلق ہے' جس کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' اس کا اس روایت میں ذکر نہیں ہے۔

•••———•••———•••

522 - اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ بَدْرِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ اِمْلَاءً عَلَيَّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَائِلٌ يَّسْاَلُهُ عَنْ مَّوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ بِالْفَجْرِ حِيْنَ انْشَقَّ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ بِالظُّهْرِ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَالْقَائِلُ يَقُوْلُ انْتَصَفَ النَّهَارُ وَهُوَ اَعْلَمُ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ بِالْعَصْرِ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ بِالْمَغْرِبِ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ بِالْعِشَاءِ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ اَخَّرَ الْفَجْرَ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ انْصَرَفَ وَالْقَائِلُ يَقُوْلُ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ اَخَّرَ الظُّهْرَ اِلٰى قَرِيْبٍ مِّنْ وَّقْتِ الْعَصْرِ بِالْاَمْسِ ثُمَّ اَخَّرَ الْعَصْرَ حَتّٰى انْصَرَفَ وَالْقَائِلُ يَقُوْلُ احْمَرَّتِ الشَّمْسُ ثُمَّ اَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتّٰى كَانَ عِنْدَ سُقُوْطِ الشَّفَقِ ثُمَّ اَخَّرَ الْعِشَاءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ ثُمَّ قَالَ "اَلْوَقْتُ فِيْمَا بَيْنَ هٰذَيْنِ."

☆☆ ابوبکر بن ابوموسیٰ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازوں کے اوقات کے بارے میں دریافت کرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے کوئی جواب نہیں دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی انہوں نے صبح صادق کے فوراً بعد صبح کی نماز کے لیے اقامت کہہ دی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت انہوں نے سورج ڈھلنے کے فوراً بعد ظہر کی نماز کے لیے اقامت کہہ دی' یہاں تک کہ آدمی اس وقت یہ سوچتا کہ کیا زوال کا وقت ہو چکا ہے (یا ابھی نہیں ہوا)' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں زیادہ بہتر پتہ تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت انہوں نے عصر کی نماز کی اس وقت اقامت کہی' جب سورج ابھی بلند تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت انہوں نے مغرب کی نماز کے لیے اس وقت اقامت کہی جب سورج غروب ہو چکا تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت انہوں نے عشاء کی نماز کے لیے اس وقت اقامت کہی جب شفق غروب ہو چکی تھی۔ پھر اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کو اتنی تاخیر سے ادا کیا' کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو کوئی شخص یہ کہہ سکتا تھا کہ باہر سورج نکل چکا ہے' پھر ظہر کی نماز کو اتنی تاخیر سے ادا کیا' کہ وہ وقت قریب تھا کہ جب گزشتہ دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کو اتنی تاخیر سے ادا کیا' کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آدمی یہ کہہ سکتا تھا کہ سورج

522-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب اوقات الصلوات الخمس (الحديث 178) و (الحديث 179) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب ما جاء في المواقيت (الحديث 395) . تحفة الاشراف (9137) .

Marfat.com

سرخ ہو چکا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز کو اتنی تاخیر سے ادا کیا' کہ شفق غروب ہونے والی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات تک مؤخر کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ان دونوں قسم کے اوقات کے درمیان میں (نماز کا وقت ہے)''۔

523 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ سَلَّامٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ فَقُلْنَا لَهُ اَخْبِرْنَا عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَاكَ زَمَنُ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوْسُفَ . قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَ الْفَيْءُ قَدْرَ الشِّرَاكِ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ الْفَيْءُ قَدْرَ الشِّرَاكِ وَظِلِّ الرَّجُلِ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَآءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ صَلَّى الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ ثُمَّ صَلّٰى مِنَ الْغَدِ الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ الظِّلُّ طُوْلَ الرَّجُلِ ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ مِثْلَيْهِ قَدْرَ مَا يَسِيْرُ الرَّاكِبُ سَيْرَ الْعَنَقِ اِلٰى ذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَآءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ اَوْ نِصْفِ اللَّيْلِ - شَكَّ زَيْدٌ - ثُمَّ صَلَّى الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ .

☆☆ حصین بن بشیر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں اور امام محمد باقر رضی اللہ عنہ' حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے ان سے درخواست کی کہ آپ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں بتائیں' یہ حجاج بن یوسف کے زمانے کی بات ہے' تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی جب سورج ڈھل چکا تھا اور کسی بھی چیز کا سایہ ایک تسمے کے برابر تھا (یعنی زوال کے فوراً بعد ادا کر لی) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز اس وقت ادا کی جس وقت کسی چیز کا سایہ تسمے کے برابر اور آدمی کے پورے سائے کے برابر ہوتا ہے (یعنی ایک مثل ہونے پر ادا کی) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز اس وقت ادا کی' جب سورج غروب ہو گیا تھا اور عشاء کی نماز اس وقت ادا کی' جب شفق غروب ہو چکی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز اس وقت ادا کی' جب صبح صادق ہو چکی تھی' پھر اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی' جب آدمی کا سایہ آدمی کے قد کے برابر ہوتا ہے (یعنی ایک مثل ہونے پر ادا کی)۔

پھر عصر کی نماز اس وقت ادا کی' جب آدمی کا سایہ اس کے دو مثل ہوتا ہے' یعنی اس وقت کہ آدمی اس کے بعد تیز رفتار سواری پر سوار ہو کر سورج غروب ہونے سے پہلے ذوالحلیفہ پہنچ سکتا تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز اُس وقت ادا کی جب سورج غروب ہو گیا تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کو ایک تہائی رات تک یا شاید نصف رات تک (یہ شک زید نامی راوی کو ہے) تاخیر سے ادا کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کیا۔

523-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (2217) .

Marfat.com

## 16 - باب كَرَاهِيَةِ النَّوْمِ بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ .

### باب: مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد سونا مکروہ ہے

524 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَيَّارُ بْنُ سَلَامَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى اَبِيْ بَرْزَةَ فَسَاَلَهُ اَبِيْ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَكْتُوبَةَ قَالَ كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيْرَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَهَا الْاُوْلٰى حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ وَكَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ حِيْنَ يَرْجِعُ اَحَدُنَا اِلٰى رَحْلِهٖ فِيْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ وَّنَسِيْتُ مَا قَالَ فِي الْمَغْرِبِ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ اَنْ يُؤَخِّرَ الْعِشَآءَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَهَا الْعَتَمَةَ وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِيْنَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيْسَهُ وَكَانَ يَقْرَاُ بِالسِّتِّيْنَ اِلَى الْمِائَةِ .

☆☆ سیار بن سلامہ بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے والد نے ان سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کس وقت ادا کرتے تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز جسے تم لوگ ''پہلی'' کہتے ہو' اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج ڈھل جایا کرتا تھا' جبکہ عصر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے (کہ نماز ادا کر لینے کے بعد) جب ہم میں سے کوئی ایک شخص مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں موجود اپنی رہائش گاہ پر پہنچتا تھا تو سورج ابھی روشن ہوتا تھا۔

(راوی کہتے ہیں:) مغرب کی نماز کے بارے میں انہوں نے جو بتایا تھا' وہ میں بھول گیا ہوں۔

(پھر عشاء کے بارے میں انہوں نے یہ بتایا:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کو جسے تم لوگ ''عتمہ'' کہتے ہو' اسے تاخیر سے ادا کرنا پسند کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے پہلے سو جانے کو اور اس کے بعد بات چیت کرنے کو پسند نہیں کرتے تھے' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز پڑھ کر جب فارغ ہوتے تھے' تو کوئی شخص اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے شخص کو پہچان سکتا تھا' حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز میں ساٹھ سے لے کر ایک سو تک آیات تلاوت کیا کرتے تھے۔

## 17 - باب اَوَّلِ وَقْتِ الْعِشَاءِ .

### باب: عشاء کی نماز کا ابتدائی وقت

524-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت العصر (الحديث 547)، و باب ما يكره من السمر بعد العشاء (الحديث 599)، و في الاذان ، باب القراء ة في الفجر (الحديث 771) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالصبح في اول وقتها وهو التغليس و بيان قدر القراء ة فيها (الحديث 235 و236 و 237) .واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة النبى صلى الله عليه وسلم و كيف كان يصليها (الحديث 398)، وفي الادب ، باب النهي عن السمر بعد العشاء (الحديث 4889) مختصراً . و اخرجه النسائي في المواقيت، اول وقت الظهر (الحديث 494)، و ما يستحب من تاخير العشاء (الحديث 529) . و الحديث عند: البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت الظهر عند الزوال (الحديث 641) . و ابن ما جه في الصلاة، باب وقت صلاة الظهر (الحديث 674) . تحفة الاشراف (11605) .

Marfat.com

525 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيّ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ وَهْبُ بْنُ كَيْسَانَ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَآءَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ حِيْنَ مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى اِذَا كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَهُ جَآئَهُ لِلْعَصْرِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ ـ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ جَآئَهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ سَوَاءً ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى اِذَا ذَهَبَ الشَّفَقُ جَآئَهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْعِشَاءَ ـ فَقَامَ فَصَلَّاهَا ثُمَّ جَآئَهُ حِيْنَ سَطَعَ الْفَجْرُ فِي الصُّبْحِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ ـ فَقَامَ فَصَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ جَآئَهُ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَهُ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ ـ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ جَآئَهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَيْهِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ ـ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ جَآئَهُ لِلْمَغْرِبِ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَقْتًا وَّاحِدًا لَّمْ يَزُلْ عَنْهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ ـ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ جَآئَهُ لِلْعِشَاءِ حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاَوَّلُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ ـ فَصَلَّى الْعِشَآءَ ثُمَّ جَآئَهُ لِلصُّبْحِ حِيْنَ اَسْفَرَ جِدًّا فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ ـ فَصَلَّى الصُّبْحَ فَقَالَ "مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ وَقْتٌ كُلُّهُ ـ"

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت جبریل علیہ السلام' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے جب سورج ڈھل چکا تھا' وہ بولے: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اُٹھ جایئے اور ظہر کی نماز اس وقت ادا کیجئے جب سورج ڈھل جائے' پھر کچھ وقت گزر گیا' یہاں تک کہ ہر شخص کا سایہ اس کے ایک مثل ہو گیا تو وہ عصر کی نماز کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اُٹھ جایئے اور عصر کی نماز ادا کر لیجئے' پھر کچھ وقت گزر گیا' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے: اُٹھ جایئے! اور مغرب کی نماز ادا کیجئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اس وقت ادا کی جب سورج مکمل طور پر غروب ہو چکا تھا' پھر اور کچھ وقت گزر گیا' یہاں تک کہ شفق بھی غروب ہو گئی تو حضرت جبریل علیہ السلام پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور بولے: اُٹھئے اور عشاء کی نماز ادا کر لیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز ادا کر لی' اور پھر وہ فجر کی نماز کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے' جب صبح صادق ہو چکی تھی' انہوں نے عرض کیا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اُٹھ جایئے اور نماز ادا کر لیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کر لی۔ پھر اگلے دن دوپہر کے وقت وہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جب ہر شخص کا سایہ اس کی ایک مثل ہو چکا تھا' انہوں نے عرض کی: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اُٹھ جایئے اور نماز ادا کر لیجئے! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کر لی' پھر حضرت جبریل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت آئے جب ہر شخص کا سایہ اس کے دو مثل ہو چکا ہوتا ہے' انہوں نے عرض کیا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اُٹھ جایئے اور عصر کی نماز ادا کر لیجئے! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کر لی' پھر وہ مغرب کی نماز کے لیے اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جب سورج غروب ہو چکا تھا' یعنی ایک ہی وقت تھا' انہوں نے اس میں

525-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في مواقيت الصلاة عن النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 150) بمعناه . تحفة الاشراف (3128) .

Marfat.com

کوئی کمی وبیشی نہیں کی' انہوں نے عرض کی: اُٹھیے اور نماز ادا کیجئے! تو نبی اکرم ﷺ نے مغرب کی نماز ادا کر لی' وہ عشاء کی نماز کے لیے آپ ﷺ کے پاس اس وقت آئے جب ایک تہائی رات گزر چکی تھی' انہوں نے عرض کی: آپ ﷺ اُٹھ جایئے اور نماز ادا کر لیجئے! تو نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کر لی' پھر وہ فجر کی نماز کے لیے اس وقت آئے جب اچھی خاصی روشنی ہو چکی تھی' انہوں نے عرض کی: اُٹھئے اور نماز ادا کر لیجئے! تو نبی اکرم ﷺ نے صبح کی نماز ادا کر لی' پھر جبریل علیہ السلام نے بتایا: ان دونوں (ایام میں ادا کی جانے والی نمازوں) کے درمیان میں ان سب نمازوں کا وقت ہے۔

## شرح

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے۔ جیسے ہی مغرب کا وقت شروع ہوتا ہے' اس کے فوراً بعد عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

کیونکہ مغرب کے آخری وقت کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' لہٰذا اس بنیاد پر عشاء کے ابتدائی وقت کے بارے میں بھی فقہاء کے درمیان اختلاف ہے۔

امام ابویوسف اور امام محمد کے نزدیک چونکہ شفق سے مراد سرخی ہے اور سرخی غروب ہونے کے فوراً بعد مغرب کا وقت ختم اور عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک شفق سے مراد وہ سفیدی ہے جو سرخی کے بعد نمودار ہوتی ہے' لہٰذا امام ابوحنیفہ کے نزدیک وہ سرخی غروب ہونے تک مغرب کا وقت ختم نہیں ہوگا اور عشاء کا وقت شروع نہیں ہوگا۔

سرخی غروب ہونے کے بعد ظاہر ہونے والی یہ سفیدی تقریباً 10 منٹ تک باقی رہتی ہے۔

•••——•••——•••

## 18 - باب تَعْجِيلِ الْعِشَاءِ .

### باب: عشاء کی نماز کو جلدی ادا کرنا

526 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَّمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَسَنٍ قَالَ قَدِمَ الْحَجَّاجُ فَسَاَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ وَّالْمَغْرِبَ اِذَا وَجَبَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ اَحْيَانًا كَانَ اِذَا رَآهُمْ قَدِ اجْتَمَعُوا عَجَّلَ وَاِذَا رَآهُمْ قَدْ اَبْطَئُوا اَخَّرَ .

☆☆ محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں' جب حجاج آیا (یعنی وہ گورنر بنا) تو ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے دریافت

526-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة باب وقت المغرب (الحديث 560) بنحوه . و باب وقت العشاء اذا اجتمع الناس او تاخروا (الحديث 565) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالصبح في اول وقتها و هو التغليس و بيان قدر القراءة فيها (الحديث 233 و 234) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في وقت صلاة النبي صلى الله عليه وسلم و كيف كان يصليها (الحديث 397) . تحفة الاشراف (2644) .

Marfat.com

کیا' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ ظہر کی نماز دوپہر کے وقت ادا کرلیا کرتے تھے' جبکہ عصر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج ابھی روشن اور چمکدار ہوتا تھا' مغرب کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج غروب ہو جاتا تھا' جبکہ عشاء کی نماز میں بعض اوقات ایسا ہوتا کہ جب آپ ﷺ دیکھتے کہ لوگ اکٹھے ہو چکے ہیں' تو جلدی ادا کر لیتے اور جب آپ ﷺ یہ ملاحظہ فرماتے کہ ابھی لوگ اکٹھے نہیں ہوئے ہیں' تو آپ اسے تاخیر سے ادا کر لیتے۔

## 19 - باب الشَّفَقِ .

### باب: شفق (کے بارے میں روایات)

527 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ رَّقَبَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ النَّاسِ بِمِيقَاتِ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ .

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اس نماز یعنی عشاء کی نماز کے وقت کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں' نبی اکرم ﷺ یہ نماز اس وقت ادا کرتے تھے' جب تیسری رات کا چاند غروب ہو جاتا تھا۔

528 - اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلَاةِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ .

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں اس نماز یعنی عشاء کی نماز کے وقت کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔

نبی اکرم ﷺ یہ نماز اس وقت ادا کیا کرتے تھے' جب تیسری رات کا چاند غروب ہو جاتا ہے۔

## 20 - باب مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ تَاْخِيرِ الْعِشَاءِ .

### باب: عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا مستحب ہے

529 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَوْفٍ عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَاَبِيْ عَلٰى اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ فَقَالَ لَهُ اَبِيْ اَخْبِرْنَا كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَكْتُوبَةَ قَالَ كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيْرَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَهَا الْاُوْلٰى حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ وَكَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَرْجِعُ اَحَدُنَا اِلٰى رَحْلِهِ فِيْ

527-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت العشاء الاخرة (الحديث 419) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في وقت صلاة العشاء الاخرة (الحديث 165 و 166) . و اخرجه النسائي في المواقيت، باب الشفق (528) . تحفة الاشراف (11614) .

528-تقدم في المواقيت، باب الشفق (527) .

529-تقدم في المواقيت، اول وقت الظهر (494) .

Marfat.com

اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ قَالَ وَنَسِيتُ مَا قَالَ فِي الْمَغْرِبِ قَالَ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ اَنْ تُؤَخَّرَ صَلَاةُ الْعِشَاءِ الَّتِي تَدْعُونَهَا الْعَتَمَةَ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حِيْنَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ وَكَانَ يَقْرَاُ بِالسِّتِّينَ اِلَى الْمِائَةِ .

☆☆ سیار بن سلامہ بیان کرتے ہیں' میں اور میرے والد حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو میرے والد نے ان سے کہا: آپ ہمیں بتائیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کس وقت ادا کیا کرتے تھے؟ تو حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے بتایا:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز جسے تم لوگ ''پہلی'' کہتے ہو' اس وقت ادا کرتے تھے' جب سورج ڈھل جاتا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے کہ نماز ادا کر لینے کے بعد اگر کوئی شخص مدینہ منورہ کے نواحی علاقے میں موجود اپنے گھر واپس جاتا تو سورج پھر بھی چمکدار ہوتا تھا۔

راوی کہتے ہیں: مغرب کی نماز کے بارے میں انہوں نے جو بات بیان کی تھی' وہ میں بھول چکا ہوں۔

انہوں نے یہ بھی بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو پسند کرتے تھے کہ عشاء کی نماز کو' جسے تم لوگ عتمہ کہتے ہو' اسے تاخیر سے ادا کیا جائے۔

انہوں نے یہ بات بھی بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز سے پہلے سونے کو اور اس کے بعد بات چیت کرنے کو پسند نہیں کرتے تھے' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھ کر جب فارغ ہوتے تھے' تو کوئی بھی شخص اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے شخص کو (روشنی ہو جانے کی وجہ سے) پہچان سکتا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز میں ساٹھ سے لے کر ایک سو آیات تک تلاوت کیا کرتے تھے۔

530 - اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ وَيُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ اَيُّ حِيْنٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ اَنْ اُصَلِّيَ الْعَتَمَةَ اِمَامًا اَوْ خِلْوًا قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ اَعْتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ بِالْعَتَمَةِ حَتّٰى رَقَدَ النَّاسُ وَاسْتَيْقَظُوا وَرَقَدُوا وَاسْتَيْقَظُوا فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ خَرَجَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ الْاٰنَ يَقْطُرُ رَاْسُهُ مَاءً وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى شِقِّ رَاْسِهِ قَالَ وَاَشَارَ فَاسْتَثْبَتُّ عَطَاءً كَيْفَ وَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى رَاْسِهِ فَاَوْمَا اِلَيَّ كَمَا اَشَارَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَبَدَّدَ لِي عَطَاءٌ بَيْنَ اَصَابِعِهِ بِشَيْءٍ مِّنْ تَبْدِيدٍ ثُمَّ وَضَعَهَا فَانْتَهٰى اَطْرَافُ اَصَابِعِهِ اِلَى مُقَدَّمِ الرَّاْسِ ثُمَّ ضَمَّهَا يَمُرُّ بِهَا كَذٰلِكَ عَلَى الرَّاْسِ حَتّٰى مَسَّتْ اِبْهَامَاهُ طَرَفَ الْاُذُنِ مِمَّا يَلِي الْوَجْهَ ثُمَّ عَلَى الصُّدْغِ وَنَاحِيَةِ الْجَبِينِ لَا يَقْصُرُ وَلَا يَبْطُشُ شَيْئًا اِلَّا كَذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ ''لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ لَا يُصَلُّوهَا اِلَّا هٰكَذَا .''

530-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب النوم قبل العشاء لمن غلب (الحديث 571)، و في التمني، باب ما يجوز من اللو (الحديث 7239) مختصراً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب وقت العشاء و تاخير ها (الحديث 225) مطولاً . و اخرجه النسائي في المواقيت، ما يستحب من تاخير العشاء (الحديث 531) مختصراً . تحفة الاشراف (5915) .

Marfat.com

☆☆ ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء (بن ابی رباح) سے دریافت کیا: آپ کے نزدیک کون سا وقت زیادہ پسندیدہ ہے' جس میں میں عشاء کی نماز ادا کروں خواہ امام کے طور پر پڑھوں' یا تنہا نماز ادا کروں؟ تو عطاء نے جواب دیا: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کردی (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھانے تشریف نہیں لائے) یہاں تک کہ لوگ سو گئے' وہ پھر بیدار ہوئے' پھر سو گئے (جب بہت زیادہ تاخیر ہو گئی) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے (بلند آواز میں) ''نماز' نماز'' کہا۔

عطاء بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے' وہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' آپ کے سر مبارک سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اپنے سر کے دائیں حصے پر رکھا ہوا تھا۔ عطاء نے بتایا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اشارہ کر کے دکھایا (کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح ہاتھ رکھا ہوا تھا)۔

ابن جریج کہتے ہیں: میں نے عطاء سے دریافت کیا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک سر پر کیسے رکھا ہوا تھا؟ (یعنی آپ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو کیسے اشارہ کر کے دکھاتے ہوئے دیکھا ہے؟)

تو انہوں نے مجھے اشارہ کر کے دکھایا جس طرح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اشارہ کر کے دکھایا تھا' عطاء نے اپنی انگلیوں کو کچھ کھلا رکھا' پھر انہیں سر پر رکھا اور انگلیوں کے کنارے کو سر کے اگلے حصے تک لے آئے' پھر انہیں ملا لیا' اور پھر انہیں اسی طرح سر پر پھیرتے رہے' یہاں تک کہ ان کے انگوٹھوں نے کان کے اس کنارے کو مس کیا جو چہرے کی سمت میں ہے' پھر انہوں نے اسے کنپٹی پر رکھا' پھر پیشانی کے کنارے پر رکھا' نہ انہوں نے کسی حصے کو تھاما نہ کسی کو نچوڑا' صرف اسی طرح کیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:)

''اگر مجھے اپنی امت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان لوگوں کو یہ ہدایت کرتا کہ اس نماز کو اسی وقت میں ادا کریں''۔

531 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ الْمَكِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّعَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَخَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَآءَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ فَقَامَ عُمَرُ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - فَنَادَى الصَّلَاةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَقَدَ النِّسَآءُ وَالْوِلْدَانُ . فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمَآءُ يَقْطُرُ مِنْ رَّاْسِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ "اِنَّهُ الْوَقْتُ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز تاخیر سے ادا کی' یہاں تک کہ رات کا ایک بڑا حصہ رخصت ہو گیا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے بلند آواز میں کہا: یا رسول اللہ! نماز (کا وقت جا رہا ہے) خواتین اور بچے سو چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک سے پانی

531-تقدم في المواقيت، يستحب من تاخير العشاء (530) .

Marfat.com

کے قطرے ٹپک رہے تھے' آپ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا: یہی (اس نماز کا) وقت ہے' اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا (تو میں انہیں یہ نماز اسی وقت میں ادا کرنے کی ہدایت کرتا)۔

532 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ الْعِشَآءَ الْاٰخِرَةَ .

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ عشاء کی نماز کو تاخیر سے ادا کیا کرتے تھے۔

533 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِىْ لَاَمَرْتُهُمْ بِتَاْخِيرِ الْعِشَاءِ وَبِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں عشاء کی نماز تاخیر سے ادا کرنے اور ہر نماز کے وقت (مسواک کرنے) کا حکم دیتا۔

## 21 - باب اٰخِرِ وَقْتِ الْعِشَاءِ .

## باب: عشاء کی نماز کا آخری وقت (کیا ہے؟)

534 - اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ حِمْيَرَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَبْلَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَاَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً بِالْعَتَمَةِ فَنَادَاهُ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ نَامَ النِّسَآءُ وَالصِّبْيَانُ . فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ "مَا يَنْتَظِرُهَا غَيْرُكُمْ ." وَلَمْ يَكُنْ يُصَلّٰى يَوْمَئِذٍ اِلَّا بِالْمَدِيْنَةِ ثُمَّ قَالَ "صَلُّوْهَا فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَّغِيْبَ الشَّفَقُ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ ." وَاللَّفْظُ لِاِبْنِ حِمْيَرَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ایک رات نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز میں تاخیر کر دی (یعنی آپ ﷺ نماز پڑھانے کے لیے تشریف نہیں لائے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں ندا کی: خواتین اور بچے سو چکے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ (اپنے حجرۂ مبارک سے مسجد نبوی میں) تشریف لائے اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"(اس وقت) تمہارے علاوہ اور کوئی بھی اس نماز کا انتظار نہیں کر رہا ہے"۔

532-اخرجه مسلم في المساجد و امواضع الصلاة، باب وقت العشاء و تاخيرها (الحديث 226) . تحفه الاشراف (2170) .

533-اخرجه ابوداوُد في الطهارة، باب السواك (الحديث 46) . و اخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب وقت العشاء (الحديث 690) مختصراً و الحديث عند: مسلم في الطهارة، باب السواك (الحديث 42) . تحفة الاشراف (13673) .

534-اخرجه البخاري في الاذان، باب وضوء الصبيان، و متى يجب عليهم الغسل و الطهور و حضور هم الجماعة و العيدين و الجنائز و صفوفهم (الحديث 862)، و باب خروج النساء الى المساجد بالليل و الغلس (الحديث864) . تحفة الاشراف (16405 و 16469 ) .

Marfat.com

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) یہ اُس زمانے کی بات ہے جب صرف مدینہ منورہ میں ہی نماز ادا کی جاتی تھی۔
پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''تم لوگ اس نماز کو شفق غروب ہو جانے سے لے کر ایک تہائی رات گزرنے کے درمیانی وقت میں ادا کر لیا کرو''۔
روایت کے یہ الفاظ ابن حمیر نامی راوی کے ہیں۔

## شرح

اس بات پر فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے عشاء کا آخری وقت صبح صادق ہونے سے کچھ پہلے تک ہے۔
تاہم عشاء کے مستحب وقت کے بارے میں رائے یہ ہے کہ اسے ایک تہائی یا نصف رات گزرنے سے پہلے ادا کر لیا جائے۔ اس کی دلیل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے وہ حدیث ہے جس کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''اگر مجھے اپنی امت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں انہیں یہ ہدایت کرتا کہ وہ عشاء کی نماز کو تہائی رات یا نصف رات تک مؤخر کریں''۔
اسی طرح امام نسائی نے یہاں جو روایات نقل کی ہیں: ان سے یہی بات ثابت ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کو کچھ تاخیر سے ادا کرنے کو مستحب قرار دیا ہے۔

•••——•••——•••

535 - اَخْبَرَنِی اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ ح وَاَخْبَرَنِی يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِی الْمُغِيرَةُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ اُمِّ كُلْثُومٍ ابْنَةِ اَبِی بَكْرٍ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ اَعْتَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى ذَهَبَ عَامَّةُ اللَّيْلِ وَحَتّٰى نَامَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰى وَقَالَ "اِنَّهُ لَوَقْتُهَا لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِی".

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کر دی یہاں تک کہ رات کا اکثر حصہ گزر گیا یہاں تک کہ مسجد میں موجود لوگ سو گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا تو اس نماز کا وقت یہی ہے''۔

536 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَكَثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ نَنْتَظِرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ فَخَرَجَ عَلَيْنَا حِينَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ اَوْ

535-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب وقت العشاء و تاخيرها (الحديث219) . تحفة الاشراف (17984) .
536-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب وقت العشاء و تاخيرها (الحديث 220) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب في وقت العشاء الاخرة (الحديث 420) . تحفة الاشراف (7649) .

Marfat.com

بَعْدَهُ فَقَالَ حِيْنَ خَرَجَ "اِنَّكُمْ تَنْتَظِرُوْنَ صَلَاةً مَّا يَنْتَظِرُهَا اَهْلُ دِيْنٍ غَيْرُكُمْ وَلَوْلَا اَنْ يَّثْقُلَ عَلٰى اُمَّتِيْ لَصَلَّيْتُ بِهِمْ هٰذِهِ السَّاعَةَ ." ثُمَّ اَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَقَامَ ثُمَّ صَلّٰى .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عشاء کی نماز کے لیے انتظار کرتے رہے' جب ایک تہائی رات گزر گئی یا شاید اس کے بھی بعد کا وقت تھا' اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' جب تشریف لائے' تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''تم لوگ ایک ایسی نماز کا انتظار کر رہے ہو کہ تمہارے علاوہ اور کوئی بھی دیندار اس کا انتظار نہیں کر رہا' اگر یہ بات میری اُمت کے لیے مشکل کا باعث نہ ہوتی' تو میں اسی وقت میں یہ نماز پڑھاتا''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤذن کو اقامت کی ہدایت کی' اس نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی۔

537 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ ثُمَّ لَمْ يَخْرُجْ اِلَيْنَا حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ فَخَرَجَ فَصَلّٰى بِهِمْ ثُمَّ قَالَ "اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلُّوْا وَنَامُوْا وَاَنْتُمْ لَمْ تَزَالُوْا فِیْ صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلَاةَ وَلَوْلَا ضَعْفُ الضَّعِيْفِ وَسُقْمُ السَّقِيْمِ لَاَمَرْتُ بِهٰذِهِ الصَّلَاةِ اَنْ تُؤَخَّرَ اِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مغرب کی نماز پڑھا دی (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لے گئے) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف نہیں لائے' یہاں تک کہ نصف رات گزر گئی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' پھر ارشاد فرمایا:

کچھ لوگ نماز ادا کر کے سو بھی چکے ہیں اور تم لوگ جب سے نماز کا انتظار کر رہے ہو' تم نماز کی حالت میں شمار ہوئے ہو' اگر کمزور لوگوں کی کمزوری اور بیمار لوگوں کی بیماری کا خیال نہ ہو' تو میں اس نماز کے بارے میں یہ حکم دوں کہ اسے نصف رات تک مؤخر کر دیا جائے۔

538 - اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ح وَاَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَا حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ هَلِ اتَّخَذَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا قَالَ نَعَمْ اَخَّرَ لَيْلَةً صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ اِلٰى قَرِيْبٍ مِّنْ شَطْرِ اللَّيْلِ فَلَمَّا اَنْ صَلّٰى اَقْبَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ ثُمَّ قَالَ "اِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِیْ صَلَاةٍ مَّا انْتَظَرْتُمُوْهَا ." قَالَ اَنَسٌ كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰى وَبِيْصِ خَاتَمِهٖ . فِیْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ اِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ .

537-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في وقت العشاء الاخرة (الحديث 422) . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب وقت صلاة العشاء (الحديث 693) . تحفة الاشراف (4314) .

538-اخرجه البخاري في الاذان، باب من جلس في المسجد ينتظر الصلاة، و فضل المساجد (الحديث 661) . اخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب وقت صلاة العشاء (الحديث 692) . تحفة الاشراف (578 و 635) .

Marfat.com

☆☆ حمید نامی راوی بیان کرتے ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی پہنی ہے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کو نصف رات کے قریب تک مؤخر کر دیا' پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرہ مبارک ہماری طرف کیا' اور فرمایا:

''جب سے تم اس نماز کا انتظار کر رہے ہو تم نماز کی حالت میں شمار ہو گے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی کی چمک کا منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے۔

علی بن حجر نامی کی روایت میں ''نصف رات تک'' الفاظ ہیں (یعنی انہوں نے نصف رات کے قریب تک کے الفاظ نقل نہیں کیے ہیں)۔

## 22 - باب الرُّخْصَةِ فِي اَنْ يُقَالَ لِلْعِشَاءِ الْعَتَمَةُ .

### عشاء کی نماز کو ''عتمہ'' کہنے کی اجازت ہے

539 - اَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَّالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاْءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَّسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا وَلَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا اِلَيْهِ وَلَوْ عَلِمُوْا مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا ".

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اگر لوگوں کو یہ پتہ چل جائے کہ اذان اور پہلی صف میں شامل ہونے کی کتنی فضیلت ہے اور پھر وہ صرف قرعہ اندازی کے ذریعے اس میں شریک ہو سکتے ہوں' تو وہ اس کے لیے قرعہ اندازی بھی کر لیں گے' اگر لوگوں کو یہ پتہ چل جائے کہ نماز کے لیے جلدی جانے کی کیا فضیلت ہے' تو وہ اس کی طرف ضرور جائیں گے' اگر انہیں یہ پتہ چل جائے کہ عشاء کی نماز اور صبح کی نماز (باجماعت ادا کرنے کی کتنی فضیلت ہے) تو وہ اس میں ضرور شریک ہوں' خواہ انہیں گھسٹ کر آنا پڑے''۔

## 23 - باب الْكَرَاهِيَةِ فِيْ ذٰلِكَ .

### عشاء کو ''عتمہ'' کہنے کا مکروہ ہونا

540 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ - هُوَ الْحَفَرِيُّ - عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ

539-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاستهام في الاذان (الحديث 615)، و باب فضل التهجير الى الظهر (الحديث 654)، و باب الصف الاول (الحديث 721)، و في الشهادات، باب القرعة في المشكلات (الحديث 2689) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول فالاول منها و الازدحام على الصف الاول و المسابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 129) . واخرجه النسائي في الاذان، الاستهام على التاذين (الحديث 670) . والحديث عند: الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في فضل الصف الاول (الحديث 225) . تحفة الاشراف (12570) .

Marfat.com

لَبِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْاَعْرَابُ عَلٰى اسْمِ صَلَاتِكُمْ هٰذِهٖ فَاِنَّهُمْ يُعْتِمُوْنَ عَلَى الْاِبِلِ وَاِنَّهَا الْعِشَاءُ ـ"

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دیہاتی لوگ تمہاری اس نماز کے حوالے سے تم پر غالب نہ آ جائیں' کیونکہ وہ لوگ اونٹوں کے حوالے سے اس میں تاخیر کر دیتے ہیں' اس لیے وہ لوگ اسے ''عتمہ'' کہتے ہیں' لیکن یہ عشاء ہے''۔

## شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے امام جلال الدین سیوطی نے یہ بات تحریر کی ہے:

شیخ عزالدین بن عبدالسلام فرماتے ہیں' عام رواج یہی ہے جب کوئی معظم شخص جب کسی چیز کا کوئی نام تجویز کرے تو پھر اس نام کو چھوڑ کر کسی دوسرے نام کو اختیار کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں اس عظیم ہستی کی شان میں تنقیص لازم آتی ہے۔ اور اس عظیم ہستی کے طرز عمل سے روگردانی لازم آتی ہے۔ اور دوسرے کے عمل کو ترجیح دینا لازم آتا ہے۔ اور یہ بات اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہے۔ (کہ اس کے مقرر کردہ نام کو تبدیل کر کے دوسرا نام اختیار کر لیا جائے)۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس نماز کا نام ''عشاء'' ذکر کیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ'' (النور:۵۸)

''اور عشاء کی نماز کے بعد'' [1]

اس سے پہلے امام نسائی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز کے لیے لفظ ''عتمہ'' استعمال کیا ہے۔

اس پر بحث کرتے ہوئے علامہ ابن عبدالبر اندلسی فرماتے ہیں: اس روایت سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ عشاء کی نماز کو عتمہ کہا جا سکتا ہے۔ تاہم یہ روایت اس روایت کے معارض ہو گی جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے۔ جس کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''دیہاتی لوگ تمہاری اس نماز کے حوالے سے تم پر غالب نہ آ جائیں' کیونکہ وہ لوگ اونٹوں کے حوالے سے اس میں تاخیر کر دیتے ہیں' اس لیے وہ لوگ اسے ''عتمہ'' کہتے ہیں' لیکن یہ عشاء ہے''۔

علامہ ابن عبدالبر فرماتے ہیں: اس دوسری حدیث کے طرق اتنے زیادہ نہیں ہیں جتنے زیادہ طرق اس روایت کے ہیں جس

540-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب وقت العشاء و تاخيرها (الحديث 228و229) . واخرجه ابو داؤد في الادب، باب في صلاة العتمة (الحديث 4984) . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب النهي ان يقال صلاة العتمة (الحديث 704) . تحفة الاشراف (8582) .

[1] حاشیہ سیوطی بر روایت مذکورہ

Marfat.com

میں عشاء کے لیے لفظ عتمہ استعمال ہوا ہے۔

کتاب وسنت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اس نماز کے لیے یہ دونوں نام استعمال کرنا جائز ہے۔اور ہمارے علم کے مطابق فقہاء کے درمیان اس حوالے سے کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا[1]

امام بخاری نے بھی اپنی صحیح میں اس روایت کونقل کیا ہے۔انہوں نے اس کے لیے ترجمۃ الباب قائم کیا ہے۔جس میں اس بات کا تذکرہ کیا ہے کہ بعض اہلِ علم کے نزدیک عشاء کی نماز کوعتمہ کہا جاسکتا ہے۔

اس پر بحث کرتے ہوئے علامہ بدرالدین محمود عینی تحریر کرتے ہیں: اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ عشاء کی نماز کو عتمہ کہا جاسکتا ہے۔

اگر آپ یہ کہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے اس کی ممانعت ثابت ہے تو ہم یہ جواب دیں گے: نبی اکرم ﷺ نے اس نام کے استعمال کے جواز کو بیان کرنے کے لیے اس لفظ کو استعمال کیا تھا۔اور جہاں نبی اکرم ﷺ نے اس کی ممانعت کی ہے وہ تحریم کے لیے نہیں ہے۔

پھر ایک پہلو یہ بھی ہے: یہاں لفظ عتمہ استعمال کرنے میں ایک مصلحت پائی جاتی ہے وہ یہ ہے: عرب اپنے محاورے میں مغرب کی نماز کو عشاء کہتے تھے۔اگر نبی اکرم ﷺ یہاں عشاء کا لفظ استعمال کرتے تو وہ لوگ اس سے مراد مغرب کی نماز لیتے۔اور اس صورت میں مفہوم واضح نہیں ہو پاتا۔اور مطلب فوت ہو جاتا۔اسی لیے نبی اکرم ﷺ نے لفظ عتمہ استعمال کیا جس کے بارے میں عام افراد کو کوئی شک نہیں ہونا تھا[2]

•••——•••——•••

541 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ لَبِيْدٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ "لَا تَغْلِبَنَّكُمُ الْاَعْرَابُ عَلٰى اسْمِ صَلَاتِكُمْ اَلَا اِنَّهَا الْعِشَاءُ ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو منبر پر یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''دیہاتی لوگ تمہاری اس نماز کے نام کے حوالے سے تم پر غالب نہ آجائیں یاد رکھنا یہ عشاء ہے''۔

## 24 - باب اَوَّلِ وَقْتِ الصُّبْحِ

## باب: فجر کی نماز کا ابتدائی وقت

542 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ

[1] الاستذکار لابن عبدالبر اندلسی
[2] عمدۃ القاری کتاب الاذان باب الاستہام فی الاذان

541-تقدم في المواقيت، الكراهية في ذلك (540) .

542-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (2627) .

Marfat.com

الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ حِيْنَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز اس وقت ادا کی جب صبح واضح ہو چکی تھی (یعنی روشن ہو چکی تھی)۔

## شرح

اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور سورج نکلنے تک باقی رہتا ہے۔

صبح صادق سے مراد وہ سفیدی ہے جو افق میں نمودار ہوتی ہے اور چوڑائی کی سمت پھیل جاتی ہے۔

اس کے مقابلے میں صبح کاذب ہوتی ہے۔ اس سے مراد وہ روشنی ہے جو لمبائی کی سمت میں آسمان کے درمیان میں پھیلتی ہے۔ جو بھیڑیے کی دم کی مانند ہوتی ہے۔ اس کے بعد دوبارہ تاریکی آ جاتی ہے۔

پہلی قسم یعنی صبح صادق کے ساتھ تمام شرعی احکام کا تعلق ہے' جن میں روزے کا شروع ہونا' صبح کی نماز کا وقت شروع ہونا' عشاء کی نماز کا وقت ختم ہونا' وغیرہ شامل ہیں۔

ان احکام کا دوسری قسم یعنی صبح کاذب کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے۔

•••——•••——•••

543 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ وَقْتِ صَلَاةِ الْغَدَاةِ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا مِنَ الْغَدِ اَمَرَ حِيْنَ انْشَقَّ الْفَجْرُ اَنْ تُقَامَ الصَّلَاةُ فَصَلّٰى بِنَا فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَسْفَرَ ثُمَّ اَمَرَ فَاُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلّٰى بِنَا ثُمَّ قَالَ "اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ وَقْتٌ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے فجر کی نماز کے وقت کے بارے میں دریافت کیا' تو اگلے دن صبح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح صادق کے فوراً بعد نماز کے لیے اقامت کہنے کا حکم دے دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی' اس سے اگلے دن جب روشنی ہو گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اقامت کہی گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: نماز کے وقت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بتایا:) ان دو (اوقات) کے درمیان (فجر کی نماز کا) وقت ہے۔

## 25 - باب التَّغْلِيسِ فِي الْحَضَرِ .

### باب: حضر کی حالت میں اندھیرے میں (فجر کی نماز) ادا کرنا

544 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

543-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (592) .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُصَلِّي الصُّبْحَ فَيَنْصَرِفُ النِّسَآءُ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوطِهِنَّ مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز ادا کر لیتے اور پھر خواتین چادریں لپیٹ کر واپس آ جاتی تھیں' لیکن اندھیرے کی وجہ سے انہیں پہچانا نہیں جا سکتا تھا۔

## شرح

یہاں امام نسائی نے جو روایات نقل کی ہیں ان سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز اندھیرے میں ہی ادا کر لیتے تھے۔

امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور جمہور اسی بات کے قائل ہیں۔

تاہم امام ابو حنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ فجر کی نماز کو روشن کر کے پڑھنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور اس کی دلیل وہ روایات ہیں جو آگے چل کر امام نسائی نے نقل کی ہیں۔

امام سرخسی تحریر کرتے ہیں ہمارے نزدیک فجر کی نماز کو روشن کر کے پڑھنا اندھیرے میں پڑھنے کے مقابلے میں زیادہ فضیلت رکھتا ہے جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اسے اندھیرے میں ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات ذکر کی ہے اگر آدمی یہ چاہتا ہو کہ فجر کی نماز میں طویل قرأت کرے تو اس کے لئے افضل یہ ہے کہ وہ اندھیرے میں نماز کا آغاز کرلے اور روشنی میں اسے ختم کرے۔

لیکن اگر طویل قرأت کرنے کا عزم نہ ہو تو پھر اندھیرے میں ادا کرنے کے مقابلے میں روشنی میں ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول حدیث کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے وہ بیان کرتی ہیں۔

''جب خواتین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے بعد واپس جاتی تھیں تو انہوں نے چادریں اوڑھی ہوئی ہوتی تھیں۔ اندھیرے کی زیادتی کی وجہ سے انہیں پہچانا نہیں جا سکتا تھا۔''

اسی طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز ادا کر لیتے تھے اور اندھیرے کی زیادتی کی وجہ سے کوئی شخص اپنے پہلو میں بیٹھے ہوئے شخص کو نہیں پہچان پاتا تھا۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں عبادت کی ادائیگی میں جلدی کرنے کا اظہار ہوتا ہے اور یہ بات پسندیدہ ہے کیونکہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

''اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف تیزی سے جاؤ۔'' (آل عمران:133)

544-اخرجه البخاري في الاذان، باب انتظار الناس قيام الامام العالم (الحديث 867) و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالصبح في اول و قتها و هو التغليس و بيان قدر القراءة فيها (الحديث 232) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت الصبح (الحديث 423) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في التغليس بالفجر (الحديث 153) . تحفة الاشراف (17931) .

Marfat.com

ہماری دلیل حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ حدیث ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

''فجر کی نماز کو روشن کر کے ادا کرو کیونکہ یہ زیادہ اجر کا باعث ہے۔''

اسی طرح حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث میں یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

''فجر کو روشن کرو۔''

راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں۔

''صبح کی نماز کو روشن کر کے پڑھو تمہارے لئے اس میں برکت ہوگی۔''

(امام سرخسی فرماتے ہیں) اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ روشنی میں نماز ادا کرنے کی صورت میں جماعت میں اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ اندھیرے میں نماز ادا کرنے کی صورت میں جماعت میں تعداد کم ہوگی اور جو چیز جماعت میں اضافے کا باعث ہو وہ افضل ہوتی ہے۔

اس کی دوسری دلیل یہ ہے کہ نماز ادا کر لینے کے بعد سورج نکلنے تک نماز کی جگہ پر ٹھہرے رہنا مستحب ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''جو شخص فجر کی نماز ادا کر لینے کے بعد سورج نکلنے تک اپنی جگہ پر ٹھہرا رہے گویا کہ اس نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کیے۔''

جب آدمی روشنی میں اس نماز کو ادا کرے تو پھر اس فضیلت کا خیال رکھنے میں زیادہ احتیاط پائی جائے گی۔

اس کے برعکس اگر اندھیرے میں نماز ادا کر لی جائے تو پھر اس پر عمل کرنا مشکل ہو جائے گا۔

جہاں تک سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول حدیث کا تعلق ہے' تو صحیح روایات میں یہ بات ثابت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز روشنی میں ادا کیا کرتے تھے۔

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی نماز کو اس کے مخصوص وقت سے پہلے ادا کیا ہو البتہ عرفہ کے دن فجر کی نماز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے مخصوص وقت سے پہلے ادا کر لی تھی)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس دن اندھیرے میں ادا کر لیا تھا۔''

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عام معمول یہی تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز روشنی میں ادا کیا کرتے تھے۔

جہاں تک اندھیرے میں نماز پڑھنے کے ثابت ہونے کا تعلق ہے' تو شاید وہ کسی عذر کی وجہ سے ہوگا یا شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر پر روانہ ہونا ہوگا یا یہ اس زمانے کی بات ہوگی جب خواتین باجماعت نماز میں شریک ہوا کرتی تھیں اور پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور انہیں گھر میں ٹھہرنے کا حکم دیا گیا۔[1]

545 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّ

[1] مبسوط سرخسی' جلد اوّل صفحہ 285 مطبوعہ دارالکتب العلمیہ

Marfat.com

النِّسَاءُ يُصَلِّيْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ فَيَرْجِعْنَ فَمَا يَعْرِفُهُنَّ اَحَدٌ مِّنَ الْغَلَسِ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ خواتین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں فجر کی نماز ادا کرتی تھیں' انہوں نے اپنی چادریں لپیٹی ہوئی ہوتی تھیں' جب وہ واپس جاتی تھیں' تو اندھیرے کی وجہ سے کوئی انہیں پہچان نہیں سکتا تھا۔

## 26 - باب التَّغْلِيسِ فِي السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران اندھیرے میں (فجر کی نماز ادا کرنا)

546 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِغَلَسٍ وَّهُوَ قَرِيْبٌ مِّنْهُمْ فَاَغَارَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ - مَرَّتَيْنِ - اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح خیبر کے دن صبح کی نماز اندھیرے میں ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خیبر کے قریب تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر حملہ کر دیا اور ارشاد فرمایا: اللہ اکبر! خیبر برباد ہو گیا۔ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی' (پھر فرمایا:) جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں' تو ان لوگوں کی حالت بہت بُری ہوتی ہے' جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

## 27 - باب الْاِسْفَارِ .

### باب: فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کرنا

547 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ عَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ ."

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"فجر کی نماز روشنی میں ادا کیا کرو"۔

548 - اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ

545-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب التبكير بالضبح في اول و قتها و هو التغليس و بيان قدر القراءة فيها (الحديث 230) بنحوه . و اخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب وقت صلاة الفجر (الحديث 669) . تحفة الاشراف (16442) .

546-اخرجه البخاري في الخوف، باب التبكير و الغلس بالصبح، و الصلاة عند الاغارة و الحرب (الحديث 947) مطولاً . تحفة الاشراف (301) .

547-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في وقت الصبح (الحديث 424) بمعناه مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة باب ما جاء في الاسفار بالفجر (الحديث 154) مطولاً . و اخرجه ابن ما جه في الصلاة، باب وقت صلاة الفجر (الحديث 672) . بمعناه مطولاً . تحفة الاشراف (3582) .

548-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15670) .

Marfat.com

اَسْلَمَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ عَنْ رِجَالٍ مِّنْ قَوْمِهِ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَا اَسْفَرْتُمْ بِالْفَجْرِ فَاِنَّهُ اَعْظَمُ بِالْاَجْرِ".

☆☆ محمود بن لبید اپنی قوم سے تعلق رکھنے والے ایک انصاری کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''فجر کی نماز کو تم لوگ جو روشنی میں ادا کرتے ہو تو یہ چیز اجر میں اضافے کا باعث ہے''۔

## 28 - باب مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ .

### باب: جو شخص فجر کی نماز کی ایک رکعت کو پالے

549 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ سَجْدَةً مِّنَ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَهَا وَمَنْ اَدْرَكَ سَجْدَةً مِّنَ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَهَا".

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سورج نکلنے سے پہلے فجر کی نماز کے ایک سجدے کو پالے' تو اس نے اس نماز کو پالیا اور جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی نماز کے ایک سجدے کو پالیا تو اس نے اس نماز کو پالیا۔

**شرح**

اس بات پر فقہاء کے مابین اتفاق پایا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی نماز کی ایک رکعت کو پا لیتا ہے' تو اس نے اس نماز کو پالیا لیکن اگر کوئی شخص سورج نکلنے سے پہلے فجر کی ایک رکعت کو پالیتا ہے' تو کیا وہ فجر کی نماز کو بھی پا لیتا ہے؟

اکثر فقہاء اسی بات کے قائل ہیں کہ ایسا شخص فجر کی نماز کو بھی پا لیتا ہے' تاہم احناف اس بات کے قائل ہیں کہ جو شخص سورج نکلنے سے پہلے فجر کی صرف ایک رکعت ادا کر سکا ہو وہ فجر کی نماز کو پانے والا شمار نہیں ہوگا۔

550 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْفَجْرِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَهَا وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَهَا".

549-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (13937) .

550-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 164) . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب وقت الصلاة في العذر و الضرورة (الحديث 700) . تحفة الاشراف (16705) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:
''جو شخص سورج نکلنے سے پہلے فجر کی ایک رکعت کو پالے' اس نے اس نماز کو پالیا اور جو شخص سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت کو پالے' اس نے اس (نماز) کو پالیا''۔

## 29 - باب اٰخِرِ وَقْتِ الصُّبْحِ ۔

## باب: فجر کی نماز کا آخری وقت

551 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَا حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ صَدَقَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى الظُّهْرَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ وَيُصَلِّى الْعَصْرَ بَيْنَ صَلَاتَيْكُمْ هَاتَيْنِ وَيُصَلِّى الْمَغْرِبَ اِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَيُصَلِّى الْعِشَآءَ اِذَا غَابَ الشَّفَقُ - ثُمَّ قَالَ عَلٰى اِثْرِهٖ - وَيُصَلِّى الصُّبْحَ اِلٰى اَنْ يَّنْفَسِحَ الْبَصَرُ ۔

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج ڈھل جاتا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز تمہاری ان دو نمازوں کے درمیانی وقت میں پڑھتے تھے اور مغرب کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب سورج غروب ہو جاتا تھا اور عشاء کی نماز اس وقت پڑھتے تھے' جب شفق غروب ہو جاتی تھی۔

پھر اس کے بعد انہوں نے یہ بات بیان کی: آپ صبح کی نماز اس وقت ادا کرتے تھے جب دیکھنے کی قوت پھیل جاتی تھی (یعنی روشنی ہو چکی ہوتی تھی)۔

### شرح

اس بات پر فقہاء کے مابین اتفاق پایا جاتا ہے کہ فجر کی نماز کا آخری وقت سورج نکلنے سے چند لمحے پہلے تک ہے۔

## 30 - باب مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الصَّلَاةِ ۔

## باب: جب کوئی شخص کسی نماز کی ایک رکعت کو (اس کے وقت میں) پالے

552 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ ۔ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''مَنْ اَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلَاةَ ۔''

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص نماز کی ایک رکعت کو (اس نماز کے وقت میں) پالیتا ہے' اس نے اس نماز کو پالیا''۔

---

551-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (259) ۔

552-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب من ادرك من الصلاة ركعة (الحديث 580) ۔ واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 161 و162) ۔ واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من ادرك من الجمعة ركعة (الحديث 1121) ۔ تحفة الاشراف (15243) ۔

Marfat.com

553 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَهَا ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جو شخص کسی نماز کی ایک رکعت کو (اس نماز کے وقت میں) پالے اس نے اس نماز کو پالیا''۔

554 - اَخْبَرَنِىْ يَزِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ - وَهُوَ ابْنُ سَمَاعَةَ - عَنْ مُوْسَى بْنِ اَعْيَنَ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلَاةَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص کسی نماز کی ایک رکعت کو (اس نماز کے مخصوص وقت میں) پالے اس نے اس نماز کو پالیا''۔

555 - اَخْبَرَنِىْ شُعَيْبُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ اَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَهَا ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص کسی نماز کی ایک رکعت کو (اس نماز کے مخصوص وقت میں) پالے اس نے اس نماز کو پالیا''۔

556 - اَخْبَرَنِىْ مُوْسَى بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنِى الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الْجُمُعَةِ اَوْ غَيْرِهَا فَقَدْ تَمَّتْ صَلَاتُهُ ."

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جو شخص جمعہ کی نماز کی ایک رکعت کو پالے یا کسی بھی دوسری نماز کی ایک رکعت کو پالے تو اس کی نماز مکمل ہوگی''۔

557 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ

553-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد ادرك تلك الصلاة (الحديث 162) . تحفة الاشراف (15214) .

554-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من ادرك ركعة من الصلاة فقد تلك الصلاة (الحديث 162م) . تحفة الاشراف (15201) .

555-انفردبه النسائي . تحفة الاشراف (13195) .

556-اخرجه النسائي في المواقيت، من ادرك ركعة من الصلة (الحديث 557) مرسلاً . و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة وا لسنة فيها، باب ما جاء فيمن ادرك من الجمعة ركعة (الحديث 1123) بنحوه . تحفة الاشراف (7001) .

557-تقدم في المواقيت، من ادرك ركعة من الصلاة (الحديث 556) .

Marfat.com

سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ فَقَدْ اَدْرَكَهَا اِلَّا اَنَّهُ يَقْضِي مَا فَاتَهُ." (حدیث قولی، مرسل، صحیح)

☆☆ سالم بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص کسی بھی نماز کی ایک رکعت کو پالے' اس نے اس نماز کو پالیا' البتہ جو رکعات اس کی رہ گئی ہوں وہ انہیں ادا کر لے''۔

## 31 - باب السَّاعَاتِ الَّتِيْ نُهِيَ عَنِ الصَّلَاةِ فِيْهَا .

## باب: ان اوقات کا تذکرہ جن میں نماز ادا کرنا منع ہے

558 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "الشَّمْسُ تَطْلُعُ وَمَعَهَا قَرْنُ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ فَارَقَهَا فَاِذَا اسْتَوَتْ قَارَنَهَا فَاِذَا زَالَتْ فَارَقَهَا فَاِذَا دَنَتْ لِلْغُرُوْبِ قَارَنَهَا فَاِذَا غَرَبَتْ فَارَقَهَا." وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ فِيْ تِلْكَ السَّاعَاتِ .

☆☆ حضرت عبداللہ صنابحی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب سورج طلوع ہوتا ہے' تو اس کے ساتھ شیطان کا سینگ بھی ہوتا ہے' جب وہ بلند ہو جاتا ہے' تو وہ سینگ اس سے الگ ہو جاتا ہے' جب سورج عین درمیان میں آتا ہے' تو وہ سینگ پھر اس سے مل جاتا ہے' جب وہ ڈھل جاتا ہے' تو وہ پھر اس سے جدا ہو جاتا ہے' جب سورج غروب ہونے کے قریب ہوتا ہے' تو وہ سینگ پھر اس سے مل جاتا ہے' پھر جب سورج غروب ہو جاتا ہے' تو وہ سینگ اس سے الگ ہو جاتا ہے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے ان (تینوں) اوقات میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

### شرح

احادیث میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے پانچ اوقات میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

(i) صبح کی نماز ادا کر لینے کے بعد سورج کے بلند ہو جانے تک' یہاں سورج بلند ہونے سے مراد یہ ہے کہ دیکھنے والا یہ سمجھے کہ وہ سطح زمین سے تقریباً ایک نیزے جتنا اُونچا ہو چکا ہے۔

(ii) دوسرا وقت وہ ہے جب سورج طلوع ہو رہا ہو' یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے۔ تاہم دیگر احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ اس وقت میں اس دن کی فجر کی نماز ادا کی جا سکتی ہے بشرطیکہ سورج نکلنے سے پہلے آدمی ایک رکعت پا چکا ہو لیکن اگر اس نے سورج نکلنے سے پہلے ایک رکعت نہیں پائی تو اس کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ اب اس نماز کو مؤخر کر دے اور جب سورج اچھی

558-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الساعات التي تكره فيها الصلاة (الحديث 1253) بنحوه . تحفة الاشراف (9678) .

Marfat.com

طرح بلند ہو جائے اس وقت اس نماز کو ادا کر لے۔

(iii) زوال کا وقت یعنی وہ وقت جب سورج عین آسمان کے درمیان میں ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ مغرب کی طرف ڈھل جائے اور ظہر کا وقت شروع ہو جائے۔

(iv) اس وقت جب سورج زرد ہو جاتا ہے یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے۔

(v) عصر کی نماز ادا کر لینے کے بعد سورج کے غروب ہونے تک کوئی بھی دوسری نماز ادا نہیں کرنی چاہئے تاہم اگر کسی شخص نے اس دن کی عصر کی نماز ادا نہیں کی تھی اور اسے اس بات کا یقین ہے کہ وہ سورج غروب ہونے سے پہلے اس کی ایک رکعت ادا کرلے گا تو پھر وہ اس وقت وہ عصر کی نماز ادا کر سکتا ہے۔

اگلے ابواب میں امام نسائی نے اسی حکم سے متعلق مختلف روایات نقل کی ہیں۔

جہاں تک تین اوقات کا تعلق ہے یعنی سورج کے نکلنے اس کے غروب ہونے اور زوال کے وقت کا تعلق ہے' تو احناف کے نزدیک ان اوقات میں کوئی بھی نماز ادا کرنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ حکم مطلق ہے خواہ وہ فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو یا واجب نماز ہو۔

خواہ یہ اپنے ذمے واجب ہونے والی کوئی نماز ہو یا نمازِ جنازہ ہو یا سجدہ تلاوت ہو یا سجدہ سہو ہو۔

تاہم معتمد اور صحیح قول کے مطابق جمعے کے دن کا حکم مختلف ہوگا۔

اسی طرح غروب کے وقت اس دن کی عصر کی نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

جہاں تک باقی دو قسم کے اوقات کا تعلق ہے یعنی فجر کی نماز کے بعد سے لے کر سورج نکلنے تک اور عصر کی نماز کے بعد سے لے کر سورج غروب ہونے تک تو ان اوقات میں نفل نماز ادا کرنا بھی مکروہ تحریمی ہے۔ خواہ فجر کی نماز کی یا عصر کی نماز کی سنتیں ہی کیوں نہ ہوں۔

اگر آدمی نے وہ سنتیں نماز سے پہلے ادا نہیں کی تھیں تو ان اوقات میں بھی ادا نہیں کرے گا۔ اسی طرح ان اوقات میں تحیۃ المسجد یا نذر کی نماز یا طواف کی دو رکعات ادا نہیں کی جا سکتی ہیں۔ اسی طرح سجدہ سہو بھی ادا نہیں کیا جا سکتا ہے۔

## ان اوقات کا بیان جن میں نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوتا یا مکروہ ہوتا ہے

مسئلہ: تین گھڑیاں ایسی ہیں جن میں فرض نماز ادا کرنا' نمازِ جنازہ ادا کرنا اور سجدۂ تلاوت کرنا جائز نہیں ہے:

(i) اس وقت جب سورج طلوع ہو رہا ہو' یہاں تک کہ بلند ہو جائے۔

(ii) جب سورج نصف النہار تک پہنچ چکا ہو' یہاں تک کہ وہ ڈھل جائے'

(iii) جب سورج سرخ ہو چکا ہو' یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے۔ البتہ اس وقت میں اس دن کی عصر کی نماز (اگر ادا نہ کی ہو) تو ادا کی جا سکتی ہے' کیونکہ اسے سورج غروب ہونے کے وقت ادا کرنا بھی جائز ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: شیخ ابوبکر محمد بن فضل نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب تک انسان سورج کی ٹکیہ پر نظر جمائے رکھتا ہے' اس وقت تک

Marfat.com

سورج طلوع ہوتا ہوا شمار ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: نمازِ جنازہ اور سجدۂ تلاوت کے بارے میں حکم اس وقت ہوگا' جب وہ کسی مباح وقت میں لازم ہوئے تھے اور پھر انہیں اس مکروہ وقت تک مؤخر کر دیا گیا تو پھر قطعی طور پر اس وقت میں ادا کرنا جائز نہیں ہوگا' لیکن یہ دونوں اگر اسی وقت میں لازم ہوئے اور اسی وقت میں ادا کر لیے گئے تو یہ جائز ہوگا' کیونکہ یہ جس طرح ناقص طور پر واجب ہوئے تھے' اسی طرح ناقص طور پر ادا ہو گئے ہیں۔ (سراج الوہاج' کافی' تبیین)

مسئلہ: تاہم سجدۂ تلاوت کے بارے میں یہ بات افضل ہے کہ اسے مؤخر کر دیا جائے لیکن نمازِ جنازہ میں تاخیر مکروہ ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: ان اوقات میں فرض یا واجب قضا نمازوں کو ادا کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ (کافی)

مسئلہ: ان اوقات میں نوافل ادا کیے جا سکتے ہیں' تاہم یہ مکروہ ہے۔ (کافی' شرح طحاوی)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کوئی شخص سورج طلوع ہونے کے وقت یا غروب ہونے کے وقت نفل ادا کرنا شروع کرتا ہے اور پھر قہقہہ لگا کر ہنس پڑتا ہے' تو اب اس پر وضو کرنا لازم ہوگا (یعنی اس کی نماز بھی ٹوٹ جائے گی اور وضو بھی ٹوٹ جائے گا)۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص اس دن کی عصر کی نماز کے علاوہ کوئی اور فرض نماز سورج غروب ہونے کے قریب ادا کرتا ہے اور پھر نماز کے دوران قہقہہ لگا لیتا ہے' تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ایسے شخص پر اس نماز کو ختم کرنا اور غیر مکروہ وقت میں اسے دوبارہ ادا کرنا لازم ہوگا' یہ بات ظاہر الروایۃ میں ہے' تاہم وہ اگر اسی وقت میں اسے مکمل کر لیتا ہے' تو اس کے ذمے لازم چیز ادا ہو جائے گی۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: تاہم ایسے شخص نے غلط حرکت کی ہے' لیکن اس پر کوئی ادائیگی (یعنی تاوان یا کفارہ) لازم نہیں ہوگا۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص مکروہ وقت میں نماز کی قضا کرتا ہے' تو یہ جائز ہے' لیکن اس نے غلط کیا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص یہ نذر مان لیتا ہے کہ وہ مکروہ وقت میں نماز ادا کر لے گا اور پھر اس مکروہ وقت میں نماز ادا کر لیتا ہے' تو نماز درست ہوگی' لیکن وہ شخص گناہگار ہوگا اور اس شخص پر یہ لازم ہوگا کہ وہ غیر مکروہ وقت میں اسے ادا کرے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: لیکن اگر کسی شخص نے مطلق نذر مانی تھی یا غیر مکروہ وقت میں نماز ادا کرنے کی نذر مانی تھی تو پھر مکروہ اوقات میں نماز ادا کرنا اس کے لیے جائز نہیں ہوگا۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: نو اوقات ایسے ہیں جن میں نوافل ادا کرنا اور ان کا سا حکم رکھنے والی نمازیں ادا کرنا مکروہ ہے لیکن فرض ادا کرنا مکروہ نہیں ہے۔ (نہایہ' کفایہ)

مسئلہ: لہٰذا ان اوقات میں قضا نماز ادا کرنا' نمازِ جنازہ پڑھنا' سجدۂ تلاوت کرنا جائز ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ان میں سے ایک وقت صبح صادق ہو جانے کے بعد سے لے کر فجر کی نماز ادا کرنے سے پہلے تک کا وقت ہے۔ (نہایہ' کفایہ)

Marfat.com

مسئلہ: فجر کی دوسنتوں کے علاوہ اور کوئی بھی نفل نماز اس وقت میں ادا کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: جو شخص رات کے آخری حصے میں نوافل ادا کر رہا تھا اور اس نے ابھی ایک رکعت ہی ادا کی تھی کہ صبح صادق ہو گئی تو اب اس کے لیے افضل یہ ہے کہ وہ اس نماز کو مکمل کر لے کیونکہ اب اس نماز کا صبح صادق کے بعد نفل کے طور پر ادا ہونا قصد کے اعتبار سے نہیں ہے' تاہم یہ دونوں رکعات فجر کی سنتوں کے قائم مقام نہیں بن سکیں گی۔ (سراج الوہاج' تبیین)

مسئلہ: لیکن اگر اس نے چار نفل پڑھنے شروع کیے تھے تو صبح صادق ہو جانے کے بعد ادا کیے جانے والی دو رکعات فجر کی سنتوں کے قائم مقام بن جائیں گی' یہی قول مختار ہے۔ (خزانۃ الفتاویٰ)

مسئلہ: ان میں سے ایک وقت فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سے لے کر سورج نکلنے سے پہلے کا وقت ہے۔ (نہایہ' کفایہ)

مسئلہ: اگر کسی شخص کی فجر کی سنتیں فاسد ہو جاتی ہیں' پھر وہ فجر کی نماز کے بعد ان کی قضا ادا کرتا ہے' تو یہ جائز نہیں ہو گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: ان میں سے ایک وقت عصر کے بعد سے لے کر سورج متغیر ہونے سے پہلے کا وقت ہے۔ (نہایہ' کفایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کوئی نفل نماز مستحب وقت میں شروع کرتا ہے' پھر اسے فاسد کر دیتا ہے اور پھر اس نفل نماز کو عصر کی نماز پڑھ لینے کے بعد اور سورج غروب ہونے سے پہلے ادا کرتا ہے' تو یہ جائز نہیں ہو گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: ان میں سے ایک وقت سورج غروب ہونے کے بعد سے لے کر مغرب کی نماز ادا کرنے سے پہلے کا وقت ہے۔

مسئلہ: ایک وقت جمعہ کے دن اقامت کا وقت ہے۔

مسئلہ: دیگر اوقات جمعہ' عیدین' کسوف' استسقاء کے خطبے کے اوقات ہیں۔ (نہایہ' کفایہ)

مسئلہ: حج کے خطبے کے وقت یا نکاح کے خطبے کے وقت نوافل ادا کرنا مکروہ ہے۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: جمعہ کے دن جب امام خطبہ دینے کے لیے آ جائے' اس وقت نوافل ادا کرنا مکروہ ہے۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: جب کسی شخص نے جمعے سے پہلے چار رکعات ادا کرنا شروع کیں اور پھر امام خطبہ دینے کے لیے آ گیا تو وہ شخص ان چار رکعات کو پورا کرے گا' صحیح قول یہ ہے اور امام صدر استاد حسام الدین اسی کی طرف مائل ہیں۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: جب نماز کے لیے اقامت کہی جا چکی ہو' تو اس وقت نفل ادا کرنا مکروہ ہے' البتہ فجر کی سنتوں کا حکم مختلف ہے' اگر اسے باجماعت نماز فوت ہونے کا اندیشہ نہ ہو' تو وہ ان سنتوں کو ادا کرے گا۔

مسئلہ: عیدین سے پہلے نوافل ادا کرنا مطلق طور پر مکروہ ہے جبکہ عیدین کے بعد مسجد میں نوافل ادا کرنا مکروہ ہے' گھر میں ادا کرنا مکروہ نہیں ہے۔

مسئلہ: عرفہ اور مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کے درمیان نوافل ادا کرنا مکروہ ہے۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: جب کسی فرض نماز کا تھوڑا سا وقت باقی رہ گیا ہو' تو اس وقت اس وقت کی فرض نماز کے علاوہ کوئی بھی نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

Marfat.com

مسئلہ: جس وقت پیشاب یا پاخانہ کا زور ہو یا جب کھانا سامنے آ چکا ہو اور بھوک شدید لگی ہوئی ہو اس وقت نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: ایسا کوئی بھی وقت جس میں کوئی ایسا سبب پایا جا رہا ہو جس کی وجہ سے انسان کی توجہ نماز کی طرف مبذول نہ رہ سکے اور اس کے خشوع وخضوع میں خلل آ رہا ہو تو ایسے وقت میں نماز ادا کرنا بھی مکروہ ہے خواہ کوئی بھی سبب ہو۔

مسئلہ: عشاء کی نماز کو نصف رات گزر جانے کے بعد ادا کرنا مکروہ ہے۔ (بحرالرائق)

•••——•••——•••

559 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مُّوسَى بْنِ عُلَيِّ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ يَقُوْلُ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا اَنْ نُصَلِّيَ فِيْهِنَّ اَوْ نَقْبُرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِيْنَ يَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰى تَمِيْلَ وَحِيْنَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰى تَغْرُبَ .

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' تین اوقات ایسے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ان میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے اور ان میں اپنے مُردوں کو دفن کرنے سے منع کیا ہے' اس وقت جب سورج نکلنے والا ہو' یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے' اس وقت جب کہ عین درمیان میں پہنچ جائے' یہاں تک کہ وہ (مغرب کی طرف) ڈھل جائے اور اُس وقت جب وہ غروب ہونے والا ہو' یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے۔

## 32 - باب النَّهْيِ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصُّبْحِ .

## باب: فجر کی نماز کے بعد (نفل) نماز ادا کرنے کی ممانعت

560 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَعَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک (نفل) نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

561 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَنْبَاَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ

559-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 293) . واخرجه ابوداؤد في الجنائز، باب الدفن عند طلوع الشمس و عند غروبها (الحديث 3192) . و اخرجه الترمذي في الجنائز، باب ما جاء في كراهية الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس و عند غروبها (الحديث 1030) . واخرجه النسائي في المواقيت، النهي عن الصلاة نصف النهار (الحديث 564)، و في الجنائز، الساعات التي نهي عن اقبار الموتى فيهن (الحديث 2012) . واخرجه ابن ماجه في الجنائز، باب ما جاء في الاوقات التي لا يصلي فيها على الميت و لا يدفن (الحديث 1519) . تحفة الاشراف (9939) .

560-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 285) . تحفة الاشراف (13966) .

Marfat.com

عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ غَيْرَ وَاحِدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عُمَرُ - وَكَانَ مِنْ اَحَبِّهِمْ اِلَيَّ - اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَعَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے کئی صحابہ کرام کے حوالے سے' جن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں اور وہ میرے نزدیک ان سب میں سب سے زیادہ پسندیدہ شخصیت کے مالک ہیں' یہ بات سنی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک (کوئی بھی نفل نماز) ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

## 33 - باب النَّهْيِ عَنِ الصَّلَاةِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ .

### باب: سورج نکلنے کے وقت نماز ادا کرنے کی ممانعت

562 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا يَتَحَرَّ اَحَدُكُمْ فَيُصَلِّيَ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوْبِهَا ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کوئی بھی شخص (کسی وجہ کے بغیر) جان بوجھ کر سورج نکلنے کے وقت یا سورج غروب ہونے کے وقت نماز ادا نہ کرے۔

563 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَنْبَاَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّصَلّٰى مَعَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ اَوْ غُرُوْبِهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج نکلنے کے وقت اور سورج غروب ہونے کے وقت نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

## 34 - باب النَّهْيِ عَنِ الصَّلَاةِ نِصْفَ النَّهَارِ .

### باب: زوال کے وقت نماز ادا کرنے کی ممانعت

564 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ - وَهُوَ ابْنُ حَبِيْبٍ - عَنْ مُّوْسَى بْنِ عُلَيٍّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

561-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب الصلاة بعد الفجر حتى ترتفع الشمس، (الحديث 571) بنحوه . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 286 و 287) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة (الحديث 1276) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية الصلاة بعد العصر و بعد الفجر (الحديث 183) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب النهي عن الصلاة بعد الفجر و بعد العصر (الحديث 1250) بنحوه . تحفة الاشراف (10492) .

562-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب لا يتحرى الصلاة قبل غروب الشمس (الحديث 585) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 289) . تحفة الاشراف (8375) .

563-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (7886) .

Marfat.com

سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ ثَلاثُ سَاعَاتٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا اَنْ نُصَلِّيَ فِيهِنَّ اَوْ نَقْبُرَ فِيهِنَّ مَوْتَانَا حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِينَ يَقُومُ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ حَتّٰى تَمِيلَ وَحِينَ تَضَيَّفُ لِلْغُرُوبِ حَتّٰى تَغْرُبَ .

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' تین اوقات ایسے ہیں' جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز ادا کرنے اوران اوقات کے دوران اپنے مردوں کو دفن کرنے سے منع کیا ہے۔

سورج نکلنے کے وقت' یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے۔عین زوال کے وقت' یہاں تک کہ وہ (مغرب کی جانب) ڈھل جائے اور سورج غروب ہونے کے قریب' یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے۔

## 35 - باب النَّهْيِ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ .

### باب: عصر کی نماز کے بعد (نفل) نماز ادا کرنے کی ممانعت

565 - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ سَعِيدٍ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى الطُّلُوعِ وَعَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى الْغُرُوبِ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک کوئی بھی (نفل) نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

566 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ "لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَبْزُغَ الشَّمْسُ وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"فجر کی نماز کے بعد کوئی نماز ادا نہ کی جائے گی' یہاں تک کہ سورج (طلوع ہونے کے بعد) روشن ہو جائے اور عصر کی نماز کے بعد کوئی بھی نماز ادا نہ کی جائے گی' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے"۔

567 - اَخْبَرَنِي مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَمِرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ .

564-تقدم في المواقيت،الساعات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 559) .

565-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (4084) .

566-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب لا يتحرى الصلاة قبل غروب الشمس (الحديث 586) بنحوه . و اخرجه مسلم في الصلاة المسافرين و قصرها ، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 288) . تحفة الاشراف (4155) .

567-تقدم في المواقيت، النهي عن الصلاة بعد العصر (الحديث 566) .

Marfat.com

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

568 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد (نفل) نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

569 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عَنْبَسَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَوْهَمَ عُمَرُ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - اِنَّمَا نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَا تَتَحَرَّوْا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ".

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (اس مسئلے کے بارے میں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غلط فہمی ہوئی ہے' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ قصد کے ساتھ (یعنی کسی عذر کے بغیر) سورج نکلنے کے وقت یا سورج غروب ہونے کے وقت نماز ادا نہ کیا کرو' کیونکہ وہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان نکلتا ہے''۔

570 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبِي قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَاَخِّرُوا الصَّلَاةَ حَتّٰى تُشْرِقَ وَاِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَاَخِّرُوا الصَّلَاةَ حَتّٰى تَغْرُبَ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''سورج کا کنارہ نکل آئے' تو نماز کو مؤخر کردو' یہاں تک کہ وہ روشن ہو جائے اور جب سورج کا کنارہ ڈوب جائے' تو نماز کو مؤخر کردو' یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے''۔

571 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو يَحْيَى سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ وَّضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ وَّاَبُو طَلْحَةَ نُعَيْمُ بْنُ زِيَادٍ قَالُوا سَمِعْنَا اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ يَقُولُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ سَاعَةٍ اَقْرَبُ مِنَ الْاُخْرٰى اَوْ هَلْ مِنْ سَاعَةٍ يُبْتَغٰى ذِكْرُهَا قَالَ "نَعَمْ اِنَّ اَقْرَبَ مَا يَكُونُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْعَبْدِ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ فَاِنْ

568-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (5761) .

569-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب لا تتحروا بصلاتكم طلوع الشمس ولا غروبها (الحديث 295) مختصراً . تحفة الاشراف (16158) .

570-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب الصلاة بعد الفجر حتى ترتفع الشمس (الحديث 583) بنحوه، و في بدء الخلق، باب صفة ابليس و جنوده (الحديث 3272) بنحوه . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها (الحديث 290 و 291) بنحوه . تحفة الاشراف (7322) .

571-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (10761) .

Marfat.com

اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُونَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ فَاِنَّ الصَّلَاةَ مَحْضُورَةٌ مَشْهُودَةٌ اِلٰى طُلُوعِ الشَّمْسِ فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطٰنِ وَهِيَ سَاعَةُ صَلَاةِ الْكُفَّارِ فَدَعِ الصَّلَاةَ حَتّٰى تَرْتَفِعَ قِيدَ رُمْحٍ وَيَذْهَبَ شُعَاعُهَا ثُمَّ الصَّلَاةُ مَحْضُورَةٌ مَشْهُودَةٌ حَتّٰى تَعْتَدِلَ الشَّمْسُ اعْتِدَالَ الرُّمْحِ بِنِصْفِ النَّهَارِ فَاِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَتُسْجَرُ فَدَعِ الصَّلَاةَ حَتّٰى يَفِيءَ الْفَيْءُ ثُمَّ الصَّلَاةُ مَحْضُورَةٌ مَشْهُودَةٌ حَتّٰى تَغِيبَ الشَّمْسُ فَاِنَّهَا تَغِيبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَهِيَ صَلَاةُ الْكُفَّارِ ۔"

☆☆ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا کوئی ایسا وقت بھی ہے' جو دوسروں کی بہ نسبت زیادہ قربت کا باعث ہو' کیا کوئی ایسا وقت بھی ہے' جس میں ذکر کرنے کو زیادہ پسند کیا گیا ہو؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جی ہاں! اللہ تعالیٰ نصف رات کے وقت اپنے بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے' اگر تم سے ہو سکے' تو تم ان لوگوں میں شامل ہو جاؤ جو اس وقت میں اللہ کا ذکر کرتے ہیں' کیونکہ (فجر کی) نماز ایسی ہے' جس میں فرشتوں کی حاضری ہوتی ہے' وہ وہاں موجود ہوتے ہیں' یہاں تک کہ سورج نکل آتا ہے' سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور یہ وہ وقت ہے' جس میں کفار نماز ادا کرتے ہیں' تو تم نماز کو ترک کر دو' یہاں تک کہ سورج ایک نیزے جتنا بلند ہو جائے اور اس کی روشنی پھیل جائے' پھر جو نماز ہوتی ہے' اس میں فرشتے موجود ہوتے ہیں' اس کے بارے میں گواہی بھی دی جاتی ہے' یہاں تک کہ جب سورج نصف النہار کے وقت نیزے کی طرح بالکل سیدھا ہو جائے' تو یہ وہ وقت ہے' جس میں جہنم کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اسے بھڑکایا جاتا ہے' تو تم ایسے وقت میں نماز ادا نہ کرو' یہاں تک کہ سایہ ڈھل جائے' پھر نماز ادا کی جاتی ہے' تو اس میں فرشتے موجود ہوتے ہیں اور اس کے بارے میں گواہی بھی دی جاتی ہے' یہاں تک کہ سورج جب غروب ہوتا ہے' تو وہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور اس وقت کفار نماز ادا کرتے ہیں۔

## 36 - باب الرُّخْصَةِ فِي الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ ۔

### باب: عصر کے بعد نماز ادا کرنے کی اجازت

572 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ الْاَجْدَعِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلَّا اَنْ تَكُونَ الشَّمْسُ بَيْضَاءَ نَقِيَّةً مُرْتَفِعَةً ۔

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے' البتہ سورج روشن' چمکدار اور بلند ہو تو (نماز ادا کی جا سکتی ہے)۔

572-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الصلاة بعد العصر (الحديث 1274) مختصراً ۔ تحفة الاشراف (10310) ۔

Marfat.com

## شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں کئی اہل علم نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت ہے کیونکہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی ظہر کے بعد والی دو رکعات رہ گئی تھیں تو آپ ﷺ نے عصر کے بعد انہیں ادا کیا تھا اور آپ ﷺ انہیں باقاعدگی کے ساتھ ادا کیا کرتے تھے۔

قضا ہونے والی چیز کو لازمی طور پر ادا کرنا قطعی طور پر نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے جبکہ بعض حضرات نے عصر کی نماز کے بعد کسی سبب کی وجہ سے نماز ادا کرنے کو جائز قرار دیا ہے اور انہوں نے اپنے موقف کی تائید میں اس حدیث کو پیش کیا ہے۔

573 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ قَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّجْدَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ عِنْدِیْ قَطُّ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ نے میرے ہاں عصر کی نماز کے بعد کی دو رکعات کبھی ترک نہیں کی ہیں۔

574 - اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا مَا دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلَّا صَلَّاهُمَا .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ عصر کے بعد جب کبھی میرے ہاں تشریف لاتے تھے' تو آپ ﷺ ان دو رکعات کو ادا کیا کرتے تھے۔

575 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا وَّالْاَسْوَدَ قَالَا نَشْهَدُ عَلٰى عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ عِنْدِیْ بَعْدَ الْعَصْرِ صَلَّاهُمَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ عصر کی نماز کے بعد جب بھی میرے ہاں ہوتے تو ان دو رکعات کو ادا کیا کرتے تھے۔

576 - اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ صَلَاتَانِ مَا تَرَكَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَيْتِیْ سِرًّا وَّلَا عَلَانِيَةً رَكْعَتَانِ

573-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب ما يصلى بعد العصر من الفوائت و نحوها (الحديث 591) .تحفة الاشراف (17311) .

574-انفرد به النسائي .تحفة الاشراف (15978) .

575-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب ما يصلى بعد العصر من الفوائت و نحوها (الحديث 593) بنحوه و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب معرفة الركعتين اللتين كان يصليهما النبي صلى الله عليه وسلم بعد العصر (الحديث 301) بنحوه . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الصلاة بعد الفجر (الحديث 1279) بنحوه . تحفة الاشراف (16028) .

576-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب ما يصلى بعد العصر من الفوائت و نحوها (الحديث 592) . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب معرفة الركعتين اللتين كان يصليهما النبي صلى الله عليه وسلم بعد العصر (الحديث 300) . تحفة الاشراف (16009) .

Marfat.com

قَبْلَ الْفَجْرِ وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعَصْرِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ دو نمازیں ایسی ہیں کہ جنہیں میرے گھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تو خفیہ طور پر اور نہ ہی اعلانیہ طور پر کبھی ترک کیا ہے ان میں سے دو رکعات فجر سے پہلے کی ہیں اور دو رکعات عصر کے بعد کی ہیں۔

577 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنِ السَّجْدَتَيْنِ اللَّتَيْنِ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهِمَا بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَتْ اِنَّهُ كَانَ يُصَلِّيهِمَا قَبْلَ الْعَصْرِ ثُمَّ اِنَّهُ شُغِلَ عَنْهُمَا اَوْ نَسِيَهُمَا فَصَلَّاهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ وَكَانَ اِذَا صَلّٰى صَلَاةً اَثْبَتَهَا .

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں انہوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ان دو رکعات کے بارے میں دریافت کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد ان کے ہاں ادا کیا کرتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں عصر سے پہلے ادا کیا کرتے تھے پھر اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مصروفیت کی وجہ سے انہیں ادا نہیں کر پاتے تھے یا انہیں بھول جاتے تھے تو عصر کے بعد انہیں ادا کر لیتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کوئی نفل نماز ادا کرنا شروع کرتے تھے تو اُسے باقاعدگی سے ادا کیا کرتے تھے۔

578 - اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ مَعْمَرًا عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِي بَيْتِهَا بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَّهَا ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ "هُمَا رَكْعَتَانِ كُنْتُ اُصَلِّيهِمَا بَعْدَ الظُّهْرِ فَشُغِلْتُ عَنْهُمَا حَتّٰى صَلَّيْتُ الْعَصْرَ ."

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گھر میں عصر کے بعد دو رکعات ادا کیں۔ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا: یہ وہ دو رکعات ہیں جو میں ظہر کے بعد ادا کیا کرتا تھا لیکن میں مصروفیت کی وجہ سے عصر تک ان دو رکعات کو ادا نہیں کر سکا تھا (وہ میں نے اب ادا کر لی ہیں)۔

579 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شُغِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَصَلَّاهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ .

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے کی دو رکعات مصروفیت کی وجہ سے پہلے ادا نہیں کر سکے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد انہیں ادا کیا تھا۔

577-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب معرفة الركعتين اللتين كان يصليها النبي صلى الله عليه وسلم بعد العصر (الحديث 298) . تحفة الاشراف (17752) .

578-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18242) .

579-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18193) .

Marfat.com

## 37 - باب الرُّخْصَةِ فِي الصَّلَاةِ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ .

### باب: سورج غروب ہونے سے پہلے نماز ادا کرنے کی اجازت

580 - اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ اَنْبَانَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ لَاحِقًا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ فَقَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يُصَلِّيهِمَا فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ مَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ عِنْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ فَاضْطَرَّ الْحَدِيْثَ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ فَشُغِلَ عَنْهُمَا فَرَكَعَهُمَا حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ فَلَمْ اَرَهُ يُصَلِّيهِمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ .

☆☆ عبیداللہ بن معاذ بیان کرتے ہیں' میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ عمران بن حدیر نے ہمیں یہ بات بیان کی ہے' کہ ایک مرتبہ میں نے سورج غروب ہونے سے پہلے ان دو رکعات کو (عصر کے فرض کے بعد) ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما ان دو رکعات کو ادا کیا کرتے تھے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے انہیں پیغام بھیج کر دریافت کیا' کہ سورج غروب ہونے کے قریب یہ کون سی دو رکعات ہیں؟ تو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات بیان کی کہ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے دو رکعات ادا کیا کرتے تھے لیکن اگر کسی مصروفیت کی وجہ سے انہیں ادا نہیں کر پاتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورج غروب ہونے کے قریب انہیں ادا کر لیتے تھے۔

(سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) تاہم میں نے اس ایک موقع کے علاوہ اس سے پہلے یا اس کے بعد کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دو رکعات ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

## 38 - باب الرُّخْصَةِ فِي الصَّلَاةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ .

### باب: مغرب کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرنے کی اجازت

581 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عِيْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا تَمِيْمٍ الْجَيْشَانِيَّ قَامَ لِيَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَقُلْتُ لِعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اُنْظُرْ اِلٰى هٰذَا اَيَّ صَلَاةٍ يُصَلِّي فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَرَآهُ فَقَالَ هٰذِهٖ صَلَاةٌ كُنَّا نُصَلِّيهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ شیخ ابوخیر بیان کرتے ہیں' ابوتمیم جیشانی مغرب کی نماز سے پہلے دو نوافل ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوئے' تو

580-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18224) .

581-اخرجه البخاري في التهجد، باب الصلاة قبل المغرب (الحديث 1184) بمعناه . تحفة الاشراف (9961) .

Marfat.com

میں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ان کی طرف دیکھئے! یہ کون سی نماز پڑھ رہے ہیں؟ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر جب انہیں دیکھا تو بولے: یہ وہ نماز ہے' جو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ادا کیا کرتے تھے۔

## شرح

احناف اور مالکیوں کے نزدیک مغرب کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرنا مکروہ ہے کیونکہ منقول روایات میں مغرب کی نماز کو جلد ادا کرنے کی ترغیب موجود ہے اور اگر کوئی شخص مغرب کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرنے لگ جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کر رہا ہے حالانکہ مغرب کی نماز کو جلدی ادا کر لینا مستحب ہے۔

مشہور قول کے مطابق شوافع اس بات کے قائل ہیں مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعات نماز ادا کرنا مستحب ہے اور یہ غیر مؤکدہ سنت ہے۔

جبکہ حنابلہ یہ کہتے ہیں یہ دو رکعات ادا کرنا جائز ہے' تاہم یہ سنت نہیں ہے۔

لیکن ایک روایت کے مطابق امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک مغرب کے وقت میں گنجائش نہیں پائی جاتی ہے۔ آدمی جتنی دیر میں ستر کو ڈھانپ کر وضو کر کے پانچ رکعات ادا کر سکتا ہے مغرب کا وقت صرف اتنا ہوتا ہے' تو اس قول کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی مغرب کے فرائض سے پہلے نوافل ادا کرنا درست نہیں ہوگا۔

# 39 - باب الصَّلاةِ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ .

## باب: صبح صادق ہو جانے کے بعد (سنتیں) ادا کرنا

582 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ لَا يُصَلِّي اِلَّا رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح صادق ہو جانے کے بعد صرف دو مختصر رکعات (یعنی فجر کی دو سنتیں) ادا کیا کرتے تھے۔

582-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاذان بعد الفجر (الحديث 618) بمعناه، و في التهجد، باب التطوع بعد المكتوبة (الحديث 1173) بمعناه، و باب الركعتان قبل الظهر (الحديث 1181) بمعناه . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب ركعتي سنة الفجر، و الحث عليهما و تخفيفهما و المحافظة عليهما و بيان ما يستحب ان يقرا فيهما (الحديث 87) بمعناه و (الحديث 88) و (الحديث 89) بمعناه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء انه يصليهما في البيت (الحديث 433) بمعناه مختصرًا، و اخرجه النسائي في قيام الليل و تطوع النهار، باب وقت ركعتي الفجر (الحديث 1759) بمعناه، و باب وقت ركعتي الفجر و ذكر الاختلاف على نافع (الحديث 1775) و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الركعتين قبل الفجر (الحديث 1145) بمعناه . تحفة الاشراف (15801) .

Marfat.com

## 40 - باب إِبَاحَةِ الصَّلَاةِ إِلَى أَنْ يُصَلَّى الصُّبْحُ .

### باب: فجر کی نماز ادا کرنے سے پہلے تک (نفل) نماز ادا کرنا مباح ہے

583 - أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سُلَيْمَانَ وَأَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَيُّوبُ حَدَّثَنَا وَقَالَ حَسَنٌ أَخْبَرَنِي شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ طَلْقٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ أَسْلَمَ مَعَكَ قَالَ "حُرٌّ وَّعَبْدٌ ." قُلْتُ هَلْ مِنْ سَاعَةٍ أَقْرَبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ أُخْرَى قَالَ "نَعَمْ جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرُ فَصَلِّ مَا بَدَا لَكَ حَتّٰى تُصَلِّيَ الصُّبْحَ ثُمَّ انْتَهِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَمَا دَامَتْ ." وَقَالَ أَيُّوبُ فَمَا دَامَتْ "كَأَنَّهَا حَجَفَةٌ حَتّٰى تَنْتَشِرَ ثُمَّ صَلِّ مَا بَدَا لَكَ حَتّٰى يَقُومَ الْعَمُودُ عَلٰى ظِلِّهِ ثُمَّ انْتَهِ حَتّٰى تَزُولَ الشَّمْسُ فَإِنَّ جَهَنَّمَ تُسْجَرُ نِصْفَ النَّهَارِ ثُمَّ صَلِّ مَا بَدَا لَكَ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ انْتَهِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَّتَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ ."

☆☆ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ کن لوگوں نے اسلام قبول کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ایک آزاد شخص نے اور ایک غلام شخص نے"۔

میں نے دریافت کیا: کیا کوئی ایسا وقت بھی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دوسرے کسی وقت کے مقابلے میں زیادہ قرب حاصل ہوتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جی ہاں! نصف رات کا وقت تم صبح کی نماز ادا کرنے سے پہلے تک جتنے چاہے نوافل ادا کرلو پھر تم نماز پڑھنا شروع کرو یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور اس کی یہ حالت ہو"۔

ایوب نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: بات بیان کی ہے کہ اس کی یہ حالت ہو کہ گویا وہ ڈھال کی طرح ہے یہاں تک کہ اس کی روشنی پھیل جائے پھر تم جتنی چاہو نماز ادا کرتے رہو یہاں تک کہ ستون اپنے سائے پر آجائے (یعنی عین نصف النہار کا وقت ہو جائے) پھر تم نماز ادا کرنے سے رک جاؤ یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے کیونکہ نصف النہار کے وقت جہنم کو بھڑکایا جاتا ہے پھر تمہیں جتنا مناسب محسوس ہو تم نماز ادا کرتے رہو یہاں تک کہ عصر کی نماز ادا کرلو تو پھر نماز ادا نہ کرو یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے کیونکہ یہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے"۔

---

583-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الساعات التي تكره فيها الصلاة (الحديث 1251) . و الحديث عند: ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في اي ساعات الليل افضل (الحديث 1364) . تحفة الاشراف (10762) .

Marfat.com

## 41 - باب اِبَاحَةِ الصَّلَاةِ فِي السَّاعَاتِ كُلِّهَا بِمَكَّةَ .

### باب: مکہ میں تمام اوقات میں نماز ادا کرنا جائز ہے

584 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ مِنْ اَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَابَاهُ يُحَدِّثُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوا اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَصَلّٰى اَيَّةَ سَاعَةٍ شَآءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ ."

☆☆ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے بنو عبد مناف! تم کسی شخص کو اس گھر کا طواف کرنے اور نماز ادا کرنے' سے نہ روکنا' خواہ وہ رات یا دن کا کوئی بھی حصہ ہو۔

شرح

علامہ ابن عبدالبر اندلسی تحریر کرتے ہیں: بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں۔ سورج طلوع ہونے کے وقت صبح کی نماز ادا کر لینے کے بعد سے (سورج طلوع ہونے سے پہلے تک) عصر کی نماز کے بعد سے سورج غروب ہونے کے قریب تک اور زوال کے وقت کوئی بھی نماز ادا نہیں کی جا سکتی البتہ اس دن کی عصر کی نماز کا حکم مختلف ہے (کہ وہ سورج غروب ہونے کے قریب ادا کی جا سکتی ہے)

امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب اسی بات کے قائل ہیں جیسا کہ ان کے حوالے سے ہم یہ بات پہلے بھی بیان کر چکے ہیں۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص عصر کی نماز کے بعد بیت اللہ کا طواف کرتا ہے وہ طواف کے بعد والی دو رکعات کو مؤخر کر دے گا یہاں تک کہ جب سورج غروب ہو جائے گا (پھر وہ ان رکعات کو ادا کرے گا)

اسی طرح جو شخص صبح کی نماز کے بعد طواف کرتا ہے وہ ان دو رکعات کو سورج نکلنے سے پہلے ادا نہیں کرے گا۔

امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: وہ ان دو رکعات کو ادا کر لے گا البتہ وہ شخص سورج طلوع ہونے کے قریب، سورج غروب ہونے کے قریب یا عین زوال کے وقت ان دو رکعات کو ادا نہیں کر سکتا۔

امام مالک کے بعض اصحاب کے نزدیک طواف کی یہ رکعات صبح کی نماز کے بعد ادا کی جا سکتی ہیں' لیکن عصر کی نماز کے بعد ادا نہیں کی جا سکتیں۔[1]

---

584-اخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب الطواف بعد العصر (الحديث 1894) . و اخرجه الترمذي في الحج، باب ما جاء في الصلاة بعد العصر و بعد الصبح لمن يطوف (الحديث 868) . و اخرجه النسائي في مناسك الحج، اباحة الطواف في كل الاوقات (الحديث 2924) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الرخصة في الصلاة بمكة في كل وقت (الحديث 1254) . تحفة الاشراف (3187) .

[1] الاستذکار از ابن عبدالبر' کتاب وقوت الصلوٰۃ' باب النہی عن الصلوٰۃ بعد الصبح والعصر

Marfat.com

## 42 - باب الْوَقْتِ الَّذِي يَجْمَعُ فِيهِ الْمُسَافِرُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ ـ

باب: اس وقت کا تذکرہ جس میں مسافر شخص ظہر اور عصر کی نماز اکٹھی ادا کرے

585 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ اِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ ثُمَّ نَزَلَ فَجَمَعَ بَيْنَهُمَا فَاِنْ زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَحِلَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ ـ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع کرنا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو عصر کی نماز کے وقت تک مؤخر کر دیتے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے اترتے اور دونوں کو ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے' اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روانہ ہونے سے پہلے سورج ڈھل چکا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد پھر سوار ہوتے تھے۔

### شرح

احناف کے نزدیک نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جب انسان کو کوئی ایسی ضرورت پیش ہو کہ جس میں وہ نماز مستحب وقت میں ادا نہ کر سکتا ہو تو عذر کی وجہ سے وہ پہلی نماز کو اس کے آخری وقت میں ادا کرے گا اور دوسری نماز کو اس کے ابتدائی وقت میں ادا کرے گا کیونکہ قرآن کی یہ نص ہے۔

''بے شک اہل ایمان پر نماز مخصوص اوقات میں لازم کی گئی ہے۔''

اس لئے اس آیت کے پیش نظر کسی بھی ایک نماز کو کسی دوسری نماز کے وقت میں ادا نہیں کیا جا سکتا۔

آگے آنے والی کئی روایات میں امام نسائی نے یہی حکم بیان کیا ہے۔

586 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوكَ فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَاَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا ثُمَّ دَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ ـ

585-اخرجه البخاري في تقصير الصلاة، باب ما يوخر الظر الى العصر اذا ارتحل قبل ان تزيغ الشمس (الحديث 1111)، و باب اذا ارتحل بعد ما زاغت الشمس صلى الظهرثم ركب (الحديث 1112) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 46 و47 و48) . و اخرجه مسلم في صلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1218 و1219) . واخرجه النسائي في المواقيت، الوقت الذي يجمع فيه المسافر بين المغرب و العشاء (الحديث 593) بنحوه . تحفة الاشراف (1515) .

586-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 52 و53) بنحوه مختصراً . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1206 و1208) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 1070) بنحوه مختصراً . تحفة الاشراف (11320) .

Marfat.com

☆☆ ابوطفیل عامر بن واثلہ بیان کرتے ہیں' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا ہے' کہ وہ لوگ غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر' مغرب اور عشاء کی نمازوں کو ایک ساتھ ادا کیا' ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو مؤخر کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ نے ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی' پھر آپ اندر تشریف لے گئے' پھر واپس تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی۔

## 43 - باب بَيَانِ ذٰلِكَ .

### باب: اس کی وضاحت

587 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ قَارَوَنْدَا قَالَ سَاَلْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ صَلَاةِ اَبِيْهِ فِي السَّفَرِ وَسَاَلْنَاهُ هَلْ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ شَيْءٍ مِّنْ صَلَاتِهِ فِيْ سَفَرِهِ فَذَكَرَ اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ اَبِيْ عُبَيْدٍ كَانَتْ تَحْتَهُ فَكَتَبَتْ اِلَيْهِ وَهُوَ فِيْ زَرَّاعَةٍ لَّهُ اَنِّيْ فِيْ اٰخِرِ يَوْمٍ مِّنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا وَاَوَّلِ يَوْمٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ . فَرَكِبَ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ اِلَيْهَا حَتّٰى اِذَا حَانَتْ صَلَاةُ الظُّهْرِ قَالَ لَهُ الْمُؤَذِّنُ الصَّلَاةَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ . فَلَمْ يَلْتَفِتْ حَتّٰى اِذَا كَانَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ نَزَلَ فَقَالَ اَقِمْ فَاِذَا سَلَّمْتُ فَاَقِمْ . فَصَلّٰى ثُمَّ رَكِبَ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ قَالَ لَهُ الْمُؤَذِّنُ الصَّلَاةَ . فَقَالَ كَفِعْلِكَ فِيْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ . ثُمَّ سَارَ حَتّٰى اِذَا اشْتَبَكَتِ النُّجُوْمُ نَزَلَ ثُمَّ قَالَ لِلْمُؤَذِّنِ اَقِمْ فَاِذَا سَلَّمْتُ فَاَقِمْ . فَصَلّٰى ثُمَّ انْصَرَفَ فَالْتَفَتَ اِلَيْنَا فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْاَمْرُ الَّذِيْ يَخَافُ فَوْتَهُ فَلْيُصَلِّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ ."

☆☆ کثیر نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں نے (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے صاحب زادے سالم سے ان کے والد کی سفر کے دوران نماز کے بارے میں دریافت کیا' ہم نے ان سے یہ بھی دریافت کیا' کہ کیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سفر کے دوران نمازیں ایک ساتھ ادا کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے یہ بات بیان کی:

صفیہ بنت ابوعبید ان کی اہلیہ تھیں' انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو پیغام بھجوایا' جبکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس وقت اپنی زرعی زمینوں پر موجود تھے' (پیغام یہ تھا) کہ آج دنیا میں میرا آخری دن ہے اور آخرت کے لیے آج پہلا دن ہے (یعنی میں مرنے والی ہوں) تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سوار ہوئے اور انہوں نے تیزی سے سفر کیا تا کہ وہ صفیہ بنت ابوعبید تک پہنچ سکیں' اسی دوران ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا' مؤذن نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! نماز کا وقت ہو گیا ہے' لیکن انہوں نے کوئی توجہ نہیں دی' یہاں تک کہ دونوں نمازوں (یعنی ظہر اور عصر) کے وقت کے درمیان وہ سواری سے اترے اور بولے اقامت کہو' جب میں سلام پھیر لوں' تو تم پھر اقامت کہنا' انہوں نے نماز ادا کی اور پھر سوار ہو گئے' یہاں تک کہ سورج غروب گیا تو مؤذن نے ان سے کہا: نماز کا وقت ہو گیا ہے' تو انہوں نے فرمایا: جس طرح تم نے ظہر اور عصر کی نماز میں کیا تھا' اسی طرح

587-انفرد به النسائي، وسياتي في المواقيت، الوقت الذي يجمع فيه المسافر بين المغرب و العشاء (الحديث 596) . تحفة الاشراف (6795) .

Marfat.com

کرنا' پھر وہ چلتے رہے یہاں تک کہ بہت سے ستارے نمودار ہو گئے' تو وہ سواری سے اترے اور انہوں نے مؤذن سے کہا: تم اقامت کہہ دو' جب میں سلام پھیر دوں گا تو پھر تم اقامت کہنا' انہوں نے نماز ادا کی' نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو انہوں نے ہماری طرف توجہ کی تو بولے: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کسی شخص کو کسی ایسی صورتِ حال کا سامنا ہو کہ اُسے اس کام کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو' تو وہ اس طرح نماز ادا کرے''۔

## 44- باب الْوَقْتِ الَّذِیْ يَجْمَعُ فِيهِ الْمُقِيمُ .

باب: اس وقت کا بیان جس میں مقیم شخص دو نمازیں ایک ساتھ ادا کر سکتا ہے۔

588 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ ثَمَانِيًا جَمِيْعًا وَّسَبْعًا جَمِيْعًا اَخَّرَ الظُّهْرَ وَعَجَّلَ الْعَصْرَ وَاَخَّرَ الْمَغْرِبَ وَعَجَّلَ الْعِشَاءَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں مدینہ منورہ میں آٹھ رکعات ایک ساتھ اور سات رکعات ایک ساتھ (یعنی ظہر اور عصر' مغرب اور عشاء کی نماز میں ایک ساتھ) ادا کی ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیا تھا اور عصر کی نماز کو جلدی ادا کر لیا تھا جبکہ مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیا تھا اور عشاء کی نماز کو جلدی ادا کر لیا تھا۔

589 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ اَصْرَمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا حَبِيْبٌ - وَهُوَ ابْنُ اَبِیْ حَبِيْبٍ - عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ صَلّٰى بِالْبَصْرَةِ الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ لَيْسَ بَيْنَهُمَا شَیْءٌ وَّالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ لَيْسَ بَيْنَهُمَا شَیْءٌ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْ شُغْلٍ وَّزَعَمَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ ثَمَانَ سَجَدَاتٍ لَّيْسَ بَيْنَهُمَا شَیْءٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے بصرہ میں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی ہے' ان کے درمیان کوئی (نفل) ادا نہیں کیے' پھر مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی' ان کے درمیان (کوئی نفلی

588-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب تاخير الظهر الى العصر (الحديث 543) مختصراً . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 55و56) مختصراً . و اخرجه ابو داوُد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1214) مختصراً . و اخرجه النسائي في المواقيت، الوقت الذي يجمع فيه المقيم (الحديث 589) مختصراً، و الحديث عند : البخاري في مواقيت الصلاة، باب وقت المغرب (الحديث 562)، و في التهجد، باب من لم يتطوع بعد المكتوبة (الحديث 1174) . والنسائي في المواقيت، الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 602) تحفة الاشراف (5377) .

589-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب تاخير الظهر الى العصر (الحديث 543)، و باب وقت المغرب (الحديث 562) مختصراً، وفي التهجد، باب من لم يتطوع بعد المكتوبة (الحديث 1174) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 55و56) . واخرجه ابو داوُد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1214) . تحفة الاشراف (الحديث 5377) .

Marfat.com

نماز) ادانہیں کی' انہوں نے اپنی مصروفیت کی وجہ سے ایسا کیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ظہر اور عصر کی آٹھ رکعات ایک ساتھ ادا کی تھیں' ان کے درمیان کوئی نماز نہیں تھی (یعنی کوئی نفل نماز ادا نہیں کی تھی)۔

## 45 - باب الْوَقْتِ الَّذِىْ يَجْمَعُ فِيْهِ الْمُسَافِرُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ .

باب: اس وقت کا بیان جس میں مسافر شخص مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گا

590 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - شَيْخٌ مِّنْ قُرَيْشٍ - قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ اِلَى الْحِمٰى فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ هِبْتُ اَنْ اَقُوْلَ لَهُ الصَّلَاةَ فَسَارَ حَتّٰى ذَهَبَ بَيَاضُ الْاُفُقِ وَفَحْمَةُ الْعِشَاءِ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ عَلٰى اِثْرِهَا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ .

☆☆ اسماعیل بن عبدالرحمٰن قریش سے تعلق رکھنے والے ایک عمر رسیدہ شخص کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ چراگاہ کی طرف گیا' جب سورج غروب ہو گیا تو مجھے ان سے یہ کہتے ہوئے جھجک محسوس ہوئی کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے' وہ چلتے رہے' یہاں تک کہ افق کی سفیدی بھی رخصت ہو گئی اور رات کی ابتدائی سیاہی بھی رخصت ہو گئی' تو وہ سواری سے اترے اور انہوں نے مغرب کی نماز کی تین رکعات ادا کیں اور پھر اس کے فوراً بعد (عشاء کی) دو رکعات ادا کیں' پھر انہوں نے یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔

591 - اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ حَمْزَةَ ح وَاَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِى السَّفَرِ يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ .

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے' کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے' یہاں تک کہ اُسے اور عشاء کی نماز کو ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

592 - اَخْبَرَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَجَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بِسَرِفَ .

590-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (6649) .

591-اخرجه البخاري في تقصير الصلاة، باب يصلي المغرب ثلاثًا في السفر (الحديث 1091) و باب هل يوذن او يقيم اذا جمع بين المغرب و العشاء (الحديث 1109) مطولاً . تحفة الاشراف (6844) .

592-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1215) . تحفة الاشراف (2937) .

Marfat.com

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب سورج غروب ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مکہ میں موجود تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے "سرف" کے مقام پر دو نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔

593 - اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ سَوَّادِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا عَجِلَ بِهِ السَّيْرُ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ اِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ فَيَجْمَعُ بَيْنَهُمَا وَيُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ حِيْنَ يَغِيْبُ الشَّفَقُ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیزی سے سفر کرنا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو عصر کے وقت تک مؤخر کر دیتے تھے' اور ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کیا کرتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز کو مؤخر کر دیتے تھے' یہاں تک کہ اسے اور عشاء کی نماز کو اس وقت ادا کرتے تھے' جب شفق غروب ہو چکی ہوتی تھی۔

594 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِیْ سَفَرٍ يُرِيْدُ اَرْضًا لَّهٗ فَاَتَاهُ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ اَبِیْ عُبَيْدٍ لَّمَا بِهَا فَانْظُرْ اَنْ تُدْرِكَهَا . فَخَرَجَ مُسْرِعًا وَّمَعَهٗ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ يُسَايِرُهٗ وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَلَمْ يُصَلِّ الصَّلَاةَ وَكَانَ عَهْدِیْ بِهٖ وَهُوَ يُحَافِظُ عَلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا اَبْطَاَ قُلْتُ الصَّلَاةَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ . فَالْتَفَتَ اِلَیَّ وَمَضٰى حَتّٰى اِذَا كَانَ فِیْ اٰخِرِ الشَّفَقِ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَقَامَ الْعِشَاءَ وَقَدْ تَوَارَى الشَّفَقُ فَصَلّٰى بِنَا ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَجِلَ بِهِ السَّيْرُ صَنَعَ هٰكَذَا .

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں' میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ سفر کر رہا تھا' وہ اپنی زمین کی طرف جا رہے تھے' ایک شخص ان کے پاس آیا اور انہیں یہ بتایا (کہ ان کی اہلیہ) صفیہ بنت ابوعبید کی طبیعت بہت خراب ہے' آپ کوشش کریں کہ ان تک پہنچ جائیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تیزی سے روانہ ہوئے' ان کے ساتھ قریش سے تعلق رکھنے والا ایک فرد بھی تھا' جو ان کے ساتھ سفر کر رہا تھا' (سفر کے دوران) سورج غروب ہو گیا' لیکن انہوں نے مغرب کی نماز ادا نہیں کی' میں بڑے عرصے سے ان کے ساتھ تھا' وہ نماز بڑی باقاعدگی سے ادا کیا کرتے تھے' جب انہوں نے اس میں تاخیر کی' تو میں نے ان سے کہا: جناب! اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے! نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ انہوں نے میری طرف توجہ کی' لیکن کوئی جواب نہیں دیا اور چلتے رہے' یہاں تک کہ جب شفق غروب ہونے کا وقت قریب آ گیا تو وہ سواری سے اترے' انہوں نے مغرب کی نماز ادا کی' پھر انہوں نے عشاء کے

593-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جاز الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 48) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1219) . والحديث عند: تقدم في المواقيت، الوقت الذي يجمع فيه المسافر بين الظهر و العصر (الحديث 585) . تحفة الاشراف (1515) .

594-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1213) بمعناه . تحفة الاشراف (7759) .

Marfat.com

لیے اقامت کہی تھی کہ شفق بھی غروب ہوگئی تو انہوں نے ہمیں وہ نماز بھی پڑھادی پھر وہ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: نبی اکرم ﷺ نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ ﷺ ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

595 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْعَطَّافُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ اَقْبَلْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ فَلَمَّا كَانَ تِلْكَ اللَّيْلَةُ سَارَ بِنَا حَتّٰى اَمْسَيْنَا فَظَنَنَّا اَنَّهُ نَسِيَ الصَّلَاةَ فَقُلْنَا لَهُ الصَّلَاةَ ۔ فَسَكَتَ وَسَارَ حَتّٰى كَادَ الشَّفَقُ اَنْ يَغِيبَ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى وَغَابَ الشَّفَقُ فَصَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ هٰكَذَا كُنَّا نَصْنَعُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ ۔

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ مکہ سے آ رہے تھے جب وہ رات آئی تو انہوں نے ہمارے ساتھ تیزی سے سفر کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ شام ہوگئی ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید وہ نماز بھول گئے ہیں ہم نے ان سے کہا: جناب! نماز کا وقت ہوگیا ہے۔ وہ خاموش رہے اور چلتے رہے یہاں تک کہ جب شفق غروب ہونے کے قریب تھی تو وہ سواری سے اترے اور انہوں نے مغرب کی نماز ادا کی پھر شفق غروب ہوگئی تو انہوں نے عشاء کی نماز ادا کی پھر وہ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور بولے: ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ اسی طرح کیا تھا (اس وقت) جب نبی اکرم ﷺ نے تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا۔

596 - اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ قَارَوَنْدَا قَالَ سَاَلْنَا سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الصَّلَاةِ فِي السَّفَرِ فَقُلْنَا اَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَجْمَعُ بَيْنَ شَيْءٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ فِي السَّفَرِ فَقَالَ لَا اِلَّا بِجَمْعٍ ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقَالَ كَانَتْ عِنْدَهُ صَفِيَّةُ فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ اَنِّي فِي اٰخِرِ يَوْمٍ مِّنَ الدُّنْيَا وَاَوَّلِ يَوْمٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ ۔ فَرَكِبَ وَاَنَا مَعَهُ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى حَانَتِ الصَّلَاةُ فَقَالَ لَهُ الْمُؤَذِّنُ الصَّلَاةَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۔ فَسَارَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ نَزَلَ فَقَالَ لِلْمُؤَذِّنِ اَقِمْ فَاِذَا سَلَّمْتُ مِنَ الظُّهْرِ فَاَقِمْ مَكَانَكَ ۔ فَاَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ اَقَامَ مَكَانَهُ فَصَلَّى الْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكِبَ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ لَهُ الْمُؤَذِّنُ الصَّلَاةَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۔ فَقَالَ كَفِعْلِكَ الْاَوَّلِ ۔ فَسَارَ حَتّٰى اِذَا اشْتَبَكَتِ النُّجُومُ نَزَلَ فَقَالَ اَقِمْ فَاِذَا سَلَّمْتُ فَاَقِمْ ۔ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا ثُمَّ اَقَامَ مَكَانَهُ فَصَلَّى الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ ثُمَّ سَلَّمَ وَاحِدَةً تِلْقَاءَ وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمْ اَمْرٌ يَخْشٰى فَوْتَهُ فَلْيُصَلِّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ ۔"

☆☆ کثیر نامی راوی بیان کرتے ہیں ہم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے سالم سے سفر کے دوران نماز پڑھنے کے بارے میں دریافت کیا ہم نے کہا: کیا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سفر کے دوران دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرلیا کرتے تھے انہوں نے جواب دیا: نہیں! وہ صرف مزدلفہ میں ایسا کیا کرتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر میں ان کے پاس آیا تو انہوں نے بتایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ صفیہ نے انہیں یہ پیغام بھیجا تھا

595-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (8231) .

596-تقدم في المواقيت، بيان ذلك (الحديث 587) .

Marfat.com

کہ میں اس وقت دنیاوی زندگی کے آخری دن میں ہوں اور آخرت کے پہلے دن میں ہوں (یعنی میں مرنے والی ہوں) تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سوار ہوئے میں بھی ان کے ساتھ تھا' انہوں نے تیزی سے سفر کیا' یہاں تک کہ نماز کا وقت ہو گیا تو مؤذن نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! نماز کا وقت ہو گیا ہے' لیکن وہ چلتے رہے' یہاں تک کہ دو نمازوں کے وقت کے درمیان میں سواری سے اترے' انہوں نے مؤذن سے کہا: تم اقامت کہو' پھر جب میں ظہر کی نماز پڑھ کر سلام پھیروں گا' تو تم پھر اسی جگہ اقامت کہہ دینا' اس نے اقامت کہی تو انہوں نے ظہر کی دو رکعات ادا کیں' جب انہوں نے سلام پھیرا تو مؤذن نے پھر اقامت کہی انہوں نے وہیں عصر کی نماز کی دو رکعات بھی ادا کر لیں' پھر سوار ہوئے اور تیزی سے چلتے رہے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا' مؤذن نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! نماز کا وقت ہو گیا ہے' تو انہوں نے فرمایا: تم نے پہلے کی طرح کرنا ہے' پھر وہ چلتے رہے' یہاں تک کہ بہت سے ستارے جگمگانے لگے تو وہ سواری سے اترے اور بولے: تم اقامت کہو جب میں سلام پھیروں گا' تو تم پھر اقامت کہنا۔ پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مغرب کی تین رکعات ادا کیں' پھر مؤذن نے اقامت اُسی جگہ پر کہی' انہوں نے عشاء کی نماز بھی ادا کی' پھر انہوں نے ایک مرتبہ سامنے کی طرف سلام پھیرا' پھر انہوں نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کسی شخص کو کوئی ایسا ضروری کام ہو' جس کے فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو' تو وہ اس طرح نماز ادا کر لے''۔

## 46 - باب الْحَالِ الَّتِيْ يُجْمَعُ فِيهَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ .

### باب: اس حالت کا بیان جس میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جاسکتی ہیں

597 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

598 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ مُّوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ اَوْ حَزَبَهُ اَمْرٌ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی انتہائی ضرورت پیش آ جاتی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیتے تھے۔

597-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 42) . تحفة الاشراف (8383) .

598-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (8505) .

599 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

Marfat.com

رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ .

☆☆ سالم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا ہے کہ جب آپ ﷺ نے تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ ﷺ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیا کرتے تھے۔

## 47 - باب الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِي الْحَضَرِ .

### باب: حضر کی حالت میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا

600 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيْعًا وَّالْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ جَمِيْعًا مِّنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَّلَا سَفَرٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی تھی' جبکہ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی تھی اور کسی خوف کے بغیر اور سفر کی حالت کے علاوہ ادا کی تھی۔

601 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ - وَاسْمُهُ غَزْوَانُ - قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بِالْمَدِيْنَةِ يَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَّلَا مَطَرٍ .

قِيْلَ لَهُ لِمَ قَالَ لِئَلَّا يَكُوْنَ عَلٰى اُمَّتِهِ حَرَجٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں' آپ ﷺ نے ظہر اور عصر ایک ساتھ ادا کی تھیں اور مغرب اور عشاء ایک ساتھ ادا کی تھیں اور کسی خوف کے بغیر اور بارش کے موسم کے علاوہ (اکٹھی ادا کی تھیں)۔

ان سے دریافت کیا گیا: ایسا کس لیے کیا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس لیے تاکہ آپ ﷺ کی اُمت پر کوئی تنگی نہ ہو۔

602 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيًا جَمِيْعًا وَّسَبْعًا جَمِيْعًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں آٹھ رکعات ایک

---

599-اخرجه البخاري في تقصير الصلاة، باب الجمع في السفر بين المغرب و العشاء (الحديث 1106) . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصر ها، باب جواز الجمع بين الصلاتين في السفر (الحديث 44) . تحفة الاشراف (6822) .

600-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 49 و50) . والحديث عند: مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 51) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1210) . تحفة الاشراف (5608) .

601-اخرجه مسلم في صلاة المسافين و قصرها، باب الجمع بين الاصلاتين في الحضر (الحديث 54) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الجمع بين الصلاتين (الحديث 1211) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الجمع بين الصلاتين في الحضر (الحديث 187) . تحفة الاشراف (5474) .

602-تقدم في المواقيت، الوقت الذي يجمع فيه المقيم (الحديث 588) .

Marfat.com

ساتھ (یعنی ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ) اور سات رکعات ایک ساتھ (یعنی مغرب اور عشاء کی ایک ساتھ) ادا کی ہیں۔

## 48 - باب الْجَمْعِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِعَرَفَةَ ۔

### باب: عرفہ میں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا

603 - اَخْبَرَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهٗ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتّٰى اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ لَهٗ حَتّٰى اِذَا انْتَهٰى اِلٰى بَطْنِ الْوَادِیْ خَطَبَ النَّاسَ ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم عرفہ تشریف لے آئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خیمے تک پہنچے جو وادی نمرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نصب کیا گیا تھا' وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے اترے یہاں تک کہ جب سورج ڈھل گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت آپ کی اونٹنی قصواء پر پالان رکھی گئی (آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے) یہاں تک کہ وادی کے درمیان میں آ گئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی' پھر انہوں نے اقامت کہی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے درمیان کوئی اور نماز ادا نہیں کی۔

## 49 - باب الْجَمْعِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ ۔

### باب: مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرنا

604 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ اَبَا اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِیَّ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيْعًا ۔

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مزدلفہ میں' مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں۔

603-انفرد به النسائي، و سياتي في الاذان، الاذان لمن يجمع بين الصلاتين في وقت الاولى منهما (الحديث 654) . تحفة الاشراف (2629) .

604-اخرجه البخاري في الحج، باب من جمع بينهما و لم يتطرع (الحديث 1674) بنحوه، و في المغازي، باب حجة الوداع (الحديث 4414) . واخرجه مسلم في الحج، باب الافاضة من عرفات الى المزدلفة، و استحباب صلاتي المغرب و العشاء جميعًا بالمزدلفة في هذه الليلة (الحديث 285) . واخرجه النسائي في مناسك الحج، الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة (الحديث 3026) بنحوه مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في المناسك، باب الجمع بين الصلاتين يجمع (الحديث 3020) . تحفة الاشراف (3465) .

Marfat.com

## شرح

اس بات پر فقہاء کے مابین اتفاق پایا جاتا ہے کہ حاجی شخص مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گا تاہم ان دونوں نمازوں کو ایک ساتھ ادا کرنے کے طریقے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہائے احناف اور سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں حاجی شخص عرفہ میں ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ دو نمازیں ظہر وعصر ایک ساتھ ادا کرسکتا ہے جبکہ مزدلفہ میں ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گا۔

اگر کوئی شخص ان دونوں کے درمیان کوئی نفل نماز ادا کر لیتا ہے' تو وہ عشاء کی نماز کے لئے نئے سرے سے اقامت کہے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عرفہ میں حاجی ہر نماز کے لئے اذان اور اقامت کہے گا۔ اس طرح مزدلفہ میں بھی ایسا ہی کرے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حاجی شخص عرفہ میں ایک اذان اور دو اقامت کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ ادا کرے گا جبکہ مزدلفہ میں صرف دو اقامتوں کے ساتھ مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کرے گا۔

605 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ حَيْثُ اَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ فَلَمَّا اَتٰى جَمْعًا جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الْمَكَانِ مِثْلَ هٰذَا .

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں' میں اس وقت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا' جب وہ عرفات سے روانہ ہوئے' وہ مزدلفہ پہنچے تو انہوں نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو انہوں نے بتایا: اس جگہ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

606 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھی۔

607 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

605-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (480) .

606-اخرجه مسلم في الحج، باب الافاضة من عرفات الى المزدلة، و استحباب صلاتي المغرب و العشاء جميعًا بالمزدلفة في هذه الليلة (الحديث 286) . واخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب الصلاة بجمع (الحديث 1926) . تحفة الاشراف (6914) .

607-اخرجه البخاري في الحج، باب متى يصلى الفجر يجمع (الحديث 1682) بنحوه . و اخرجه مسلم في الحج، باب استحباب زيادة التغليس بصلاة الصبح يوم النحر بالمزدلفة، و المبالغة فيه بعد تحقق طلوع الفجر (الحديث 292) بنحوه . و ابوداؤد في المناسك (الحج) باب الصلاة بجمع (الحديث 1934) بنحوه . و اخرجه النسائي في مناسك الحج، الجمع بين الظهر و العصر بعرفة (الحديث 3010) مختصراً . و الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة (3027) مختصراً . و الوقت الذي يصلي فيه الصبح بالمزدلفة (الحديث 3038) . تحفة الاشراف (9384) .

Marfat.com

قَالَ مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ صَلَاتَيْنِ اِلَّا بِجَمْعٍ وَّصَلَّى الصُّبْحَ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ وَقْتِهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی دونمازیں ایک ساتھ ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا' صرف مزدلفہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں اوراس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز اس کے (عام معمول کے) وقت سے پہلے ادا کی۔

## 50 - باب كَيْفَ الْجَمْعُ .

### باب: دونمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کا طریقہ

608 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَرْمَلَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَّكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْدَفَهُ مِنْ عَرَفَةَ فَلَمَّا اَتَى الشِّعْبَ نَزَلَ فَبَالَ وَلَمْ يَقُلْ اَهْرَاقَ الْمَاءَ قَالَ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنْ اِدَاوَةٍ فَتَوَضَّاَ وُضُوْءًا خَفِيفًا . فَقُلْتُ لَهُ الصَّلَاةَ . فَقَالَ "الصَّلَاةُ اَمَامَكَ ." فَلَمَّا اَتَى الْمُزْدَلِفَةَ صَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ نَزَعُوا رِحَالَهُمْ ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ سے روانہ ہونے کے وقت حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا تھا' (حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھاٹی کے پاس آئے' تو آپ سواری سے اترے' وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کیا (یہاں راوی نے پانی بہانے کے الفاظ استعمال نہیں کیے ہیں)۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ میں نے برتن میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پانی بہایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختصر سا وضو کیا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: نماز! (آپ یہیں ادا کریں گے؟) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز آگے ہو گی' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ تشریف لائے' تو وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز ادا کی پھر لوگوں نے اپنے پالان (سواریوں سے اتار لیے) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کی۔

## 51 - باب فَضْلِ الصَّلَاةِ لِمَوَاقِيتِهَا .

### باب: نمازوں کو ان کے مخصوص اوقات میں ادا کرنے کی فضیلت

609 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِي الْوَلِيدُ بْنُ الْعَيْزَارِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا صَاحِبُ هٰذِهِ الدَّارِ وَاَشَارَ اِلَى دَارِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

608-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (97) .

609-اخرجه البخاري في مواقيت الصلاة، باب فضل الصلاة لوقتها (الحديث 527)، و في الجهاد و السير، باب فضل الجهاد و السير (الحديث 2782)، و في الادب، باب البر و الصلة (الحديث 5970)، و في التوحيد، باب و سمى النبي صلى الله عليه وسلم الصلاة عملًا (الحديث 7534) . واخرجه مسلم في الايمان، باب بيان كون الايمان بالله تعالٰى افضل الاعمال (الحديث 137و 138و 139 و140 ) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الوقت الاول من الفضل (الحديث 173) . و اخرجه النسائي في المواقيت ، فضل الصلاة لمواقيتها (الحديث 610) . تحفة الاشراف (9232) .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ الْعَمَلِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالَى قَالَ "الصَّلَاةُ عَلٰى وَقْتِهَا وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ وَالْجِهَادُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ."

☆☆ شیخ ابوعمرو شیبانی بیان کرتے ہیں' اس گھر کے مالک (انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ بات بیان کی) نے ہمیں یہ حدیث سنائی ہے' وہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کون سا عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا' والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا''۔

610 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ النَّخَعِىُّ سَمِعَهُ مِنْ اَبِىْ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ الْعَمَلِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ "اِقَامُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ وَالْجِهَادُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا عمل سب سے زیادہ پسندیدہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا''۔

611 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَكِيْمٍ وَّعَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِىٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ فِىْ مَسْجِدِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ فَاُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَجَعَلُوْا يَنْتَظِرُوْنَهُ فَقَالَ اِنِّىْ كُنْتُ اُوْتِرُ . قَالَ وَسُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ الْاَذَانِ وِتْرٌ قَالَ نَعَمْ وَبَعْدَ الْاِقَامَةِ وَحَدَّثَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَامَ عَنِ الصَّلَاةِ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى . وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى .

☆☆ ابراہیم بن محمد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ عمرو بن شرحبیل کی مسجد میں موجود تھے' نماز کے لیے اقامت کہی گئی' لوگ ان کا انتظار کرنے لگے (جب وہ آئے' تو انہوں نے وضاحت) میں وتر ادا کر رہا تھا۔

راوی کہتے ہیں: حضرت عبداللہ سے سوال کیا گیا' کہ کیا اذان کے بعد وتر ادا کیے جا سکتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

(انہوں نے مزید وضاحت کی:) اقامت کے بعد بھی ادا کیے جا سکتے ہیں' پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات بیان کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے سے پہلے سو گئے تھے' یہاں تک کہ سورج نکل آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج نکلنے کے بعد نماز ادا کی تھی۔

روایت کے یہ الفاظ یحییٰ نامی راوی کے ہیں

---

610-تقدم في المواقيت، فضل الصلاة لمواقيتها (الحديث 609) .

611-انفرد به النسائي، و سياتي في قيام الليل و تطوع النهار، الوتر بعد الاذان (الحديث 1684) . تحفة الاشراف (9481) .

Marfat.com

## 52 - باب فِيمَنْ نَسِيَ صَلَاةً .

### باب: جو شخص نماز پڑھنا بھول جائے' اُسے کیا کرنا چاہیے؟

612 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص نماز بھول جائے وہ اسے اُسی وقت ادا کرے جب اسے وہ یاد آ جائے''۔

### شرح

جب کوئی شخص کسی نماز کو اس کے مخصوص شرعی وقت میں کسی شرعی عذر کی وجہ سے ادا نہیں کر پاتا تو اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

شرعی عذر میں دشمن کا خوف، دائی کے لئے بچے کی موت کا خوف یا بچے کی ماں کا خوف وغیرہ جیسی صورت حال شامل ہے۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق کے موقع پر نمازوں کو تاخیر سے ادا کیا تھا۔ اس کا تذکرہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث میں ہے۔

جب کوئی شخص کسی نماز کو اس کے مخصوص وقت پر ادا نہ کر پائے تو اس پر اس کی قضا کرنا لازم ہوگا اور کوئی شخص جان بوجھ کر اسے ترک کرتا ہے' تو وہ گناہ گار ہوگا۔ اس پر قضاء پڑھنا بھی لازم ہوگا۔

اس لئے جو شخص نیند کی وجہ سے یا بھولنے کی وجہ سے نماز ادا نہ کر سکا ہو اس کی نماز قضا ہوگئی ہے اور اس پر اس کی قضا ادا کرنا لازم ہوگا۔

### فوت شدہ نمازوں کو قضاء کرنا

#### قضا کا لازم ہونا

مسئلہ: ہر وہ نماز جو اپنے وقت میں واجب ہو جانے کے بعد اُس وقت میں ادا نہ کی جا سکے' اُس کی قضاء لازم ہوگی خواہ آدمی نے جان بوجھ کر اُسے چھوڑا ہو یا بھول کر چھوڑ دیا ہو' خواہ اس کی وجہ سویا رہنا ہو یا کوئی اور ہو' خواہ فوت شدہ نمازوں کی تعداد زیادہ ہو یا ان کی تعداد کم ہو' البتہ مجنون شخص پر اُس کی جنون کی حالت کے دوران قضاء ہونے والی نمازوں کی قضاء لازم نہیں ہوگی کیونکہ اس صورت میں اُس کی عقل رخصت ہو چکی تھی' اسی طرح مرتد شخص کے مرتد رہنے کے زمانے کے دوران فوت ہو جانے والی نمازوں کی قضاء اُس پر لازم نہیں ہوگی' اسی طرح جو مسلمان دارالحرب میں اسلام قبول کرتا ہے اور ایک مدت تک وہ

612-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب قضاء الصلاة الفائتة و استحباب تعجيل قضائها (الحديث 314) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الرجل ينسى الصلاة (الحديث 178) . واخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب من نام عن الصلاة او نسيها (الحديث 696) . تحفة الاشراف (1430) .

Marfat.com

اسلام کی تعلیمات سے آگاہ نہیں ہوتا اور اُسے یہ نہیں پتہ چلتا کہ اُس پر نماز فرض ہو چکی ہے (تو جب تک) اُسے علم نہیں ہوا' اُس سے پہلے کی نمازوں کی قضاء اُس پر لازم نہیں ہوگی' اسی طرح بے ہوش شخص پر فوت شدہ نمازوں کی قضاء لازم نہیں ہوگی' جو بیمار اشارے کے ذریعے نماز ادا نہیں کر سکتا' اس بیماری کے دوران اُس کی جو نمازیں رہ جاتی ہیں اُن کی قضاء لازم نہیں ہوگی' لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے کی اُس کی یہ حالت ایک دن اور ایک رات سے زیادہ ہونی چاہیے۔

## قضاء میں ترتیب کا حکم

مسئلہ: اس بارے میں حکم یہ ہے کہ فوت شدہ نماز کو اُسی طریقے سے ادا کیا جائے گا جس صورت میں وہ فوت ہوئی تھی' البتہ عذر اور ضرورت کا حکم مختلف ہے' اس لیے مسافر سفر کے دوران' حضر میں قضاء ہونے والی نمازوں کی پوری چار رکعات پڑھے گا اور مقیم اقامت کے دوران' سفر کے دوران فوت ہونے والی نمازوں کی دو رکعات ادا کرے گا۔

مسئلہ: فرض نماز کی قضاء فرض ہے' واجب کی واجب ہے اور سنت کی سنت ہے۔

مسئلہ: قضاء نماز کے لیے کوئی متعین وقت نہیں ہے' بلکہ تمام اوقات میں انہیں ادا کیا جا سکتا ہے' البتہ تین اوقات میں ادا نہیں کیا جا سکتا۔ سورج نکلنے کے وقت' زوال کے وقت اور سورج غروب ہونے کے وقت کیونکہ ان اوقات میں کوئی بھی نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: ایک شخص نے نماز ادا کی' پھر وہ مرتد ہو گیا' پھر اُس نے اُسی نماز کے وقت کے دوران دوبارہ اسلام قبول کر لیا تو وہ اُس نماز کو دوبارہ ادا کرے گا۔ (کافی)

مسئلہ: بچہ عشاء کی نماز پڑھ کر سویا' پھر اُسے احتلام ہو گیا اور صبح صادق ہونے سے پہلے اُسے اس بارے میں پتہ چل گیا تو اب وہ عشاء کی نماز کی قضاء کرے گا' اس کے برعکس اگر بچی صبح صادق ہونے سے پہلے حیض کے ذریعے بالغ ہو جاتی ہے' تو اب اُس پر عشاء کی قضاء لازم نہیں ہوگی' اس کی وجہ یہ ہے کہ حیض جب وجوب پر طاری ہوتا ہے' تو وجوب کو ساقط کر دیتا ہے' تو جب وہ وجوب کے ساتھ ملا ہوا ہو' تو پھر تو اُسے بدرجہ اولیٰ روک دینا چاہیے' لیکن اگر وہ بچی سال کے اعتبار سے بالغ ہوتی ہے' تو اب اُس پر عشاء کی نماز لازم ہوگی۔

مسئلہ: لیکن احتلام کی وجہ سے بالغ ہونے والے لڑکے کو اگر صبح صادق سے پہلے احتلام کا پتہ نہیں چلتا تو ایک قول کے مطابق وہ پھر بھی عشاء کی قضاء کرے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: یہی قول مختار ہے۔ (قاضی خان)

## باجماعت قضاء میں جہر کا حکم

مسئلہ: اگر قضاء شدہ نماز کو باجماعت ادا کیا جاتا ہے اور قضاء ہونے والی نماز جہری تھی تو امام کو چاہیے کہ وہ بلند آواز میں قرأت کرے' لیکن جب کوئی شخص تنہا قضاء نماز ادا کرتا ہے' تو اب اُسے اختیار ہے' اگر وہ چاہے' تو بلند آواز میں قرأت کرے اور اگر چاہے' تو پست آواز میں قرأت کرے' تاہم بلند آواز میں قرأت کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' جیسا کہ وہ نماز اگر اُس کے

Marfat.com

مخصوص وقت میں ادا کی جاتی تو جہری نماز میں بلند آواز میں قرأت زیادہ فضیلت رکھتی' لیکن جن نمازوں میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے' وہ لازمی طور پر پست آواز میں قرأت کرے گا۔ امام کے لیے بھی یہی حکم ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: فوت شدہ نماز اور وقتی نماز کے درمیان ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ (کافی)

مسئلہ: یہاں تک کہ فوت شدہ نماز کو قضاء کرنے سے پہلے اُس وقت کی نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: فرض اور وتر کے درمیان بھی یہی حکم ہوگا۔ (شرح وقایہ)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کوئی شخص فجر کی نماز ادا کر لیتا ہے' اُسے یہ بات یاد ہے کہ اُس نے وتر ادا نہیں کیے ہیں' تو اُس کی فجر کی نماز امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: اگر نوافل ادا کرنے کے دوران اُسے فوت شدہ نماز یاد آ جاتی ہے' تو اُس کے نوافل فاسد نہیں ہوں گے' کیونکہ فرائض میں ترتیب کا خیال رکھنا قیاس کے خلاف حکم کے طور پر واجب ہے' اس لیے کوئی دوسری صورت اس کے ساتھ لاحق نہیں ہوگی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: بھولنے کی وجہ سے ترتیب کا حکم ساقط ہو جاتا ہے اور اُس صورت میں بھی ساقط ہو جاتا ہے' جس میں بھولنے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی فوت شدہ نماز کو بھول جاتا ہے اور اُس وقت کی نماز ادا کر لیتا ہے' پھر اُسے فوت شدہ نماز یاد آ جاتی ہے' تو اُس وقت کی نماز ادا شمار ہوگی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر جمعہ کی نماز ادا کرنے والے شخص کو یہ بات یاد آتی ہے کہ اُس کے ذمے تو فجر کی نماز بھی باقی ہے' تو اگر صورتِ حال ایسی ہو کہ اگر وہ جمعے کی نماز کو چھوڑ کر فجر کی نماز ادا کرنے میں مشغول ہوتا ہے' تو جمعے کی نماز فوت ہو جائے گی' لیکن جمعے کا وقت باقی رہے گا تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ جمعے کو درمیان میں چھوڑ دے گا اور فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پھر ظہر کی نماز ادا کرے گا۔

مسئلہ: جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ جمعے کی نماز کو مکمل کرے گا اور اگر صورتِ حال ایسی ہو کہ اگر وہ فجر کی قضاء ادا کرلے تو بعد میں امام کے ساتھ جمعہ بھی پڑھ سکتا ہے' تو پھر اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ پہلے فجر کی نماز ادا کرے گا اور اگر صورتِ حال ایسی ہو کہ اگر وہ جمعہ درمیان میں چھوڑ کر فجر کی پڑھنی شروع کر دیتا ہے' تو وقت بھی نکل جائے گا تو اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ پھر وہ جمعے کی نماز ادا کرلے گا' اُس کے بعد فجر کی نماز ادا کرے گا۔ (سراج الوہاج)

## وقت کی تنگی کا حکم

مسئلہ: وقت کی تنگی کی وجہ سے ترتیب کا حکم ساقط ہو جاتا ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: وقت کے تنگ ہونے کی وضاحت یہ ہے کہ اتنا وقت باقی رہ گیا ہو' جس میں اُس وقت کی نماز اور فوت شدہ نماز دونوں کو ایک ساتھ ادا نہ کیا جا سکے۔ (تبیین)

Marfat.com

مسئلہ: ان نمازوں کو ادا کرتے ہوئے ترتیب کا خیال رکھا جائے گا' اگرچہ وقتی نماز کو افضل طریقے سے ادا نہ کیا جاسکے' جیسے وقت اتنا تنگ ہے کہ اُس میں وقتی نماز کو صرف مختصر طور پر تھوڑی قرأت کر کے ادا کیا جاسکتا ہے' تو ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہو گا اور کم از کم جس طریقے سے نماز ادا ہو جاتی ہے' اُس کے مطابق نماز کو ادا کر لیا جائے گا۔ (تمرتاشی)

مسئلہ: وقت کی تنگی کا اعتبار نماز شروع کرنے کے وقت ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر قضاء شدہ نمازیں ایک سے زیادہ ہوں اور موجودہ نماز کے وقت میں صرف اتنی گنجائش ہو کہ اُس وقت کے فرض کے ساتھ قضاء شدہ نمازوں میں سے کوئی ایک پڑھی جاسکتی ہے' ساری نہیں پڑھی جاسکتیں تو جب تک اُس ایک نماز کو نہیں پڑھے گا' اُس وقت تک اُس وقت کی نماز جائز نہیں ہوگی' لہٰذا اگر فجر کے وقت اُسے یاد آتا ہے کہ عشاء اور وتر کی نماز رہ گئی تھی اور اُس وقت صرف پانچ رکعات ادا کرنے کی گنجائش ہو' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق وہ شخص پہلے وتر کی قضاء پڑھے گا اور پھر فجر کی نماز پڑھ لے گا' اُس کے بعد سورج طلوع ہونے کے بعد عشاء کی قضاء کرے گا۔ اسی طرح اگر عصر کے وقت یہ یاد آیا کہ اُس نے فجر اور ظہر کی نماز نہیں پڑھی تھی اور اُس وقت صرف آٹھ رکعات ادا کرنے کی گنجائش ہو' تو اُسے چاہیے کہ پہلے ظہر کی قضاء کرے' پھر عصر کی نماز پڑھ لے' اور اگر اُس وقت چھ رکعات سے زیادہ کی گنجائش نہ ہو' تو اُسے چاہیے کہ پہلے فجر کی نماز ادا کر لے' اور پھر اُس کے بعد عصر کی نماز پڑھ لے' ظہر کی نماز کو بعد میں قضاء کرے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: عصر کی نماز کے بارے میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک آخری وقت کا اعتبار ہوگا۔

(تبیین)

مسئلہ: اگر عصر کا صرف اتنا مستحب وقت باقی ہو جس میں ظہر ادا کرنے کی گنجائش نہ ہو' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ ترتیب کا حکم ساقط ہو جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: وقت کے تنگ ہونے کی وجہ سے جب ترتیب ساقط ہو جائے تو وقت گزر جانے کے بعد صحیح قول کے مطابق ترتیب کا حکم دوبارہ واپس نہیں آتا' یہی وجہ ہے کہ اگر وقت کی نماز پڑھنے کے دوران وقت گزر گیا تو صحیح قول کے مطابق وہ نماز فاسد نہیں ہوگی اور صحیح قول کے مطابق وہ نماز ادا شمار ہوگی' قضاء شمار نہیں ہوگی۔ (زاہدی)

مسئلہ: قضاء نماز کو بھول جانے کی صورت میں جب تک آدمی اُسے بھولا رہتا ہے' اُس وقت تک ترتیب کا حکم ظاہر نہیں ہوتا اور جب قضاء نماز یاد آجاتی ہے' تو ترتیب بھی لازم ہو جاتی ہے۔ (تاتارخانیہ)

## تعداد میں اضافے کی وجہ سے ترتیب کا حکم ساقط ہونا

مسئلہ: جب قضاء نمازوں کی تعداد زیادہ ہو جائے تو ترتیب کا حکم ساقط ہو جاتا ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: زیادہ ہونے کی حد یہ ہے کہ انسان کی چھ نمازیں قضاء ہو چکی ہوں اور چھٹی نماز کا وقت بھی ختم ہو جائے جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت منقول ہے کہ چھٹی نماز کا وقت جیسے ہی شروع ہوگا تو ترتیب کا حکم ساقط ہو جائے گا' تاہم پہلا قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

Marfat.com

مسئلہ: اس بارے میں اس بات کا اعتبار ہوگا کہ مسلسل چھ نمازیں قضاء ہو جاتی ہیں' اگرچہ بعد میں وہ نمازیں اپنے اوقات میں ادا کرتا رہے۔ بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ چھ متفرق نمازیں بھی جمع ہو جائیں تو بھی ترتیب کا حکم باقی رہے گا' اس اختلاف کا فائدہ اس صورت میں ظاہر ہوگا جب کوئی شخص تین نمازیں چھوڑ دیتا ہے' مثال کے طور پر ایک دن کی ظہر کی' ایک دن کی عصر کی اور ایک دن کی مغرب کی نماز نہیں پڑھتا اور یہ پتہ نہیں ہے کہ اُن میں سے کون سی نماز پہلے ہے' تو پہلے قول کے مطابق ترتیب ساقط ہو جائے گی کیونکہ قضاء نمازوں کے درمیان میں بہت سا وقت ہے جبکہ دوسرے قول کے مطابق ترتیب ساقط نہیں ہوگی' کیونکہ اس قول کے مطابق چھ نمازیں اکٹھی ہونی چاہئیں' صرف اسی بات کا اعتبار کیا جائے گا تاہم پہلا قول صحیح ہے۔

(تبیین)

مسئلہ: کئی نمازیں ہو جانے کی وجہ سے جس طرح ادا میں ترتیب ساقط ہو جاتی ہے' اسی طرح قضاء میں بھی ترتیب ساقط ہو جائے گی' اس کی مثال یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے ایک مہینے کی نمازیں نہیں پڑھیں اور وہ قضاء کرتے ہوئے پہلے صرف فجر کی تیس نمازیں پڑھ لیتا ہے' پھر ظہر کی نماز تیس مرتبہ پڑھتا ہے' تو یہ صحیح ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: جب کسی شخص کی کئی نمازیں قضاء ہو چکی تھیں' پھر وہ اُنہیں ادا کرتا رہا یہاں تک کہ چھ سے کم نمازیں باقی رہ گئیں' تو صحیح قول کے مطابق ترتیب کا حکم واپس نہیں آتا۔ (خلاصہ)

## فوت شدہ نمازوں کی دو اقسام

مسئلہ: فوت شدہ نمازوں کی دو قسمیں ہیں: قدیم اور جدید (یعنی پرانی اور نئی)۔

مسئلہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ نئی قضاء شدہ نمازوں میں ترتیب کا حکم ساقط ہو جائے گا' البتہ پرانی نمازوں میں مشائخ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی شخص ایک مہینے کی نمازیں چھوڑ دیتا ہے' پھر وہ باقاعدگی سے نماز پڑھنا شروع کر دیتا ہے' لیکن اُن نمازوں کی قضاء ادا نہیں کرتا' پھر اُس کی ایک نماز رہ جاتی ہے' تو اب اُسے نئی قضاء ہونے والی نماز یاد ہے' اس کے باوجود اگر وہ پرانی قضاء نماز پڑھ لیتا ہے' تو بعض فقہاء کے نزدیک یہ نماز جائز ہی نہیں ہوگی جبکہ بعض فقہاء کے نزدیک جائز ہوگی اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اگر کسی شخص کو قضاء نماز یاد آ جاتی ہے اور وہ قضاء ادا کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے لیکن اس کے باوجود ادا نہیں کرتا تو ایسا کرنا مکروہ ہے' کیونکہ جس وقت قضاء نماز یاد آتی ہے' اُسی وقت اُسے ادا کرنے کا حکم ہے' اس بات پر اتفاق ہے کہ کسی بھی نماز کو اُس کے وقت سے مؤخر کرنا حرام ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کسی شخص کی کوئی نماز قضاء نہیں ہوئی اور وہ احتیاط کے طور پر قضاء نمازیں بھی ساتھ ادا کرتا رہتا ہے' تو اگر تو وہ اس نیت سے ادا کرتا ہے کہ سابقہ نمازوں میں جو کمی رہ گئی تھی یا جو کراہت رہ گئی تھی' اُس کی وجہ سے یہ بہتر ہو جائے تو ٹھیک ہے' لیکن اگر وہ اس طرح نہیں کرتا تو پھر اُسے قضاء نہیں کرنی چاہیے اور ان نمازوں کو فجر یا عصر کے بعد ادا نہیں کرنا چاہیے۔ (مضمرات)

مسئلہ: قضاء نماز کی تمام رکعات میں سورۂ فاتحہ' ایک سورت کے ساتھ پڑھے گا۔ (ظہیریہ)

Marfat.com

مسئلہ: جو شخص نمازوں کی قضاء ادا کرتا ہے وہ وتر کی بھی قضاء ادا کرے گا۔

مسئلہ: قضاء نماز پڑھنا نفل ادا کرنے سے زیادہ بہتر ہے تاہم مشہور سنتیں چاشت کی نماز صلوٰۃ التسبیح اور وہ نمازیں جن کا تذکرہ احادیث میں ہے انہیں نفل کی نیت سے پڑھا جائے گا' اس کے علاوہ تمام نمازوں کو قضاء کی نیت سے پڑھا جائے گا۔ (مضمرات)

مسئلہ: قضاء نماز مسجد میں ادا نہیں کرنی چاہیے بلکہ اُسے اپنے گھر میں پڑھنا چاہیے۔ (الوجیز از کردری)

دوسرے کے حصے کی قضاء نمازیں پڑھنے کا حکم؟

مسئلہ: اگر باپ اپنے بیٹے کو یہ حکم دیتا ہے کہ تم میری طرف سے نمازوں اور روزوں کی قضاء کر لو تو ہمارے نزدیک یہ جائز نہیں ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص فوت ہو جائے اور اُس کے ذمے قضاء نمازیں ہوں اور وہ اپنی نمازوں کا کفارہ ادا کرنے کی وصیت کر دے تو اُس کے ایک تہائی مال میں سے ہر نماز کے عوض میں اناج کا نصف صاع اور ہر وتر کے عوض میں بھی نصف صاع دیا جائے گا' اسی طرح ہر روزے کے عوض میں نصف صاع دیا جائے گا' اگر اُس نے کوئی ترکہ نہیں چھوڑا تو اُس کے ورثاء نصف صاع گیہوں کا کسی مسکین کو دیں گے' پھر وہ مسکین اُس کے ورثاء کو دیدے گا' پھر وہ مسکین کو دیں گے اور اسی طرح (حیلے کے طور پر) اپنا کفارہ پورا کر لیں گے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر ورثاء کو وصیت نہیں کی گئی تھی لیکن کسی وارث نے اپنی طرف سے میت کے ساتھ بھلائی کرنا چاہی تو ایسا کرنا جائز ہے۔

مسئلہ: جو شخص جان بوجھ کر نماز ادا نہ کرتا ہو' اُس کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ (کافی)

•••———•••———•••

## 53 - باب فِيْمَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ .

### باب: جو شخص نماز کے وقت سوتا رہ جائے (اُسے کیا کرنا چاہیے؟)

613 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ الْاَحْوَلُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَرْقُدُ عَنِ الصَّلَاةِ اَوْ يَغْفُلُ عَنْهَا قَالَ "كَفَّارَتُهَا اَنْ يُصَلِّيَهَا اِذَا ذَكَرَهَا ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو نماز کے وقت سویا رہ جاتا ہے یا نماز سے غافل رہتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس کا کفارہ یہی ہے' کہ جیسے ہی اُسے وہ یاد آئے اسے ادا کر لے''۔

613- اخرجه ابن ماجه في الصلاة، باب من نام عن الصلاة او نسيها (الحديث 695)۔ تحفة الاشراف (1151)۔

Marfat.com

614 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ ذَكَرُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَوْمَهُمْ عَنِ الصَّلَاةِ فَقَالَ "اِنَّهُ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقْظَةِ فَاِذَا نَسِيَ اَحَدُكُمْ صَلَاةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا ."

☆☆ عبداللہ بن رباح نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے' کہ صحابہ کرام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' کہ (بعض اوقات) وہ لوگ نماز کے وقت سوئے رہ جاتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''نیند میں کوتاہی نہیں ہوتی' کوتاہی بیداری کے عالم میں ہوتی ہے' جب کوئی شخص نماز پڑھنا بھول جائے یا نماز کے وقت سویا رہ جائے' تو جیسے ہی اُسے نماز یاد آئے' وہ اُسے ادا کرلے''۔

615 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ - وَهُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ - عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِيْمَنْ لَمْ يُصَلِّ الصَّلَاةَ حَتّٰى يَجِيءَ وَقْتُ الصَّلَاةِ الْاُخْرٰى حِيْنَ يَنْتَبِهُ لَهَا ."

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''نیند کے دوران کوتاہی نہیں ہوتی' کوتاہی اس شخص کی ہوتی ہے' جو نماز ادا نہیں کرتا' یہاں تک کہ اگلی نماز کا وقت آ جاتا ہے حالانکہ وہ بیدار ہوتا ہے''۔

## 54 - باب اِعَادَةِ مَا نَامَ عَنْهُ مِنَ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا مِنَ الْغَدِ .

باب: جو شخص نماز کے وقت سویا رہ جائے' اس کا اگلے دن' اسی نماز کے وقت میں' اس نماز کو ادا کرنا

616 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَامُوْا عَنِ الصَّلَاةِ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَلْيُصَلِّهَا اَحَدُكُمْ مِنَ الْغَدِ لِوَقْتِهَا ."

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نماز کے وقت سوئے رہ گئے' یہاں تک کہ سورج نکل آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آدمی کو چاہیے کہ ایسی صورتِ حال میں وہ اگلے دن اسی نماز کے مخصوص وقت میں اُسے ادا کرے''۔

617 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ

614-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في من نام عن الصلاة او نسيها (الحديث 441) مختصراً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في النوم عن الصلاة (الحديث 177) . و اخرجه النسائي في المواقيت فيمن نام عن صلاة (الحديث 615) . تحفة الاشراف (16085) .

615-تقدم في المواقيت، فيمن نام عن صلاة (الحديث 614) .

616-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (12093) .

617-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (13243) .

Marfat.com

الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا نَسِيتَ الصَّلَاةَ فَصَلِّ اِذَا ذَكَرْتَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِیْ) ." قَالَ عَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا بِهٖ يَعْلٰى مُخْتَصَرًا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:

''جب تم نماز کو بھول جاؤ تو جیسے ہی تمہیں یاد آئے' تو تم قضاء کرلو' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا ہے:

''میرے ذکر کے لیے تم نماز کو قائم کرو''۔

عبدالاعلیٰ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے' کہ یعلیٰ نامی راوی نے بعض اوقات اس روایت کو مختصر طور پر نقل کیا ہے۔

618 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ نَسِیَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِیْ) ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:

''جو شخص کوئی نماز بھول جائے' تو جیسے ہی اسے وہ نماز یاد آئے وہ اسے ادا کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا ہے:

''میرے ذکر کے لیے نماز قائم کرو''۔

619 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ نَسِیَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ (اَقِمِ الصَّلَاةَ لِلذِّكْرٰى) ." قُلْتُ لِلزُّهْرِيِّ هٰكَذَا قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:

''جو شخص کوئی نماز بھول جائے' تو جیسے ہی اسے وہ یاد آئے' وہ اس نماز کو ادا کرلے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا ہے:

''میرے ذکر کے لیے نماز قائم کرو''۔

راوی کہتے ہیں: (میں نے اپنے استاد زہری سے دریافت کیا:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اسی طرح تلاوت کیا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

## 55 - باب كَيْفَ يُقْضَى الْفَائِتُ مِنَ الصَّلَاةِ .

### باب: فوت شدہ نمازوں کو کیسے ادا کیا جائے؟

620 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِیْ مَرْيَمَ عَنْ اَبِيْهِ

618-انفرد به النسائي، و سياتي في المواقيت، اعادة ما نام عنه من الصلاة لوقتها من الغد (الحديث 619) . تحفة الاشراف (13373) .

619-تقدم في المواقيت،اعادة ما نام عنه من الصلاة لوقتها من للغد (الحديث 618) .

620-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11201) .

Marfat.com

قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَاسْرَيْنَا لَيْلَةً فَلَمَّا كَانَ فِيْ وَجْهِ الصُّبْحِ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَامَ وَنَامَ النَّاسُ فَلَمْ نَسْتَيْقِظْ اِلَّا بِالشَّمْسِ قَدْ طَلَعَتْ عَلَيْنَا فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ ثُمَّ صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ ثُمَّ حَدَّثَنَا بِمَا هُوَ كَائِنٌ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ .

☆☆ برید بن ابومریم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر کر رہے تھے' ہم رات کے وقت بھی سفر کرتے رہے' جب صبح قریب ہوئی تو نبی اکرم ﷺ نے پڑاؤ کرلیا' آپ ﷺ سو گئے' لوگ بھی سو گئے' آپ ﷺ سورج کی وجہ سے بیدار ہوئے جو ہم پر طلوع ہو چکا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے مؤذن کو حکم دیا' اس نے اذان دی' پھر نبی اکرم ﷺ نے فجر سے پہلے کی دو رکعات (یعنی دو سنتیں) ادا کی' پھر آپ ﷺ کے حکم کے تحت مؤذن نے اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے ہمیں بتایا: قیامت قائم ہونے تک کیا کچھ ہوگا۔

621 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحُبِسْنَا عَنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَيَّ فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَاَقَامَ فَصَلّٰى بِنَا الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلّٰى بِنَا الْعَصْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلّٰى بِنَا الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلّٰى بِنَا الْعِشَاءَ ثُمَّ طَافَ عَلَيْنَا فَقَالَ "مَا عَلَى الْاَرْضِ عِصَابَةٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَيْرُكُمْ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے' ہم ظہر' عصر' مغرب اور عشاء کی نماز ادا نہیں کر سکے' مجھے اس سے بہت تکلیف ہوئی' میں نے دل میں سوچا کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اللہ کی راہ میں (جہاد کر رہے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں عشاء کی نماز پڑھائی' پھر آپ ﷺ نے ہماری طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا:

''اس وقت روئے زمین پر تمہارے علاوہ اور کوئی گروہ اللہ کا ذکر کرنے والا نہیں ہے''۔

622 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ

621-اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء في الرجل تفوته الصلوات با يتهن يبدا (الحديث 179) مختصرًا واخرجه النسائي في الاذان، الاجتزاء لذلك كله باذان واحد، و الاقامة لكل واحدة منهما (الحديث 661) مختصراً . و الاكتفاء بالاقامة لكل صلاة (الحديث 662)، تحفة الاشراف (9633) .

Marfat.com

هُرَيْرَةَ قَالَ عَرَّسْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَسْتَيْقِظْ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لِيَاْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ بِرَاْسِ رَاحِلَتِهٖ فَاِنَّ هٰذَا مَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِيْهِ الشَّيْطٰنُ ".
قَالَ فَفَعَلْنَا فَدَعَا بِالْمَآءِ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ صَلّٰى سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْغَدَاةَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (سفر کے دوران) رات کے وقت پڑاؤ کیا' ہم بیدار نہیں ہوئے' یہاں تک کہ سورج نکل آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر شخص اپنی سواری کی لگام کو پکڑے (چل پڑے) کیونکہ یہ ایک ایسا پڑاؤ ہے' جس میں شیطان ہمارے پاس آ گیا تھا۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے ایسا ہی کیا۔ پھر (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ آگے جا کر) پانی منگوایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات نماز ادا کی' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کی''۔

623 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ اَصْرَمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ سَفَرٍ لَّهٗ "مَنْ يَّكْلَؤُنَا اللَّيْلَةَ لَا نَرْقُدَ عَنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ ." قَالَ بِلَالٌ اَنَا . فَاسْتَقْبَلَ مَطْلَعَ الشَّمْسِ فَضُرِبَ عَلٰى اٰذَانِهِمْ حَتّٰى اَيْقَظَهُمْ حَرُّ الشَّمْسِ فَقَامُوْا فَقَالَ "تَوَضَّئُوا ." ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّوْا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ صَلَّوُا الْفَجْرَ .

☆☆ نافع بن جبیر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کے دوران ارشاد فرمایا:

''آج رات کون ہماری نگرانی کرے گا؟ ایسا نہ ہو کہ ہم فجر کی نماز کے وقت سوئے رہ جائیں' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں کروں گا! وہ سورج کے طلوع ہونے کی سمت رخ کر کے بیٹھ گئے۔ پھر سب لوگ سوئے رہ گئے' یہاں تک کہ سورج کی تپش نے انہیں بیدار کیا' پھر وہ لوگ اُٹھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ وضو کرو۔ پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی دو سنتیں ادا کیں۔ صحابہ کرام نے بھی فجر کی دو سنتیں ادا کیں (پھر سب لوگوں نے فجر کی نماز) ادا کی۔

624 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا حَبِيْبٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَدْلَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عَرَّسَ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ اَوْ بَعْضُهَا فَلَمْ يُصَلِّ حَتّٰى ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰى وَهِيَ صَلَاةُ الْوُسْطٰى .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت سفر کرتے رہے' یہاں

622-اخرجه مسلم في المساجد مواضع الصلاة، باب قضاء الصلاة الفائتة و استحباب تعجيل قضائها (الحديث 310) . تحفة الاشراف (13444) .

623-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3201) .

624-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (5388) .

Marfat.com

تک کہ رات کے آخری حصے میں آپ ﷺ نے پڑاؤ کیا' (سب لوگ سو گئے) اور اس وقت بیدار ہوئے جب سورج نکل چکا تھا' یا اس کا کچھ حصہ نکل چکا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا نہیں کی' یہاں تک کہ سورج بلند ہو گیا' پھر آپ ﷺ نے نماز ادا کی۔

(حضرت عبداللہ بن عباس ﷠ فرماتے ہیں: شاید نبی اکرم ﷺ نے یہ فرمایا:) یہی درمیانی نماز ہے' (جس کا ذکر قرآن میں ہے)۔

Marfat.com

# 7- کِتَابُ الْاَذَان

## اذان (کے بارے میں روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''اذان (کے بارے میں روایات)'' میں 42 تراجم ابواب اور 61 روایات نقل کی ہیں، جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 40 ہوگی۔

## 1- باب بَدْءِ الْاَذَانِ .

### باب: اذان کا آغاز (کیسے ہوا)

625 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ يَجْتَمِعُوْنَ فَيَتَحَيَّنُوْنَ الصَّلَاةَ وَلَيْسَ يُنَادِىْ بِهَا اَحَدٌ فَتَكَلَّمُوْا يَوْمًا فِىْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمُ اتَّخِذُوْا نَاقُوْسًا مِثْلَ نَاقُوْسِ النَّصَارٰى . وَقَالَ بَعْضُهُمْ بَلْ قَرْنًا مِثْلَ قَرْنِ الْيَهُوْدِ . فَقَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَوَلَا تَبْعَثُوْنَ رَجُلًا يُنَادِىْ بِالصَّلَاةِ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يَا بِلَالُ قُمْ فَنَادِ بِالصَّلَاةِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے کہ مسلمان جب مدینہ منورہ آئے، تو وہ لوگ اکٹھے ہو جایا کرتے تھے، وہ لوگ نماز کے وقت کا اندازہ لگایا کرتے تھے، لیکن کوئی اعلان کر کے انہیں نہیں بلاتا تھا۔ ایک دن وہ اس بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔ تو ان میں سے کسی نے مشورہ دیا، کہ تم لوگ عیسائیوں کے ناقوس کی طرح ''ناقوس'' بجانا شروع کر دو، بعض نے کہا بلکہ یہودیوں کے قرن کی طرح ''قرن'' بجانا شروع کر دو۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تم لوگ ایک شخص کو کیوں نہیں مقرر کرتے جو نماز کے لیے اعلان کر دیا کرے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے بلال! تم اُٹھو اور نماز کے لیے اعلان کرو (یعنی اذان دو)''۔

### شرح

لفظ اذان کا لغوی معنی ''اطلاع دینا'' ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے لوگوں کے لئے یہ اطلاع ہے۔'' (التوبہ: آیت: 3)

625-اخرجه البخاري في الاذان، باب بدء الاذان (الحديث 604) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب بدء الاذان (الحديث 1) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في بدء الاذان (الحديث 190) . تحفة الاشراف (7775) .

Marfat.com

اسی طرح ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
''لوگوں میں حج کا اعلان کردو۔'' (الحج: آیت 27)
یعنی لوگوں کو اس کے بارے میں بتادو۔
شرعی طور پر اذان سے مراد مخصوص الفاظ کا استعمال کرنا ہے تاکہ اس کے ذریعے فرض نماز کے وقت کا پتہ چل سکے یا یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ مخصوص الفاظ کے ذریعے نماز کے وقت کے بارے میں اطلاع دینا ہے۔
قرآن وسنت اور اجماع کے ذریعے اذان کی مشروعیت ثابت ہو جاتی ہے۔ اس میں بہت زیادہ فضیلت اور بہت زیادہ اجر وثواب پایا جاتا ہے۔
قرآن میں اس کا تذکرہ سورہ المائدہ میں ہے۔
''اور جب تم نماز کے لئے پکارو۔'' (المائدہ: آیت: 58)
سنت میں بہت سی احادیث منقول ہیں۔ جیسا کہ صحیحین میں یہ حدیث منقول ہے جسے امام نسائی نے بھی نقل کیا ہے۔
''جب نماز کا وقت ہو جائے تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور جو شخص تم میں سب سے بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرے۔''
جیسا کہ اذان کے آغاز کے بارے میں امام نسائی نے بھی یہاں یہ روایت نقل کی ہے۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ مشورہ دیا تھا کہ نماز کے وقت اعلان کر دینا چاہئے۔
اسی طرح حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات منقول ہے کہ انہوں نے خواب میں اذان دینے کا طریقہ دیکھا تھا تاہم اس سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ صرف خواب کی بنیاد پر اذان دینے کا حکم لازم ہو گیا بلکہ وحی کا نزول بھی اس کی موافقت میں ہوا تھا۔
خواب میں اذان دینے کا طریقہ پہلے سن ہجری میں دیکھا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تائید کر دی تھی۔
اس کے بعد مسلمانوں میں اس کا رواج ہو گیا۔
اذان کی فضیلت بہت سی احادیث سے ثابت ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔
''اذان دینے والے شخص کی آواز جو کوئی جن یا انسان یا جو بھی چیز سنتی ہے وہ قیامت کے دن اس شخص کے حق میں گواہی دے گی۔''
اسی طرح ایک اور حدیث میں یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔
''قیامت کے دن اذان دینے والوں کی گردنیں سب سے لمبی ہوں گی (یعنی وہ بلند قامت ہوں گے یعنی انہیں بلند مرتبہ حاصل ہوگا)۔''
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اقامت کے ہمراہ اذان دینا اور حنابلہ کے نزدیک صرف اذان دینا' امامت کرنے سے زیادہ

Marfat.com

فضیلت رکھتا ہے۔

جبکہ احناف اس بات کے قائل ہیں۔ اقامت کہنا اور امامت کرنا' اذان دینے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے نبی اکرم ﷺ اور آپ ﷺ کے خلفاء با قاعدگی کے ساتھ امامت کے فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے اذان دینے کا فریضہ سرانجام نہیں دیا۔

جمہور کے نزدیک اذان دینا اور اقامت کہنا سنت مؤکدہ ہے اور یہ حکم مردوں کے لئے ہے اور ہر اس مسجد کے لئے ہے جہاں جماعت کے ساتھ پانچوں نمازیں ادا کی جاتی ہیں اور یہ اذان اور اقامت پانچوں نمازوں کے لئے بھی دی جائے گی اور جمعے کی نماز کے لئے بھی دی جائے گی۔

ان کے علاوہ اور کسی نماز کے لئے اذان نہیں دی جا سکتی۔ جیسے نماز عید، نمازِ کسوف، نماز تراویح اور نماز جنازہ کے لئے اذان نہیں دی جائے گی۔

ان نمازوں کی ادائیگی کے وقت یہ اعلان دیا جائے گا ''باجماعت نماز ہونے لگی ہے'' کیونکہ بخاری اور مسلم کی احادیث سے یہی بات ثابت ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے سورج گرہن کی نماز ادا کی تھی اس وقت یہ اعلان کیا گیا تھا۔

اذان کا اور اقامت کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ فرض نماز کا وقت شروع ہونے کے بارے میں اطلاع دی جائے۔

اس لئے نفل نماز کے لئے یا نذر والی نماز کے لئے اذان دینا سنت نہیں ہے۔

شوافع اور مالکیہ اس بات کے قائل ہیں خواتین کے لئے اذان دینے کا حکم نہیں ہے۔ تاہم اگر وہ باجماعت نماز ادا کرتی ہیں تو ان کے لئے اقامت کہنا مستحب ہے۔

اس ممنوعیت کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی خاتون اذان دینے کے لئے اپنی آواز بلند کرے گی تو اس کے نتیجے میں فتنہ پھیلنے کا اندیشہ ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: اذان دینے کی طرح اقامت کہنا بھی خواتین کے لئے مکروہ ہے' جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ ان حضرات نے خواتین کے لئے اقامت کہنے کو بھی مکروہ قرار دیا ہے۔

اس کی دوسری وجہ یہ ہے: خواتین کی حالت اس بات کی لائق ہے کہ اسے پردے میں رکھا جائے اور ان کا آواز بلند کرنا حرام ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک معتمد قول یہ ہے کہ منفرد شخص کے لئے بھی اذان دینا اور اقامت کہنا مستحب ہے' خواہ وہ ادا نماز ادا کر رہا ہو۔ یا قضاء نماز ادا کر رہا ہو۔ خواہ اس نے اپنے محلے کی مسجد میں اذان کی آواز سنی ہو یا نہ سنی ہو۔

تاہم اذان دیتے وقت آواز اس وقت بلند کی جائے گی جب وہ مسجد میں دی جائے۔ جہاں جماعت کے ساتھ نماز ہوتی ہے۔

Marfat.com

قضا نماز کے لئے اذان دینا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قدیم مذہب ہے اور یہی اظہر ہے جیسا کہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے واضح کیا ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: قضا نماز ادا کرنے والا شخص فوت شدہ نماز کے لئے اذان بھی دے گا اور اقامت بھی کہے گا کیونکہ وہ اس وقت کی نماز کی مانند ہے۔

اگر کسی شخص کی کئی نمازیں فوت ہو چکی ہوں تو وہ پہلی نماز کے لئے اذان دے گا اور اقامت کہے گا۔ اس کے بعد والی نمازوں کے بارے میں اسے اختیار ہوگا اگر وہ چاہے تو ان میں سے ہر ایک کے لئے اذان بھی دے اور اقامت بھی کہے اور یہی بہتر ہے۔

# اذان سے متعلق احکام

## اذان کا طریقہ اور مؤذن کے احوال

### اذان سنتِ مؤکدہ ہے

مسئلہ: فرض نمازیں باجماعت ادا کرنے کے لیے اذان دینا سنت ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ایک قول کے مطابق یہ واجب ہے، تاہم صحیح قول یہ ہے کہ یہ سنت مؤکدہ ہے۔ (کافی)

مسئلہ: عام مشائخ نے اسی قول پر فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اقامت کا حکم بھی اذان کی مانند ہے، یہ فرض نمازوں کے لیے سنت ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: پانچ فرض نمازوں اور جمعہ کی نماز کے علاوہ کسی بھی نماز جیسے سنت، وتر، نفل، تراویح، عیدین کے لیے نہ تو اذان دی جائے گی اور نہ ہی اقامت کہی جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: جس نماز کی نذر مانی ہو، نمازِ جنازہ، نمازِ استسقاء، چاشت کی نماز اور نمازِ حاجت کے لیے بھی اذان نہیں دی جائے گی اور اقامت بھی نہیں کہی جائے گی۔ (تبیین)

مسئلہ: نمازِ کسوف اور نمازِ خسوف کا بھی یہی حکم ہے۔ (عینی شرح کنز)

### خواتین اذان نہیں دے سکتیں

مسئلہ: خواتین کو اذان دینے یا اقامت کہنے کی اجازت نہیں ہوگی، اگر وہ باجماعت نماز ادا کرتی ہیں، تو اذان اور اقامت کے بغیر ادا کریں گی اور اگر وہ اذان بھی دے دیتی ہیں اور اقامت بھی کہہ دیتی ہیں، تو ان کی نماز درست ہوگی، لیکن یہ حرکت غلط ہوگی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: مسافر شخص اور مقیم شخص پر اپنے گھر میں (یا رہائشی جگہ پر) اذان دینا اور اقامت کہنا مستحب ہے۔

مسئلہ: نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے اذان دینا درست نہیں ہے، البتہ صبح کی نماز کا حکم مختلف ہے، اس بات پر اتفاق پایا

Marfat.com

جاتا ہے۔

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صبح کی نماز میں بھی وقت شروع ہونے سے پہلے اذان نہیں دی جا سکتی اگر مؤذن پہلے اذان دے دیتا ہے تو وقت شروع ہونے کے بعد دوبارہ اذان دی جائے گی۔ (شرح مجمع البحرین از ابن الملک)

مسئلہ: فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ وقت سے پہلے اقامت کہنا جائز نہیں ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر مؤذن کے اقامت کہنے کے بعد امام آتا ہے یا مؤذن کے اقامت کہنے کے بعد امام فجر کی سنتیں ادا کرتا ہے تو دوبارہ اقامت کہنا لازم نہیں ہوگا۔ (قنیہ)

## اذان دینے کا اہل کون ہے؟

مسئلہ: اذان دینے کی اہلیت اس شخص میں ہوگی جو قبلہ کی معرفت رکھتا ہو اور نمازوں کے اوقات سے واقف ہو۔ (قاضی خان)

مسئلہ: مناسب یہ ہے کہ مؤذن کوئی ایسا شخص ہو جو عاقل ہو نیک ہو پرہیزگار ہو سنت کا عالم ہو۔ (نہایہ)

مسئلہ: مؤذن کو ایسا ہونا چاہیے کہ وہ بارعب ہو لوگوں کی خبرگیری کرتا ہو اور جماعت میں شریک نہ ہونے والوں پر سختی کرتا ہو۔ (قنیہ)

مسئلہ: مؤذن کو ایسا ہونا چاہیے جو باقاعدگی کے ساتھ اذان دیتا ہو۔ (البدائع تاتارخانیہ)

مسئلہ: مؤذن ایسا ہونا چاہیے جو اذان کے اجر و ثواب کا اُمیدوار ہو۔ (نہر الفائق)

مسئلہ: زیادہ بہتر یہ ہے کہ وہ مؤذن نماز میں امام بھی ہو۔ (سراج الدرایہ)

مسئلہ: افضل یہ ہے کہ مؤذن مقیم ہونا چاہیے۔ (کافی)

مسئلہ: اگر ایک شخص اذان دے دیتا ہے اور دوسرا اقامت کہہ دیتا ہے تو اگر پہلا شخص موجود نہ ہو تو یہ جائز ہے اور کسی کراہت کے بغیر جائز ہے اگر پہلا شخص موجود ہو اور دوسرے شخص کے اقامت کہنے کو وہ ناپسند کرے تو پھر دوسرے شخص کا اقامت کہنا مکروہ ہوگا لیکن اگر مؤذن اس سے راضی ہو تو پھر ہمارے نزدیک مکروہ نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: عقلمند نابالغ بچے کی اذان کسی کراہت کے بغیر درست ہوتی ہے یہ بات ظاہر الروایۃ میں ہے تاہم بالغ شخص کا اذان دینا افضل ہے۔

مسئلہ: ایسا بچہ جو سمجھ بوجھ نہیں رکھتا اگر وہ اذان دے تو یہ اذان جائز نہیں ہوگی اور اسے دوبارہ دُہرایا جائے گا پاگل شخص کا بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: عورت کا اذان دینا مکروہ ہے اور استحباب کے طور پر اسے دوبارہ دیا جائے گا۔ (کافی)

مسئلہ: فاسق شخص کا اذان دینا مکروہ ہے لیکن وہ دوبارہ نہیں دی جائے گی۔ (ذخیرہ)

Marfat.com

مسئلہ: جنبی شخص کا اذان دینا اور اقامت کہنا مکروہ ہے' اس بات پر اتفاق ہے' زیادہ مناسب یہ ہے کہ اذان دوبارہ دی جائے' لیکن اقامت دوبارہ نہ کہی جائے۔ ظاہر الروایۃ کے مطابق بے وضو شخص کا اذان دینا مکروہ نہیں ہے۔ (کافی) یہی قول صحیح ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: بے وضو شخص کا اقامت کہنا مکروہ ہے' تاہم اس اقامت کو دُہرایا نہیں جائے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: بیٹھ کر اذان دینا مکروہ ہے' لیکن اگر کوئی شخص اپنے لیے بیٹھ کر اذان دیتا ہے' تو کوئی حرج نہیں ہے' اسی طرح اگر کوئی مسافر سواری پر سوار رہتے ہوئے اذان دے دیتا ہے' تو یہ بھی مکروہ نہیں ہے' تاہم اقامت کہنے کے لیے وہ سواری سے نیچے اترے گا۔ (قاضی خان' خلاصہ)

مسئلہ: غلام' دیہاتی شخص' جنگل میں رہنے والے شخص' زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے شخص' نابینا شخص اور جو شخص بعض اذانیں دیتا ہے' بعض اذانیں نہیں دیتا ہے' ان کا اذان دینا کسی کراہت کے بغیر جائز ہے' تاہم اگر ان کے علاوہ کوئی دوسرا شخص دے تو یہ زیادہ بہتر ہے۔ (محیط)

مسئلہ: جب نابینا شخص کے ساتھ کوئی ایسا فرد بھی موجود ہو جو اسے نمازوں کے اوقات سے آگاہ کر سکے تو ایسے نابینا شخص کی اذان دینے اور بینا شخص کے اذان دینے کا حکم برابر ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: اذان دیئے بغیر اور اقامت کہے بغیر مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔

## مسافر کا اذان دینا

مسئلہ: مسافر کے لیے اذان اور اقامت کو ترک کرنا مکروہ ہے' خواہ وہ اکیلا ہی ہو۔ (مبسوط)

لیکن اگر مسافر صرف اقامت کو ترک کرتا ہے' تو یہ جائز ہے' تاہم مکروہ ہوگا۔ (شرح طحاوی)

اگر وہ اذان دیدے اور اقامت کہہ دے تو یہ زیادہ بہتر ہے' اسی طرح اگر وہ اقامت کہہ دے اور اذان نہ دے تو بھی یہی حکم ہے۔ (مبسوط)

مسئلہ: اگر کسی مسجد میں اذان ہونے کے بعد باجماعت نماز ادا ہو چکی ہو' تو اب اس مسجد میں دوبارہ اذان دینا اور باجماعت نماز ادا کرنا مکروہ ہے' لیکن اگر کچھ افراد نے مسجد میں پہلے ہی اقامت کہہ کر باجماعت نماز ادا کر لی لیکن مسجد کے مؤذن اور امام نے بعد میں آ کر باجماعت نماز ادا کی تو یہ بعد والی جماعت مستحب ہوگی اور پہلی مکروہ شمار ہوگی۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کسی مسجد میں کوئی مؤذن یا امام مقرر نہ ہو اور لوگ گروہ در گروہ وہاں آ کر باجماعت نماز ادا کرتے ہوں تو افضل یہ ہے کہ ہر فریق الگ سے اذان دے کر اور اقامت کہہ کر نماز پڑھے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: جس شخص کی کوئی نماز قضاء ہو جائے اور پھر وہ اس کو ادا کرنا چاہے' تو اس کے لیے اذان اور اقامت کہے گا' خواہ اکیلا پڑھ رہا ہو یا لوگ باجماعت ہوں۔ (محیط)

مسئلہ: لیکن اگر بہت سی نمازیں قضا ہو چکی ہوں' تو پہلی نماز کے وقت اذان بھی دی جائے گی اور اقامت بھی کہی جائے گی'

Marfat.com

باقی نمازوں میں اختیار ہے اگر چاہے تو اذان اور اقامت دونوں کہہ دے اور چاہے تو صرف اقامت کہہ دے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر وہ قضا نمازیں ایک ساتھ ادا کرتے وقت ہر ایک کے ساتھ اذان بھی کہتا ہے اور اقامت بھی کہتا ہے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا' تاکہ قضا بھی ادا کے مطابق ہی ادا ہو جائے۔ (کافی' مبسوط)

مسئلہ: یہ اختیار اس وقت ہے جب وہ ایک ہی مرتبہ میں تمام یا زیادہ قضا نمازیں ایک ساتھ ادا کرتا ہے' لیکن اگر وہ ان قضا نمازوں کو الگ الگ ادا کرتا ہے' تو پھر ان کے لیے اذان اور اقامت دونوں کہے جائیں گے۔ (بحر الرائق)

مسئلہ: ہمارے نزدیک اصول یہ ہے کہ ہر فرض نماز ادا کرنے کے لیے اذان بھی دی جائے گی اور اقامت بھی کہی جائے گی' خواہ آدمی اکیلا پڑھے یا جماعت کے ساتھ پڑھے' ادا پڑھ رہا ہو یا قضا کر رہا ہو' البتہ جمعہ کے دن اگر کوئی شخص شہر میں رہتے ہوئے ظہر کی نماز پڑھنا چاہے' تو اس کے لیے اذان دینا اور اقامت کہنا مکروہ ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: عرفہ اور مزدلفہ میں جب دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی جاتی ہیں' تو پہلی نماز کے لیے اذان بھی دی جائے گی اور اقامت بھی کہی جائے گی' لیکن دوسری نماز کے لیے صرف اقامت کہی جائے گی' اذان نہیں دی جائے گی۔

•••———•••———•••

## 2 - باب تَثْنِيَةِ الْاَذَانِ .

### باب: اذان کے کلمات کو دو مرتبہ کہنا

626 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ وَاَنْ يُّوْتِرَ الْاِقَامَةَ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی کہ وہ اذان کے کلمات دو' دو مرتبہ کہیں اور اقامت کے کلمات' ایک' ایک مرتبہ کہیں۔

627 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِى الْمُثَنّٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثْنٰى مَثْنٰى وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَرَّةً اِلَّا اَنَّكَ تَقُوْلُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اذان کے کلمات دو' دو مرتبہ کہے

626-اخرجه البخاري في الاذان ، باب بدء الاذان (الحديث 603)، و باب الاذان مثنى مثنى (الحديث 605) و (الحديث 606) مطولاً، و باب الاقامة واحدة الا قوله (قد قامت الصلاة) . (الحديث 607) ، و في احاديث الانبياء، باب ما ذكر عن بني اسرائيل (الحديث 3457) واخرجه مسلم في الصلاة، باب الامر بشفع الاذان و ايتار الاقامة (الحديث 2 و ۳ و 4 و 5) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في الاقامة (الحديث 508 و509) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في افراد الاقامة (الحديث 193) . واخرجه ابن ماجه في الاذان والسنة فيها، باب افراد الاقامة (الحديث 729 و730) . تحفة الاشراف (943) .

627-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في الاقامة (الحديث 510 و511) بمعناه مطولاً . و اخرجه النسائي في الاذان، كيف الاقامة (الحديث 667) مطولاً . تحفة الاشراف (7455) .

Marfat.com

جاتے تھے اور اقامت کے کلمات ایک ایک مرتبہ کہے جاتے تھے' البتہ تم قد قامت الصلوٰۃ دو مرتبہ کہو گے۔

## 3 - باب خَفْضِ الصَّوْتِ فِي التَّرْجِيعِ فِي الْاَذَانِ .

### باب: اذان میں ترجیع کرتے ہوئے آواز نیچی رکھنا

628 - اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ - وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي مَحْذُورَةَ - قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَبْدُ الْعَزِيزِ وَجَدِّي عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ اَبِي مَحْذُورَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْعَدَهُ فَاَلْقَى عَلَيْهِ الْاَذَانَ حَرْفًا حَرْفًا قَالَ اِبْرَاهِيمُ هُوَ مِثْلُ اَذَانِنَا هٰذَا . قُلْتُ لَهُ اَعِدْ عَلَيَّ . قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ - بِصَوْتٍ دُوْنَ ذٰلِكَ الصَّوْتِ يُسْمِعُ مَنْ حَوْلَهُ - اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ مَرَّتَيْنِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .

☆☆ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بٹھایا اور اذان کے کلمات ایک ایک کر کے انہیں سکھائے۔

ابراہیم نامی راوی بیان کرتے ہیں' یہ ہماری اذان کی مانند کلمات ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں' (میں نے اپنے استاد) ابراہیم سے کہا کہ آپ وہ مجھے کہہ کر سنائیں' تو انہوں نے پڑھا:

اللّٰہ اکبر' اللّٰہ اکبر' اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ ۔ دو مرتبہ

اشھد ان محمدا رسول اللّٰہ ۔ دو مرتبہ

پھر انہوں نے پہلے سے پست آواز میں کہ جس کو صرف ان کے آس پاس کے افراد سن سکیں' یہ پڑھا:

اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ ۔ دو مرتبہ۔ اشھد ان محمد رسول اللّٰہ ۔ دو مرتبہ

حی علی الصلوٰۃ دو مرتبہ۔ حی علی الفلاح دو مرتبہ۔ اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر دو مرتبہ اور لا الہ الا اللّٰہ (ایک مرتبہ)

### شرح

جہاں تک اذان میں ترجیع کا تعلق ہے' تو اس بارے میں فقہاء کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔ ترجیع سے مراد یہ ہے' کلمہ شہادت پڑھتے وقت بلند آواز میں انہیں ادا کرنے سے پہلے انہیں پہلے پست آواز میں ادا کیا جائے۔

628-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب كيف الاذان (الحديث 500و501و 503 و505) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الترجيع في الاذان (الحديث 191) مختصراً . و اخرجه النسائي في الاذان، كيف الاذان(الحديث 231) مطولاً . واخرجه ابن ما جه في الاذان و السنة فيها، باب الترجيع في الاذان (الحديث 708) مطولاً . و الحديث عند : مسلم في الصلاة، باب صفة الاذان (الحديث 6) . و ابي داؤد في الصلاة، باب كيف الاذان (الحديث 502 و504) . والترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الترجيع في الاذان (الحديث 192) . والنسائي في الاذان، كم الاذان من كلمة (الحديث 629)، و كيف الاذان (الحديث 630)، و الاذان في السفر (الحديث 632) . ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب الترجيع في الاذان (الحديث 709) . تحفة الاشراف (12169) .

Marfat.com

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسا کیا جائے گا' جبکہ احناف اور حنابلہ کے نزدیک یہ عمل اختیار نہیں کیا جائے گا۔

تاہم حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: اگر کوئی شخص ترجیع پر عمل کر لیتا ہے' تو ایسا کرنا مکروہ نہیں ہوگا۔

## 4 - باب كَمِ الْاَذَانُ مِنْ كَلِمَةٍ ـ

## باب: اذان میں کتنے کلمات ہیں؟

629 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هَمَّامِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا مَكْحُوْلٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ اَبِىْ مَحْذُوْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "الْاَذَانُ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً وَّالْاِقَامَةُ سَبْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً ـ" ثُمَّ عَدَّهَا اَبُوْ مَحْذُوْرَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً وَّسَبْعَ عَشْرَةَ ـ

☆☆ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اذان میں انیس کلمات ہیں' اور اقامت میں سترہ کلمات ہیں''۔

پھر اس کے بعد حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نے انہیں کلمات اور سترہ کلمات گنتی کروائے۔

### شرح

احناف اس بات کے قائل ہیں اور مختار قول کے مطابق حنابلہ کا بھی یہی موقف ہے۔ اذان میں پندرہ کلمات ہیں' جن میں ترجیع نہیں ہوگی جیسا کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث میں یہ بات مذکور ہے۔

اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: اذان کے کلمات میں آخری حرف کو ساکن پڑھا جائے گا۔

### اذان اور اقامت کے کلمات اور انہیں ادا کرنے کا طریقہ

مسئلہ: اذان میں ۱۵ کلمات ہیں اور آخری کلمہ لا الہ الا اللّٰہ ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اذان کے کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (زاہدی)

مسئلہ: اقامت میں ۱۷ کلمات ہیں' جن میں سے ۱۵ کلمات اذان والے ہیں اور دو کلمات قد قامت الصلوٰۃ کو دو مرتبہ پڑھنا ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: فجر کی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد الصلوٰۃ خیرٌ من النوم دو مرتبہ پڑھا جائے گا۔ (کافی)

629-تقدم في الاذان، خفض الصوف في الترجيع في الاذان (الحديث 628) .

Marfat.com

مسئلہ: عربی کے علاوہ اور کسی بھی زبان میں اذان نہیں دی جاسکتی۔ (قاضی خان)

## اذان و اقامت کے آداب

مسئلہ: سنت یہ ہے کہ اذان اور اقامت کے کلمات بلند آواز میں ادا کیے جائیں گے' آواز دونوں میں بلند ہوگی لیکن اقامت میں اذان کی بہ نسبت پست آواز ہوگی۔ (نہایہ بدائع)

مسئلہ: مسجد کے منارے پر یا مسجد سے باہر اذان دی جائے گی' مسجد کے اندر اذان نہ دی جائے گی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: سنت یہ ہے کہ بلند جگہ پر کھڑے ہوکر اذان دی جائے تاکہ آواز زیادہ دور تک جاسکے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: مؤذن کے لیے طاقت سے زیادہ آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: اقامت زمین پر کھڑے ہوکر کہی جائے گی۔ (قنیہ)

مسئلہ: مسجد کے اندر اقامت کہی جائے گی۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اذان میں ترجیع نہیں ہوتی۔ ترجیع سے مراد یہ ہے کہ پہلے اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ اور اشھد ان محمدً رسول اللّٰہ کے کلمات دو مرتبہ پست آواز میں کہے جائیں اور پھر دوسری مرتبہ یہ کلمات بلند آواز میں کہے جائیں' اس طرح شہادت کے یہ دونوں کلمات دو' دو مرتبہ ہوں گے' یعنی یہ کلمہ شہادت ۴ مرتبہ ادا کیا جائے گا' دو مرتبہ پست آواز میں اور دو مرتبہ بلند آواز میں۔ (کفایہ)

مسئلہ: اذان کے الفاظ رُک رُک کر ادا کیے جائیں گے اور اقامت کے الفاظ توقف کے بغیر ادا کرلیے جائیں گے' یہ طریقہ مستحب ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ان دونوں کے کلمات رُک رُک کر کہتا ہے یا دونوں کے کلمات رُکے بغیر ادا کرلیتا ہے یا اقامت کے کلمات رُک کر ادا کرتا ہے اور اذان کے کلمات توقف کے بغیر ادا کرتا ہے' تو یہ جائز ہے۔ (کافی)

مسئلہ: تاہم بعض فقہاء نے اسے مکروہ قرار دیا ہے' یہی قول درست ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: رُک رُک کر اذان دینے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ اکبر اللہ اکبر کہنے کے بعد ذرا سی دیر ٹھہر جائے' پھر دوسری مرتبہ یہ کلمات کہے' اسی طرح اذان ختم ہونے تک دو' دو کلمات کے درمیان توقف کرتا رہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اذان دیتے ہوئے ہر کلمے پر چند لمحے کے لیے سکون کرلے' لیکن اقامت کے دوران سکون کی نیت کرے۔

(تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اذان یا اقامت کہتے ہوئے چند کلمات کو دوسرے کلمات سے پہلے ادا کرلیتا ہے' تو اصول یہ ہے کہ جس کلمے کو اس کے مخصوص مقام سے پہلے ادا کیا گیا ہے' وہ شمار ہی نہیں ہوگا اور اسے اس کے مخصوص مقام پر دوبارہ ادا کیا جائے گا۔ اگر کوئی شخص دوبارہ ادا نہیں کرتا تو اس کے بعد ادا کی جانے والی نماز درست ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: اذان اور اقامت قبلہ کی طرف رخ کرکے کہی جانی چاہیے' اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو یہ جائز ہے لیکن مکروہ ہوگا۔ (ہدایہ)

Marfat.com

مسئلہ: حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہتے ہوئے اپنا منہ دائیں طرف اور بائیں طرف پھیرا جائے گا اور پاؤں اپنی جگہ پر قائم رہیں گے‘ خواہ آدمی اکیلا نماز ادا کر رہا ہو یا باجماعت نماز ادا کر رہا ہو۔ (محیط)

مسئلہ: حی علی الصلوٰۃ کے کلمات دائیں طرف رخ کر کے ادا کیے جائیں گے اور حی علی الفلاح کے کلمات بائیں طرف رخ کر کے ادا کیے جائیں گے‘ جبکہ بعض فقہاء نے یہ بات کہی ہے کہ حی علی الصلوٰۃ کو پہلے دائیں طرف کہا جائے گا‘ پھر بائیں طرف کہا جائے گا‘ اسی طرح حی علی الفلاح کو پہلے دائیں طرف کہا جائے گا اور پھر بائیں طرف کہا جائے گا‘ تاہم پہلا قول صحیح ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر اذان دینے کی جگہ یعنی منارہ وسیع ہو‘ تو اس میں مؤذن چل پھر بھی سکتا ہے‘ یہ بہتر ہوگا (تاکہ اذان کے کلمات کی آواز زیادہ دور تک چلی جائے)۔ (بدائع)

مسئلہ: تاہم یہ حکم اس وقت ہوگا کہ جب ایک ہی جگہ کھڑے ہو کر اذان دینے کے نتیجے اعلان زیادہ دور تک نہ جا رہا ہو۔ (شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: اگر صرف دائیں بائیں منہ پھیر لینے سے اعلان پورا ہو جاتا ہے‘ تو اسی پر اکتفا کیا جائے گا‘ پاؤں کو اپنی جگہ سے نہیں ہٹایا جائے گا۔

## خوبصورت آواز میں اذان دینا

مسئلہ: راگ کے انداز میں گاتے ہوئے اذان کہنا‘ جس کے نتیجے میں کلمات تبدیل ہو جائیں‘ یہ مکروہ ہے۔ (شرح مجمع از ابن الملک)

مسئلہ: لیکن ایسی خوش آوازی میں اذان کہنا جس میں لحن نہ ہو‘ یہ بہتر ہے۔ (سراجیہ‘ شرح الوقایہ)

مسئلہ: اذان دیتے وقت دونوں انگلیاں کانوں میں رکھی جا سکتی ہیں لیکن اگر نہ رکھا جائے تو یہ بہتر ہے‘ یہ اصلی سنت نہیں ہے کیونکہ اسے صرف اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ زیادہ دور تک آواز جا سکے‘ اسی طرح اگر دونوں ہاتھ کان پر رکھ لیے جائیں تو یہ بھی بہتر ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: کانوں میں انگلیاں رکھنے کا حکم اذان میں ہے‘ اقامت میں نہیں ہے۔ (قنیہ)

مسئلہ: متاخرین فقہاء کے نزدیک مغرب کی نماز کے علاوہ ہر نماز میں تثویب (یعنی جماعت کھڑی ہونے کا اعلان کرنا) بہتر ہے۔ (شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: ہر شہر میں تثویب کا دستور مختلف ہے‘ اس لیے ہر علاقے کے رواج کے مطابق تثویب کہی جائے گی‘ فجر کی اذان کے اتنی دیر بعد تثویب کہی جائے گی جتنی دیر میں ۲۰ آیات کی تلاوت کی جا سکتی ہے اور پھر اتنی ہی دیر کے بعد اقامت کہہ دی جائے گی۔ (تبیین)

مسئلہ: اذان اور اقامت کو ایک ساتھ ملانا بالاتفاق مکروہ ہے۔ (سراج الدرایہ)

Marfat.com

مسئلہ: مؤذن کے لیے یہ بات مناسب ہے کہ جس نماز میں فرائض سے پہلے سنتیں یا نوافل ادا کیے جاتے ہیں' ان سنتوں اور نوافل کو اذان اور اقامت کے درمیان ادا کر لے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر وہ ان سنتوں یا نوافل کو ادا نہیں کرتا تو اذان اور اقامت کے درمیان کچھ دیر کے لیے بیٹھ جائے۔

مسئلہ: مغرب کے وقت کے بارے میں بھی فقہاء کا اتفاق ہے کہ اذان اور اقامت کے درمیان فصل ضروری ہے۔ (عنایہ)

مسئلہ: تاہم اس فصل کی مقدار کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اتنی فصل مستحب ہے جتنی دیر میں تین چھوٹی آیات یا ایک بڑی آیت کی تلاوت کی جاسکتی ہے' مؤذن اتنی دیر تک خاموش رہے گا' اس کے بعد مغرب کی نماز کی اقامت کہہ دے گا' جبکہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حکم یہ ہے کہ دونوں خطبوں کے درمیان جتنی دیر کے لیے بیٹھا جاتا ہے' اتنا وقفہ کیا جائے گا۔

مسئلہ: امام حلوانی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات تحریر کی ہے کہ اختلاف صرف اس بارے میں ہے کہ مغرب کی اذان دینے کے بعد کھڑا رہنا افضل ہے یا بیٹھ جانا افضل ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر مؤذن بیٹھ جاتا ہے اور پھر کھڑے ہو کر اقامت کہنا شروع کر دیتا ہے' تو یہ بھی جائز ہے' تاہم افضل یہ ہے کہ وہ نہ بیٹھے' اسی طرح اگر مؤذن کھڑا رہتا ہے' تو امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہے' لیکن ان کے نزدیک افضل یہ ہے کہ وہ بیٹھ جائے۔ (نہایہ)

## اذان واقامت کے درمیان دعا مانگنا

مسئلہ: اذان اور اقامت کے درمیانی وقت میں دعا مانگنا مستحب ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اذان کو ابتدائی وقت میں کہنا چاہیے اور اقامت درمیانی وقت میں کہنی چاہیے' تاکہ وضو کرنے والا وضو کر کے' نوافل پڑھنے والا نوافل ادا کر کے اور قضائے حاجت کرنے والا اپنی ضرورت سے فارغ ہو جائیں۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: جو شخص اقامت کے وقت مسجد میں موجود ہو' اس کے لیے کھڑے ہو کر اقامت کا انتظار کرنا مکروہ ہے' وہ بیٹھ جائے گا' جب مؤذن حی علی الفلاح کہے گا تو اس وقت وہ شخص کھڑا ہو گا۔ (مضمرات)

مسئلہ: جب مؤذن امام نہ ہو' امام اور نمازی مسجد کے اندر موجود ہوں تو جس وقت مؤذن اقامت کہتے ہوئے حی علی الفلاح کہے گا' اس وقت امام اور نمازی کھڑے ہوں گے' تینوں فقہاء اسی بات کے قائل ہیں اور یہی قول صحیح ہے' لیکن اگر اس وقت امام مسجد سے باہر تھا تو اگر وہ صف کی طرف سے مسجد میں داخل ہوتا ہے' تو جس صف میں وہ داخل ہو گا' وہ صف کھڑی ہو جائے گی۔

مسئلہ: شمس الائمہ حلوانی اور سرخسی نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

مسئلہ: اگر امام مسجد میں سامنے کی طرف سے آتا ہے' تو امام کو دیکھتے ساتھ ہی سب لوگ کھڑے ہو جائیں گے' اگر امام ہی اقامت کہہ رہا ہو اور اقامت مسجد کے اندر کہہ رہا ہو' تو جب تک وہ اقامت سے فارغ نہیں ہو گا' نمازی کھڑے نہیں ہوں گے لیکن اگر وہ مسجد کے باہر اقامت کہتا ہے' تو مشائخ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جب تک امام مسجد میں داخل نہیں ہوتا' مسجد میں

Marfat.com

نمازی کھڑے نہیں ہوں گے۔

## اذان کا جواب دینا واجب ہے

مسئلہ: اسی مسئلے سے متعلق ایک حکم یہ بھی ہے کہ اذان کا جواب دینا سننے والے پر واجب ہے اور جواب دینے کا طریقہ یہ ہے کہ مؤذن جو الفاظ کہتا ہے' سننے والا بھی وہی الفاظ کہے گا' البتہ حی علی الصلوٰۃ کے جواب میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے گا اور حی علی الفلاح کے جواب میں ماشاء اللہ کان مالم یشاء لم یکن کہے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: اسی طرح الصلوٰۃ خیر من النوم کے جواب میں سننے والا صدقت وبررت کہے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: جب کوئی شخص چل رہا ہو اور اسی دوران اذان کی آواز آ جائے تو بہتر یہ ہے کہ وہ تھوڑی دیر کے لیے ٹھہر جائے اور اذان کا جواب دے۔ (قنیہ)

مسئلہ: اقامت کا جواب دینا مستحب ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اقامت کہنے والا جب قد قامت الصلوٰۃ کہے گا تو سننے والا یہ الفاظ کہے گا: اقامها اللہ وادامها ما دامت السموات والارض (اللہ تعالیٰ اس نماز کو اس وقت تک قائم و دائم رکھے جب تک آسمان اور زمین قائم و دائم ہیں)۔

مسئلہ: باقی کلمات میں اسی طرح جواب دے گا' جس طرح اذان کا جواب دیتا ہے۔ (فتاویٰ غرائب)

مسئلہ: اذان اور اقامت کا جواب دیتے وقت آدمی کوئی بات چیت نہ کرے اور قرآن کی تلاوت نہ کرے' صرف ان کا جواب دینے کے علاوہ اور کوئی کام نہ کرے' اگر کوئی شخص اس وقت قرآن کی تلاوت کر رہا ہو' تو تلاوت کو چھوڑ کر اذان اور اقامت کو سنے اور اس کا جواب دینے میں مشغول ہو۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: اگر کوئی شخص اقامت کے وقت دعا مانگ رہا ہو' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر ایک مسجد میں کئی مؤذن مقرر ہیں اور وہ آگے پیچھے آتے ہیں' تو جو پہلے آئے گا تو اسی کا حق ہوگا کہ وہ اذان دے۔ (کفایہ)

•••———•••———•••

# 5 - باب كَيْفَ الْاَذَانُ

باب: اذان کس طرح دی جائے گی؟

630 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ اَبِىْ مَحْذُوْرَةَ قَالَ عَلَّمَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ فَقَالَ

630-تقدم في الاذان، خفض الصوت في الترجيع في الاذان (الحديث 628) .

Marfat.com

"اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ يَعُوْدُ فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ."

☆☆ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اذان دینے کا طریقہ تعلیم دیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ

(پھرانہوں نے اسے دہرایا اور کہا:) اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

## شرح

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ انہی کلمات کے ذریعے اذان دی جائے گی جو معروف ہیں اور جو منقول بھی ہیں اور یہ تواتر کے ساتھ منقول ہیں ان میں کوئی اضافہ یا کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

اذان کے کلمات دو دو مرتبہ ادا کیے جائیں گے۔

اسی طرح تمام فقہاء کا اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ تثویب بھی کی جائے گی یعنی فجر کی اذان میں "حی علی الفلاح" کہنے کے بعد "الصلوٰۃ خیر من النوم" دو مرتبہ پڑھا جائے گا۔

کیونکہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث سے یہ بات ثابت ہے۔

اسی طرح حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث میں بھی یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فجر کی اذان میں تثویب کہنے کا حکم دیا تھا۔

631 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ وَيُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَيْرِيْزٍ اَخْبَرَهُ - وَكَانَ يَتِيْمًا فِيْ حَجْرِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ حَتّٰى جَهَّزَهُ اِلَى الشَّامِ - قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ مَحْذُوْرَةَ اِنِّيْ خَارِجٌ اِلَى الشَّامِ وَاَخْشٰى اَنْ اُسْاَلَ عَنْ تَاْذِيْنِكَ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ اَبَا مَحْذُوْرَةَ قَالَ لَهُ خَرَجْتُ فِيْ نَفَرٍ فَكُنَّا بِبَعْضِ طَرِيْقِ حُنَيْنٍ مَقْفَلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ فَلَقِيَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى

631-تقدم في الاذان، خفض الصوف في الترجيع في الاذان (الحديث 628) .

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاۃِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْنَا صَوْتَ الْمُؤَذِّنِ وَنَحْنُ عَنْہُ مُتَنَکِّبُوْنَ فَظَلِلْنَا نَحْکِیْہِ وَنَھْزَاُ بِہٖ فَسَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الصَّوْتَ فَاَرْسَلَ اِلَیْنَا حَتّٰی وَقَفْنَا بَیْنَ یَدَیْہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ "اَیُّکُمُ الَّذِیْ سَمِعْتُ صَوْتَہٗ قَدِ ارْتَفَعَ ۔" فَاَشَارَ الْقَوْمُ اِلَیَّ وَصَدَقُوْا فَاَرْسَلَھُمْ کُلَّھُمْ وَحَبَسَنِیْ فَقَالَ "قُمْ فَاَذِّنْ بِالصَّلَاۃِ ۔" فَقُمْتُ فَاَلْقٰی عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ التَّاْذِیْنَ ھُوَ بِنَفْسِہٖ قَالَ "قُلِ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔" ثُمَّ قَالَ "ارْجِعْ فَامْدُدْ صَوْتَکَ ۔" ثُمَّ قَالَ "قُلْ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔" ثُمَّ دَعَانِیْ حِیْنَ قَضَیْتُ التَّاْذِیْنَ فَاَعْطَانِیْ صُرَّۃً فِیْھَا شَیْءٌ مِّنْ فِضَّۃٍ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مُرْنِیْ بِالتَّاْذِیْنِ بِمَکَّۃَ ۔ فَقَالَ "قَدْ اَمَرْتُکَ بِہٖ ۔" فَقَدِمْتُ عَلٰی عَتَّابِ بْنِ اَسِیْدٍ عَامِلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَکَّۃَ فَاَذَّنْتُ مَعَہٗ بِالصَّلَاۃِ عَنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ عبداللہ بن محیریز نے یہ بات بیان کی ہے: یہ صاحب جب یتیم تھے' اس وقت حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے زیرِ پرورش رہے تھے۔ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نے انہیں سازوسامان کے ہمراہ شام بھیجا۔ یہ کہتے ہیں' کہ میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے کہا: میں شام جانے والا ہوں۔ مجھے یہ اندیشہ ہے' کہ مجھ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان دینے کے بارے میں دریافت کیا جائے گا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بارے میں بتادیں' حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نے ان صاحب کو بتایا:

میں کچھ لوگوں کے ساتھ جارہا تھا' ہم حنین کی طرف جارہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حنین سے واپس تشریف لا رہے تھے' راستے میں کسی جگہ ہمارا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سامنا ہوا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اذان دی' ہم نے مؤذن کی آواز (دور سے) سنی اور اس سے اعراض کیا' پھر ہم نے اس کا مذاق اُڑانے کے طور پر اس کے کلمات کو دُہرانا شروع کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آواز سن لی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بلایا تو ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لاکر کھڑا کردیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا:

تم میں سے کس شخص کی آواز کو میں نے سنا ہے' اس کی آواز بلند تھی' تو (میرے ساتھیوں نے) میری طرف اشارہ کیا' انہوں نے ٹھیک ہی کہا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کو جانے کے لیے کہا اور مجھے روک لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم اُٹھو اور نماز کے لیے اذان دو' میں کھڑا ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اذان کے کلمات بذاتِ خود سکھائے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ پڑھو:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اب ان کلمات کو دہراؤ اور اپنی آواز کو کھینچو' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ پڑھو:

Marfat.com

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

جب میں نے اذان مکمل کر لی تو آپ ﷺ نے مجھے بلایا' اور آپ ﷺ نے مجھے ایک تھیلی دی' جس میں کچھ چاندی موجود تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ﷺ مجھے مکہ میں اذان دینے کی اجازت دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہیں اس کی اجازت دی۔

راوی بیان کرتے ہیں' پھر میں حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' جو نبی اکرم ﷺ کی طرف سے مکہ کے گورنر تھے' تو میں نے نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت نماز کے لیے اذان دینا شروع کی۔

## 6 - بَابُ الْاَذَانِ فِي السَّفَرِ .

### باب: سفر کے دوران اذان دینا

632 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ السَّائِبِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ وَاُمُّ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ عَنْ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ قَالَ لَمَّا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ خَرَجْتُ عَاشِرَ عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ نَطْلُبُهُمْ فَسَمِعْنَاهُمْ يُؤَذِّنُوْنَ بِالصَّلَاةِ فَقُمْنَا نُؤَذِّنُ نَسْتَهْزِءُ بِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "قَدْ سَمِعْتُ فِيْ هٰؤُلَاءِ تَاَذِّيْنَ اِنْسَانٍ حَسَنِ الصَّوْتِ ." فَاَرْسَلَ اِلَيْنَا فَاَذَّنَّا رَجُلٌ رَجُلٌ وَّكُنْتُ اٰخِرَهُمْ فَقَالَ حِيْنَ اَذَّنْتُ "تَعَالَ ." فَاَجْلَسَنِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ فَمَسَحَ عَلٰى نَاصِيَتِيْ وَبَرَّكَ عَلَيَّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ "اذْهَبْ فَاَذِّنْ عِنْدَ الْبَيْتِ الْحَرَامِ ." قُلْتُ كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلَّمَنِيْ كَمَا تُؤَذِّنُوْنَ الْاٰنَ بِهَا "اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰـهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ." فِي الْاُوْلٰى مِنَ الصُّبْحِ قَالَ وَعَلَّمَنِي الْاِقَامَةَ مَرَّتَيْنِ "اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰـهُ اَكْبَرُ اللّٰـهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ." قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عُثْمَانُ هٰذَا الْخَبَرَ كُلَّهُ عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ اُمِّ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ اَنَّهُمَا سَمِعَا ذٰلِكَ مِنْ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ .

☆☆ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم ﷺ حنین سے روانہ ہوئے' تو میں بھی مکہ سے تعلق رکھنے

632-تقدم في الاذان، خفض الصوف في الترجيع في الاذان (الحديث 628) .

Marfat.com

والے نوافراد کے ہمراہ روانہ ہوا۔ ہم ان لوگوں کے پیچھے تھے' ہم نے ان لوگوں کو اذان دیتے ہوئے سنا تو ہم اُٹھ کر مذاق اُڑانے کے طور پر اذان دینے لگے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے ایک اچھی آواز والے شخص کی اذان دینے کی آواز سنی ہے۔ آپ ﷺ نے ہمیں بلوایا تو ہمیں ایک ایک کر کے اذان دینے کا کہا' میں ان سب سے آخر میں تھا' جب میں نے اذان دی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم آگے آ جاؤ' پھر آپ ﷺ نے مجھے اپنے سامنے بٹھایا' آپ ﷺ نے میری پیشانی پر ہاتھ پھیرا اور تین مرتبہ میرے لیے برکت کی دعا کی' پھر ارشاد فرمایا: تم جاؤ اور بیت الحرام کے قریب اذان دیا کرو' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے دیا کروں؟ (راوی کہتے ہیں:) تو نبی اکرم ﷺ نے مجھے اسی طریقے سے اذان کے کلمات سکھائے' جس طرح تم لوگ آج کل اذان دیتے ہو۔ (جو درج ذیل ہیں:)

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاةِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

فجر کی پہلی اذان میں یہ کلمات کہنے ہیں:

اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ۔ ''نماز نیند سے بہتر ہے''۔

راوی کہتے ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اقامت کے کلمات بھی سکھائے' جو دو مرتبہ تھے (وہ درج ذیل ہیں:)

''اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاةِ حَیَّ عَلَی الصَّلَاةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ''

## 7 - باب اَذَانِ الْمُنْفَرِدَيْنِ فِي السَّفَرِ ۔

### باب: جب دو آدمی سفر کر رہے ہوں' تو ان کا اذان دینا

633 - اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ وَّكِيْعٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ

633-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاذان للمسافر اذا كانوا جماعة والاقامة و كذلك بعرفة و جمع (الحديث 630)، و في الجهاد، باب سفر الاثنين (الحديث 2848) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من احق بالا مامة(الحديث 293) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الاذان في السفر (الحديث 205) . واكرجه النسائي في الامامة، تقديم ذوي السن (الحديث 780) و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة، باب من احق بالا مامة (الحديث 979) والحديث عند: البخاري في الاذان، باب من قال: ليوذن في السفر موذن واحد (الحديث 628) مطولًا، وباب الاذان للمسافر اذا كانوا جماعة و الاقامة (الجديث 231) مطولًا، وباب اثنان فما فوقهما جماعة (الحديث 658)، وباب اذا استووا في القرائة فليومهم اكبرهم (الحديث 685) مطولًا و باب الماك بين السجدتين (الحديث 819) و في الادب، باب رحمة الناس و البهائم (الحديث 6008) مطولًا، و في اخبار الآحاد (الحديث 7246) مطولاً . و مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 292) مطولاً . و ابي داوٗد في الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 589) و النسائي في الاذان، اجتزاء المرء باذان غيره في الحضر (الحديث 634)، و اقامة كل واحد لنفسه (الحديث 668) . تحفة الاشراف (11182) .

Marfat.com

الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِيْ وَقَالَ مَرَّةً اُخْرٰى اَنَا وَصَاحِبٌ لِّيْ فَقَالَ "اِذَا سَافَرْتُمَا فَاَذِّنَا وَاَقِيْمَا وَلْيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا ."

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میں اور میرا چچازاد بھائی (ہم دونوں حاضر ہوئے)۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: میں اور میرے ساتھ میرا ایک دوست تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "جب تم سفر کر رہے ہو' تو تم اذان دو اور اقامت کہو' اور تم دونوں میں جو عمر میں بڑا ہے' وہ تمہاری امامت کرے"۔

## 8 - باب اجْتِزَاءِ الْمَرْءِ بِاَذَانِ غَيْرِهٖ فِي الْحَضَرِ .

## باب: حضر کے دوران کسی بھی ایک شخص کا اذان دینا دوسروں کے لیے کافی ہوگا

634 - اَخْبَرَنِيْ زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُّتَقَارِبُوْنَ فَاَقَمْنَا عِنْدَهٗ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَّكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيْمًا رَفِيْقًا فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اِلٰى اَهْلِنَا فَسَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَاهُ مِنْ اَهْلِنَا فَاَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ "ارْجِعُوْا اِلٰى اَهْلِيْكُمْ فَاَقِيْمُوْا عِنْدَهُمْ وَعَلِّمُوْهُمْ وَمُرُوْهُمْ اِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ اَحَدُكُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ اَكْبَرُكُمْ ."

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم جوان لوگ تھے' ہماری عمریں ایک دوسرے کے قریب تھیں' ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں بیس دن ٹھہرے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے مہربان اور نرم دل تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ ہو گیا' کہ ہمیں اپنے گھر والوں کی کمی محسوس ہو رہی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے دریافت کیا' کہ ہم اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ کر آئے ہیں' ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اب تم اپنے گھر واپس چلے جاؤ' وہاں قیام کرنا' ان لوگوں کو تعلیم دینا' انہیں حکم دینا جب نماز کا وقت آ جائے' تو تم میں سے کوئی ایک شخص تمہارے لیے اذان دے اور جو شخص عمر میں تم سب سے بڑا ہو' وہ تمہاری امامت کرے۔

635 - اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلِمَةَ فَقَالَ لِيْ اَبُوْ قِلَابَةَ هُوَ حَيٌّ اَفَلَا تَلْقَاهُ . قَالَ اَيُّوْبُ فَلَقِيْتُهٗ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ لَمَّا كَانَ وَقْعَةُ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِاِسْلَامِهِمْ فَذَهَبَ اَبِيْ بِاِسْلَامِ اَهْلِ حِوَائِنَا فَلَمَّا قَدِمَ اسْتَقْبَلْنَاهُ فَقَالَ جِئْتُكُمْ وَاللّٰهِ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا فَقَالَ "صَلُّوْا صَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا وَصَلَاةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا

634-تقدم في الاذان، باب اذان المنفردين في السفر الحديث (633) .

635-اخرجه البخاري في المغازي، باب . 53 . (الحديث 4302) مطولاً . و الحديث عند: ابي داؤد في الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 585 و 586 و 587) و النسائي في القبلة، الصلاة في الازار (الحديث 766)، و في الامامة، امامة الغلام قبل ان يحتلم (الحديث 788) . تحفة الاشراف (4565) .

Marfat.com

فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ اَحَدُكُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا ۔"

☆☆ حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب مکہ فتح ہو گیا تو ہر قوم نے اسلام قبول کرنے میں جلدی کی' میرے والد بھی اپنی بستی کے لوگوں کے ہمراہ اسلام قبول کرنے کے لیے چلے گئے' جب وہ واپس آئے' تو ہم نے ان کا استقبال کیا۔ میرے والد نے بتایا: اللہ کی قسم! میں اللہ کے سچے رسول کے پاس سے آ رہا ہوں' انہوں نے یہ فرمایا ہے' کہ تم نے فلاں نماز فلاں وقت میں ادا کرنی ہے' فلاں نماز فلاں وقت میں ادا کرنی ہے۔

(اور یہ بھی فرمایا ہے) جب نماز کا وقت ہو جائے' تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور تمہاری امامت وہ شخص کرے جسے قرآن سب سے زیادہ آتا ہو۔

## 9 - باب الْمُؤَذِّنَيْنِ لِلْمَسْجِدِ الْوَاحِدِ ۔

### باب: ایک ہی مسجد میں دو مؤذن مقرر کرنا

636 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُنَادِيَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ۔"

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بلال رات میں ہی (یعنی صبح صادق ہونے سے پہلے ہی) اذان دے دیتا ہے' تو تم لوگ (سحری میں) اس وقت تک کھاتے پیتے رہا کرو' جب تک ابن اُم مکتوم اذان نہیں دیتا''۔

637 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى تَسْمَعُوا تَاْذِيْنَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ۔"

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بلال رات میں ہی (یعنی صبح صادق سے پہلے ہی) اذان دے دیتا ہے' تو تم لوگ (سحری میں) اس وقت تک کھاتے پیتے رہا کرو جب تک ابن اُم مکتوم کی اذان نہیں سن لیتے''۔

## 10 - باب هَلْ يُؤَذِّنَانِ جَمِيْعًا اَوْ فُرَادٰى ۔

### باب: کیا دونوں مؤذن ایک ساتھ اذان دیں گے؟ یا الگ' الگ دیں گے؟

638 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ

636-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاذان بعد الفجر (الحديث 620) . تحفة الاشراف (7237) .

637-اخرجه مسلم في الصيام، باب بيان ان الدخول في الصوم يحصل بطلوع الفجر، و ان له الاكل و غيره حتى يطلع الفجر، و بيان صفة الفجر الذي تتعلق به الاحكام من الدخول في الصوم، و دخول وقت صلاة الصبح و غير ذلك (الحديث 36) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الاذان بالليل (الحديث 203) . تحفة الاشراف (6909) .

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اَذَّنَ بِلَالٌ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُؤَذِّنَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ." قَالَتْ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا اِلَّا اَنْ يَّنْزِلَ هٰذَا وَيَصْعَدَ هٰذَا.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب بلال اذان دے رہا ہو' تو تم لوگ کھاتے پیتے رہا کرو' یہاں تک کہ ابن ام مکتوم اذان دے (تو کھانے پینے سے رک جایا کرو)"۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ ان دونوں کی اذان کے درمیان صرف اتنا فرق ہوتا تھا کہ وہ نیچے اتر رہے ہوتے تھے اور یہ چڑھ رہے ہوتے تھے۔

639 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هُشَيْمٍ قَالَ اَنْبَاَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمَّتِهٖ اُنَيْسَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اَذَّنَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَاِذَا اَذَّنَ بِلَالٌ فَلَا تَاْكُلُوْا وَلَا تَشْرَبُوْا."

☆☆ سیدہ انیسہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب ابن ام مکتوم اذان دے رہا ہو' تو اس وقت تم کھا پی لیا کرو اور جب بلال اذان دے تو تم اس وقت کچھ کھایا پیا نہ کرو"۔

(اس روایت میں شاید راوی کو وہم ہوا ہے۔)

## 11 - باب الْاَذَانِ فِيْ غَيْرِ وَقْتِ الصَّلَاةِ

## باب: نماز کے وقت سے پہلے ہی اذان دے دینا

640 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ لِيُوْقِظَ نَائِمَكُمْ وَلِيَرْجِعَ قَائِمَكُمْ وَلَيْسَ اَنْ

638-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاذان قبل الفجر (الحديث 622 و 623) مختصرًا، و في الصوم، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم (لا يمنعنكم من سحوركم اذان بلال) (الحديث 1918و 1919) . و اخرجه مسلم في الصيام، باب بيان ان الدخول في الصوم يحصل بطلوع الفجر، وان له الاكل وغيره و حتى يطلع الفجر، و بيان صفة الفجر الذي تتعلق به الاحكام من الدخول في الصوم و دخول وقت صلاة الصبح و غير ذلك (الحديث 38) . والحديث عند: مسلم في الصلاة، باب استحباب اتخاذ موذنين للمسجد الواحد (الحديث 27) . تحفة الاشراف (17535) .

639-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15783) .

640-اخرجه البخاري في الاذان، باب الاذان قبل الفجر (الحديث 621) مطولًا، و في الطلاق، باب الاشارة في الطلا و الامور (الحديث 5298) مطولًا، و في اخبار الاحاد (الحديث 7247) مطولاً . و اخرجه مسلم في الصيام، باب بيان ان الدخول في الصوم يحصل بطلوع الفجر، و ان له الاكل وغيره حتى يطلع الفجر و بيان صفة الفجر تتعلق به الاحكام من الدخول في الصوم و دخول وقت صلاة الصبح، وغير ذلك (الحديث 39 و40) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الصوم، باب وقت السحور (الحديث 2347) مطولاً . و اخرجه النسائي في الصيام، كيف الفجر (الحديث 2169) و اخرجه ابن ماجه في الصيام ، باب ما جاء في تاخير السحور (الحديث 1696) مطولاً . تحفة الاشراف (9375) .

Marfat.com

يَقُوْلَ هٰكَذَا ." يَعْنِيْ فِي الصُّبْحِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بلال رات میں ہی اذان دے دیتا ہے تاکہ سوئے ہوئے شخص کو بیدار کر دے اور نوافل ادا کرنے والا (سحری کرنے کے لیے اپنے گھر) واپس چلا جائے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح صادق کے بارے میں فرمایا تھا: وہ اس طرح ظاہر نہیں ہوتی۔

شرح

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ، امام محمد اور سفیان ثوری اس بات کے قائل ہیں۔ فجر کی اذان اس وقت تک نہیں دی جاسکتی جب تک صبح صادق نہیں ہو جاتی۔

جبکہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: فجر کی اذان صبح صادق ہونے سے پہلے دی جاسکتی ہے۔

## 12 - باب وَقْتِ اَذَانِ الصُّبْحِ .

### باب: فجر کی اذان کا وقت

641 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ سَائِلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ الصُّبْحِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَاَذَّنَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَخَّرَ الْفَجْرَ حَتّٰى اَسْفَرَ ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى ثُمَّ قَالَ "هٰذَا وَقْتُ الصَّلَاةِ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فجر کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا' کہ جیسے ہی صبح صادق ہو جائے' وہ اذان دیدیں۔ پھر اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کو مؤخر کر دیا' یہاں تک کہ روشنی ہوگئی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''یہ نماز کا وقت ہے''۔

## 13 - باب كَيْفَ يَصْنَعُ الْمُؤَذِّنُ فِيْ اَذَانِهٖ .

### باب: مؤذن اذان دیتے ہوئے کیا کرے؟

642 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ

641-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (815) .

642-اخرجه البخاري في الاذان، باب هل يتتبع المؤذن فاه هاهنا و هاهنا، و هل يلتفت في الاذان (الحديث 634) بمعناه . تحفة الاشراف (11807) .

Marfat.com

قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ بِلَالٌ فَاَذَّنَ فَجَعَلَ يَقُولُ فِي اَذَانِهِ هٰكَذَا يَنْحَرِفُ يَمِينًا وَّشِمَالًا .

☆☆ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے اذان دینا شروع کی تو اذان کے دوران انہوں نے اس طرح کیا' یعنی دائیں اور بائیں طرف گھومے تھے۔

## شرح

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں فقہائے احناف اس بات کے قائل ہیں: اذان میں کلمہ شہادت پڑھتے وقت قبلہ کی طرف رخ کیا جائے گا۔

تاہم ''حی علی الصلوٰۃ''، ''حی علی الفلاح'' کہتے وقت اپنے سر کو دائیں طرف اور بائیں طرف پھیرا جائے گا اور اگر کوئی شخص اپنے منارے میں گھوم جاتا ہے' تو یہ بہتر ہے۔

سفیان ثوری بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ تاہم انہوں نے منارے میں گھومنے کا تذکرہ نہیں کیا۔

امام مالک سے یہ سوال کیا گیا: کیا اذان دینے والا شخص گھوم سکتا ہے؟ تو انہوں نے اس بات کا انکار کیا اور فرمایا: میں اسے درست نہیں سمجھتا۔ یہ روایت ابن قاسم کی ہے۔

ابن قاسم یہ کہتے ہیں: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مجھ تک یہ روایت بھی پہنچی ہے۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے: اگر وہ منارے میں اس لئے گھومتا ہے تاکہ زیادہ لوگوں تک آواز پہنچائے تو ٹھیک ہے' ورنہ درست نہیں ہوگا۔

لیث بن سعد فرماتے ہیں: مؤذن جہاں اذان دے رہا ہے وہ وہیں کھڑا رہے گا۔ جب تک کہ وہ اپنی اذان سے مکمل طور پر فارغ نہیں ہو جاتا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: مؤذن ''حی علی الصلوٰۃ'' اور ''حی علی الفلاح'' کہتے وقت اپنے سر کو دائیں اور بائیں طرف گھمائے گا تاہم اس کے پاؤں اپنی جگہ پر موجود رہیں گے۔

## 14 - باب رَفْعِ الصَّوْتِ بِالْاَذَانِ .

### باب: بلند آواز میں اذان دینا

643 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ قَالَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ الْاَنْصَارِيُّ الْمَازِنِيُّ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ لَهُ اِنِّي اَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ فَاِذَا كُنْتَ فِي غَنَمِكَ اَوْ بَادِيَتِكَ فَاَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ فَاِنَّهُ لَا يَسْمَعُ مَدَى

643-اخرجه البخاري في الاذان، باب رفع الصوت بالنداء (الحديث 609)، و في التوحيد، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة، و زينوا القرآن باصواتكم (الحديث 7548) . و اخرجه ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب فضل الاذان و ثواب المؤذنين (الحديث 723) . تحفة الاشراف (4105) .

Marfat.com

صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَّلَا اِنْسٌ وَّلَا شَیْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم بکریوں اور جنگل میں (یعنی آبادی سے باہر) رہنا پسند کرتے ہو تو جب تم اپنی بکریوں میں ہو تو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جنگل میں ہو تو تم نماز کے لیے اذان دو اور بلند آواز میں دو کیونکہ مؤذن کی آواز جہاں تک جاتی ہے وہاں جو بھی جن انسان یا جو بھی چیز اس آواز کو سنتی ہے تو قیامت کے دن وہ اس مؤذن کے حق میں گواہی دے گی۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بتایا ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔

644 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيْدُ - يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ - قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُّوْسَى بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ سَمِعَهٗ مِنْ فَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَلْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهٗ بِمَدِّ صَوْتِهٖ وَيَشْهَدُ لَهٗ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے:

''مؤذن کی آواز کے حساب سے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اور ہر خشک اور تر چیز اس کے حق میں گواہی دیتی ہے''۔

645 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ الْكُوْفِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ وَالْمُؤَذِّنُ يُغْفَرُ لَهٗ بِمَدِّ صَوْتِهٖ وَيُصَدِّقُهٗ مَنْ سَمِعَهٗ مِنْ رَّطْبٍ وَّيَابِسٍ وَّلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلّٰى مَعَهٗ ۔"

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے پہلی صف والوں پر رحمت نازل کرتے ہیں اور مؤذن کی آواز کے حساب سے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اور جو بھی خشک یا تر چیز اس کی آواز کو سنتی ہے اس کی تصدیق کرتی ہے اور جو شخص اس اذان کو سن کر نماز ادا کرتا ہے اس شخص کی مانند اجر بھی (مؤذن کو ملتا ہے)۔

## 15 - باب التَّثْوِيْبِ فِيْ اَذَانِ الْفَجْرِ ۔

### فجر کی اذان میں ''تثویب'' (سنت ہے)

646 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْ سَلْمَانَ عَنْ اَبِيْ

644-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب رفع الصوت بالاذان (الحديث 515) مطولاً ۔ و اخرجه ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب فضل الاذان و ثواب المؤذنين (الحديث 724) مطولاً ۔ تحفة الاشراف (15466) ۔

645-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (1888) ۔

646-انفرد به النسائي ۔ سياتي في الاذان، التثويب في اذان الفجر (الحديث 647) ۔ تحفة الاشراف (12170) ۔

Marfat.com

مَحْذُورَةَ قَالَ كُنْتُ أُؤَذِّنُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ أَقُولُ فِي أَذَانِ الْفَجْرِ الْأَوَّلِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ۔

☆☆ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اذان دیا کرتا تھا اور میں فجر کی اذان میں یہ کہتا تھا:

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

## شرح

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ فجر کی اذان میں تثویب کہی جائے گی یعنی ''حی علی الفلاح'' کے بعد ''الصلوٰۃ خیر من النوم'' کے الفاظ دو مرتبہ کہے جائیں گے۔

647 - أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ ۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَيْسَ بِأَبِي جَعْفَرٍ الْفَرَّاءِ ۔

☆☆ یہی روایت دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

امام نسائی بیان کرتے ہیں: ابوجعفر نامی راوی ابوجعفر الفراء نہیں ہے۔

# 16 - باب اٰخِرِ الْاَذَانِ ۔

## باب: اذان کا اختتام

648 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ بْنِ عِيسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ بِلَالٍ قَالَ اٰخِرُ الْأَذَانِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ۔

☆☆ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' کہ اذان کا اختتام اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ پر ہوتا ہے۔

649 - أَخْبَرَنَا سُوَيْدٌ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ كَانَ اٰخِرُ أَذَانِ بِلَالٍ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ۔ (حدیث مرسل)

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اذان کا اختتام اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ پر ہوتا تھا۔

650 - أَخْبَرَنَا سُوَيْدٌ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ مِثْلَ ذٰلِكَ ۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ اسود سے منقول ہے۔

651 - أَخْبَرَنَا سُوَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ حَدَّثَنِي

647-تقدم في الاذان، التثويب في اذان الفجر (الحديث 646) .

648-انفرد به النسائي، و سياتي في الاذان، آخر الاذان (الحديث 649و 650) . تحفة الاشراف (2031) .

649-تقدم في الاذان، آخر الاذان (الحديث 648) .

650-تقدم في الاذان، آخر الاذان (الحديث 648) .

Marfat.com

الْاَسْوَدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ مَحْذُوْرَةَ اَنَّ اٰخِرَ الْاَذَانِ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔

☆☆ اسود بن یزید' حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: اذان کا اختتام لا الہ الا اللہ پر ہوتا ہے۔

## 17 - باب الْاَذَانِ فِى التَّخَلُّفِ عَنْ شُهُوْدِ الْجَمَاعَةِ فِى اللَّيْلَةِ الْمَطِيْرَةِ ۔

### باب: جب رات کے وقت بارش ہو رہی ہو' تو اذان کے دوران جماعت میں شریک نہ ہونے کا اعلان کرنا

652 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ يَّقُوْلُ اَنْبَاَنَا رَجُلٌ مِّنْ ثَقِيْفٍ اَنَّـهٗ سَمِعَ مُنَادِىَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِىْ فِىْ لَيْلَةٍ مَطِيْرَةٍ فِى السَّفَرِ يَقُوْلُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ صَلُّوْا فِىْ رِحَالِكُمْ ۔

☆☆ عمرو بن اوس' ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعلان کرنے والے شخص کو سنا' یعنی سفر کے دوران بارش والی رات میں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن نے یہ اعلان کیا:) حي علی الصلوة' حي علی الفلاح' کے بعد کہا: صلوا فی رحالکم تم لوگ اپنی رہائش کی جگہ پر ہی نماز ادا کرلو۔

653 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَذَّنَ بِالصَّلَاةِ فِىْ لَيْلَةٍ ذَاتِ بَرْدٍ وَّرِيْحٍ فَقَالَ اَلَا صَلُّوْا فِى الرِّحَالِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ الْمُؤَذِّنَ اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ بَارِدَةٌ ذَاتُ مَطَرٍ يَّقُوْلُ اَلَا صَلُّوْا فِى الرِّحَالِ ۔

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ رات کے وقت جب سردی بھی زیادہ تھی اور ہوا بھی چل رہی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نماز کے لیے اذان دیتے ہوئے یہ کلمات کہے' اپنی رہائش گاہ پر ہی نماز ادا کرلو۔

(بعد میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے وضاحت کی) جب رات کے وقت سردی زیادہ ہوتی تھی اور بارش ہو رہی ہوتی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مؤذن کو یہ کلمات کہنے کی ہدایت کرتے تھے:

''اپنی رہائش گاہ پر ہی نماز ادا کرلو''۔

## 18 - باب الْاَذَانِ لِمَنْ يَّجْمَعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فِىْ وَقْتِ الْاُوْلٰى مِنْهُمَا ۔

### باب: جو شخص دو نمازیں ایک ساتھ پہلی نماز کے وقت میں ادا کر رہا ہو' اس کا اذان دینا

---

651-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (12171) .

652-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15706) .

653-اخرجه البخاري في الاذان، باب الرخصة في المطر و العلة ان يصلي في رحله (الحديث 666) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الصلاة في الرحال في المطر (الحديث 22) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب التخلف عن الجماعة في الليلة الباردة او الليلة المطيرة (الحديث 1063) . تحفة الاشراف (8342) .

Marfat.com

654 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتّٰى اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِّلَتْ لَهُ حَتّٰى اِذَا انْتَهٰى اِلٰى بَطْنِ الْوَادِىْ خَطَبَ النَّاسَ ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے اور عرفہ تشریف لے آئے وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیمہ نظر آیا جو وادی نمرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لگایا گیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کیا' یہاں تک کہ جب سورج ڈھل گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصواء پر پالان رکھ دیا گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے وادی کے درمیان پہنچے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو نمازوں کے درمیان کوئی نماز ادا نہیں کی۔

## 19 - بَابُ الْاَذَانِ لِمَنْ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بَعْدَ ذَهَابِ وَقْتِ الْاُوْلٰى مِنْهُمَا .

### باب: جو شخص پہلی نماز کا وقت گزر جانے کے بعد' دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرے اس کا (ان نمازوں کے لیے) اذان دینا

655 - اَخْبَرَنِىْ اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَى الْمُزْدَلِفَةِ فَصَلّٰى بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَتَيْنِ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے:

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے' یہاں تک کہ مزدلفہ تشریف لے آئے' وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور دو اقامتوں کے ہمراہ ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں نمازوں کے علاوہ کوئی اور نماز ادا نہیں کی"۔

656 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا شَرِيكٌ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

654-تقدم في المواقيت، اللجمع بين الظهر و العصر بعرفة (الحديث 603) .

655-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (2630) .

656-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (الحديث 480) .

Marfat.com

كُنَّا مَعَهُ بِجَمْعٍ فَاَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلّٰى بِنَا الْمَغْرِبَ ثُمَّ قَالَ الصَّلَاةَ . فَصَلّٰى بِنَا الْعِشَآءَ رَكْعَتَيْنِ فَقُلْتُ مَا هٰذِهِ الصَّلَاةُ قَالَ هٰكَذَا صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا الْمَكَانِ .

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ہم لوگ ان کے ہمراہ مزدلفہ میں موجود تھے' انہوں نے اذان دی' پھر اقامت کہی' پھر مغرب کی نماز پڑھائی' پھر انہوں نے فرمایا: نماز (ہونے لگی ہے) پھر انہوں نے ہمیں عشاء کی دو رکعات پڑھائیں' میں نے دریافت کیا: یہ کون سی نماز ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس جگہ پر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں اسی طرح نماز ادا کی ہے۔

## 20 - باب الْاِقَامَةِ لِمَنْ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ .

### باب: جو شخص دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرے' اس کا اقامت کہنا

657 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ وَسَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ بِجَمْعٍ بِاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ حَدَّثَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ صَنَعَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَحَدَّثَ ابْنُ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ ذٰلِكَ .

☆☆ سعید بن جبیر کے بارے میں یہ بات منقول ہے: انہوں نے مزدلفہ میں ایک اقامت کے ساتھ مغرب اور عشاء کی نماز ادا کی' پھر انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات بیان کی کہ انہوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا' اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔

658 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ - وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ - قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ بِاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ .

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مزدلفہ میں ایک اقامت کے ساتھ (دو نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں)۔

659 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ وَّكِيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَهُمَا بِالْمُزْدَلِفَةِ صَلّٰى كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بِاِقَامَةٍ وَّلَمْ يَتَطَوَّعْ قَبْلَ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا وَلَا بَعْدُ .

---

657-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (الحديث 480) .

658-تقدم في الصلاة، باب صلاة المغرب (الحديث 480) .

659-اخرجه البخاري في الحج، باب من جمع بينهما و لم يتطرع (الحديث 1673) بنحوه . و اكرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب الصلاة يجمع (الحديث 1927 و1928) بنحوه . و اخرجه النسائي في مناسك الحج، الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة (الحديث 3028) . تحفة الاشراف (6923) .

Marfat.com

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں دونمازوں کوایک ساتھ ادا کیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ہر ایک نماز الگ اقامت کے ساتھ پڑھی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں میں سے کسی بھی نماز سے پہلے یا اس کے بعد کوئی (نفل نماز) ادا نہیں کی تھی۔

## 21- باب الْاَذَانِ لِلْفَائِتِ مِنَ الصَّلَوَاتِ .

### باب: قضاء نماز ادا کرنے کے لیے اذان دینا

660 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ شَغَلَنَا الْمُشْرِكُوْنَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ عَنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يَّنْزِلَ فِي الْقِتَالِ مَا نَزَلَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ) فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَاَقَامَ لِصَلَاةِ الظُّهْرِ فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا ثُمَّ اَقَامَ لِلْعَصْرِ فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا ثُمَّ اَذَّنَ لِلْمَغْرِبِ فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابوسعید اپنے والد (حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوۂ خندق کے دن مشرکین نے ہمیں ظہر (کے وقت کے بعد کوئی) نماز ادا کرنے کا موقع نہیں دیا' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا' یہ جنگ کے دوران اللہ تعالیٰ کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے' بعد میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کر دیا تھا:

''جنگ کے دوران مسلمانوں کی مدد کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے''۔

(شام کے وقت) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' انہوں نے ظہر کی نماز کے لیے اقامت کہی تو نبی اکریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز کو اسی طرح ادا کیا۔ جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اس کے مخصوص وقت میں ادا کرتے تھے' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عصر کے لیے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز کو بھی اسی طرح ادا کیا' جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اس کے مخصوص وقت میں ادا کرتے تھے' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے مغرب کے لیے اذان دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز کو اسی طرح ادا کیا' جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے اس کے مخصوص وقت میں ادا کرتے تھے۔

## 22- باب الْاِجْتِزَاءِ لِذٰلِكَ كُلِّهِ بِاَذَانٍ وَّاحِدٍ وَّالْاِقَامَةِ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا

### باب: اس طرح کی صورتِ حال میں ان تمام نمازوں کے لیے صرف ایک اذان دینا اور ہر نماز کے لیے الگ سے اقامت کہنا بھی جائز ہے

661 - اَخْبَرَنَا هَنَّادٌ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِىْ عُبَيْدَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ

660-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (4126) .

661-تقدم في المواقيت، كيف يقضي الفائت من الصلاة (الحديث 621) .

Marfat.com

الْمُشْرِكِينَ شَغَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَرْبَعِ صَلَوَاتٍ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مشرکین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوۂ خندق کے دن چار نمازیں ادا کرنے کا موقع نہیں دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' انہوں نے اذان دی' پھر اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز ادا کی' پھر انہوں نے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کی۔

## 23 - باب الْاِكْتِفَاءِ بِالْاِقَامَةِ لِكُلِّ صَلَاةٍ .

### باب: ہر نماز کے لیے صرف اقامت پر اکتفاء کرنا

662 - اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ حَدَّثَهُمْ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُمْ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا فِي غَزْوَةٍ فَحَبَسَنَا الْمُشْرِكُونَ عَنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَلَمَّا انْصَرَفَ الْمُشْرِكُوْنَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا فَاَقَامَ لِصَلَاةِ الظُّهْرِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلَاةِ الْعَصْرِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ فَصَلَّيْنَا وَاَقَامَ لِصَلَاةِ الْعِشَاءِ فَصَلَّيْنَا ثُمَّ طَافَ عَلَيْنَا فَقَالَ "مَا عَلَى الْاَرْضِ عِصَابَةٌ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَيْرُكُمْ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم ایک جنگ میں شریک تھے' مشرکین نے ہمیں ظہر' عصر' مغرب اور عشاء کی نماز ادا نہیں کرنے دی۔ جب مشرکین واپس چلے گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موذن کو حکم دیا' اس نے ظہر کی نماز کے لیے اقامت کہی' ہم نے نماز ادا کر لی' پھر اس نے عصر کی نماز کے لیے اقامت کہی تو ہم نے نماز ادا کر لی' پھر اس نے مغرب کی نماز کے لیے اقامت کہی' ہم نے مغرب کی نماز ادا کر لی' پھر اس نے عشاء کی نماز کے لیے اقامت کہی' ہم نے وہ نماز ادا کر لی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا:

''اس وقت روئے زمین پر تمہارے علاوہ اور کوئی ایسا گروہ نہیں ہے' جو اللہ کا ذکر کرتا ہو''۔

## 24 - باب الْاِقَامَةِ لِمَنْ نَسِيَ رَكْعَةً مِّنْ صَلَاةٍ .

### باب: جو شخص نماز کی ایک رکعت کو بھول جائے' اس کے لیے اقامت کہنے کا حکم

663 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ

662-تقدم في المواقيت، كيف يقضي الفائت من الصلاة (الحديث 621) .

663-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب اذا صلى خمسًا (الحديث 1023) . تحفة الاشراف (11376) .

Marfat.com

حُدَيْجٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمًا فَسَلَّمَ وَقَدْ بَقِيَتْ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةٌ فَاَدْرَكَهُ رَجُلٌ فَقَالَ نَسِيتَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَاَمَرَ بِلَالًا فَاَقَامَ الصَّلَاةَ فَصَلّٰى لِلنَّاسِ رَكْعَةً فَاَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ النَّاسَ فَقَالُوْا لِيْ اَتَعْرِفُ الرَّجُلَ قُلْتُ لَا اِلَّا اَنْ اَرَاهُ فَمَرَّ بِيْ فَقُلْتُ هٰذَا هُوَ ۔ قَالُوْا هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ ۔

☆☆ حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا حالانکہ نماز کی ایک رکعت باقی تھی' ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں ایک رکعت بھول گئے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' انہوں نے نماز کے لیے اقامت کہی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو ایک رکعت نماز پڑھائی۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے لوگوں کو یہ حدیث سنائی تو انہوں نے مجھ سے پوچھا: کیا آپ ان صاحب کو پہچانتے ہیں (جنہوں نے جا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جا کر یہ کہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رکعت ادا کرنا بھول گئے ہیں)

میں نے جواب دیا: نہیں! (البتہ اگر میں اسے دیکھوں گا' تو پہچان لوں گا) پھر وہ صاحب میرے پاس سے گزرے تو میں نے کہا: یہ وہ صاحب ہیں' تو لوگوں نے بتایا: یہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

## 25 - باب اَذَانِ الرَّاعِى ۔

### باب: چرواہے کا اذان دینا

664 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُبَيِّعَةَ اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَفَرٍ فَسَمِعَ صَوْتَ رَجُلٍ يُؤَذِّنُ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ - قَالَ الْحَكَمُ لَمْ اَسْمَعْ هٰذَا عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى - قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ هٰذَا لَرَاعِىْ غَنَمٍ اَوْ رَجُلٌ عَازِبٌ عَنْ اَهْلِهِ ۔" فَهَبَطَ الْوَادِىَ فَاِذَا هُوَ بِرَاعِىْ غَنَمٍ وَّاِذَا هُوَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ قَالَ "اَتَرَوْنَ هٰذِهِ هَيِّنَةً عَلٰى اَهْلِهَا ۔" قَالُوْا نَعَمْ ۔ قَالَ "الدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلٰى اَهْلِهَا ۔"

☆☆ حضرت عبداللہ بن ربیعہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اذان دیتے ہوئے سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جواب کے طور پر) اس کے کلمات کو دہرایا' پھر ارشاد فرمایا:

''یہ شخص یا تو ریوڑ کا چرواہا ہو گا یا اپنے گھر والوں سے دور رہ رہا ہو گا''۔

جب لوگوں نے اس معاملے کی تحقیق کی تو وہ بکریوں کا چرواہا تھا۔ (اس روایت کے الفاظ کچھ مختلف بھی نقل ہوئے ہیں)۔

(راوی کہتے ہیں) وہاں ایک مردار بکری بھی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا کیا خیال ہے؟ کیا یہ اپنے مالک کے نزدیک بے حیثیت ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جتنی یہ اپنے مالک کے نزدیک بے حیثیت ہے' دنیا' اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ بے حیثیت ہے۔

664-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (5251) .

Marfat.com

## 26 - باب الْاَذَانِ لِمَنْ يُصَلِّي وَحْدَهُ .

### باب: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کا اذان دینا

665 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ اَبَا عُشَّانَةَ الْمَعَافِرِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "يَعْجَبُ رَبُّكَ مِنْ رَّاعِىْ غَنَمٍ فِىْ رَاْسِ شَظِيَّةِ الْجَبَلِ يُؤَذِّنُ بِالصَّلَاةِ وَيُصَلِّي فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِىْ هٰذَا يُؤَذِّنُ وَيُقِيْمُ الصَّلَاةَ يَخَافُ مِنِّىْ قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِىْ وَاَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ ."

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تمہارا پروردگار بکریوں کے اس چرواہے سے بہت خوش ہوتا ہے' جو کسی پہاڑ کی چوٹی پر ہوتا ہے اور نماز کے لیے اذان دیتا ہے اور پھر نماز ادا کرتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''میرے اس بندے کو دیکھو جو اذان دے کر نماز ادا کر رہا ہے' یہ ایسے اس لیے کر رہا ہے' کیونکہ یہ مجھ سے ڈرتا ہے' میں نے اپنے بندے کی مغفرت کر دی اور میں اسے جنت میں داخل کروں گا''۔

## 27 - باب الْاِقَامَةِ لِمَنْ يُصَلِّي وَحْدَهُ .

### باب: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کا اقامت کہنا

666 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا هُوَ جَالِسٌ فِىْ صَفِّ الصَّلَاةِ الْحَدِيْثَ .

☆☆ حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی صف میں تشریف فرما تھے (اس کے بعد آگے پوری حدیث ہے)۔

---

665-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب الاذان في السفر (الحديث 1203) تحفة الاشراف (9919) .

666-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع و السجود (الحديث 861) . اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في وصف الصلاة (الحديث 302) مطولاً . و الحديث عند: ابي ابو داوٗد في الصلاة، باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع و السجود (الحديث 857 و 858 و 859 و 860) . والنسائي في التطبيق، باب الرخصة في ترك الذكر في الركوع (الحديث 1052)، و باب الرخصة في ترك الذكر في السجود (الحديث 1135) و في السهو، باب اقل ما يجزي من عمل الصلاة (الحديث 1312 و 1313) . و ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في الوضوء على ما امر الله تعالىٰ (الحديث 460) . تحفة الاشراف (3604) .

Marfat.com

## 28 - باب كَيْفَ الْإِقَامَةُ .

### باب: اقامت کس طرح کہی جائے؟

667 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ تَمِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ مُؤَذِّنَ مَسْجِدِ الْعُرْيَانِ عَنْ اَبِى الْمُثَنّٰى مُؤَذِّنِ مَسْجِدِ الْجَامِعِ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْاَذَانِ فَقَالَ كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثْنٰى مَثْنٰى وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَرَّةً اِلَّا اَنَّكَ اِذَا قُلْتَ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ فَاِذَا سَمِعْنَا قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ تَوَضَّاْنَا ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الصَّلَاةِ .

☆☆ ابوثنیٰ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اذان کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اذان کے کلمات دو' دو مرتبہ کہے جاتے تھے اور اقامت کے کلمات ایک' ایک مرتبہ کہے جاتے تھے۔

البتہ جب تم "قد قامت الصلٰوۃ" پڑھو گے تو اسے دو مرتبہ پڑھو گے۔

جب ہم "قد قامت الصلٰوۃ" کے الفاظ سنتے تھے' تو ہم وضو کر کے نماز کے لیے نکلتے تھے۔

## 29 - باب اِقَامَةِ كُلِّ وَاحِدٍ لِنَفْسِهِ .

### باب: (جب کچھ لوگ موجود ہوں) تو ہر شخص کا اپنے لیے اقامت کہنا

668 - اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ قَالَ لِى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِصَاحِبٍ لِّى

"اِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاَذِّنَا ثُمَّ اَقِيمَا ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمَا اَحَدُكُمَا ."

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور میرے ساتھی سے یہ فرمایا تھا: جب نماز کا وقت ہو جائے' تو تم دونوں اذان دو اور تم دونوں اقامت کہو' پھر تم دونوں میں سے کوئی ایک تمہاری امامت کروا دے۔

## 30 - باب فَضْلِ التَّاْذِينِ .

### باب: اذان دینے کی فضیلت

669 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا نُودِىَ لِلصَّلَاةِ اَدْبَرَ الشَّيْطٰنُ وَلَهُ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ التَّاْذِينَ فَاِذَا قُضِىَ النِّدَاءُ اَقْبَلَ حَتّٰى اِذَا

---

667-تقدم في الاذان، تثنية الاذان (الحديث 627) .

668-تقدم في الاذان، باب اذان المنفردين في السفر (الحديث 633) .

669-اخرجه البخاري في الاذان، باب فضل التاذين (الحديث 608) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب رفع الصوت بالاذان (الحديث 516) . تحفة الاشراف (13818) .

Marfat.com

ثُوِّبَ بِالصَّلَاةِ اَدْبَرَ حَتّٰى اِذَا قُضِيَ التَّثْوِيبُ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ يَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتّٰى يَظَلَّ الْمَرْءُ اِنْ يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب نماز کے لیے اذان دی جاتی ہے' تو شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگتا ہے' اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے اور وہ اتنی دور چلا جاتا ہے جہاں تک اذان کی آواز نہ آ سکتی ہو' پھر جب اذان مکمل ہو جاتی ہے' تو وہ آ جاتا ہے' پھر جب نماز کے لیے اقامت کہی جاتی ہے' تو وہ پھر چلا جاتا ہے' یہاں تک کہ جب اقامت ختم ہو جاتی ہے' تو وہ پھر آ جاتا ہے اور آدمی کے ذہن میں طرح طرح کے خیالات پیدا کرنا شروع کر دیتا ہے اور کہتا ہے: فلاں چیز کو یاد کرو' فلاں چیز کو یاد کرو' یعنی ان چیزوں کو یاد کرواتا ہے' جو آدمی کو یاد نہیں ہوتی ہیں' یہاں تک کہ آدمی کی یہ حالت ہو جاتی ہے' کہ اُسے یہ بھی پتا نہیں چلتا کہ اس نے کتنی رکعات ادا کی ہیں''۔

# 31 - باب الْاِسْتِهَامِ عَلَى التَّاْذِيْنِ .

## باب: اذان دینے کے لیے قرعہ اندازی کرنا

670 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَّسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا عَلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا اِلَيْهِ وَلَوْ عَلِمُوْا مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اگر لوگوں کو یہ پتہ چل جائے کہ اذان دینے اور پہلی صف میں شامل ہونے کا کیا اجر و ثواب ہے' پھر انہیں صرف قرعہ اندازی کے ذریعے اس کا موقع مل سکتا ہو' تو وہ اس کے لیے قرعہ اندازی بھی کر لیں گے' اگر انہیں یہ پتہ چل جائے کہ نماز کے لیے جانے کا کیا اجر و ثواب ہے' تو وہ تیزی سے اس کی طرف جائیں گے' اگر انہیں یہ پتہ چل جائے کہ عشاء اور فجر کی نماز (باجماعت ادا کرنے) کا کیا اجر و ثواب ہے' تو وہ ضرور اس میں شریک ہوں گے' خواہ انہیں گھسٹ کر آنا پڑے''۔

### شرح

فرض نماز ادا کرنے والے شخص کے لئے قامت کہنا سنت مؤکدہ ہے۔ خواہ وہ اس وقت کی نماز ادا کر رہا ہو یا فوت شدہ نماز ادا کر رہا ہو' خواہ کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو' یا کچھ لوگ باجماعت نماز ادا کر رہے ہوں۔

مالکیوں اور شوافع کے نزدیک یہ حکم مردوں اور خواتین دونوں کے لئے ہے۔ جب کہ حنابلہ اور احناف اس بات کے قائل

670-تقدم في المواقيت، الرخصة ان يقال للعشاء العتمة (الحديث 539).

Marfat.com

ہیں: خواتین اذان نہیں کہیں گی اور اقامت بھی نہیں کہیں گی۔

فقہاء کے مابین اقامت کے بارے میں تین حوالے سے اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: اقامت کے کلمات دو دو مرتبہ ادا کیے جائیں گے' جبکہ تکبیر کے کلمات چار مرتبہ ادا کیے جائیں گے اور اس کی مثال اذان کی طرح ہے۔

البتہ اقامت میں ''حی علی الفلاح'' کہنے کے بعد ''قد قامت الصلاۃ'' کا جملہ دو مرتبہ ادا کیا جائے گا۔

اس اعتبار سے احناف کے نزدیک اقامت کے کلمات سترہ ہیں۔

مختلف روایات سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اقامت کے کلمات سترہ ہیں۔

فقہائے مالکیہ اس بات کے قائل ہیں: اقامت کے کلمات دس ہیں۔ وہ اس بات کے قائل ہیں ''قد قامت الصلاۃ'' کو ایک مرتبہ ادا کیا جائے گا۔

ان حضرات کی دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ اذان کے کلمات جفت تعداد میں اور اقامت کے کلمات طاق تعداد میں ادا کریں۔

شوافع اور حنابلہ اس بات کے قائل ہیں۔ اقامت کے کلمات گیارہ ہیں۔ تمام کلمات کو ایک' ایک مرتبہ ادا کیا جائے گا۔

البتہ ''قد قامت الصلاۃ'' کے الفاظ دو مرتبہ ادا کیے جائیں گے۔

انہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث پیش کی ہے' جس میں اس بات کا تذکرہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اقامت کے کلمات ایک' ایک مرتبہ ادا کیے جاتے تھے' تاہم ''قد قامت الصلاۃ'' کو دو مرتبہ پڑھا جاتا تھا۔

اقامت کے تمام احکام وہی ہیں' جو اذان کے احکام ہیں' تاہم اس میں مزید کچھ احکام پائے جاتے ہیں۔

اقامت کے بارے میں مستحب یہ ہے کہ اسے تیزی کے ساتھ ادا کیا جائے گا اور مذاہب اربعہ کے نزدیک مستحب یہی ہے کہ جس شخص نے اذان دی ہو وہی اقامت بھی کہے تاکہ سنت کی پیروی ہو جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

''جو شخص اذان دیتا ہے وہی اقامت کہے۔''

حنابلہ کے نزدیک یہ بات مستحب ہے' جس جگہ اذان دی گئی تھی اقامت بھی وہیں کہی جائے' کیونکہ اقامت کا بنیادی مقصد بھی اطلاع دینا ہے۔

اس لئے یہ بھی اسی جگہ پر مشروع ہوگی جہاں اذان دی گئی تھی۔

## 32 - باب اتِّخَاذِ الْمُؤَذِّنِ الَّذِیْ لَا یَاْخُذُ عَلٰی اَذَانِهٖ اَجْرًا .

باب: ایسے مؤذن کو مقرر کرنا' جو اذان دینے کا معاوضہ وصول نہ کرتا ہو

Marfat.com

671 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْنِىْ اِمَامَ قَوْمِى . فَقَالَ "اَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا ."

☆☆ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے میری قوم کا امام مقرر کر دیجئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم ان کے امام ہو' تم ان میں سے ضعیف لوگوں کا خیال رکھنا اور ایسے شخص کو مؤذن بنانا جو اذان دینے کا معاوضہ نہ لیتا ہو''۔

## 33 - باب الْقَوْلِ مِثْلَ مَا يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ .

## باب: مؤذن جو کہتا ہو' اس کی مانند کلمات کہنا

672 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِى سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب تم اذان سنو تو اس کی مانند کلمات کہو جو مؤذن کہتا ہے''۔

### شرح

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان منقول ہے کہ ''مؤذن جو کہتا ہے تم بھی اس کی مانند کہو''۔

علامہ ابن عبدالبر فرماتے ہیں: علماء نے اس کے مفہوم کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔

بعض علماء اس بات کے قائل ہیں: جو شخص اذان سنتا ہے وہ اسی کی مانند کلمات کہے گا۔ جو مؤذن کہتا ہے اور اذان کے آغاز سے لے کر اختتام تک وہی کلمات دہرائے گا جو مؤذن نے کہے تھے۔

ان حضرات نے اس حدیث کے ظاہر کو اپنی دلیل کے طور پر پیش کیا ہے اور اس کے عموم سے استدلال کیا ہے۔

سیدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب میرے پاس موجود ہوتے ہوئے مؤذن کو سنتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی

---

671-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب اخذ الاجر على التاذين (الحديث 531) . والحديث عند: ابن ما جه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب من ام قومًا فليخفف (الحديث 987) . تحفة الاشراف (9770) .

672-اخرجه البخاري في الاذان، باب ما يقول اذا سمع المنادي (الحديث 611) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه ثم يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ثم يسال الله له الوسيلة (الحديث 10) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يقول اذا سمع المؤذن (الحديث 522) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء ما يقول الرجل اذا اذن المؤذن (الحديث 208) . واخرجه ابن ما جه في الاذان و السنة فيها، باب ما يقال اذا اذن المؤذن (الحديث 720) . تحفة الاشراف (4150) .

Marfat.com

کلمات کہا کرتے تھے جو مؤذن کہہ رہا ہوتا تھا یہاں تک کہ آپ ﷺ خاموش ہو جاتے۔

اسی طرح بعض دیگر روایات میں یہی بات منقول ہے کہ جو کلمات مؤذن کہتا ہے اس کی مانند کلمات کہے جائیں گے۔

جبکہ بعض اہل علم اس بات کے قائل ہیں کہ مؤذن جو کہتا ہے اسی کی مانند کلمات کہے جائیں گے البتہ ''حی علی الصلاۃ'' اور ''حی علی الفلاح'' کے جواب میں ''لاحول ولاقوۃ الا باللہ'' پڑھا جائے گا۔

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کو پیش کیا ہے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کو پیش کیا ہے۔

تاہم حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کے الفاظ میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

## 34 - باب ثَوَابِ ذٰلِكَ .

### باب: (اذان کا جواب دینے) کا اجر وثواب

673 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْاَشَجِّ حَدَّثَهُ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ خَالِدِ الزُّرَقِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّضْرَ بْنَ سُفْيَانَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِلَالٌ يُنَادِيْ فَلَمَّا سَكَتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ قَالَ مِثْلَ هٰذَا يَقِيْنًا دَخَلَ الْجَنَّةَ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دینے کے لیے کھڑے ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص اس کی مانند کلمات کہتا ہے (یعنی اذان کا جواب دیتا ہے) وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

## 35 - باب الْقَوْلِ مِثْلَ مَا يَتَشَهَّدُ الْمُؤَذِّنُ .

### باب: مؤذن شہادت کے جو کلمات پڑھتا ہے' اس کی مانند کلمات پڑھنا

674 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَاَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ فَكَبَّرَ اثْنَتَيْنِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَتَشَهَّدَ اثْنَتَيْنِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَتَشَهَّدَ اثْنَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنِيْ هٰكَذَا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ مجمع بن یحییٰ انصاری بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' مؤذن نے اذان

673-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14641) .

674-اخرجه البخاري في الجمعة، باب يجيب الامام على المنبر اذا سمع النداء (الحديث 914) بمعناه . و اخرجه النسائي في الاذان، القول مثل ما يتشهد المؤذن (الحديث 675) . تحفة الاشراف (11400) .

Marfat.com

دی' اس نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا تو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے بھی دومرتبہ تکبیر کہی' مؤذن نے اشھد ان لا الہ الا اللہ کہا تو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے بھی کلمہ شہادت دومرتبہ پڑھا۔ مؤذن نے اشھد ان محمد رسول اللہ کہا تو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے بھی یہ کلمہ دومرتبہ پڑھا' پھرانہوں نے یہ بات بیان کی کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث مجھے اسی طرح بیان کی ہے' اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے طور پر بیان کی ہے۔

675 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ مُّجَمِّعٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - يَقُوْلُ سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ الْمُؤَذِّنَ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ .

☆☆ ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے۔حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا' کہ میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ فرماتے ہیں' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤذن کو سنا تو اس کی مانند کلمات کہے' جو مؤذن نے کہے تھے۔

## 36 - باب الْقَوْلِ اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ .

### باب: جب مؤذن حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح پڑھے تو کیا' کہا جائے؟

676 - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِىُّ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى اَنَّ عِيْسَى بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ اِنِّىْ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ اِذْ اَذَّنَ مُؤَذِّنُهٗ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ كَمَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ حَتّٰى اِذَا قَالَ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَلَمَّا قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَقَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مِثْلَ ذٰلِكَ .

☆☆ علقمہ بن وقاص کہتے ہیں' کہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' اسی دوران ان کے مؤذن نے اذان دی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے وہی کلمات کہے' جو مؤذن نے کہے تھے' جب مؤذن نے حی علی الصلوٰۃ کہا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا۔

جب مؤذن نے حی علی الفلاح کہا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا۔

اس کے بعد انہوں نے وہی کلمات پڑھے جو مؤذن نے کہے تھے۔

پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی مانند کہتے ہوئے (یعنی اذان کا جواب دیتے ہوئے) سنا ہے۔

675-تقدم في الاذان ، القول مثل ما يتشهد المؤذن (الحديث 674) .

676-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11431) .

Marfat.com

## 37 - باب الصَّلاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْاَذَانِ .

### باب: اذان کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا

677 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدٌ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ اَنَّ كَعْبَ بْنَ عَلْقَمَةَ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرٍ مَوْلٰى نَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ وَصَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّهُ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِي اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ اَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِيَ الْوَسِيلَةَ حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب تم مؤذن کو (اذان دیتے ہوئے) سنو تو اُسی کی مانند کلمات کہو جو وہ کہتا ہے (اور پھر اذان ختم ہو جانے کے بعد) تم مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو شخص ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل کرتا ہے پھر تم اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلے کی دعا کرو چونکہ یہ جنت میں ایک مخصوص مقام ہے جو اللہ تعالیٰ کے کسی ایک ہی بندے کو ملے گا اور مجھے یہ پوری اُمید ہے کہ وہ ایک بندہ میں ہوں گا جو شخص میرے لیے وسیلہ کی دعا کرے گا اس کے لیے (میری) شفاعت حلال ہو جائے (یعنی اُسے میری شفاعت نصیب ہوگی)۔

## شرح

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں:

اذان کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا مستحب ہے۔ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک اذان سے فارغ ہونے کے بعد درود شریف پڑھنا سنت ہے اور یہ مؤذن اور اذان سننے والے شخص دونوں کے لئے سنت ہے جیسا کہ آگے آنے والی حدیث میں اس بات کا تذکرہ موجود ہے۔

اذان کے بعد نبی اکرم ﷺ پر مؤذن کے باقاعدہ بلند آواز میں درود پڑھنے کا رواج صلاح الدین ایوبی کے زمانے میں ہوا تھا۔

فقہاء نے اسے ''بدعت حسنہ'' قرار دیا ہے۔

---

677-اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب القول مثل قول المؤذن لمن سمعه ثم يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ثم يسال الله له الوسيلة (الحديث 11) و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يقول اذا سمع المؤذن (الحديث 523) . واخرجه الترمذي في المناقب، باب فضل النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3614) . تحفة الاشراف (8871) .

Marfat.com

# 38 - باب الدُّعَاءِ عِنْدَ الْاَذَانِ .

## باب: اذان کے وقت دعا کرنا

678 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنِ اللَّيْثِ عَنِ الْحُكَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ وَاَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ ."

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اذان سن کر یہ کلمات پڑھے:

''میں بھی اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں میں اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے اسلام کے دین ہونے سے راضی ہوں (یعنی ان پر ایمان رکھتا ہوں)''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

''تو اس شخص کے گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی''۔

679 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَهُ اِلَّا حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص اذان سننے کے بعد یہ دعا مانگے:

''اے اللہ! اے اس کامل دعوت اور اس کے نتیجے میں کھڑے ہونے والی نماز کے پروردگار! تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عطاء فرما! اور انہیں اس مقامِ محمود پر پہنچا دے! جس کا تو نے ان کے ساتھ وعدہ کیا ہے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:)

---

678-اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب القول مثل قول الموذن لمن سمعه ثم يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم ثم يسال الله له الوسيلة (الحديث 13) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يقول اذا سمع الموذن (الحديث 525) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء ما يقول الرجل اذا اذن الموذن من الدعاء (الحديث 210) . واخرجه ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب ما يقال اذا اذن الموذن (الحديث 721) . تحفة الاشراف (3877) .

679-اخرجه البخاري في الاذان، باب الدعاء عند النداء (الحديث 614)، و في التفسير، باب (عسى ان يبعثك ربك مقامًا محمودًا) (الحديث 4719) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما جاء في الدعاء عند الاذان (الحديث 529) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب منه آخر (الحديث 211) . واكرجه ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب ما يقال اذا اذن الموذن (الحديث 722) . تحفة الاشراف (3046) .

Marfat.com

''ایسے شخص کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت حلال ہو جائے گی (یعنی اسے میری شفاعت نصیب ہوگی)''۔

شرح

اذان کے بعد نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کے بعد دعا مانگنا بھی سنت ہے۔ تاہم اس دعا کے کلمات کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مختلف راویوں نے الفاظ کی کمی وبیشی کے ہمراہ یہ دعا نقل کی ہے۔

## 39 - باب الصَّلَاةِ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ ۔

### باب: اذان اور اقامت کے درمیان نماز ادا کرنا

680 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ كَهْمَسٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ''بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلَاةٌ بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلَاةٌ بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلَاةٌ لِّمَنْ شَاءَ ۔''

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہر دو اذانوں (یعنی اذان اور اقامت) کے درمیان نماز ادا کی جائے گی۔ ہر دو اذانوں (یعنی اذان اور اقامت) کے درمیان نماز ادا کی جائے گی۔ ہر دو اذانوں (یعنی اذان اور اقامت) کے درمیان نماز ادا کی جائے گی''۔

(یہ حکم اس شخص کے لیے ہے) جو (اس دوران نماز ادا کرنا) چاہے۔

شرح

یہاں امام نسائی نے جو ترجمۃ الباب نقل کیا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اذان ہو جانے کے بعد با جماعت نماز ہونے سے پہلے سنتیں ادا کی جاتی ہیں۔ ان میں سنت مؤکدہ اور غیر مؤکدہ دونوں شامل ہیں۔

حدیث کے الفاظ ''جو چاہے'' کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ سنتیں ادا کرنا واجب نہیں ہے اور متن کے الفاظ میں ''دو اذانوں'' سے مراد ''اذان اور اقامت'' ہے جیسا کہ مصنف نے ترجمۃ الباب میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے۔

تاہم یہ حدیث اور اس جیسی دیگر احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعات ادا کرنا جائز ہے۔ بلکہ انہیں ادا کرنا مستحب ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

تاہم علامہ ابوالحسن سندھی کا یہ قول ہے محل نظر ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے مغرب کی نماز جلدی ادا کرنے کی ترغیب دی

680-اخرجه البخاري في الاذان ، باب كم بين الاذان و الاقامة و من ينتظر الاقامة (الحديث 624)، و باب بين كل اذانين صلاة لمن شاء (الحديث 627) . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب بين كل اذانين صلاة (الحديث 304) . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الصلاة قبل المغرب (الحديث 1283) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الصلاة قبل المغرب (الحديث 185) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة، باب ما جاء في الركعتين قبل المغرب (الحديث 1162) . تحفة الاشراف (9658) .

Marfat.com

ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک قول کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مغرب کا وقت صرف اتنا ہوتا ہے جتنی دیر میں پانچ رکعات ادا کی جاسکیں لہٰذا اس حدیث کے حکم میں مغرب کی نماز شامل نہیں ہوگی۔

نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بھی کوئی ایسی روایت نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی اذان ہو جانے کے بعد سنتیں ادا کیا کرتے تھے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نوافل کا سب سے زیادہ اہتمام کرتے تھے۔

681 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَانَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ الْمُؤَذِّنُ اِذَا اَذَّنَ قَامَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَبْتَدِرُوْنَ السَّوَارِىَ يُصَلُّوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ كَذٰلِكَ وَيُصَلُّوْنَ قَبْلَ الْمَغْرِبِ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ شَىْءٌ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں) جب مؤذن اذان دے دیتا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے بعض حضرات اُٹھ کر تیزی سے ستون کی طرف لپکتے تھے اور نماز ادا کر لیتے تھے' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آتے تھے' تو وہ لوگ اسی طرح نماز ادا کر رہے ہوتے تھے۔

یہ لوگ مغرب سے پہلے بھی (نفل) ادا کر لیا کرتے تھے' حالانکہ اس وقت اذان اور اقامت کے درمیان زیادہ فرق نہیں ہوتا تھا۔

## 40 - باب التَّشْدِيدِ فِى الْخُرُوجِ مِنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ الْاَذَانِ .

### باب: اذان کے بعد مسجد سے باہر جانے کی شدید مذمت

682 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِى الشَّعْثَاءِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَمَرَّ رَجُلٌ فِى الْمَسْجِدِ بَعْدَ النِّدَاءِ حَتّٰى قَطَعَهٗ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ اشعث بن ابوشعثاء اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ ایک مرتبہ ایک شخص اذان ہو جانے کے بعد مسجد سے باہر چلا گیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس شخص نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی ہے۔

681-اخرجه البخاري في الاذان، باب كم بين الاذان و الاقامة، و من ينتظر الاقامة (الحديث 625) . والحديث عند: البخاري في الصلاة، باب الصلاة الى الاسطوانة (الحديث 503) . تحفة الاشراف (1112) .

682-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن الخروج من المسجد اذا اذن الموذن (الحديث 258 و 259) بنحوه . و اخرجه ابوداوٗد في الصلاة، باب الخروج من المسجد بعد الاذان (الحديث 536) بنحوه . وأخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية الخروج من المسجد بعد الاذان (الحديث 204) بنحوه . و اخرجه النسائي في الاذان، التشديد في الخروج من المسجد بعد الاذان (الحديث 683) . و اخرجه ابن ماجه في الاذان و السنة فيها، باب اذا اذن و انت في المسجد فلا تخرج (الحديث 733) بنحوه . تحفة الاشراف (13477) .

Marfat.com

## شرح

اذان ہو جانے کے بعد با جماعت نماز ہونے سے پہلے مسجد سے باہر جانا مکروہ ہے البتہ کسی عذر کی وجہ سے باہر جایا جا سکتا ہے۔ اس کی دلیل یہی مذکور بالا روایت ہے جسے امام نسائی نے یہاں نقل کیا ہے اور اس بارے میں فقہاء کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

683 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ اَبِي عُمَيْسٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ صَخْرَةَ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ ابوشعثاء بیان کرتے ہیں: ایک شخص اذان ہو جانے کے بعد مسجد سے باہر چلا گیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اس شخص نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی ہے''۔

## 41 - باب اِيذَانِ الْمُؤَذِّنِيْنَ الْاَئِمَّةَ بِالصَّلَاةِ .

### باب: مؤذن کا امام کو نماز کی اطلاع دینا (یا نماز کے لیے بلانا)

684 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ وَّيُوْنُسُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ اَخْبَرَهُمْ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُّسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَيُوْتِرُ بِوَاحِدَةٍ وَّيَسْجُدُ سَجْدَةً قَدْرَ مَا يَقْرَاُ اَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ اٰيَةً ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ فَاِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ بِالْاِقَامَةِ فَيَخْرُجُ مَعَهٗ وَبَعْضُهُمْ يَزِيْدُ عَلٰى بَعْضٍ فِي الْحَدِيْثِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کے بعد سے لے کر صبح صادق ہونے تک گیارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو رکعات کے بعد سلام پھیرتے تھے' اور ایک رکعت کے ذریعے تمام نماز کو طاق کر لیتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تھے جو اتنا طویل ہوتا تھا' جتنی دیر میں کوئی شخص پچاس آیات تلاوت کر سکتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر مبارک اُٹھا لیتے تھے۔ جب مؤذن فجر کی نماز کے لیے اذان دے کر خاموش ہوتا اور صبح صادق ہو چکی ہوتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو مختصر رکعات (یعنی فجر کی دو سنتیں) ادا کرتے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں پہلو کے بل لیٹ جایا کرتے تھے' یہاں

683-تقدم في الاذان، التشديد في الخروج من المسجد بعد الاذان (الحديث 682) .

684-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب صلاة الليل وعدد ركعات النبي صلى الله عليه وسلم في الليل، و ان الوتر ركعة و ان الركعة صلاة صحيحة (الحديث 122) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في صلاة الليل (الحديث 1337) . و الحديث عند: النسائي في السهو، باب السجود بعد الفراغ من الصلاة (الحديث 1327) . تحفة الاشراف (16573) .

Marfat.com

تک کہ اقامت کے وقت مؤذن آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا تو آپ ﷺ اس کے ساتھ تشریف لے جایا کرتے تھے۔

(امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:) اس روایت کو نقل کرتے ہوئے بعض راویوں نے دوسرے راویوں کے مقابلے میں زیادہ الفاظ نقل کیے ہیں۔

684 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ اللَّيْثِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِىْ هِلَالٍ عَنْ مَّخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ اَنَّ كُرَيْبًا مَّوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قُلْتُ كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَوَصَفَ اَنَّهُ صَلّٰى اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً بِالْوِتْرِ ثُمَّ نَامَ حَتّٰى اسْتَثْقَلَ فَرَاَيْتُهُ يَنْفُخُ وَاَتَاهُ بِلَالٌ فَقَالَ الصَّلَاةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ۔ فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَصَلّٰى بِالنَّاسِ وَلَمْ يَتَوَضَّاْ ۔

☆☆ کریب بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا' میں نے پوچھا کہ نبی اکرم ﷺ رات کے وقت کس طرح نوافل ادا کیا کرتے تھے؟ تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ گیارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے جو وتر سمیت ہوتی تھیں' پھر آپ ﷺ سو جایا کرتے تھے' پھر جب آپ ﷺ کا وزن بڑھ گیا تو میں نے آپ ﷺ کو خراٹے لیتے ہوئے بھی دیکھا۔ ایک مرتبہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز کا وقت ہو گیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ اُٹھے' آپ ﷺ نے دو رکعات نماز ادا کی' پھر آپ ﷺ نے لوگوں کو (فجر کی) نماز پڑھائی' لیکن آپ ﷺ نے (نیند سے بیدار ہونے پر ازسرنو) وضو نہیں کیا۔

## 42 - باب اِقَامَةِ الْمُؤَذِّنِ عِنْدَ خُرُوْجِ الْاِمَامِ ۔

### باب: امام کے آنے پر مؤذن کا اقامت کہنا

686 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مَّعْمَرٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ

685-اخرجه البخاري في الوضوء، باب قراءة القرآن بعد الحدث وغيره (الحديث 183) مطولًا، و في الاذان، باب اذا قام الرجل عن يسار الامام فحوله الامام الى يمينه لم تفسد صلاتهما (الحديث 698)، و في الوتر، باب ما جاء في الوتر (الهديث 992) مطولًا، و في العمل في الصلاة، باب استعانة اليد في الصلاة اذا كان من امر الصلاة (الحديث 1198) مطولًا، و في التفسير، باب (ربنا انك من تدخل النار فقد اخزيته، و ما للظالمين من انصار) (الحديث 4571) مطولًا، و باب (ربنا اننا سمعنا مناديًا ينادي للايمان) (الحديث 4572) مطولاًواخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، (الحديث 182 و183) مطولًا، و(الحديث 184) بنحوه ۔ واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب في صلاة الليل وقيامه، (الحديث 1367) مطولاً ۔ واخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في عبادة رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 252) مطولًا واخرجه النسائي في قيام الليل و تطوع النهار باب ذكر ما يستفتح به القيام (الحديث 1619) واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في كم يصلي بالليل (الحديث 1363) مطولاً ۔ و الحديث عند: البخاري في التفسير، باب (الذين يذكرون الله قيامًا و قعودًا و على جنوبهم و يتفكرون في خلق السماوات والارض) (الحديث 4570) ۔ و مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الله عاه في صلاة الليل وقيامه (الحديث 185) ۔ تحفة الاشراف (6362) ۔

686-اخرجه البخاري في الاذان، باب متى يقوم الناس اذا راوا الامام عند الاقامة (الحديث 637)، وباب لا يسعى الى الصلاة مستعجلًا و ليقم بالسكينة و الوقار (الحديث 638)، و في الجمعة، باب المشي الى الجمعة (الحديث 909) ۔ واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب متى يقوم الناس للصلاة، (الحديث 156) ۔ و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب في الصلاة تقام و لم يات الامام ينتظرونه قعودًا (الحديث 539 و540) ۔ واخرجه الترمذي في الصلاة، باب كراهية ان ينتظر الناس الامام و هم قيام عند افتتاح الصلاة (الحديث 592) ۔ و اخرجه النسائي في الامامة، قيام الناس اذا راوا الامام (الحديث 789) تحفة الاشراف (12106) ۔

Marfat.com

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَاتَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ خَرَجْتُ".

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جب نماز کے لیے اقامت کہہ دی جائے' تو اس وقت تک کھڑے نہ ہو جب تک تم مجھے آتے ہوئے نہ دیکھ لو"۔

## شرح

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں جب اقامت ہو تو نمازی نماز کے لئے کھڑے نہیں ہوں گے۔

جب تک امام کھڑا نہیں ہوتا یا امام آ نہیں جاتا۔ اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے۔

"جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو تم لوگ اس وقت تک کھڑے نہ ہو جب تک مجھے دیکھ نہ لو"

جہاں تک مقتدیوں کے نماز کے لئے کھڑے ہونے کے وقت کے تعین کا تعلق ہے۔

تو مالکیہ نے یہ بات کہی ہے: نمازی کے لئے اقامت کے وقت کھڑا ہونا جائز ہے' چاہے اس کے آغاز میں کھڑا ہو' یا بعد میں کھڑا ہو۔

لہٰذا اس کے لئے کسی حالت کے تعین کی ضرورت نہیں ہوگی' بلکہ لوگوں کی طاقت کا اندازہ لگایا جائے گا' کیونکہ کچھ لوگ بھاری بھر کم ہوتے ہیں کچھ کمزور ہوتے ہیں۔

جبکہ احناف اس بات کے قائل ہیں: نمازی "حی علی الفلاح" کے وقت کھڑے ہوں گے اور امام کے کھڑے ہو جانے کے بعد کھڑے ہوں گے۔

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: نمازیوں کے لئے یہ بات مستحب ہے' جب مؤذن "قد قامت الصلاۃ" کہے' تو وہ اس وقت کھڑے ہوں' کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت منقول ہے کہ وہ اس وقت کھڑے ہوئے تھے جب مؤذن نے "قد قامت الصلاۃ" کہا تھا۔

شوافع اس بات کے قائل ہیں: مستحب یہ ہے' نماز اقامت ہو جانے کے بعد کھڑا ہو یہ اس وقت ہے جب امام نمازی کے ساتھ مسجد میں موجود ہو اور نمازی کے لئے یہ بات ممکن ہو کہ وہ تیزی سے کھڑا ہو سکتا ہو اس طرح کہ وہ تکبیر تحریمہ میں شامل ہونے کی فضیلت حاصل کر سکتا ہو۔

اگر ایسا نہ ہو اس سے پہلے ہی کھڑا ہو جائے گا ایسی صورت میں جب کہ وہ تکبیر تحریمہ میں شریک ہو سکتا ہو۔

Marfat.com

# 8 - كِتَابُ الْمَسَاجِدِ

## مساجد (کے بارے میں روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''مساجد (کے بارے میں روایات)'' میں 46 تراجم ابواب اور 53 روایات نقل کی ہیں، جبکہ مکررات کو حذف کردیا جائے تو روایات کی تعداد 49 ہوگی۔

## 1 - باب الْفَضْلِ فِي بِنَاءِ الْمَسَاجِدِ .

### باب: مسجد تعمیر کرنے کی فضیلت

687 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''مَنْ بَنٰى مَسْجِدًا يُذْكَرُ اللّٰهُ فِيْهِ بَنَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ .''

☆☆ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص ایسی مسجد تعمیر کرتا ہے، جس میں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (یعنی نماز ادا کی جاتی ہے) تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے''۔

### شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: یہاں یہ جملہ علت بیان کرنے کے لئے ہے گویا کہ یہ کہا جارہا ہے کہ جو شخص اللہ کا گھر اس لئے بناتا ہے کہ تاکہ اس میں اللہ کا ذکر کیا جائے تو اس صورت میں اس کا مفہوم یوں ہوگا کہ اللہ کی رضا کے حصول کے لئے گھر بناتا ہے اسے یہ فضیلت حاصل ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کی طرف گھر بنانے کی نسبت مجازی اعتبار سے ہے کیونکہ تعمیر کرنے کو مجازی طور پر تخلیق کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کی نسبت حقیقی ہے۔

ابن جوزی کہتے ہیں: جو شخص مسجد پر اپنا نام تحریر کردیتا ہے یعنی اس مسجد پر جس کو اس نے تعمیر کیا ہے، تو وہ شخص مخلص نہیں ہوتا ہے۔

---

687-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (10767) .

Marfat.com

## 2 - باب الْمُبَاهَاةِ فِي الْمَسَاجِدِ

### باب: مساجد (کی تعمیر میں) ایک دوسرے کے مقابلے میں فخر کا اظہار کرنا

688 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''قیامت کی نشانیوں میں یہ بات بھی شامل ہے' کہ لوگ مساجد کی تعمیر میں (ایک دوسرے کے مقابلے میں) فخر کا اظہار کریں گے''۔

## 3 - باب ذِكْرِ اَيِّ مَسْجِدٍ وُضِعَ اَوَّلاً .

### باب: اس بات کا تذکرہ کہ کون سی مسجد سب سے پہلے بنائی گئی تھی؟

689 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ كُنْتُ اَقْرَاُ عَلٰى اَبِي الْقُرْآنَ فِي السِّكَّةِ فَاِذَا قَرَاْتُ السَّجْدَةَ سَجَدَ فَقُلْتُ يَا اَبَتِ اَتَسْجُدُ فِي الطَّرِيقِ فَقَالَ اِنِّي سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ يَقُولُ سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ اَوَّلًا قَالَ "الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ ." قُلْتُ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ "الْمَسْجِدُ الْاَقْصَى ." قُلْتُ وَكَمْ بَيْنَهُمَا قَالَ "اَرْبَعُونَ عَامًا وَّالْاَرْضُ لَكَ مَسْجِدٌ فَحَيْثُمَا اَدْرَكْتَ الصَّلَاةَ فَصَلِّ ."

☆☆ ابراہیم نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں گلی میں اپنے والد کے سامنے قرآن کی تلاوت کر رہا تھا' جب میں نے سجدے سے متعلق آیت تلاوت کی تو انہوں نے سجدۂ تلاوت کیا' میں نے دریافت کیا: اے ابا جان! کیا آپ راستے میں سجدہ کر رہے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' کہ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کون سی مسجد سب سے پہلے بنائی گئی تھی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجد الحرام' میں نے دریافت کیا: پھر کون سی بنائی گئی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد اقصیٰ' میں نے دریافت کیا: ان دونوں کے درمیان کتنا وقفہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چالیس سال کا۔

(پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:)

---

688-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في بناء المسجد (الحديث 449) . واخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب تشييد المساجد (الحديث 739) . تحفة الاشراف (951) .

689-اخرجه البخاري في الانبياء، باب . 1 . (الحديث 3366)، وباب قول الله تعالى: (ووهبنا لداود سليمان، نعم العبد انه اواب) (الحديث 3425) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، (الحديث 1 و2) . واخرجه النسائي في التفسير: سورة آل عمران، قوله تعالى: (ان ال بيت وضع للناس) (الحديث 89) . واخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب اي مسجد وضع اول (الحديث 753) . تحفة الاشراف (11994) .

Marfat.com

''تمہارے لیے تمام روئے زمین مسجد ہے (یعنی نماز ادا کرنے کے قابل ہے) تمہیں جہاں بھی نماز کا وقت آجائے' تو تم وہاں نماز ادا کرلو''۔

## شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قرطبی نے یہ بات بیان کی ہے: اس میں اشکال پایا جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مسجد حرام کی تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی تھی اور یہ بات قرآن کی نص سے ثابت ہے جبکہ مسجد اقصیٰ کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے تعمیر کیا تھا۔

اس طرح امام نسائی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس بارے میں حدیث نقل کی ہے جس کی سند صحیح ہے' جبکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے درمیان طویل عرصہ ہے۔

اہل تاریخ اس بات کے قائل ہیں: یہ عرصہ ایک ہزار سال سے زیادہ پر محیط ہے۔

قرطبی کہتے ہیں: یہ اشکال اس طرح ختم ہوسکتا ہے کہ یہ کہا جائے: آیت اور حدیث اس بات پر دلالت نہیں کرتی کہ صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہی ان مساجد کی تعمیر کی تھی۔ اس کی وجہ پہلے بیان کر چکے ہیں بلکہ ان دونوں حضرات نے ان مساجد کی تعمیر کی تجدید کی تھی کیونکہ ان دونوں مساجد کی بنیاد ان دونوں حضرات کے علاوہ کسی دوسرے نے رکھی تھی۔

یہ روایت بھی منقول ہے کہ سب سے پہلے خانہ کعبہ کی تعمیر حضرت آدم علیہ السلام نے کی تھی۔ اس بنیاد پر ایسا ہونا ممکن ہوگا کہ ان کی اولاد میں سے کسی شخص نے چالیس سال گزرنے کے بعد بیت المقدس کی تعمیر کا آغاز کیا ہو۔

(سیوطی کہتے ہیں) بلکہ میں یہ کہتا ہوں: حضرت آدم علیہ السلام نے بذاتِ خود بیت المقدس کی تعمیر کی تھی۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب ''التیجان'' میں یہ بات تحریر کی ہے۔ ابن ہشام یہ کہتے ہیں: جب حضرت آدم علیہ السلام نے خانہ کعبہ کی تعمیر مکمل کر لی' تو اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ بیت المقدس کی طرف روانہ ہوں اور وہاں اس کی تعمیر کریں تو حضرت آدم علیہ السلام نے بیت المقدس کی تعمیر بھی کی تھی اور وہاں قربانی کی تھی۔

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: علماء نے یہ بات بیان کی ہے: یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مسجد حرام تعمیر کرنا اور مسجد اقصیٰ کو حضرت سلیمان علیہ السلام کا تعمیر کرنا مراد نہیں ہے کیونکہ ان دونوں انبیاء کرام کے درمیان طویل مدت پائی جاتی ہے اور اس میں کوئی شک بھی نہیں بلکہ یہاں ان دونوں مساجد کی وہ تعمیر مراد ہے جو ان دونوں حضرات کی تعمیر سے پہلے ہوئی تھی۔

## 4 - باب فَضْلِ الصَّلَاةِ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ .

### باب: مسجد حرام میں نماز ادا کرنے کی فضیلت

690 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ مَيْمُوْنَةَ

Marfat.com

زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَنْ صَلّٰى فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَلصَّلَاةُ فِيْهِ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِيْمَا سِوَاهُ اِلَّا مَسْجِدَ الْكَعْبَةِ ."

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ جو شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں نماز ادا کرتا ہے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اس میں نماز ادا کرنا' کسی بھی دوسری جگہ پر نماز ادا کرنے کے مقابلے میں ایک ہزار گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' البتہ خانہ کعبہ والی مسجد کا حکم مختلف ہے (یعنی اس میں نماز ادا کرنے کا ثواب زیادہ ہے)''۔

## شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام سیوطی فرماتے ہیں: امام نووی نے یہ بات تحریر کی ہے۔ اس استثناء سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے کیونکہ علماء کے مابین اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں سے افضل کون سا ہے؟ اور اسی بنیاد پر یہ اختلاف بھی پایا جاتا ہے' تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ مسجد حرام کا حکم مختلف ہے۔

کیونکہ مسجد حرام میں نماز ادا کرنا میری اس مسجد میں نماز ادا کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے جب کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ مسجد حرام کا حکم مختلف ہے کیونکہ میری اس مسجد میں نماز ادا کرنا مسجد حرام میں نماز ادا کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

لیکن یہ فضیلت ایک ہزار گنا سے کم ہے۔

# 5 - باب الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ .

## باب: خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا

691 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

690-اخرجه مسلم في الحج، باب فضل الصلاة بمسجدي مكة و المدينة (الحديث 510) مطولاً . و اخرجه النسائي في مناسك الحج، فضل الصلاة في المسجد الحرام (الحديث 2898) تحفة الاشراف (18057) .

691-اخرجه البخاري في الصلاة، باب قول الله تعالى: (واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى) (الحديث 397) بمعناه، و باب الابواب و الغلق للكعبة و المساجد (الحديث 468) بنحوه، و باب الصلاة بين السواري في غير جماعة (الحديث 504) بنحوه، و (الحديث 505) مطولاً، و باب - 97 - (الحديث 506) بمعناه . و في التهجد، باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى (الحديث 1167) بنحوه، و في الحج، باب اغلاق البيت (الحديث 1598)، و باب الصلاة في الكعبة (الحديث 1599) بمعناه، وفي الجهاد، باب الردف على الحمار (الحديث 2988) بنحوه مطولاً، وفي المغازي، باب دخول النبي صلى الله عليه وسلم من اعلى مكة (الحديث 4289) بنحوه مطولاً، و باب حجة الوداع (الحديث 4400) بنحوه مطولاً . و اخرجه مسلم في الحج، باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره و الصلاة فيها و الدعاء في نواحيها كلها (الحديث 388و 389و 390 و391 و392 و393 و394) . واخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب الصلاة في الكعبة (الحديث 2023و 2034و 2035) بنحوه . و اخرجه النسائي في القبلة، مقدار ذلك (الحديث 748) بنحوه مطولاً، و في مناسك الحج، دخول البيت (الحديث 2905 و2906)، وموضع الصلاة في البيت (الحديث 2907 و 2908) واخرجه ابن ماجه في المناسك، باب دخول الكعبة (الحديث 3063) بنحوه . تحفة الاشراف (2037) .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ هُوَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّبِلَالٌ وَّعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ فَاَغْلَقُوْا عَلَيْهِمْ فَلَمَّا فَتَحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ اَوَّلَ مَنْ وَّلَجَ فَلَقِيْتُ بِلَالًا فَسَاَلْتُهُ هَلْ صَلّٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ صَلّٰى بَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ .

☆☆ سالم اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت اسامہ بن زید' حضرت بلال اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم (اندر گئے تھے) ان حضرات نے دروازہ بند کرلیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دروازہ کھولا' تو سب سے پہلے میں اندر داخل ہوا' میری ملاقات حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ہوئی' میں نے ان سے سوال کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر نماز ادا کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یمانی ستونوں کے درمیان نماز ادا کی ہے۔

## شرح

فقہاء کے نزدیک خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا درست ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا درست ہے۔خواہ فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی جائے یا اس کی سطح کے اوپر نماز ادا کی جائے تنہا نماز ادا کی جائے یا جماعت کے ساتھ ادا کی جائے۔ اگرچہ سامنے سترہ نہ بھی رکھا جائے۔

تاہم احناف کے نزدیک خانہ کعبہ کی چھت کے اُوپر نماز ادا کرنا مکروہ ہے کیونکہ اس میں بے ادبی کا پہلو پایا جاتا ہے اور خانہ کعبہ کی جو تعظیم مطلوب ہے اس کو ترک کرنا لازم آتا ہے۔ویسے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے۔

## 6 - باب فَضْلِ الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى وَالصَّلَاةِ فِيْهِ .

### باب: مسجد اقصیٰ اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت

692 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ رَّبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَنٰى بَيْتَ الْمَقْدِسِ سَاَلَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خِلَالًا ثَلَاثَةً سَاَلَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حُكْمًا يُصَادِفُ حُكْمَهُ فَاُوْتِيَهُ وَسَاَلَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مُلْكًا لَا يَنْبَغِىْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ فَاُوْتِيَهُ وَسَاَلَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ بِنَاءِ الْمَسْجِدِ اَنْ لَا يَاْتِيَهُ اَحَدٌ لَا يَنْهَزُهُ اِلَّا الصَّلَاةُ فِيْهِ اَنْ يُخْرِجَهُ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

692-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الصلاة في مسجد بيت المقدس (الحديث 1408) بنحوه . تحفة الاشراف (8844) .

Marfat.com

''جب حضرت سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس کی تعمیر شروع کی تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے تین چیزوں کا سوال کیا' ایک یہ کہ وہ ایسا فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہو' یہ چیز انہیں عطاء کر دی گئی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ایسی بادشاہی مانگی جو ان کے بعد کسی کو نہ مل سکے' تو یہ چیز بھی انہیں عطاء کر دی گئی۔ جب وہ مسجد کی تعمیر سے فارغ ہوئے' تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگی:

''جو شخص یہاں' صرف اس مسجد میں نماز ادا کرنے کی نیت سے' آئے گا' اللہ تعالیٰ اُسے اس کے گناہوں سے اس طرح پاک کر دے' جیسے وہ اس دن تھا جیسے اس کی ماں نے اُسے جنم دیا تھا''۔

شرح

مسجد اقصیٰ فلسطین کے شہر یروشلم میں ہے۔ یہ سابقہ انبیاء کا قبلہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سولہ یا سترہ ماہ تک مسجد اقصیٰ کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کی تھی۔ مسجد اقصیٰ کو بیت المقدس بھی کہا جاتا ہے۔

اس مسجد کی تعمیر نو حضرت سلیمان علیہ السلام نے کی تھی جیسا کہ اس سے پہلے ہم حدیث 689 کی شرح میں یہ بات بیان کر چکے ہیں۔

## 7- باب فَضْلِ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّلَاةِ فِيْهِ .

### باب: مسجد نبوی کی فضیلت اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت

693 - اَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ مَوْلَى الْجُهَنِيِّيْنَ وَكَانَا مِنْ اَصْحَابِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمَا سَمِعَا اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ صَلَاةٌ فِىْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰخِرُ الْاَنْبِيَاءِ وَمَسْجِدُهُ اٰخِرُ الْمَسَاجِدِ . قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لَمْ نَشُكَّ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُوْلُ عَنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُنِعْنَا اَنْ نَسْتَثْبِتَ اَبَا هُرَيْرَةَ فِىْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ حَتّٰى اِذَا تُوُفِّىَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ وَتَلَاوَمْنَا اَنْ لَا نَكُوْنَ كَلَّمْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ فِىْ ذٰلِكَ حَتّٰى يُسْنِدَهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ سَمِعَهُ مِنْهُ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ جَالَسَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ قَارِظٍ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ وَالَّذِىْ فَرَّطْنَا فِيْهِ مِنْ نَصِّ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَشْهَدُ اَنِّىْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

693-خرجه البخاري في فضل الصلاة في مسجد مكة و المدينة باب فضل الصلاة في مسجد مكة و المدينة (الحديث 1190) مختصراً . و اخرجه مسلم في الحج، باب فضل الصلاة بمسجدي مكة و المدينة (الحديث 507)، و (الحديث 508) مختصراً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في اي المساجد افضل (الحديث 325) مختصراً . و اخرجه النسائي في مناسك الحج، فضل الصلاة في المسجد الحرام (الحديث 2899) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في فضل الصلاة في المسجد الحرام و مسجد النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 1404) مختصراً . تحفة الاشراف (13464 و13551) .

Marfat.com

"فَاِنِّیْ اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ وَاِنَّهٗ اٰخِرُ الْمَسَاجِدِ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں نماز ادا کرنا باقی کسی بھی جگہ پر ایک ہزار نمازیں ادا کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے' مسجد حرام کا حکم مختلف ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد سب سے آخری مسجد ہے (یعنی جو کسی نبی کی طرف منسوب ہو)۔

ابوسلمہ اور ابوعبداللہ نامی راوی بیان کرتے ہیں' ہمیں اس بارے میں کوئی شک نہیں ہے' کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے طور پر یہ بات بیان کیا کرتے تھے' لیکن ہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کے بارے میں تسلی نہیں کر سکے' یہاں تک کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' جب ہمیں یہ بات یاد آئی تو ہم نے اس بارے میں خود کو ملامت کی کہ ہم نے اس بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بات چیت کیوں نہیں کی تا کہ وہ اس حدیث کی سند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کر دیتے' اگر انہوں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوتی۔

ایک مرتبہ ہم عبداللہ بن ابراہیم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' ہم نے اس حدیث کا تذکرہ کیا اور اس بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صراحت حاصل کرنے کے حوالے سے ہم سے جو کوتاہی ہوئی تھی' اس کا تذکرہ کیا' تو عبداللہ بن ابراہیم نے ہمیں بتایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"میں سب سے آخری نبی ہوں اور یہ سب سے آخری مسجد ہے (جو کسی نبی کی طرف منسوب ہو گی)"۔

## شرح

اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کی فضیلت کا بیان ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بیان کی ہے۔

مسجد نبوی میں ایک نماز ادا کرنا دیگر کسی بھی جگہ پر ایک ہزار نمازیں ادا کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

تاہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں ایک ہزار سے زیادہ کی حد بندی کوئی نہیں کی ہے اور اللہ تعالیٰ کا فضل بے شمار ہے۔

یہاں دوسری بات یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ یہ آخری مسجد ہے اس سے مراد یہ ہے کہ یہ وہ آخری مسجد ہے جسے کسی نبی نے تعمیر کیا ہو۔

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان تین مساجد میں سے آخری یعنی تیسری مسجد ہے جن میں نماز ادا کرنا اضافی فضیلت رکھتا ہے۔

ایک احتمال یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ مسجد سب سے آخر تک برقرار رہے گی۔

694 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ

694-اخرجه البخاري في فضل الصلاة في مسجد مكة و المدينة، باب فضل ما بين القبر و المنبر (الحديث 1195) . واخرجه مسلم في الحج، باب ما بين القبر و المنبر روضة من رياض الجنة (الحديث 500و 501) . تحفة الاشراف (5300) .

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''میرے گھر اور میرے منبر کی درمیانی جگہ جنت کا ایک باغ ہے''۔

## شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن عبدالبر تحریر کرتے ہیں علماء نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے مفہوم کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔ بعض علماء اس بات کے قائل ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ قیامت کے دن اس حصے کو اٹھایا جائے گا اور اسے جنت کا باغ بنا دیا جائے گا۔

جبکہ بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: کہ یہ الفاظ مجاز کے طور پر استعمال ہوئے ہیں۔

جن حضرات نے ان الفاظ کو مجاز کے طور پر مراد لیا ہے ان کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر لوگ یہاں تشریف فرما ہوتے تھے۔ قرآن کی تعلیم لوگ حاصل کیا کرتے تھے۔ دین اور ایمان کی تعلیم حاصل کیا کرتے تھے۔ اس لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ کو باغ کے ساتھ تشبیہ دی ہے کیونکہ لوگ یہاں آ کر علمی خوشہ چینی کرتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نسبت جنت کی طرف کی ہے بالکل اسی طرح جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

''جنت تلواروں کے سائے کے نیچے ہے۔''

یعنی جو شخص یہ عمل کرے گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

اسی طرح حدیث میں یہ بات بھی منقول ہے ''ماں جنت کا ایک دروازہ ہے۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہاں مراد یہ ہے کہ ماں کی فرمانبرداری انسان کو جنت کی طرف لے جاتی ہے۔

روایت کے یہ الفاظ ''میرے گھر'' سے مراد تمام ازواجِ مطہرات کے گھر نہیں ہیں بلکہ اس سے مراد سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا گھر ہے جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک بھی بنی اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''منبر اور عائشہ کے گھر کے درمیان کی جگہ جنت کا ایک باغ ہے۔''

اس روایت کو امام طبرانی نے معجم اوسط میں نقل کیا ہے۔

یہ بات علامہ ابن حجر نے بیان کی ہے۔

695 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ قَوَائِمَ مِنْبَرِيْ هٰذَا رَوَاتِبُ فِي الْجَنَّةِ ."

☆☆ سیدہ اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

695-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18235) .

Marfat.com

''میرے اس منبر کے پائے جنت میں گڑے ہوئے ہیں''۔

شرح

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: لفظ رواتب لفظ راتبہ کی جمع ہے۔ جو لفظ رتب سے ماخوذ ہے جس کا مطلب نصب ہونا ہے۔اور حدیث کا مطلب یہ ہے: اس مقام پر جو زمین کا حصہ ہے جہاں یہ منبر موجود ہے وہ حصہ جنت سے تعلق رکھتا ہے' لہٰذا منبر کے یہ پائے جنت میں گڑے ہوئے ہیں۔یا یہ مفہوم ہوسکتا ہے کہ انہیں جنت میں منتقل کر دیا جائے گا۔

•••——•••——•••

## 8 - باب ذِكْرِ الْمَسْجِدِ الَّذِىْ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى .

### باب: اس مسجد کا تذکرہ جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے

696 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِىْ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ تَمَارٰى رَجُلَانِ فِى الْمَسْجِدِ الَّذِىْ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ فَقَالَ رَجُلٌ هُوَ مَسْجِدُ قُبَاءٍ وَّقَالَ الْاٰخَرُ هُوَ مَسْجِدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هُوَ مَسْجِدِىْ هٰذَا ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: دو آدمیوں کے درمیان اس مسجد کے بارے میں بحث ہوگئی' جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی تھی (جس کا ذکر قرآن میں ہے)۔

اس شخص نے کہا: یہ مسجد قبا ہے۔ دوسرے شخص نے کہا: اس سے مراد مسجد نبوی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس سے مراد میری یہ مسجد ہے۔

شرح

اس روایت میں سورہ توبہ کی آیت 19 کے مراد اور مفہوم کا تعین ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''وہ مسجد کہ پہلے ہی دن جس کی بنیاد پرہیز گاری پر رکھی گئی وہ اس بات کی زیادہ حقدار ہے کہ تم اس میں قیام کرو۔''

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام جلال الدین سیوطی تحریر کرتے ہیں۔ امام نووی فرماتے ہیں: یہ حدیث اس بارے میں نص کہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی اور جس کا ذکر قرآن میں ہے۔اس سے مراد مسجد نبوی ہے۔

اور اس کے ذریعے ان حضرات کی تردید ہوجاتی ہے جو بعض مفسرین نے یہ بات بیان کی ہے۔اس سے مراد مسجد قبا ہے۔

شیخ عراقی نے شرح ترمذی میں یہ بات تحریر کی ہے۔احادیث میں بعض ایسی روایات بھی منقول ہیں جو اس بات پر دلالت

696-اخرجه مسلم في الحج، باب بيان ان المسجد الذي اسس على التقوى هو مسجد النبي صلى الله عليه وسلم بالمدينة (الحديث 514) بمعناه . واخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة التوبة) (الحديث 3099) . واخرجه النسائي في التفسير: سورة التوبة، قوله تعالى: (لمسجد اسس على التقوى من اول يوم احق ان تقوم فيه) (الحديث 248) . تحفة الاشراف (4118) .

Marfat.com

کرتی ہیں اس سے مراد مسجد قبا ہے' تاہم یہ حدیث ترجیح رکھتی ہے اور زیادہ صریح ہے۔
ابن عطیہ کہتے ہیں: اس واقعے کے ساتھ جو تفصیل زیادہ مناسبت رکھتی ہے وہ یہی ہے کہ اس سے مراد مسجد قبا ہو۔
عراقی کہتے ہیں: لیکن ابن عطیہ کو علم حدیث میں مہارت حاصل نہیں تھی۔ (جس کی وجہ سے انہوں نے یہ رائے دی تھی)

## 9 - باب فَضْلِ مَسْجِدِ قُبَاءٍ وَّالصَّلَاةِ فِيهِ .

## باب: مسجد قبا اور اس میں نماز ادا کرنے کی فضیلت

697 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِىْ قُبَاءً رَاكِبًا وَّمَاشِيًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (بعض اوقات) سوار ہو کر اور (بعض اوقات) پیدل مسجد قبا تشریف لایا کرتے تھے۔

### شرح

قبا ایک بستی کا نام ہے یہاں انصار کے گھرانے آباد تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول مبارک تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات سوار ہو کر اور کبھی پیدل بھی قبا تشریف لے جایا کرتے تھے۔

698 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَمِّعُ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكِرْمَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ قَالَ اَبِىْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ خَرَجَ حَتّٰى يَاْتِىَ هٰذَا الْمَسْجِدَ مَسْجِدَ قُبَاءٍ فَصَلّٰى فِيهِ كَانَ لَهٗ عِدْلَ عُمْرَةٍ ."

☆☆ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جو شخص (اپنے گھر سے) نکلے' اور اس مسجد تک آئے (یعنی) مسجد قبا تک آئے اور وہاں نماز ادا کرے تو اسے عمرہ کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے"۔

### شرح

اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد قباء کی فضیلت بیان کی ہے: کہ مسجد قباء میں بطور خاص جا کر نماز ادا کرنا عمرے کے برابر اجر و ثواب رکھتا ہے۔

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: یہاں روایت میں استعمال ہونے والے لفظ "عدل" میں عین پر زیر بھی پڑھی جا سکتی ہے

697-اخرجه مسلم في الحج، باب فضل مسجد قباء، و فضل الصلاة فيه و زيارته (الحديث 518) . تحفة الأشراف (7239) .

698-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الصلاة في مسجد قباء (الحديث 1412) بنحوه . تحفة الاشراف (4657) .

Marfat.com

اورزبر بھی پڑھی جاسکتی ہے اوراس کا مطلب مثل (مانند ہونا) ہے۔

ایک قول کے مطابق اگرعین پرزبر پڑھی جائے تو اس سے مراد وہ چیز ہوگی جواس کی جنس سے تعلق رکھتی ہو اوراس کی مانند ہو اوراگرعین پرزیر پڑھی جائے تو اس سے مراد وہ چیز ہوگی جواس کی مانند ہولیکن اس کی جنس سے تعلق نہ رکھتی ہو۔

اور ایک قول کے مطابق اس کے برعکس مفہوم ہوگا تاہم زیادہ مناسب یہ ہے کہ اگرزبر پڑھی جائے تو اس سے مراد وہ چیز ہوگی جوحسی اعتبار سے اس کے مشابہ ہو اوراگراس پرزبر پڑھی جائے تو اس سے مراد وہ چیز ہوگی جومعنوی اعتبار سے اس کے مساوی ہو۔

اس حدیث سے اس بات کا حکم ثابت ہوجاتا ہے کہ مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے علاوہ مسجد قبا کی زیارت کے لئے بھی جایا جاسکتا ہے اور وہاں جاکرنماز ادا کرنا اضافی فضیلت کا باعث بنتا ہے۔

اس روایت کے ذریعے ان حضرات کے نظریے کی تردید ہوجاتی ہے جواس بات کے قائل ہیں: تین مساجد کے علاوہ اور کسی بھی مسجد کی طرف سفرنہیں کیا جاسکتا۔ اورکسی بھی جگہ کی طرف سفرنہیں کیا جاسکتا۔

جیسا کہ اگلی روایت میں یہی بات منقول ہے اور پھر وہ حضرات اس روایت کی بنیاد پر یہ فتویٰ دیتے ہیں نعوذ باللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کی زیارت کی نیت سے مدینہ منورہ کی طرف سفرکرنا معصیت ہوگا حالانکہ یہ بات بالکل غلط ہے۔

## 10 - باب مَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَيْهِ مِنَ الْمَسَاجِدِ .

### باب: تین مساجد کی طرف سفرکیا جاسکتا ہے

699 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لاَ تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰى ثَلاَثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِىْ هٰذَا وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰى ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"صرف تین مساجد کی طرف سفرکیا جاسکتا ہے: مسجد حرام' میری یہ مسجد اور مسجد اقصیٰ"۔

### شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام سیوطی نے یہ بات تحریر کی ہے۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں:

یہاں نفی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے لیکن مراد ممانعت ہے۔ یعنی ان تین مساجد کے علاوہ کسی اور مسجد کی طرف سفرنہیں کیا جا سکتا۔ روایت کے متن میں استعمال ہونے والے رحال لفظ "رحل" کی جمع ہے اور رحل اونٹ کے لئے وہی حیثیت رکھتی ہے جو

699-اخرجه البخاري في فضل الصلاة في مسجد مكة و المدينة، باب فضل الصلاة في مسجد مكة و المدينة (الحديث 1189) . واخرجه مسلم في الحج، باب لا تشد الرحال الا الى ثلاثة مساجد (الحديث 511) . واخرجه ابو داؤد في المناسك (الحج)، باب في اتيان المدينة (الحديث 2033) . تحفة الاشراف (13130) .

Marfat.com

گھوڑے کے لئے زین حیثیت رکھتی ہے (یعنی یہ اونٹ کے پالان کو کہا جاتا ہے)

اور پالان باندھنے کو سفر کرنے کے کنایہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ اس کے لئے لازم ہے۔

اسی حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی نے یہ بات بیان کی ہے: کہ مساجد میں سے صرف تین مساجد کی طرف سفر کیا جا سکتا ہے۔ جہاں تک علم کے حصول، علماء اور نیک لوگوں کی زیارت یا تجارت وغیرہ کی غرض سے کیے جانے والے سفر کا تعلق ہے' تو وہ اس ممانعت کے حکم میں داخل نہیں ہوگا۔ اسی طرح سفر کیے بغیر دوسری مساجد کی زیارت کرنا بھی اس میں داخل نہیں ہوگا۔ جیسے اہل مدینہ مسجد قباء کی زیارت کے لئے جا سکتے ہیں۔ تو یہ چیز ممانعت کے حکم میں داخل نہیں ہوگی۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

اس روایت کی بنیاد پر شیخ تقی الدین ابن تیمیہ نے یہ فتویٰ دیا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت کی نیت سے مدینہ منورہ کا سفر نہیں کیا جا سکتا لیکن علماء نے ان کے اس فتویٰ کو قبول نہیں کیا' بلکہ بڑی شد و مد کے ساتھ ان کے اس موقف کی تردید کی گئی۔

ہمارے زمانے میں سعودی عرب میں چونکہ شیخ ابن تیمیہ کے نظریات کے قائلین سرکاری عہدوں پر فائز ہیں۔ اس لئے وہاں بڑی شدت کے ساتھ اس بات کی ممانعت کی جاتی ہے کہ کوئی مسلمان نبی اکرم ﷺ کے روضہ مبارک کی طرف رخ کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ہدیہ درود و سلام پیش کرے۔ اس بارے میں سعودی عرب کے مفتی اعظم سے لے کر مسجد نبوی کے انتظامی امور سے متعلق افراد تک سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کو دیکھ کر ہمارے یہاں کے کچھ مہربان بھی سوال اٹھاتے نظر آتے ہیں' آیا مسجد نبوی میں حاضر ہونے کے بعد روضہ مبارک کی طرف رخ کر کے دعا مانگی جا سکتی ہے؟ یا نہیں مانگی جا سکتی؟ ہدیہ درود و سلام پیش کیا جا سکتا ہے؟ یا نہیں کیا جا سکتا؟

ہمارے سامنے جب اس طرح کا کوئی سوال رکھا جائے تو ہم یہ گزارش کرتے ہیں' سعودی عرب کا مفتی اعظم بلاشبہ ریاست کے سب سے بڑے مذہبی منصب پر فائز ہے اور اسے سعودی بادشاہوں تک رسائی حاصل ہے۔ اسلامی تعلیمات کی تبلیغ و اشاعت کرتے ہوئے وہ سب سے زیادہ زور اس بات پر دیتا ہے کہ مسلمانوں کو شرک اور بدعت سے اجتناب کرنا چاہئے اور پھر وہ اپنے گمان میں یہ سمجھتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے روضہ مبارک پر سلام پیش کرنے کے لئے جانا بھی اس شرک یا بدعت میں شامل ہے۔ مسلمانوں کو اس سے روکنے کے لئے پوری کوششیں کی جاتی ہیں۔

یہاں ہم صرف ایک سوال اٹھانا چاہتے ہیں۔ وہ یہ کہ جب پاکستانی حکومت کا کوئی بڑا نمائندہ یعنی صدر یا وزیر اعظم مسجد نبوی کی زیارت کے لئے جاتے ہیں تو پھر ان کے لئے روضہ مبارک کی جالیاں کیوں کھول دی جاتی ہیں؟

اگر روضہ مبارک کی طرف رخ کر کے دعا مانگنا یا درود شریف پیش کرنا شرک یا بدعت کے زمرے میں آتا ہے' تو پھر مختلف ممالک کے صدور اور وزراء اعظم اور بادشاہوں اور سرکاری عمائدین کو اس کی اجازت کیوں دی جاتی ہے؟

کیونکہ جو عمل شرک یا بدعت ہے وہ کسی ملک کے صدر یا بادشاہ کے لئے بھی شرک یا بدعت ہوگا اور عام مسلمان کے لئے بھی

Marfat.com

شرک یا بدعت ہوگا۔ سعودی عرب کا مفتی اعظم، مسجد نبوی کے انتظامیہ اس شرک یا بدعت کو خاموشی سے کیوں برداشت کرتے ہیں اور اگر یہ شرک اور بدعت نہیں ہے، تو پھر وہ کیوں عام مسلمانوں پر شرک یا بدعت کا الزام عائد کرتے ہیں؟

## 11 - باب اِتِّخَاذِ الْبِيَعِ مَسَاجِدَ .

### باب: گرجا کو مسجد بنا لینا

700 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ مُّلَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيْهِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ وَاَخْبَرْنَاهُ اَنَّ بِاَرْضِنَا بِيْعَةً لَنَا فَاسْتَوْهَبْنَاهُ مِنْ فَضْلِ طَهُوْرِهٖ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَتَمَضْمَضَ ثُمَّ صَبَّهٗ فِيْ اِدَاوَةٍ وَّاَمَرَنَا فَقَالَ "اخْرُجُوْا فَاِذَا اَتَيْتُمْ اَرْضَكُمْ فَاكْسِرُوْا بِيْعَتَكُمْ وَانْضَحُوا مَكَانَهَا بِهٰذَا الْمَآءِ وَاتَّخِذُوْهَا مَسْجِدًا ." قُلْنَا اِنَّ الْبَلَدَ بَعِيْدٌ وَّالْحَرَّ شَدِيْدٌ وَّالْمَآءَ يَنْشَفُ . فَقَالَ "مُدُّوْهُ مِنَ الْمَآءِ فَاِنَّهٗ لَا يَزِيْدُهٗ اِلَّا طِيْبًا ." فَخَرَجْنَا حَتّٰى قَدِمْنَا بَلَدَنَا فَكَسَرْنَا بِيْعَتَنَا ثُمَّ نَضَحْنَا مَكَانَهَا وَاتَّخَذْنَاهَا مَسْجِدًا فَنَادَيْنَا فِيْهِ بِالْاَذَانِ . قَالَ وَالرَّاهِبُ رَجُلٌ مِّنْ طَيِّءٍ فَلَمَّا سَمِعَ الْاَذَانَ قَالَ دَعْوَةُ حَقٍّ . ثُمَّ اسْتَقْبَلَ تَلْعَةً مِّنْ تِلَاعِنَا فَلَمْ نَرَهٗ بَعْدُ .

☆☆ حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ وفد کی شکل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نمازیں ادا کیں' ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا: ہمارے علاقے میں ایک گرجا ہے' ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ گزارش بھی کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وضو کا بچا ہوا کچھ پانی بھی ہمیں عنایت کریں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا' اس کے ذریعے وضو کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی کر کے وہ پانی ایک برتن میں انڈیل دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہدایت کی کہ تم لوگ چلے جاؤ' جب تم اپنے علاقے میں پہنچو تو اس گرجا کو توڑ دینا اور اس گرجا کی جگہ پر اس پانی کا چھڑکاؤ کرنا' پھر اس جگہ مسجد بنا لینا۔ ہم نے عرض کی: ہمارا علاقہ بہت دور ہے اور گرمی بہت زیادہ ہے (وہاں پہنچنے تک) پانی خشک ہو جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس میں دوسرا پانی ملا لینا' چونکہ اس کے نتیجے میں اس کی پاکیزگی میں اضافہ ہی ہوگا۔ (راوی کہتے ہیں:) پھر ہم وہاں سے روانہ ہوئے اور اپنے شہر آ گئے۔ ہم نے اس گرجا کو توڑ دیا' پھر ہم نے اس کی جگہ وہ پانی چھڑکا اور اس جگہ مسجد بنا لی۔ وہاں ہم نے اذان دی' وہاں کا راہب "طے" قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا' جب اس نے اذان سنی تو وہ بولا: یہ حق کی دعوت ہے۔ پھر وہ ہمارے علاقے کے ایک ٹیلے کی طرف چلا گیا' اس کے بعد وہ ہمیں کبھی نظر نہیں آیا۔

شرح

امام بخاری نے بھی اپنی صحیح میں یہ ترجمۃ الباب قائم کیا ہے جس میں انہوں نے یہ الفاظ استعمال کیے ہیں۔ "گرجے میں

700-انفرد به النسائي . تحفة الإشراف (5028) .

Marfat.com

نماز ادا کرنا''۔

اس ترجمۃ الباب کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی تحریر کرتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ یہ باب اس حکم کے بیان میں ہے کہ گرجے میں یا یہودیوں کی عبادت گاہ کنیسہ میں نماز ادا کرنے کا حکم کیا ہے۔

علامہ عینی نے اس موضوع پر تفصیل سے بحث کرتے ہوئے یہ بات بیان کی ہے۔ ہمارے نزدیک گرجا میں نماز ادا کرنا مستحسن نہیں ہے۔

جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ ہم تصویروں کی وجہ سے تمہارے گرجے میں داخل نہیں ہوں گے۔

اس کے بعد علامہ عینی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس واقعے کے بارے میں حوالہ جات نقل کئے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک اور روایت بھی نقل کی ہے جو انہوں نے ابن ابی شیبہ کے حوالے سے نقل کی ہے جس میں یہ بات منقول ہے۔ اہل نجران نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا اور یہ بات بیان کی کہ پورے علاقے میں سب سے بہترین اور صاف ستھری جگہ گرجا ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے دھو کر وہاں نماز ادا کرلیا کرو۔

اس کے علاوہ علامہ عینی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے وہ گرجا میں نماز ادا کر لیتے تھے البتہ اگر کسی گرجا میں تصویریں لگی ہوں تو وہاں نماز ادا نہیں کرتے تھے۔[1]

## 12 - باب نَبْشِ الْقُبُوْرِ وَاتِّخَاذِ اَرْضِهَا مَسْجِدًا .

### باب: قبروں کو اکھیڑ کر اس زمین پر مسجد بنالینا

701 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ فِىْ عُرْضِ الْمَدِيْنَةِ فِىْ حَيٍّ يُقَالُ لَهُمْ بَنُو عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَاَقَامَ فِيْهِمْ اَرْبَعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰى مَلَاٍ مِّنْ بَنِى النَّجَّارِ فَجَآءُوْا مُتَقَلِّدِىْ سُيُوْفِهِمْ كَاَنِّىْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَاَبُوْ بَكْرٍ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - رَدِيْفُهٗ وَمَلَاٌ مِّنْ بَنِى النَّجَّارِ حَوْلَهٗ حَتّٰى اَلْقٰى بِفِنَاءِ اَبِىْ اَيُّوْبَ وَكَانَ يُصَلِّىْ حَيْثُ اَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ فَيُصَلِّىْ فِىْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ ثُمَّ اُمِرَ بِالْمَسْجِدِ فَاَرْسَلَ اِلٰى مَلَاٍ مِّنْ بَنِى النَّجَّارِ فَجَآءُوْا فَقَالَ "يَا بَنِى النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِىْ بِحَائِطِكُمْ هٰذَا ." قَالُوْا وَاللّٰهِ لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ .

[1] عمدۃ القاری' کتاب نماز کا بیان' باب گرجا میں نماز ادا کرنا

701-اخرجه البخاري في الصلاة، باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية و يتخذ مكانها مساجد (الحديث 428)، و في فضائل المدينة، باب حرم المدينة (الحديث 1868) مختصرًا، و في مناقب الانصار، باب مقدم النبي صلى الله عليه وسلم واصحابه المدينة(الحديث 3932) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب ابتناء مسجد النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 9) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في بناء المسجد (الحديث 453 و454) . واخرجه ابن ما جه في المساجد و الجماعات، باب ابن يجوز بناء المساجد (الحديث 742) بمعناه . والحديث عند : البخاري في البيوع، باب صاحب السلعة احق بالسوم (الحديث 2106)، و في الوصايا، باب اذا وقف جماعة ارضا مشاعًا فهو جائز (الحديث 2771)، و باب وقف الارض للمسجد (الحديث 2774)، وباب اذا قال الواقف لا نطلب ثمنه الا الى الله فهو جائز (الحديث 2779) . تحفة الاشراف (1691) .

Marfat.com

قَالَ اَنَسٌ وَّكَانَتْ فِيهِ قُبُوْرُ الْمُشْرِكِيْنَ وَكَانَتْ فِيهِ خَرِبٌ وَّكَانَ فِيهِ نَخْلٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَتْ وَبِالْخَرِبِ فَسُوِّيَتْ فَصَفُّوا النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ وَجَعَلُوْا عِضَادَتَيْهِ الْحِجَارَةَ وَجَعَلُوْا يَنْقُلُوْنَ الصَّخْرَ وَهُمْ يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ اللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُ الْاٰخِرَةِ فَانْصُرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کے ایک کنارے پر آباد ایک قبیلے میں پڑاؤ کیا' جس کا نام بنوعمرو بن عوف تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں چودہ دن گزارے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونجار کے افراد کی طرف پیغام بھیجا' وہ لوگ اپنی تلواریں گلے میں لٹکا کر آ گئے (حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے جبکہ بنونجار کے افراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد تھے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں قیام کیا' پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جہاں نماز کا وقت ہو جاتا تھا' وہیں نماز ادا کرلیا کرتے تھے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بکریوں کے باڑے میں بھی نماز ادا کر لیتے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی تعمیر کا حکم دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنونجار کے افراد کو بلایا' وہ لوگ آئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے بنونجار! اپنا یہ باغ مجھے فروخت کر دو! انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی قیمت حاصل نہیں کرنا چاہتے' یہ اللہ کے نام پر (ہماری طرف سے وقف ہے)''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اس باغ میں مشرکین کی قبریں تھیں' کسی عمارت کے کھنڈرات تھے اور کھجور کے درخت تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت مشرکین کی قبروں کو اکھاڑ دیا گیا' کھجور کے درختوں کو کاٹ دیا گیا اور کھنڈرات کو برابر کر دیا گیا (یعنی منہدم کر دیا گیا)۔

صحابہ کرام نے قبلہ کی سمت میں مسجد (کی دیوار) میں کھجور کے تنوں کو ایک صف کے اندر لگا دیا' جبکہ دونوں اطراف میں پتھر سے بنی ہوئی دیواریں بنائیں۔ یہ حضرات پتھر منتقل کرتے ہوئے رجز کے طور پر یہ اشعار پڑھتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے ساتھ تھے' یہ لوگ یہ پڑھتے تھے:

''اے اللہ! بھلائی صرف آخرت کی بھلائی ہے' تو انصار اور مہاجرین کی مدد کر''۔

## شرح

امام بخاری نے اپنی صحیح میں ایک ترجمۃ الباب یہ نقل کیا ہے ''کیا زمانہ جاہلیت کے مشرکین کی قبروں کو اکھاڑ کے اس جگہ مساجد بنائی جاسکتی ہیں؟''

اس کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ عینی نے یہ بات تحریر کی ہے کہ ترجمۃ الباب سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ مشرکین کی

Marfat.com

قبروں کو اکھاڑنا جائز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کا کوئی احترام نہیں ہے اور اس ترجمۃ الباب سے بالواسطہ طور پر یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ مشرکین کے علاوہ کسی اور کی قبر کو اکھاڑنا جائز نہیں ہوگا خواہ وہ انبیاء کی ہوں یا عام مسلمانوں کی ہوں کیونکہ اس صورت میں ان کی اہانت لازم ہوگی اور یہ جائز نہیں ہے کیونکہ مسلمان کا احترام زندگی یا موت کسی بھی حال میں ختم نہیں ہو گا۔

اس کے بعد علامہ عینی نے آگے چل کر یہ بات بھی تحریر کی ہے۔ آپ یہ بات جان لیں علماء کا اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا قبرستان میں نماز ادا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ تو امام احمد بن حنبل کے نزدیک قبرستان میں نماز پڑھنا حرام ہے۔ انہوں نے اس بارے میں کوئی فرق نہیں کیا ہے کہ قبر کو پاٹ دیا گیا ہو یا پاٹا نہ گیا ہو اور اس میں بھی کوئی فرق نہیں ہے کہ آدمی نے نجاست سے بچنے کے لئے یا اس کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے قبرستان کی زمین پر کوئی کپڑا وغیرہ بچھا دیا ہو اور اس میں بھی کوئی فرق نہیں ہوگا کہ آدمی عین قبروں کے درمیان میں نماز ادا کر رہا ہو یا قبرستان میں ایسی جگہ نماز ادا کر رہا ہو جو قبروں سے ہٹ کر ہو جیسے اس پر ہو یا بلند جگہ ہو۔

فقیہہ ابوثور فرماتے ہیں: حمام اور قبرستان میں نماز ادا نہیں کی جاسکتی۔

سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قبرستان میں نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اکھاڑی گئی قبر اور اکھاڑے بغیر قبر میں فرق کیا ہے۔[1]

## 13 - باب النَّهْيِ عَنِ اتِّخَاذِ الْقُبُوْرِ مَسَاجِدَ .

## باب: قبروں کو مسجد بنانے کی ممانعت

702 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَّعْمَرٍ وَّيُوْنُسَ قَالَا قَالَ الزُّهْرِيُّ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَائِشَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ قَالَا لَمَّا نُزِلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَّهٗ عَلٰى وَجْهِهٖ فَاِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَّجْهِهٖ قَالَ وَهُوَ كَذٰلِكَ "لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم یہ بات روایت کرتے ہیں' کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مرض الموت میں مبتلا ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چادر مبارک اپنے چہرے پر لے لیتے' پھر جب اُلجھن محسوس ہوتی' تو اُسے چہرے سے ہٹا لیتے' اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

---

[1] عمدۃ القاری' کتاب نماز کا بیان۔ باب: کیا مشرکین کی قبریں اکھاڑی جاسکتی ہیں؟

702-اخرجه البخاري في الصلاة، باب 55 . (الحديث 436)، و في احاديث الانبياء، باب ما ذكر عن بني اسرائيل (الحديث 3454)، و في المغازي، باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم و وفاته (الحديث 4444)، و في اللباس، باب الاكسية و الخمائص (الحديث 5816) . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن بناء المساجد على القبور و اتخاذ الصور فيها و النهي عن اتخاذ القبور مساجد (الحديث 22) . تحفة الاشراف (5842 و 16310) .

Marfat.com

''اللہ تعالیٰ یہودیوں اور عیسائیوں پر لعنت کرے کہ ان لوگوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنالیا تھا''۔

## شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سیوطی یہ بات تحریر کرتے ہیں اس حدیث پر یہ اشکال پیش ہوتا ہے کہ اس حدیث میں عیسائیوں کا بھی تذکرہ ہے حالانکہ ان کے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تو انتقال ہی نہیں ہوا تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد انبیائے کرام اور ان کے اکابر پیروکار بھی ہوں اور صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر کرنے پر اکتفا کیا گیا ہو۔ اس کی تائید صحیح مسلم کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے۔

''کہ وہ لوگ اپنے انبیاء اور نیک لوگوں کی قبروں کو مسجد بنالیتے تھے۔''

یا یہ ہوسکتا ہے کہ قبروں کو مسجد بنانے کا یہ عمل یہودیوں کی طرف سے بدعت کے طور پر ہو اور عیسائیوں کی طرف سے ان کی پیروی کے طور پر ہو۔

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عیسائی ان تمام انبیاء کی قبروں کی تعظیم کیا کرتے تھے جن کی یہودی تعظیم کیا کرتے تھے۔

703 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ وَاُمَّ سَلَمَةَ ذَكَرَتَا كَنِيْسَةً رَاَتَاهَا بِالْحَبَشَةِ فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ اُولٰٓئِكَ اِذَا كَانَ فِيْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا وَّصَوَّرُوْا تِيْكَ الصُّوَرَ اُولٰٓئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔"

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ سیّدہ اُم حبیبہ اور سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے ایک کنیسہ کا ذکر کیا' جو ان دونوں خواتین نے حبشہ میں دیکھا تھا' اس میں تصویریں بھی لگی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''وہ لوگ ایسے تھے کہ جب ان کے درمیان کوئی نیک آدمی فوت ہوجاتا تھا تو یہ لوگ اس کی قبر پر مسجد بنادیتے تھے اور ان کی اس طرح کی تصویریں بنالیا کرتے تھے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ لوگ بدترین مخلوق ہوں گے''۔

## 14 - باب الْفَضْلِ فِىْ اِتْيَانِ الْمَسَاجِدِ ۔

### باب: مساجد کی طرف آنے کی فضیلت

704 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ

703-اخرجه البخاري في الصلاة، باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية و يتخذ مكانها مساجد (الحديث 427)، وفي مناقب الانصار، باب هجرة الحبشة (الحديث 3873) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن بناء المساجد على القبور و اتخاذ الصور فيها و النهي عن اتخاذ القبور مساجد (الحديث 16) . تحفة الاشراف (17306) .

704-الفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14947) .

Marfat.com

جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ - هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "حِيْنَ يَخْرُجُ الرَّجُلُ مِنْ بَيْتِهٖ اِلٰى مَسْجِدِهٖ فَرِجْلٌ تُكْتَبُ حَسَنَةً وَّرِجْلٌ تَمْحُو سَيِّئَةً ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب بندہ مسجد جانے کے لیے گھر سے نکلتا ہے' تو ایک قدم پر اس کے لیے ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور ایک قدم پر اس کے ایک گناہ کو مٹا دیا جاتا ہے''۔

## 15 - باب النَّهْيِ عَنْ مَّنْعِ النِّسَآءِ مَنْ اِتْيَانِهِنَّ الْمَسَاجِدَ

### باب: خواتین کو مسجد میں آنے سے روکنے کی ممانعت

705 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اسْتَاْذَنَتِ امْرَاَةُ اَحَدِكُمْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا ."

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کسی شخص کی بیوی اس سے مسجد جانے کی اجازت مانگے تو وہ اُسے نہ روکے''۔

### شرح

علامہ ابوالحسن سندھی اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: حدیث کا حکم مقید ہے جیسا کہ دیگر احادیث سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ جب عورت نے خوشبو نہ لگائی ہو اور زیب و زینت اختیار نہ کی ہو اس وقت وہ مسجد جا سکتی ہے ورنہ اس کا شوہر اسے مسجد جانے کے لئے اجازت نہیں دے گا لیکن جب کوئی عورت جائز طریقے کے ساتھ مسجد جانے کے لئے گھر سے نکلتی ہے' تو اس کی اجازت دی جائے گی۔

اور خواتین کے لئے بھی یہ بات مناسب ہے کہ انہیں کوشش یہی کرنی چاہئے کہ وہ گھر میں نماز ادا کریں کیونکہ ان کا گھر میں نماز ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

لیکن جب کوئی عورت شرعی طریقے سے گھر سے پردہ کر کے مسجد کے لئے نکلتی ہے' تو پھر مناسب یہ ہے کہ اس کا شوہر اسے منع نہ کرے۔

جن فقہاء نے خواتین کے لئے مسجد جانے کی ممانعت کا فتویٰ دیا ہے انہوں نے زمانے کے حالات کے پیش نظر یہ فتویٰ دیا ہے۔

---

705-اخرجه البخاري في النكاح، باب استئذان المراة زوجها في الخروج الى المسجد وغيره (الحديث 5238) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب خروج النساء الى المساجد اذا لم يترتب عليه فتنة و انها لا تخرج مطيبة (الحديث 134) . تحفة الاشراف (6823) .

Marfat.com

## 16 - باب مَنْ يُمْنَعُ مِنَ الْمَسْجِدِ

## باب: کس شخص کو مسجد میں آنے سے روکا جائے گا؟

706 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ ." قَالَ اَوَّلَ يَوْمٍ "الثُّوْمِ ." ثُمَّ قَالَ "الثُّوْمِ وَالْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ فَلَايَقْرَبْنَا فِيْ مَسَاجِدِنَا فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَاَذّٰى مِمَّا يَتَاَذّٰى مِنْهُ الْاِنْسُ ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص اس درخت میں سے کچھ کھا لیتا ہے''۔

(راوی کہتے ہیں:) پہلے دن انہوں نے لہسن کا ذکر کیا' پھر انہوں نے لہسن' پیاز اور گندنا کا ذکر کیا (یعنی یہ راوی کے الفاظ ہیں)۔

''تو ایسا شخص ہماری مساجد کے قریب نہ آئے' کیونکہ جس چیز سے انسانوں کو اذیت محسوس ہوتی ہے' اس سے فرشتوں کو بھی اذیت محسوس ہوتی ہے''۔

### شرح

جس شخص نے لہسن یا پیاز یا گندنہ یا اس طرح کی کوئی اور بودار چیز کھائی ہو اور اس کی بو اس شخص کے منہ میں باقی ہو اس کے لئے یہ بات مکروہ ہے کہ وہ کسی ضرورت کے بغیر مسجد میں داخل ہو۔

اس کی دلیل وہ روایات ہیں جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کے پھل کھا کر مسجد میں آنے سے منع کیا ہے۔

احناف کے نزدیک ایسی صورت حال میں اس شخص کا مسجد میں آنا مکروہ تحریمی ہے' تاہم مالکیوں کے نزدیک ایسا کرنا مطلق طور پر حرام ہے۔

## 17 - باب مَنْ يُخْرَجُ مِنَ الْمَسْجِدِ

## باب: کس شخص کو مسجد سے نکال دیا جائے گا؟

707 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَالِمِ

706-اخرجه البخاري في الاذان، باب ما جاء في الثوم النيء و البصل و الكراث (الحديث 854) مختصراً . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب نهي من اكل ثومًا او بصلًا او كراثًا او نحوها (الحديث 74) و (الحديث 75) مختصراً . واخرجه الترمذي في الاطعمة، باب ما جاء في كراهية اكل الثوم و البصل (الحديث 1806) . تحفة الاشراف (2447) .

707-اخرجه مسلم في المساجد ومواضع الصلاة، باب نهي من اكل ثومًا او بصلًا او كراثًا او نحوها (الحديث 78) مطولاً . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من اكل الثوم فلا يقربن المسجد (الحديث 1014)، و في الاطعمة، باب اكل الثوم و البصل و الكراث (الحديث 3363) . والحديث عند: مسلم في الفرائض، باب ميراث الكلالة (الحديث 9) . والنسائي في التفسير: سورة النساء، قوله تعالى: (يستفتونك قل الله يفتيكم في الكلالة) (الحديث 155) و ابن ماجه في الفرائض، باب الكلالة (الحديث 2726) . تحفة الاشراف (10646) .

Marfat.com

بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ مَّعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اِنَّكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ تَاْكُلُوْنَ مِنْ شَجَرَتَيْنِ مَا اُرَاهُمَا اِلَّا خَبِيْثَتَيْنِ هٰذَا الْبَصَلُ وَالثُّوْمُ وَلَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَجَدَ رِيْحَهُمَا مِنَ الرَّجُلِ اَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ اِلَى الْبَقِيْعِ فَمَنْ اَكَلَهُمَا فَلْيُمِتْهُمَا طَبْخًا ۔

☆☆ معدان بن ابوطلحہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم لوگ ان دو درختوں کا پھل کھا لیتے ہو' جبکہ میں ان دونوں کو خبیث سمجھتا ہوں' وہ پیاز اور لہسن ہے''۔

مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی شخص سے اس کی بو محسوس ہوتی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس شخص کو مسجد سے نکال کے بقیع بھیج دیا جاتا تھا تو جو شخص ان دونوں کو کھاتا ہے (یا کھانا چاہتا ہے) وہ انہیں اچھی طرح پکا کر ان کی بو زائل کر دے۔

## 18 - باب ضَرْبِ الْخِبَاءِ فِي الْمَسَاجِدِ

### باب: مسجد میں خیمہ لگانا

708 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّعْتَكِفَ صَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ دَخَلَ فِي الْمَكَانِ الَّذِيْ يُرِيْدُ اَنْ يَّعْتَكِفَ فِيْهِ فَاَرَادَ اَنْ يَّعْتَكِفَ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَّمَضَانَ فَاَمَرَ فَضُرِبَ لَهٗ خِبَاءٌ وَّاَمَرَتْ حَفْصَةُ فَضُرِبَ لَهَا خِبَاءٌ فَلَمَّا رَاَتْ زَيْنَبُ خِبَائَهَا اَمَرَتْ فَضُرِبَ لَهَا خِبَاءٌ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''آلْبِرَّ تُرِدْنَ ۔'' فَلَمْ يَعْتَكِفْ فِيْ رَمَضَانَ وَاعْتَكَفَ عَشْرًا مِّنْ شَوَّالٍ ۔

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اعتکاف کرنا ہوتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس جگہ تشریف لے جایا کرتے تھے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف میں بیٹھنا ہوتا ہے۔ ایک دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کرنے کا ارادہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خیمہ لگا دیا گیا' پھر سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی ہدایت کے تحت ان کے لیے بھی ایک خیمہ لگا دیا گیا' جب سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے خیمے کو دیکھا تو ان کے حکم کے تحت سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے لیے بھی ایک خیمہ لگا دیا گیا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنی ازواج کے ان خیموں) کو ملاحظہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کیا اس کے ذریعے انہوں نے نیکی کا ارادہ کیا ہے؟''

708-اخرجه البخاري في الاعتكاف، باب اعتكاف النساء (الحديث 2033)، و باب الاخبية في المسجد (الحديث 2034) مختصرًا، وباب الاعتكاف في شوال (الحديث 2041) بنحوه، و باب من اراد ان يعتكف ثم بدا له ان يخرج (الحديث 2045) بنحوه . واخرجه مسلم في الاعتكاف، باب متى يدخل من اراد الاعتكاف في معتكفة (الحديث 6) بنحوه . واخرجه ابوداوٗد في الصوم، باب الاعتكاف (الحديث 2464) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في الصيام، باب ما جاء فيمن يبتدىء الاعتكاف، وقضاء الاعتكاف (الحديث 1771) . والحديث عند: الترمذي في الصوم، باب ما جاء في الاعتكاف (الحديث 791) . تحفة الاشراف (17930) .

Marfat.com

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے اس رمضان میں اعتکاف نہیں کیا' بلکہ آپ ﷺ نے شوال میں ایک عشرے کا اعتکاف کیا۔

709 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اُصِيْبَ سَعْدٌ يَّوْمَ الْخَنْدَقِ رَمَاهُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ رَمْيَةً فِى الْاَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِى الْمَسْجِدِ لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيْبٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ غزوۂ خندق کے موقع پر حضرت سعد رضی اللہ عنہ (بن معاذ) زخمی ہو گئے' انہیں قریش کے ایک فرد نے بازو کی مخصوص رگ پر تیر مارا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے ان کے لیے مسجد میں خیمہ لگوا دیا تاکہ قریب سے ہی ان کی عیادت کر لیا کریں۔

## 19 - باب اِدْخَالِ الصِّبْيَانِ الْمَسَاجِدَ

### باب: بچوں کو مسجد میں لے کر آنا

710 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا قَتَادَةَ يَقُوْلُ بَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِى الْمَسْجِدِ اِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُ اُمَامَةَ بِنْتَ اَبِى الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَاُمُّهَا زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ صَبِيَّةٌ يَّحْمِلُهَا فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ عَلٰى عَاتِقِهٖ يَضَعُهَا اِذَا رَكَعَ وَيُعِيْدُهَا اِذَا قَامَ حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهٗ يَفْعَلُ ذٰلِكَ بِهَا .

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ ﷺ نے حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ امامہ رضی اللہ عنہا کو اُٹھایا ہوا تھا' ان کی

709-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الخيمة في المسجد للمرضى و غيرهم (الحديث 463) مطولاً، وفي المغازي، باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الاحزاب و مخرجه الى بني و محاصرته اياهم (الحديث 4122) مطولاً . و اخرجه مسلم في الجهاد و السير، باب جواز قتال من نقض العهد و جواز انزال اهل الحصن على حكم حاكم عدل اهل للحكم (الحديث 65) مطولاً . و اخرجه ابو داوُد في الجنائز ، باب في العيادة مراراً (الحديث 3101) . والحديث عند: البخاري في مناقب الانصار، باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم و اصحابه الى المدينة (الحديث 3901) ، و في المغازي، باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الاحزاب و مخرجه الى بني قريظة و محاصه اياهم (الحديث 4117) . تحفة الاشراف (16978) .

710-اخرجه البخاري في الادب، باب رحمة الولد و تقبيله مو معانقته (الحديث 5996) مختصراً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز حمل الصبيان في الصلاة (الحديث 42 و43) بمعناه . واخرجه ابوداوُد في الصلظ، باب العمل في الصلاة (الحديث 918) و (الحديث 919 و920) بمعناه . و اخرجه النسائي في الامامة . ما يجوز للامام من العمل في الصلاة (الحديث 826)، و في السهو، حمل الصبايا في الصلاة و وضعهن في الصلاة (الحديث 1204) . و الحديث عند: البخاري في الصلاة، باب اذا حمل جارية صغيرة على عنقه في الصلاة (الحديث 516) . و مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز حمل الصبيان في الصلاة (الحديث 41) . و ابي داوُد في الصلاة، باب العمل في الصلاة (الحديث 917) . و النسائي في السهو، حمل الصبايا في الصلاة و وضعهن في الصلاة (الحديث 1203) تحفة الاشراف (12124) .

Marfat.com

والدہ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں (یعنی وہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نواسی تھیں) وہ چھوٹی سی بچی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اُٹھایا ہوا تھا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کرنا شروع کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے کندھے پر اُٹھالیا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں نیچے اتار دیا' پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ کھڑے ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پھر اُٹھالیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح اپنی نماز مکمل ادا کی۔

## شرح

حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سیوطی تحریر کرتے ہیں سیدہ اُمامہ رضی اللہ عنہا کے والد حضرت ابوالعاص رحمۃ اللہ علیہ کا نام لقیط تھا جبکہ ان کے نام کے بارے میں دیگر اقوال بھی موجود ہیں۔ انہوں نے فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کیا تھا اور ہجرت کر کے مدینہ منورہ حاضر ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی (اور حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کی اہلیہ) سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے نکاح کو برقرار رکھا تھا اور سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ان کی زوجیت میں ہی انتقال فرمایا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مصاہرت (یعنی دامادی کے رشتے کی) بڑی تعریف کی ہے۔

حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا انتقال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوا تھا۔

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے۔ بعض مالکیہ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

بعض مالکی اس بات کے قائل ہیں: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے جبکہ بعض نے یہ کہا ہے یہ ضرورت کے پیش نظر تھا لیکن یہ تمام دعوے درست نہیں ہیں اور قابل قبول بھی نہیں ہیں۔ ان میں سے کسی ایک کے لئے دلیل بھی موجود نہیں ہے اور حدیث میں ایسی کوئی بات مذکور نہیں ہے جو شریعت کے قواعد کے خلاف ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان پاک ہوتا ہے اس کے پیٹ میں جو کچھ موجود ہے وہ معاف ہے۔ بچوں کے کپڑے اور ان کے جسم کو بھی طہارت پر محمول کیا جائے گا جب تک اس بات کا یقین نہیں ہو جاتا کہ ان پر نجاست لگی ہوئی ہے۔

اور نماز کے دوران کوئی عمل کر لینے سے نماز باطل نہیں ہو جاتی ہے جبکہ وہ عمل تھوڑا ہو یا متفرق طور پر کیا گیا ہو۔

شرعی دلائل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا عمل اس لئے کیا ہے تاکہ جواز کو بیان کیا جا سکے۔

## 20 - باب رَبْطِ الْاَسِيْرِ بِسَارِيَةِ الْمَسْجِدِ

### باب: قیدی کو مسجد کے ستون کے ساتھ باندھنا

711 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِّنْ بَنِىْ حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ سَيِّدُ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرُبِطَ بِسَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِى الْمَسْجِدِ . مُخْتَصَرٌ .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک چھوٹی مہم بھجوائی تو وہ لوگ بنوحنیفہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو پکڑ کر لائے' جس کا نام ثمامہ بن اثال تھا' جو اہل یمامہ کا سردار تھے' تو اُسے مسجد کے ستون کے ساتھ باندھ دیا گیا۔

(امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:) یہ روایت مختصر ہے۔

## 21 - باب اِدْخَالِ الْبَعِيْرِ الْمَسْجِدَ

### باب: اونٹ کو مسجد میں لے کے آنا

712 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلٰى بَعِيْرٍ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر اونٹ پر بیٹھ کر (بیت اللہ) کا طواف کیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ میں موجود چھڑی کے ذریعے حجر اسود کا استلام کیا تھا۔

شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ سیوطی نے یہ بات بیان کی ہے۔ حافظ ابن حجر نے یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا اس لئے کیا تھا کیونکہ اس کی ضرورت تھی تاکہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مناسک کا طریقہ کار سیکھ لیں۔

یہی وجہ ہے کہ بعض اہل علم نے اس طرزِ عمل کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت میں شمار کیا ہے اور اس بات کا بھی احتمال موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری پر کسی قسم کی گندگی نہ لگی ہوئی ہو۔ اس لئے اس پر دوسرے کو قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

اسی حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی نے یہ بات بیان کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان

''انہیں چاہئے کہ وہ طواف کریں۔''

میں انسانوں کو طواف کرنے کا حکم دیا ہے۔

711-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الاغتسال اذا اسلم و ربط الاسير ايضًا في المسجد (الحديث 462) مطولًا، و باب دخول المشرك المسجد (الحديث 369)، و في الخصومات، باب التوثق عن تخشى معرته (الحديث 2422) مطولًا، وباب الربط و الحبس في الحرم (الحديث 2423)، و في المغازي، باب و فد بني حنيفة، وحديث ثمامة بن اثال (الحديث 4372) مطولاً . واخرجه مسلم في الجهاد والسير، باب ربط الاسير، باب رَبط الاسير و حبسه و جواز المن عليه (الحديث 59) مطولاً . واخرجه ابوداؤد في الجهاد، باب في الاسير يوثق (الحديث 2679) مطولاً . و الحديث عند: النسائي في الطهارة، تقديم غسل الكافر اذا اراد ان يسلم (الحديث 189) . تحفة الاشراف (13007) .

712-اخرجه البخاري في الحج، باب استلام الركن بالمحجن (الحديث 1607) . و اخرجه مسلم في الحج، باب جواز الطواف على بعير وغيره، و استلام الحجر بمحجن و نحوه للراكب (الحديث 253) . واخرجه النسائي في مناسك الحج، استلام الركن بالمحجن (الحديث 2954) . اخرجه ابن ماجه في المناسك، باب من استلم الركن بمحجنه (الحديث 2948) . تحفة الاشراف (5837) .

Marfat.com

اس لئے جانور کا طواف کرنا انسان کا نائب نہیں ہوسکتا البتہ ضرورت کے پیش نظر انسان کسی چیز پر سوار ہو کر طواف کر سکتا ہے۔

## 22 - باب النَّهْيِ عَنِ الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ فِي الْمَسْجِدِ وَعَنِ التَّحَلُّقِ قَبْلَ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ

باب: مسجد میں خرید و فروخت کی ممانعت اور جمعہ کی نماز سے پہلے حلقہ بنا کر (بیٹھنے کی ممانعت)

713 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّحَلُّقِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ وَعَنِ الشِّرَاءِ وَالْبَيْعِ فِي الْمَسْجِدِ ۔

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا (حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن نماز (جمعہ سے پہلے) حلقہ بنا کر بیٹھنے سے اور مسجد میں خرید و فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

### شرح

احناف اور مالکیوں کے نزدیک مسجد میں خرید و فروخت کرنا مکروہ ہے۔

اور حنابلہ کے نزدیک ایسا کرنا حرام ہے۔

اگر کوئی شخص مسجد میں خرید و فروخت کر لیتا ہے تو وہ معاہدہ باطل ہوگا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مسجد میں کوئی چیز مانگنا مکروہ ہے۔

مالکیوں اور حنابلہ نے بھی اسے مکروہ قرار دیا ہے تاہم ایسے شخص کو دینا جائز ہے۔

جبکہ احناف اس بات کے قائل ہیں: مسجد میں کوئی چیز مانگنا حرام ہے اور مسجد میں کسی مانگنے والے کو کوئی چیز دینا مکروہ ہے۔

## 23 - باب النَّهْيِ عَنْ تَنَاشُدِ الْاَشْعَارِ فِي الْمَسْجِدِ

باب: مسجد میں شعر سنانے کی ممانعت

714 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ تَنَاشُدِ الْاَشْعَارِ فِي الْمَسْجِدِ ۔

713-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب التحلق يوم الجمعة قبل الصلاة (الحديث 1079) مطولاً . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية البيع و الشراء و انشاد الضالۃ و الشعر في المسجد (الحديث 322) مطولاً . و اخرجه ابن ما جه في المساجد و الجماعات، باب ما يكره في المساجد (الحديث 749) مختصرًا، و في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الخلق يوم الجمعة قبل الصلاة و الاحتباء و الامام يخطب (الحديث 1133) مختصراً . و الحديث عند : النسائي في المساجد، النهي عن تناشد الاشعار في المسجد (الحديث 714) ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب النهي عن الشاد الضوال في المسجد (الحديث 766) . تحفة الاشراف (8796) .

Marfat.com

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے مسجد میں اشعار پڑھنے سے منع کیا ہے۔

## شرح

مسجد میں آپس کے لین دین کے بارے میں بحث کرنا مسجد میں آواز بلند کرنا گمشدہ چیز کا اعلان کرنا کرائے پر لینے دینے کے معاملات طے کرنا اور دیگر معاہدہ جات وغیرہ کرنا مکروہ ہے۔

یہاں امام نسائی نے مسجد میں اشعار سنانے کی ممانعت کے بارے میں روایت نقل کی ہے۔ اس باب میں انہوں نے وضاحت کر دی ہے کہ اس سے مراد دنیاوی اشعار ہیں کیونکہ اگلی حدیث میں یہ بات مذکور ہے کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ مسجد میں بیٹھ کر نبی اکرم ﷺ کی شان اور فضیلت میں کہے گئے اشعار سنایا کرتے تھے۔ یعنی نعت کے اشعار سنایا کرتے تھے۔

اس سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے۔ دینی قسم کے اشعار مسجد میں سنائے جاسکتے ہیں البتہ دنیاوی قسم کے اشعار سنانا ممنوع ہوگا کیونکہ یہ بات مسجد کے آداب کے خلاف ہے۔

## 24 - باب الرُّخْصَةِ فِیْ اِنْشَادِ الشِّعْرِ الْحَسَنِ فِی الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں اچھے اشعار پڑھنے کی اجازت

715 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ مَرَّ عُمَرُ بِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ وَّهُوَ يُنْشِدُ فِی الْمَسْجِدِ فَلَحَظَ اِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ اَنْشَدْتُ وَفِيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰى اَبِیْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ اَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اَجِبْ عَنِّی اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ." قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ .

☆☆ سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد میں لوگوں کو شعر سنا رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر ناراضگی کا اظہار کیا تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ بولے: میں نے اسی مسجد میں اشعار سنائے ہیں جبکہ اس وقت یہاں وہ ہستی موجود تھی جو آپ سے بہتر تھی پھر حسان رضی اللہ عنہ نے

714-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب التحلق يوم الجمعة قبل الصلاة (الحديث 1079) بنحوه مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية البيع و الشراء وانشاد الضالة و الشعر في المسجد (الحديث 322) مطولاً . و اخرجه ابن ما جه في المساجد و الجماعات، باب ما يكره في المساجد (الحديث 749) مطولاً . و الحديث عند: النسائي في المساجد، النهي عن البيع و الشراء في المسجد و عن التحلق قبل صلاة الجمعة (الحديث 713) . وابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب النهي عن انشاد الضوال في المسجد (الحديث 776)، و في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في الحلق يوم الجمعة قبل الصلاة و الاحتباء و الامام يخطب (الحديث 1133) . تحفة الاشراف (8796) .

715-اخرجه البخاري في بدء الخلق، باب ذكر الملائكة (الحديث 3212 . واخرجه مسلم في فضائل الصحابة، باب فضائل حسان بن ثابت، رضي الله عنه (الحديث 151) . واخرجه ابو داؤد في الادب، باب ما جاء في الشعر (الحديث 5013 و 5014) مختصراً . و الحديث عند: البخاري في الصلاة، باب الشعر في المسجد (الحديث 453)، و في الادب، باب هجاء المشركين (الحديث 6152) . و مسلم في فضائل الصحابة، باب فضائل حسان بن ثابت رضي الله عنه (الحديث 152) . تحفة الاشراف (3402) .

Marfat.com

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف رخ کیا اور بولے: آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''(اے حسان!) تم میری طرف سے (کفار کو) جواب دو! اے اللہ! تو روح القدس کے ذریعے اس کی مدد کر''۔
تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے ایسا ہی ہے۔

## شرح

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں: مسجد میں شعر سنانے میں کوئی حرج نہیں ہے جب کہ وہ اشعار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کے لئے ہوں اسلام یا حکمت کے بارے میں ہوں یا زُہد یا اس قسم کے بھلائی کے کاموں کے بارے میں ہوں۔
اس کے بعد ڈاکٹر وہبہ زحیلی نے وہی روایت نقل کی ہے جسے امام نسائی نے یہاں سعید بن مسیّب کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

جہاں تک مذموم شاعری کا تعلق ہے جیسے وہ شاعری جو کسی مسلمان کے ہجو پر مشتمل ہو یا اس میں شراب وغیرہ کی تعریف کی گئی ہو یا خواتین کا تذکرہ ہو یا کسی ظالم کی مدح سرائی کی گئی ہو یا کسی ممنوعہ کام کے ارتکاب پر فخر کا اظہار کیا گیا ہو یا اس طرح کی دیگر شاعری تو یہ حرام ہو گی۔

## 25 - باب النَّهْيِ عَنْ اِنْشَادِ الضَّالَّةِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرنے کی ممانعت

716 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا وَجَدْتَ".

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص آیا' اس نے مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرنا شروع کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں وہ چیز نہ ملے۔

## 26 - باب اِظْهَارِ السِّلَاحِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں اسلحہ ظاہر کرنا

717 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمِسْوَرِ الزُّهْرِيُّ - بَصْرِيٌّ - وَمُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ

716-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (2742) .

717-اخرجه البخاري في الصلاة ، باب ياخذ بنصول النبل اذا مرفي المسجد (الحديث 451)، و في الفتن، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم (من حمل علينا السلاح فليس منا) (الحديث 7073) .واخرجه مسلم في البر و الصلة و الاداب، باب امر من مر بسلاح في مسجد او سوق او غيرهما من المواضع الجامعة للناس ان يمسك بنصالها (الحديث 120) . واخرجه ابن ماجه في الادب، باب من كان معه سهام فلياخذ بنصالها (الحديث 3777) . تحفة الاشراف (2527) .

Marfat.com

قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قُلْتُ لِعَمْرٍو أَسَمِعْتَ جَابِرًا يَقُولُ مَرَّ رَجُلٌ بِسِهَامٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "خُذْ بِنِصَالِهَا". قَالَ نَعَمْ.

☆☆ سفیان بیان کرتے ہیں' میں نے عمرو سے دریافت کیا' کیا آپ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' ایک شخص تیر لے کر مسجد سے گزرا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا:

''تم اسے پھل کی طرف سے پکڑ کر رکھو''۔

تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

شرح

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں' سنت یہ ہے کہ جو شخص مسجد میں داخل ہو اور اس کے پاس ہتھیار موجود ہوں تو وہ اس ہتھیار کو پھل کی طرف سے پکڑ لے جیسے تیر کا پھل' نیزے کا سرا وغیرہ

اس کی دلیل وہی حدیث ہے جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے امام نسائی نے یہاں نقل کی ہے۔

## 27 - باب تَشْبِيكِ الْأَصَابِعِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کرنا

718 - أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَعَلْقَمَةُ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَنَا أَصَلَّى هَؤُلَاءِ قُلْنَا لَا. قَالَ قُومُوا فَصَلُّوا. فَذَهَبْنَا لِنَقُومَ خَلْفَهُ فَجَعَلَ أَحَدَنَا عَنْ يَمِينِهِ وَالْآخَرَ عَنْ شِمَالِهِ فَصَلَّى بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ فَجَعَلَ إِذَا رَكَعَ شَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَجَعَلَهَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ وَقَالَ هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ.

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں' میں اور علقمہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا ان لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی نہیں! تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ کھڑے ہو جاؤ' ہم ان کے پیچھے کھڑے ہونے لگے تو انہوں نے ہم میں سے ایک کو دائیں طرف کھڑا کر دیا اور دوسرے کو بائیں طرف کھڑا کر دیا اور کسی اذان اور اقامت کے بغیر نماز پڑھانا شروع کر دی' جب وہ رکوع میں گئے' تو انہوں نے انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں اور انہیں دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ لیا اور یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

شرح

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں: مسجد میں گدی کے بل چت لیٹ جانا جائز ہے۔ اسی طرح ایک پاؤں دوسرے پر رکھ لینا

718-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب الندب الى وضع الايدي على الركب في الركوع و نسخ التطبيق(الحديث 26 و 27) مطولاً . و اخرجه النسائي في التطبيق، باب التطبيق (الحديث 1028) تحفة الاشراف (9164) .

Marfat.com

بھی جائز ہے۔
کیونکہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث میں یہ بات ثابت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ تمام کام کئے ہیں۔

719 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا النَّضْرُ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## 28 - باب الْاِسْتِلْقَاءِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں چت لیٹنا

720 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ اَنَّهٗ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ وَاضِعًا اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى .

☆☆ عباد بن تمیم اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا ہے آپ ﷺ نے اپنا ایک پاؤں مبارک دوسرے پاؤں مبارک کے اوپر رکھا ہوا تھا۔

## 29 - باب النَّوْمِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں سونے (کا حکم)

721 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يَنَامُ وَهُوَ شَابٌّ عَزَبٌ لَا اَهْلَ لَهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں مسجد نبوی میں ہی سو جایا کرتے تھے اس وقت وہ جوان تھے اور غیر شادی شدہ تھے ان کا گھر بار نہیں تھا۔

### شرح

جہاں تک مسجد میں سونے کا تعلق ہے تو شوافع کے نزدیک اس میں کوئی کراہت نہیں ہے کیونکہ صحیحین میں یہ روایت منقول

719-اخرجه مسلم في المساجد ، باب الندب الى وضع الايدي على الركب في الركوع و نسخ التطبيق (الحديث 26 و 27) مطولاً . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب وضع اليدين على الركبتين (الحديث 868) بنحوه . و اخرجه النسائي في التطبيق، باب التطبيق (الحديث 1028 و 1029) . تحفة الاشراف (9164 و 9165) .

720-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الاستلقاء في المسجد و مد الرجل (الحديث 475)، و في الادب، باب الاستلقاء و وضع الرجل على الاخرى (الحديث 5969) بنحوه . و في الاستئذان، باب الاستلقاء الحديث (6287) . واخرجه مسلم في اللباس و الزينة، باب في اباحة الاستلقاء ووضع احدى الرجلين على الاخرى (الحديث 75 و 76) . واخرجه ابوداؤد في الادب، باب في الرجل يضع احدى رجليه على الاخرى (الحديث 4866) . واخرجه الترمذي في الادب، باب ما جاء في وضع احدى الرجلين على الاخرى مستلقيًا (الحديث 2765) . تحفة الاشراف (5298) .

721-اخرجه البخاري في الصلاة، باب نوم الرجل في المسجد (الحديث 440) . تحفة الاشراف (8173) .

Marfat.com

ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ایسا کیا کرتے تھے۔

اسی طرح اصحاب صفہ کے بارے میں بھی یہ بات منقول ہے کہ یہ لوگ مسجد میں سو جایا کرتے تھے۔

عرینہ قبیلے کے لوگوں کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ مسجد میں سوتے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایات منقول ہیں' یہ مسجد میں سو گئے تھے۔

ان کے علاوہ دیگر حضرات کے بارے میں بھی یہ بات منقول ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: اجنبی (یعنی باہر سے آنے والے) لوگوں کے لئے اس میں کوئی حرج نہیں ہے شہر کے رہنے والوں کے لئے میں اس بات کو پسند نہیں کروں گا۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: مسجد میں سونا مکروہ ہے البتہ اجنبی شخص کو اور اعتکاف کرنے والے شخص کو اس کی اجازت ہوگی۔

امام احمد بن حنبل اور امام اسحاق بن راہویہ کہتے ہیں: اگر کوئی شخص مسافر ہو یا مسافر کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو تو حرج نہیں ہے لیکن اگر کوئی شخص مسجد کو رہائش گاہ بنالے یا قیلولہ کرنے کی جگہ بنالے تو یہ درست نہیں ہوگا۔

## 30 - باب الْبُصَاقِ فِي الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں تھوک پھینکنا

722 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "الْبُصَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيْئَةٌ وَّكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مسجد میں تھوک پھینکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے' کہ اُسے دفن کر دیا جائے''۔

## 31 - باب النَّهْيِ عَنْ اَنْ يَّتَنَخَّمَ الرَّجُلُ فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد میں قبلہ کی سمت میں تھوکنے کی ممانعت

723 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى بُصَاقًا فِي جِدَارِ الْقِبْلَةِ فَحَكَّهُ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ "اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ يُصَلِّي فَلَايَبْصُقَنَّ قِبَلَ وَجْهِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

722-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن البصاق في المسجد في الصلاة و غيرها (الحديث 55) . اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 475) . واخرجه الترمذي في الصلاة، بابٌ ما جاء في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 572) . تحفة الاشراف (1428) .

723-اخرجه البخاري في الصلاة، باب حك لبزاق باليد من المسجد (الحديث 406) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن البصاق في المسجد في الصلاة وغيرها (الحديث 50) . تحفة الاشراف (8366) .

Marfat.com

قِبَلَ وَجْهِهِ اِذَا صَلّٰى ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی سمت والی دیوار پر تھوک لگا ہوا دیکھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صاف کر دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا:

"جب کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو' تو وہ اپنے سامنے کی سمت میں ہرگز نہ تھوکے' کیونکہ جب انسان نماز ادا کر رہا ہوتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کے سامنے کی سمت میں موجود ہوتا ہے"۔

## 32 - باب ذِكْرِ نَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَنْ يَّبْصُقَ الرَّجُلُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَوْ عَنْ يَّمِيْنِهِ وَهُوَ فِيْ صَلَاتِهِ

### باب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی نماز کے دوران اپنے سامنے یا اپنے دائیں طرف تھوکے

724 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى نُخَامَةً فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَحَكَّهَا بِحَصَاةٍ وَّنَهٰى اَنْ يَّبْصُقَ الرَّجُلُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَوْ عَنْ يَّمِيْنِهِ وَقَالَ "يَبْصُقُ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى ."

☆☆ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی قبلہ کی سمت بلغم لگا ہوا ملاحظہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکری کے ذریعے اُسے صاف کیا اور اس بات سے منع کر دیا' کہ کوئی شخص (نماز کے دوران) اپنے سامنے کی طرف یا دائیں طرف تھوکے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے بائیں طرف تھوک لے یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے۔

## 33 - باب الرُّخْصَةِ لِلْمُصَلِّىْ اَنْ يَّبْصُقَ خَلْفَهٗ اَوْ تِلْقَاءَ شِمَالِهٖ

### باب: نمازی کے لیے اس بات کی اجازت ہے' کہ وہ اپنے پیچھے یا اپنے بائیں جانب تھوک سکتا ہے

725 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَنْصُوْرٌ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا كُنْتَ تُصَلِّىْ فَلَا تَبْزُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْكَ وَلَا عَنْ يَّمِيْنِكَ وَابْصُقْ خَلْفَكَ اَوْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ اِنْ كَانَ فَارِغًا وَّاِلَّا فَهٰكَذَا ." وَبَزَقَ تَحْتَ رِجْلِهٖ وَدَلَكَهٗ .

724-اخرجه البخاري في الصلاة، باب حك المخاط بالحصى من المسجد (الحديث 408 و409) بنحوه، وباب لا يبصق عن يمينه في الصلاة (الحديث 410 و411) بنحوه، و باب ليبزق عن يساره او تحت قدمه اليسرى (الحديث 114) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن البصاق في المسجد في الصلاة وغير ها (الحديث 52). واخرجه ابن ما جه في المساجد و الجماعات، باب اكراهية النخامة في المسجد (الحديث 761) . تحفة الاشراف (3997) .

725-اخرجه ابوداؤدفي الصلاة، باب في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 478) بمعناه . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 571) مختصراً . و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب المصلي يتنخم (الحديث 1021) مختصراً . تحفة الاشراف (4987) .

Marfat.com

☆☆ حضرت طارق بن عبداللہ محاربی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جب تم نماز ادا کر رہے ہو' تو تم لوگ اپنے سامنے کی طرف یا اپنے دائیں طرف نہ تھوکو! بلکہ اپنے پیچھے کی طرف یا اپنے بائیں طرف تھوکو' اگر تم ایسا کر سکتے ہو' اگر نہیں کر سکتے تو پھر یوں کرلو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکا اور اُسے رگڑ دیا''۔

## 34 - باب بِاَيِّ الرِّجْلَيْنِ يَدْلُكُ بُصَاقَهُ

### باب: کون سے پاؤں کے ذریعے آدمی اپنے تھوک کو رگڑے گا؟

726 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَخَّعَ فَدَلَكَهُ بِرِجْلِهِ الْيُسْرٰى .

☆☆ ابویعلیٰ بن شخیر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوک پھینکا اور اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں پاؤں کے ذریعے مل دیا۔

## 35 - باب تَخْلِيْقِ الْمَسَاجِدِ

### باب: مسجد میں خوشبو استعمال کرنا

727 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُخَامَةً فِىْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهُ فَقَامَتِ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَحَكَّتْهَا وَجَعَلَتْ مَكَانَهَا خَلُوْقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَا اَحْسَنَ هٰذَا ."

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں قبلہ کی سمت میں تھوک پڑا ہوا دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہو گئے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک سرخ ہو گیا' ایک انصاری خاتون اُٹھیں اور اس نے اُسے صاف کیا' اور اس کی جگہ خوشبو لگا دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے کتنا اچھا کیا ہے۔

## 36 - باب الْقَوْلِ عِنْدَ دُخُوْلِ الْمَسْجِدِ وَعِنْدَ الْخُرُوْجِ مِنْهُ

### باب: مسجد میں داخل ہونے کے وقت اور باہر آنے کی دعا

728 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغَيْلَانِىُّ - بَصْرِىٌّ - قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ عَنْ

726-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي معن البصاق في المسجد في الصلاة وغيرها (الحديث 59) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة ، باب في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 483) بمعناه . و الحديث عند مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب النهي عن البصاق في المسجد في الصلاة و غيرها (الحديث 58) . و ابي داؤد في الصلاة باب في كراهية البزاق في المسجد (الحديث 482) . تحفة الاشراف (5348) .

727-اخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب كراهية النخامة في المسجد (الحديث 762) . تحفة الاشراف (698) .

Marfat.com

رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ وَّاَبَا اُسَيْدٍ يَقُوْلَانِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ."

☆☆ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص مسجد میں داخل ہو' تو یہ پڑھے:

اے اللہ! تو میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے''۔

(جب وہ مسجد سے باہر آئے) تو یہ پڑھے:

''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں''۔

## 37 - باب الْاَمْرِ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْجُلُوْسِ فِيْهِ

## باب: مسجد میں آنے کے بعد وہاں بیٹھنے سے پہلے نماز ادا کرنے کا حکم

729 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يَّجْلِسَ ."

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص مسجد میں آجائے' تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعات (تحیۃ المسجد) ادا کرے''۔

### شرح

مسجد میں داخل ہونے کے بعد جو نوافل ادا کئے جاتے ہیں انہیں ''تحیۃ المسجد'' کہا جاتا ہے۔ اس کے حکم کی وضاحت کرتے ہوئے امام موفق الدین ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں جو شخص مسجد میں داخل ہو اس کے لئے سنت یہ ہے کہ وہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعات ادا کرلے اور یہ ادا کرنے سے پہلے وہ نہ بیٹھے' اس کی دلیل وہ روایت ہے جو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

(یہ روایت امام نسائی نے یہاں نقل کی ہے)

728-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب ما يقول اذا دخل المسجد (الحديث 68) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب فيما يقوله الرجل عند دخوله المسجد (الحديث 465) . واخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب الدعاء عند دخول المسجد (الحديث 772) . تحفة الاشراف (11196) .

729-اخرجه البخاري في الصلاة، باب اذا دخل المسجد فليركع ركعتين (الحديث 444)، و في التهجد، باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى (الحديث 1163) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب تحية المسجد بركعتين و كراهة الجلوس قبل صلاتهما و انها مشروعة في جميع الاوقات (الحديث 69) و (الحديث 70) مطولاً . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب ما جاء في الصلاة عند دخول المسجد (الحديث 467 و 468) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء اذا دخل احدكم المسجد فليركع ركعتين (الحديث 316) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من دخل المسجد فلا يجلس حتى يركع (الحديث 1013) . تحفة الاشراف (12123) .

Marfat.com

یہ روایت متفق علیہ ہے اور اگر کوئی شخص نماز ادا کرنے سے پہلے بیٹھ جاتا ہے' تو سنت یہی ہے کہ وہ پھر اٹھ کر نماز ادا کرے۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جس کو امام مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

وہ بیان کرتے ہیں حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ (مسجد کے اندر) آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے سلیک رضی اللہ عنہ تم اٹھو اور دو رکعات نماز ادا کرلو اور انہیں مختصر ادا کرنا''۔[1]

## 38 - باب الرُّخْصَةِ فِي الْجُلُوسِ فِيهِ وَالْخُرُوْجِ مِنْهُ بِغَيْرِ صَلَاةٍ

## باب: (مسجد میں آنے کے بعد نماز پڑھے بغیر بیٹھنے کی اور نماز سے پہلے ہی) مسجد سے باہر چلے جانے کی اجازت

730 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَّاَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حَدِيْثَهُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوْكَ قَالَ وَصَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَادِمًا وَّكَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَاَ بِالْمَسْجِدِ فَرَكَعَ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَعَلَ ذٰلِكَ جَآئَهُ الْمُخَلَّفُوْنَ فَطَفِقُوْا يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْهِ وَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ وَكَانُوْا بِضْعًا وَّثَمَانِيْنَ رَجُلًا فَقَبِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَوَكَلَ سَرَائِرَهُمْ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حَتّٰى جِئْتُ فَلَمَّا سَلَّمْتُ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ ثُمَّ قَالَ ''تَعَالَ ـ'' فَجِئْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ لِيْ ''مَا خَلَّفَكَ اَلَمْ تَكُنِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ ـ'' فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَوْ جَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا لَرَاَيْتُ اَنِّيْ سَاَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهٖ وَلَقَدْ اُعْطِيْتُ جَدَلًا وَّلٰكِنْ وَّاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ حَدِيْثَ كَذِبٍ لِتَرْضٰى بِهٖ عَنِّيْ لَيُوْشِكُ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُسْخِطُكَ عَلَيَّ وَلَئِنْ حَدَّثْتُكَ حَدِيْثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَيَّ فِيْهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ فِيْهِ عَفْوَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ اَقْوٰى وَلَا اَيْسَرَ مِنِّيْ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ ـ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ''اَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ ـ'' فَقُمْتُ فَمَضَيْتُ ـ مُخْتَصَرٌ ـ

☆☆ عبداللہ بن کعب بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: انہوں

[1] المغنی لابن قدامہ کتاب الصلوٰۃ باب تحیۃ المسجد

730-اخرجه البخاري في الجهاد، باب الصلاة اذا قدم من سفر (الحديث 3088) . و مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب الركعتين في المسجد لمن قدم من سفر اول قدومه (الحديث 74) . و ابي داوٗد في الجهاد، باب في اعطاء البشير (الحديث 2773 و2781) . تحفة الاشراف (11132) .

Marfat.com

نے غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم ﷺ سے پیچھے رہ جانے کا واقعہ بیان کیا تھا' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت تشریف لائے' آپ ﷺ کا یہ معمول تھا کہ جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تھے' تو سب سے پہلے مسجد آتے تھے' وہاں دو رکعت نماز ادا کرتے تھے' پھر آپ ﷺ لوگوں سے ملاقات کے لیے بیٹھ جایا کرتے تھے' جب آپ ﷺ نے ایسا ہی کیا' تو پیچھے رہ جانے والے لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے مختلف طرح کے عذر پیش کرنے لگے اور آپ ﷺ کے سامنے قسمیں اُٹھانے لگے' ان کی تعداد اسّی سے کچھ زیادہ تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے بیان کو قبول کیا' ان سے بیعت لی اور ان کے لیے مغفرت کی دعا کی جبکہ ان کے پوشیدہ معاملے کو اللہ کے سپرد کر دیا' یہاں تک کہ جب میں آیا اور میں نے آپ ﷺ کو سلام کیا' تو نبی اکرم ﷺ مسکرائے' یوں جیسے کوئی ناراض شخص مسکراتا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم آگے آ جاؤ! میں آگے حاضر ہوا' یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا' آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

تم کیوں پیچھے رہ گئے تھے' تم نے تو اپنا سواری کا اونٹ خرید نہیں لیا تھا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! اگر میں آپ ﷺ کی بجائے کسی اور دنیادار شخص کے پاس بیٹھا ہوا ہوتا تو مجھے پتا ہے کہ میں اس کی ناراضگی سے کیسے بچ سکتا تھا' کیونکہ مجھے گفتگو کا فن عطاء کیا گیا ہے' لیکن اللہ کی قسم! مجھے اس بات کا علم ہے' کہ اگر آج میں نے آپ ﷺ کے ساتھ جھوٹی بات کی' تاکہ اس کے ذریعے آپ ﷺ مجھ سے راضی ہو جائیں' تو عنقریب اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو مجھ سے ناراض کر دے گا' اگر میں نے آپ ﷺ کے سامنے سچی بات کی تو آپ ﷺ کو مجھ سے ناراضگی محسوس ہوگی' مجھے اس کے بارے میں اُمید ہے' کہ اللہ تعالیٰ معاف کر دے گا' اللہ کی قسم! آپ ﷺ سے پیچھے رہنے کے وقت میں جتنا طاقتور تھا اور جتنا خوشحال تھا اتنا (طاقتور اور خوشحال) میں کبھی نہیں ہوا۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جہاں تک اس شخص کا تعلق ہے' تو اس نے سچ کہا ہے' تم اُٹھ جاؤ' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں فیصلہ کر دے''۔

تو میں اُٹھ گیا اور وہاں سے چلا گیا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت مختصر ہے۔

## 39 - باب صَلَاةِ الَّذِیْ یَمُرُّ عَلَی الْمَسْجِدِ

### باب: مسجد کے پاس سے گزرنے والے شخص کا نماز ادا کرنا

731 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ بْنِ اَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ هِلَالٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَرْوَانُ بْنُ عُثْمَانَ اَنَّ عُبَيْدَ بْنَ حُنَيْنٍ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ بْنِ

731-اخرجه النسائي في التفسير: سورة البقرة، قوله تعالى: (قد نرى تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة ترضاها) (الحديث 26) مطولاً . تحفة الاشراف (12048) .

Marfat.com

الْمُعَلّٰى قَالَ كُنَّا نَغْدُو اِلَى السُّوقِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَمُرُّ عَلَى الْمَسْجِدِ فَنُصَلِّي فِيْهِ۔

☆☆ حضرت ابوسعید بن معلیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں بازار جاتے ہوئے مسجد کے پاس سے گزرتے تھے' تو اس میں نماز ادا کر لیتے تھے۔

## 40 - باب التَّرْغِيْبِ فِي الْجُلُوسِ فِي الْمَسْجِدِ وَانْتِظَارِ الصَّلَاةِ

### باب: مسجد میں بیٹھنے اور نماز ادا کرنے کی ترغیب

732 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُصَلِّي عَلٰى اَحَدِكُمْ مَا دَامَ فِي مُصَلَّاهُ الَّذِي صَلّٰى فِيْهِ مَا لَمْ يُحْدِثِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''فرشتے اس شخص کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں' جب تک آدمی اس جگہ پر بیٹھا رہتا ہے جہاں اس نے نماز ادا کی تھی' جب تک وہ بے وضو نہیں ہو جاتا (وہ فرشتے یہ دعا کرتے ہیں:) اے اللہ! اس کی مغفرت کر دے! اے اللہ! اس پر رحم کر دے''۔

733 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عُقْبَةَ اَنَّ يَحْيَى بْنَ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَهُ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلًا السَّاعِدِيَّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ فَهُوَ فِي الصَّلَاةِ۔"

☆☆ حضرت سہل ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص مسجد میں بیٹھ کر نماز کا انتظار کر رہا ہو' تو وہ نماز کی حالت میں شمار ہوتا ہے''۔

## 41 - باب ذِكْرِ نَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي اَعْطَانِ الْاِبِلِ

### باب: اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کی ممانعت

734 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلَاةِ فِي اَعْطَانِ الْاِبِلِ۔

---

732-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الحدث في المسجد (الحديث 445)، و في الاذان، باب من جلس في المسجد ينتظر الصلاة و فضل المساجد (الحديث 659) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في فضل القعود في المسجد (الحديث 469) . تحفة الاشراف (13816) .

733-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (4808) .

734-اخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب الصلاة في اعطان الابل و مراح الغنم (الحديث 769) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (9651) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے۔

## شرح

امام ابوجعفر طحاوی بیان کرتے ہیں: ہمارے اصحاب (یعنی فقہائے احناف) کے نزدیک اس حوالے سے کوئی اختلاف نہیں ہے کہ اُونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنا جائز ہے۔ اسے مکروہ اس لئے قرار دیا گیا ہے کیونکہ یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں کوئی اونٹ ٹانگ نہ مار دے۔

امام اوزاعی نے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔ اگر چہ وہاں کپڑا بچھا دیا گیا ہو تاہم ان کے نزدیک بکریوں اور گائے کے باڑے میں نماز ادا کی جاسکتی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا نہیں کی جائے گی اگر کوئی شخص نماز ادا کر لیتا ہے اور وہاں نجاست موجود نہ ہو تو اس شخص کی نماز درست ہوگی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ روایت نقل کی گئی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے سے منع کیا ہے اور بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کو مباح قرار دیا ہے۔

(امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ اس اندیشے کے پیش نظر ہے کہ کوئی اُونٹ ٹانگ نہ مار دے کیونکہ اگر یہ نجاست کی وجہ سے ہوتا تو اس حوالے سے اونٹوں کے باڑے اور بکریوں کے باڑے میں کوئی فرق نہیں ہے۔

## 42 - باب الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ

### باب: اس بارے میں اجازت (کا بیان)

735 - اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ عَنْ يَزِيْدَ الْفَقِيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "جُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا اَيْنَمَا اَدْرَكَ رَجُلٌ مِّنْ اُمَّتِي الصَّلَاةَ صَلّٰى".

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"میرے لیے تمام روئے زمین کو نماز ادا کرنے کی جگہ اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے' میری اُمت کے جس بھی شخص کو جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے' وہ وہاں نماز ادا کرلے"۔

---

1. مختصر اختلاف العلماء ابوجعفر طحاوی ملخص

735-تقدم في الغسل و التيمم، باب التيمم بالصعيد (الحديث 430) .

Marfat.com

## 43 - باب الصَّلَاةِ عَلَى الْحَصِيْرِ

### باب: چٹائی پر نماز ادا کرنا

736 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْتِيَهَا فَيُصَلِّىَ فِىْ بَيْتِهَا فَتَتَّخِذَهُ مُصَلًّى فَاَتَاهَا فَعَمَدَتْ اِلٰى حَصِيْرٍ فَنَضَحَتْهُ بِمَاءٍ فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلَّوْا مَعَهُ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ گزارش کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائیں اور ان کے گھر میں نماز ادا کریں تاکہ سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا اس جگہ کو جائے نماز بنالیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر تشریف لائے' تو سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے ایک چٹائی کو لیا' انہوں نے اس پر پانی چھڑکا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز ادا کی' اور (گھر والوں نے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

## 44 - باب الصَّلَاةِ عَلَى الْخُمْرَةِ

### باب: چھوٹے کپڑے پر نماز ادا کرنا

737 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ - يَعْنِى الشَّيْبَانِىَّ - عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّىْ عَلَى الْخُمْرَةِ.

☆☆ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھوٹے کپڑے پر بھی نماز ادا کرلیا کرتے تھے۔

## 45 - باب الصَّلَاةِ عَلَى الْمِنْبَرِ

### باب: منبر پر نماز ادا کرنا

738 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ اَنَّ رِجَالًا اَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِىَّ وَقَدِ امْتَرَوْا فِى الْمِنْبَرِ مِمَّ عُوْدُهُ فَسَاَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّىْ لَاَعْرِفُ مِمَّ هُوَ وَلَقَدْ رَاَيْتُهُ اَوَّلَ يَوْمٍ وُضِعَ وَاَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى فُلَانَةَ امْرَاَةٍ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ "اَنْ مُرِىْ غُلَامَكِ النَّجَّارَ اَنْ يَّعْمَلَ لِىْ اَعْوَادًا اَجْلِسُ عَلَيْهِنَّ اِذَا كَلَّمْتُ النَّاسَ." فَاَمَرَتْهُ فَعَمِلَهَا مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ ثُمَّ جَاءَ بِهَا فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

736-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (220) .

737-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة على الخمرة (الحديث 381) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الصلاة على الخمرة (الحديث 1028) . تحفة الاشراف (18062) .

738-اخرجه البخاري في الجمعة، باب الخطبة على المنبر (الحديث 917) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز الخطوة و الخطوتين في الصلاة، (الحديث 45) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في اتخاذ المنبر (الحديث 1080) . تحفة الاشراف (4775) .

Marfat.com

وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ هَا هُنَا ثُمَّ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقِيَ فَصَلّٰى عَلَيْهَا وَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهَا ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَيْهَا ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرٰى فَسَجَدَ فِيْ اَصْلِ الْمِنْبَرِ ثُمَّ عَادَ فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ "يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَاْتَمُّوْا بِيْ وَلِتَعَلَّمُوْا صَلَاتِيْ ."

☆☆ ابوحازم بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر کے بارے میں بحث کر رہے تھے کہ اسے کون سی لکڑی سے بنایا گیا تھا؟ انہوں نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں اس بات سے بخوبی واقف ہوں کہ وہ کون سی لکڑی سے بنا تھا' اور مجھے وہ دن یاد ہے' جب پہلے دن اسے رکھا گیا تھا اور جب پہلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر تشریف فرما ہوئے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں خاتون کو پیغام بھجوایا تھا۔

(راوی کہتے ہیں:) حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کا نام بھی بیان کیا تھا' (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پیغام بھجوایا تھا کہ) تم اپنے بڑھئی غلام سے یہ کہو کہ وہ ہمارے لیے لکڑیاں جوڑ کر ایسی چیز بنا دے جس پر میں بیٹھ جایا کروں' اس وقت جب میں نے لوگوں کو مخاطب کرنا ہوتا ہے۔ تو اس خاتون نے اس غلام کو حکم دیا تو اس غلام نے جنگل کی لکڑیوں کے ذریعے اسے بنا دیا' وہ اسے لے کے آیا' تو اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھجوا دیا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے یہاں رکھا گیا' پھر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اس پر چڑھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز ادا کی' آپ نے تکبیر کہی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ہی موجود تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے جبکہ آپ منبر پر ہی موجود تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُلٹے قدموں نیچے اترے اور آپ نے اس منبر کی بنیاد کے قریب سجدہ کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ اس پر چڑھ گئے' جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف رخ کیا اور فرمایا:

''اے لوگو! میں نے ایسا اس لیے کیا ہے تاکہ تم میری پیروی کرو اور میری نماز کے طریقے کو سیکھ جاؤ''۔

## شرح

امام بخاری نے بھی یہ حدیث اپنی ''صحیح'' میں تحریر کی ہے۔ اس کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے حافظ بدر الدین محمود عینی تحریر کرتے ہیں: اس سے ایک مسئلہ تو یہ ثابت ہوتا ہے جس پر ترجمۃ الباب بھی دلالت کرتا ہے اور وہ منبر پر نماز ادا کرنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر اپنے نماز ادا کرنے اور مقتدیوں سے اپنے آپ کے بلند ہونے کی علت یہ بیان کی ہے: تاکہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کریں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں تعلیم دیں جب امام مقتدیوں سے بلند ہو تو یہ چیز مکروہ ہے۔ البتہ ضرورت کے پیش نظر ایسا کیا جا سکتا ہے جیسا کہ مذکورہ بالا صورتِ حال تھی۔

(جس کا حدیث میں ذکر ہے)

ایسی صورت میں یہ مستحب ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور لیث بن سعد نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

Marfat.com

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے اس کی ممانعت کی روایت بھی منقول ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

ابن حزم نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے کہ انہوں نے اس سے منع کیا ہے' تاہم یہ روایت درست نہیں ہے بلکہ امام ابوحنیفہ کا مذہب یہ ہے کہ ایسی نماز کراہت کے ساتھ جائز ہوگی۔

فقہائے احناف نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے اس کے جواز کا قول بھی نقل کیا ہے۔ اس وقت جب امام اتنا بلند ہو جتنا انسان کا قد ہوتا ہے جبکہ امام مالک سے ایک روایت یہ بھی نقل کی گئی ہے کہ اگر امام تھوڑا سا بلند ہوتا ہے' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس روایت سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ نماز کے دوران تھوڑا سا چل لینے سے نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔

''محیط برہانی'' کے مصنف نے یہ بات تحریر کی ہے۔ نماز کے دوران ایک قدم چلنے سے نماز نہیں ٹوٹتی لیکن دو یا اس سے زیادہ قدم چلنے سے ٹوٹ جاتی ہے۔

لیکن اگر ان کے اس قول کو درست تسلیم کر لیا جائے تو مناسب تو یہ ہوگا کہ یہ نماز بھی ٹوٹ گئی ہوتی (جس طریقے کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لائے تھے)

اس لئے ہم یہ کہتے ہیں' جب کسی مصلحت کے پیش نظر نماز کے دوران چلا جائے تو مناسب یہ ہے کہ نماز نہ ٹوٹے اور یہ مکروہ بھی نہ ہو۔

جس طرح اس مسئلے میں ہے کہ جب کوئی شخص کسی صف میں اکیلا کھڑا ہوا ہو' تو اسے اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ وہ اگلی صف میں سے کسی کو پیچھے کھینچ لے اور وہ دونوں صف میں کھڑے ہو جائیں۔

اب جس شخص کو پکڑ کر پیچھے لایا گیا ہے اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی اگر چہ وہ ایک یا دو قدم چل چکا ہو۔[1]

## 46 - باب الصَّلَاةِ عَلَى الْحِمَارِ

### باب: گدھے پر نماز ادا کرنا

739 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى حِمَارٍ وَّهُوَ مُتَوَجِّهٌ اِلٰى خَيْبَرَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گدھے پر نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' اس کا رخ اس وقت خیبر کی طرف تھا۔

---

[1] عمدۃ القاری، کتاب نماز کے احکام، باب سطح منبر اور لکڑی پر نماز ادا کرنا

739-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث توجهت (الحديث 35) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب التطوع على الراحلة والوتر (الحديث 1226) . تحفة الاشراف (7086) .

Marfat.com

## شرح

اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں: سواری پر فرض یا واجب نماز ادا نہیں کی جاسکتی۔ اس میں واجب کی تمام اقسام شامل ہوں گی جن میں وتر، نذر کی نماز، نماز جنازہ وغیرہ شامل ہیں' انہیں کسی عذر کے بغیر سواری پر ادا نہیں کیا جاسکتا البتہ نفل اور سنتیں سواری پر ادا کی جاسکتی ہیں۔ صرف فجر کی سنتیں سواری پر ادا نہیں کی جاسکتیں۔

740 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ رَاَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى حِمَارٍ وَّهُوَ رَاكِبٌ اِلٰى خَيْبَرَ وَالْقِبْلَةُ خَلْفَهُ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا تَابَعَ عَمْرَو بْنَ يَحْيٰى عَلٰى قَوْلِهٖ يُصَلِّي عَلٰى حِمَارٍ وَّحَدِيْثُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسٍ الصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ وَّاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گدھے پر نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خیبر کی طرف جارہے تھے اور قبلہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت کی طرف تھا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ہمارے علم کے مطابق کسی بھی راوی نے گدھے پر نماز ادا کرنے کے الفاظ کے بارے میں عمرو بن یحییٰ نامی راوی کی متابعت نہیں کی ہے' اور یحییٰ بن سعید نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے' وہ موقوف ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

---

740-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1665) .

Marfat.com

# 9 - كِتَابُ الْقِبْلَةِ

## قبلہ (کے بارے میں روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''قبلہ (کے بارے میں روایات)'' میں 25 تراجم ابواب اور 34 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 23 ہوگی۔

## 1 - باب اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

### باب: قبلہ کی طرف رخ کرنا

741 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَصَلّٰى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا ثُمَّ وُجِّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ فَمَرَّ رَجُلٌ قَدْ كَانَ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وُجِّهَ اِلَى الْكَعْبَةِ . فَانْحَرَفُوا اِلَى الْكَعْبَةِ .

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سولہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نمازیں ادا کرتے رہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ کعبہ کی طرف کر دیا گیا' ایک شخص جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی تھی' وہ کچھ انصاریوں کے پاس سے گزرا اور بولا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا ہے' تو وہ لوگ خانہ کعبہ کی طرف مڑ گئے۔

### شرح

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز کے درست ہونے کے لئے قبلہ کی طرف رُخ کرنا شرط ہے۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''تم جہاں کہیں بھی ہو تو تم اپنے چہرے کو مسجد حرام کی طرف پھیر لو۔'' (البقرہ: آیت 150)

البتہ دو صورتوں میں اس کا حکم نہیں ہے۔ ایک یہ ہے کہ جب خوف شدید ہو اس وقت (قبلہ کی طرف رُخ کئے بغیر بھی نماز

741-تقدم في الصلاة، باب فرض القبلة (الحديث 488) .

Marfat.com

ادا کی جاسکتی ہے)

اور دوسری صورت یہ ہے کہ مسافر نفل نماز سواری پر ادا کرسکتا ہے۔ خواہ اس کا رُخ کسی بھی سمت میں ہو۔

فقہائے مالکیہ اور فقہائے احناف نے استقبال قبلہ کے لئے یہ بات شرط کے طور پر بیان کی ہے: کہ آدمی دشمن اور درندے سے امن کی حالت میں ہو اور اسے قبلہ کی طرف رُخ کرنے کی قدرت حاصل ہو اس لئے جب دشمن یا درندے کی طرف سے خوف ہو۔ اس صورت میں قبلے کی طرف رُخ کرنا واجب نہیں ہوگا۔

اسی طرح جس شخص کے لئے قبلہ کی طرف رُخ کرنے کی قدرت نہ ہو جیسے کوئی شخص بندھا ہوا ہو یا ایسا بیمار ہو جس کا رُخ قبلہ کی طرف نہ کیا جاسکتا ہو اور کوئی پھیرنے والا بھی وہاں موجود نہ ہو تو وہ جس سمت میں بھی رُخ کر کے نماز ادا کرسکتا ہو اسی طرح رُخ کر کے نماز ادا کرلے گا کیونکہ اب عذر متحقق ہو گیا ہے۔

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے جو شخص براہِ راست خانہ کعبہ کو دیکھ رہا ہو اس کے لئے عین خانہ کعبہ کی طرف رُخ کرنا فرض ہے۔

حنابلہ کے نزدیک مکہ کے رہنے والے تمام لوگوں کے لئے عین خانہ کعبہ کی طرف رُخ کرنا لازم ہے خواہ ان کے اور خانہ کعبہ کے درمیان دیواریں اور عمارات موجود ہوں۔

لیکن جو شخص خانہ کعبہ کو دیکھ نہیں رہا اس کے لئے جمہور کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ وہ خانہ کعبہ کی جہت کی طرف رُخ کر لے۔ تاہم اس بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کچھ مختلف ہے۔

## 2 - باب الْحَالِ الَّتِيْ يَجُوْزُ عَلَيْهَا اسْتِقْبَالُ غَيْرِ الْقِبْلَةِ

### باب: اس حالت کا بیان جس میں قبلہ کی بجائے دوسری طرف رخ کرنا بھی جائز ہے

742 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فِي السَّفَرِ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ .

قَالَ مَالِكٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ وَّكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران اپنی سواری پر ہی (نفل) نماز ادا کر لیتے تھے خواہ اس کا رخ کسی بھی سمت میں ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' عبداللہ بن دینار نے یہ بات بیان کی ہے' کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا ہی کرلیا کرتے تھے۔

**شرح**

اس سے پہلے ہم حدیث 739 میں اس کی وضاحت کر چکے ہیں۔ فقہاء کے نزدیک سواری پر فرض اور واجب نماز ادا نہیں

742-تقدم في الصلاة، باب الحال يجوز فيها استقبال غير القبلة (الحديث 491) .

Marfat.com

کی جاسکتی جبکہ فجر کی سنتیں بھی ادا نہیں کی جاسکتیں۔ تاہم نفل نماز اور سنتیں ادا کی جاسکتی ہیں۔

743 - اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الرَّاحِلَةِ قِبَلَ اَيِّ وَجْهٍ تَوَجَّهَ بِهٖ وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يُصَلِّي عَلَيْهَا الْمَكْتُوْبَةَ .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن عمر) بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر ہی نفل نماز ادا کر لیتے تھے' خواہ اس کا رخ کسی بھی سمت میں ہو' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر وتر ادا کر لیتے تھے' البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر فرض نماز ادا نہیں کرتے تھے۔

## 3 - باب اسْتِبَانَةِ الْخَطَاِ بَعْدَ الْاِجْتِهَادِ

### باب: قبلہ کی سمت کے بارے میں اجتہاد کرنے کے بعد غلطی ظاہر ہونا

744 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ جَائَهُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْاٰنٌ وَّقَدْ اُمِرَ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ . فَاسْتَقْبَلُوْهَا وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَى الْكَعْبَةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ قبا میں فجر کی نماز ادا کر رہے تھے' ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: گزشتہ رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر حکم نازل ہوا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا گیا ہے' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ (یعنی خانہ کعبہ) کی طرف رخ کر لیں' تو تم لوگ اس کی طرف رخ کر لو۔

(راوی کہتے ہیں:) اس وقت ان لوگوں کے چہرے شام کی طرف تھے' تو وہ اُلٹے گھوم کر خانہ کعبہ کی طرف ہو گئے۔

### شرح

اس حدیث میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص لاعلمی کی وجہ سے یا قبلے کی سمت کا پتہ نہ ہونے کی وجہ سے اپنے اجتہاد کے ذریعے کسی ایک طرف سمت قبلہ کا تعین کر کے اس طرف رُخ کر کے نماز ادا کر رہا ہو پھر نماز کے دوران اسے پتہ چل جائے کہ قبلہ کا رُخ دوسری طرف ہے' تو وہ دوسری طرف رُخ کر سکتا ہے۔

## 4 - باب سُتْرَةِ الْمُصَلِّي

### باب: نمازی کے سترہ کا حکم

745 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ

743-تقدم في الصلاة، باب الحال يجوز فيها استقبال غير القبلة (الحديث 489) .

744-تقدم في الصلاة، باب استبانة الخطا بعد الاجتهاد (الحديث 492) .

745-اخرجه مسلم في الصلاة، باب سترة المصلي (الحديث 243 و244) . تحفة الاشراف (16395) .

Marfat.com

أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ عَنْ سُتْرَةِ الْمُصَلِّي فَقَالَ "مِثْلُ مُؤْخِرَةِ الرَّحْلِ ۔"

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ غزوۂ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازی کے سترہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ پالان کی پچھلی لکڑی کے برابر ہونا چاہیے۔

## شرح

سترہ کے بارے میں فقہاء کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہائے مالکیہ اور فقہائے احناف اس بات کے قائل ہیں: امام کے لئے اور تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نماز ادا کرنے کے دوران اپنے آگے سترہ رکھ لیں۔ اس وقت جب انہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ ان کے آگے سے کوئی گزر سکتا ہے' یہ حکم فرض اور نفل دونوں نمازوں کے لئے ہے اور امام اور تنہا نماز ادا کرنے والے شخص دونوں کے لئے ہے۔

جہاں تک مقتدی کا تعلق ہے' تو امام کا سترہ ہی مقتدی کا سترہ شمار ہوگا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں کھلے میدان میں نماز ادا کی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز ایک نیزے کی طرف رُخ کر کے ادا کی تھی۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقتدیوں کے لئے الگ سے کوئی سترہ نہیں تھا۔

جب نمازی کو اس بات کا غالب گمان ہو کہ کوئی شخص اس کے آگے سے نہیں گزرے گا اور وہ اپنے سامنے سترہ نہیں لگاتا تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔

جو شخص کھلی جگہ پر نماز ادا کر رہا ہو اس کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے سامنے کوئی چیز گاڑے جیسے لکڑی یا اس طرح کی اور کوئی چیز اس میں اس چیز کو گاڑنے کا اعتبار ہوگا ویسے ہی رکھنے کا اعتبار نہیں ہوگا۔ اسی طرح نشان کے طور پر کوئی لکیر کھینچنا بھی سترہ شمار نہیں ہوگا کیونکہ اصل مقصد یہ ہے کہ آدمی اور آگے سے گزرنے والے شخص کے درمیان کوئی رکاوٹ ہونی چاہئے اور زمین پر وہ چیز رکھ دینے یا لکیر کھینچ لینے سے یہ مقصد حاصل نہیں ہو پائے گا۔

شافعی اور حنبلی فقہاء اس بات کے قائل ہیں: یہ بات مستحب ہے کہ وہ سترہ کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرے خواہ وہ مسجد میں نماز ادا کر رہا ہو یا گھر میں نماز ادا کر رہا ہو۔ اسے چاہئے کہ وہ دیوار یا ستون کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرے۔

اسی طرح اگر وہ کھلی جگہ پر ہو تو اپنے سامنے کسی عصا کو گاڑے یا نیزے کو گاڑے یا اونٹ کو چوڑائی کی سمت میں بٹھا لے یا اس کے پالان کو رکھ لے۔

اگر اسے یہ چیزیں دستیاب نہیں ہیں تو وہ اپنے سامنے کی طرف لکیر لگا لے گا یا وہ آگے کی طرف چوڑائی کی سمت میں کوئی چیز بچھا لے گا۔ جیسا کہ فقہائے شوافع نے یہ بات ذکر کی ہے۔

Marfat.com

746 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَنْبَاَنَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يَرْكُزُ الْحَرْبَةَ ثُمَّ يُصَلِّي اِلَيْهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیزہ گاڑھ لیا کرتے تھے اور پھر اس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لیتے تھے۔

## 5 - باب الْاَمْرِ بِالدُّنُوِّ مِنَ السُّتْرَةِ

### باب: سترہ کے قریب کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے کا حکم

747 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَّاِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى سُتْرَةٍ فَلْيَدْنُ مِنْهَا لَا يَقْطَعُ الشَّيْطٰنُ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ ."

☆☆ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص سترہ کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر رہا ہو' تو اس کے قریب رہے تا کہ شیطان اس کی نماز کو منقطع نہ کرے (شاید اس سے یہ مراد ہے' کہ کوئی شخص آدمی اور سترے کے درمیان میں سے گزر نہ جائے)''۔

## 6 - باب مِقْدَارِ ذٰلِكَ

### باب: اس کی مقدار کا بیان

748 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّبِلَالٌ وَّعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ فَاَغْلَقَهَا عَلَيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَسَاَلْتُ بِلَالًا حِيْنَ خَرَجَ مَاذَا صَنَعَ

---

746-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة الى الحربة (الحديث 498) تحفة الاشراف (8172) .

747-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الدنو من السترة (الحديث 695) . تحفة الاشراف (4648) .

748-اخرجه البخاري في الصلاة، باب . 97 . (الحديث 505 و 506) ، و في الحج، باب الصلاة في الكعبة (الحديث 1599) بمعناه . و اخرجه ابوداؤد في المناسك (الحج)، باب الصلاة في الكعبة (الحديث 2024) . والحديث عند: البخاري في الصلاة، باب قول الله تعالىٰ: (واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى) (الحديث 397) ، وباب الابواب و الغلق للكعبة و المساجد (الحديث 468)، وباب الصلاة بين السواري في غير جماعة (الحديث 504 و 505)، و في التهجد، باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى (الحديث 1167) ، و في الحج، باب اغلاق البيت و يصلي في اي نواحي البيت شاء (الحديث 1598)، و في الجهاد، باب الردف على الحمار (الحديث 2988)، و في المغازي، باب دخول النبي صلى الله عليه وسلم من اعلى مكة (الحديث 4289) تعليقًا و باب حجة الوداع (الحديث 4400) . و مسلم في الحج، باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره للصلاة فيها والدعاء في نواحيها كلها (الحديث 388 و 389 و 390 و 391 و 392 و 393 و 394) . و ابي داؤد في المناسك الحج)، باب الصلاة في الكعبة (الحديث 2023 و 2025) . و النسائي في المساجد ، الصلاة في الكعبة (الحديث 691)، و في مناسك الحج، دخول البيت (الحديث 2905 و 2906) و موضع الصلاة في البيت (الحديث 2907 و 2908) . وابن ماجه في المناسك، باب دخول الكعبة (الحديث 3063) تحفة الاشراف (2037 و 8331) .

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَعَلَ عَمُودًا عَنْ يَّسَارِهِ وَعَمُودَيْنِ عَنْ يَّمِينِهِ وَثَلَاثَةَ اَعْمِدَةٍ وَّرَائَهُ - وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ - ثُمَّ صَلّٰى وَجَعَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِدَارِ نَحْوًا مِّنْ ثَلَاثَةِ اَذْرُعٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت اسامہ بن زید' حضرت بلال' حضرت عثمان بن طلحہ حجبی رضی اللہ عنہم تھے' اس دروازے کو بند کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے' تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اندر) کیا کیا تھا؟ تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ستون کو اپنے بائیں طرف رکھا تھا اور دو ستونوں کو اپنے دائیں طرف رکھا تھا اور تین ستون آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کی طرف تھے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) اس وقت خانہ کعبہ میں چھ ستون ہوا کرتے تھے۔

(حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیوار کے درمیان تقریباً تین ہاتھ کا فاصلہ تھا۔

## شرح

سترہ کی مقدار کے بارے میں بھی فقہاء کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: سترہ کی کم از کم مقدار یہ ہے کہ وہ ایک بالشت لمبا ہونا چاہئے اور ایک انگلی جتنا موٹا ہونا چاہئے۔

## 7 - باب ذِكْرِ مَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ وَمَا لَا يَقْطَعُ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي سُتْرَةٌ

## باب: اس بات کا تذکرہ کہ کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے اور کون سی چیز نماز کو نہیں' توڑتی ہے جبکہ نمازی کے سامنے سترہ موجود نہ ہو؟

749 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ قَائِمًا يُصَلِّي فَاِنَّهٗ يَسْتُرُهٗ اِذَا كَانَ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلُ اٰخِرَةِ الرَّحْلِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلُ اٰخِرَةِ الرَّحْلِ فَاِنَّهٗ يَقْطَعُ صَلَاتَهُ الْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ ." قُلْتُ مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَصْفَرِ مِنَ الْاَحْمَرِ فَقَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِيْ فَقَالَ "اَلْكَلْبُ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ ."

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

749-اخرجه مسلم في الصلاة، باب قدر ما يستر المصلي (الحديث 265) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يقطع الصلاة (الحديث 702) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء انه لا يقطع الصلاة الا الكلب و الحمار و المراة (الحديث 338) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما يقطع الصلاة (الحديث 952) مختصراً . و الحديث عند: ابن ماجه في الصيد، باب صيد كلب المجوس و الكلب الاسود البهيم (الحديث 3210) . تحفة الاشراف (11939) .

Marfat.com

''جب کوئی شخص نماز ادا کرنے لگے تو اگر اس کے سامنے پالان کے پیچھے والی لکڑی کے برابر کوئی چیز موجود ہو تو وہ اسے سترہ بنالے اگر اس کے سامنے پالان کی پیچھے والی لکڑی کی مانند کوئی چیز نہ ہو تو پھر عورت' گدھا اور سیاہ کتا اس کے (آگے سے گزر کر) اس کی نماز کو توڑ دیں گے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) میں نے دریافت کیا: سیاہ کتے کا کیوں ذکر کیا گیا' زرد یا سرخ کتے کا ذکر کیوں نہیں کیا گیا؟ تو حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح سوال کیا جس طرح تم نے مجھ سے سوال کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:

''سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے''۔

## شرح

اس بات پر مذاہب اربعہ میں اتفاق پایا جاتا ہے کہ نمازی کے آگے سے گزرنے کی وجہ سے نماز نہیں ٹوٹتی ہے اور وہ باطل نہیں ہوتی ہے۔ تاہم اگر نمازی گزرنے والے شخص کو روکنے کی کوشش نہیں کرتا تو اس سے نماز میں کمی آجاتی ہے۔

تاہم امام احمد بن حنبل سے یہ روایت منقول ہے کہ کوئی بھی چیز نماز کو نہیں توڑتی ہے۔ البتہ اگر سیاہ کتا نمازی کے آگے سے گزر جائے تو (اس کا حکم مختلف ہے یعنی اس کے نمازی کے آگے سے گزر جانے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے)

اہل ظاہر نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ خاتون' کتے یا گدھے کے نمازی کے آگے سے گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

750 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ وَهِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ مَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ الْمَرْاَةُ الْحَائِضُ وَالْكَلْبُ . قَالَ يَحْيَى رَفَعَهُ شُعْبَةُ .

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں' میں نے جابر بن زید سے دریافت کیا: کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے' تو انہوں نے بتایا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یہ فرمایا کرتے تھے: حیض والی عورت اور کتا (نمازی سے آگے سے گزر کر نماز کو توڑ دیتے ہیں)۔

یحییٰ بن سعید بیان کرتے ہیں' شعبہ نامی راوی نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

751 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جِئْتُ اَنَا وَالْفَضْلُ عَلٰى اَتَانٍ لَّنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ بِعَرَفَةَ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَّعْنَاهَا فَمَرَرْنَا عَلٰى بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْنَا وَتَرَكْنَاهَا تَرْتَعُ فَلَمْ يَقُلْ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا .

750-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يقطع الصلاة (الحديث 703) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما يقطع الصلاة (الحديث 949) . تحفة الاشراف (5379) .

751-اخرجه البخاري في العلم، باب متى يصح سماع الصغير (الحديث 76) بنحوه، و في الصلاة، باب سترة الامام سترة من خلفه (الحديث 493)، و في الاذان، باب وضوء الصبيان (الحديث 861) بنحوه، و في جزاء الصيد، باب حج الصبيان (الحديث 1857)، و في المغازي، باب حجة الوداع (الحديث 4412) بنحوه . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب سترة المصلي (الحديث 254 و 255 و 256 و 257) بنحوه واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال الحمار لا يقطع الصلاة (الحديث 715) بنحوه . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء لا يقطع الصلاة شيء (الحديث 337) بنحوه . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما يقطع الصلاة (الحديث 947) بنحوه . تحفة الاشراف (5734) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما ایک گدھی پر سوار ہو کر آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت عرفہ میں لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' پھر انہوں نے ایک بات ذکر کی' جس کا مطلب یہ تھا کہ ہم ایک صف کے کچھ حصے کے آگے سے گزرے اور ہم اس سے اتر گئے' ہم نے اسے چرنے کے لیے چھوڑ دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حوالے سے ہمیں کچھ بھی نہیں کہا۔

752 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ قَالَ زَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبَّاسًا فِي بَادِيَةٍ لَّنَا وَلَنَا كُلَيْبَةٌ وَّحِمَارَةٌ تَرْعَى فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ وَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَمْ يُزْجَرَا وَلَمْ يُؤَخَّرَا .

☆☆ عباس بن عبیداللہ' حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لیے ہماری زرعی زمین پر تشریف لائے' ہمارے پاس ایک چھوٹی سی کتیا تھی اور ایک گدھی تھی' جو چر رہی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی تو وہ دونوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھیں' لیکن ان دونوں کو جھڑکا بھی نہیں گیا اور پیچھے بھی نہیں کیا گیا۔

753 - اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَنَّ الْحَكَمَ اَخْبَرَهُ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ الْجَزَّارِ يُحَدِّثُ عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُ اَنَّهُ مَرَّ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَغُلَامٌ مِّنْ بَنِي هَاشِمٍ عَلٰى حِمَارٍ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَنَزَلُوْا وَدَخَلُوْا مَعَهُ فَصَلَّوْا وَلَمْ يَنْصَرِفْ فَجَائَتْ جَارِيَتَانِ تَسْعَيَانِ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاَخَذَتَا بِرُكْبَتَيْهِ فَفَرَعَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَنْصَرِفْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے گزرے' ان کے ساتھ بنو ہاشم کے ایک نوجوان تھے' یہ دونوں گدھے پر سوار تھے' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے گزرے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر رہے تھے' یہ لوگ اپنے جانور سے اترے اور نماز میں شریک ہو گئے' ابھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل نہیں کی تھی کہ بنو عبدالمطلب سے تعلق رکھنے والی دو بچیاں بھاگتی ہوئی آئیں اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں کو پکڑ لیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں الگ کیا' لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو ختم نہیں کیا (یعنی نماز جاری رکھی)۔

754 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَاِذَا

752-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال: الكلب لا يقطع الصلاة (الحديث 718) بنحوه تحفة الاشراف (11045) .

753-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من قال: الحمار لا يقطع الصلاة (الحديث 716 و 717) بنحوه . تحفة الاشراف (5687) .

754-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة الى السرير (الحديث 508) بنحوه . واكرجه مسلم في الصلاة، باب الاعتراض بين يدي المصلي (الحديث 271) بنحوه . تحفة الاشراف (15987) .

Marfat.com

اَرَدْتُ اَنْ اَقُومَ كَرِهْتُ اَنْ اَقُومَ - فَاَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ - انْسَلَلْتُ انْسِلالاً ۔

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے موجود ہوتی تھی' آپ نماز ادا کر رہے ہوتے تھے' جب میں نے اُٹھنا ہوتا تھا تو مجھے یہ بات پسند نہیں آتی تھی کہ میں اُٹھوں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے گزروں اس لیے میں ایک طرف سے ہو کر اُٹھتی تھی۔

## 8 - باب التَّشْدِيدِ فِي الْمُرُورِ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي وَبَيْنَ سُتْرَتِهِ

## باب: نمازی اور اس کے سترے کے درمیان میں سے گزرنے کی شدید مذمت

755 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ اَرْسَلَهُ اِلٰى اَبِي جُهَيْمٍ يَسْاَلُهُ مَاذَا سَمِعَ مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي فَقَالَ اَبُوْ جُهَيْمٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ لَكَانَ اَنْ يَّقِفَ اَرْبَعِيْنَ خَيْرًا لَّهُ مِنْ اَنْ يَّمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ ."

☆☆ بشر بن سعید بیان کرتے ہیں' حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے انہیں حضرت ابوجہیم رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا' تاکہ ان سے اس بارے میں دریافت کرے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نمازی کے آگے سے گزرنے والے شخص کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' تو حضرت ابوجہیم رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والے شخص کو یہ پتہ چل جائے کہ اس کو کتنا گناہ ہوگا' تو اس کا چالیس (دن' مہینے یا سال) ٹھہرے رہنا اُس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہوگا کہ وہ نمازی کے آگے سے گزر جائے''۔

### شرح

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازی کے آگے سے گزرنے سے سختی سے منع کیا ہے اور اکثر علماء اس بات کے قائل ہیں: نمازی کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ اگر کوئی شخص اس کے آگے سے گزرنے کی کوشش کرتا ہے' تو نمازی اس کو روک دے کیونکہ احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی حکم دیا ہے کہ اگر کوئی شخص نمازی کے آگے سے گزرنا چاہے اور نمازی اسے روک دے اور وہ شخص نہ مانے تو نمازی کو چاہیے کہ اس شخص کے ساتھ جھگڑا کرے۔

756 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ

755-اخرجه البخاري في الصلاة، باب اثم المار بين يدي المصلي (الحديث 510) . واكرجه مسلم في الصلاة، باب منع المار بين يدي المصلي (الحديث 261) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما ينهى عنه من المرور بين يدي المصلي (الحديث 701) . واكرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية المرور بين يدي المصلي (الحديث 336) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب المرور بين يدي المصلي (الحديث 945) بنحوه . تحفة الاشراف (11884) .

756-اخرجه مسلم في الصلاة، باب منع المار بين يدي المصلي (الحديث 258) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يومر المصلي ان يدرأ عن الممر بين يديه (الحديث 697) و (الحديث 698) مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ادرا ما استطعت (الحديث 954) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (4117) .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي فَلَايَدَعْ أَحَدًا أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ فَإِنْ أَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ ۔"

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جب کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو' تو وہ کسی کو بھی اپنے سامنے سے نہ گزرنے دے' اگر وہ دوسرا شخص نہیں مانتا تو وہ اس کے ساتھ جھگڑا کرے"۔

## 9 - باب الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ

### باب: اس بارے میں رخصت کا بیان

757 - أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ بِحِذَائِهِ فِي حَاشِيَةِ الْمَقَامِ وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطُّوَّافِ أَحَدٌ ۔

☆☆ کثیر بن کثیر اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ابراہیم کے کنارے پر دو رکعات نماز ادا کی' اس وقت آپ کے اور طواف کرنے والوں کے درمیان کوئی چیز نہیں تھی۔

## 10 - باب الرُّخْصَةِ فِي الصَّلَاةِ خَلْفَ النَّائِمِ

### باب: سوئے ہوئے شخص کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرنے کی اجازت

758 - أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ وَأَنَا رَاقِدَةٌ مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ عَلَى فِرَاشِهِ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُوتِرَ أَيْقَظَنِي فَأَوْتَرْتُ ۔

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نماز ادا کر لیا کرتے تھے' جبکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چوڑائی کی سمت میں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قبلہ کے درمیان' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر لیٹی ہوئی ہوتی تھی' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم وتر ادا کرنے لگتے تو مجھے بیدار کر دیتے تھے تو میں بھی وتر ادا کر لیتی تھی۔

### شرح

اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ ایسے شخص کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرنا مکروہ ہے جس کا رُخ نمازی کی طرف ہو۔

757-اخرجه ابو داؤد في المناسك (الحج)، باب في مكة (الحديث 2016) بمعناه . واخرجه النسائي في مناسك الحج، اين يصلي ركعتي الطواف (الحديث 2959) واخرجه ابن ماجه في المناسك، باب الركعين بعد الطواف (الحديث 2958) . تحفة الاشراف (11285) .

758-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة خلف النائم (الحديث 512)، و في الوتر، باب ايقاظ النبي صلى الله عليه وسلم اهله بالوتر (الحديث 997) . تحفة الاشراف (17312) .

Marfat.com

اس کی وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں اس شخص کو سجدہ کرنے کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے اور یہ عمل احناف کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے۔

## 11 - باب النَّهْيِ عَنِ الصَّلَاةِ اِلَى الْقَبْرِ

## باب: قبر کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرنے کی ممانعت

759 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ وَّاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ عَنْ اَبِيْ مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا تُصَلُّوْا اِلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تَجْلِسُوْا عَلَيْهَا".

☆☆ حضرت ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''قبروں کی طرف رخ کر کے نماز ادا نہ کیا کرو' اور ان پر بیٹھا بھی نہ کرو''۔

### شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے' قبر کی طرف رُخ کرنے میں قبر کی عبادت کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے اور قبر پر بیٹھنے سے مراد بظاہر تو یہی ہے کہ اس پر بیٹھا جائے جیسا کہ بیٹھنے کا متعارف معنی ہے۔

ایک قول کے مطابق اس سے مراد قضائے حاجت کرنے کا کنایہ ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

## 12 - باب الصَّلَاةِ اِلٰى ثَوْبٍ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ

## باب: ایسے کپڑے کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم جس میں تصویریں موجود ہوں

760 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِيْ بَيْتِيْ ثَوْبٌ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ فَجَعَلْتُهُ اِلٰى سَهْوَةٍ فِي الْبَيْتِ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ اِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ "يَا عَائِشَةُ اَخِّرِيْهِ عَنِّيْ". فَنَزَعْتُهُ فَجَعَلْتُهُ وَسَائِدَ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میرے گھر میں ایک کپڑا تھا' جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں' میں نے اسے گھر میں موجود طاق کے سامنے لٹکا دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرنے لگے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

759-اخرجه مسلم في الجنائز، النهي عن الجلوس القبر و الصلاة عليه (الحديث 97 و98) . واخرجه ابوداؤد في الجنائز باب في كراهية القعود على القبر (الحديث 3229) . واخرجه الترمذي في الجنائز، باب ما جاء في كراهية المشي على القبور و الجلوس عليها و الصلاة اليها (الحديث 1050 و 1051) . تحفة الاشراف (11169) .

760-اخرجه مسلم في اللباس و الزينة، باب تحريم تصوير صورة الحيوان، و تحريم اتخاذ ما فيه صورة غير ممتهنة بالفرش و نحوه، وان الملائكة عليهم السلام لا يدخلون بيتا فيه صورة ولا كلب (الحديث 93) . واخرجه النسائي في الزينة، التصاوير (الحديث 5369) . تحفة الاشراف (17494) .

Marfat.com

ارشاد فرمایا:

''اے عائشہ! اسے میرے سامنے سے ہٹا دو'' تو میں نے اسے ہٹا دیا اور میں نے اس کا تکیہ بنالیا۔

## شرح

اس بات پر اتفاق ہے کہ کسی تصویر کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تصویروں کی بھی عبادت کی جاتی ہے' تو اس صورت میں تصویروں کی عبادت کے ساتھ مشابہت لازم آئے گی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اگر سامنے کی طرف تصویر لگی ہوئی ہو تو نمازی کی نظر اس پر پڑے گی' جس کے نتیجے میں اس کے خیالات میں انتشار آئے گا اور وہ اپنی نماز سے غافل ہو جائے گا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ بات مکروہ ہے کہ قبلہ کی طرف میں کوئی بھی چیز لٹکی ہوئی ہو' خواہ وہ قرآنِ مجید ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور چیز ہو۔

البتہ اگر انہیں زمین پر رکھا گیا ہو' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ احناف اس بات کے قائل ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو اور اس کے سامنے مصحف (یعنی قرآن مجید) لٹکا ہوا ہو یا کوئی تلوار لٹکی ہوئی ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے: ان دونوں کی عبادت نہیں کی جاتی ہے۔

تاہم اگر کوئی شخص کسی ایسے بچھونے پر نماز ادا کر رہا ہو' جس پہ تصویریں بنی ہوئی ہیں' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ اس صورت میں تصویروں کی اہانت لازم آتی ہے۔

## 13 - باب الْمُصَلِّي يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْإِمَامِ سُتْرَةٌ

### باب: جب امام اور نمازی کے درمیان سترہ موجود ہو' تو اس کا حکم

761 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصِيْرَةٌ يَبْسُطُهَا بِالنَّهَارِ وَيَحْتَجِرُهَا بِاللَّيْلِ فَيُصَلِّي فِيْهَا فَفَطِنَ لَهُ النَّاسُ فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهِ وَبَيْنَهُ وَبَيْنَهُمُ الْحَصِيْرَةُ فَقَالَ "اكْلَفُوا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيْقُوْنَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا وَاِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَدْوَمُهُ وَاِنْ قَلَّ ." ثُمَّ تَرَكَ مُصَلَّاهُ ذٰلِكَ فَمَا عَادَ لَهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَكَانَ اِذَا عَمِلَ عَمَلًا اَثْبَتَهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک مخصوص چٹائی تھی' جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دن کے وقت

761-اخرجه البخاري في الاذان، باب صلاة الليل (الحديث 730) مختصراً . و في اللباس، باب الجلوس على الحصير و نحوه (الحديث 5861) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب فضيلة العمل الدائم من قيام الليل وغيره (الحديث 215) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما يستر المصلي (الحديث 942) مختصراً . والحديث عند: ابي داوٗد في الصلاة، باب ما يؤمر به من القصد في الصلاة (الحديث 1368) . تحفة الاشراف (17720) .

Marfat.com

بچھالیا کرتے تھے اور رات کے وقت اس کا پردہ بنالیا کرتے تھے اور آپ ﷺ اس کی اوٹ میں نماز ادا کیا کرتے تھے لوگوں کو اس بات کا پتہ چل گیا تو وہ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کرنے لگے حالانکہ نبی اکرم ﷺ اور ان لوگوں کے درمیان چٹائی (کا پردہ) حائل تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اتنا ہی عمل اپنے اوپر لازم کرو جس کی تم طاقت رکھتے ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فضل تم سے اس وقت تک منقطع نہیں ہوتا' جب تک تم لوگ اکتاہٹ کا شکار نہیں ہو جاتے' اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل وہ ہے' جسے باقاعدگی کے ساتھ ادا کیا جائے' اگرچہ وہ تھوڑا ہو''۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے نماز کی اس مخصوص جگہ کو ترک کر دیا اور آپ ﷺ دوبارہ وہاں تشریف نہیں لے گئے' یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ معمول تھا کہ آپ ﷺ جب کوئی کام کرتے تھے' تو اُسے باقاعدگی سے کیا کرتے تھے۔

## 14 - باب الصَّلَاةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

### باب: ایک ہی کپڑے میں نماز ادا کرنا

762 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ سَائِلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَقَالَ "اَوَلِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ"۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے ایک ہی کپڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کیا تم میں سے ہر ایک کے پاس دو کپڑے ہوتے ہیں؟''۔

### شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سائل کا انکار کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ کسی بھی عقل مند کو ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے کے جواز میں شک نہیں ہونا چاہیے۔

البتہ علماء نے یہ بات ذکر کی ہے: اگر آدمی کو میسر ہوں تو دو کپڑے پہن کر نماز ادا کرے' لیکن یہ دوسرا معاملہ ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

762-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة في الثوب الواحد ملتحفًا به (الحديث 358)، واكرجه مسلم في الصلاظ، باب الصلاة في ثوب واحد وصفة لبسه (الحديث 275) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب جماع ابواب ما يصلي فيه (الحديث 625) . تحفة الاشراف (13231) .

Marfat.com

جس لباس میں نماز جائز ہو جاتی ہے وہ ایسا لباس ہے جس کے ذریعے شرم گاہ کو ڈھانپا جا سکے۔

تاہم فضیلت اس امر میں ہے' آدمی دو یا اس سے زیادہ کپڑے پہن کر نماز ادا کرے' کیونکہ اس صورت میں ستر کی زیادہ پردہ پوشی ہو جاتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے یہ فرمایا تھا:

''جب اللہ تعالیٰ کشادگی عطا کر دے تو تم بھی کشادگی کو اختیار کرو' آدمی کو چاہیے کہ اچھے کپڑے پہنے آدمی تہبند اور چادر، تہبند اور قمیص، تہبند اور قبا، شلوار اور چادر، شلوار اور قمیص، شلوار اور قبا، پاجامہ اور قمیص میں نماز ادا کرے۔

763 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّهُ رَاَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى فِىْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ فِىْ بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ وَاضِعًا طَرَفَيْهِ عَلٰى عَاتِقَيْهِ .

☆☆ حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک کپڑے میں نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کنارے مخالف سمت میں اپنے کندھوں پر رکھے ہوئے تھے۔

## 15 - باب الصَّلاةِ فِىْ قَمِيصٍ وَّاحِدٍ

### باب: ایک ہی قمیص میں نماز ادا کرنا

764 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَطَّافُ عَنْ مُوسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ لَاَكُوْنُ فِى الصَّيْدِ وَلَيْسَ عَلَىَّ اِلَّا الْقَمِيْصُ اَفَاُصَلِّىْ فِيْهِ قَالَ "وَزُرَّهُ عَلَيْكَ وَلَوْ بِشَوْكَةٍ ."

☆☆ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں شکار کے لیے گیا ہوتا ہوں' اس وقت میں نے صرف ایک قمیص پہنی ہوتی ہے' کیا میں اس میں نماز ادا کرلیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم اس کے گریبان کو ٹانک لیا کرو' خواہ کانٹے کے ذریعے ہی ایسا کرو''۔

## 16 - باب الصَّلاةِ فِى الْاِزَارِ

### باب: صرف تہبند میں نماز ادا کرنا

764 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ رِجَالٌ يُصَلُّوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَاقِدِيْنَ اُزْرَهُمْ كَهَيْئَةِ الصِّبْيَانِ فَقِيْلَ لِلنِّسَآءِ لَا

763-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة في الثوب الواحد ملتحفًا به (الحديث 354) مختصرًا و (الحديث 355 و356 ) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب الصلاة في ثوب واحد وصفة لبسه (الحديث 278 و279) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الثوب الواحد (الحديث 339) مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الصلاة في الثوب الواحد (الحديث 1049) . تحفة الاشراف (10684) .

764-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب في الرجل يصلي في قميص واحد (الحديث 632) . تحفة الاشراف (4533) .

Marfat.com

تَرْفَعْنَ رُءُ وْسَكُنَّ حَتّٰى يَسْتَوِىَ الرِّجَالُ جُلُوسًا .

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کیا کرتے تھے اور انہوں نے بچوں کی طرح اپنے تہبند باندھے ہوئے ہوتے تھے' تو خواتین کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ اپنا سر اُس وقت تک نہ اُٹھائیں جب تک مرد سیدھے ہو کر نہیں بیٹھ جاتے۔

766 - اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَاصِمٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلِمَةَ قَالَ لَمَّا رَجَعَ قَوْمِىْ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا اِنَّهٗ قَالَ "لِيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قِرَاَةً لِلْقُرْآنِ ." قَالَ فَدَعَوْنِىْ فَعَلَّمُوْنِى الرُّكُوعَ وَالسُّجُوْدَ فَكُنْتُ اُصَلِّى بِهِمْ وَكَانَتْ عَلَىَّ بُرْدَةٌ مَفْتُوقَةٌ فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاَبِىْ اَلَا تُغَطِّى عَنَّا اسْتَ ابْنِكَ .

☆☆ حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب میری قوم کے افراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے واپس آئے' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تمہاری امامت وہ شخص کرے گا' جسے سب سے زیادہ قرآن آتا ہو''۔

راوی کہتے ہیں: پھر ان لوگوں نے مجھے بلایا اور انہوں نے مجھے رکوع اور سجدے کا طریقہ تعلیم دیا تو میں نے ان لوگوں کو نماز پڑھانا شروع کر دی' میرے جسم پر جو چادر تھی' وہ پھٹی ہوئی تھی' تو لوگوں نے میرے والد سے کہا: تم اپنے بیٹے کی سرین کو ڈھانپو گے نہیں؟

## 17 - باب صَلَاةِ الرَّجُلِ فِىْ ثَوْبٍ بَعْضُهٗ عَلٰى امْرَاَتِهٖ

### باب: آدمی کا ایسے کپڑے پر نماز ادا کرنا جس کا کچھ حصہ اس کی بیوی پر ہو

767 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى بِاللَّيْلِ وَاَنَا اِلٰى جَنْبِهٖ وَاَنَا حَائِضٌ وَّعَلَىَّ مِرْطٌ بَعْضُهٗ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نماز ادا کیا کرتے تھے' میں

---

765-اخرجه البخاري في الصلاة، باب اذا كان الثوب ضيقًا (الحديث 362) ، و في الاذان ، باب عقد الثياب و شدها (الحديث 814)، وفي العمل في الصلاة، باب اذا قيل للمصلي تقدم او انتظر فانتظر فلا باس (الحديث 1215) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب امر النساء المصليات وراء الرجال ان لا يرفعن رووسهن من السجود حتى يرفع الرجال (الحديث 133) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الرجل بعقد الثوب في قفاه ثم يصلي (الحديث 630) . تحفة الاشراف (4681) .

766-اخرجه البخاري في المغازي، باب . 53 . (الحديث 4302) مطولًا واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من احق بالا مامة (الحديث 585 و586 و587) والحديث عند: النسائي في الاذان، اجتزاء المرء باذان غيره في الحضر (الحديث 635)، و في الامامة، امامة الغلام قبل ان يحتلم (الحديث 788) . تحفة الاشراف (4565) .

767-اخرجه مسلم في الصلاة، باب الاعتراض بين يدي المصلي (الحديث 274) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الرخصة في ذلك (الحديث 370) . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب في الصلاة في ثوب الحائض (الحديث 652) . تحفة الاشراف (16308) .

Marfat.com

آپ ﷺ کے پہلو میں ہوتی تھی' میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی اور مجھ پر ایسی چادر ہوتی تھی جس کا کچھ حصہ نبی اکرم ﷺ پر ہوتا تھا۔

## 18 - باب صَلَاةِ الرَّجُلِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَيْسَ عَلَى عَاتِقِهِ مِنْهُ شَيْءٌ

### باب: آدمی کا ایسے ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا کہ اس کے کندھے پر کوئی بھی چیز موجود نہ ہو

768 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَيْسَ عَلٰى عَاتِقِهِ مِنْهُ شَيْءٌ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"کوئی بھی شخص صرف ایک کپڑا پہن کر اس طرح سے نماز ادا نہ کرے کہ اس کے کندھے پر اس کا کچھ بھی حصہ نہ ہو"۔

## 19 - باب الصَّلَاةِ فِي الْحَرِيْرِ

### باب: ریشمی کپڑا پہن کر نماز ادا کرنا

769 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ وَعِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةُ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اُهْدِيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُّوْجُ حَرِيْرٍ فَلَبِسَهُ ثُمَّ صَلّٰى فِيْهِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَزَعَهُ نَزْعًا شَدِيْدًا كَالْكَارِهِ لَهُ ثُمَّ قَالَ "لَا يَنْبَغِيْ هٰذَا لِلْمُتَّقِيْنَ".

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کو ریشم سے بنی ہوئی "قبا" تحفے کے طور پر پیش کی گئی' آپ ﷺ نے اسے پہنا اور آپ ﷺ نے وہ پہن کر نماز ادا کی۔ جب آپ ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ ﷺ نے ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے اُسے سختی سے اتار دیا' پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"یہ پرہیزگاروں کے لیے مناسب نہیں ہے"۔

### شرح

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: اس روایت میں نبی اکرم ﷺ کے ریشم پہننے کا جو ذکر ہے' یہ ریشم کی حرمت کے حکم کے نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے۔

768-اخرجه مسلم في الصلاة، باب الصلاة في ثوب واحد و صفة لبسه (الحديث 277) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب جماع ابواب ما يصلي فيه (الحديث 626) بنحوه . تحفة الاشراف (13678) .

769-اخرجه البخاري في الصلاة، باب من صلى في فروج حرير ثم نزعه (الحديث 375) ، و في اللباس، باب القباء و فروج حرير و هو القباء (الحديث 5801) . واخرجه مسلم في اللباس و الزينة، باب تحريم استعمال اناء الذهب و الفضة على الرجال و النساء و خاتم الذهب و الحرير على الرجل و اباحته للنساء و اباحة العلم و نحوه للرجل ما لم يزد على اربع اصابع (الحديث 23) . تحفة الاشراف (9959) .

Marfat.com

## 20 - باب الرُّخْصَةِ فِي الصَّلَاةِ فِي خَمِيصَةٍ لَّهَا اَعْلَامٌ

### باب: ایسی چادر لپیٹ کرنماز ادا کرنا جس پرنقش ونگار بنے ہوئے ہوں

770 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِيْ خَمِيصَةٍ لَّهَا اَعْلَامٌ ثُمَّ قَالَ "شَغَلَتْنِيْ اَعْلَامُ هٰذِهٖ اذْهَبُوْا بِهَا اِلٰى اَبِيْ جَهْمٍ وَّائْتُوْنِيْ بِاَنْبِجَانِيَّتِهٖ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی چادر لپیٹ کرنماز ادا کی جس پرنقش ونگار بنے ہوئے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس کے نقش ونگار نے میری توجہ منتشر کر دی تھی' تم یہ جا کر ابوجہم کو دے دواور اس کی انبجانی چادر میرے پاس لے آؤ''۔

### شرح

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے امام سیوطی فرماتے ہیں۔ حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ کا نام عامر تھا اور ایک قول کے مطابق عبید بن حذیفہ تھا۔ روایت میں استعمال ہونے والے لفظ انبجانی چادر کی نسبت انبجان نامی جگہ کی طرف ہے یہ ایسی چادر تھی جو اُون سے بنائی گئی تھی اور اس پر کوئی نقش ونگار وغیرہ نہیں بنے ہوئے تھے اور یہ ذرا کم موٹی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پہلی چادر حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ کی طرف اس لئے بھجوادی تھی کیونکہ حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے ہی وہ چادر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیے کے طور پر پیش کی تھی۔

اوران سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انبجانی چادر اس لئے منگوائی تھی تا کہ یہ نہ سمجھا جائے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا تحفہ مسترد کر دیا ہے۔

## 21 - باب الصَّلَاةِ فِي الثِّيَابِ الْحُمْرِ

### باب: سرخ کپڑے پہن کرنماز ادا کرنا

771 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ فَرَكَزَ عَنَزَةً فَصَلّٰى اِلَيْهَا يَمُرُّ مِنْ وَّرَائِهَا الْكَلْبُ وَالْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ .

770-اخرجه البخاري في الاذان، باب الالتفات في الصلاة (الحديث 752) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب كراهة الصلاة، في ثوب له اعلام (الحديث 61) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب النظر في الصلاة (الحديث 914)، و في اللباس، باب من كرهه (الحديث 4053) . واخرجه ابن ماجه في اللباس، باب لباس رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 3550) . تحفة الأشراف (16434) .
771-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11808) .

Marfat.com

☆☆ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سرخ رنگ کا حلّہ پہن کر نکلے' آپ نے نیزہ گاڑھا اور اس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا شروع کی' اُس نیزے کے دوسری طرف سے کتے' خواتین اور گدھے بھی گزر رہے تھے۔

## شرح

جس لباس کو پہن کر نماز ادا کرنا حرام ہے اس کی دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم وہ ہے جو مردوں اور خواتین دونوں کے لئے عام ہے۔

اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو نجس ہو یعنی وہ کپڑا جو نجس ہو۔

ایسے کپڑے میں نماز ادا کرنا درست نہیں ہوتا اور ایسے کپڑے پر نماز ادا کرنا بھی درست نہیں ہوتا۔ کیونکہ نجاست سے پاک ہونا نماز کے درست ہونے کے لئے شرط ہے۔

دوسری قسم وہ ہے کہ جس کپڑے کو غصب کیا گیا ہو ایسے کپڑے میں حنابلہ کے نزدیک نماز ادا کرنا درست نہیں ہے' تاہم جمہور کے نزدیک ایسے کپڑے کو پہن کر نماز ادا کرنا درست ہے۔

لباس کی دوسری قسم جو مردوں کے لئے حرام ہے۔ عورتوں کے لئے حلال ہے اس میں ریشمی لباس' سونے کے ذریعے بنا گیا لباس شامل ہیں۔ مرد کے لئے اسے بچھا کر اس پر نماز ادا کرنا اور اسے پہننا حرام ہے۔

اس بارے میں فقہاء کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے کہ مردوں کے لئے ریشم پہننا حرام ہے البتہ کسی عارضے یا عذر کی وجہ سے اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## 22 - باب الصَّلَاةِ فِي الشِّعَارِ

### باب: بڑی چادر میں نماز ادا کرنا

772 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ صُبْحٍ قَالَ سَمِعْتُ خِلَاسَ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ كُنْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُو الْقَاسِمِ فِي الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَاَنَا حَائِضٌ طَامِثٌ فَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّي شَيْءٌ غَسَلَ مَا اَصَابَهُ لَمْ يَعْدُهُ اِلٰى غَيْرِهٖ وَصَلّٰى فِيْهِ ثُمَّ يَعُوْدُ مَعِيْ فَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّيْ شَيْءٌ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ لَمْ يَعْدُهُ اِلٰى غَيْرِهٖ .

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ ﷞ بیان کرتی ہیں' کہ میں اور نبی اکرم ﷺ ایک بڑی چادر میں ہوتے تھے' حالانکہ میں اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھی' اگر آپ ﷺ کو مجھ سے کوئی چیز لگ جاتی' تو آپ ﷺ اس جگہ کو دھو لیتے تھے جہاں وہ چیز لگی ہوتی تھی۔ آپ ﷺ اس کے علاوہ (چادر کے) کسی دوسرے حصے کو نہیں دھوتے تھے اور آپ ﷺ اسی میں نماز ادا کر

772-تقدم في الطهارة، باب مضاجعة الحائض (الحديث 283) .

Marfat.com

لیتے تھے' پھر آپ ﷺ میرے قریب ہو جاتے تھے' پھر اگر آپ ﷺ کو مجھ سے کوئی چیز لگ جاتی' تو پھر آپ ﷺ ایسا ہی کیا کرتے تھے' لیکن (جہاں وہ چیز لگی ہوتی تھی) اس کے علاوہ (حصے کو نہیں دھوتے تھے)۔

## 23 - باب الصَّلَاةِ فِي الْخُفَّيْنِ

### باب: موزوں میں نماز ادا کرنا

773 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامٍ قَالَ رَاَيْتُ جَرِيْرًا بَالَ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ هٰذَا .

☆☆ ہمام بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھا' انہوں نے پیشاب کیا' پھر انہوں نے پانی منگوایا' پھر انہوں نے وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کر لیا' پھر کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے لگے' ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو بھی اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

### شرح

اس حدیث میں اس بات کا تذکرہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے موزے پہن کر نماز ادا کی تھی۔ فقہاء کے مابین اس حوالے سے کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا کہ موزے پہن کر نماز ادا کرنا جائز ہے۔

## 24 - باب الصَّلَاةِ فِي النَّعْلَيْنِ

### باب: جوتے پہن کر نماز ادا کرنا

774 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ زُرَيْعٍ وَّغَسَّانَ بْنِ مُضَرَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْلَمَةَ - وَاسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ يَزِيْدَ بَصْرِيٌّ - ثِقَةٌ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي النَّعْلَيْنِ قَالَ نَعَمْ .

☆☆ سعید بن یزید بصری بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: کیا نبی اکرم ﷺ جوتے پہن کر نماز ادا کر لیتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

773-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة في الخفاف (الحديث 387) . والحديث عند: مسلم في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 72) . والترمذي في الطهارة، باب في المسح على الخفين (الحديث 93) . و النسائي في الطهارة، باب المسح على الخفين (الحديث 118) . و ابن ماجه في الطهارة، و سننها، باب ما جاء في المسح على الخفين (الحديث 543) . تحفة الاشراف (3235) .

774-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة في النعال (الحديث 386)، و في اللباس، باب النعال السبتية وغيرها (الحديث 5850) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز الصلاة في النعلين (الحديث 60) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الصلاة في النعال (الحديث 400) . تحفة الاشراف (866) .

Marfat.com

## شرح

علامہ بدرالدین محمود عینی فرماتے ہیں: علامہ ابن بطال نے یہ بات بیان کی ہے۔اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ علماء کے نزدیک اگر جوتوں میں نجاست نہ لگی ہوئی ہوتو انہیں پہن کر نماز ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر جوتوں میں نجاست لگی ہوئی ہوتو آدمی انہیں پونچھ لے اور ان جوتوں میں نماز ادا کرلے۔

علماء نے جوتے کو نجاست سے پاک کرنے کے بارے میں اختلاف کیا ہے کہ اگر کوئی شخص تر نجاست پر پاؤں رکھ دے تو یہ بات جائز ہے کہ وہ اس جوتے کو مٹی کے ذریعے پونچھ لے اور نماز ادا کرلے۔

امام مالک اور امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں: تر نجاست کو صرف پانی کے ذریعے ہی دھویا جاسکتا ہے' لیکن اگر وہ نجاست خشک ہوتو اسے پونچھ کر صاف کرنا جائز ہے۔

جبکہ امام شافعی فرماتے ہیں: ایسا صرف پانی کے ذریعے کیا جاسکتا ہے خواہ وہ موزے پر لگی ہوئی ہو، جوتے پر لگی ہوئی ہو یا ان کے علاوہ کسی اور چیز پر لگی ہوئی ہو۔

شیخ ابن دقیق العید فرماتے ہیں: جوتے میں نماز ادا کرنا رخصت ہے یہ مستحب نہیں ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ چیز نماز کے اصل مقصود میں شامل ہے۔

(عینی فرماتے ہیں) میں یہ کہتا ہوں' یہ مستحب کیوں نہیں ہوگا؟ بلکہ ایسا کرنا تو سنت ہے کیونکہ امام ابوداؤد نے اپنی ''سنن'' میں یہ بات نقل کی ہے۔

''یعلیٰ بن شداد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے، یہودیوں کی مخالفت کرو کیونکہ وہ لوگ جوتے پہن کر نماز ادا نہیں کرتے ہیں اور موزوں میں نماز ادا نہیں کرتے ہیں۔''

امام حاکم نے بھی اس روایت کو نقل کیا ہے۔

اس اعتبار سے یہودیوں کی مخالفت کے ارادے کے تحت ایسا کرنا مستحب ہوگا تاہم ایسا کرنا سنت نہیں ہے کیونکہ جوتے پہن کر نماز ادا کرنا بذاتِ خود مقصود نہیں ہے۔

اسی طرح امام ابوداؤد نے عمرو بن شعیب کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے ان کے دادا کا یہ بیان نقل کیا ہے۔

''میں نے نبی اکرم ﷺ کو ننگے پاؤں (نماز ادا کرتے ہوئے) بھی دیکھا ہے اور جوتا پہن کر بھی دیکھا ہے۔''

تو یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جوتے پہن کر نماز ادا کرنا کسی کراہت کے بغیر جائز ہے۔

امام غزالی نے ''احیاء العلوم'' میں اہل علم کا یہ بیان نقل کیا ہے' جوتے پہن کر نماز ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔[1]

---

[1] عمدۃ القاری کتاب: نماز کا بیان ! باب: موزوں میں نماز ادا کرنا

Marfat.com

## 25 - باب اَيْنَ يَضَعُ الْإِمَامُ نَعْلَيْهِ إِذَا صَلَّى بِالنَّاسِ

باب: جب امام لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہو اس وقت وہ اپنے جوتے کہاں رکھے گا؟

775 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ وَّشُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمَ الْفَتْحِ فَوَضَعَ نَعْلَيْهِ عَنْ يَّسَارِهٖ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر نماز ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جوتے اپنے بائیں طرف رکھے۔

---

775-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الصلاة في النعل (الحديث 648) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في اين توضع النعل اذا خلعت في الصلاة (الحديث 1431) . تحفة الاشراف (5314) .

Marfat.com

# 10 - كِتَابُ الْإِمَامَةِ

## امامت (سے متعلق روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''امامت (سے متعلق روایات)'' میں 65 تراجم ابواب اور 98 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 64 ہوگی۔

## 1 - باب ذِكْرِ الْإِمَامَةِ وَالْجَمَاعَةِ إِمَامَةِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ

### امامت اور جماعت کا تذکرہ' اہلِ علم وفضل کا امامت کرنا

776 - أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ الْأَنْصَارُ مِنَّا أَمِيرٌ وَّمِنْكُمْ أَمِيرٌ . فَأَتَاهُمْ عُمَرُ فَقَالَ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَ أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَأَيُّكُمْ تَطِيبُ نَفْسُهُ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَبَا بَكْرٍ قَالُوا نَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ نَتَقَدَّمَ أَبَا بَكْرٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو انصار نے یہ کہا: ایک امیر ہم میں سے ہوگا اور ایک امیر آپ لوگوں میں سے ہوگا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان لوگوں کے پاس آئے اور بولے: کیا تم لوگوں کو اس بات کا علم نہیں ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں' تو تم میں سے کس کو یہ بات اچھی لگے گی کہ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے آگے نکل جائے' تو انصار نے کہا: ہم اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' کہ ہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔

**شرح**

ہر وہ شخص جس کی اقتدا کی جاتی ہے بھلائی یا برائی میں جس کی پیروی کی جاتی ہو وہ امام ہوتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اور ہم نے ان میں سے آئمہ بنائے جو ہمارے حکم کے تحت رہنمائی کرتے تھے۔'' (الانبیاء: 21)

776-انفرد به النسائي .تحفة الاشراف (10587) .

Marfat.com

اسی طرح ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اور ہم نے انہیں امام بنایا ہے جو جہنم کی طرف بلاتے ہیں۔''

شریعت اسلامیہ کی روشنی میں امامت کی دو قسمیں ہیں:

امامت کبریٰ، اس سے مراد مسلمانوں کا خلیفہ ہونا ہے اور امامتِ صغریٰ اس سے مراد مسلمانوں کا نماز میں پیشوا ہونا ہے۔

کسی بھی شخص کے امام ہونے کے لئے درج ذیل شرائط پائی جاتی ہیں۔

(i) پہلی شرط یہ ہے کہ امام کو مسلمان ہونا چاہئے۔

اس لئے اس بات پر اتفاق ہے کہ کسی بھی کافر کی امامت میں نماز ادا نہیں ہوسکتی۔

(ii) دوسری شرط امام کا عاقل ہونا ہے کیونکہ پاگل شخص کی نماز بذاتِ خود درست نہیں ہوگی۔

(iii) تیسری شرط یہ ہے کہ بالغ ہونا چاہئے کوئی بھی نابالغ سمجھدار شخص امامت نہیں کرسکتا فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو یہ حکم احناف کے نزدیک ہے۔

مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک نابالغ فرض نماز میں امامت نہیں کرسکتا' نوافل میں امامت کرسکتا ہے۔

ایسا بچہ جو ابھی بالغ نہ ہوا ہو لیکن سمجھدار ہو اس کی اقتدا میں بالغ شخص نماز ادا کرسکتا ہے۔

(iv) چوتھی شرط امام کا مذکر ہونا ہے۔ اس لئے کوئی بھی عورت کسی مرد کی امام نہیں بن سکتی۔ اسی طرح کوئی ہیجڑا کسی مرد کا امام نہیں بن سکتا۔ فرض اور نفل کے بارے میں یہی حکم ہے۔

(v) امامت کے لئے پانچویں شرط یہ ہے کہ وہ حدث اور نجاست سے پاک ہو۔

(vi) امام کے لئے چھٹی شرط یہ ہے کہ وہ اچھے طریقے سے قرأت کرسکتا ہو' ارکان اچھے طریقے سے ادا کرسکتا ہو۔

اس لئے جو شخص قرآن اچھے طریقے سے پڑھ سکتا ہو وہ ایسے شخص کی اقتداء میں نماز نہیں پڑھ سکتا جو قرآن اچھے طریقے سے نہیں پڑھ سکتا۔

(vii) ساتویں شرط یہ ہے کہ امام کسی دوسرے کا مقتدی نہ ہو۔

(viii) آٹھویں شرط حنابلہ اور احناف کے نزدیک ہے کہ امام میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہئے جیسے اس کی نکسیر نہ جاری رہتی ہو یا اسے پیشاب کے قطرے آنے کی بیماری نہ ہو جس شخص کو کوئی عذر لاحق ہو وہ اپنے جیسے عذر والے لوگوں کی امامت کرسکتا ہے لیکن تندرست شخص کی امامت نہیں کرسکتا ہے۔

(ix) نویں شرط یہ ہے کہ امام کی زبان درست ہونی چاہئے یعنی وہ حروف کو صحیح طور پر ادا کرسکتا ہو اس لئے توتلے شخص کی امامت احناف کے نزدیک درست نہیں ہے۔

امام نسائی نے یہاں جو روایت نقل کی ہے اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ جو شخص علم یا فضیلت کا مالک ہو وہ امامت کا زیادہ حقدار ہوگا۔ اس کی مزید جزئیات ہم آگے چل کر بیان کریں گے۔

Marfat.com

# امامت کے احکام

## جماعت کے احکام

مسئلہ: جماعت سنتِ مؤکدہ ہے' متون میں اسی طرح تحریر ہے۔ (خلاصۂ محیط' محیط سرخسی)

مسئلہ: ''الغایہ'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے: بہت سے مشائخ نے اسے واجب قرار دیا ہے جبکہ ''المفید'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے' اسے سنت اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اس کا وجوب سنت سے ثابت ہے۔

مسئلہ: باجماعت نماز ادا کرنا بالغ' عاقل' آزاد اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کی قدرت رکھنے والے مردوں پر لازم ہے۔ (بدائع)

مسئلہ: جب کسی شخص کی باجماعت نماز فوت ہو جاتی ہے' تو اب اس پر یہ بات لازم نہیں ہوگی کہ وہ کسی دوسری مسجد کو تلاش کر کے وہاں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کی کوشش کرے' اس بارے میں ہمارے فقہاء کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے' تاہم اگر وہ کسی دوسری مسجد میں جا کر ان لوگوں کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرلے تو یہ بہتر ہے اور اگر وہ اپنے قبیلے (یعنی محلے) کی مسجد میں نماز ادا کرلے تو یہ بھی بہتر ہے۔

مسئلہ: امام قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات ذکر کی ہے کہ ایسی صورت میں وہ اپنے گھر والوں کو اکٹھا کرے اور انہیں نماز پڑھا دے۔

مسئلہ: عذر کی وجہ سے جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا ساقط ہو جاتا ہے' اس لیے بیمار' لنگڑے' اپاہج' جس شخص کا دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں کٹا ہوا ہو' یا اس کے برعکس کئے ہوئے ہوں یا صرف پاؤں کٹے ہوئے ہوں یا جو شخص فالج کی بیماری کی وجہ سے چل نہ سکتا ہو یا بہت عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے جا نہ سکتا ہو یا نابینا ہو' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان پر باجماعت نماز ادا کرنا واجب نہیں ہے۔

مسئلہ: صحیح قول کے مطابق بارش' کیچڑ' سردی' بہت زیادہ تاریکی کی وجہ سے بھی جماعت کا حکم ساقط ہو جاتا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اندھیری رات میں اگر تیز ہوا چل رہی ہو' تو بھی جماعت کا حکم ساقط ہو جاتا ہے' تاہم دن کے وقت یہ عذر نہیں ہو گا۔

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی شخص کو پیشاب یا پاخانہ کی شدید حاجت ہو' تو جماعت ساقط ہو جائے گی۔

مسئلہ: اگر کسی شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اگر وہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کے لیے گھر سے باہر نکلا تو قرض خواہ اسے قید کروا دے گا یا کسی شخص نے سفر کے لیے روانہ ہونا ہے اور جماعت بھی کھڑی ہوگئی ہے اور اس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اگر اس نے جماعت کے ساتھ نماز ادا کی تو قافلہ رخصت ہو جائے گا یا کوئی شخص کسی بیمار کی خدمت کر رہا تھا (اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے بیمار کو نقصان ہونے کا اندیشہ ہو) یا اپنے مال کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو یا جب کھانا سامنے موجود ہو اور شدید بھوک لگی ہوئی ہو' تو ان سب صورتوں میں جماعت کا حکم ساقط ہو جاتا ہے۔ (سراج الوہاج)

Marfat.com

مسئلہ: جمعہ کی نماز کے علاوہ ہر نماز میں جب ایک سے زیادہ آدمی موجود ہوں تو جماعت کے ساتھ نماز ادا کی جاسکتی ہے' خواہ امام کے ہمراہ ایک سمجھ دار (نابالغ) لڑکا ہی کیوں نہ ہو۔ (سراجیہ)

مسئلہ: لوگوں کو اہتمام کے ساتھ بلاکر نفل نماز باجماعت ادا کرنا مکروہ ہے۔

## 2 - باب الصَّلاةِ مَعَ أئِمَّةِ الْجَوْرِ

### باب: ظالم حکمرانوں کی اقتداء میں نماز ادا کرنا

777 - اَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ قَالَ اَخَّرَ زِيَادٌ الصَّلَاةَ فَاَتَانِیْ ابْنُ صَامِتٍ فَاَلْقَيْتُ لَهٗ كُرْسِيًّا فَجَلَسَ عَلَيْهِ فَذَكَرْتُ لَهٗ صُنْعَ زِيَادٍ فَعَضَّ عَلٰى شَفَتَيْهِ وَضَرَبَ عَلٰى فَخِذِیْ وَقَالَ اِنِّیْ سَاَلْتُ اَبَا ذَرٍّ كَمَا سَاَلْتَنِیْ فَضَرَبَ فَخِذِیْ كَمَا ضَرَبْتُ فَخِذَكَ وَقَالَ اِنِّیْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِیْ فَضَرَبَ فَخِذِیْ كَمَا ضَرَبْتُ فَخِذَكَ فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ "صَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا فَاِنْ اَدْرَكْتَ مَعَهُمْ فَصَلِّ وَلَا تَقُلْ اِنِّیْ صَلَّيْتُ فَلَا اُصَلِّیْ".

☆☆ ابوالعالیہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ زیاد (نامی گورنر) نے نماز تاخیر سے ادا کی۔ ابن صامت میرے پاس تشریف لائے' میں نے ان کے لیے کرسی رکھی' وہ اس پر تشریف فرما ہوئے' میں نے ان کے سامنے زیاد کے طرزِ عمل کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے ہونٹ کاٹتے ہوئے میرے زانو پر ہاتھ مارا اور بولے: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اس طرح کا سوال کیا تھا جس طرح کا تم نے مجھ سے کیا ہے' تو انہوں نے بھی میرے زانو پر اسی طرح ہاتھ مارا تھا' جس طرح میں نے تمہارے زانو پر ہاتھ مارا ہے۔ اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی تھی' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا' جو سوال تم نے مجھ سے کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے زانو پر اسی طرح ہاتھ مارا تھا' جس طرح میں نے تمہارے زانو پر ہاتھ مارا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:

"تم نماز کو اس کے وقت پر ادا کرلو' اگر تم اس نماز کو (ظالم حکمرانوں) کے ساتھ پاتے ہو' تو پھر دوبارہ اسے ادا کرلو' یہ نہ کہنا کہ میں نماز پڑھ چکا ہوں' اس لیے اب نہیں پڑھوں گا"۔

778 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَعَلَّكُمْ سَتُدْرِكُوْنَ اَقْوَامًا يُصَلُّوْنَ الصَّلَاةَ لِغَيْرِ وَقْتِهَا فَاِنْ اَدْرَكْتُمُوْهُمْ فَصَلُّوْا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا وَصَلُّوْا مَعَهُمْ وَاجْعَلُوْهَا سُبْحَةً".

777-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب كراهية تاخير الصلاة عن وقتها المختارة و ما يفعله الماموم اذا اخرها الامام (الحديث 241 و242 و 244) . واخرجه النسائي في الامامة، اعادة الصلاة بعد ذهاب وقتها مع الجماعة (الحديث 858) تحفة الاشراف (11948) .

778-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء فيما اذا اخروا الصلاة عن وقتها (الحديث 1255) . تحفة الاشراف (9211) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''عنقریب تمہارا ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو نماز کو اس کے مخصوص وقت پر ادا نہیں کریں گے' اگر تم ان لوگوں کو پالو تو تم نماز کو اس کے مخصوص وقت میں ادا کر لینا اور پھر ان لوگوں (یعنی سرکاری اماموں' یا حکمرانوں) کے ساتھ بھی نماز (ادا کر لینا اور اسے نفل قرار دینا''۔

شرح

## اس بات کا تذکرہ کہ کون شخص امامت کر سکتا ہے؟

مسئلہ: مرغینانی فرماتے ہیں کہ خواہشِ نفس کے پیروکار اور بدعتی شخص کی اقتداء میں نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔
مسئلہ: رافضی' جہمی' قدری' مشبہہ اور قرآن کے مخلوق ہونے کے قائل شخص کی اقتداء میں نماز ادا کرنا بھی جائز نہیں ہے۔
مسئلہ: اس تمام گفتگو کا حاصل یہ ہے کہ اگر کسی بدعقیدہ شخص کا عقیدہ ایسا ہو کہ جس کے قائل کی تکفیر نہ کی جاتی ہو' تو اس کی اقتداء میں نماز ادا کرنا کراہیت کے ساتھ جائز ہوگا' ورنہ جائز نہیں ہوگا۔ (تبیین' خلاصہ) یہی قول صحیح ہے۔ (بدائع)
مسئلہ: جو شخص معراج کا انکار کرتا ہے' تو اس بات کا جائزہ لیا جائے گا' اگر وہ مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک کے سفر کا انکار کرتا ہے' تو وہ کافر ہوگا اور اگر وہ بیت المقدس سے آگے (آسمانوں تک) معراج کا انکار کرتا ہے' تو اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی۔
مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی بدعتی یا فاسق کے پیچھے نماز ادا کر لیتا ہے' تو اسے باجماعت نماز ادا کرنے کا ثواب مل جائے گا لیکن اتنا ثواب حاصل نہیں ہوگا جو کسی پرہیزگار (صحیح العقیدہ) شخص کی اقتداء میں نماز پڑھنے سے حاصل ہوتا۔ (خلاصہ)
مسئلہ: تیمّم کر کے نماز ادا کرنے والے کا وضو کر کے نماز ادا کرنے والوں کی امامت کرنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہے۔ (ہدایہ)
مسئلہ: شیخ الاسلام نے یہ بات بیان کی ہے کہ یہ اختلاف اس وقت ہوگا جب وضو کر کے نماز ادا کرنے والوں کے پاس پانی موجود نہ ہو کیونکہ اگر ان کے پاس پانی موجود ہوگا تو پھر تیمّم کرنے والا شخص ان وضو کرنے والوں کی امامت نہیں کر سکے گا۔ (نہایہ)
مسئلہ: وضو کر کے نماز ادا کرنے والے کا' تیمّم کر کے نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں نمازِ جنازہ ادا کرنا کسی اختلاف کے بغیر جائز ہے۔ (خلاصہ)
مسئلہ: ایک معذور دوسرے معذور کی اقتداء کر سکتا ہے' اگر ان دونوں کا عذر ایک ہو' لیکن اگر دونوں کا عذر مختلف ہو' تو پھر یہ جائز نہیں ہوگا۔ (تبیین)
مسئلہ: اس اصول کے پیشِ نظر جس شخص کو ہوا بکثرت خارج ہونے کی بیماری ہو' وہ اس شخص کی اقتداء نہیں کر سکے گا جسے پیشاب کے قطرے نکلنے کی بیماری ہو۔ (بحرالرائق)

Marfat.com

مسئلہ: البتہ کوئی پاک شخص ایسے شخص کی اقتداء نہیں کرے گا' جسے پیشاب کے قطرے آنے کی بیماری ہو'اسی طرح پاک عورتیں استحاضہ کا شکار عورت کی اقتداء میں نماز ادا نہیں کریں گی۔ (زاہدی)

مسئلہ: جو شخص وضو کے دوران پاؤں دھوتا ہے' وہ اس شخص کی اقتداء میں نماز ادا کر سکتا ہے جس نے وضو کے دوران موزے پر مسح کیا ہو یا پٹی پر مسح کیا ہو۔

مسئلہ: اشارے کے ساتھ نماز ادا کرنے والا شخص اس شخص کی امامت کر سکتا ہے جو اشارے کے ساتھ نماز ادا کر رہا ہو' اس طرح برہنہ شخص اس شخص کی امامت کر سکتا ہے جو برہنہ ہو۔ (خلاصہ)

مسئلہ: افضل یہ ہے کہ برہنہ لوگ الگ الگ بیٹھ کر اشارے کے ساتھ نماز ادا کریں گے' لیکن اگر وہ باجماعت نماز ادا کرتے ہیں' تو ان کا امام درمیان میں کھڑا ہو گا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: خواتین کا باجماعت نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔ (جوہرہ نیرہ' سراج الوہاج)

مسئلہ: کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے والا شخص اس شخص کی اقتداء میں نماز ادا کر سکتا ہے جو بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو' لیکن رکوع اور سجدہ کرتا ہو' لیکن جو شخص رکوع اور سجدہ کرتا ہے' وہ اس شخص کی اقتداء نہیں کر سکتا جو صرف اشارے کے ساتھ رکوع اور سجدہ کرتا ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: دیہاتی' نابینا' غلام' زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے شخص اور فاسق کی امامت جائز ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: تاہم مکروہ ہے' متون میں یہی بات تحریر ہے۔

مسئلہ: مرد خواتین کی امامت کر سکتا ہے لیکن اس کے لیے یہ بات شرط ہے کہ خلوت نہ ہو' اگر خلوت ہو اور امام ان سب خواتین کا یا ان میں سے کچھ خواتین کا محرم ہو' تو جائز ہو گا' تاہم پھر بھی یہ مکروہ ہے۔ (نہایہ بحوالہ شرح طحاوی)

مسئلہ: جمعہ کی نماز میں عورت مرد کی اقتداء میں نماز ادا کر سکتی ہے' اگر چہ مرد نے اس کی امامت کی نیت نہ کی ہو' اسی طرح عیدین کی نماز میں بھی اقتداء کر سکتی ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: خاتون کا صرف خواتین کی امامت کرنا مکروہ ہے خواہ فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو' البتہ جنازے کی نماز کا حکم مختلف ہو گا۔ (نہایہ)

مسئلہ: اگر صرف خواتین باجماعت نماز ادا کر رہی ہوں تو ان کی امام ان کے درمیان میں کھڑی ہو' تاہم امام کے درمیان میں کھڑی ہونے کے باوجود کراہت زائل نہیں ہو گی اور اگر امام آگے کھڑی ہو جاتی ہے' تو نماز فاسد نہیں ہو گی۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: خواتین کے لیے افضل یہ ہے کہ وہ تنہا نماز ادا کریں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: توتلہ شخص اگر بعض حروف کی ادائیگی پر قادر نہ ہو' تو اس کی امامت درست نہیں ہو گی' البتہ وہ اپنے جیسے دیگر توتلے افراد کی امامت کر سکتا ہے' اس وقت جب حاضرین میں کوئی ایسا شخص موجود نہ ہو جو ان حروف کو صحیح طریقے سے ادا کر سکتا ہو' اگر حاضرین میں کوئی ایسا شخص موجود ہو' تو امام سمیت تمام مقتدیوں کی نماز فاسد ہو گی۔

Marfat.com

مسئلہ: جو شخص قرآن میں صحیح مقام پر وقف نہ کرسکتا ہوا سے امامت نہیں کرنی چاہیے اسی طرح جو شخص قرآن کی تلاوت کے دوران بہت زیادہ کھنکھارتا ہو یا جس سے ''ت'' یا ''ف'' مشکل سے ادا ہوتی ہو ایسے شخص کو بھی امامت نہیں کرنی چاہیے۔

مسئلہ: جو شخص مشقت کے ساتھ حروف کی ادائیگی کرتا ہے' لیکن جب وہ حروف ادا کرتا ہے' تو صحیح ادا کرتا ہے' ایسے شخص کی امامت مکروہ نہیں ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر قاریٔ کسی اَن پڑھ (جسے قرآن صحیح پڑھنا نہ آتا ہو) کی اقتداء میں نماز شروع کردے تو اس کی نماز شروع ہی نہیں ہوگی' یہاں تک کہ اس نے ان پڑھ کی اقتداء میں نفل نماز شروع کی اور بعد میں توڑ دی تو بعد میں اس پر قضاء واجب نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر کوئی فاسق شخص جمعہ کی نماز کی امامت کرتا ہے اور لوگ اسے روکنے سے عاجز ہیں' تو بعض فقہاء کے قول کے مطابق جمعہ کی نماز میں اسی کی اقتداء کرلی جائے گی' اس کی امامت کی وجہ سے جمعہ کو ترک نہیں کیا جائے گا' البتہ جمعہ کی نماز کے علاوہ باقی تمام نمازیں کسی دوسرے امام کی اقتداء میں ادا کی جائیں گی' اس فاسق کی اقتداء میں نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: جب کوئی شخص امامت کرتا ہو اور اس کے مقتدی اسے ناپسند کرتے ہوں تو اگر لوگوں کی ناپسندیدگی کی وجہ اس شخص کا کوئی قصور ہے' تو ایسے شخص کا امام بننا مکروہ ہوگا' لیکن اگر وہی شخص امامت کا زیادہ مستحق ہے (اور لوگ ذاتی طور پر اسے پسند نہیں کرتے) تو مکروہ نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: امام کے لیے طویل نماز ادا کرنا مکروہ ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: امام کو چاہیے کہ وہ مسنون مقدار سے زیادہ قرأت نہ کرے اور جماعت میں شریک افراد کی حالت کی رعایت کرے۔ (جوہرہ نیرہ)

## 3 - باب مَنْ اَحَقُّ بِالْاِمَامَةِ

### باب: امامت کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟

779 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ اَنْبَاَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ''يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ فَاِنْ كَانُوْا فِى الْقِرَاءَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ فِى الْهِجْرَةِ فَاِنْ كَانُوْا فِى الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَاِنْ كَانُوْا فِى السُّنَّةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا وَّلَا تَؤُمَّ الرَّجُلَ فِىْ سُلْطَانِهِ وَلَا تَقْعُدْ عَلٰى تَكْرِمَتِهِ اِلَّا اَنْ يَّاْذَنَ لَكَ''۔

779-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 290 و 291) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 582 و 583 و 584) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في احق بالامامة (الحديث 235) . واخرجه النسائي في الامامة، اجتماع القوم و فيهم الوالي (الحديث 782) مختصرًا واخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من احق بالامامة (الحديث 980) . تحفة الاشراف (9976) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:
''لوگوں کی امامت وہ شخص کرے گا جو اللہ کی کتاب کا زیادہ علم رکھتا ہو (یعنی زیادہ آیات کا حافظ ہو) اگر وہ لوگ قرأت میں برابر ہوں' تو جس شخص نے ان میں پہلے ہجرت کی ہو' اگر وہ لوگ ہجرت کے حوالے سے بھی ایک جیسی حیثیت کے مالک ہوں' تو جو شخص سنت کا زیادہ علم رکھتا ہو' اگر سنت کے علم کے حوالے سے بھی وہ لوگ برابر کی حیثیت رکھتے ہوں' تو جس شخص کی عمر زیادہ ہو' تم کسی دوسرے شخص کی سربراہی کے علاقے میں اس کی اجازت کے بغیر اس کی امامت نہ کرنا اور نہ ہی اس کے بیٹھنے کی مخصوص جگہ پر بیٹھنا''۔

## شرح

احناف اس بات کے قائل ہیں: امامت کا سب سے زیادہ حق دار وہ شخص ہے' جو نماز کے درست ہونے یا فاسد ہونے کے بارے میں زیادہ فقہی احکام کا علم رکھتا ہو۔ مزید یہ کہ وہ ظاہری گناہوں سے اجتناب کرتا ہو اور اسے فرض مقدار کے برابر قرآن آتا ہو' یعنی اتنا قرآن آتا ہو' جس کی تلاوت کے ذریعے نماز ادا کرنا درست ہو۔

اس کے بعد وہ جو قرات میں تلاوت اور تجوید اچھے طریقے سے کر سکتا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص جو زیادہ پرہیز گار ہو یعنی مشتبہ چیزوں سے بچتا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص جس کی عمر زیادہ ہو کیونکہ اس میں زیادہ خشوع وخضوع پایا جائے گا۔

اس کے بعد وہ شخص جس کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں یعنی اسے لوگ پسند کرتے ہوں۔

اس کے بعد وہ شخص جو تہجد کی نماز باقاعدگی سے ادا کرتا ہو۔

اس کے بعد وہ شخص جو نسب کے اعتبار سے شرف رکھتا ہو پھر وہ شخص جو ظاہری لباس کے اعتبار سے جامہ زیب ہو۔

اگر مختلف لوگ ان تمام حوالوں سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو پھر ان کے درمیان قرعہ اندازی کی جائے گی یا پھر حاضرین کو یہ اختیار ہو گا وہ کسی ایک کو امام منتخب کر لیں۔ اگر لوگوں کے درمیان اختلاف ہو جائے تو جس شخص کے حق میں زیادہ لوگ ہوں اسے امام بنالیا جائے۔

امام نسائی نے آگے جو روایات نقل کی ہیں ان میں سے زیادہ تر کی تشریح اسی شرح میں آجائے گی۔

### امامت کا زیادہ حقدار کون ہے؟

مسئلہ: امامت کا سب سے زیادہ حقدار وہ شخص ہو گا جو نماز کے احکام کے بارے میں زیادہ واقفیت رکھتا ہو۔

(مضمرات' بحرالرائق)

مسئلہ: یہ حکم اس وقت ہو گا کہ جب وہ اتنی قرأت جانتا ہو کہ سنت طریقے کے مطابق قرأت کر سکے۔ (تبیین)

مسئلہ: اس کے لیے یہ بات بھی شرط ہو گی کہ اس کی دینی حیثیت پر کوئی الزام موجود نہ ہو۔ (نقایہ' نہایہ)

Marfat.com

مسئلہ: ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ شخص ظاہری گناہوں سے بچتا ہو خواہ کوئی دوسرا شخص اس سے زیادہ پرہیز گار ہی کیوں نہ ہو۔ (محیط زاہدی)

مسئلہ: اگر کسی شخص کو نماز سے متعلق مسائل کا علم ہو اگر چہ وہ اس کے علاوہ دیگر علوم نہ جانتا ہو تو وہی شخص اس کا زیادہ مستحق ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر نماز کے احکام کے حوالے سے دو آدمیوں کا علم برابر ہو تو جس شخص کو علم قرأت میں زیادہ مہارت ہو یعنی وہ وقف کی جگہ وقف کرتا ہو وصل کی جگہ وصل کرتا ہو شد کی جگہ شد کرتا ہو تخفیف کی جگہ تخفیف کرتا ہو وہ زیادہ مستحق ہوگا۔ (کفایہ)

مسئلہ: اگر اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جو زیادہ پرہیز گار ہے وہ زیادہ مستحق ہوگا۔

مسئلہ: اگر دو آدمی اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جو شخص زیادہ عمر والا ہے وہ زیادہ مستحق ہوگا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر وہ دونوں اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جس کا اخلاق اچھا ہو وہ زیادہ مستحق ہوگا' اگر وہ دونوں اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جس کا حسب زیادہ بہتر ہوگا وہ زیادہ مستحق ہوگا' اگر وہ دونوں اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جو زیادہ خوبصورت ہے وہ زیادہ مستحق ہوگا۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: یہاں خوبصورت ہونے سے مراد یہ ہے کہ جو شخص رات کے وقت زیادہ نوافل ادا کرتا ہو۔ (کافی)

مسئلہ: اگر وہ دونوں اس حوالے سے بھی برابر ہوں تو جو شخص نسب کے اعتبار سے بہتر ہو وہ مستحق ہوگا۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: لہٰذا جو شخص زیادہ کامل ہوگا وہی زیادہ فضیلت رکھتا ہوگا' کیونکہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا اصل مقصد یہ ہے کہ جماعت میں زیادہ سے زیادہ افراد شریک ہوں اور ایسے افراد کی طرف لوگوں کی رغبت زیادہ ہوتی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر گھر میں باجماعت نماز ادا کی جارہی ہو اور مہمان بھی آئے ہوئے ہوں تو گھر کا مالک امامت کا زیادہ مستحق ہوگا' لیکن اگر کوئی بادشاہ' قاضی (یا عالم) گھر آیا ہوا ہو تو اس کی تعظیم کے لیے اسے مصلّٰی امامت پر آگے کر دیا جائے تو یہ افضل ہوگا۔

مسئلہ: اگر کسی گھر میں کرائے دار بھی ہو اور مالک مکان بھی ہو اور مہمان بھی موجود ہوں تو جماعت کی اجازت دینے کا حق کرایہ دار کو حاصل ہوگا اور اسی سے اجازت طلب کی جائے گی۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی شخص نے کسی دوسرے کو مکان مستعار دیا تو مستعار دینے والے کے مقابلے میں مستعار لینے والا شخص زیادہ حقدار ہوگا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر مسجد میں کوئی ایسا شخص آجائے جو اس مسجد کے امام سے زیادہ فضیلت رکھتا ہو تو بھی اس مسجد کا امام نماز پڑھانے کا زیادہ حقدار ہوگا۔ (قنیہ)

مسئلہ: اگر محلے میں صرف ایک ہی شخص امامت کے لائق ہو تو اس پر امامت کرنا لازم نہیں ہوگا اور اگر وہ امامت نہیں کرتا تو گنہگار نہیں ہوگا۔ (قنیہ)

Marfat.com

## 4 - باب تَقْدِيمِ ذَوِي السِّنِّ

### باب: عمر رسیدہ شخص (کو امامت کے لیے آگے کرنا)

780 - اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَنْبِجِيُّ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي - وَقَالَ مَرَّةً اَنَا وَصَاحِبٌ لِي - فَقَالَ "اِذَا سَافَرْتُمَا فَاَذِّنَا وَاَقِيمَا وَلْيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا".

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور میرا ایک چچازاد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ (راوی نے ایک مرتبہ یہ الفاظ نقل کیے ہیں:) میرا ایک ساتھی۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب تم دونوں سفر کرو تو تم دونوں اذان دو' تم دونوں اقامت کہو اور تم دونوں میں سے امامت وہ شخص کرے جس کی عمر زیادہ ہے''۔

## 5 - باب اجْتِمَاعِ الْقَوْمِ فِي مَوْضِعٍ هُمْ فِيهِ سَوَاءٌ

### باب: کچھ لوگوں کا ایسی جگہ پر جمع ہونا جہاں وہ برابر کی حیثیت رکھتے ہوں

781 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً فَلْيَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَؤُهُمْ".

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تین لوگ موجود ہوں' تو ان میں سے ایک ان کی امامت کرے اور ان میں سے امامت کا زیادہ حقدار شخص وہ ہوگا جو قرآن کا زیادہ علم رکھتا ہو (یعنی زیادہ آیات کا حافظ ہو)''۔

## 6 - باب اجْتِمَاعِ الْقَوْمِ وَفِيهِمُ الْوَالِي

### باب: لوگوں کا اکٹھے ہونا' جبکہ ان کے درمیان والی (حکمران' سردار یا محلے کا مخصوص امام) موجود ہو

782 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا يُؤَمُّ الرَّجُلُ فِي سُلْطَانِهِ وَلَا يُجْلَسُ عَلَى تَكْرِمَتِهِ اِلَّا بِاِذْنِهِ".

---

780-تقدم في الاذان، باب اذان المنفردين في السفر (الحديث 633) .

781-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب من احق بالامامة (الحديث 289) . واخرجه النسائي في الامامة، الجماعة اذا كانوا ثلاثًا (الحديث 839) . تحفة الاشراف (4372) .

782-تقدم في الامامة، من احق بالامامة (الحديث 779) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''کوئی بھی شخص کسی دوسرے شخص کی سربراہی میں اس کی اجازت کے بغیر امامت نہ کرے اور اس کے بیٹھنے کی مخصوص جگہ پر نہ بیٹھے''۔

## 7- باب اِذَا تَقَدَّمَ الرَّجُلُ مِنَ الرَّعِيَّةِ ثُمَّ جَآءَ الْوَالِىْ هَلْ يَتَاَخَّرُ

### باب: جب رعایا میں سے کوئی شخص آگے ہو کر نماز پڑھانا شروع کر دے اور پھر والی بھی آ جائے تو کیا وہ (رعایا کا فرد) پیچھے ہٹ جائے گا؟

783 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ - وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ اَنَّ بَنِىْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَىْءٌ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فِىْ اُنَاسٍ مَعَهُ فَحُبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَانَتِ الْاُوْلٰى فَجَآءَ بِلَالٌ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ فَقَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حُبِسَ وَقَدْ حَانَتِ الصَّلَاةُ فَهَلْ لَكَ اَنْ تَؤُمَّ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ اِنْ شِئْتَ ۔ فَاَقَامَ بِلَالٌ وَّتَقَدَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ فَكَبَّرَ بِالنَّاسِ وَجَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِىْ فِى الصُّفُوْفِ حَتّٰى قَامَ فِى الصَّفِّ وَاَخَذَ النَّاسُ فِى التَّصْفِيْقِ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ لَّا يَلْتَفِتُ فِىْ صَلَاتِهٖ فَلَمَّا اَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُهُ اَنْ يُصَلِّىَ فَرَفَعَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَرَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَآئَهُ حَتّٰى قَامَ فِى الصَّفِّ فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ ''يٰاَيُّهَا النَّاسُ مَا لَكُمْ حِيْنَ نَابَكُمْ شَىْءٌ فِى الصَّلَاةِ اَخَذْتُمْ فِى التَّصْفِيْقِ اِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَآءِ مَنْ نَابَهُ شَىْءٌ فِىْ صَلَاتِهٖ فَلْيَقُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ فَاِنَّهُ لَا يَسْمَعُهُ اَحَدٌ حِيْنَ يَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِلَّا الْتَفَتَ اِلَيْهِ يَا اَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّىَ لِلنَّاسِ حِيْنَ اَشَرْتُ اِلَيْكَ ۔'' قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مَا كَانَ يَنْبَغِىْ لِابْنِ اَبِىْ قُحَافَةَ اَنْ يُّصَلِّىَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ملی کہ بنو عمرو بن عوف کے درمیان لڑائی ہونے والی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے تشریف لے گئے' آپ کے ساتھ کچھ دیگر افراد بھی تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں خاصی دیر مصروف رہے' نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: اے حضرت ابوبکر! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو تشریف نہیں لا سکے ہیں' نماز کا وقت ہو چکا ہے' کیا آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں گے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھیک ہے! اگر تم یہ چاہتے ہو (تو میں نماز پڑھا دیتا ہوں) پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے' انہوں نے لوگوں کے لیے تکبیر کہہ دی' اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صفوں کے درمیان

783-اخرجه البخاري في السهو، باب الاشارة في الصلاة (الحديث 1234) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب تقديم الجماعة من يصلي بهم اذا تاخر الامام و لم يخافوا مفسده بالتقديم (الحديث 102) . تحفة الاشراف (4776) .

Marfat.com

میں سے چلتے ہوئے تشریف لے آئے' یہاں تک کہ آپ ﷺ پہلی صف میں کھڑے ہوگئے' لوگوں نے تالیاں بجانی شروع کردیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز کے دوران اِدھر اُدھر توجہ نہیں کرتے تھے' جب لوگوں نے بکثرت تالیاں بجائیں' انہوں نے توجہ کی تو نبی اکرم ﷺ موجود تھے' نبی اکرم ﷺ نے انہیں اشارے کے ذریعے حکم دیا' کہ وہ نماز پڑھاتے رہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے' اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور اُلٹے قدموں پیچھے آ گئے' یہاں تک کہ وہ صف میں آ کر کھڑے ہوگئے اور نبی اکرم ﷺ آگے بڑھ گئے۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب آپ ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ ﷺ نے لوگوں کی طرف توجہ کی اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے لوگو! جب تمہیں نماز کے دوران ضرورت پیش آئی تھی' تو تم نے تالیاں بجانی کیوں شروع کردی تھیں؟ تالیاں بجانے کا حکم تو خواتین کے لیے ہے' جب نماز کے دوران کسی شخص کو ضرورت پیش آجائے' تو وہ سبحان اللہ کہہ دے' کیونکہ جب بھی کوئی شخص (یعنی امام) سبحان اللہ کی آواز سنے تو وہ اس کی طرف متوجہ ہوجائے گا' اے ابوبکر! جب میں نے تمہیں اشارہ کیا تھا تو تم نے لوگوں کو نماز کیوں نہیں پڑھائی؟

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی یہ مجال نہیں ہے' کہ وہ اللہ کے رسول ﷺ کے آگے نماز پڑھائے۔

## 8 - باب صَلَاةِ الْإِمَامِ خَلْفَ رَجُلٍ مِّنْ رَّعِيَّتِهِ

### باب: امام کا اپنی رعایا کے کسی فرد کے پیچھے نماز ادا کرنا

784 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اٰخِرُ صَلَاةٍ صَلَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الْقَوْمِ صَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُّتَوَشِّحًا خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے آخری نماز جو باجماعت ادا کی تھی' اس میں آپ ﷺ نے ایک ہی کپڑا پہنا ہوا تھا' جسے آپ ﷺ نے توشیح کے طور پر لپیٹا ہوا تھا' آپ ﷺ نے وہ نماز حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں ادا کی تھی۔

785 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عِيْسٰى - صَاحِبُ الْبُصْرِىِّ - قَالَ سَمِعْتُ شُعْبَةَ يَذْكُرُ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ اَبَا بَكْرٍ صَلّٰى لِلنَّاسِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الصَّفِّ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جبکہ نبی اکرم ﷺ صف میں موجود تھے۔

---

784-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (594) .

785-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب منه (الحديث 362) بنحوه . تحفة الاشراف (17612) .

Marfat.com

## 9 - باب اِمَامَةِ الزَّائِرِ

### باب: ملاقات کے لیے آنے والے شخص کا امامت کرنا

786 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَطِيَّةَ مَوْلًى لَنَا عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اِذَا زَارَ اَحَدُكُمْ قَوْمًا فَلَايُصَلِّيَنَّ بِهِمْ ـ"

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص کچھ لوگوں سے ملاقات کے لیے جائے' تو وہ ان کی امامت ہرگز نہ کرے''۔

## 10 - باب اِمَامَةِ الْاَعْمٰى

### باب: نابینا شخص کا امامت کرنا

787 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح قَالَ وَحَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ ـ اَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَؤُمُّ قَوْمَهُ وَهُوَ اَعْمٰى وَاَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا تَكُوْنُ الظُّلْمَةُ وَالْمَطَرُ وَالسَّيْلُ وَاَنَا رَجُلٌ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ فَصَلِّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ بَيْتِيْ مَكَانًا اَتَّخِذُهُ مُصَلًّى ـ

فَجَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ لَكَ ـ" فَاَشَارَ اِلٰى مَكَانٍ مِّنَ الْبَيْتِ فَصَلّٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ

☆☆ محمود بن ربیع بیان کرتے ہیں' حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے افراد کی امامت کرتے تھے' وہ نابینا تھے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ بعض اوقات تاریکی زیادہ ہوتی ہے یا بارش ہو رہی ہوتی ہے یا پانی بہہ رہا

786-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب امامة الزائر (الحديث 596) مطولاً ـ و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء فيمن زار قومًا لا يصلي بهم (الحديث 356) مطولاً ـ تحفة الاشراف (11186) ـ

787-اخرجه البخاري في الصلاة، باب المساجد، في البيوت (الحديث 425) مطولًا، و في الاذان، باب الرخصة في المطر و العلة ان يصلي في رحله (الحديث 667)، و باب من لم ير رد السلام على الامام و اكتفى بتسليم الصلاة (الحديث 840) بنحوه، و في التهجد، باب صلاة النوافل جماعة (الحديث 1185 و1186) مطولًا، و في الاطعمة، باب الخزيرة (الحديث 540) مطولًا و اخرجه مسلم في الايمان، باب الدليل على ان من مات على التوحيد دخل الجنة (الحديث 54 و 55) ـ مطولًا، و في المساجد و مواضع الصلاة، باب الرخصة في التخلف عن الجماعة لعذر (الحديث 263 و264 و 265) مطولاً ـ واخرجه النسائي في السهو، تسليم الماموم حين يسلم الامام (الحديث 1326) مطولاً ـ واخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب المساجد في الدور (الحديث 754) مطولاً ـ والحديث عند البخاري في الصلاة، باب اذا دخل بيتًا يصلي حيث شاء او حيث امر ولا يتجسس (الحديث 424)، و في الاذان، باب اذا زار الامام قومًا فامهم (الحديث 686)، و باب يسلم حين يسلم الامام (الحديث 838)، وباب من لم يرد السلام على الإمام و اكتفى بتسليم الصلاة (الحديث 839)، و في المغازي، باب ـ 12 ـ (الحديث 4009 و4010) و في الرقاق، باب العمل الذي يبتغى به وجه الله (الحديث 6423)، و في استتابة المرتدين و المعاندين و قتالهم، (الحديث 2938) ـ والنسائي في الامامة، الجماعة للنافلة (الحديث 843) تحفة الاشراف (9750) ـ

Marfat.com

ہوتا ہے' تو میری نظر کمزور ہے (اس لیے میں مسجد تک نہیں جا پاتا) یا رسول اللہ! آپ ﷺ میرے گھر میں کسی جگہ نماز ادا کر لیجئے تا کہ میں اس جگہ کو اپنے لیے جائے نماز بنالوں۔ نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں تشریف لائے' آپ ﷺ نے دریافت کیا: تم کہاں یہ پسند کرتے ہو کہ میں وہاں تمہارے لیے نماز ادا کرلوں؟ انہوں نے اپنے گھر کی ایک مخصوص جگہ کی طرف اشارہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس جگہ نماز ادا کی۔

## شرح

احناف، مالکیوں اور حنابلہ کے نزدیک نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ وہ صحیح طریقے سے نجاست سے نہیں بچ سکتا۔ تاہم احناف نے ایک صورت کا استثناء کیا ہے وہ یہ کہ اگر وہ نابینا تمام حاضرین سے زیادہ علم رکھتا ہو تو پھر وہ امامت کا زیادہ حقدار ہوگا۔

شوافع نے کسی کراہت کے بغیر نابینا شخص کی امامت کو درست قرار دیا ہے کیونکہ نابینا شخص میں خشوع وخضوع زیادہ پایا جاتا ہے۔

# 11 - باب اِمَامَةِ الْغُلَامِ قَبْلَ اَنْ يَّحْتَلِمَ

## باب: بچے کا بالغ ہونے سے پہلے امامت کرنا

788 - اَخْبَرَنَا مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِىُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ سَلِمَةَ الْجَرْمِىُّ قَالَ كَانَ يَمُرُّ عَلَيْنَا الرُّكْبَانُ فَنَتَعَلَّمُ مِنْهُمُ الْقُرْآنَ فَاَتٰى اَبِى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "لِيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا." فَجَآءَ اَبِىْ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "لِيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قُرْآنًا." فَنَظَرُوْا فَكُنْتُ اَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا فَكُنْتُ اَؤُمُّهُمْ وَاَنَا ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ .

☆☆ حضرت عمرو بن سلمہ جرمی بیان کرتے ہیں' ہمارے علاقے سے قافلے گزرا کرتے تھے' تو میں نے ان سے قرآن سیکھ لیا تھا' (فتح مکہ کے بعد) میرے والد نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگوں کی امامت وہ شخص کرے گا' جس کو زیادہ قرآن آتا ہو''۔

میرے والد (ہمارے علاقے میں) واپس آئے اور یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تمہاری امامت وہ شخص کرے گا جو تم میں سب سے زیادہ قرآن کا علم رکھتا ہو''۔

جب لوگوں نے اس بارے میں تحقیق کی تو مجھے سب سے زیادہ قرآن کی آیات یاد تھیں' تو میں نے ان لوگوں کی امامت شروع کردی' حالانکہ اس وقت میری عمر آٹھ سال تھی۔

788-اخرجه البخاري في المغازي، باب . 53 . (الحديث 4302) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من احق بالا مامة (الحديث 585 و 586 و 587 ) بنحوه . و اخرجه النسائي في القبلة، الصلاة في الازار (الحديث 766) بنحوه . و الحديث عند: النسائي في الاذان، اجتزاء المرء باذان غيره في الحضر (الحديث 635) . تحفة الاشراف (4565) .

Marfat.com

شرح

احناف کے نزدیک کوئی نابالغ بچہ بالغ افراد کی امامت نہیں کرسکتا۔ فرض نماز میں بھی نہیں اور نفل میں بھی نہیں جبکہ مالکیوں اور حنابلہ کے نزدیک فرض نماز میں نابالغ امامت نہیں کرسکتا۔ نفل نماز میں، جیسے نماز تراویح، نماز کسوف میں اسے امام بنایا جاسکتا ہے۔

جبکہ شوافع کے نزدیک اگر نابالغ بچہ سمجھ دار ہو تو اس کی اقتداء میں نماز ادا کرنا جائز ہے۔

## 12 - باب قِيَامِ النَّاسِ اِذَا رَاَوُا الْاِمَامَ

### باب: لوگوں کا امام کو دیکھ کر کھڑے ہونا

789 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ وَحَجَّاجُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلَاةِ فَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِي ."

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب اقامت کہہ دی جائے' تو تم اس وقت تک کھڑے نہ ہو جب تک مجھے دیکھ نہیں لیتے''۔

## 13 - باب الْاِمَامِ تَعْرِضُ لَهُ الْحَاجَةُ بَعْدَ الْاِقَامَةِ

### باب: اگر امام کو اقامت کہنے کے بعد کوئی کام پیش آ جائے

790 - اَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَجِيٌّ لِّرَجُلٍ فَمَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ حَتّٰى نَامَ الْقَوْمُ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نماز کے لیے اقامت کہہ دی گئی' لیکن نبی اکرم ﷺ پست آواز میں ایک صاحب کے ساتھ گفتگو کرتے رہے' آپ ﷺ (کی گفتگو اتنی طویل تھی) کہ آپ ﷺ نماز کے لیے اس وقت کھڑے ہوئے جب لوگ (درمیان میں) سو چکے تھے۔

## 14 - باب الْاِمَامِ يَذْكُرُ بَعْدَ قِيَامِهِ فِي مُصَلَّاهُ اَنَّهُ عَلٰى غَيْرِ طَهَارَةٍ

### باب: اگر امام کو اپنی جائے نماز پر کھڑے ہونے کے بعد یہ بات یاد آئے کہ وہ پاک نہیں ہے

791 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ

789-تقدم في الاذان، اقامة الموذن عند خروج الامام (الحديث 686) .

790-اخرجه مسلم في الحيض ، باب الدليل على ان نوم الجالس لا ينقض الوضوء (الحديث 123) . تحفة الاشراف (1003) .

Marfat.com

وَالْوَلِيدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَفَّ النَّاسُ صُفُوفَهُمْ وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا قَامَ فِي مُصَلَّاهُ ذَكَرَ اَنَّهُ لَمْ يَغْتَسِلْ فَقَالَ لِلنَّاسِ "مَكَانَكُمْ". ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى بَيْتِهٖ فَخَرَجَ عَلَيْنَا يَنْطِفُ رَاْسُهٗ فَاغْتَسَلَ وَنَحْنُ صُفُوفٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نماز کے لیے اقامت کہہ لی گئی' لوگوں نے صفیں درست کر لیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اپنی جائے نماز پر آ کر کھڑے ہو گئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات یاد آئی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو غسل ہی نہیں کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر واپس تشریف لے گئے' پھر آپ ہمارے پاس تشریف لائے' تو آپ کے سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا تھا' ہم لوگ (اس دوران) صفوں میں ہی موجود رہے۔

## 15 - باب اسْتِخْلَافِ الْإِمَامِ اِذَا غَابَ

### باب: جب امام خود موجود نہ ہو' تو اس کا کسی کو اپنا نائب مقرر کرنا

792 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَازِمٍ قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ اَتَاهُمْ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ قَالَ لِبِلَالٍ "يَا بِلَالُ اِذَا حَضَرَ الْعَصْرُ وَلَمْ اٰتِ فَمُرْ اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ". فَلَمَّا حَضَرَتْ اَذَّنَ بِلَالٌ ثُمَّ اَقَامَ فَقَالَ لِاَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَقَدَّمْ. فَتَقَدَّمَ اَبُو بَكْرٍ فَدَخَلَ فِي الصَّلَاةِ ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَشُقُّ النَّاسَ حَتّٰى قَامَ خَلْفَ اَبِي بَكْرٍ وَصَفَّحَ الْقَوْمُ وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ لَمْ يَلْتَفِتْ فَلَمَّا رَاٰى اَبُو بَكْرٍ التَّصْفِيحَ لَا يُمْسَكُ عَنْهُ اِلْتَفَتَ فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ امْضِهْ ثُمَّ مَشٰى اَبُو بَكْرٍ الْقَهْقَرٰى عَلٰى عَقِبَيْهِ فَتَاَخَّرَ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقَدَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهٗ قَالَ "يَا اَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ اِذْ اَوْمَاْتُ اِلَيْكَ اَنْ لَا تَكُونَ مَضَيْتَ". فَقَالَ لَمْ يَكُنْ لِابْنِ اَبِي قُحَافَةَ اَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَقَالَ لِلنَّاسِ "اِذَا نَابَكُمْ شَيْءٌ فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ وَلْيُصَفِّحِ النِّسَاءُ".

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' بنو عمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا' اس بات کی اطلاع

---

791-اخرجه البخاري في الاذان، باب هل يخرج من المسجد لعلة (الحديث 639) بنحوه، و باب اذا قال الامام (مكانكم) حتى رجع انتظروه (الحديث 640) بنحوه . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، متى يقوم الناس للصلاة (الحديث 158) بنحوه . و اخرجه ابو داؤد في الطهارة، باب في الجنب يصلي بالقوم و هو ناس (الحديث 235) و الحديث عند: مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، متى يقوم الناس للصلاة (الحديث 159) . و ابي داؤد في الصلاة باب في الصلاة تقام ولم يات الامام ينتظرونه قعودًا (الحديث 541) . تحفة الاشراف (15200) .

792-اخرجه ابو داؤد في الصلاة باب التصفيق في الصلاة (الحديث 941) مختصراً . والحديث عند : البخاري في الاحكام، باب الامام ياتي قومًا فيصلح بينهم (الحديث 7190) . تحفة الاشراف (4669) .

Marfat.com

نبی اکرم ﷺ کو ملی تو آپ ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی اور پھران کے درمیان صلح کروانے کے لیے ان کی طرف تشریف لے جانے لگے' آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

''اے بلال! جب عصر کا وقت ہو جائے اور میں نہ آؤں' تو تم ابوبکر سے کہنا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے''۔

جب نماز کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی' پھر انہوں نے اقامت کہی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ آگے ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے' انہوں نے نماز شروع کر دی' اسی دوران نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے' آپ صفوں میں سے گزرتے ہوئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے آ کر کھڑے ہوگئے' لوگوں نے تالیاں بجانی شروع کر دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جب نماز شروع کرتے تھے' تو اِدھر اُدھر توجہ نہیں دیتے تھے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو زیادہ تالیاں محسوس ہوئیں' تو انہوں نے توجہ کی (انہیں نبی اکرم ﷺ نظر آ گئے) نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست اقدس کے ذریعے انہیں اشارہ کیا (کہ تم نماز پڑھاتے رہو) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا ہے' کہ تم نماز پڑھاتے رہو' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اُلٹے قدموں چلتے ہوئے پیچھے ہو گئے' جب نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ملاحظہ کی تو آپ ﷺ آگے بڑھ گئے اور آپ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب آپ ﷺ نے نماز مکمل کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے ابوبکر! جب میں نے تمہیں اشارہ کیا تھا تو تم نے کیوں نماز جاری نہیں رکھی؟

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی یہ مجال نہیں ہے' کہ وہ اللہ کے رسول کی امامت کرے' پھر نبی اکرم ﷺ نے لوگوں سے ارشاد فرمایا:

''جب تمہیں کوئی ضرورت پیش آئے' تو مرد سبحان اللہ کہیں اور خواتین تالیاں بجائیں گی''۔

## 16 - باب الْإِئْتِمَامِ بِالْإِمَامِ

### باب: امام کی پیروی کرنا

793 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَقَطَ مِنْ فَرَسٍ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ يَعُوْدُوْنَهٗ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ "اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ".

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ دائیں پہلو کے بل گھوڑے سے گر گئے' صحابہ کرام آپ ﷺ کی عیادت کرنے کے لیے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' نماز کا وقت ہو گیا (نبی اکرم ﷺ نے نماز

793-اخرجه البخاري في الاذان، باب يهوي بالتكبير حين يسجد (الحديث 705) مطولاً . واخرجه مسلم مطولاً، باب ائتمام المأموم بالامام (الحديث 771) مطولاً . و اخرجه النسائي في التطبيق، باب ما يقول المأموم (الحديث 1060) واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في انما جعل الامام ليؤتم به (الحديث 1238) مطولاً . تحفة الاشراف (1485) .

Marfat.com

پڑھائی) جب آپ ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ رکوع میں جائے' تو تم بھی رکوع میں جاؤ' جب وہ سر اُٹھائے' تو تم بھی سر اُٹھاؤ' جب وہ سجدے میں جائے' تو تم بھی سجدے میں جاؤ اور جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے تو تم لوگ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو''۔

شرح

## کن چیزوں میں امام کی متابعت کی جائے گی اور کن چیزوں میں امام کی متابعت نہیں کی جائے گی؟

مسئلہ: پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ اگر امام انہیں ترک کر دیتا ہے' تو مقتدی بھی امام کی متابعت کرتے ہوئے اسے ترک کر دے گا۔

مسئلہ: نمازِ عید کی اضافی تکبیریں' پہلا قعدہ' سجدہ تلاوت' سجدہ سہو' دعائے قنوت' اگر رکوع کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو۔ (الوجیز از کردری)

مسئلہ: لیکن رکوع کے فوت ہونے کا اندیشہ نہ ہو' تو وہ مقتدی دعائے قنوت پڑھنے کے بعد رکوع میں جائے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: چار چیزیں ایسی ہیں کہ اگر امام جان بوجھ کر انہیں ترک کر دیتا ہے' تو مقتدی امام کی پیروی نہیں کرے گا۔

مسئلہ: اگر امام جان بوجھ کر نماز میں کوئی اضافہ سجدہ کر لیتا ہے یا پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے۔ (الوجیز از کردری)

مسئلہ: اگر امام پانچویں رکعت میں سجدہ کرنے سے پہلے بیٹھ گیا اور پھر بعد میں سلام پھیرا تو مقتدی بھی اس کے ساتھ سلام پھیر دے گا لیکن اگر امام پانچویں رکعت کے سجدے میں چلا گیا تو مقتدی اسی وقت سلام پھیر دے گا۔

مسئلہ: ۹ چیزیں ایسی ہیں کہ اگر امام انہیں ترک کر دے تو مقتدی انہیں ادا کرے گا۔

مسئلہ: تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنا' ثناء پڑھنا' اگر امام سورۂ فاتحہ کی تلاوت شروع کر چکا ہو' یا کسی دوسری سورت کی تلاوت شروع کر چکا ہو' تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس وقت مقتدی ثناء نہیں پڑھے گا' جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے۔

مسئلہ: اسی طرح اگر امام رکوع یا سجدے میں جانے کی تکبیر چھوڑ دیتا ہے یا رکوع یا سجدے میں تسبیح نہیں پڑھتا یا سمع اللہ لمن حمدہ کہنا ترک کر دیتا ہے یا تشہد نہیں پڑھتا یا سلام پھیرتے وقت سلام کے الفاظ استعمال نہیں کرتا یا تشریق کی تکبیریں نہیں کہتا تو مقتدی انہیں ادا کرے گا۔

## 17 - باب الْإِئْتِمَامِ بِمَنْ يَأْتَمُّ بِالْإِمَامِ

باب: اس شخص کی پیروی کرنا جو امام کی پیروی کر رہا ہو

794 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ

Marfat.com

سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى فِي اَصْحَابِهٖ تَاَخُّرًا فَقَالَ "تَقَدَّمُوْا فَاْتَمُّوْا بِيْ وَلْيَاْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ وَلَا يَزَالُ قَوْمٌ يَّتَاَخَّرُوْنَ حَتّٰى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعض اصحاب کو دیکھا' وہ پیچھے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگ آگے جاؤ اور میری پیروی کرو اور جو تم سے پیچھے ہیں' وہ تمہاری پیروی کریں' جو لوگ پیچھے ہٹنے کی کوشش کریں گے' اللہ تعالیٰ انہیں پیچھے کر دے گا''۔

795 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ نَحْوَهٗ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

796 - اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُّوْسَى بْنِ اَبِيْ عَآئِشَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ قَالَتْ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْ بَكْرٍ فَصَلّٰى قَاعِدًا وَّاَبُوْ بَكْرٍ يُّصَلِّيْ بِالنَّاسِ وَالنَّاسُ خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا' کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے آگے موجود تھے اور بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے موجود تھے۔

## شرح

### بیمار شخص کی نماز کے احکام

مسئلہ: جب کوئی بیمار کھڑا ہونے کے قابل نہ ہو' تو وہ بیٹھ کر نماز ادا کر لے گا اور بیٹھ کر ہی رکوع اور سجدہ کرے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: قابل نہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ کھڑا ہونے کے نتیجے میں اُسے ضرر لاحق ہو' فتویٰ اسی قول پر ہے۔ (معراج الدرایہ)

مسئلہ: اگر کھڑا ہونے کی وجہ سے بیماری میں اضافے' صحت میں تاخیر یا چکر آنے کی شکایت ہو' تو بھی یہی حکم ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کھڑے ہونے سے جسم کے کسی بھی حصے میں درد محسوس ہوتا ہے' تو بھی یہی حکم ہوگا۔

794-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول فلاول منها والازدحام على الصف الاول و السابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 130) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب صف النساء، و كراهية التاخر عن الصف الاول (الحديث 680) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من يستحب ان يلي الامام (الحديث 978) . تحفة الاشراف (4309) .

795-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول فالاول منها و الازدحام على الصف الاول و المسابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 130م) . تحفة الاشراف (4331) .

796-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16319) .

Marfat.com

مسئلہ: لیکن اگر تھوڑی تکلیف ہو تو پھر قیام کو ترک کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (کافی)

## کچھ دیر کے لیے قیام کے قابل ہونے کا حکم

مسئلہ: اگر کوئی شخص تھوڑی دیر کے لیے کھڑا ہو سکتا ہے' تو جتنی دیر تک وہ کھڑا ہو سکتا ہے' اتنی دیر قیام کرے گا' اُس کے بعد بیٹھ جائے گا۔

مسئلہ: شمس الائمہ حلوانی کے نزدیک یہی حکم ہے' وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص اگر قیام کو چھوڑ دے گا تو اُس کے بارے میں مجھے یہ اندیشہ ہے کہ اُس کی نماز درست نہیں ہوگی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سہارا لے کر کھڑا ہونے پر قادر ہو' تو صحیح یہ ہے کہ وہ سہارا لے کر کھڑا ہو جائے گا' اُس کے لیے بیٹھنا جائز نہیں ہوگا' خواہ وہ سہارا عصا کے سہارے ہو' یا اپنے خادم کے سہارے ہو۔ (تبیین)

مسئلہ: کوئی ایسا بیمار ہے جو اپنے گھر میں کھڑا ہو کر نماز ادا کر سکتا ہے لیکن اگر گھر سے باہر نکلے تو کھڑا نہیں ہو سکے گا تو اس کے بارے میں مشائخ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' مختار یہی ہے کہ وہ شخص اپنے گھر میں ہی کھڑا ہو کر نماز ادا کرلے' فتویٰ بھی اسی بات پر ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: جب کوئی شخص بیماری کی وجہ سے بیٹھ کر نماز ادا کرتا ہے' تو وہ کس طرح نماز ادا کرے گا؟ اس بارے میں صحیح قول یہ ہے کہ جس طرح بیٹھنا اُس کے لیے آسان ہوگا' اُسی طرح بیٹھ جائے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (عینی شرح ہدایہ)

## بیٹھ کر نماز ادا کرنے کے احکام

مسئلہ: اگر وہ بیمار سیدھا بیٹھنے پر قادر نہ ہو اور کسی دیوار یا آدمی کا سہارا لے کر بیٹھنے پر قادر ہو' تو اُس پر لازم ہے کہ وہ اس طرح سہارا لے کر بیٹھ کر نماز ادا کرلے۔

مسئلہ: مختار قول کے مطابق ایسے شخص کے لیے لیٹ کر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: جب کوئی شخص قیام نہیں کر سکتا' رکوع نہیں کر سکتا' سجدہ نہیں کر سکتا' لیکن بیٹھ سکتا ہے' تو وہ بیٹھ کر اشارے کے ساتھ نماز ادا کرلے گا۔

مسئلہ: اور سجدہ کرتے ہوئے رکوع کے مقابلے میں اپنے سر کو زیادہ جھکا دے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر وہ شخص رکوع اور سجدہ برابر کرتا ہے' تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص قیام کر سکتا ہے لیکن رکوع اور سجدہ نہیں کر سکتا تو اُس کے لیے مستحب یہ ہے کہ وہ بیٹھ کر اشارے کے ساتھ نماز ادا کرے۔

مسئلہ: اگر وہ کھڑا ہو کر اشارے کے ساتھ نماز ادا کر لیتا ہے' تو ہمارے نزدیک یہ جائز ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اشارے کے ساتھ نماز ادا کرنے والا شخص سجدۂ سہو بھی اشارے کے ساتھ ہی کرے گا۔ (محیط)

Marfat.com

مسئلہ: اشارے سے نماز ادا کرنے والے شخص کے سامنے کوئی لکڑی یا تکیہ وغیرہ رکھنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص رکوع اور سجدے میں سر نہیں جھکا سکتا اور لکڑی اُس کی پیشانی سے لگا دی جائے تو نماز درست نہیں ہوگی' یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: لیکن اگر تکیہ زمین پر رکھا ہو اور وہ شخص اُس پر سجدہ کرتا ہے' تو نماز جائز ہوگی۔ (خلاصہ)

## بیٹھ کر نماز ادا کرنے پر قادر نہ ہونا

مسئلہ: جب کوئی شخص بیٹھ کر بھی نماز ادا کرنے پر قادر نہ ہو' تو وہ دونوں پاؤں قبلہ کی طرف کرلے گا اور اشارے کے ساتھ رکوع اور سجدہ کرے گا۔

مسئلہ: مناسب یہ ہوگا کہ اُس کے سر کے نیچے ایک تکیہ رکھ دیا جائے' تاکہ بیٹھنے کے مشابہ ہو جائے اور رکوع اور سجدے کا اشارہ اچھی طرح سے کر سکے۔

مسئلہ: اگر وہ شخص پہلو کے بل لیٹ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے اشارے کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے' تو یہ بھی جائز ہے۔ تاہم پہلی صورت زیادہ بہتر ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اگر وہ شخص دائیں کروٹ لیٹنے پر قادر نہ ہو' تو بائیں کروٹ کے بل لیٹ جائے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: تندرست آدمی نے نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا شروع کی' پھر اُسے کوئی ایسی بیماری لاحق ہوگئی جس کے نتیجے میں وہ قیام نہیں کر سکتا تو اب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے گا اور بیٹھ کر رکوع اور سجدہ کرے گا۔

مسئلہ: اگر رکوع اور سجدہ کرنے پر بھی قادر نہیں ہے' تو بیٹھ کر اشارے کے ذریعے نماز ادا کرے گا اور اگر بیٹھنے پر بھی قادر نہیں ہے' تو لیٹ کر اشارے کے ذریعے نماز ادا کرلے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: جب کوئی شخص بیٹھ کر رکوع اور سجدے کے ہمراہ نماز ادا کر رہا ہو اور نماز کے دوران ہی وہ تندرست ہو جائے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ باقی نماز کھڑے ہو کر ادا کرے گا۔

مسئلہ: لیکن اگر وہ تھوڑی نماز اشارے کے ساتھ ادا کر چکا ہو اور پھر رکوع اور سجدہ کرنے پر قادر ہو' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ ازسرِنو نماز ادا کرے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: یہ حکم اُس وقت ہے کہ جب اُسے یہ قدرت اُس وقت حاصل ہوتی ہے جب وہ اشارے کے ذریعے رکوع اور سجدہ کر چکا تھا' لیکن اگر اُس نے اشارے کے ذریعے صرف نماز کا آغاز کیا تھا اور پہلی رکعت کا رکوع یا سجدہ نہیں کیا تھا تو اب وہ اُسی نماز کو آگے جاری رکھ سکتا ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر بیمار شخص سر کا اشارہ کرنے سے بھی عاجز ہو' تو ظاہر الروایۃ کے مطابق اُس سے نماز کی فرضیت ساقط ہو جائے گی۔

Marfat.com

## آنکھ یا بھنوؤں کے ذریعے اشارے کا اعتبار نہیں ہوگا

مسئلہ: آنکھ یا بھنوؤں کے اشارے کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا' پھر جب اُس شخص کی صحت بہتر ہو جاتی ہے' تو کیا اُس پر اُن نمازوں کی قضاء لازم ہوگی؟ اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض فقہاء نے یہ بات کہی ہے کہ اگر ایک دن اور ایک رات سے زیادہ عرصے تک یہ حالت برقرار رہتی ہے' تو قضاء لازم نہیں ہوگی اور اگر اس سے کم عرصے تک برقرار رہتی ہے' تو قضاء لازم ہوگی اور اس کا حکم بے ہوشی کی مانند ہوگا' یہی قول صحیح ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اگر وہ شخص ایسی بیماری کے دوران ہی انتقال کر جاتا ہے' تو اُس پر وہ نمازیں لازم نہیں ہوں گی اور اُن نمازوں کا فدیہ بھی لازم نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: ''تجرید'' نامی کتاب میں یہ بات تحریر ہے کہ بیمار شخص نماز میں تندرست آدمی کی طرح قرأت کرے گا' تسبیح پڑھے گا' تشہد پڑھے گا' اگر وہ اس قابل نہ ہو' تو وہ نماز کو ترک کر دے گا۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص مسلسل پانچ نمازوں کے اوقات تک بے ہوش رہتا ہے' تو وہ ان نمازوں کی بعد میں قضاء کرے گا' لیکن اگر اس سے زیادہ وقت گزر جائے تو پھر وہ قضاء نہیں کرے گا۔ جنون کا حکم بھی بے ہوشی کی مانند ہے۔

•••———•••———•••

797 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى - يَعْنِىْ ابْنَ يَحْيٰى - قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ الرُّؤَاسِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ وَاَبُوْ بَكْرٍ خَلْفَهُ فَاِذَا كَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ اَبُوْ بَكْرٍ يُسْمِعُنَا .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے موجود تھے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے تھے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بلند آواز میں تکبیر کہہ کر ہمیں سناتے تھے۔

## 18 - باب مَوْقِفِ الْاِمَامِ اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً وَّالْاِخْتِلَافِ فِىْ ذٰلِكَ

### باب: جب تین افراد موجود ہوں' تو امام کے کھڑے ہونے کی جگہ (کون سی ہوگی؟)

### اس بارے میں اختلاف کا بیان

798 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْكُوْفِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ عَنْتَرَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنِ الْاَسْوَدِ وَعَلْقَمَةَ قَالَا دَخَلْنَا عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ نِصْفَ النَّهَارِ فَقَالَ اِنَّهُ سَيَكُوْنُ اُمَرَاءُ يَشْتَغِلُوْنَ عَنْ وَّقْتِ الصَّلَاةِ فَصَلُّوْا لِوَقْتِهَا . ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى بَيْنِىْ وَبَيْنَهُ فَقَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ .

797-اخرجه مسلم في الصلاة باب التمام المأموم بالامام (الحديث 85) . تحفة الاشراف (2786) .

798-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب اذا كانوا ثلاثة كيف يقومون (الحديث 613) مختصراً . تحفة الاشراف (9173) .

Marfat.com

☆☆ اسود اور علقمہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ دوپہر کے وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے فرمایا: عنقریب ایسے حکمران آ جائیں گے جو نماز کو تاخیر سے ادا کیا کریں گے تو تم لوگ نماز کو اس کے وقت پر ادا کیا کرنا۔ پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے میرے اور میرے ساتھی کے درمیان کھڑے ہو کر نماز ادا کی۔ اور یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ایسا ہی کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## شرح

باجماعت نماز ادا کرنے کا ایک منظم طریقہ ہے جو سنت سے ثابت ہے وہ طریقہ یہ ہے کہ امام آگے کھڑا ہو گا اور مقتدی اس کے پیچھے کھڑے ہوں گے۔ خواہ وہ مقتدی مرد ہوں یا خواتین ہوں۔

صرف ایک صورت میں حکم مختلف ہے وہ یہ کہ اگر کچھ لوگ برہنہ حالت میں ہوں اور انہوں نے باجماعت نماز ادا کرنا ہو تو ان کا امام ان کے درمیان میں کھڑا ہو گا۔ یہ حکم حنابلہ کے نزدیک واجب ہے جبکہ دیگر فقہاء کے نزدیک مستحب ہے۔

اگر امام کے ہمراہ ایک فرد ہو تو مستحب یہ ہے کہ وہ امام کے دائیں طرف کھڑا ہو گا اور امام سے کچھ پیچھے کھڑا ہو گا۔

جمہور کے نزدیک اس ایک مقتدی کا امام کے برابر کھڑے ہونا، امام کے بائیں طرف کھڑے ہونا یا امام کے پیچھے کھڑے ہونا مکروہ ہو گا کیونکہ یہ طریقہ سنت کے خلاف ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص اس طرح کھڑے ہو کر نماز ادا کر لیتا ہے' تو اس کی نماز درست ہو گی۔ فاسد نہیں ہو گی البتہ حنابلہ کی رائے اس بارے میں مختلف ہے۔

اگر امام کی اقتدا میں ایک مرد اور ایک خاتون ہوں تو مرد امام کے دائیں طرف کھڑا ہو گا اور خاتون اس مرد کے پیچھے کھڑی ہو گی۔

اگر امام کے ساتھ دو مرد ہوں تو وہ دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے۔ اس بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے مختلف ہے کیونکہ ان کے نزدیک اس صورت میں امام ان دونوں کے درمیان میں کھڑا ہو گا۔

اگر امام کی اقتداء میں کچھ مرد کچھ بچے کچھ ہیجڑے اور کچھ خواتین ہوں تو امام کے پیچھے پہلے مردوں کی صف ہو گی پھر بچوں کی پھر ہیجڑوں کی اور پھر خواتین کی ہو گی۔

799 - اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بُرَيْدَةُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ فَرْوَةَ الْاَسْلَمِيُّ عَنْ غُلَامٍ لِجَدِّهٖ يُقَالُ لَهٗ مَسْعُوْدٌ فَقَالَ مَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ لِيْ اَبُوْ بَكْرٍ يَّا مَسْعُوْدُ ائْتِ اَبَا تَمِيْمٍ - يَعْنِيْ مَوْلَاهُ - فَقُلْ لَهٗ يَحْمِلْنَا عَلٰى بَعِيْرٍ وَّيَبْعَثُ اِلَيْنَا بِزَادٍ وَّدَلِيْلٍ يَّدُلُّنَا . فَجِئْتُ اِلٰى مَوْلَايَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَبَعَثَ مَعِيْ بِبَعِيْرٍ وَّوَطْبٍ مِّنْ لَبَنٍ فَجَعَلْتُ اٰخُذُ بِهِمْ فِيْ اِخْفَاءِ الطَّرِيْقِ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَقَامَ اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَقَدْ عَرَفْتُ الْاِسْلَامَ وَاَنَا مَعَهُمَا فَجِئْتُ فَقُمْتُ خَلْفَهُمَا فَدَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَدْرِ اَبِيْ بَكْرٍ فَقُمْنَا

799-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11264) .

Marfat.com

خَلْفَهُ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بُرَيْدَةُ هٰذَا لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيْثِ .

☆☆ بریدہ بن سفیان اپنے دادا کے غلام کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ان کا نام مسعود تھا' وہ صاحب بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے مسعود! تم ابوتمیم کے پاس جاؤ' یعنی اپنے آقا کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ ہمیں سواری کے لیے اونٹ دے اور ہماری طرف زادِ سفر اور رہنمائی کرنے والا ایک شخص بھی بھیج دے جو ہماری رہنمائی کر سکے۔ مسعود بیان کرتے ہیں' میں اپنے آقا کے پاس آیا اور میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو اس نے میرے ساتھ ایک اونٹ اور دودھ کا ایک مشکیزہ بھیج دیا۔ میں ان حضرات کو ساتھ لے کر خفیہ راستے پر چلتا رہا' نماز کا وقت ہو گیا' نبی اکرم ﷺ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے دائیں طرف کھڑے ہو گئے' مجھے اسلامی تعلیمات کا علم تھا اور میں ان دونوں کے ساتھ ہی تھا' اس لیے میں آگے ہوا اور ان دونوں کے پیچھے کھڑا ہو گیا تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیچھے کر دیا اور ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پیچھے کھڑے ہو گئے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' اس روایت کا راوی بریدہ مستند نہیں ہے۔

شرح

## امام اور مقتدی کے کھڑے ہونے کی جگہ کے احکام

مسئلہ: اگر امام کے ہمراہ ایک شخص ہو یا ایک قریب البلوغ لڑکا ہو جو نماز کے احکام کو سمجھتا ہو' تو امام اسے اپنے دائیں طرف کھڑا کرے گا' مختار قول یہی ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر امام اسے اپنے بائیں طرف کھڑا کر لیتا ہے' تو بھی جائز ہے' لیکن ایسا کرنا بُرا ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر امام اسے اپنے پیچھے کھڑا کر لے تو بھی جائز ہوگا' تاہم بعض فقہاء نے اسے مکروہ کہا ہے اور یہی قول صحیح ہے۔ (بدائع)

مسئلہ: اگر امام کے ہمراہ دو مقتدی ہوں تو وہ دونوں اس کے پیچھے کھڑے ہوں گے' اگر امام کے ہمراہ ایک مرد ہو اور ایک قریب البلوغ لڑکا ہو' تو وہ بھی اس کے پیچھے کھڑے ہوں گے۔

مسئلہ: اگر امام کی اقتداء میں ایک مرد اور ایک عورت ہو' تو مرد امام کے دائیں طرف کھڑا ہوگا اور خاتون امام کے پیچھے کھڑی ہوگی۔

مسئلہ: اگر امام کے ہمراہ دو مرد اور ایک خاتون ہوں تو دونوں مرد امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے اور خاتون ان کے پیچھے کھڑی ہوگی۔

مسئلہ: اگر امام کے ہمراہ صرف دو مرد ہوں تو امام ان کے درمیان کھڑا ہو جائے تو وہ نماز جائز ہوگی۔

مسئلہ: امام کے بعد مردوں کی صف ہوگی' مردوں کے بعد لڑکوں کی صف ہوگی' لڑکوں کے بعد ہیجڑوں کی صف ہوگی۔ ان

Marfat.com

کے بعد خواتین کی صف ہوگی اور ان کے بعد قریب البلوغ لڑکیوں کی صف ہوگی۔

مسئلہ: خواتین کا باجماعت نماز میں شریک ہونا مکروہ ہے' البتہ عمر رسیدہ خواتین فجر' مغرب اور عشاء کی نماز باجماعت میں شریک ہوسکتی ہیں' لیکن ہمارے زمانے کی صورتِ حال کے مطابق کسی بھی نماز میں کسی بھی خاتون کا مسجد میں آنا مکروہ ہے۔ (کافی)

مسئلہ: یہی قول مختار ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: امام کو چاہیے کہ صف کے بالکل درمیان کے مقابلے میں کھڑا ہو' اگر امام دائیں طرف ہو جاتا ہے یا بائیں طرف ہو جاتا ہے' تو سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے ایسا کرنا بُرا ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: امام کے عین پیچھے وہ شخص کھڑا ہونا چاہیے' جو مقتدیوں میں سب سے افضل ہو۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: دوسری صف کے مقابلے میں پہلی صف میں کھڑا ہونا اور تیسری صف کے مقابلے میں دوسری صف میں کھڑا ہونا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

مسئلہ: مقتدی کے لیے افضل یہ ہے کہ وہ امام کے قریب ترین کھڑا ہو' اگر مختلف مقامات امام کے قریب ترین ہوں تو دائیں طرف والے حصے کو زیادہ فضیلت حاصل ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: باجماعت نماز میں اگر کوئی عورت مرد کے برابر آ کر کھڑی ہو جاتی ہے' تو اس کے نتیجے میں مرد کی نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن اس کے لیے کچھ شرائط ہیں۔ پہلی شرط یہ ہے کہ وہ عورت صحبت کے قابل ہو' یہاں تک کہ کوئی ایسی لڑکی ہو جو نماز کے احکام کو سمجھتی ہو' لیکن کم عمری کی وجہ سے اس کی طرف رغبت نہ ہوتی ہو' تو اگر وہ نماز میں مرد کے ساتھ آ کر کھڑی ہو جاتی ہے' تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (کافی)

مسئلہ: دوسری شرط یہ ہے کہ وہ نماز رکوع اور سجدے والی ہونی چاہیے' اگرچہ مرد اور عورت دونوں اشارے کے ساتھ ہی نماز ادا کر رہے ہوں۔

مسئلہ: تیسری شرط یہ ہے کہ مرد اور خاتون تکبیر تحریمہ کے اعتبار سے نماز میں شریک ہوں۔

مسئلہ: چوتھی شرط یہ ہے کہ وہ دونوں ایک ہی جگہ پر کھڑے ہوں یہاں تک کہ اگر مرد چبوترے پر ہو' عورت زمین پر ہو اور وہ چبوترا ایک عام انسان کے قد جتنا اونچا ہو' تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: پانچویں شرط یہ ہے کہ مرد اور عورت کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں ہونی چاہیے' اگر ان دونوں کے درمیان ستون حائل ہو جاتا ہے' تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: درمیان میں حائل ہونے والی چیز کی مقدار وہ ہوگی جسے سترے کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہو۔

مسئلہ: چھٹی شرط یہ ہے کہ عورت ایسی ہونی چاہیے جس کی نماز صحیح ہوتی ہے' اس اعتبار سے اگر کوئی پاگل عورت مرد کے ساتھ آ کر کھڑی ہو جاتی ہے' تو مرد کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (کافی)

Marfat.com

مسئلہ: ساتویں شرط یہ ہے کہ امام نے خواتین کو نماز پڑھانے کی نیت کی ہو۔

مسئلہ: اس کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ وہ عورت ایک پورے رکن کی ادائیگی کے دوران مرد کے ساتھ کھڑی رہی ہو۔

مسئلہ: ایک یہ بات بھی شرط ہے کہ ان دونوں کی نماز پڑھنے کی جہت ایک ہونی چاہیے' یہاں تک کہ اگر ان کی جہت مختلف ہو' تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: جہت کا یہ اختلاف صرف دوصورتوں میں ہوسکتا ہے' ایک یہ کہ وہ دونوں خانۂ کعبہ کے اندر نماز پڑھ رہے ہوں اور (دونوں نے مخالف سمت کا رخ کیا ہوا ہو) دوسری صورت یہ ہے کہ وہ دونوں اندھیرے میں نماز پڑھ رہے ہوں اور دونوں نے اپنی رائے کے ساتھ مختلف جہت کو قبلہ مقرر کیا ہو۔

مسئلہ: یہاں یہ اصول یاد رکھنا چاہیے کہ اس حکم میں تمام خواتین شامل ہوں گی خواہ مرد کے ساتھ آ کر کھڑے ہونے والی اجنبی عورت ہو یا محرم ہو یا اس کی بیوی ہو یا کم عمر لڑکی ہو' جس کی طرف رغبت کی جاتی ہو یا بوڑھی عورت ہی کیوں نہ ہو' جس میں مردوں کو دلچسپی نہیں ہوتی ہے۔ (کفایہ)

مسئلہ: خاتون کے ساتھ آ کر کھڑے ہونے سے صرف تین قسم کے مردوں کی نماز فاسد ہوتی ہے' ایک وہ جو اس کے دائیں طرف کھڑا ہو' ایک وہ جو اس کے بائیں طرف کھڑا ہو' ایک وہ جو اس کے پیچھے کھڑا ہو' اس کے علاوہ اور کسی کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔ (تبیین)

مسئلہ: فتویٰ اسی پر ہے۔ (تاتارخانیہ)

## 19 - باب اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً وَّامْرَاَةً

### باب: جب تین آدمی اور ایک خاتون موجود ہوں' تو کھڑے ہونے کی ترتیب کیا ہوگی؟

800 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَدَّتَهٗ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ قَدْ صَنَعَتْهُ لَهٗ فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ "قُوْمُوْا فَلَاُصَلِّيَ لَكُمْ." قَالَ اَنَسٌ فَقُمْتُ اِلٰى حَصِيْرٍ لَّنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ فَنَضَحْتُهٗ بِمَاءٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْتُ اَنَا وَالْيَتِيْمُ وَرَآئَهٗ وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَّرَآئِنَا فَصَلّٰى لَنَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ان کی دادی (یا نانی) سیّدہ ملیکہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کھانے کی دعوت کی' جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تیار کیا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کھانا کھایا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اُٹھو! تاکہ میں تم لوگوں کو نماز پڑھاؤں''۔

800-اخرجه البخاري في الصلاة، باب الصلاة على الحصير (الحديث 380)، و في الاذان، باب وضوء الصبيان (الحديث 860) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز الجماعة في النافلة و الصلاة على حصير و خمرة و ثوب و غيرها من الطاهرات (الحديث 266) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب اذا كانوا ثلاثة كيف يقومون (الحديث 612) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الرجل يصلي و معه الرجال و النساء (الحديث 234) . تحفة الاشراف (197) .

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اُٹھ کر چٹائی کے پاس آیا جو طویل استعمال کی وجہ سے سیاہ ہو چکی تھی' میں نے اس پر پانی چھڑکا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے' میں اور یتیم (لڑکا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے ہو گئے' جبکہ بوڑھی خاتون ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو رکعات نماز پڑھائی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے۔

## 20 - باب اِذَا كَانُوْا رَجُلَيْنِ وَامْرَاَتَيْنِ

## باب: جب دو آدمی اور دو خواتین موجود ہوں (تو ان کا نماز پڑھنے کا طریقہ کیا ہوگا؟)

801 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا هُوَ اِلَّا اَنَا وَاُمِّى وَالْيَتِيْمُ وَاُمُّ حَرَامٍ خَالَتِىْ فَقَالَ "قُوْمُوْا فَلاُصَلِّىَ بِكُمْ ." قَالَ فِىْ غَيْرِ وَقْتِ صَلَاةٍ - قَالَ - فَصَلّٰى بِنَا .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے' وہاں اس وقت میں تھا' میری والدہ تھیں' ایک یتیم لڑکا تھا اور سیّدہ اُم حرام رضی اللہ عنہا تھیں جو میری خالہ تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگ کھڑے ہو جاؤ تاکہ میں تمہیں نماز پڑھاؤں''۔

راوی کہتے ہیں: اس وقت نماز کا وقت نہیں تھا۔

راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی (یعنی نفل) نماز پڑھائی۔

802 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُخْتَارٍ يُحَدِّثُ عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ كَانَ هُوَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّهُ وَخَالَتُهُ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ اَنَسًا عَنْ يَّمِيْنِهِ وَاُمَّهُ وَخَالَتَهُ خَلْفَهُمَا .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' ان کی والدہ اور ان کی خالہ (گھر میں موجود تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا' جبکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ اور ان کی خالہ ان دونوں حضرات کے پیچھے کھڑی ہو گئیں۔

## 21 - باب مَوْقِفِ الْاِمَامِ اِذَا كَانَ مَعَهُ صَبِىٌّ وَّامْرَاَةٌ

## باب: جب امام کے ہمراہ ایک بچہ اور ایک خاتون ہو' تو وہ کہاں کھڑا ہوگا؟

801-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز الجماعة في النافلة والصلاة على حصير و خمرة و ثوب و غيرها من الطاهرات (الحديث 268) مطولاً . والحديث عند: مسلم في فضائل الصحابة، باب من فضائل انس بن مالك رضي الله عنه (الحديث 142) . تحفة الاشراف (409) .

802-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب جواز الجماعة في النافلة و الصلاة على حصير و خمرة و ثوب و غير ها من الطاهرات (الحديث 269) بنحوه . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الرجلين يوم احدهما صاحب كيف يقومان (الحديث 609) بنحوه . مختصراً و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الاثنان جماعة (الحديث 975) بنحوه مختصراً . و اخرجه النسائي في الامامة، موقف الامام اذا كان معه صبي و امراة (الحديث 804) بنحوه مختصراً . تحفة الاشراف (1609) .

Marfat.com

803 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي زِيَادٌ اَنَّ قَزَعَةَ مَوْلًى لِعَبْدِ قَيْسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ صَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةُ خَلْفَنَا تُصَلِّي مَعَنَا وَاَنَا اِلٰى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُصَلِّي مَعَهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں نماز ادا کی' جبکہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا ہمارے پیچھے تھیں' وہ بھی ہمارے ساتھ نماز ادا کر رہی تھیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں کھڑا تھا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

804 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلّٰى بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِامْرَاَةٍ مِّنْ اَهْلِيْ فَاَقَامَنِيْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَالْمَرْاَةُ خَلْفَنَا .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور ہمارے گھر کی ایک خاتون کو نماز پڑھائی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا اور وہ خاتون ہمارے پیچھے کھڑی ہوئی تھیں۔

## 22 - باب مَوْقِفِ الْإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمُ صَبِيٌّ

### باب: جب مقتدی بچہ ہو' تو امام کس جگہ کھڑا ہو گا؟

805 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ فَقُمْتُ عَنْ شِمَالِهٖ فَقَالَ بِيْ هٰكَذَا فَاَخَذَ بِرَاْسِيْ فَاَقَامَنِيْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک رات میں اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں ٹھہر گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نماز ادا کرنے کے لیے اُٹھے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف آ کر کھڑا ہو گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اس طرح' پھر میرا سر پکڑا اور مجھے اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا۔

## 23 - باب مَنْ يَّلِي الْاِمَامَ ثُمَّ الَّذِيْ يَلِيْهِ

### باب: امام کے پیچھے اس کے قریب کون ہو گا اور پھر اس کے بعد کون ہو گا؟

806 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِيْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ مَنَاكِبَنَا فِي الصَّلَاةِ وَيَقُوْلُ "لَا تَخْتَلِفُوْا فَتَخْتَلِفَ

803-انفرد به النسائي، و سياتي في الامامة، الجماعة اذا كانوا ثلاثة رجل و صبي و امراة (الحديث 840) . تحفة الاشراف (6206) .

804-تقدم في الامامة . اذا كانوا رجلين و امراتين (الحديث 802) .

805-اخرجه البخاري في الاذان، باب اذا لم ينو الامام ان يوم ثم جاء قوم فامهم (الحديث 699) . تحفة الاشراف (5529) .

Marfat.com

قُلُوبُكُمْ لِيَلِيَنِّي مِنكُمْ أُولُو الْأَحْلَامِ وَالنُّهَى ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ." قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ فَأَنْتُمُ الْيَوْمَ أَشَدُّ اخْتِلَافًا .

قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبُو مَعْمَرٍ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ .

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع ہونے سے پہلے ہمارے کندھوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ فرمایا کرتے تھے: تم لوگ اختلاف نہ کرو (یعنی آگے پیچھے کھڑے نہ ہو) ورنہ تمہارے دلوں میں اختلاف آ جائے گا' اور تم میں سے سمجھدار اور تجربہ کار لوگ میرے قریب کھڑے ہوں اور اس کے بعد (کے مرتبے کے لوگ) ان کے پیچھے کھڑے ہوں' پھر اس کے بعد کے لوگ ان کے پیچھے کھڑے ہوں۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' آج تم لوگوں کے درمیان شدید ترین اختلافات پائے جاتے ہیں۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ابومعمر نامی راوی کا نام عبداللہ بن سخبرہ ہے۔

## شرح

اس حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ امام کی اقتداء میں امام کے قریب وہ لوگ ہونے چاہئیں جو زیادہ سمجھدار اور تجربہ کار ہوں۔ روایت کے متن میں استعمال ہونے والا لفظ ''احلام'' لفظ ''حلم'' کی جمع ہے جس کا مطلب عقل ہے۔ اسی طرح لفظ ''النہی'' لفظ ''نہیۃ'' کی جمع ہے اور اس کا معنی بھی عقل ہے۔

ایک قول کے مطابق اس سے مراد یہ ہے: میرے قریب مرد کھڑے ہوں پھر اس کے بعد قریب البلوغ لڑکے پھر ان کے بعد خواتین کی صف ہو۔

807 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُقَدَّمٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ أَخْبَرَنِي التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ بَيْنَا أَنَا فِي الْمَسْجِدِ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ فَجَبَذَنِي رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِي جَبْذَةً فَنَحَّانِي وَقَامَ مَقَامِي فَوَاللّٰهِ مَا عَقَلْتُ صَلَاتِي فَلَمَّا انْصَرَفَ فَإِذَا هُوَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ يَا فَتَى لَا يَسُوْءُكَ اللّٰهُ إِنَّ هٰذَا عَهْدٌ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْنَا أَنْ نَلِيَهُ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ هَلَكَ أَهْلُ الْعُقَدِ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ مَا عَلَيْهِمْ آسَى وَلٰكِنْ آسَى عَلَى مَنْ أَضَلُّوا . قُلْتُ يَا أَبَا يَعْقُوبَ مَا يَعْنِي بِأَهْلِ الْعُقَدِ قَالَ الْأُمَرَاءُ .

☆☆ قیس بن عباد بیان کرتے ہیں' میں مسجد میں آگے والی صف میں موجود تھا' میرے پیچھے موجود ایک شخص نے مجھے

806-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول فالاول منها و الازدحام على الصف الاول و المسابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 122) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من يستحب ان يلي الامام في الصف و كراهية التاخر (الحديث 674) مختصراً . و اخرجه النسائي في الامامة، ما يقول الامام اذا تقدم في تسوية الصفوف (الحديث 811) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من يستحب ان يلي الامام (الحديث 976) . تحفة الاشراف (9994) .

807-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (72) .

Marfat.com

زور سے کھینچا اور مجھے پیچھے ہٹا کر خود اس جگہ کھڑا ہو گیا' اللہ کی قسم! اپنی نماز کی وجہ سے مجھے سمجھ نہیں آ سکی۔ جب اس شخص نے نماز مکمل کی تو وہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ تھے' انہوں نے فرمایا:

اے لڑکے! اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ کچھ برا نہ کرے' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمیں ہدایت تھی کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کھڑے ہوں' پھر انہوں نے قبلہ کی طرف رخ کیا اور بولے: ربِ کعبہ کی قسم! اہل عقد ہلاکت کا شکار ہو گئے۔ یہ جملہ انہوں نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا' پھر بولے: اللہ کی قسم! ان لوگوں پر کوئی افسوس نہیں ہے' افسوس ان لوگوں پر ہے جنہیں ان لوگوں نے گمراہ کیا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا' کہ اے ابو یعقوب! اہل عقد سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: حکمران۔

## 24 - باب اِقَامَةِ الصُّفُوفِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ

### باب: امام کے آنے سے پہلے صفیں درست کرنا

808 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَقُمْنَا فَعُدِّلَتِ الصُّفُوْفُ قَبْلَ اَنْ يَّخْرُجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا قَامَ فِىْ مُصَلَّاهُ قَبْلَ اَنْ يُّكَبِّرَ فَانْصَرَفَ فَقَالَ لَنَا "مَكَانَكُمْ." فَلَمْ نَزَلْ قِيَامًا نَنْتَظِرُهُ حَتّٰى خَرَجَ اِلَيْنَا قَدِ اغْتَسَلَ يَنْطِفُ رَاْسُهُ مَاءً فَكَبَّرَ وَصَلّٰى.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نماز کے لیے اقامت کہہ دی گئی' ہم لوگ کھڑے ہو گئے' صفیں ٹھیک کر لی گئیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمارے پاس تشریف لانے سے پہلے ایسا ہو گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جائے نماز پر کھڑے ہوئے' لیکن تکبیر کہنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس چلے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: تم لوگ اپنی جگہ پر رہنا! تو ہم کھڑے ہو کر ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کرتے رہے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہمارے پاس تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی اور نماز پڑھانا شروع کی۔

## 25 - باب كَيْفَ يُقَوِّمُ الْإِمَامُ الصُّفُوْفَ

### باب: امام صفیں کس طرح درست کروائے؟

809 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَوِّمُ الصُّفُوْفَ كَمَا تُقَوَّمُ الْقِدَاحُ فَاَبْصَرَ رَجُلًا خَارِجًا صَدْرُهُ مِنَ الصَّفِّ فَلَقَدْ رَاَيْتُ

808-اخرجه البخاري في الغسل ، باب اذا ذكر في المسجد انه جنب خرج كما هو و لا يتيمم (الحديث 275) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب متى يقوم الامام (الحديث 167) . واخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب في الجنب يصلي بالقوم و هو ناس (الحديث 235) بنحوه . تحفة الاشراف (15309) .

Marfat.com

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "لَتُقِيْمُنَّ صُفُوفَكُمْ اَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوهِكُمْ ."

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح صفیں درست کروایا کرتے تھے' جس طرح تیر کو سیدھا کیا جاتا ہے۔ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جس کا سینہ صف سے آگے نکلا ہوا تھا تو یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگ یا تو صفیں ٹھیک رکھو گے یا اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اختلاف پیدا کر دے گا''۔

## شرح

امام کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ صفیں درست کرنے، آدمیوں کے درمیان خالی جگہ پر کرنے اور کندھے برابر رکھنے کی ہدایت کرے۔

810 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّلُ الصُّفُوفَ مِنْ نَاحِيَةٍ اِلٰى نَاحِيَةٍ يَمْسَحُ مَنَاكِبَنَا وَصُدُوْرَنَا وَيَقُوْلُ "لَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوْبُكُمْ ." وَكَانَ يَقُوْلُ "اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصُّفُوفِ الْمُتَقَدِّمَةِ ."

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک صفیں درست کروایا کرتے تھے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے کندھوں اور سینوں پر ہاتھ پھیرتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے: اختلاف نہ کرو (یعنی آگے پیچھے نہ کھڑے ہو)' ورنہ تمہارے دلوں میں اختلاف آ جائے گا)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بھی فرماتے تھے: اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے آگے والی صفوں پر رحمت نازل کرتے ہیں۔

## 26 - باب مَا يَقُوْلُ الْاِمَامُ اِذَا تَقَدَّمَ فِيْ تَسْوِيَةِ الصُّفُوفِ

### باب: جب امام صفیں درست کرنے کے لیے آگے بڑھے تو اُس وقت کیا' کہے؟

811 - اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَوَاتِقَنَا وَيَقُوْلُ "اسْتَوُوْا وَلَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوْبُكُمْ وَلْيَلِيَنِّيْ مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ."

809-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول و لاول منها و الازدحام على الصف الاول و المسابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 128) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 663) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب اقامة الصفوف (الحديث 994) بنحوه . و الحديث عند: ابي داؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 665) . والترمذي في الصلاة، باب ما جاء في اقامة الصف (الحديث 227) تحفة الاشراف (11620) .

810-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 664) بنحوه . تحفة الاشراف (1776) .

811-تقدم في الامامة، من يلي الامام ثم الذي يليه (الحديث 806) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے کندھوں پر ہاتھ پھیرتے تھے اور ارشاد فرمایا کرتے تھے: سیدھے رہو' اختلاف نہ کرو (یعنی آگے پیچھے کھڑے نہ ہو' ورنہ تمہارے دلوں میں اختلاف آ جائے گا اور تم میں سے سمجھدار اور تجربہ کار لوگ میرے قریب کھڑے ہوں' اس کے بعد ان سے کم مرتبے کے لوگ ہوں' اس کے بعد ان سے کم مرتبہ کے لوگ ہوں۔

## 27 - باب كَمْ مَرَّةٍ يَقُوْلُ اسْتَوُوا

### باب: کتنی مرتبہ یہ کہا جائے گا: ''سیدھے ہو جاؤ''

812 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ "اسْتَوُوا اسْتَوُوا اسْتَوُوا فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنِّىْ لَاَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِىْ كَمَا اَرَاكُمْ مِنْ بَيْنِ يَدَىَّ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے:

''سیدھے ہو جاؤ' سیدھے ہو جاؤ' سیدھے ہو جاؤ' اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے میں اپنے پیچھے بھی تمہیں اُسی طرح دیکھ لیتا ہوں جس طرح میں تمہیں اپنے سامنے دیکھ سکتا ہوں''۔

## 28 - باب حَثِّ الْاِمَامِ عَلٰى رَصِّ الصُّفُوْفِ وَالْمُقَارَبَةِ بَيْنَهَا

### باب: امام کا صفوں کو ملانے اور ایک دوسرے کے قریب رکھنے کی ترغیب دینا

813 - اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ اَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهٖ حِيْنَ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ يُّكَبِّرَ فَقَالَ "اَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ وَتَرَاصُّوْا فَاِنِّىْ اَرَاكُمْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِىْ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے' تو تکبیر کہنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف رخ کیا اور ارشاد فرمایا:

''صفیں قائم رکھو' انہیں ملا کے رکھو' کیونکہ میں اپنی پشت کے پیچھے بھی تمہیں دیکھ لیتا ہوں''۔

814 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبَانُ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسٌ اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "رَاصُّوا صُفُوْفَكُمْ وَقَارِبُوْا بَيْنَهَا وَحَاذُوْا بِالْاَعْنَاقِ فَوَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنِّىْ لَاَرَى الشَّيَاطِيْنَ تَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصَّفِّ كَاَنَّهَا الْحَذَفُ ."

---

812-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (381) .

813-انفرد به النسائي و سياتي في الامارة، الجماعة للفائت من الصلاة (الحديث 844) . تحفة الاشراف (595) .

814-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 667) . تحفة الاشراف (1132) .

Marfat.com

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''صفوں کو ملا کر رکھو اور ایک دوسرے کے قریب قریب رہو' گردنوں کو برابر رکھو' اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے' میں شیاطین کو دیکھتا ہوں کہ وہ صف کے درمیان موجود خالی جگہ میں داخل ہو جاتے ہیں' یوں جیسے وہ چھوٹی بکریاں (یعنی بکری کے بچے) ہوں''۔

815 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اَلَا تَصُفُّوْنَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ." قَالُوْا وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهِمْ قَالَ "يُتِمُّوْنَ الصَّفَّ الْاَوَّلَ ثُمَّ يَتَرَاصُّوْنَ فِي الصَّفِّ ."

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف تشریف لائے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''تم لوگ اس طرح صف قائم کیوں نہیں کرتے' جس طرح فرشتے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں صف قائم کرتے ہیں''۔
لوگوں نے عرض کی: فرشتے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں کس طرح صف بناتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''وہ پہلی صف کو مکمل کرتے ہیں' پھر دوسری صف اس کے قریب بناتے ہیں''۔

## 29 - باب فَضْلِ الصَّفِّ الْاَوَّلِ عَلَى الثَّانِي

## باب: پہلی اور دوسری صف (میں شامل ہونے) کی فضیلت

816 - اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ ثَلَاثًا وَّعَلَى الثَّانِي وَاحِدَةً .

☆☆ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لیے تین مرتبہ دعائے رحمت کرتے تھے اور دوسری صف والوں کے لیے ایک مرتبہ دعائے رحمت کرتے تھے۔

## 30 - باب الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ

## باب: آخری صف (کے بارے میں روایت)

815-اخرجه مسلم في الصلاة، باب الامر بالسكون في الصلاة و النهي عن الاشارة باليد و رفعها عند السلام و اتمام الصفوف و التراص فيها و الامر بالا جتماع (الحديث 119) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 661) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب اقامة الصفوف (الحديث 992) . تحفة الاشراف (2127) .

816-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة، السنة فيها، باب فضل الصف المقدم (الحديث 996) بمعناه . تحفة الاشراف (9884) .

Marfat.com

817 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ عَنْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَتِمُّوا الصَّفَّ الْاَوَّلَ ثُمَّ الَّذِیْ يَلِيهِ وَاِنْ كَانَ نَقْصٌ فَلْيَكُنْ فِی الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ".

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''پہلی صف کو مکمل کرو' پھر اس کے بعد والی (صفوں کو مکمل کرو) اگر کوئی کمی ہو' تو وہ آخری صف میں ہونی چاہیے''۔

## 31 - باب مَنْ وَّصَلَ صَفًّا

### باب: جو شخص صف کو ملاتا ہے (اس کی فضیلت)

818 - اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَثْرُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِی الزَّاهِرِيَّةِ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ وَّصَلَ صَفًّا وَّصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ".

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جو شخص صف کو ملاتا ہے' اللہ تعالیٰ اسے ملاتا ہے اور جو شخص صف کو توڑ دیتا ہے' اللہ تعالیٰ اسے توڑ دیتا ہے''۔

## 32 - باب ذِكْرِ خَيْرِ صُفُوْفِ النِّسَآءِ وَشَرِّ صُفُوْفِ الرِّجَالِ

### باب: خواتین کی سب سے زیادہ بہتر اور مردوں کی سب سے کم بہتر صف کا تذکرہ

819 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا اٰخِرُهَا وَخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَآءِ اٰخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا".

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''مردوں کی سب سے بہترین صف سب سے پہلی صف ہوتی ہے اور سب سے کم بہتر صف سب سے آخری ہوتی ہے' جبکہ خواتین کی سب سے بہتر صف سب سے آخری ہوتی ہے اور سب سے کم بہتر سب سے پہلی ہوتی ہے''۔

### شرح

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: حدیث کے الفاظ میں ''سب سے بہتر'' سے مراد وہ صف ہے جس میں زیادہ اجر پایا جاتا ہے اور ''کم بہتر'' سے مراد وہ صف ہے جس میں کم اجر پایا جاتا ہے۔

817-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 671) . تحفة الاشراف (1195) .
818-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب تسوية الصفوف (الحديث 666) . مطولًا تحفة الاشراف (7380) .
819-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تسوية الصفوف و اقامتها و فضل الاول فالاول منها والازدحام على الصف الاول و المسابقة اليها و تقديم اولي الفضل و تقريبهم من الامام (الحديث 132) . تحفة الاشراف (12596) .

Marfat.com

# 33 - باب الصَّفِّ بَيْنَ السَّوَارِي

## باب: ستونوں کے درمیان صف قائم کرنا

820 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ قَالَ كُنَّا مَعَ اَنَسٍ فَصَلَّيْنَا مَعَ اَمِيْرٍ مِّنَ الْاُمَرَاءِ فَدَفَعُوْنَا حَتّٰى قُمْنَا وَصَلَّيْنَا بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ فَجَعَلَ اَنَسٌ يَتَاَخَّرُ وَقَالَ قَدْ كُنَّا نَتَّقِي هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ عبدالحمید بن محمود بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم لوگ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' ہم نے ایک حکمران کے پیچھے نماز ادا کی' لوگوں نے ہمیں پرے کر دیا' یہاں تک کہ ہم کھڑے ہوئے اور ہم نے دو ستونوں کے درمیان نماز ادا کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹے اور فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہم اس سے بچا کرتے تھے۔

### شرح

اس روایت کی بنیاد پر بعض فقہاء نے ستونوں کے درمیان کھڑے ہونے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

## ان چیزوں کا بیان جو اقتداء کے درست ہونے میں رکاوٹ بنتی ہیں یا رکاوٹ نہیں بنتی ہیں

مسئلہ: اقتداء میں تین چیزیں رکاوٹ بنتی ہیں' ان میں سے پہلی چیز عام راستہ ہے جس پر سے (سامان کی) گاڑیاں اور سامان سے لدے ہوئے اونٹ گزرتے ہیں۔ (شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر امام اور مقتدی کے درمیان ایسا راستہ ہو جس پر سے (سامان کی لدی ہوئی) گاڑیاں اور (سامان سے لدے ہوئے) جانور نہیں گزر سکتے تو وہ راستہ اقتداء میں رکاوٹ نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: یہ حکم اس وقت ہوگا جب اس راستے پر بھی صفیں نہ بنی ہوئی ہوں لیکن اگر صفیں بنی ہوئی ہوں تو اقتداء میں بڑا راستہ بھی رکاوٹ نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اگر امام سڑک پر کھڑا ہوا ہے اور سڑک کی لمبائی کی سمت میں لوگ اس کے پیچھے صفیں بنا کر کھڑے ہوئے ہیں' تو اگر امام اور اس کے پیچھے موجود صف میں اتنا فاصلہ نہیں ہے کہ درمیان میں سے گاڑی گزر سکے تو نماز جائز ہوگی اور یہی حکم پیچھے کی تمام صفوں کے بارے میں ہوگا' یعنی دو صفوں کے درمیان اتنا فاصلہ نہیں ہونا چاہیے کہ ان کے درمیان میں سے گاڑی گزر جائے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: جنگل (یا ویرانے) میں اگر دو صفوں کے درمیان اتنا فاصلہ آ جائے جو دو صفوں کے برابر ہو' تو یہ اقتداء میں رکاوٹ بنے گا۔

مسئلہ: لیکن عیدگاہ میں اگر دو صفوں کے برابر یا اس سے زیادہ فاصلہ آ جاتا ہے' تو یہ اقتداء میں رکاوٹ نہیں بنے گا۔

820-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الصوف بين السواري (الحديث 673) بنحوه مختصراً . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية الصف بين السواري (الحديث 229) بنحوه . تحفة الاشراف (980) .

Marfat.com

مسئلہ: جنازگاہ میں اس صورتِ حال کے حکم کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
مسئلہ: نوازل کے بیان کے مطابق جنازگاہ بھی مسجد کے حکم میں شمار ہوگی۔ (خلاصہ)
مسئلہ: دوسری رکاوٹ بڑی نہر ہے جسے پل کے بغیر پار کرنا ممکن نہ ہو۔ (شرح طحاوی)
مسئلہ: لیکن اگر نہر پر پل موجود ہو اور اس پر بھی صفیں کھڑی ہوئی ہوں تو اب نہر کے دوسری طرف موجود افراد کے لیے اقتداء میں رکاوٹ نہیں ہوگی۔
مسئلہ: تیسری رکاوٹ خواتین کی پوری صف کا (مقتدی اور امام) کے درمیان آ جانا ہے۔
مسئلہ: اگر مقتدی اور امام کے درمیان خواتین کی پوری صف موجود ہو تو خواتین کی اس صف سے پیچھے صفیں قائم کرنے والے مردوں کی نماز استحسان کے اعتبار سے فاسد ہوگی۔

## 34 - باب الْمَكَانِ الَّذِىْ يُسْتَحَبُّ مِنَ الصَّفِّ

### باب: صف میں کون سی جگہ کھڑے ہونا مستحب ہے؟

821 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ ابْنِ الْبَرَاءِ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْبَبْتُ اَنْ اَكُوْنَ عَنْ يَّمِيْنِهٖ ۔

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے' تو ہماری یہ خواہش ہوتی تھی کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف کھڑے ہوں۔

## 35 - باب مَا عَلَى الْاِمَامِ مِنَ التَّخْفِيفِ

### باب: امام پر لازم ہے' کہ وہ مختصر نماز ادا کرے

822 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ السَّقِيْمَ وَالضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ فَاِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ لِنَفْسِهٖ فَلْيُطَوِّلْ مَا شَاءَ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
"جب کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہو' تو مختصر نماز پڑھائے کیونکہ لوگوں میں بیمار' کمزور اور عمر رسیدہ افراد بھی ہوتے ہیں' البتہ جب کوئی شخص اکیلا نماز ادا کر رہا ہو' تو جتنا اس کا جی چاہے طویل نماز ادا کرے"۔

821-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب يمين الامام (الحديث 62) مطولًا و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب الامام ينحرف بعد التسليم (الحديث 615) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب فضل ميمنة الصف (الحديث 1006) بنحوه . تحفة الاشراف (1789) .

822-اخرجه البخاري في الاذان، باب اذا صلى لنفسه فليطول ماشاء (الحديث 703) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب في تخفيف الصلاة (الحديث 794) . تحفة الاشراف (13815) .

Marfat.com

شرح

امام کے لئے اس بات کو مستحب قرار دیا گیا ہے کہ وہ لوگوں کی حالت کی رعایت کرتے ہوئے نماز میں اتنی طویل قرأت نہ کرے کہ جس کی وجہ سے کچھ لوگ اکتاہٹ کا شکار ہو جائیں تاہم اگر امام کو یہ اطمینان ہو کہ لوگ طویل قرأت کرنے سے اکتاہٹ کا شکار نہیں ہوں گے تو وہ طویل قرأت بھی کرسکتا ہے جیسا کہ اگلے باب کی روایت میں یہی بات موجود ہے۔

نبی اکرم ﷺ طویل سورت کی قرأت بھی کرلیا کرتے تھے۔

823 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِيْ تَمَامٍ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ مکمل' لیکن سب سے مختصر نماز ادا کرتے تھے۔

824 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنِّيْ لَاَقُوْمُ فِي الصَّلَاةِ فَاَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَاُوْجِزُ فِيْ صَلَاتِيْ كَرَاهِيَةَ اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمِّهٖ ."

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں نماز پڑھ رہا ہوتا ہوں' پھر مجھے کسی بچے کے رونے کی آواز آتی ہے' تو میں اپنی نماز کو مختصر کر دیتا ہوں' اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے کہ میں اس کی والدہ کو مشقت کا شکار کر دوں''۔

## 36 - باب الرُّخْصَةِ لِلْاِمَامِ فِي التَّطْوِيْلِ

## باب: امام کے لیے طویل نماز پڑھانے کی اجازت

825 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالتَّخْفِيْفِ وَيَؤُمُّنَا بِالصَّافَّاتِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ مختصر نماز پڑھانے کا حکم دیتے تھے اور آپ ﷺ ہمیں نماز پڑھتے ہوئے سورۃ الصّٰفّٰت کی تلاوت کرتے تھے

823-اخرجه مسلم في الصلاة، باب امر الائمة بتخفيف الصلاة في تمام (الحديث 189) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء اذا ام احدكم الناس فليخفف (الحديث 237) . تحفة الاشراف (1432) .

824-اخرجه البخاري في الاذان، باب من اخف الصلاة عند بكاء الصبي (الحديث 707)، و باب انتظار الناس قيام الامام العالم (الحديث 868) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب تخفيف الصلاة للامر يحدث (الحديث 789) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب الامام يخفف الصلاة اذا حدث امر (الحديث 991) . تحفة الاشراف (12110) .

825-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (6749) .

Marfat.com

## 37 - باب مَا يَجُوْزُ لِلْاِمَامِ مِنَ الْعَمَلِ فِي الصَّلٰوةِ

### باب: نماز کے دوران امام کے لیے کس حد تک کوئی عمل کرنا جائز ہے؟

826 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَؤُمُّ النَّاسَ وَهُوَ حَامِلٌ اُمَامَةَ بِنْتَ اَبِي الْعَاصِ عَلٰى عَاتِقِهِ فَاِذَا رَكَعَ وَضَعَهَا وَاِذَا رَفَعَ مِنْ سُجُوْدِهٖ اَعَادَهَا .

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ امامہ رضی اللہ عنہا (جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نواسی تھیں) کو اپنے کندھے پر اُٹھایا ہوا تھا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں نیچے کھڑا کر دیا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے سے سر اُٹھایا تو انہیں دوبارہ اُٹھالیا۔

## 38 - باب مُبَادَرَةِ الْاِمَامِ

### باب: امام سے پہلے (کوئی رکن ادا کرنا)

827 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَلَا يَخْشَى الَّذِيْ يَرْفَعُ رَاْسَهُ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ رَاْسَهُ رَاْسَ حِمَارٍ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص امام سے پہلے (رکوع یا سجدے سے) سر اُٹھالیتا ہے' کیا وہ اس بات سے نہیں ڈرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کا سر بنادے''۔

### شرح

اَحناف اس بات کے قائل ہیں۔ نماز کے فرائض میں امام کی متابعت کرنا فرض ہے۔ واجبات میں متابعت کرنا واجب ہے اور سنتوں میں متابعت کرنا سنت ہے اس لئے اگر کوئی شخص امام کے ساتھ رکوع کو ترک کر دیتا ہے یعنی امام سے پہلے رکوع کر لیتا ہے یا اس کے بعد رکوع کرتا ہے امام کے ساتھ رکوع نہیں کرتا۔

امام سے پہلے سجدہ کر لیتا ہے یا اس کے بعد سجدہ کرتا ہے۔ امام کے ساتھ سجدہ نہیں کرتا تو اس کی وہ رکعت لغو ہو جائے گی: جس میں متابعت نہیں پائی گئی ہے اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد اس شخص پر یہ بات واجب ہوگی وہ اس ایک رکعت کی قضا

826-تقدم في المساجد ، ادخال الصبيان المساجد (الحديث 710) .

827-اخرجه مسلم في الصلاة، باب تحريم سبق الامام بركوع او سجود و نحوها . (الحديث 114) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء من التشديد في الذي يرفع راسه قبل الامام (الحديث 582) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب النهي ان يسبق الامام بالركوع و السجود (الحديث 961) . تحفة الاشراف (14362) .

Marfat.com

کرے ورنہ اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص دعائے قنوت میں امام کی متابعت ترک کر دیتا ہے' تو وہ گناہ گار ہو گا کیونکہ اس نے ایک واجب کو ترک کیا ہے اور اگر کوئی شخص رکوع کی تسبیحات میں متابعت کو ترک کر دیتا ہے' تو وہ سنت کو ترک کرنے والا شمار ہو گا۔

اس حدیث میں یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں: ''اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کے سر کی طرح بنا دے''۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے امام سیوطی نے یہ بات بیان کی ہے: اس کے مفہوم کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ راجح قول یہی ہے کہ اس سے ظاہری مفہوم مراد ہے۔

تاہم ایک قول کے مطابق اس سے مراد مجازی طور پر بے وقوفی اور حماقت ہے۔

828 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ يَخْطُبُ قَالَ حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ وَكَانَ غَيْرَ كَذُوبٍ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا صَلَّوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَامُوْا قِيَامًا حَتّٰى يَرَوْهُ سَاجِدًا ثُمَّ سَجَدُوْا ۔

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے سر اُٹھاتے تو لوگ اس وقت تک کھڑے رہتے تھے جب تک وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدے میں نہیں دیکھ لیتے تھے' پھر وہ لوگ سجدے میں جایا کرتے تھے۔

829 - اَخْبَرَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَلّٰى بِنَا اَبُوْ مُوْسٰى فَلَمَّا كَانَ فِي الْقَعْدَةِ دَخَلَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقَالَ اُقِرَّتِ الصَّلَاةُ بِالْبِرِّ وَالزَّكَاةِ ۔ فَلَمَّا سَلَّمَ اَبُوْ مُوْسٰى اَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ فَقَالَ اَيُّكُمُ الْقَائِلُ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ فَاَرَمَّ الْقَوْمُ ۔ قَالَ يَا حِطَّانُ لَعَلَّكَ قُلْتَهَا قَالَ لَا وَقَدْ خَشِيتُ اَنْ تَبْكَعَنِيْ بِهَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُنَا صَلَاتَنَا وَسُنَّتَنَا فَقَالَ "اِنَّمَا الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ يُجِبْكُمُ اللّٰهُ وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا وَاِذَا رَفَعَ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ يَسْمَعِ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا فَاِنَّ الْاِمَامَ يَسْجُدُ قَبْلَكُمْ وَيَرْفَعُ قَبْلَكُمْ ۔" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَتِلْكَ بِتِلْكَ ۔"

---

828-اخرجه البخاري في الاذان، باب متى يسجد من خلف الامام (الحديث 690) بنحوه، و باب رفع البصر الى الامام في الصلاة (الحديث 747)، و باب السجود على سبعة اعظم (الحديث 811) بنحوه . واخرجه مسلم في الصلاة، باب متابعة الامام والعمل بعده (الحديث 197 و198) بنحوه .واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يومر به الماموم من اتباع الامام (الحديث 620) . واكرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في كراهية ان يبادر الامام بالركوع و السجود (الحديث 281) بنحوه . تحفة الاشراف (1772) .

829-اخرجه مسلم في الصلاة، باب التشهد في الصلاة (الحديث 62 و63 و 64) مطولاً . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب التشهد (الحديث 972 و973) مطولاً . واخرجه النسائي في الافتتا، باب قوله ربنا ولك الحمد (الحديث 1063) و نوع آخر من التشهد (الحديث 1172) و في السهو، نوع آكر من التشهد (الحديث 1279) و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب اذا قرا الامام فانصتوا (الحديث 847) مختصرًا والحديث عند: ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في التشهد (الحديث 901) . تحفة الاشراف (8987) .

Marfat.com

☆☆ حطان بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے ہمیں نماز پڑھائی' جب وہ قعدہ میں تھے' اس وقت ایک شخص اندر آیا اور بولا: نماز کو نیکی اور زکوٰۃ کے ساتھ ملا دیا ہے۔ جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرا تو آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور دریافت کیا:

یہ کلمہ کس شخص نے کہا ہے؟ تو لوگ خاموش رہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے حطان! شاید تم نے یہ کلمہ کہا ہے' تو حطان نے کہا: نہیں! حطان کہتے ہیں' کہ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ شاید وہ اس حوالے سے مجھ پر ناراضگی کا اظہار کریں گے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز پڑھنے کے طریقے اور آداب کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''امام اس لیے ہوتا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ تکبیر کہے' تو تم بھی تکبیر کہو' جب وہ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین کہے' تو تم لوگ آمین کہو۔

اللہ تعالیٰ تمہاری دعا کو قبول کرے گا' جب وہ رکوع میں جائے' تو تم لوگ بھی رکوع میں چلے جاؤ' جب وہ سر اُٹھائے اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ پڑھے تو تم لوگ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو' اللہ تعالیٰ تمہاری اس بات کو سن لے گا' جب وہ سجدے میں جائے گا' تو تم لوگ بھی سجدے میں چلے جاؤ' جب وہ سر اُٹھائے' تو تم لوگ بھی اُٹھ جاؤ' امام کو تم سے پہلے سجدے میں جانا چاہیے اور تم سے پہلے اُٹھنا چاہیے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ اس کے بدلے میں ہو جائے گا''۔

## 39 - باب خُرُوجِ الرَّجُلِ مِنْ صَلَاةِ الْإِمَامِ وَفَرَاغِهِ مِنْ صَلَاتِهِ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ

### باب: کسی شخص کا امام کی نماز سے الگ ہو کر مسجد کے کونے میں اکیلے نماز ادا کر لینا

830 - اَخْبَرَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ وَاَبِىْ صَالِحٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَقَدْ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى خَلْفَ مُعَاذٍ فَطَوَّلَ بِهِمْ فَانْصَرَفَ الرَّجُلُ فَصَلّٰى فِىْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ انْطَلَقَ فَلَمَّا قَضٰى مُعَاذٌ الصَّلَاةَ قِيْلَ لَهُ اِنَّ فُلَانًا فَعَلَ كَذَا وَكَذَا . فَقَالَ مُعَاذٌ لَئِنْ اَصْبَحْتُ لَاَذْكُرَنَّ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاَتٰى مُعَاذٌ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ فَقَالَ "مَا حَمَلَكَ عَلَى الَّذِىْ صَنَعْتَ ." فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَمِلْتُ عَلٰى نَاضِحِىْ مِنَ النَّهَارِ فَجِئْتُ وَقَدْ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ

830-اخرجه البخاري في الاذان، باب من شكا امامه اذا طول (الحديث 705) بمعناه مختصرًا و اخرجه النسائي في الافتتاح، القراءة في المغرب بسبح اسم ربك الاعلى (الحديث 893) مختصراً . والحديث عند: النسائي في الافتتاح، القراءة في العشاء الآخرة بسبح اسم ربك الاعلى (الحديث 996) . تحفة الاشراف (2582) .

Marfat.com

فَدَخَلْتُ مَعَهُ فِي الصَّلَاةِ فَقَرَاَ سُورَةَ كَذَا وَكَذَا فَطَوَّلَ فَانْصَرَفْتُ فَصَلَّيْتُ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ اَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ اَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک انصاری آیا' نماز کھڑی ہو چکی تھی' وہ شخص مسجد میں آیا' اس نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کرنا شروع کی۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے طویل قرأت شروع کر دی' وہ شخص پیچھے ہٹا تو اس نے مسجد کے کونے میں نماز ادا کی اور چلا گیا۔ جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نماز مکمل کی تو ان سے کہا گیا: فلاں شخص نے اس طرح کیا ہے۔ تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ ضرور کروں گا۔

پھر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو بلوایا اور دریافت کیا: تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سارا دن اونٹ کے ذریعے پانی لاتا رہا ہوں' پھر میں آیا' اس وقت نماز کھڑی ہو چکی تھی' میں مسجد میں آیا' میں ان کی اقتداء میں نماز میں شریک ہوا تو انہوں نے فلاں فلاں سورت پڑھنی شروع کر دی اور نماز لمبی کر دی' تو میں اس سے پیچھے ہٹا' میں نے مسجد کے کونے میں نماز ادا کی (اور چلا گیا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو!

اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو!

اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو!

## 40 - باب الْإِئْتِمَامِ بِالْإِمَامِ يُصَلِّي قَاعِدًا

### باب: ایسے امام کی پیروی کا حکم جو بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو

831 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ فَرَسًا فَصُرِعَ عَنْهُ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ فَصَلَّى صَلَاةً مِّنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ فَصَلَّيْنَا وَرَائَهُ قُعُودًا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ "اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَاِذَا صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا وَّاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوا جُلُوسًا اَجْمَعُونَ ."

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر سوار ہوئے' تو اس سے گر گئے' جس کے نتیجے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں پہلو پر چوٹ آئی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ نمازیں بیٹھ کر ادا کیں' ہم نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی اور بیٹھ گئے' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

831-اخرجه البخاري في الاذان، باب انما جعل الامام ليوتم به (الحديث 689) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب ائتمام الماموم بالامام (الحديث 80) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الامام يصلي من قعود (الحديث 601) . تحفة الاشراف (1529) .

Marfat.com

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو' جب وہ رکوع میں جائے' تو تم لوگ بھی رکوع میں جاؤ' جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے تو تم لوگ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو' جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو''۔

832 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهٗ بِالصَّلَاةِ فَقَالَ ''مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ .'' قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ اَسِيفٌ وَّاِنَّهٗ مَتٰى يَقُوْمُ فِيْ مَقَامِكَ لَا يُسْمِعُ النَّاسَ فَلَوْ اَمَرْتَ عُمَرَ . فَقَالَ ''مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ .'' فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ قُوْلِيْ لَهٗ فَقَالَتْ لَهٗ . فَقَالَ ''اِنَّكُنَّ لَاَنْتُنَّ صَوَاحِبَاتُ يُوْسُفَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ .'' قَالَتْ فَاَمَرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلَمَّا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ وَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَّفْسِهٖ خِفَّةً - قَالَتْ - فَقَامَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْاَرْضِ فَلَمَّا دَخَلَ الْمَسْجِدَ سَمِعَ اَبُوْ بَكْرٍ حِسَّهٗ فَذَهَبَ لِيَتَاَخَّرَ فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ قُمْ كَمَا اَنْتَ قَالَتْ فَجَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَامَ عَنْ يَّسَارِ اَبِيْ بَكْرٍ جَالِسًا فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ جَالِسًا وَّاَبُوْ بَكْرٍ قَائِمًا يَقْتَدِيْ اَبُوْ بَكْرٍ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَقْتَدُوْنَ بِصَلَاةِ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی' حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے لیے بلانے آئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نرم دل کے آدمی ہیں' جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو بلند آواز میں قرأت نہیں کرسکیں گے' اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حکم دیں' تو یہ مناسب ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں:) میں نے حفصہ سے کہا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہو! سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگ حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی خواتین کی طرح ہو' ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ کہا گیا' جب انہوں نے نماز شروع کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر کھڑے

832-اخرجه البخاري في الاذان، باب حد المريض أن يشهد الجماعة (الحديث 664)، وباب من اسمع الناس تكبير الامام (الحديث 712 و713) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب استخلاف الامام اذا عرض له عذر من مرض و سفر و غيرهما من يصلي بالناس و ان من صلى خلف امام جالس لعجزه عن القيام لزمه القيام اذا قدر عليه ونسخ القعود خلف القاعد في حق من قدر على القيام (الحديث 95 و96). واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم في مرضه (الحديث 1232) . تحفة الاشراف (15945) .

Marfat.com

ہوئے آپ ﷺ کے پاؤں زمین پر گھسٹ رہے تھے جب آپ ﷺ مسجد میں تشریف لائے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ کی آہٹ محسوس ہوئی' وہ پیچھے ہٹنے لگے تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں اشارہ کیا' کہ تم اسی طرح کھڑے رہو جیسے ہو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور حضرت ابوبکر کے بائیں طرف آ کر بیٹھ گئے' تو نبی اکرم ﷺ بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے' جبکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کی پیروی کر رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی کر رہے تھے۔

833 - اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ مُّوسَى بْنِ اَبِىْ عَائِشَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَقُلْتُ اَلَا تُحَدِّثِيْنِىْ عَنْ مَّرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اَصَلَّى النَّاسُ." فَقُلْنَا لَا وَهُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. فَقَالَ "ضَعُوْا لِىْ مَاءً فِى الْمِخْضَبِ." فَفَعَلْنَا فَاغْتَسَلَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوْءَ فَاُغْمِىَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ "اَصَلَّى النَّاسُ." قُلْنَا لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. فَقَالَ "ضَعُوْا لِىْ مَاءً فِى الْمِخْضَبِ." فَفَعَلْنَا فَاغْتَسَلَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوْءَ ثُمَّ اُغْمِىَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ فِى الثَّالِثَةِ مِثْلَ قَوْلِهٖ قَالَتْ وَالنَّاسُ عُكُوْفٌ فِى الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلَاةِ الْعِشَاءِ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ "اَنْ صَلِّ بِالنَّاسِ." فَجَائَهُ الرَّسُوْلُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُصَلِّىَ بِالنَّاسِ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا رَقِيْقًا فَقَالَ يَا عُمَرُ صَلِّ بِالنَّاسِ. فَقَالَ اَنْتَ اَحَقُّ بِذٰلِكَ. فَصَلّٰى بِهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْاَيَّامَ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ مِنْ نَّفْسِهٖ خِفَّةً فَجَآءَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا الْعَبَّاسُ لِصَلَاةِ الظُّهْرِ فَلَمَّا رَاٰهُ اَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ لِيَتَاَخَّرَ فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا يَتَاَخَّرَ وَاَمَرَهُمَا فَاَجْلَسَاهُ اِلٰى جَنْبِهٖ فَجَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّىْ قَائِمًا وَّالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ اَبِىْ بَكْرٍ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ قَاعِدًا. فَدَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ اَلَا اَعْرِضُ عَلَيْكَ مَا حَدَّثَتْنِىْ عَائِشَةُ عَنْ مَّرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ. فَحَدَّثْتُهٗ فَمَا اَنْكَرَ مِنْهُ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ اَسَمَّتْ لَكَ الرَّجُلَ الَّذِىْ كَانَ مَعَ الْعَبَّاسِ قُلْتُ لَا. قَالَ هُوَ عَلِىٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ.

☆☆ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے کہا کہ آپ مجھے نبی اکرم ﷺ کی بیماری کے بارے میں نہیں بتائیں گی؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: جب نبی اکرم ﷺ کی بیماری شدید ہوگئی تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے؟ ہم نے عرض کی: جی نہیں! یا رسول اللہ! وہ آپ ﷺ کا انتظار کر رہے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے لیے ایک بڑے برتن میں پانی رکھو۔ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:) ہم نے ایسا ہی

833-اخرجه البخاري في الاذان، باب انما جعل الامام ليوتم به (الحديث 687) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب استخلاف الامام اذا عرض له عذر من مرض و سفر و غيرهما من يصلي بالناس و ان من صلى خلف امام جالس لعجزه عن القيام لزمه القيام اذا قدر عليه و نسخ القعود خلف القاعد في حق من قدر على القيام (الحديث 90) . تحفة الاشراف (16317) .

Marfat.com

کیا' نبی اکرم ﷺ نے اس سے غسل کیا' پھر آپ ﷺ اُٹھنے لگے تو آپ ﷺ پر غشی کی کیفیت طاری ہوگئی' پھر آپ ﷺ کو افاقہ محسوس ہوا تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے؟ ہم نے عرض کی: جی نہیں! یارسول اللہ! لوگ آپ کا انتظار کررہے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے لیے کسی بڑے برتن میں پانی رکھو' پھر ہم نے ایسا ہی کیا' آپ ﷺ نے اس کے ذریعے غسل کیا' پھر جب آپ ﷺ اُٹھنے لگے تو پھر آپ پر بے ہوشی کی کیفیت طاری ہوگئی۔ پھر تیسری مرتبہ بھی آپ ﷺ نے اسی طرح فرمایا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں' کہ لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے نبی اکرم ﷺ کا عشاء کی نماز کے لیے انتظار کررہے تھے' نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا' کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھادیں' قاصد ان کے پاس آیا اور بولا: نبی اکرم ﷺ نے یہ حکم دیا ہے' کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھادیں۔ (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک نرم دل آدمی تھے' انہوں نے فرمایا' کہ اے عمر! تم لوگوں کو نماز پڑھاؤ۔ تو انہوں نے عرض کی: آپ اس کے زیادہ حقدار ہیں' ان دنوں میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہی لوگوں کو نماز پڑھائی۔ ایک دن نبی اکرم ﷺ کو طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی تو آپ ﷺ دو آدمیوں کا سہارا لے کر تشریف لے گئے' ان دو میں سے ایک حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے۔ نبی اکرم ﷺ ظہر کی نماز کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو دیکھا' تو وہ پیچھے ہٹنے لگے' نبی اکرم ﷺ نے انہیں اشارہ کیا' کہ وہ پیچھے نہ ہٹیں۔ آپ ﷺ نے ان دونوں صاحبان کو ہدایت کی کہ آپ ﷺ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھادیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوکر نماز پڑھتے رہے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کرتے رہے' جبکہ نبی اکرم ﷺ نے بیٹھ کر نماز ادا کی (اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کی پیروی میں نماز ادا کی)۔

راوی کہتے ہیں: بعد میں' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے کہا: کیا میں آپ کو وہ حدیث سناؤں جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کی بیماری کے بارے میں مجھے سنائی تھی' انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو میں نے انہیں یہ حدیث سنائی تو انہوں نے اس کی کسی بھی بات کا انکار نہیں کیا' البتہ انہوں نے یہ دریافت کیا' کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُن صاحب کا نام تمہارے سامنے لیا تھا؟ جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے؟ میں نے جواب دیا: جی نہیں! تو انہوں نے جواب دیا: وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

## 41 - باب اخْتِلَافِ نِيَّةِ الْإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمِ

### باب: امام اور مقتدی کی نیت میں اختلاف کا حکم

834 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ كَانَ مُعَاذٌ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى قَوْمِهٖ يَؤُمُّهُمْ فَاَخَّرَ ذَاتَ لَيْلَةٍ الصَّلَاةَ وَصَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى قَوْمِهٖ يَؤُمُّهُمْ فَقَرَاَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فَلَمَّا سَمِعَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ تَاَخَّرَ فَصَلّٰى ثُمَّ

834-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في العشاء (الحديث 178) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب امامة من يصلي بقوم و قد صلى تلك الصلاة (الحديث 600) مختصراً . و باب في تخفيف الصلاة (الحديث 790) . تحفة الاشراف (2532) .

Marfat.com

رَجَ فَقَالُوْا نَافَقْتَ يَا فُلَانُ . فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا نَافَقْتُ وَلَاٰتِيَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْبِرُهُ . فَاَتَى النَّبِيَّ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مُعَاذًا يُصَلِّي مَعَكَ ثُمَّ يَاْتِيْنَا فَيَؤُمُّنَا وَاِنَّكَ اَخَّرْتَ الصَّلَاةَ الْبَارِحَةَ
فَـ لّٰى مَعَكَ ثُمَّ رَجَعَ فَاَمَّنَا فَاسْتَفْتَحَ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَلَمَّا سَمِعْتُ ذٰلِكَ تَاَخَّرْتُ فَصَلَّيْتُ وَاِنَّمَا نَحْنُ اَصْحَابُ
ـحَ نَعْمَلُ بِاَيْدِيْنَا . فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يَا مُعَاذُ اَفَتَّانٌ اَنْتَ اقْرَاْ بِسُوْرَةِ كَذَا وَسُوْرَةِ
"

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے' پھر وہ اپنی قوم میں واپس جاتے تھے اوران لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز تاخیر سے ادا کی' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' پھر وہ اپنی قوم میں واپس گئے اور انہیں نماز پڑھانا شروع کی' انہوں نے سورۃ البقرہ پڑھنی شروع کر دی' ان کے پیچھے موجود افراد میں سے ایک شخص نے یہ سنا تو پیچھے ہٹا' اس نے اکیلے نماز ادا کی اور چلا گیا۔ لوگوں نے کہا: اے فلاں! تم منافق ہو گئے ہو۔ تو وہ شخص بولا: اللہ کی قسم! میں منافق نہیں ہوا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ضرور جاؤں گا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتاؤں گا۔ وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت معاذ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' پھر وہ ہمارے پاس آئے اور ہمیں نماز پڑھانا شروع کی' گزشتہ رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز تاخیر سے ادا کی تھی' حضرت معاذ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' پھر یہ واپس آئے' انہوں نے ہمیں نماز پڑھانا شروع کی اور سورۃ البقرہ پڑھنی شروع کر دی' میں نے یہ سنا تو میں پیچھے ہٹا' میں نے اکیلے نماز ادا کر لی' ہم لوگ کھیتوں میں محنت مزدوری کرنے والے لوگ ہیں (ہم سے اتنا طویل قیام نہیں ہوتا)۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو' تم فلاں فلاں سورت پڑھ لیا کرو۔

## شرح

اس بارے میں فقہاء کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں: امام اور مقتدی کی نماز میں اتحاد ہونا چاہئے اور اس اتحاد کی صورت یہ ہے' مقتدی کے لئے یہ بات ممکن ہو کہ وہ اسی نماز میں شامل ہو سکے جس نماز کی نیت امام نے کی تھی۔

اسی طرح امام کی نماز مقتدی کو متضمن ہو سکے۔

اس اعتبار سے فرض نماز ادا کرنے والا' نفل نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں نماز ادا نہیں کر سکتا' کیونکہ اقتدا کرتے ہوئے بنا کی جاتی ہے اور فرضیت کی صفت امام کے حق میں موجود نہیں ہے۔ اس لئے معدوم چیز پر بنا درست نہیں ہو گی۔

اسی طرح جو شخص کوئی ایک فرض نماز ادا کر رہا ہے وہ دوسری فرض نماز ادا کرنے والے کی اقتدا میں نماز ادا نہیں کر سکتا کیونکہ اقتدا میں شرکت اور موافقت پائی جاتی ہے۔ اس اعتبار سے سبب فعل اور صفت کے اندر متحد ہونا ضروری ہو گا۔

Marfat.com

اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ اقتداء میں تکبیر تحریمہ کی بناء تکبیر تحریمہ پر کی جاتی ہے۔

تاہم نفل نماز ادا کرنے والا شخص فرض نماز ادا کرنے والے کی اقتداء میں نماز ادا کرسکتا ہے' کیونکہ اس صورت میں کمزور چیز کی بناء قوی چیز پر کی گئی ہے اور یہ جائز ہے۔

تاہم صحیح قول کے مطابق تراویح میں ایسا نہیں ہوسکتا یعنی کوئی تراویح کی نماز ادا کرنے والا کسی فرض نماز ادا کرنے والے کی اقتداء نہیں کرسکتا کیونکہ یہ ایک مخصوص طرز اور طریقے کی سنت ہے اس لئے اس میں اس مخصوص طرز اور طریقے کی رعایت کی جائے گی۔

835 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ صَلّٰى صَلَاةَ الْخَوْفِ فَصَلّٰى بِالَّذِيْنَ خَلْفَهٗ رَكْعَتَيْنِ وَبِالَّذِيْنَ جَاؤُوْا رَكْعَتَيْنِ فَكَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعًا وَّلِهٰؤُلَاءِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ خوف پڑھاتے ہوئے اپنے پیچھے موجود افراد کو دو رکعات پڑھائیں' پھر ان کے بعد جو لوگ آئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھی دو رکعات پڑھائیں' اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعات ہوگئیں اور ان سب لوگوں نے دو' دو رکعات ادا کیں۔

## 42 - باب فَضْلِ الْجَمَاعَةِ

### باب: باجماعت نماز ادا کرنے کی فضیلت

836 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلٰى صَلَاةِ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''باجماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے پر ستائیس گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے''۔

### شرح

باجماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے سے فضیلت رکھتا ہے۔ اس بارے میں مختلف روایات منقول ہیں جن میں باجماعت نماز ادا کرنے کی فضیلت کا تذکرہ ہے۔ ایک روایت لفظی اختلاف کے ساتھ امام نسائی نے یہاں نقل کی ہے جب کہ ایک اور روایت میں یہ بات منقول ہے۔

---

835-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب من قال: يصلي بكل طائفة ركعتين (الحديث 1248) بنحوه مطولاً . و اخرجه النسائي في صلاة الخوف، (حديث 1550 و 1554) . تحفة الاشراف (11663) .

836-اخرجه البخاري في الاذان، باب فضل صلاة الجماعة (الحديث 645) . واخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة و بيان التشديد في التخلف عنها (الحديث 249) . تحفة الاشراف (8367) .

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

''جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو کہ کل جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو تو مسلمان حاضر ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نمازوں کی حفاظت کرے' جیسے ہی ان کے لئے اذان دی جائے تو وہ (باجماعت نماز ادا کرنے کے لئے چل پڑے) کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی کے لئے ہدایت سے متعلق کچھ سنتیں مقرر کی ہیں اور یہ نمازیں (باجماعت ادا کرنا) ان ہدایت والی سنتوں میں شامل ہے۔ اگر تم اپنے گھروں میں نماز ادا کرتے ہو جس طرح باجماعت نماز میں شریک نہ ہونے والے شخص نے اپنے گھر میں نماز ادا کی ہے' تو تم لوگ اپنے نبی کی سنت کو ترک کر دو گے اور اگر تم اپنے نبی کی سنت کو ترک کر دو گے' تو تم گمراہ ہو جاؤ گے' جو شخص بھی وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرے اور کسی مسجد کی طرف جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر ایک قدم کے عوض میں' جو وہ شخص اٹھاتا ہے' اسے ایک نیکی عطا کرتا ہے۔ اس کی وجہ سے اس کے ایک درجے کو بلند کرتا ہے اور اس کے ایک گناہ کو مٹا دیتا ہے۔

مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے ہم لوگ جماعت سے پیچھے رہ جانے والے کو طے شدہ منافق سمجھتے تھے اور ایسا بھی ہوا کہ کسی شخص کو دو آدمیوں کے درمیان سہارا دے کر لایا گیا اور صف میں لا کر کھڑا کیا گیا۔''[1]

اسی طرح باجماعت نماز ادا کرنا قیامت کے دن مسلمان کے لئے نور کے حصول کا باعث ہوگا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''تاریکیوں میں مسجد کی طرف چل کے جانے والوں کو قیامت کے دن مکمل نور کی خوشخبری دے دو۔''[2]

## باجماعت نماز کا حکم

احناف اور مالکیہ اس بات کے قائل ہیں۔ جمعہ کے علاوہ دیگر تمام فرض نمازوں کو باجماعت ادا کرنا سنت مؤکدہ ہے اور یہ حکم ان مردوں کے لئے ہے جو عاقل ہوں اور کسی حرج کے بغیر مسجد تک آنے کی قدرت رکھتے ہوں۔

اس اعتبار سے خواتین، بچوں، پاگلوں، غلاموں، لنگڑوں، بیماروں، انتہائی بوڑھے افراد وغیرہ پر باجماعت نماز ادا کرنا لازم نہیں ہوگا۔

اس عمل کو سنت اس لئے قرار دیا گیا ہے کیونکہ امام نسائی نے یہاں جو روایت نقل کی ہے اس میں باجماعت نماز ادا کرنے کی زیادہ فضیلت کا تذکرہ ہے۔

یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ باجماعت نماز ادا کرنا مستحب اُمور سے تعلق رکھتا ہے اور گویا کہ یہ ایک ایسا کام ہے جو، واجب نماز سے اضافی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا یہ مطلب بنتا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے سے زیادہ کامل ہوتا ہے اور کمال وہ چیز ہوتی ہے جو اصل اجزاء سے اضافی ہوتی ہے۔

---

1. صحیح مسلم، ابوداؤد، بحوالہ الفقہ الاسلامی وادلتہ
2. سنن ابوداؤد، جامع ترمذی، بحوالہ الفقہ الاسلامی وادلتہ

Marfat.com

فقہائے شوافع اس بات کے قائل ہیں: باجماعت نماز ادا کرنا آزاد اور مقیم مردوں کے لئے فرض کفایہ ہے تا کہ باجماعت نماز ادا کرنے کے شعار کو باقی رکھا جاسکے اور یہ ہر چھوٹے اور بڑے شہر میں باقی رہے گا یہاں تک کہ اگر کسی بستی کے لوگ اجتماعی طور پر باجماعت نماز ادا نہیں کرتے تو ان سے جنگ کی جائے گی۔

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: باجماعت نماز ادا کرنا واجب ہے۔

837 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ اَحَدِكُمْ وَحْدَهُ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ جُزْئًا ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''باجماعت نماز ادا کرنا کسی شخص کے تنہا نماز ادا کرنے سے پچیس گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے''۔

838 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَزِيدُ عَلٰى صَلَاةِ الْفَذِّ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً ".

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''باجماعت نماز ادا کرنا تنہا نماز ادا کرنے پر پچیس گنا فضیلت رکھتا ہے''۔

## 43 - باب الْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً

باب: جب تین آدمی موجود ہوں' تو جماعت کے ساتھ نماز ادا کی جائے

839 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً فَلْيَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَؤُهُمْ ".

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب تین آدمی موجود ہوں' تو ان میں سے ایک ان کی امامت کرے اور ان میں سے امامت کا زیادہ حقدار وہ شخص ہوگا جو زیادہ آیات کا حافظ ہو''۔

## 44 - باب الْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا ثَلَاثَةً رَجُلٌ وَّصَبِيٌّ وَّامْرَاَةٌ

باب: جب تین افراد میں سے ایک مرد' ایک بچہ اور ایک خاتون ہو' تو ان کی جماعت کا حکم

837-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة و بيان التشديد في التخلف عنها (الحديث 245) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في فضل الجماعة (الحديث 216) تحفة الاشراف (13239) .

838-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (17471) .

839-تقدم في الامامة، اجتماع القوم في موضع هم فيه سواء (الحديث 781) .

Marfat.com

840 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ زِيَادٌ اَنَّ قَزَعَةَ مَوْلًى لِعَبْدِ الْقَيْسِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عِكْرِمَةَ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ صَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةُ خَلْفَنَا تُصَلِّىْ مَعَنَا وَاَنَا اِلٰى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُصَلِّىْ مَعَهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں نماز ادا کی' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا ہمارے پیچھے موجود تھیں' وہ بھی ہمارے ساتھ نماز پڑھ رہی تھیں اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں کھڑا ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کر رہا تھا۔

## 45 - باب الْجَمَاعَةُ اِذَا كَانُوْا اثْنَيْنِ

### باب: جب دو افراد ہوں' تو باجماعت نماز ادا کرنے کا حکم

841 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ فَاَخَذَنِىْ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى فَاَقَامَنِىْ عَنْ يَمِيْنِهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے مجھے پکڑا اور مجھے اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا۔

842 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ اَنَّهُ اَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَصِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ - قَالَ شُعْبَةُ وَقَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ وَمِنْ اَبِيْهِ - قَالَ سَمِعْتُ اُبَىَّ بْنَ كَعْبٍ يَقُوْلُ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا صَلَاةَ الصُّبْحِ فَقَالَ "اَشَاهِدٌ فُلَانٌ الصَّلَاةَ ." قَالُوْا لَا . قَالَ "فَفُلَانٌ ." قَالُوْا لَا . قَالَ "اِنَّ هَاتَيْنِ الصَّلَاتَيْنِ مِنْ اَثْقَلِ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا وَالصَّفُّ الْاَوَّلُ عَلٰى مِثْلِ صَفِّ الْمَلَائِكَةِ وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ فَضِيْلَتَهُ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ وَصَلَاةُ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهِ وَحْدَهُ وَصَلَاةُ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلَيْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهِ مَعَ الرَّجُلِ وَمَا كَانُوْا اَكْثَرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ."

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا فلاں شخص نماز میں شریک ہوا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں شخص

840-تقدم في الامامة، موقف الامام اذا كان معه صبي و امراة (الحديث 803) .

841-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الدعاء في صلاة الليل و قيامه (الحديث 193) مطولاً . و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب الرجلين يوم احدهما صاحبه كيف يقومان (الحديث 610) مطولاً . تحفة الاشراف (5908) .

842-اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب فضل صلاة الجماعة (الحديث 554) . والحديث عند: ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب فضل الصلاة في جماعة (الحديث 790) . تحفة الاشراف (36) .

Marfat.com

شریک ہوا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''یہ دونمازیں (یعنی فجر اور عشاء کی نماز) منافقین پر بھاری ہوتی ہیں' اگر انہیں یہ پتا ہو کہ ان دونوں کا اجروثواب کیا ہے' تو وہ ان دونوں میں شریک ہوں خواہ انہیں گھسٹ کر آنا پڑے۔

(باجماعت نماز میں) پہلی صف فرشتوں کی صف کی مانند ہوتی ہے' اگر تمہیں اس کی فضیلت کا پتا چل جائے' تو تم جلدی اس تک پہنچنے کی کوشش کرو' کسی شخص کا کسی دوسرے کے ساتھ مل کر نماز ادا کر لینا' اس کے اکیلے نماز ادا کرنے سے زیادہ بہتر ہے' اور ایک شخص کا دو آدمیوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھنا ایک شخص کے ساتھ مل کر نماز پڑھنے سے زیادہ بہتر ہے' اگر وہ اس سے زیادہ ہوں' تو یہ چیز اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ ہے (یعنی جماعت میں جتنے افراد زیادہ ہوں گے' اتنی ہی زیادہ فضیلت حاصل ہوگی)''۔

## 46 - باب الْجَمَاعَةُ لِلنَّافِلَةِ

### باب: باجماعت نوافل ادا کرنا

843 - اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَحْمُوْدٍ عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ السُّيُوْلَ لَتَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَسْجِدِ قَوْمِيْ فَاُحِبُّ اَنْ تَاْتِيَنِيْ فَتُصَلِّيَ فِيْ مَكَانٍ مِّنْ بَيْتِيْ اَتَّخِذُهُ مَسْجِدًا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "سَنَفْعَلُ ." فَلَمَّا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اَيْنَ تُرِيْدُ ." فَاَشَرْتُ اِلٰى نَاحِيَةٍ مِّنَ الْبَيْتِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ محمود بن ربیع بیان کرتے ہیں' حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سیلابی پانی آتا ہے' تو میرے اور میرے محلے (کی مسجد) کے درمیان حائل ہو جاتا ہے' میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ ﷺ میرے ہاں تشریف لائیں اور میرے گھر میں کسی جگہ نماز ادا کریں تاکہ میں اُسی جگہ کو نماز کے لیے مخصوص کرلوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم ایسا کریں گے۔ پھر نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں تشریف لائے' تو دریافت کیا: تم کہاں چاہتے ہو (کہ وہاں میں نماز ادا کروں) انہوں نے مکان کے ایک گوشے کی طرف اشارہ کیا' نبی اکرم ﷺ وہاں کھڑے ہوئے' ہم نے آپ ﷺ کے پیچھے صف بنالی'

843-اخرجه البخاري في الصلاة، باب اذا دخل بيتا يصلي حيث شاء او حيث امر و لا يتجسس (الحديث 424) مختصرًا، و باب المساجد في البيوت (الحديث 425) مطولًا، وباب اذا زاد الامام قومًا فامهم (الحديث 686) مختصرًا، و باب من لم يرد السلام على الامام و اكتفى بتسليم الامام (الحديث 839 و 840) و في التهجد، باب صلاة النوافل جماعة (الحديث 1185 و 1186) مطولًا، و في الاطعمة، باب الخزيرة (الحديث 5401) مطولًا و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب الرخصة في التخلف عن الجماعة بعذر (الحديث 263 و264 و 265) مطولاً . و اخرجه النسائي في السهو، تسليم الماموم حين يسلم الامام (الحديث 1326) و اخرجه ابن ماجه في المساجد و الجماعات، باب المساجد في الدور (الحديث 754) مطولاً . والحديث عند: البخاري في الاذان، باب يسلم حين يسلم الامام (الحديث 838)، و باب الرخصة في المطر و العلة ان يصلي في رحله (الحديث 667)، وفي المغازي ، باب 12 . (الحديث 4009 و 4010)، و في الرقاق، باب العمل الذي يبتغي به وجه الله (الحديث 6423)، و في استتابة المرتدين و المعاندين و قتالهم (الخديث 6938) . ومسلم في الايمان، باب الدليل على ان من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا (الحديث 54 و 55) . و النسائى فى الامامة، امامة الاعمى (الحديث 787) . تحفة الاشراف (9750) .

Marfat.com

آپ ﷺ نے ہمیں دو رکعات نماز پڑھائی۔

## 47 - باب الْجَمَاعَةُ لِلْفَائِتِ مِنَ الصَّلَاةِ

### باب: قضاء نماز کو باجماعت ادا کرنا

844 - اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهٖ حِيْنَ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ قَبْلَ اَنْ يُّكَبِّرَ فَقَالَ "اَقِيْمُوْا صُفُوفَكُمْ وَتَرَاصُّوا فَاِنِّیْ اَرَاكُمْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِیْ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوتے تھے' تو آپ ﷺ تکبیر کہنے سے پہلے ہماری طرف رخ کر کے ارشاد فرماتے تھے:

''اپنی صفیں درست رکھو' ان کے درمیان فاصلہ کم رکھو' کیونکہ میں اپنی پشت کے پیچھے بھی تمہیں دیکھ لیتا ہوں''۔

845 - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُبَيْدٍ - وَاسْمُهٗ عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ - عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لَوْ عَرَّسْتَ بِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . قَالَ "اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ تَنَامُوْا عَنِ الصَّلَاةِ ." قَالَ بِلَالٌ اَنَا اَحْفَظُكُمْ . فَاضْطَجَعُوْا فَنَامُوْا وَاَسْنَدَ بِلَالٌ ظَهْرَهٗ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ فَاسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَالَ "يَا بِلَالُ اَيْنَ مَا قُلْتَ ." قَالَ مَا اُلْقِيَتْ عَلَیَّ نَوْمَةٌ مِثْلُهَا قَطُّ . قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَبَضَ اَرْوَاحَكُمْ حِيْنَ شَآءَ فَرَدَّهَا حِيْنَ شَآءَ قُمْ يَا بِلَالُ فَاٰذِنِ النَّاسَ بِالصَّلَاةِ ." فَقَامَ بِلَالٌ فَاَذَّنَ فَتَوَضَّئُوْا - يَعْنِیْ حِيْنَ ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ - ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى بِهِمْ .

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے۔ اسی دوران حاضرین میں سے کسی نے گزارش کی: یارسول اللہ! اگر آپ ﷺ رات کے وقت پڑاؤ کر لیں' تو مناسب ہوگا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''مجھے یہ اندیشہ ہے' کہ تم لوگ نماز کے وقت سوئے رہ جاؤ گے''۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ لوگوں کی حفاظت کروں گا' (یعنی نماز کے وقت کا خیال رکھوں گا) تو سب لوگ لیٹ گئے اور سو گئے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے پالان کے ساتھ اپنی پشت لگائی اور (وہ بھی سو گئے) نبی اکرم ﷺ جب بیدار ہوئے' تو اس وقت سورج نکل چکا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! تم نے جو کہا تھا وہ کیا ہوا؟ تو انہوں نے عرض کی: ایسی گہری نیند

844-تقدم في الامامة، حث الامام على رص الصفوف و المقاربة بينها (الحديث 813) .

845-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في من نام عن الصلاة او نسيها (الحديث 439 و440) . والحديث عند: البخاري في الصلاة، باب الاذان بعد ذهاب الوقت (الحديث 595)، و في التوحيد، باب في المشيئة والارادة (الحديث 7471) . تحفة الاشراف (12096) .

Marfat.com

مجھے کبھی نہیں آئی۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جب چاہا' اس نے تمہاری ارواح کو قبض کر لیا اور جب چاہا انہیں واپس کر دیا' اے بلال! تم اُٹھو اور لوگوں کی نماز کے لیے اذان دو۔ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' انہوں نے اذان دی' لوگوں نے وضو کیا' یعنی اس وقت جب سورج بلند ہو چکا تھا' اس وقت نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

## 48 - باب التَّشْدِيدِ فِي تَرْكِ الْجَمَاعَةِ

### باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کی شدید مذمت

846 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا السَّائِبُ بْنُ حُبَيْشٍ الْكَلَاعِيُّ عَنْ مَّعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْيَعْمَرِيِّ قَالَ قَالَ لِيْ اَبُو الدَّرْدَاءِ اَيْنَ مَسْكَنُكَ قُلْتُ فِيْ قَرْيَةٍ دُوَيْنَ حِمْصَ. فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَا مِنْ ثَلَاثَةٍ فِيْ قَرْيَةٍ وَّلَا بَدْوٍ لَّا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلَاةُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ فَاِنَّمَا يَاْكُلُ الذِّئْبُ الْقَاصِيَةَ." قَالَ السَّائِبُ يَعْنِيْ بِالْجَمَاعَةِ الْجَمَاعَةَ فِي الصَّلَاةِ.

☆☆ معدان بن ابوطلحہ یعمری بیان کرتے ہیں' حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے مجھ سے دریافت کیا' کہ تم کہاں رہتے ہو؟ میں نے جواب دیا: حمص کے قریب ایک گاؤں میں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جس بستی میں' یا جس جنگل میں تین افراد رہتے ہوں اور وہاں نماز قائم نہ کی جائے' تو شیطان ان لوگوں پر غالب آ جاتا ہے' اس لیے تم پر باجماعت نماز ادا کرنا لازم ہے' کیونکہ بھیڑیا اس بکری کو کھا لیتا ہے' جو الگ ہوتی ہے"۔

سائب نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے' کہ یہاں جماعت سے مراد باجماعت نماز ادا کرنا ہے۔

## 49 - باب التَّشْدِيدِ فِي التَّخَلُّفِ عَنِ الْجَمَاعَةِ

### باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کی شدید مذمت

847 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْطَبَ ثُمَّ اٰمُرَ بِالصَّلَاةِ فَيُؤَذَّنَ لَهَا ثُمَّ اٰمُرَ رَجُلًا فَيَؤُمَّ النَّاسَ ثُمَّ اُخَالِفَ اِلٰى رِجَالٍ فَاُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ يَعْلَمُ اَحَدُهُمْ اَنَّهٗ يَجِدُ عَظْمًا سَمِيْنًا اَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ الْعِشَاءَ."

846-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في التشديد في ترك الجماعة (الحديث 547) . تحفة الاشراف (10967) .

847-اخرجه البخاري في الاذان، باب و جوب صلاة الجماعة (الحديث 644) و في الاحكام، باب اخراج الخصوم و اهل الريب من البيوت بعد المعرفة (الحديث 7224) . تحفة الاشراف (13832) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' میں نے ارادہ کیا' کہ میں لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دوں' وہ اکٹھی ہو جائیں' تو پھر میں نماز کے لیے حکم دوں' اس کے لیے اذان دی جائے' پھر میں کسی شخص کو کہوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور پھر میں ان لوگوں کے پاس جاؤں (جو جماعت میں شریک نہیں ہوئے) اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں' اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' اگر انہیں یہ پتا ہو کہ انہیں گوشت سے بھرپور کوئی ہڈی مل جائے گی' یا دو اچھی قسم کے پائے مل جائیں گے تو وہ عشاء کی نماز (باجماعت) میں ضرور شریک ہوں''۔

## 50 - باب الْمُحَافَظَةِ عَلَى الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ

باب: ایسی جگہ باقاعدگی کے ساتھ نمازیں ادا کرنا' جہاں سے ان نمازوں کے لیے بلایا جاتا ہے

848 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّلْقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَدًا مُّسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى وَاِنِّىْ لَا اَحْسَبُ مِنْكُمْ اَحَدًا اِلَّا لَهٗ مَسْجِدٌ يُصَلِّىْ فِيْهِ فِىْ بَيْتِهٖ فَلَوْ صَلَّيْتُمْ فِىْ بُيُوْتِكُمْ وَتَرَكْتُمْ مَسَاجِدَكُمْ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ يَّتَوَضَّاُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَمْشِىْ اِلٰى صَلَاةٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا حَسَنَةً اَوْ يَرْفَعُ لَهٗ بِهَا دَرَجَةً اَوْ يُكَفِّرُ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّلَقَدْ رَاَيْتُنَا نُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا اِلَّا مُنَافِقٌ مَّعْلُوْمٌ نِفَاقُهٗ وَلَقَدْ رَاَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادٰى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يُقَامَ فِى الصَّفِّ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) بیان کرتے ہیں' جو شخص یہ بات پسند کرتا ہو کہ کل جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو' تو اس وقت وہ مسلمان شمار ہو' اُسے ان پانچ نمازوں کو باقاعدگی کے ساتھ وہاں ادا کرنا چاہیے جہاں سے ان کے لیے بلایا جاتا ہے (یعنی مسجد میں باجماعت ادا کرنا چاہیے)۔
کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہدایت سے متعلق طریقے مقرر کیے ہیں' اور یہ (نمازیں) ہدایت کے ان طریقوں میں شامل ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی شخص اپنے لیے نماز کی جگہ مخصوص کر لیتا ہے' اور اپنے گھر میں اس مخصوص جگہ پر نماز ادا کرتا ہے' تو اگر تم اپنے گھروں میں نماز ادا کرو گے' اور مسجدوں کو چھوڑ دو گے تو تم اپنے نبی کی سنت کو ترک کرنے والے شمار ہو گے' اگر تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو ترک کر دو گے تو تم لوگ گمراہی کا شکار ہو جاؤ گے' جو بندہ مسلم وضو کرتا ہے اور اچھی

848-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب صلاة الجماعة من سنن الهدى (الحديث 257) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب التشديد في ترك الجماعة (الحديث 550) مختصرًا تحفة الاشراف (9502) .

Marfat.com

طرح وضو کرتا ہے' پھر وہ نماز ادا کرنے کے لیے (مسجد کی طرف) جاتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کے اُٹھنے والے ہر قدم کے عوض میں اسے ایک نیکی نصیب کرتا ہے یا اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے' یا اس کا ایک گناہ معاف کر دیتا ہے۔ مجھے اپنے (یعنی صحابہ کرام) کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ ہم لوگ چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھایا کرتے تھے (تاکہ ہمارے قدم زیادہ شمار ہوں) اور مجھے یہ بھی یاد ہے ہم یہ سمجھتے تھے کہ باجماعت نماز سے وہی شخص پیچھے رہتا تھا جس کا منافق ہونا متعین ہو' مجھے ایک شخص کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر (باجماعت نماز میں شریک ہونے کے لیے) آیا تھا' یہاں تک کہ اسے صف میں کھڑا کر دیا گیا۔

849 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ عَمِّهٖ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَآءَ اَعْمٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهٗ لَيْسَ لِىْ قَائِدٌ يَّقُوْدُنِىْ اِلَى الصَّلَاةِ فَسَاَلَهٗ اَنْ يُّرَخِّصَ لَهٗ اَنْ يُّصَلِّىَ فِىْ بَيْتِهٖ فَاَذِنَ لَهٗ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ قَالَ لَهٗ "اَتَسْمَعُ النِّدَاءَ بِالصَّلَاةِ ." قَالَ نَعَمْ . قَالَ "فَاَجِبْ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک نابینا شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: میرے ساتھ مجھے (مسجد) لے کر جانے والا کوئی شخص نہیں ہے' جو نماز کے لیے مجھے ساتھ لے جایا کرے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اُس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے یہ اجازت دیں کہ وہ اپنے گھر میں ہی نماز ادا کر لیا کریں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی' جب وہ مڑ کر واپس جانے لگے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اُس سے دریافت کیا' کہ کیا تمہیں اذان کی آواز آتی ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اس کا جواب دو (یعنی باجماعت نماز میں شریک ہوا کرو)۔

850 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَبِى الزَّرْقَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَدِيْنَةَ كَثِيْرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ . قَالَ "هَلْ تَسْمَعُ حَىَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَىَّ عَلَى الْفَلَاحِ ." قَالَ نَعَمْ . قَالَ "فَحَىَّ هَلًا ." وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهٗ .

☆☆ حضرت ابن اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مدینہ منورہ میں کیڑے مکوڑے اور درندے زیادہ ہوتے ہیں (اس لیے میرے لیے مسجد تک آنا مشکل ہوتا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں حی علی الصلوٰۃ' حی علی الفلاح (یعنی اذان کے کلمات) سنائی دیتے ہیں' انہوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم ان کی طرف آیا کرو۔

849-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب يجب اتيان المسجد على من سمع النداء ( الحديث 255) . تحفة الاشراف (14822) .

850-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في التشديد في ترك الجماعة (الحديث 553) . تحفة الاشراف (10787) .

Marfat.com

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے انہیں اس بات کی اجازت نہیں دی۔

## 51 - باب الْعُذْرِ فِي تَرْكِ الْجَمَاعَةِ

### باب: جماعت میں شریک نہ ہونے کا عذر

851 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَرْقَمَ كَانَ يَؤُمُّ اَصْحَابَهُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ يَوْمًا فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلْيَبْدَاْ بِهِ قَبْلَ الصَّلَاةِ ."

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کی امامت کیا کرتے تھے ایک دن نماز کا وقت ہوا' تو وہ قضائے حاجت کے لیے چلے گئے' جب واپس آئے' تو فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جب کسی شخص کو قضائے حاجت کی ضرورت محسوس ہو' تو نماز سے پہلے وہ اس سے فارغ ہو جائے"۔

852 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَاُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوْا بِالْعَشَاءِ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جب کسی شخص کے لیے کھانا آجائے اور نماز کا وقت بھی ہو چکا ہو' تو پہلے کھانا کھالو"۔

853 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُنَيْنٍ فَاَصَابَنَا مَطَرٌ فَنَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ صَلُّوْا فِيْ رِحَالِكُمْ .

☆☆ ابوملیح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ حنین میں موجود تھے' وہاں بارش شروع ہوگئی تو نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ایک شخص نے یہ اعلان کیا' کہ تم لوگ اپنی رہائش کی جگہ پر ہی (یعنی جہاں تم نے پڑاؤ کیا ہوا ہے) وہاں نماز ادا کرلو۔

---

851-اخرجه ابوداؤد في الطهارة، باب ايصلي الرجل و هو حاقن (الحديث 88) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الطهارة، باب ما جاء اذا اقيمت الصلاة و وجداحدكم الخلاء فليبدا بالخلاء (الحديث 142) مطولاً . واخرجه ابن ماجه في الطهارة و سننها، باب ما جاء في النهي للحاقن ان يصلي (الحديث 616) . تحفة الاشراف (5141) .

852-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب كراهة الصلاة بحضرة الطعام الذي يريد اكله في الحال و كراهة الصلاة مع مدافعة الاخبثين (الحديث 64) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء اذا حضر العشاء و اقيمت الصلاة فابدوا بالعشاء (الحديث 353) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب اذا حضرت الصلاة و وضع العشاء (الحديث 933) . تحفة الاشراف (1486) .

853-اخرجه ابوداؤد في الصلة، باب الجمعة في اليوم المطير (الحديث 1057) و (الحديث 1059) بمعناه مطولاً . و الحديث عند: ابي داؤد في الصلاة، باب الجمعة في اليوم المطير (الحديث 1058) . تحفة الاشراف (133) .

Marfat.com

# 52 - باب حَدِّ اِدْرَاكِ الْجَمَاعَةِ

## باب: جماعت کو پانے کی حد کیا ہے؟

854 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ طَحْلاَءَ عَنْ مُّحْصِنِ بْنِ عَلِيٍّ الْفِهْرِيِّ عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ خَرَجَ عَامِدًا اِلَى الْمَسْجِدِ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِثْلَ اَجْرِ مَنْ حَضَرَهَا وَلَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا ـ"

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص وضو کرتا ہے اور اچھی طرح وضو کرتا ہے' پھر وہ نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد کی طرف چل پڑتا ہے اور لوگوں کو پاتا ہے' کہ وہ نماز پڑھ چکے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو نماز میں شریک ہونے والوں کی مانند اجر دے گا اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی''۔

855 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ الْحُكَيْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ وَّعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي سَلَمَةَ حَدَّثَاهُ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُمَا عَنْ حُمْرَانَ مَوْلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "مَنْ تَوَضَّاَ لِلصَّلَاةِ فَاَسْبَغَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ مَشٰى اِلَى الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ فَصَلَّاهَا مَعَ النَّاسِ اَوْ مَعَ الْجَمَاعَةِ اَوْ فِي الْمَسْجِدِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذُنُوبَهُ ـ"

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص نماز کے لیے وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرے پھر وہ فرض نماز ادا کرنے کے لیے چل کر جائے اور لوگوں کے ساتھ اُسے ادا کرے (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) جماعت کے ساتھ ادا کرے' یا شاید یہ الفاظ ہیں: مسجد میں ادا کرے' تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کی مغفرت کر دیتا ہے''۔

# 53 - باب اِعَادَةِ الصَّلَاةِ مَعَ الْجَمَاعَةِ بَعْدَ صَلَاةِ الرَّجُلِ لِنَفْسِهِ

## باب: آدمی کا تنہا نماز ادا کر لینے کے بعد اسی نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنا

856 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ بَنِي الدِّيلِ يُقَالُ لَهُ بُسْرُ بْنُ مِحْجَنٍ عَنْ

854-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب فيمن خرج يريد الصلاة فسبق بها (الحديث 564) . تحفة الاشراف (14281) .

855-اخرجه مسلم في الطهارة، باب فضل الوضوء والصلاة عقبه (الحديث 13) . والحديث عند: البخاري في الرقاق باب قول الله تعالى: (يا ايها الناس ان وعد الله حق فلا تغرنكم الحياة الدنيا و لا يغرنكم بالله الغرور . وان الشيطانلكم عدو فاتخذوه عدواً . انما يدعو حزبه ليكونوا من اصحاب السعير) (الحديث 6433) . تحفة الاشراف (9797) .

Marfat.com

مِحْجَنٍ اَنَّهُ كَانَ فِيْ مَجْلِسٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذَّنَ بِالصَّلَاةِ - فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعَ وَمِحْجَنٌ فِيْ مَجْلِسِهٖ - فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ ." قَالَ بَلٰى وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ قَدْ صَلَّيْتُ فِيْ اَهْلِيْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا جِئْتَ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ ."

☆☆ حضرت مجن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں موجود تھے' نماز کے لیے اذان ہوئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھے (اورنماز ادا کرنے کے لیے) تشریف لے گئے' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے' تو حضرت مجن رضی اللہ عنہ اسی جگہ بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: تم نے نماز کیوں نہیں پڑھی' کیا تم مسلمان نہیں ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! لیکن میں اپنے گھر میں نماز پڑھ چکا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: جب تم آ ؤ تو لوگوں کے ساتھ بھی نماز ادا کرلیا کرو' اگرچہ تم پہلے ہی اسے ادا کر چکے ہو۔

## شرح

فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو شخص تنہا نماز ادا کر چکا ہو اگر وہ بعد میں اسی نماز کو جماعت کے ساتھ پالیتا ہے' تو اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس نماز کو جماعت کے ساتھ بھی ادا کر لے اور اس کی یہ بعد والی نماز اس کے حق میں نفل بن جائے گی۔

## 54 - باب اِعَادَةِ الْفَجْرِ مَعَ الْجَمَاعَةِ لِمَنْ صَلّٰى وَحْدَهٗ

باب: جو شخص تنہا فجر کی نماز ادا کر چکا ہو' اس کا جماعت کے ساتھ اس نماز کو دوبارہ پڑھنا

857 - اَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ الْعَامِرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْفَجْرِ فِيْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهٗ اِذَا هُوَ بِرَجُلَيْنِ فِيْ اٰخِرِ الْقَوْمِ لَمْ يُصَلِّيَا مَعَهٗ قَالَ "عَلَيَّ بِهِمَا ." فَاُتِيَ بِهِمَا تُرْعَدُ فَرَائِصُهُمَا فَقَالَ "مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُصَلِّيَا مَعَنَا ." قَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا قَدْ صَلَّيْنَا فِيْ رِحَالِنَا . قَالَ "فَلَا تَفْعَلَا اِذَا صَلَّيْتُمَا فِيْ رِحَالِكُمَا ثُمَّ اَتَيْتُمَا مَسْجِدَ جَمَاعَةٍ فَصَلِّيَا مَعَهُمْ فَاِنَّهَا لَكُمَا نَافِلَةٌ ."

☆☆ جابر بن یزید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں مسجد خیف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں فجر کی نماز میں شریک ہوا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز مکمل کر لی تو وہاں حاضرین کے پیچھے دو افراد موجود تھے' جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا نہیں کی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا' کہ انہیں میرے پاس لاؤ' انہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو وہ دونوں کانپ رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے ہمارے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ!

---

856-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11219) .

857-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب فيمن صلى في منزله ثم ادرك الجماعة يصلي معهم (الحديث 575 و 576) بمعناه . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ماجاء في الرجل يصلي وحده ثم يدرك الجماعة (الحديث 219) . تحفة الاشراف (11822) .

Marfat.com

ہم نے اپنے پڑاؤ کی جگہ پر ہی نماز ادا کر لی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایسا نہ کرو جب تم اپنے پڑاؤ کی جگہ پر نماز ادا کر چکے ہو پھر تم باجماعت نماز والی مسجد میں آؤ تو تم لوگوں کے ساتھ بھی نماز ادا کر لیا کرو یہ نماز تم دونوں کے لیے نفل بن جائے گی۔

## 55 - باب اِعَادَةِ الصَّلاَةِ بَعْدَ ذَهَابِ وَقْتِهَا مَعَ الْجَمَاعَةِ

### باب: نماز کا وقت رخصت ہو جانے کے بعد اُسے باجماعت ادا کرنا

858 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ صُدْرَانَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ بُدَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْعَالِيَةِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَرَبَ فَخِذِىْ "كَيْفَ اَنْتَ اِذَا بَقِيْتَ فِىْ قَوْمٍ يُؤَخِّرُوْنَ الصَّلاَةَ عَنْ وَقْتِهَا ." قَالَ مَا تَاْمُرُ قَالَ "صَلِّ الصَّلاَةَ لِوَقْتِهَا ثُمَّ اذْهَبْ لِحَاجَتِكَ فَاِنْ اُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ وَاَنْتَ فِى الْمَسْجِدِ فَصَلِّ ."

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا' آپ نے میرے زانو پر ہاتھ مارا (اور پھر فرمایا:) اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم ایسے لوگوں کے درمیان باقی رہ جاؤ گے جو نمازوں کو تاخیر سے ادا کیا کریں گے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ ﷺ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نماز کو اس کے مخصوص وقت میں ادا کرلو' پھر اپنے کام کے لیے چلے جاؤ' پھر اگر نماز کے لیے اقامت کہی جائے اور تم مسجد میں موجود ہو تو تم (جماعت کے ساتھ) نماز ادا کرلو۔

## 56 - باب سُقُوْطِ الصَّلاَةِ عَمَّنْ صَلّٰى مَعَ الْاِمَامِ فِى الْمَسْجِدِ جَمَاعَةً

### باب: جو شخص مسجد میں جماعت کے ساتھ امام کی اقتداء میں نماز ادا کر لے' اس سے نماز ساقط ہو جاتی ہے

859 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ مَوْلٰى مَيْمُوْنَةَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ جَالِسًا عَلَى الْبَلاَطِ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ قُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا لَكَ لاَ تُصَلِّىْ قَالَ اِنِّىْ قَدْ صَلَّيْتُ اِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "لاَ تُعَادُ الصَّلاَةُ فِىْ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ ."

☆☆ سلیمان' جو سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے غلام ہیں' وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو بلاط میں بیٹھے ہوئے دیکھا' لوگ اس وقت کوئی نماز پڑھ رہے تھے' میں نے دریافت کیا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا وجہ ہے' کہ آپ نماز نہیں ادا کر رہے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے نماز ادا کر لی ہے اور میں نے نبی اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' کہ ایک ہی دن میں ایک نماز کو دو مرتبہ ادا نہیں کیا جا سکتا۔

858-تقدم في الامامة، الصلاة مع ائمة الجور (الحديث 777) .

859-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب فيمن صلى في منزله ثم ادرك الجماعة يصلي معهم (الحديث 579) . تحفة الاشراف (7094) .

Marfat.com

# 57 - باب السَّعْيِ اِلَى الصَّلاةِ

## باب: نماز کے لیے تیزی سے جانا

860 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اَتَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَلَا تَاْتُوهَا وَاَنْتُمْ تَسْعَوْنَ وَاْتُوهَا تَمْشُوْنَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاقْضُوا ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جب تم نماز کے لیے آؤ تو دوڑتے ہوئے نہ آؤ بلکہ چلتے ہوئے آؤ' تم پر سکون لازم ہے' جو حصہ تمہیں مل جائے اسے ادا کرلو اور جو گزر چکا ہو' اُسے بعد میں پورا کرلو"۔

### شرح

### مسبوق اور لاحق شخص کے احکام

مسئلہ: مسبوق اس شخص کو کہا جاتا ہے جو پہلی رکعت میں امام کے ساتھ شریک نہ ہوا ہو۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: مسبوق کے لیے ایک حکم یہ ہے کہ اگر وہ ایسی رکعت میں شریک ہوا ہے' جس میں امام بلند آواز میں قرأت کررہا ہو' تو اس وقت وہ ثناء نہیں پڑھے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس بارے میں یہ حکم برابر ہے کہ وہ امام کے قریب کھڑا ہوا ہے یا امام سے دور ہے یا امام کی آواز اس تک نہیں آرہی ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ایسا شخص جب بعد میں اپنی نماز قضاء کرنے کے لیے کھڑا ہوگا تو اس وقت ثناء بھی پڑھ لے گا اور اعوذ باللہ بھی پڑھ لے گا۔ (قاضی خان' خلاصہ' ظہیریہ)

مسئلہ: لیکن اگر امام بلند آواز میں قرأت نہ کررہا ہو' تو مقتدی اسی وقت ثناء پڑھ لے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس بارے میں دوسرا حکم یہ ہے کہ مسبوق شخص پہلے امام کے ساتھ نماز ادا کرے گا' اس کے بعد جو نماز پہلے گزر چکی تھی' اسے قضاء کرے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلی گزری ہوئی نماز کو پہلے پڑھ لے' اور بعد میں امام کے ساتھ شامل ہو' تو بعض فقہاء کے قول کے مطابق اس شخص کی نماز فاسد ہوگی اور یہی قول درست ہے۔

مسئلہ: تیسرا حکم یہ ہے کہ تشہد کی مقدار کے بعد امام کے سلام پھیرنے سے پہلے مسبوق کو کھڑا نہیں ہونا چاہیے۔

مسئلہ: ایک حکم یہ ہے کہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد مسبوق اس وقت تک اپنی رہ جانے والی نماز ادا کرنے کے لیے

860-اخرجه مسلم في المساجف و مواضع الصلاة، باب استحباب اتيان الصلاة بوقار و سكينة و النهي عن اتيانها سعيا (الحديث 151) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في المشي الى المسجد (الحديث 329) . تحفة الاشراف (13137) .

Marfat.com

کھڑا نہ ہو جب تک اتنا وقت نہیں گزر جاتا کہ اگر امام پر سجدۂ سہو لازم ہوتا تو وہ سجدہ سہو کر لیتا۔

مسئلہ: اس حوالے سے ایک حکم یہ ہے کہ آخری تشہد میں مسبوق امام کی متابعت کرے گا' لیکن تشہد پڑھ لینے کے بعد دعا نہیں مانگے گا۔

مسئلہ: اگر وہ دعا نہیں مانگے گا تو پھر وہ کیا کرے گا' اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض حضرات نے یہ بات بیان کی ہے کہ اشھد ان لا الٰہ الا اللہ مقتدی بار بار پڑھتا رہے گا' یہی قول مختار ہے۔ (غیاثیہ)

مسئلہ: اس حوالے سے ایک حکم یہ ہے کہ اگر مسبوق بھول کر امام کے ساتھ یا امام سے پہلے سلام پھیر دیتا ہے' تو اس پر سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا لیکن اگر وہ امام کے بعد سلام پھیرتا ہے' تو سجدۂ سہو لازم ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: لیکن اگر مسبوق جان بوجھ کر امام کے ساتھ سلام پھیر دیتا ہے' یہ سوچ کر کہ اسے امام کے ساتھ سلام پھیر دینا چاہیے' اس صورت میں اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: مسبوق شخص کے لیے ایک حکم یہ ہے کہ جو نماز وہ پڑھ رہا ہے' قرأت کے حق میں وہ اس کی پہلی نماز ہے اور تشہد کے حق میں وہ اس کی آخری نماز ہے' اس لیے اگر وہ مغرب کی تیسری رکعت میں امام کے ساتھ شریک ہوا' بعد میں جب وہ پہلے رہ جانے والی دو رکعات ادا کرے گا تو ان دونوں کے درمیان قعدہ کرے گا اور ان دونوں میں سورۂ فاتحہ بھی پڑھے گا اور اس کے ساتھ دوسری سورت بھی پڑھے گا' اگر وہ ان دونوں رکعات میں سے کسی ایک میں قرأت کو ترک کر دیتا ہے' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: اس حوالے سے ایک حکم یہ ہے کہ مسبوق شخص جب اپنی نماز ادا کرے گا تو وہ تنہا نماز ادا کرنے والے کی مانند شمار ہو گا' البتہ چار احکام میں اس کا حکم منفرد شخص کی مانند نہیں ہوگا۔

مسئلہ: پہلا مسئلہ یہ ہے کہ وہ کسی کی اقتداء نہیں کر سکتا اور کوئی اس کی اقتداء نہیں کر سکتا' یہاں تک کہ اگر کوئی ایک مسبوق دوسرے مسبوق کی اقتداء کر لیتا ہے' تو اقتداء کرنے والے کی نماز فاسد ہو جائے گی' جس کی اقتداء کی گئی ہے' اس کی نماز درست ہو جائے گی۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: دوسرا حکم یہ مختلف ہے کہ اگر مسبوق شخص نئے سرے سے نماز شروع کرنے کے لیے تکبیر کہتا ہے' تو اس کی نماز از سر نو شروع ہو جائے گی اور پچھلی نماز منقطع ہو جائے گی' لیکن منفرد کا یہ حکم نہیں ہے۔

مسئلہ: تیسرا اختلاف یہ ہے کہ اگر مسبوق اپنی نماز قضاء کرنے کے لیے کھڑا ہوتا ہے اور مسبوق کے نماز میں شامل ہونے سے پہلے امام پر سہو کے دو سجدے لازم ہو چکے تھے اور نماز کے آخر میں امام نے وہ سجدۂ سہو کیا تو مسبوق ان سجدوں میں شریک ہو گا' لیکن تنہا نماز ادا کرنے والا کسی دوسرے کے سہو کی وجہ سے سجدۂ سہو نہیں کرتا۔

مسئلہ: چوتھا حکم یہ مختلف ہے کہ مسبوق شخص تشریق کی تکبیریں کہتا ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تنہا نماز ادا کرنے والا شخص تشریق کی تکبیریں نہیں کہتا۔ (فتح القدیر' بحرالرائق)

Marfat.com

مسئلہ: مسبوق کے لیے ایک حکم یہ ہے کہ وہ سہو میں امام کی پیروی کرے گا لیکن سلام پھیرنے میں تکبیر کہنے میں اور تلبیہ پڑھنے میں امام کی متابعت نہیں کرے گا' اگر وہ سلام پھیرنے اور تلبیہ پڑھنے میں امام کی متابعت کر لیتا ہے' تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: لیکن اگر وہ تکبیر کہنے میں امام کی متابعت کرتا ہے اور اسے یہ پتہ ہے کہ وہ مسبوق ہے' تو اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی' شمس الائمہ سرخسی اسی بات کے قائل ہیں۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: یہاں تکبیر سے مراد تشریق کی تکبیر کہنا ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اسی حوالے سے ایک حکم یہ ہے کہ اگر امام کو سجدۂ تلاوت یاد آ جاتا ہے اور وہ اسے ادا کرنا چاہتا ہے' تو اگر مسبوق نے اپنی رکعت کا سجدہ نہیں کیا تھا تو وہ اسے چھوڑ دے گا اور امام کی متابعت کرے گا اور امام کے ساتھ سجدۂ تلاوت کرے گا' پھر اپنی نماز قضاء کرنے کے لیے کھڑا ہوگا' اگر ایسی صورت میں مقتدی نہیں لوٹتا ہے' تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: لاحق اس شخص کو کہا جاتا ہے جو نماز کے آغاز میں امام کے ساتھ شامل ہو لیکن اس کی باقی نماز فوت ہو جائے' خواہ وہ نیند کی وجہ سے ہو' وضو ٹوٹ جانے کی وجہ سے ہو' ہجوم زیادہ ہونے کی وجہ سے ہو' نماز خوف کا پہلا گروہ بھی لاحق شمار ہوگا۔

مسئلہ: لاحق شخص امام کی اقتداء میں ہوتا ہے' اس لیے وہ قرأت نہیں کرے گا' سجدۂ سہو نہیں کرے گا۔ (الوجیز از کردری)

مسئلہ: اگر امام سجدۂ سہو کرتا ہے تو لاحق اپنی باقی نماز ادا کرنے سے پہلے اس کی متابعت نہیں کر سکے گا جبکہ مسبوق کا حکم اس کے برخلاف ہے۔

مسئلہ: چھ احکام ایسے ہیں جن میں مسبوق اور لاحق کا حکم مختلف ہے۔

مسئلہ: اگر عورت برابر آ کر کھڑی ہو جائے' نماز میں قرأت کرنا' سجدۂ سہو میں شامل ہونا' امام کا پہلا قعدہ چھوڑ دینا' سلام کی جگہ امام کا ہنس دینا' امام کا مسافر ہونا اور اس دوران اقامت کی نیت کر لینا' مسبوق کا اپنی نماز میں ایک رکعت میں سجدہ کر لینا۔

## امام اور مقتدی کے درمیان اختلاف سے متعلق چند ذیلی مسائل

مسئلہ: اگر امام اور مقتدیوں میں اختلاف ہو جائے' مقتدی یہ کہیں کہ آپ نے تین رکعات ادا کی ہیں اور امام یہ کہے کہ میں چار رکعات ادا کر چکا ہوں تو اگر امام کو اپنی بات کا یقین ہو' تو وہ اپنی نماز کو نہیں دُہرائے گا' اگر یقین نہ ہو تو دوبارہ ادا کرے گا۔

مسئلہ: اگر مقتدیوں میں باہم اختلاف ہو' کچھ کہہ رہے ہوں کہ تین رکعات ادا کی ہیں اور کچھ کہہ رہے ہوں کہ چار رکعات ادا کی ہیں اور امام ان دونوں میں سے کسی ایک فریق کے ساتھ ہو' تو جس فریق کے ساتھ امام ہوگا' اس کے قول کو اختیار کیا جائے گا' اگرچہ وہ فریق ایک ہی شخص ہو۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر امام کے ساتھ کوئی بھی شخص نہیں ہے اور امام دوبارہ اس نماز کو ادا کرتا ہے اور وہ سب لوگ دوبارہ اس کی اقتداء میں نماز ادا کر لیتے ہیں' تو ان کی اقتداء صحیح ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر مقتدیوں میں سے ایک شخص کو یقین ہو کہ امام نے تین رکعات ادا کی ہیں اور دوسرے کو یہ یقین ہو کہ امام نے

Marfat.com

چار رکعات ادا کی ہیں لیکن باقی سب لوگ شک وشبہ میں مبتلا ہوں تو امام اور باقی لوگوں پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔ (خلاصہ)
مسئلہ: جس شخص کو نماز پوری ہونے کا یقین ہو اُس پر دوبارہ نماز ادا کرنا لازم نہیں ہوگا۔ (محیط)

## 58 - باب الْإِسْرَاعِ إِلَى الصَّلَاةِ مِنْ غَيْرِ سَعْيٍ

### باب: دوڑے بغیر تیزی سے نماز کے لیے جانا

861 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مَنْبُوذٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْعَصْرَ ذَهَبَ اِلٰى بَنِىْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ فَيَتَحَدَّثُ عِنْدَهُمْ حَتّٰى يَنْحَدِرَ لِلْمَغْرِبِ . قَالَ اَبُوْ رَافِعٍ فَبَيْنَمَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْرِعُ اِلَى الْمَغْرِبِ مَرَرْنَا بِالْبَقِيعِ فَقَالَ "اُفٍّ لَكَ اُفٍّ لَكَ ." قَالَ فَكَبُرَ ذٰلِكَ فِىْ ذَرْعِىْ فَاسْتَاْخَرْتُ وَظَنَنْتُ اَنَّهٗ يُرِيْدُنِىْ فَقَالَ "مَا لَكَ امْشِ ." فَقُلْتُ اَحْدَثْتُ حَدَثًا . قَالَ "مَا ذَاكَ ." قُلْتُ اَفَّفْتَ بِىْ . قَالَ "لَا وَلٰكِنْ هٰذَا فُلَانٌ بَعَثْتُهٗ سَاعِيًا عَلٰى بَنِىْ فُلَانٍ فَغَلَّ نَمِرَةً فَدُرِّعَ الْاٰنَ مِثْلَهَا مِنْ نَارٍ ."

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی اور بنوعبدالاشہل کے محلے میں تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ مغرب کی نماز کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تیزی سے واپس آئے۔ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کے لیے تیزی سے آرہے تھے' جب ہم بقیع (میدان کے) پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

تم پر افسوس ہے! تم پر افسوس ہے!

تو حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ یہ بات میرے لیے بڑی پریشانی کا باعث ہوئی' میں کچھ پیچھے ہوگیا' میں نے یہ گمان کیا' کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بارے میں یہ کلمات ارشاد فرمائے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا؟ چلو! میں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا؟ میں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بارے میں یہ فرمایا ہے' کہ تم پر افسوس ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! یہ الفاظ فلاں شخص کے بارے میں ہیں' جسے میں نے بنوفلاں سے وصولی کرنے کے لیے مقرر کیا تھا تو اس نے ایک چادر کی خیانت کی ہے' تو اب وہ چادر آگ کی زرہ کے طور پر اسے پہنائی گئی ہے۔

862 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مَنْبُوذٌ - رَجُلٌ مِّنْ اٰلِ اَبِىْ رَافِعٍ - عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ نَحْوَهٗ . (صحيح)

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

861-انفرد به النسائي، و سياتي في الامامة، الاسراع الى الصلاة، من غير سعي (الحديث 862) . تحفة الاشراف (12028) .

862-تقدم في الامامة، الاسراع الى الصلاة، من غير سعي (الحديث 861) .

Marfat.com

## 59 - باب التَّهْجِيْرِ اِلَى الصَّلَاةِ

### باب: نماز ادا کرنے کے لیے جلدی جانا

863 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرُّ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُمَا . اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِنَّمَا مَثَلُ الْمُهَجِّرِ اِلَى الصَّلَاةِ كَمَثَلِ الَّذِيْ يُهْدِي الْبَدَنَةَ ثُمَّ الَّذِيْ عَلٰى اِثْرِهٖ كَالَّذِيْ يُهْدِي الْبَقَرَةَ ثُمَّ الَّذِيْ عَلٰى اِثْرِهٖ كَالَّذِيْ يُهْدِي الْكَبْشَ ثُمَّ الَّذِيْ عَلٰى اِثْرِهٖ كَالَّذِيْ يُهْدِي الدَّجَاجَةَ ثُمَّ الَّذِيْ عَلٰى اِثْرِهٖ كَالَّذِيْ يُهْدِي الْبَيْضَةَ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''نماز کے لیے جلدی جانے والا شخص اس طرح ہے جیسے کوئی شخص اونٹ صدقہ کرتا ہے' پھر اس کے بعد جانے والا اس طرح ہے جیسے کوئی گائے صدقہ کرتا ہے' پھر اس کے بعد جانے والا اس طرح ہے جیسے کوئی دنبہ صدقہ کرتا ہے' پھر اس کے بعد جانے والا اس طرح ہے جیسے کوئی مرغی صدقہ کرتا ہے' پھر اس کے بعد جانے والا اس طرح ہے جیسے وہ انڈا صدقہ کرتا ہے''۔

## 60 - باب مَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلَاةِ عِنْدَ الْاِقَامَةِ

### باب: اقامت کے وقت نماز ادا کرنا مکروہ ہے

864 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةُ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''جب اقامت کہہ دی جائے' تو فرض نماز کے علاوہ اور کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی''۔

865 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ وَرْقَاءَ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اُقِيْمَتِ

---

863-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (13473 و15182) .

864-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب كراهة الشروع في نافلة بعد شروع المؤذن (الحديث 63 و64) . و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب اذا ادرك الامام ولم يصل ركعتي الفجر (الحديث 1266) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء اذا اقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة (الحديث 421) . واخرجه النسائي في الامامة، مايكره من الصلاة عند الاقامة (الحديث 865) . و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في اذا اقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة (الحديث 1151) . تحفة الاشراف (14228) .

865-تقديم في الامامة، ما يكره من الصلاة عند الاقامة (الحديث 864) .

Marfat.com

الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوبَةُ ۔"

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب نماز کے لیے اقامت کہہ دی جائے' تو فرض نماز کے علاوہ اور کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی''۔

866 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ اُقِيْمَتْ صَلَاةُ الصُّبْحِ فَرَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي وَالْمُؤَذِّنُ يُقِيْمُ فَقَالَ "اَتُصَلِّي الصُّبْحَ اَرْبَعًا ۔"

☆☆ حضرت ابن بحینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' فجر کی نماز کے لیے اقامت کہہ دی گئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا جبکہ مؤذن اس وقت اقامت کہہ رہا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم صبح کی نماز میں چار رکعات پڑھو گے؟

## 61 - باب فِيْمَنْ يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ وَالْاِمَامُ فِي الصَّلَاةِ

### باب: جو شخص فجر کی سنتیں اس وقت ادا کرے جبکہ امام باجماعت نماز شروع کر چکا ہو

867 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ فَرَكَعَ الرَّكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَخَلَ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ "يَا فُلَانُ اَيُّهُمَا صَلَاتُكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ مَعَنَا اَوِ الَّتِيْ صَلَّيْتَ لِنَفْسِكَ ۔"

☆☆ حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت فجر کی نماز پڑھا رہے تھے' اس شخص نے دو رکعات ادا کیں' پھر اس کے بعد باجماعت نماز میں شریک ہوا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اے فلاں! تمہاری نماز کون سی والی تھی' وہ جو تم نے ہمارے ساتھ ادا کی ہے' یا پھر وہ جو تم نے اکیلے ادا کی ہے''۔

## 62 - باب الْمُنْفَرِدِ خَلْفَ الصَّفِّ

### باب: صف کے پیچھے کسی شخص کا اکیلے کھڑے ہو کر (باجماعت نماز ادا کرنا)

866-اخرجه البخاري في الاذان، باب اذا اقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة (الحديث 663) بنحوه . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب كراهة الشروع في نافلة بعد شروع المؤذن (الحديث 65) بنحوه . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في اذا اقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة (الحديث 1153) بنحوه . تحفة الاشراف (9155) .

867-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب كراهة الشروع في نافلة بعد شروع المؤذن (الحديث 67) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب اذا ادرك الامام ولم يصل ركعتي الفجر (الحديث 1265) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في اذا اقيمت الصلاة فلا صلاة الا المكتوبة (الحديث 1152) . تحفة الاشراف (5319) .

Marfat.com

868 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِنَا فَصَلَّيْتُ اَنَا وَيَتِيْمٌ لَنَا خَلْفَهُ وَصَلَّتْ اُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے' میں نے اور ہمارے ہاں رہنے والے یتیم لڑکے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی' جبکہ سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے ہمارے پیچھے نماز ادا کی۔

869 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا نُوْحٌ - يَعْنِيْ ابْنَ قَيْسٍ - عَنِ ابْنِ مَالِكٍ - وَهُوَ عَمْرٌو - عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتِ امْرَاَةٌ تُصَلِّيْ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْنَاءَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ - قَالَ - فَكَانَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَتَقَدَّمُ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ لِئَلَّا يَرَاهَا وَيَسْتَاْخِرُ بَعْضُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ فَاِذَا رَكَعَ نَظَرَ مِنْ تَحْتِ اِبْطِهِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ) .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے والی ایک خاتون بہت خوبصورت تھیں' (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے والے مردوں میں سے ) بعض افراد اہتمام کے ساتھ اگلی صفوں میں شریک ہوتے تھے' تاکہ اس کو دیکھ ہی نہ سکیں' جبکہ بعض لوگ اہتمام کے ساتھ پچھلی صف میں شامل ہوتے تھے تاکہ جب وہ سب سے آخر والی صف میں موجود ہوں گے تو جب رکوع میں جائیں گے تو اپنی بغل کے نیچے سے اُسے دیکھ لیں گے' تو اس بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''اور ہم تم میں سے آگے ہونے والوں کے بارے میں بھی علم رکھتے ہیں اور پیچھے رہنے والوں کے بارے میں بھی علم رکھتے ہیں''۔

## 63 - باب الرُّكُوْعِ دُوْنَ الصَّفِّ

### باب: صف میں شامل ہونے سے پہلے رکوع میں چلے جانا

870 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ زِيَادٍ الْاَعْلَمِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ اَنَّ اَبَا بَكْرَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاكِعٌ فَرَكَعَ دُوْنَ الصَّفِّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَّلَا تَعُدْ ."

868-اخرجه البخاري في الاذان، باب المراة و حدها تكون صفًا (الحديث 727) . وباب صلاة النساء خلف الرجال (الحديث 871) . تحفة الاشراف (172) .

869-اخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة الحجر) (الحديث 3122) واخرجه النسائي في التفسير: سورة الحجر، قوله تعالىٰ: (ولقد علمنا المستقدمين منكم و لقد علمنا المستاخرين) (الحديث 293) و اخرجه ابن ما جه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الخشوع في الصلاة (الحديث 1046) تحفة الاشراف (5364) .

870-اخرجه البخاري في الاذان، باب اذا ركع دون الصف (الحديث 783) بنحوه و اخرجه ابو داوٗد في الصلاة ، باب الرجل يركع دون الصف (الحديث 683 و 684) . تحفة الاشراف (11659) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ وہ مسجد میں داخل ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت رکوع میں تھے' تو وہ صف تک پہنچنے سے پہلے ہی رکوع میں چلے گئے' (بعد میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ (نیکی کے بارے میں) تمہاری حرص میں اضافہ کرے' لیکن تم آئندہ ایسا نہ کرنا''۔

## شرح

### فرض میں شامل ہونے کے احکام

مسئلہ: اگر کوئی شخص فجر یا مغرب کی فرض نماز کی ایک رکعت ادا کر چکا ہو اور اسی دوران جماعت شروع ہو جاتی ہے' تو وہ اس اُس ایک رکعت کو توڑ کر جماعت میں شریک ہو جائے گا۔

مسئلہ: اگر دوسری رکعت ادا کر رہا ہو' تو اگر دوسری رکعت کا سجدہ نہیں کیا تو اُسے بھی توڑ کر جماعت میں شریک ہو جائے گا' لیکن اگر دوسری رکعت کا سجدہ کر چکا ہے' تو پھر اُسے نہیں توڑے گا بلکہ اُس نماز کو مکمل کرے گا اور بعد میں امام کے ساتھ شریک نہیں ہوگا کیونکہ صبح کی نماز کے بعد نفل نماز ادا کرنا مکروہ ہے' جبکہ مغرب کی نماز میں یہ حکم اس لیے نہیں ہے کیونکہ یا تو نفل طاق ہو جائیں گے' جو ہو نہیں سکتے ہیں یا پھر وہ چار رکعات پڑھ لے گا اور اس صورت میں امام کی مخالفت ہو جائے گی' کیونکہ امام نے تو تین رکعات ادا کی ہیں۔ (تبیین)

مسئلہ: لیکن اگر کوئی شخص ایسی صورتِ حال میں باجماعت نمازِ مغرب میں شریک ہو جاتا ہے' تو وہ چار رکعات پوری کرے گا' کیونکہ اس طرح سنت کی موافقت ہو جائے گی اور سنت کی موافقت امام کی موافقت سے زیادہ ضروری ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اس طرح کی صورتِ حال میں اگر وہ شخص امام کے ساتھ سلام بھی پھیر لیتا ہے' تو اُس کی نماز فاسد ہو جائے گی' اب اُس پر چار رکعات قضاء کرنا لازم ہوگا۔

مسئلہ: جو شخص ظہر کی نماز کی ایک رکعت ادا کر چکا ہو اور اسی دوران جماعت کھڑی ہو جائے تو وہ ایک رکعت اور پڑھ کر امام کے ساتھ شریک ہو جائے' لیکن اگر اُس نے پہلی رکعت میں سجدہ نہیں کیا تھا تو اُس کو توڑ کر امام کے ساتھ شریک ہو جائے' یہی صحیح ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: یہاں جماعت قائم ہونے سے مراد امام کا نماز شروع کرنا ہے' مؤذن کا اقامت کہنا نہیں ہے۔

مسئلہ: جو شخص ظہر کی ایک رکعت امام کے ساتھ ادا کرتا ہے' تمام فقہاء کے نزدیک اُس شخص نے ظہر کی نماز باجماعت ادا نہیں کی' تاہم تمام فقہاء کے نزدیک وہ جماعت کی فضیلت کو پالے گا اور اگر کوئی شخص تین رکعات امام کے ساتھ ادا کرتا ہے' تو اس پر اتفاق ہے' اُس نے ظہر کی نماز امام کے ساتھ ادا کی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نفل نماز شروع کرتا ہے اور اس دوران فرض کی جماعت کھڑی ہو جاتی ہے' تو جو دوگانہ پڑھ رہا تھا' اُسے مکمل کر لے' اُس میں اضافہ نہ کرے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ظہر یا جمعہ کی سنتیں ادا کر رہا تھا اور ظہر کی جماعت کھڑی ہوگئی یا جمعے کا خطبہ شروع ہو گیا تو دو رکعات ادا

Marfat.com

کرنے کے بعد نماز کو ختم کر دے' یہ قول امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے' جبکہ بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ وہ اُس نماز کو پورا کرے گا۔ (ہدایہ) یہی قول صحیح ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: یہی صحیح ہے۔ (سراج الوہاج)

## فجر کی سنتیں اور نماز باجماعت کا حکم

مسئلہ: جو شخص امام کو فجر کی باجماعت نماز ادا کرتے ہوئے پائے اور اُس شخص نے ابھی فجر کی سنتیں ادا نہ کی ہوں تو اگر اُسے یہ اندیشہ ہو کہ ایک رکعت فوت ہو جائے گی اور دوسری رکعت امام کے ساتھ مل جائے گی تو وہ جماعت سے ذرا ہٹ کہ فجر کی دو سنتیں ادا کرنے کے بعد نماز باجماعت میں شریک ہو' لیکن اگر اُسے امام کی اقتداء میں دونوں رکعات کے فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو' تو وہ پھر سنتیں نہیں پڑھے گا اور امام کے ساتھ شریک ہو جائے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک قول یہ بھی منقول ہے کہ اگر اُس شخص کو قعدہ میں شامل ہونے کی توقع ہو' تو وہ سنتیں پڑھ لے' کیونکہ ان دونوں حضرات کے نزدیک تشہد میں شامل ہونا' رکعت میں شامل ہونے کے برابر ہے۔ (کفایہ)

مسئلہ: جب کوئی شخص مسجد میں داخل ہو اور اذان ہو چکی ہو' تو وہ اب نماز پڑھے بغیر مسجد سے باہر نہ جائے' اگر جاتا ہے' تو ایسا کرنا مکروہ ہوگا' لیکن اگر وہ خود کسی دوسری مسجد کا مؤذن یا امام ہے اور اُس کے وہاں موجود نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو پریشانی ہوگی تو اس وجہ سے مسجد سے باہر جانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ: یہ حکم بھی اُس شخص کے لیے ہے جس نے ابھی وہ نماز ادا نہ کی ہو' اگر وہ شخص پہلے ہی اُس نماز کو ادا کر چکا ہو' تو عشاء اور ظہر کی نماز میں جب تک مؤذن اقامت نہیں کہتا' اُس سے پہلے مسجد سے باہر جانے میں کوئی حرج نہیں ہے' لیکن اگر مؤذن اقامت کہہ دیتا ہے' تو اب مسجد سے باہر نہیں جائے گا اور نفل کی نیت کے ساتھ ان نمازوں میں شامل ہو جائے گا جبکہ عصر' مغرب اور فجر کی نمازوں کے بارے میں حکم یہ ہے کہ وہ مسجد سے باہر چلا جائے گا۔

اگر وہ مسجد میں رہتا ہے اور جماعت کے ساتھ شریک نہیں ہوتا تو یہ مکروہ ہوگا۔ (محیط سرخسی)

## امام کو رکوع کی حالت میں پانا

مسئلہ: اگر کوئی شخص امام کو رکوع کی حالت میں پاتا ہے اور ابھی یہ تکبیر کہہ کر کھڑا ہی ہوا تھا کہ اسی دوران امام نے رکوع سے سر اُٹھا لیا تو اس شخص کو وہ رکعت نہیں ملی۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص مسجد میں داخل ہوتا ہے اور امام اُس وقت رکوع کی حالت میں ہوتا ہے' تو ہمارے بعض مشائخ نے کہا ہے کہ اُس شخص کو چاہیے کہ وہ تکبیر کہہ کر رکوع میں چلا جائے اور پھر چلتا ہوا صف میں آ کر شامل ہو جائے' تاکہ اُس کی ایک رکعت فوت نہ ہو' ہمارے نزدیک اگر کوئی شخص مسلسل تین قدم ایک ساتھ چلتا ہے' تو اُس کی نماز باطل ہو جائے گی ورنہ مکروہ ہوگی' تاہم اکثر مشائخ کا قول یہ ہے کہ وہ تکبیر نہیں کہے گا تاکہ اُسے نماز کے دوران چلنا نہ پڑے۔

Marfat.com

مسئلہ: تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ جب کوئی شخص امام کو قیام کی حالت میں پا لے اور اسی دوران تکبیر کہہ دے پھر امام رکوع میں چلا جائے لیکن وہ شخص امام کے ساتھ رکوع نہ کرے اور امام کے رکوع کر لینے کے بعد وہ شخص رکوع میں جائے تو اُس شخص کو وہ رکعت مل جائے گی اسی طرح تمام فقہاء کا اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص قومہ میں امام کے ساتھ شامل ہوتا تو اُسے وہ رکعت نہیں ملے گی۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: جب کوئی شخص امام کو رکوع میں پا لے تو وہ کھڑے ہو کر تکبیر تحریمہ کہے اگر اُسے یہ گمان ہو کہ وہ رکوع میں شامل ہو سکتا ہے تو پہلے ثناء بھی پڑھ لے اور اگر عید کی نماز ہو تو اُس میں پہلے تکبیریں بھی کہے لیکن اگر اُسے یہ اندیشہ ہو کہ رکوع فوت ہو جائے گا تو رکوع میں چلا جائے اور رکوع کے درمیان ہی عید کی تکبیریں کہہ دے۔ (کافی)

مسئلہ: جب کوئی شخص کسی مسجد میں داخل ہوتا ہے اور وہاں نماز ہو چکی ہو تو اگر نماز کا وقت باقی ہو تو فرض سے پہلے جتنے چاہے نوافل ادا کر لے اس میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر وقت تنگ ہے تو فرض سے پہلے کوئی نفل ادا نہیں کرے گا صرف ظہر اور فجر کی سنتیں ادا کرے گا۔ اولیٰ یہ ہے کہ ان سنتوں کو کسی صورت میں بھی نہ چھوڑا جائے خواہ فرض نماز جماعت کے ساتھ ادا کی ہو یا ادا نہ کی ہو لیکن اگر فرض کا وقت ختم ہو جانے کا اندیشہ ہو تو پھر انہیں چھوڑ دے گا۔ (کفایہ)

•••———•••———•••

871 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ "يَا فُلَانُ اَلَا تُحَسِّنُ صَلَاتَكَ اَلَا يَنْظُرُ الْمُصَلِّي كَيْفَ يُصَلِّي لِنَفْسِهِ اِنِّيْ اُبْصِرُ مِنْ وَّرَائِي كَمَا اُبْصِرُ بَيْنَ يَدَيَّ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فلاں! کیا تم اپنی نماز کو بہتر نہیں کرنا چاہو گے نمازی کو اس بات کا جائزہ لینا چاہیے کہ وہ نماز کس طرح ادا کر رہا ہے کیونکہ میں اپنے پیچھے بھی اُسی طرح دیکھ لیتا ہوں جس طرح میں اپنے آگے دیکھتا ہوں۔

## 64 - باب الصَّلَاةِ بَعْدَ الظُّهْرِ

### باب: ظہر کے بعد (سنت یا نفل) نماز ادا کرنا

872 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهٖ وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ

871-اخرجه مسلم في الصلاة ، باب الامر بتحسين الصلاة و اتمامها و الخشوع فيها (الحديث 108) . تحفة الاشراف (14334) .

872-اخرجه البخاري في الجمعة، باب الصلاة بعد الجمعة و قبلها (الحديث 937) . واكرجه ابوداؤد في الصلاة، باب تفريع ابواب التطوع و ركعات السنة (الحديث 1252) . والحديث عند: مسلم في الجمعة، باب الصلاة بعد الجمعة (الحديث 71) . والنسائي في الجمعة، صلاة الامام بعد الجمعة (الحديث 1426)، و في الجمعة من الكبرى، الصلاة بعد الجمعة (الحديث 87) تحفة الاشراف (8343) .

Marfat.com

وَكَانَ لَا يُصَلِّي بَعْدَ الْجُمُعَةِ حَتَّى يَنْصَرِفَ فَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے دو رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے اور اس کے بعد بھی دو رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کے بعد دو رکعات (سنت) اپنے گھر میں ادا کرتے تھے' جبکہ عشاء کے بعد دو رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے بعد مسجد میں کوئی نماز ادا نہیں کرتے تھے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے جاتے (اور اپنے گھر میں) دو رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے۔

## 65 - باب الصَّلَاةِ قَبْلَ الْعَصْرِ وَذِكْرِ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ فِي ذٰلِكَ

### باب: عصر سے پہلے (سنت) نماز ادا کرنا

ابواسحاق کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں نقل کرنے والوں میں اختلاف کا تذکرہ

873 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ سَاَلْنَا عَلِيًّا عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّكُمْ يُطِيقُ ذٰلِكَ قُلْنَا اِنْ لَمْ نُطِقْهُ سَمِعْنَا . قَالَ كَانَ اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هَا هُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هَا هُنَا عِنْدَ الْعَصْرِ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَاِذَا كَانَتْ مِنْ هَا هُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هَا هُنَا عِنْدَ الظُّهْرِ صَلّٰى اَرْبَعًا وَيُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا وَبَعْدَهَا ثِنْتَيْنِ وَيُصَلِّي قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا يَفْصِلُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ بِتَسْلِيمٍ عَلَى الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ وَالنَّبِيِّينَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ .

☆☆ عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں' ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: تم میں سے کون اس کی طاقت رکھتا ہے؟ ہم نے عرض کی: ہم اس کی طاقت تو نہیں رکھتے' لیکن ہم اس کے بارے میں سن تو سکتے ہیں' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

جب سورج اس طرف سے یوں ہوتا تھا جیسے عصر کے وقت اس طرف یوں ہوتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت دو رکعات ادا کیا کرتے تھے' پھر جب سورج اس طرف سے یوں ہوتا تھا جو ظہر کے وقت اس طرف یوں ہوتا ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چار رکعات ادا کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعات ادا کرتے تھے' اس کے بعد دو رکعات ادا کرتے تھے' عصر سے پہلے چار رکعات ادا کرتے تھے اور ان کے درمیان میں ایک مرتبہ سلام پھیر کر فصل کرتے تھے' وہ سلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم مقرب فرشتوں' انبیاء کرام اور ان کی پیروی کرنے والے اہل ایمان اور مسلمانوں پر بھیجا کرتے تھے۔

### شرح

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ جب سورج

873-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب كيف كان تطوع النبي صلى الله عليه وسلم بالنهار (الحديث 598 و599) واخرجه النسائي في الامامة، الصلاة قبل العصر و ذكر اختلاف الناقلين عن ابي اسحاق في ذلك (الحديث 874) بنحوه مختصراً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة، باب ما جاء فيما يستحب من التطوع بالنهار (الحديث 1161) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (10137) .

Marfat.com

مشرق کی سمت میں اتنا ہوتا تھا' جتنا عصر کے وقت مغرب کی سمت میں ہوتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مراد یہ تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے وقت دو رکعات نماز ادا کیا کرتے تھے اور زوال سے کچھ پہلے چار رکعات ادا کیا کرتے تھے۔ اس نماز کا نام ''نماز اوابین'' تھا۔

یہاں فرشتوں پر سلام بھیجنے سے مراد تشہد پڑھنا ہے جیسا کہ اسحاق بن ابراہیم نے یہ بات نقل کی ہے۔

874 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَلِىَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى النَّهَارِ قَبْلَ الْمَكْتُوبَةِ قَالَ مَنْ يُطِيقُ ذٰلِكَ ثُمَّ اَخْبَرَنَا قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى حِيْنَ تَزِيغُ الشَّمْسُ رَكْعَتَيْنِ وَقَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَّجْعَلُ التَّسْلِيمَ فِىْ اٰخِرِهٖ ۔

☆☆ عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی بن اُبی طالب رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دن کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرض سے پہلے ادا کرتے تھے' تو انہوں نے فرمایا: کون اس کی طاقت رکھتا ہے؟ پھر انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورج بلند ہو جانے کے بعد دو رکعات نماز ادا کرتے تھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نصف النہار سے پہلے چار رکعات ادا کرتے تھے' ان کے آخر میں سلام پھیرا کرتے تھے۔

874-تقدم في الامامة، الصلاة قبل العصر وذكر اختلاف الناقلين عن ابي اسحاق في ذلك (الحديث 873) .

Marfat.com

# 11 - كِتَابُ الْإِفْتِتَاحِ

## (نماز کے) آغاز (کے بارے میں روایات)

امام نسائی نے اس کتاب ''(نماز کے) آغاز (کے بارے میں روایات)'' میں 89 تراجم ابواب اور 152 روایات نقل کی ہیں' جبکہ مکررات کو حذف کر دیا جائے تو روایات کی تعداد 91 ہوگی۔

## 1 - باب الْعَمَلِ فِي افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ

### باب: نماز کے آغاز کا طریقہ

875 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمٌ ح وَاَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ - هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ - عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ مُحَمَّدٍ - وَهُوَ الزُّهْرِيُّ - قَالَ اَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ التَّكْبِيرَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ يُكَبِّرُ حَتّٰى يَجْعَلَهُمَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوعِ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اِذَا قَالَ "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ." فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَقَالَ "رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ."

وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِينَ يَسْجُدُ وَلَا حِينَ يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنَ السُّجُودِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ نماز کے آغاز میں جب آپ نے تکبیر کہی تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کیا' اُس وقت جب آپ نے تکبیر کہی تھی اور انہیں دونوں کندھوں کے برابر لے آئے' جب آپ نے رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہی تو پھر آپ نے ایسا ہی کیا' پھر آپ نے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کہا تو پھر ایسا ہی کیا' پھر آپ نے رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ پڑھا پھر جب آپ سجدے میں گئے' تو آپ نے ایسا نہیں کیا اور نہ ہی اس وقت ایسا کیا جب آپ نے سجدے سے سر اُٹھایا تھا۔

### شرح

نماز کے آغاز میں تکبیر تحریمہ کہنا امام ابوحنیفہ کے نزدیک شرط ہے' جبکہ امام مالک' امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ نماز

875-اخرجه البخاري في الاذان، باب الى اين يرفع يديه (الحديث 738) . تحفة الاشراف (6841) .

Marfat.com

کارکن ہے۔

جمہور فقہاء نے اسے واجب قرار دیا ہے' جبکہ بعض اہل علم کے نزدیک یہ سنت ہے۔

امام مالک سے یہ روایت نقل کی گئی ہے' اگر کوئی مقتدی تکبیر تحریمہ کہنا بھول جاتا ہے' تو جب وہ رکوع میں جانے کے لئے تکبیر کہے گا' تو یہ تکبیر اس کے لئے تکبیر تحریمہ کی جگہ کفایت کر جائے گی۔

فقہائے حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک نماز کے آغاز میں صرف ''اللہ اکبر'' کہا جاسکتا ہے۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں: نماز کے آغاز میں ''اللہ الاکبر'' بھی کہا جاسکتا ہے۔

اس بارے میں امام ابوحنیفہ کا موقف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کسی بھی ایسے اسم کے ساتھ نماز کا آغاز کیا جاسکتا ہے جو تعظیم پر مشتمل ہو جیسے اللہ عظیم، اللہ کبیر، اللہ جلیل۔

## نماز کی شرائط کے احکام

مسئلہ: نماز کی شرائط ہمارے نزدیک سات ہیں:

احداث سے پاک ہونا' انجاس سے پاک ہونا' سترِ عورت ہونا' قبلہ کی طرف رخ ہونا' (نماز کا) وقت ہونا' نیت کرنا' تکبیر تحریمہ کہنا۔ (زاہدی)

## طہارت اور سترِ عورت کے احکام

مسئلہ: نمازی کے جسم' لباس اور نماز ادا کرنے کی جگہ کا نجاست سے پاک ہونا واجب ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: یہ حکم اس وقت ہے جب اتنی نجاست لگی ہوئی ہو کہ نماز کے لیے مانع ہو اور اس نجاست کو دور کرنے میں اس نجاست سے بڑھ کر کوئی خرابی موجود نہ ہو' یہاں تک کہ اگر اس طرح کی صورتِ حال درپیش ہو جائے کہ لوگوں کے سامنے ستر کھولے بغیر اس نجاست کو دور نہیں کیا جاسکتا تو اس نجاست کے ہمراہ ہی نماز ادا کر لی جائے گی' ایسی صورت میں اگر کوئی شخص نجاست دور کرنے کے لیے لوگوں کے سامنے ستر کھول لیتا ہے' تو فاسق ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: نجاست میں جسم کے ظاہری حصے کا اعتبار کیا جائے گا' اس لیے اگر کوئی شخص آنکھوں میں کوئی نجس سرمہ لگا لیتا ہے' تو اب اس کے لیے آنکھوں کا دھونا واجب نہیں ہوگا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر غلیظ نجاست درہم کی مقدار سے زیادہ ہو' تو اسے دھونا فرض ہے اور ایسی نجاست کے ہمراہ نماز ادا کرنا باطل ہے' لیکن اگر وہ درہم کی مقدار کے برابر ہو' تو اسے دھونا واجب ہوگا' اس کے ساتھ نماز ادا کرنا جائز ہوگا اور اگر وہ درہم کی مقدار سے کم ہو' تو اسے دھونا سنت ہوگا۔

مسئلہ: اگر خفیف نجاست ہو اور زیادہ نہ ہو تو یہ نماز کے جواز میں رکاوٹ نہیں بنتی ہے۔ (مضمرات)

Marfat.com

## ستر کے احکام

مسئلہ: نماز کے صحیح ہونے کے لیے ستر کو ڈھانپنا شرط ہے' اگر آدمی اس پر قدرت رکھتا ہو۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: مرد کا ستر ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک ہے۔

مسئلہ: ہمارے تینوں آئمہ کے نزدیک مرد کی ناف ستر میں شامل نہیں ہوگی اور تمام فقہاء کے نزدیک گھٹنے ستر میں شامل ہوں گے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: آزاد عورت کے چہرے' دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے علاوہ پورا جسم ستر ہے' یہ بات متون میں تحریر ہے' عورت کے سر کے بال ستر شمار ہوں گے' جو بال لٹکے ہوئے ہوتے ہیں' ان کے بارے میں دو روایات ہیں' صحیح قول کے مطابق وہ بھی ستر میں شمار ہوں گے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: کنیز کا ستر وہی ہے جو مرد کا ستر ہوتا ہے' البتہ اس کا پیٹ اور اس کی پیٹھ بھی ستر میں شامل ہوں گے۔

مسئلہ: کنیز کے حکم میں کنیزوں کی تمام اقسام شامل ہوں گی' جن میں اُم ولد' مدبرہ' مکاتبہ وغیرہ شامل ہیں۔ (تبیین)

مسئلہ: جو لڑکی قریب البلوغ ہو' اگر وہ سر پر کوئی چیز لیے بغیر نماز پڑھ لے تو استحسان کے پیش نظر اس کی نماز درست قرار دی جائے گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: نماز پڑھتے ہوئے اپنے ستر کو دوسروں سے چھپانا بالاتفاق فرض ہے' البتہ اپنے آپ سے چھپانا اکثر مشائخ کے نزدیک فرض نہیں ہے' اس لیے اگر کوئی شخص صرف قمیص پہن کر نماز ادا کر لیتا ہے' تہبند یا شلوار نہیں پہنتا اور وہ قمیص ایسی ہو کہ گریبان میں دیکھنے سے ستر نظر نہ آتا ہو' تو اکثر مشائخ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوگی' اگر کوئی شخص اندھیری جگہ پر برہنہ ہو کر نماز ادا کرتا ہے اور اس کے پاس کپڑا بھی موجود ہو' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس کی نماز درست نہیں ہوگی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: ایسے باریک کپڑے کو پہن کر نماز ادا کرنا جس میں سے بدن نظر آتا ہو' ایسی نماز جائز نہیں ہوگی۔ (تبیین)

## قابلِ ستر حصے کا کھل جانا

مسئلہ: قابلِ ستر حصے میں سے اگر تھوڑا سا حصہ کھول جائے تو وہ معاف ہے' کیونکہ اگر معاف نہ کیا جائے تو اس میں حرج پایا جائے گا' لیکن اگر زیادہ حصہ کھل جائے تو پھر وہ معاف نہیں ہوگا' کیونکہ اس میں حرج بھی نہیں ہوگا اور تھوڑے حصے سے مراد چوتھائی حصے یا اس سے کم حصے کا کھل جانا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کسی شخص کا نماز کے دوران ستر کھل جاتا ہے اور وہ کسی توقف کے بغیر اسی وقت چھپا لیتا ہے' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس کی نماز جائز ہوگی' لیکن اگر کوئی شخص کھلے ہوئے ستر کے ساتھ ایک رکن ادا کر لیتا ہے' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس کی نماز فاسد ہو جائے گی' اسی طرح اگر وہ شخص کھلے ہوئے ستر کے ساتھ اتنی دیر ٹھہرا رہتا ہے' جتنی دیر میں کوئی رکن ادا ہوتا ہے' تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوگی' البتہ اس مسئلے کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کوئی تصریح منقول نہیں ہے۔ (شرح نقایہ از الشیخ ابو المکارم)

Marfat.com

مسئلہ: کوئی کنیز اوڑھنی (یعنی سر کی چادر) کے بغیر نماز ادا کر رہی تھی اور نماز کے دوران ہی وہ آزاد ہوگئی تو اگر وہ اسی وقت تھوڑے عمل کے ذریعے سر پر چادر نہیں لیتی تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: تھوڑے عمل سے مراد یہ ہے کہ ایک ہاتھ کے ذریعے وہ عمل کیا جائے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: جس شخص کو جسم ڈھانپنے کے لیے کوئی کپڑا نہیں ملتا' وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے گا اور اشارے کے ساتھ رکوع اور سجدہ کرے گا' اگر وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرتا ہے' تو رکوع اور سجدہ کرے گا' تاہم پہلا طریقہ افضل ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اس بارے میں دن اور رات' گھر اور جنگل سب کا حکم برابر ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اسی طرح کسی شخص کے پاس کپڑا موجود نہیں تھا اور اس کے پاس کوئی ایسا شخص موجود تھا' جس کے پاس لباس ہو' تو وہ برہنہ نماز ادا کرے گا اور اگر کسی کو نماز کے درمیان کپڑا مل جاتا ہے' تو وہ از سرِ نو نماز ادا کرے گا۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اسی طرح اگر کپڑا ملنے کی اُمید ہو' تو نماز کو اس وقت تک مؤخر کر دے گا جب تک اس کے فوت ہونے کا اندیشہ نہ ہو' یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے اگر کسی شخص کو نماز ادا کرنے کے لیے پاک جگہ نہیں ملتی' لیکن پاک جگہ ملنے کی اُمید ہو' تو وہ اتنی دیر تک مؤخر کرے گا کہ نماز کے فوت ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔ (قنیہ)

مسئلہ: اگر مرد ریشمی کپڑا پہن کر نماز پڑھتا ہے' تو اس کی نماز جائز نہیں ہوگی' البتہ اگر اس ریشمی کپڑے کے علاوہ اور کوئی کپڑا نہ ہو' تو پھر برہنہ پڑھنے کی بجائے وہی کپڑا پہن کر نماز پڑھ لی جائے گی۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: مرد کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ تین کپڑے پہن کر نماز ادا کرے' ازار (یعنی تہبند' شلوار یا پاجامہ)' قمیص' عمامہ' البتہ اگر مرد ایک ہی کپڑے کے ذریعے پورا جسم ڈھانپ کر نماز پڑھ لیتا ہے' تو کسی کراہت کے بغیر جائز ہوگا' اسی طرح اگر صرف ازار (یعنی پاجامہ' شلوار یا تہبند) پہن کر پڑھ لیتا ہے' تو یہ بھی جائز ہوگا' لیکن ایسا کرنا مکروہ ہوگا۔

مسئلہ: عورت کے لیے بھی یہ بات مستحب ہے کہ وہ تین کپڑے پہن کر نماز ادا کر لے' قمیص' ازار (یعنی شلوار' پاجامہ یا تہبند) اور سر پر لینے والی چادر۔ (خلاصہ)

## ستر ڈھانپنے والے کپڑے کے پاک ہونے کے احکام

مسئلہ: اگر کسی شخص کو کوئی ایسا کپڑا ملتا ہے جس کا چوتھائی حصہ پاک تھا اور پھر وہ برہنہ ہو کر نماز ادا کر لیتا ہے' تو یہ جائز نہیں ہوگا' لیکن اگر ایسی صورتِ حال ہو کہ کپڑا چوتھائی حصے سے کم پاک تھا' یا پورے کا پورا نجس تھا تو اب آدمی کو اختیار ہوگا' اگر وہ چاہے' تو بیٹھ کر برہنہ ہو کر اشارے کے ساتھ نماز ادا کر لے' یا اس کپڑے کو پہن کر رکوع اور سجدے کے ساتھ نماز ادا کر لے' اور یہی افضل ہے۔ (کافی)

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی کو مردار جانور کی کھال ملتی ہے' جس کی دباغت نہیں ہوئی تھی اور اس کھال کے علاوہ ستر ڈھانپنے کے لیے اور کوئی بھی چیز نہیں ہے' تو اس کھال کے ذریعے ستر کو ڈھانپنا جائز نہیں ہوگا اور اسے پہن کر نماز پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔ (سراج الوہاج)

Marfat.com

مسئلہ: اگر دو مختلف قسم کے کپڑے مل جاتے ہیں' جن میں سے ہر ایک میں درہم کی مقدار سے زیادہ نجاست لگی ہوئی ہے تو بہتر یہ ہے کہ وہ کپڑا پہن کر نماز ادا کرلے' جس میں دونوں میں سے کم نجاست لگی ہوئی ہو۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس بارے میں اصول یہ ہے کہ جب کوئی شخص دو مختلف طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہو جائے اور وہ دونوں برابر کی حیثیت رکھتے ہیں' تو پھر آدمی کو اختیار ہے کہ ان میں سے کسی بھی ایک کو اختیار کرلے' لیکن اگر ان دونوں میں کچھ اختلاف ہو' تو آسان کو اختیار کرنا چاہیے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کسی شخص کے کپڑے پر غلیظ نجاست درہم کی مقدار سے زیادہ لگی ہوئی تھی اور اسے یہ نہیں پتہ چل سکا کہ یہ کب لگی تھی؟ تو اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ سابقہ کسی بھی نماز کا اعادہ نہیں کرے گا' یہی قول صحیح ہے۔ (محیط سرخسی' جوہرہ نیرہ)

## قبلہ کی طرف رخ کرنا

مسئلہ: فرض اور نفل نماز' سجدۂ تلاوت اور نمازِ جنازہ قبلہ کی طرف رخ کیے بغیر ادا نہیں کیے جاسکتے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مکہ میں رہنے والے شخص کا عین خانہ کعبہ کی طرف رخ کرنا لازم ہے۔ (قاضی خان) اس میں اس حوالے سے کوئی فرق نہیں ہوگا کہ نماز ادا کرنے والے شخص اور خانۂ کعبہ کے درمیان کوئی دیوار حائل ہے یا نہیں ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: یہاں تک کہ مکہ میں رہنے والا کوئی شخص اگر اپنے گھر میں نماز ادا کرتا ہے' تو وہ اس طرح ادا کرے گا کہ اگر درمیان میں سے دیواروں اور رکاوٹوں کو ہٹا دیا جائے تو خانہ کعبہ کا کوئی نہ کوئی جُز اس کے منہ کے عین سامنے ہونا چاہیے۔ (کافی)

مسئلہ: تاہم اگر کوئی شخص صرف حطیم کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرلے تو نماز جائز نہیں ہوگی۔ (محیط)

### جہتِ قبلہ کا حکم

مسئلہ: جو شخص مکہ سے باہر رہتا ہو' تو اس کا قبلہ خانۂ کعبہ کی جہت ہوگی' اکثر مشائخ اسی بات کے قائل ہیں۔ (تبیین)

مسئلہ: خانۂ کعبہ کی جہت مختلف شہروں میں بنی ہوئی محرابوں کے ذریعے پتہ چل سکتی ہے جو صحابہ کرام اور تابعین نے بنوائی تھیں' اس لیے ہم پر ان کی پیروی کرنا واجب ہے' اگر کسی بستی میں ایسی کوئی عمارت نہ ہو' تو وہاں کے لوگوں سے سمتِ قبلہ معلوم کی جائے گی' جبکہ دریاؤں اور جنگلات (یعنی ویرانوں) میں ستاروں کی مدد سے قبلہ کی سمت معلوم کی جائے گی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: (مکہ کے باہر کے علاقوں کے رہنے والوں کے لیے) خانہ کعبہ کی جہت کی طرف منہ کرنے کا اعتبار ہوگا' عمارت کا اعتبار نہیں ہوگا۔

مسئلہ: (اسی اصول کی بنیاد پر یہ کہا جاتا ہے کہ) گہرے کنویں' پہاڑ پر' اونچے ٹیلے پر اور خانہ کعبہ کی چھت پر نماز ادا کرنا جائز ہے' کیونکہ خانہ کعبہ کے عین اوپر ساتویں آسمان تک اور عین نیچے ساتویں زمین تک جہتِ قبلہ شمار ہوگی۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کوئی شخص خانۂ کعبہ کے اندر یا اس کی چھت پر نماز ادا کرتا ہے' وہ جس طرف بھی منہ کر کے نماز پڑھے گا' نماز جائز ہوگی' اگر کوئی شخص خانۂ کعبہ کی دیوار پر کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے' تو اب اس کا رخ قبلہ کی چھت کی طرف ہونا چاہیے' ورنہ نماز جائز

Marfat.com

نہیں ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی بیمار صاحبِ فراش ہے اور قبلہ کی طرف رخ نہیں کرسکتا اور اس کے پاس کوئی ایسا شخص بھی موجود نہیں ہے جو اس کا رخ قبلہ کی طرف کروا سکے تو وہ جدھر جی چاہے اُدھر منہ کر کے نماز ادا کرلے (بلکہ جدھر آسانی ہو اُدھر منہ کر کے نماز ادا کرلے)۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اسی طرح منہ پھیرنے والا شخص موجود ہے لیکن منہ پھیرنے کے نتیجے میں بیمار کو نقصان ہوگا تو بھی یہی حکم ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی شخص کو قبلہ کی طرف رخ کرنے میں کسی قسم کے نقصان کا خوف ہو تو جس جہت کی طرف بھی منہ کر کے وہ نماز ادا کرسکتا ہو اسی طرف منہ کر کے نماز ادا کرلے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: خواہ یہ اندیشہ دشمن کا خوف ہو کسی درندے کا ہو یا چور کا ہو اسی طرح اگر کوئی شخص دریا میں لکڑی پر تیر رہا ہو اور اسے یہ اندیشہ ہو کہ اگر قبلہ کی طرف رخ کیا تو ڈوب جائے گا تو بھی یہی حکم ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی عذر کے ساتھ کوئی فرض نماز یا عذر کے بغیر نفل نماز سواری پر بیٹھ کر ادا کر رہا ہو تو اس کے لیے یہ جائز ہے کہ سواری کا رخ جس بھی سمت میں ہو اُدھر ہی منہ کر کے نماز ادا کرلے۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: کشتی میں نماز ادا کرنے والے شخص کے لیے یہ حکم ہے کہ وہ فرض یا نفل نماز قبلہ کی طرف رخ کر کے ادا کرلے گا' کشتی میں یہ حکم نہیں ہے کہ اس کا رخ جس سمت میں بھی ہے' اُدھر ہی منہ کر کے نماز ادا کرلی جائے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کشتی گھوم جاتی ہے اور وہ شخص نماز ادا کر رہا ہو تو کشتی کے گھومنے کے ساتھ ہی وہ نماز کے دوران ہی وہ قبلہ کی طرف منہ کرلے گا۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

## سمتِ قبلہ مشتبہ ہونا

مسئلہ: اگر قبلہ کے بارے میں شبہ ہو جاتا ہے اور کوئی ایسا شخص سامنے موجود نہیں جس سے اس کے بارے میں پوچھا جا سکے تو خود اندازہ لگا کر قبلہ مقرر کر کے اس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرلی جائے گی۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اگر نماز ادا کرلینے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ اس کا گمان غلط تھا تو اب وہ اس نماز کو دوبارہ ادا نہیں کرے گا لیکن اگر نماز کے دوران پتہ چل جاتا ہے' تو پھر وہ نماز کے دوران ہی قبلہ کی طرف منہ کرلے گا اور باقی نماز قبلہ کی طرف منہ کر کے ادا کرے گا۔ (زاہدی)

مسئلہ: لیکن اگر کوئی ایسا شخص ساتھ موجود ہو جس سے قبلہ کے بارے میں پتہ کیا جا سکتا ہو تو اب اپنے اندازے کے ساتھ کسی طرف رخ کر کے نماز ادا کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اس طرح کی صورتِ حال میں اگر اس شخص سے پوچھے بغیر اپنے اندازے کے ساتھ نماز ادا کرلی تو اگر قبلہ کی طرف رخ کر کے ادا کی تھی تو نماز درست ہوگی اور اگر قبلہ کی طرف رخ کر کے ادا نہیں کی تھی تو نماز درست نہیں ہوگی۔ (منیۃ المصلی' شرح طحاوی)

Marfat.com

مسئلہ: کسی شخص کے پاس ہونے کی حد یہ ہے کہ اگر بلند آواز میں اسے پکارا جائے تو وہ شخص یہ بات سن لے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ویرانے میں سفر کر رہا تھا' اسے قبلہ کی سمت کے بارے میں شبہ ہو گیا' دو آدمیوں نے اسے اطلاع دی کہ قبلہ فلاں طرف ہے' تو اگر وہ دونوں بھی مسافر ہوں تو پھر ان کے قول پر توجہ نہیں دی جائے گی' لیکن اگر وہ اس جگہ کے رہنے والے ہوں تو اگر ان کا قول مانے بغیر نماز ادا کر لی تو یہ درست نہیں ہو گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ایک شخص نے اپنے اندازے کے ذریعے ایک سمت کو قبلہ تصور کیا' لیکن بعد میں دوسری سمت کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی تو اب اس پر لازم ہو گا کہ وہ اس نماز کو دوبارہ ادا کرے' اگرچہ دوسری طرف ادا کی جانے والی نماز قبلہ کی طرف رخ کر کے ہی ادا کی گئی ہو۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اسی طرح کی صورتِ حال میں کسی شخص نے کسی ایک سمت میں رخ کر کے نماز ادا کرنا شروع کی' نماز کے دوران اسے شک ہو گیا کہ شاید قبلہ اس طرف نہیں ہے' تو وہ اسی طرح نماز ادا کرتا رہے گا' لیکن جب اسے یقین ہو جائے کہ قبلہ اس طرف نہیں ہے' تو پھر وہ دوبارہ نماز ادا کرے گا' ایک شخص ویرانے میں قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کر رہا تھا' اس کے پیچھے آ کر ایک دوسرے شخص نے اندازہ لگائے بغیر محض امام کی اقتداء میں اسی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی تو اگر امام نے قبلہ کی طرف رخ کر کے ہی نماز ادا کی تھی تو دونوں کی نماز ہو جائے گی ورنہ امام کی نماز ہو گی اور مقتدی کی نہ ہو گی۔ (خلاصہ)

## نیت کے احکام

مسئلہ: نیت سے مراد نماز میں داخل ہونے کا ارادہ ہے اور اس کے لیے یہ بات شرط ہے کہ انسان کے ذہن میں یہ بات ہو کہ وہ کون سی نماز ادا کر رہا ہے اور اس کی صورت یہ ہو گی کہ اگر اس سے پوچھا جائے کہ تم کون سی نماز پڑھنے لگے ہو؟ تو وہ سوچے سمجھے بغیر فوراً جواب دیدے' اگر وہ تامل کیے بغیر جواب نہیں دے سکتا تو نماز جائز نہیں ہو گی' اس بارے میں زبان سے الفاظ ادا کرنے کا کوئی اعتبار نہیں ہو گا' اگر کوئی شخص زبان کے ساتھ الفاظ استعمال کر لیتا ہے' اور وہ دل کے ارادے کے ساتھ اکٹھے ہو جائیں تو بہتر ہے۔ (کافی)

مسئلہ: لیکن جس شخص کا ذہن منتشر ہو' اس کے لیے زبان سے کہنا کافی ہو گا۔ (زاہدی)

مسئلہ: نفل' سنت اور تراویح کے لیے محض نیت کر لینا کافی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: نمازِ تراویح ادا کرتے وقت تراویح یا اس وقت کی سنت یا رات کے نوافل کی نیت کرے۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: سنت ادا کرتے ہوئے احتیاط یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی پیروی میں نماز ادا کرنے کی نیت کرے۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ فرض اور واجب نماز صرف نماز کی نیت کرنے سے جائز نہیں ہوتی ہیں۔ (غیاثیہ)

مسئلہ: اس کے دل میں یہ یقین ہونا چاہیے کہ وہ آج کے دن کی ہی ظہر یا آج کے دن کی ہی عصر یا اس وقت کی فرض نماز ادا کر رہا ہے۔

مسئلہ: نمازِ جنازہ میں یہ نیت کی جائے گی کہ نماز اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور دعا اس میت کے لیے ہے۔

Marfat.com

مسئلہ: عید کی نماز میں نمازِ عید کی اور وتر کی نماز میں وتر کی نماز کی نیت کی جائے گی۔ (زاہدی)

مسئلہ: وتر کی نماز میں یہ نیت نہیں کی جائے گی کہ یہ واجب ہے کیونکہ اس کے وجوب میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اس طرح نذر کی نماز ادا کرتے ہوئے اور طواف کے بعد کی دو رکعات ادا کرتے ہوئے تعیین شرط ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: رکعات کی تعداد کی نیت شرط نہیں ہے۔ (شرح الوقایہ)

مسئلہ: اس لیے اگر کوئی شخص پانچ رکعات کی نیت کرتا ہے اور چار رکعات کے بعد بیٹھ جاتا ہے تو یہ جائز ہوگا اور پانچویں رکعت کی نیت لغو شمار ہوگی۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: نیت کرتے وقت کعبہ کی طرف رخ کرنا شرط نہیں ہے' یہی قول صحیح ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: قضاء نماز ادا کرتے وقت بھی تعیین شرط ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: دل میں ظہر کی نیت کی تھی اور زبان سے عصر نکل گیا تو یہ جائز ہوگا۔ (قنیہ)

مسئلہ: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کو تین چیزوں کی نیت ضرور کرنی چاہیے' ایک یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لیے نماز پڑھ رہا ہے' دوسرا اس بات کا تعین کرلے کہ وہ کون سی نماز پڑھ رہا ہے؟ اور تیسرا قبلہ کی طرف رخ کرنے کی نیت کرلے' تاکہ سب کے نزدیک نماز جائز ہو جائے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: امام کی نیت بھی وہی ہوگی جو تنہا نماز ادا کرنے والے کی ہوتی ہے' اس کے لیے امامت کی نیت کرنا شرط نہیں ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص یہ نیت کرے کہ میں فلاں شخص کی امامت نہیں کروں گا اور وہ شخص اس کے پیچھے آکر نماز ادا کرلے تو نماز جائز ہوگی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: البتہ مقتدی امام کی اقتداء کرنے کی بھی نیت کرے گا' کیونکہ نیت کے بغیر اقتداء درست نہیں ہوگی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر مقتدی یہی نیت کرتا ہے کہ میں وہی نماز شروع کر رہا ہوں جو امام پڑھ رہا ہے یا میں امام کی نماز کی پیروی کر رہا ہوں تو یہ بھی جائز ہے۔ (معراج الدرایہ)

مسئلہ: اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ نیت نماز کے آغاز میں نماز کے ساتھ ہی ہونی چاہیے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: ریاکاری کا فرض نماز کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے فرض نماز پڑھنا شروع کرتا ہے اور پھر اس کے دل میں ریا داخل ہو جاتی ہے' تو اس کی نماز اسی طرح ادا ہوگی جس طرح شروع کی تھی' ریاکاری سے مراد یہ ہوتی ہے کہ جب آدمی اکیلا ہو' تو نماز ادا نہ کرے اور جب لوگوں کے سامنے ہو' تو ان کو دکھانے کے لیے نماز ادا کرے' لیکن جو شخص لوگوں کے سامنے اچھی طرح سے نماز ادا کرتا ہے اور اکیلے میں اچھی طرح سے نماز ادا نہیں کرتا ہے' تو اسے نماز پڑھنے کا ثواب مل جائے گا' اچھی طرح سے نماز پڑھنے کا ثواب نہیں ملے گا۔ (مضمرات)

•••———•••———•••

Marfat.com

## 2 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ قَبْلَ التَّكْبِيرِ

### باب: تکبیر کہنے سے پہلے رفع یدین کرنا

876 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى تَكُوْنَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ يُكَبِّرُ - قَالَ - وَكَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يُكَبِّرُ لِلرُّكُوْعِ وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ وَيَقُوْلُ "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ." وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِى السُّجُوْدِ .

☆☆ سالمؒ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ جب آپ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے' تو آپ نے رفع یدین کیا' یہاں تک کہ دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھائے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی۔ راوی کہتے ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہی تو بھی ایسا ہی کیا' جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو بھی ایسا ہی کیا' پھر آپ نے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کہا' لیکن آپ نے سجدے میں (یعنی دونوں سجدوں کے دوران) ایسا نہیں کیا۔

### شرح

## نماز کا طریقہ

### نماز کے فرائض

مسئلہ: نماز کا ایک فرض تکبیر تحریمہ ہے اور یہ ہمارے نزدیک شرط ہے' اگر کوئی شخص فرض نماز کے لیے تکبیر تحریمہ کہہ دیتا ہے' تو اب اسے اختیار ہوگا کہ وہ اس کے ذریعے نفل ادا کر لے۔ (ہدایہ) تاہم ایسا کرنا مکروہ ہوگا' کیونکہ فرض سے باہر جانے کا جو مشروع طریقہ تھا' اس شخص نے اسے ترک کر دیا ہے۔

مسئلہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ ایک فرض کی تکبیر تحریمہ کے ذریعے دوسرا فرض ادا نہیں کیا جا سکتا' اسی طرح نفل کی تکبیر تحریمہ کے ذریعے فرض نماز ادا نہیں کی جا سکتی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: تکبیر تحریمہ کہنے کے وقت انسان کے جسم پر نجاست لگی ہوئی تھی' تکبیر تحریمہ کے کہنے کے ساتھ ہی اسے صاف کر دیا یا ستر کھلا ہوا تھا' ساتھ ہی اسے ڈھانپ لیا یا زوال کا وقت ہونے والا تھا' تکبیر تحریمہ کہنے کے ساتھ ہی زوال کا وقت ہو گیا یا تکبیر تحریمہ کہنے سے پہلے قبلہ کی طرف رخ نہیں تھا اور کہنے کے فوراً بعد قبلہ کی طرف رخ کر لیا تو یہ نماز جائز ہوگی۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر نماز کو سبحان اللہ یا لا الٰہ الا اللہ کے ذریعے شروع کرے تو صحیح ہے' تاہم زیادہ بہتر یہ ہے کہ تکبیر کہہ کر شروع کیا

876-اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الاحرام و الركوع و في الرفع من الركوع و انه لا يفعله اذا رفع من السجود (الحديث 23) . والحديث عند: البخاري في الاذن، باب رفع اليدين اذا كبر و اذا ركع واذا رفع (الحديث 736) . تحفة الاشراف (6979) .

Marfat.com

جائے۔ (تبیین)

مسئلہ: تکبیر کہے بغیر نماز شروع کرنے کے بارے میں مشائخ میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض حضرات نے اسے مکروہ قرار دیا ہے اور یہی قول صحیح ہے۔ (ذخیرۂ محیط' ظہیریہ)

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اصول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وہ اسماء جو صرف تعظیم کے لیے ہیں' ان سے نماز کا آغاز کرنا جائز ہے' جیسے اللّٰہ' الٰہ' سبحان اللّٰہ' لا الٰہ الا اللّٰہ۔ (تبیین)

مسئلہ: الحمد للّٰہ اور تبارك اللّٰہ کا بھی یہی حکم ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اسی طرح اگر اللّٰہ اجل یا اللّٰہ اعظم یا الرحمٰن اکبر کہا تو امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہوگا' لیکن اگر اللہ تعالیٰ کا اسم صفت ذکر کیا جاتا ہے اور اسم ذات ذکر نہیں کیا جاتا تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز درست نہیں ہوگی۔ (جوہرہ نیرہ' سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر آغاز میں اللّٰھم کہہ دیا تو نماز مشروع ہوگی۔ (خلاصہ' قاضی خان)

مسئلہ: اگر صرف اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کیا اور صفت کا تذکرہ نہ کیا جیسے اللّٰہ کہہ دیا یا الرحمٰن کہہ دیا یا ربّ کہہ دیا اور مزید کچھ نہ کہا تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز شروع ہو جائے گی۔ (تبیین)

مسئلہ: پھر اس بارے میں فقہاء کا اختلاف پایا جاتا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صرف ان اسماء کے ذریعے نماز شروع کی جاسکتی ہے جو اسماء اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہیں' جن اسماء میں مشترک ہونے کا مفہوم پایا جاتا ہے' ان کے ذریعے نماز شروع نہیں کی جاسکتی' تاہم صحیح قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر اسم کے ذریعے نماز شروع ہو جاتی ہے' یہ بات کرخی نے بھی ذکر کی ہے اور مرغینانی نے بھی اسی پر فتویٰ دیا ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ اللّٰھم اغفرلی (اے اللہ! تو میری مغفرت کردے) تو اس کی نماز شروع تصور نہیں ہوگی' کیونکہ یہاں خالص تعظیم نہیں پائی جاتی بلکہ بندے کی ضرورت بھی ساتھ ملی ہوئی ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اسی طرح استغفر اللّٰہ' اعوذ باللّٰہ' انا للّٰہ' لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ' ماشاء اللّٰہ کہا تو نماز شروع نہیں ہوگی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر تعجب کے اظہار کے طور پر اللّٰہ اکبر کہا اور تعظیم کا ارادہ نہیں کیا یا مؤذن کے جواب میں اللّٰہ اکبر کہا تو اس کے ذریعے نماز شروع نہیں ہوگی' اگرچہ نماز کی نیت کرچکا ہو۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اگر بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لی تو نماز شروع نہیں ہوگی۔ (تبیین)

مسئلہ: نماز اس وقت شروع شمار ہوگی' جب کھڑے ہو کر تکبیر کہی جائے یا ایسی حالت میں کہی جائے کہ جب انسان رکوع کی بہ نسبت قیام کے قریب ہو۔ (زاہدی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص بیٹھ کر تکبیر کہہ دے اور پھر کھڑا ہو جائے تو نماز شروع نہیں ہوگی' البتہ نفل کا حکم مختلف ہے کیونکہ اگر آدمی

Marfat.com

کو قیام کی قدرت ہو پھر بھی وہ بیٹھ کر نفل شروع کر سکتا ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مقتدی کو امام کی تحریمہ کے ساتھ ہی تکبیر تحریمہ کہہ دینی چاہیے جبکہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مقتدی کو امام کے تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد تکبیر تحریمہ کہنی چاہیے اور فتویٰ ان دونوں کے قول پر ہے۔

مسئلہ: مقتدی نے امام کو رکوع میں پایا اور لفظ اللہ قیام کی حالت میں کہا اور لفظ اکبر رکوع میں جا کر کہا تو نماز شروع نہیں ہو گی۔

مسئلہ: اگر مقتدی نے امام کو رکوع میں پایا اور کھڑے ہو کر تکبیر کہی' لیکن ارادہ یہ کیا کہ رکوع کی تکبیر کہہ رہا ہے' تو بھی نماز جائز ہوگی اور نیت لغو ہو جائے گی۔

مسئلہ: ان میں سے ایک فرض' قیام کرنا ہے' فرض اور وتر کی نماز میں قیام فرض ہے۔ (جوہرہ نیرہ' سراج الوہاج)

مسئلہ: اتنی تھوڑی سی دیر کے لیے کھڑے ہونا جسے قیام کہا جا سکتا ہو' اس کے ذریعے یہ فرض ادا ہو جاتا ہے۔ (کافی)

مسئلہ: کھڑے ہونے کا طریقہ یہ ہوگا کہ اگر کوئی شخص اپنے ہاتھ لمبے کرے تو وہ گھٹنوں تک نہ پہنچ سکیں اور کسی عذر کے بغیر ایک پاؤں پہ کھڑے ہونا مکروہ ہے' البتہ نماز جائز ہوگی' البتہ عذر ہو تو مکروہ نہیں ہوگا۔ (جوہرہ نیرہ' سراج الوہاج)

مسئلہ: ان میں سے ایک فرض' قرأت کرنا ہے' یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فرض ہے اور ایک آیت کی تلاوت کے ذریعے ادا ہو جاتا ہے خواہ وہ آیت چھوٹی ہو۔ (محیط' خلاصہ)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: تاہم صرف ایک چھوٹی آیت کی تلاوت پر اکتفاء کرنے والا گناہگار ہوگا۔ (وقایہ)

مسئلہ: پھر امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب کوئی شخص چھوٹی آیت تلاوت کر دے جو چند کلمات پر یا دو کلمات پر مشتمل ہو' جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ (المدثر: ۲۰-۲۱)

تو اس کے جواز میں مشائخ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

مسئلہ: لیکن اگر کوئی شخص کوئی ایسی آیت تلاوت کرتا ہے جو صرف ایک کلمے پر مشتمل ہو' جیسے لفظ مدھامتان' یا کوئی آیت ایک حرف پر مشتمل ہو' جیسے ص' ن' ق۔

مسئلہ: تو اس مسئلے کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' صحیح یہ ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

(شرح مجمع از ابن الملک' ظہیریہ' سراج الوہاج' فتح القدیر)

مسئلہ: جب کوئی شخص دو رکعات میں ایک طویل آیت کی تلاوت کرے' جیسے آیۃ الکرسی یا قرض کے لین دین سے متعلق (سورۃ البقرہ کی آیت) اس کا کچھ حصہ ایک رکعت میں پڑھ لے' باقی حصہ دوسری رکعت میں پڑھ لے تو تمام فقہاء کے نزدیک ایسا کرنا جائز ہے۔ (محیط)

Marfat.com

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (کافی منیۃ المصلی)

مسئلہ: جہاں تک قرأت کی حد کا تعلق ہے تو ہم یہ کہتے ہیں کہ حروف کو صحیح ادا کرنا ایک ایسا حکم ہے جو بہت ضروری ہے اگر کوئی شخص حروف زبان کے ذریعے صحیح ادا کرتا ہے لیکن اسے خود اس کی آواز نہیں آتی تو یہ جائز نہیں ہوگا' عام مشائخ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: یہی قول مختار ہے۔ (سراجیہ) یہی صحیح ہے۔ (نقایہ)

مسئلہ: ذبح کرتے وقت تسمیہ پڑھنے' قسم اُٹھاتے وقت استثناء کرنے' طلاق دینے' غلام آزاد کرنے' ایلاء کرنے اور خرید وفروخت میں بھی اس اصول کے مطابق حکم بیان کیا جائے گا۔

مسئلہ: خواہ وہ دو رکعات والی نماز ہو' تین رکعات والی ہو یا چار رکعات والی ہو' خواہ یہ دونوں رکعات پہلی دو رکعات ہوں' آخر والی دو ہوں یا دو مختلف رکعات ہوں۔ (شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: یہاں تک کہ اگر کوئی شخص ان میں سے کسی ایک رکعت میں بھی قرأت نہیں کرتا یا ایک رکعت میں قرأت کر لیتا ہے' تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (شمنی شرح نقایہ)

مسئلہ: وتر اور نوافل کی تمام رکعات میں قرأت کی جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نیند کے دوران قرأت کر لیتا ہے' تو صحیح قول کے مطابق یہ جائز نہیں ہوگا۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: کسی عذر کے بغیر فارسی میں تلاوت کرنا جائز نہیں ہوگا' یہ حکم امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے اور اسی کے مطابق فتویٰ دیا جاتا ہے۔ (شرح نقایہ از الشیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فارسی یا کسی بھی زبان میں تلاوت کرنا جائز ہوگا' یہی قول صحیح ہے' تاہم ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے صاحبین کے قول کی طرف رجوع کر لیا تھا' اسی بات پر اعتماد بھی ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: کتاب التحقیق میں یہ بات تحریر ہے کہ عام محققین کے نزدیک یہی قول مختار ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

(شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: اور یہی قول صحیح ہے۔ (مجمع البحرین)

مسئلہ: ان میں سے ایک فرض' رکوع کرنا ہے' رکوع میں اتنی مقدار واجب ہے' جس پر لفظ رکوع کا اطلاق کیا جا سکے اور وہ اس حد تک پہنچ جائے کہ بعد میں جب اپنے دونوں ہاتھ ہلائے تو وہ گھٹنوں تک پہنچ سکیں۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص قیام سے سجدے میں چلا جاتا ہے اور سنت پر عمل نہیں کرتا' یعنی وہ اونٹ کے بیٹھنے کی طرح سیدھا ہی جھک جاتا ہے' تو یہ جھکنا رکوع کی جگہ جائز ہوگا۔

مسئلہ: اگر کسی کبڑے شخص کی پیٹھ پہلے ہی رکوع کی حد تک جھکی ہوئی ہو' تو وہ رکوع کرنے کے لیے صرف سر کی طرف سے اشارہ کرے گا۔ (خلاصہ' تجنیس)

Marfat.com

مسئلہ: رکوع کا وقت قرأت سے فارغ ہونے کے بعد ہے' یہی قول صحیح ہے۔ (محیط)

مسئلہ: نماز کا ایک فرض سجدہ کرنا ہے' دوسرا سجدہ بھی پہلے سجدے کی مانند فرض ہے' اس پر اُمت کا اجماع ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: سجدہ کرنے کا مکمل سنت طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنی پیشانی اور ناک دونوں کو زمین پر رکھے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کو زمین پر رکھتا ہے' تو اگر کسی عذر کی وجہ سے ہو' تو یہ مکروہ نہیں ہوگا' لیکن اگر کسی عذر کے بغیر ہو' تو اگر اس نے اپنی پیشانی رکھی اور ناک نہ رکھی تو اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ جائز ہے' تاہم مکروہ ہے لیکن اگر اس کے برعکس ہو (یعنی صرف ناک رکھی اور پیشانی نہیں رکھی) تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہی حکم ہے' جبکہ صاحبین کے نزدیک ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا اور فتویٰ بھی اسی بات پر ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص اپنا رخسار یا اپنی ٹھوڑی زمین پر رکھ لیتا ہے' تو یہ جائز نہیں ہوگا' نہ ہی عذر کی حالت میں جائز ہوگا' نہ ہی عذر کے بغیر جائز ہوگا' البتہ اگر کوئی شخص معذور ہو' تو وہ اشارے کے ذریعے سجدہ کرے گا' اس طرح سے سجدہ نہیں کرے گا۔ (خزانۃ المفتیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص گھاس' بھس' روئی' بچھونے' برف پر سجدہ کرتا ہے' تو اگر اس کی پیشانی اور ناک اس پر ٹھہر جاتے ہیں اور اسے ان کی سختی محسوس ہوتی ہے' تو یہ جائز ہوگا' اگر نہیں ٹھہرتے تو جائز نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اگر سجدے کی جگہ' نمازی کے پاؤں کی جگہ سے' کھڑی ہوئی ایک یا دو اینٹوں کے برابر بلند ہو' تو سجدہ جائز ہوگا' اگر اس سے زیادہ بلند ہو' تو سجدہ جائز نہیں ہوگا۔ (زاہدی)

مسئلہ: اینٹ کی حد ایک چوتھائی ذراع (یعنی انگلی سے لے کر کہنی تک کے فاصلے کا چوتھا حصہ) ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سجدے میں ہاتھوں اور گھٹنوں کو زمین پر نہیں رکھتا تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز جائز ہوگی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سجدہ کرتے وقت دونوں پاؤں زمین پر نہیں رکھتا تو یہ جائز نہیں ہوگا اور اگر کسی عذر کے بغیر ایک پاؤں رکھتا ہے' تو کراہت کے ساتھ یہ جائز ہوگا۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: پاؤں رکھنے کا مطلب انگلی رکھنا ہے' اگرچہ ایک ہی انگلی ہو' اگر کسی شخص نے پاؤں کا تلوا رکھ دیا اور انگلیاں نہ رکھیں یعنی جگہ کی تنگی کی وجہ سے ایسا کیا تو اگر ایک پاؤں رکھ لیا تو نماز جائز ہوگی' یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح کھڑا ہونے والا شخص ایک پاؤں پر نماز ادا کرتا ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: نماز کا ایک فرض آخری قعدہ ہے جو تشہد کی مقدار کے برابر ہوتا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: تشہد کے الفاظ التحیات سے لے کر عبدہٗ ورسولہ تک ہیں' یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: اگر مقتدی امام سے پہلے یہ کلمات پڑھ کر فارغ ہو جائے اور کلام کر لے تو اس کی نماز پوری شمار ہوگی۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: فرض اور نفل دونوں نمازوں میں آخری قعدہ فرض ہے' اگر کوئی شخص دو رکعات ادا کر رہا تھا اور ان کے آخر میں بیٹھا نہیں' کھڑا ہو گیا اور چل پڑا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (خلاصہ)

Marfat.com

مسئلہ: اپنے اختیار سے نماز سے باہر نکلنا فرض نہیں ہے' یہی قول صحیح ہے۔ (تبیین' عینی شرح کنز)

## نماز کے واجبات کے احکام

مسئلہ: تین یا چار رکعات والی فرض نماز کی ابتدائی دو رکعات میں فرض قرأت کرنا واجب ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص چار رکعات والی نماز کی آخری دو رکعات میں قرأت کر لے' لیکن پہلی دو رکعات میں قرأت نہ کرے' یا پہلی دو میں سے کسی ایک میں قرأت کر لے' اور آخری دو میں سے کسی ایک میں قرأت کر لے' اور وہ بھول کر ایسا کرے' تو اس پر سجدۂ سہو کرنا واجب ہو گا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: پہلی دو رکعات میں سورۂ فاتحہ پڑھنا اور سورۂ فاتحہ کے بعد' اس کے ساتھ کوئی سورت ملانا' یا کسی سورت کے قائم مقام تین چھوٹی' یا ایک بڑی آیت کی تلاوت کرنا' بھی واجب ہے۔ (نہرالفائق)

مسئلہ: نفل اور وتر کی تمام رکعات میں قرأت کرنا واجب ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: سورۂ فاتحہ کو دوسری سورت سے پہلے پڑھنا واجب ہے۔ (نہرالفائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلی یا دوسری سورت میں سورۂ فاتحہ پڑھنی بھول جاتا ہے اور بعد والی سورت پڑھ لیتا ہے پھر اسے یاد آتا ہے' تو وہ پہلے سورۃ الفاتحہ پڑھے گا اور اس کے بعد دوسری سورت پڑھے گا۔ ظاہر الروایۃ میں یہی حکم ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص عشاء کی پہلی دو رکعات میں دوسری سورت پڑھ لیتا ہے' لیکن سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتا تو اب وہ آخری دو رکعات میں سورۃ الفاتحہ کا اعادہ نہیں کرے گا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص ان دو رکعات میں سورۃ الفاتحہ پڑھ لیتا ہے لیکن دوسری سورت نہیں پڑھتا تو وہ آخری دو رکعات میں سورۂ فاتحہ بھی پڑھے گا اور اس کے ساتھ کوئی دوسری سورت بھی پڑھے گا اور انہیں بلند آواز میں پڑھے گا' صحیح قول یہی ہے۔

(ہدایہ)

مسئلہ: یہ بات بھی واجب ہے کہ پہلی دو رکعات میں سورۂ فاتحہ کو ایک ہی مرتبہ پڑھا جائے گا' اس سے زیادہ مرتبہ نہیں پڑھا جائے گا۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلی دو رکعات میں' یا پہلی دو میں سے کسی ایک رکعت میں' سورۂ فاتحہ کو دو مرتبہ پڑھ لیتا ہے' تو اس پر سجدۂ سہو کرنا لازم ہو گا لیکن اگر کوئی شخص سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد کوئی دوسری سورت پڑھ لے پھر سورۂ فاتحہ پڑھ لے تو اس پر سجدۂ سہو لازم نہیں ہو گا۔ (ظہیریہ' تجنیس' زاہدی)

مسئلہ: (اصول یہ ہے) نماز میں ہر رکعت میں دوبارہ کیے جانے والے ہر فعل جیسے سجدے' اور پوری نماز میں دوبارہ کیے جانے والے ہر فعل یعنی رکعات کی تعداد میں' ترتیب کا خیال رکھنا واجب ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص پہلی رکعت میں ایک سجدہ بھول جاتا ہے اور نماز کے آخر میں وہ سجدہ کر لیتا ہے' تو یہ جائز ہو گا۔ یہی وجہ ہے کہ مسبوق شخص امام کے فارغ ہونے کے بعد جو نماز ادا کرتا ہے' ہمارے نزدیک اس کی وہ رکعت پہلی شمار ہوتی ہے' اگر ترتیب کو فرض قرار دیا جاتا' تو اس مسبوق کی وہ رکعت

Marfat.com

آخری رکعت شمار ہوتی۔

مسئلہ: (اصول یہ ہے) جو افعال ہر رکعت میں مکرر نہیں ہوتے ہیں جیسے قیام کرنا' رکوع کرنا یا جو افعال پوری نماز میں مکرر نہیں ہوتے ہیں' جیسے آخری قعدہ۔ ان میں ترتیب فرض ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص قیام کرنے سے پہلے رکوع کر لیتا ہے یا رکوع کرنے سے پہلے سجدہ کر لیتا ہے' تو یہ جائز نہیں ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ رکوع کے بعد قومہ کرتے ہوئے اعتدال کرنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک واجب نہیں ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اسی طرح دو سجدوں کے درمیان بیٹھتے وقت اطمینان سے بیٹھنا بھی واجب نہیں ہے۔ (کافی)

مسئلہ: رکوع کے بعد قوموں میں اعتدال کرنا اور دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا ایک روایت کے مطابق صاحبین کے نزدیک واجب ہے۔ (ظہیریہ) اور یہی قول صحیح ہے۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: ارکان کی تعدیل سے مراد یہ ہے کہ اعضاء کو اتنی پُرسکون حالت میں رکھا جائے کہ جوڑ اپنی جگہ پر آ جائیں اور اس کی کم از کم مقدار ایک مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے برابر ہے۔ (عینی شرح کنز' نہر الفائق)

مسئلہ: تشہد کی مقدار کے برابر پہلا قعدہ کرنا واجب ہے' اس وقت جب آدمی چار رکعات یا تین رکعات والی نماز میں دوسری رکعت کا دوسرا سجدہ کرنے کے بعد بیٹھتا ہے' یہی قول صحیح ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: آخری قعدہ میں تشہد پڑھنا واجب ہے' اسی طرح پہلے قعدہ میں بھی (واجب ہے) یہی قول صحیح ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: یہی قول زیادہ بہتر ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: تشہد کے کلمات یہ ہیں:

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

''ہر طرح کی زبانی' جسمانی اور مالی عبادات اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہیں' اے نبی! آپ پر سلام ہو' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں نازل ہوں' ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر بھی سلام ہو' میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں''۔ (زاہدی)

مسئلہ: یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول تشہد کے کلمات ہیں اور انہیں اختیار کرنا زیادہ بہتر ہے' اس تشہد کے مقابلے میں جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: یہ بات ضروری ہے کہ آدمی تشہد کے ان کلمات کو اپنی طرف سے ادا کرنے کا ارادہ کرے یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں اپنی گزارش پیش کر رہا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر' اپنے آپ پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام بھیج رہا ہے۔ (زاہدی)

Marfat.com

مسئلہ: (سلام پھیرتے وقت) لفظ سلام بولنا واجب ہے۔ (کنز)

مسئلہ: وتر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا اور عیدین کی تکبیرات بھی واجب ہیں' یہی قول صحیح ہے' یہاں تک کہ انہیں ترک کرنے پر سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' جن نمازوں میں بلند آواز میں قرأت کی جاتی ہیں' ان میں بلند آواز میں قرأت کرنا اور جن میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے' ان میں پست آواز میں قرأت کرنا واجب ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص امامت کر رہا ہو' تو فجر کی دونوں رکعات میں' جبکہ مغرب اور عشاء کی پہلی دو رکعات میں' بلند آواز میں قرأت کرے گا اور آخری رکعات میں پست آواز میں قرأت کرے گا۔ (زاہدی)

مسئلہ: امام ظہر اور عصر کی نماز میں پست آواز میں قرأت کرے گا' خواہ عرفہ میں موجود ہو۔

مسئلہ: جمعہ اور عیدین کی نماز میں امام بلند آواز میں قرأت کرے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: امام تراویح کی نماز اور ان کے بعد ادا کیے جانے والے وتر کی نماز میں بلند آواز میں قرأت کرے گا۔

مسئلہ: جب کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو' تو اگر وہ کوئی ایسی نماز ہو جس میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے' تو وہ لازمی طور پر اس میں پست آواز میں قرأت کرے گا' یہی قول صحیح ہے' لیکن اگر وہ کوئی ایسی نماز ہے جس میں بلند آواز میں قرأت کی جاتی ہے' تو اب آدمی کو اختیار ہے (اگر وہ چاہے' تو بلند آواز میں کر لے اگر چاہے' تو پست آواز میں کر لے) تاہم بلند آواز میں کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے لیکن اتنی بلند آواز نہیں کی جائے گی' جتنی امام کی ہوتی ہے کیونکہ وہ شخص کسی دوسرے کو قرأت نہیں سنانا چاہتا۔ (تبیین)

مسئلہ: امام بلند آواز میں قرأت کرتے وقت اپنے آپ کو مشقت کا شکار نہ کرے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر امام لوگوں کی ضرورت سے زیادہ بلند آواز کر لیتا ہے' تو یہ بُرا ہے کیونکہ امام کے آواز بلند کرنے کا مقصد صرف لوگوں کو قرأت سنانا ہے تاکہ وہ اسکی قرأت میں غور وفکر کریں تاکہ انہیں حضوریٔ قلب نصیب ہو۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: اگر ذکر (یعنی تکبیر کہنا) نماز کے لیے واجب ہو' تو اسے بلند آواز میں کہا جائے گا جیسے نماز کے آغاز میں کہی جانے والی تکبیر اور اگر وہ فرض نہ ہو' بلکہ اسے علامت کے لیے مقرر کیا گیا ہو' تو بھی اسے بلند آواز میں کہا جائے گا' جیسے جھکتے وقت اور اُٹھتے وقت ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے وقت کہی جانے والی تکبیرات ہیں' یہ اس وقت ہے جب آدمی امامت کر رہا ہو جہاں تک تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کا تعلق ہے یا امام کی اقتداء میں نماز ادا کرنے والے شخص کا تعلق ہے' تو وہ بلند آواز میں یہ تکبیرات نہیں کہیں گے۔

مسئلہ: اگر تکبیرات بعض نمازوں کے ساتھ مخصوص ہوں' جیسے عیدین کی تکبیرات ہیں' تو انہیں بلند آواز میں کہا جائے گا' قنوت کا بھی یہی حکم ہے' اہلِ عراق کا یہی مذہب ہے اور صاحبِ ہدایہ نے اس بات کو اختیار کیا ہے کہ اسے پست آواز میں کہا جائے گا' اس کے علاوہ جتنا بھی ذکر ہے' اسے بلند آواز میں نہیں کیا جائے گا جیسے تشہد کے کلمات پڑھنا' آمین کہنا (رکوع اور سجدے میں) تسبیح پڑھنا۔ (بحرالرائق)

Marfat.com

مسئلہ: دن کے نوافل ادا کرتے وقت لازمی طور پر پست آواز میں قرأت کی جائے گی اور رات کے نوافل میں آدمی کو اختیار ہے (اگر چاہے تو بلند آواز میں قرأت کرے اگر چاہے تو پست آواز میں کرے)۔ (زاہدی)

مسئلہ: آواز کے بلند ہونے اور پست ہونے کی حد کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے فقیہہ ابوجعفر اور شیخ ابوبکر محمد بن فضل یہ کہتے ہیں: بلند آواز ہونے کی کم از کم مقدار یہ ہے کہ کوئی دوسرا شخص بھی اسے سن سکے اور پست آواز ہونے کی کم از کم مقدار یہ ہے کہ آدمی خود اسے سن سکے اسی قول پر اعتماد کیا گیا ہے۔ (محیط) یہی قول صحیح ہے۔ (وقایہ نقایہ) اکثر مشائخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ (زاہدی)

## نماز کی سنتیں اس کے آداب اس کا طریقہ

'نماز کی سنتیں' تکبیر تحریمہ کے لیے رفع یدین کرنا' انگلیوں کو کھولنا' تکبیر کہتے وقت امام کا آواز بلند کرنا' ثناء پڑھنا' تعوذ پڑھنا' تسمیہ پڑھنا' پست آواز میں آمین کہنا' دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھنا' رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہنا' رکوع میں تین مرتبہ تسبیح پڑھنا' دونوں ہاتھوں کے ذریعے گھٹنوں کو تھامنا' انگلیوں کو کشادہ رکھنا' سجدہ میں جاتے ہوئے تکبیر کہنا اور سجدہ سے اُٹھتے وقت بھی تکبیر کہنا' سجدہ سے فی نفسہٖ اُٹھنا بھی سنت ہے' سجدہ میں تین مرتبہ تسبیح پڑھنا دونوں ہاتھ دونوں گھٹنے زمین پر رکھنا' بیٹھتے وقت بائیں پاؤں کو بچھانا اور دائیں پاؤں کو کھڑا کر لینا' قومہ کرنا' دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اسی طرح ان کے دوران (یعنی قومہ اور جلسہ کے دوران) اطمینان کرنا بھی سنت ہے جو ایک مرتبہ سبحان اللہ کہنے (یا ایک مرتبہ تسبیح پڑھنے) کے برابر ہوگا۔ (شرح منیۃ از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا اور دعا مانگنا (بھی سنت ہیں) نماز کے آداب میں یہ بات شامل ہے کہ آدمی قیام کے دوران سجدے کی جگہ پر نظر رکھے' رکوع کے دوران پاؤں کے اوپر والے حصے کی طرف نظر رکھے' سجدہ کرتے ہوئے ناک کے سرے پر نظر رکھے' قعدہ کے دوران اپنی گود میں نظر رکھے اور سلام پھیرتے وقت دائیں کندھے پر اور دوسری مرتبہ سلام پھیرتے وقت بائیں کندھے پر نظر رکھے' نماز کے دوران جمائی آ جائے تو اپنے منہ کو بند رکھے' تکبیر کہتے وقت دونوں ہتھیلیاں آستینوں سے باہر رکھے اور جہاں تک ممکن ہو کھانسی روکنے کی کوشش کرے۔ (بحرالرائق)

•••———•••———•••

## 3 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ حَذْوَ الْمَنْكِبَيْنِ

### باب: دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھانا

877 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

877-اخرجه البخاري في الاذان، باب رفع اليدين في التكبيرة الاولى مع الافتتاح سواء (الحديث 735) . واخرجه النسائي في التطبيق، باب رفع اليدين حذو المنكبين عند الرفع من الركوع (الحديث 1056)، وباب ما يقول الامام اذا رفع راسه ن الركوع (الحديث 1058) . تحفة الاشراف (6915) .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَإِذَا رَكَعَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ رَفَعَهُمَا كَذٰلِكَ وَقَالَ "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ." وَكَانَ لَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُودِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھایا کرتے تھے' پھر جب آپ رکوع میں جاتے تھے اور رکوع سے سر اُٹھاتے تھے' تو بھی ان دونوں کو اسی طرح اُٹھایا کرتے تھے اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ (اللہ تعالیٰ نے اُس کی بات کو سن لیا جس نے اُس کی حمد کی' اے ہمارے پروردگار! ہر طرح کی حمد تیرے لیے مخصوص ہے) پڑھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدوں کے درمیان ایسا نہیں کیا۔

## شرح

امام ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں: ہمارے علم کے نزدیک اس بات میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ نماز کے آغاز میں رفع یدین کرنا مستحب ہے۔

اس کے بعد ابن قدامہ نے اس کی دلیل نقل کی ہے اس کے بعد وہ بیان کرتے ہیں۔

نمازی کو اس بارے میں اختیار کہ وہ دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک بلند کرے یا کندھوں کے مقابل تک بلند کرلے۔

اس اختیار کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں صورتیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

کندھوں تک ہاتھ اٹھانے کی حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

امام شافعی اور اسحاق بن راہویہ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

جبکہ کانوں کی لو تک ہاتھ بلند کرنے کی حدیث حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ اور حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

اس کے بعد ابن قدامہ نے یہ دونوں روایات نقل کی ہیں پھر وہ بیان کرتے ہیں: اکثر اہل علم نے حضرت ابو وائل اور حضرت مالک بن حویرث کے حوالے سے منقول حدیث پر عمل کیا ہے' تاہم امام احمد بن حنبل پہلی حدیث کی طرف زیادہ مائل ہیں۔

یہ دونوں طرح کی روایات امام نسائی نے اگلے ابواب میں نقل کر دی ہیں۔

ڈاکٹر وہبہ زحیلی تحریر کرتے ہیں: مالکیوں کے علاوہ دیگر تمام جمہور اس بات کے قائل ہیں: تکبیر تحریمہ کہہ دینے کے بعد سنت یہ ہے کہ نمازی اپنا دایاں ہاتھ اپنے بائیں ہتھیلی اور کلائی کی پشت پر رکھے۔

اس کی دلیل حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ حدیث ہے۔

Marfat.com

# 4 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ حِيَالَ الْأُذُنَيْنِ

## باب: دونوں کانوں کے برابر رفع یدین کرنا

878 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى حَاذَتَا اُذُنَيْهِ ثُمَّ يَقْرَاُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهَا قَالَ "آمِيْنَ ." يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ .

☆☆ عبدالجبار بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی' جب آپ نے نماز کا آغاز کیا' تو تکبیر کہی اور رفع یدین کیا' یہاں تک کہ آپ نے دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا لیے' پھر آپ نے سورۂ فاتحہ پڑھنی شروع کی' جب آپ سورۂ فاتحہ پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ نے بلند آواز میں آمین کہا۔

879 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ نَصْرَ بْنَ عَاصِمٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلّٰى رَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ يُكَبِّرُ حِيَالَ اُذُنَيْهِ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ .

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں شامل ہیں' وہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے ہوئے جب تکبیر کہتے تھے' تو رفع یدین کرتے ہوئے دونوں ہاتھ دونوں کانوں تک بلند کیا کرتے تھے' پھر جب آپ رکوع میں جاتے تھے اور جب رکوع سے سر اُٹھاتے تھے (اس وقت بھی اسی طرح رفع یدین کرتے تھے)۔

880 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ اَبِى عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَّصْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ دَخَلَ فِى الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَحِيْنَ رَكَعَ وَحِيْنَ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ حَتّٰى حَاذَتَا فُرُوْعَ اُذُنَيْهِ .

---

878-انفرد به النسائي ـ تحفة الاشراف (11763) ـ

879-اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب رفع اليدين حزو المنكبين مع تكبيرة الاحرام و الركوع وفي الرفع من الركوع و انه لا يفعله اذا رفع من السجود (الحديث 25 و 26) ـ واخرجه ابوداؤدفي الصلاة، باب من ذكر انه يرفع يديه اذا قام من الثنتين (الحديث 745) بنحوه ـ واخرجه النسائي في الافتتاح ، رفع اليدين حيال الاذنين (الحديث 880) و رفع اليدين للركوع حذاء فروع الاذنين (الحديث 1023) ، وفي التطبيق، باب رفع اليدين حذو فروع الاذنين عند الرفع من الركوع (الحديث 1055)، و باب رفع اليدين للسجود (الحديث 1084) ـ و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب رفع اليدين اذا ركع و اذا رفع راسه من الركوع (الحديث 809) بنحوه ـ و الحديث عند: النسائي في التطبيق، باب رفع اليدين عند الرفع من السجدة الاولى (الحديث 1142) ـ تحفة الاشراف (11184) ـ

880-تقدم في الافتتاح، رفع اليدين حيال الاذنين (الحديث 879) ـ

Marfat.com

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ نے نماز کا آغاز کیا' تو آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے' پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں گئے اور جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو بھی رفع یدین کیا اور دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک بلند کیے۔

## 5 - باب مَوْضِعِ الْاِبْهَامَيْنِ عِنْدَ الرَّفْعِ

### باب: رفع یدین کے وقت انگوٹھا رکھنے کی جگہ

881 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى تَكَادَ اِبْهَامَاهُ تُحَاذِيْ شَحْمَةَ اُذُنَيْهِ .

☆☆ عبدالجبار بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نماز کے آغاز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع یدین کیا' تو آپ کے دونوں انگوٹھے آپ کے کانوں کی لو کے برابر تھے۔

## 6 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ مَدًّا

### باب: رفع یدین میں ہاتھوں کو بلند کرنا

882 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَمْعَانَ قَالَ جَآءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ فَقَالَ ثَلَاثٌ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِنَّ تَرَكَهُنَّ النَّاسُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الصَّلَاةِ مَدًّا وَّيَسْكُتُ هُنَيْهَةً وَّيُكَبِّرُ اِذَا سَجَدَ وَاِذَا رَفَعَ .

☆☆ سعید بن سمعان بیان کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنو زراع کی مسجد میں تشریف لائے اور بولے: تین چیزیں ایسی ہیں' جن پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمل کیا کرتے تھے' لیکن اب لوگوں نے انہیں ترک کر دیا ہے: نماز کے دوران ہاتھ اچھی طرح بلند کرنا اور (تکبیر کہنے کے بعد) تھوڑی دیر کے لیے خاموشی اختیار کرنا اور سجدے میں جاتے ہوئے اور سجدے سے اُٹھتے ہوئے تکبیر کہنا۔

## 7 - باب فَرْضِ التَّكْبِيرَةِ الْاُوْلٰى

### باب: پہلی تکبیر کا فرض ہونا

883 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيدُ بْنُ

881-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب رفع اليدين في الصلاة (الحديث 737) بنحوه . تحفة الاشراف (11759) .

882-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من لم يذكر الرفع عند الركوع (الحديث 753) مختصراً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، ما جاء في نشر الاصابع عند التكبير (الحديث 240) مختصراً . تحفة الاشراف (13081) .

Marfat.com

اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى ثُمَّ جَآءَ فَسَلَّمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ "ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ." فَرَجَعَ فَصَلّٰى كَمَا صَلّٰى ثُمَّ جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَعَلَيْكَ السَّلَامُ ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ." فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ الرَّجُلُ وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اُحْسِنُ غَيْرَ هٰذَا فَعَلِّمْنِىْ. قَالَ "اِذَا قُمْتَ اِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَاْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِىْ صَلَاتِكَ كُلِّهَا."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے' پھر ایک شخص آیا اس نے نماز ادا کرنا شروع کی (نماز پڑھ کر) وہ آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: تم واپس جا کر نماز ادا کرو' کیونکہ تم نے نماز ادا نہیں کی۔ وہ شخص واپس گیا' اس نے اسی طرح نماز ادا کی جس طرح پہلے ادا کی تھی' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں بھی سلام ہو! تم واپس جا کر نماز ادا کرو' کیونکہ تم نے نماز ادا نہیں کی۔ اس طرح اس شخص نے تین مرتبہ کیا' پھر اس شخص نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے! میں اس سے زیادہ اچھے طریقے سے نماز ادا نہیں کر سکتا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا طریقہ مجھے تعلیم کریں۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو' تو سب سے پہلے تکبیر کہو' پھر تمہیں قرآن کا جو حصہ یاد ہو' اس کی قرأت کر لو' پھر رکوع میں جاؤ اور اطمینان سے رکوع کرو' پھر اپنے سر کو اٹھاؤ اور سیدھے کھڑے ہو جاؤ' پھر سجدے میں جاؤ اور اطمینان سے سجدہ کرو' پھر اُٹھو' اطمینان سے بیٹھ جاؤ' اسی طرح پوری نماز ادا کر لو"۔

## شرح

### نماز کا طریقہ

مسئلہ: جب کوئی شخص نماز پڑھنا چاہے' تو پہلے وہ تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک بلند کرے' یہاں تک کہ اس کے انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر آ جائیں اور اس کی انگلیوں کے کنارے کانوں کے کناروں کے برابر آ جائیں۔ (تبیین)

مسئلہ: آدمی تکبیر کہتے وقت اپنے سر کو جھکائے گا نہیں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: فقیہہ ابوجعفر کہتے ہیں: آدمی کی ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہوگا' اس کی انگلیاں کھلی ہوئی ہوں گی اور جب وہ اتنی

883-اخرجه البخاري في الاذان، باب وجوب القراءة للامام في الصلوات كلها في الحضر و السفر و ما يجهر فيها و ما يخافت (الحديث 757)، و باب امر النبي صلى الله عليه وسلم الذي لا يتم ركوعة بالاعادة (الحديث 793) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب و جوب قراءة الفاتحة في كل ركعة و انه اذا لم يحسن الفاتحة ولا امكنه تعلمها قرا ما تيسر له من غيرها (الحديث 45) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع و السجود . (الحديث 856) . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في وصف الصلاة (الحديث 303) . والحديث عند: البخاري في الاستئذان، باب من رد فقال : عليك السلام (الحديث 6252) . تحفة الاشراف (14304) .

Marfat.com

بلند ہو جائیں کہ اس کے انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو جائیں تو وہ تکبیر کہہ دے گا۔ شمس الائمہ فرماتے ہیں: عام مشائخ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: تکبیر کہنے سے پہلے ہاتھ بلند کیے جائیں گے' یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: دعائے قنوت کے وقت کہی جانے والی تکبیر اور عیدین کی نماز کی تکبیرات کا بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: ان تکبیروں کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا جائے گا۔ (اختیار شرح مختار)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ان کے علاوہ (دیگر مقامات پر) رفع یدین کر لیتا ہے' تو ہمارے نزدیک اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی' یہی قول صحیح ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: خاتون اپنے کندھوں تک ہاتھ بلند کرے گی' یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ' تبیین)

مسئلہ: جب آدمی دونوں ہاتھ بلند کرے گا تو اس کی انگلیاں مکمل طور پر ملی ہوئی بھی نہیں ہوں گی اور مکمل طور پر کھلی ہوئی بھی نہیں ہوں گی بلکہ وہ انہیں عام حالت کے مطابق چھوڑ دے گا جو مکمل بند ہونے اور مکمل کھلی ہونے کے درمیان کی ہوتی ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: یہی قول معتمد ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص تکبیر کہتا ہے اور رفع یدین نہیں کرتا' یہاں تک کہ تکبیر سے فارغ ہو جاتا ہے' تو اب وہ رفع یدین نہیں کرے گا۔

مسئلہ: اگر تکبیر کہنے کے دوران اسے یہ بات یاد آ جاتی ہے' تو رفع یدین کرے گا' اگر مسنون مقام تک ہاتھ بلند کرنا اس کے لیے ممکن نہ ہو' تو جہاں تک ممکن ہو' وہاں تک ہاتھ اُٹھائے گا' اگر دونوں ہاتھوں میں سے صرف ایک ہاتھ کو اُٹھانا اس کے لیے ممکن ہو' تو اسے ہی اُٹھالے گا' اگر اس شخص کے لیے یہ بات ممکن ہی نہ ہو کہ وہ مسنون مقام تک رفع یدین کرے' لیکن اس کے لیے ممکن ہو کہ وہ اس سے اوپر تک ہاتھ اُٹھا سکتا ہے' تو وہ اسی طرح رفع یدین کرے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: المبسوط میں یہ بات تحریر ہے کہ اگر کوئی شخص لفظ ''اللہ'' کے ''الف'' کو کھینچ لیتا ہے' تو وہ نماز شروع کرنے والا شمار نہیں ہوگا بلکہ اس کے کافر ہو جانے کا اندیشہ ہے' اگر وہ جان بوجھ کر ایسا کرتا ہے' اسی طرح اگر کوئی شخص ''اکبر'' کے ''الف'' کو کھینچ لیتا یا اس کی ''ب'' کو کھینچ لیتا ہے' تو بھی وہ نماز شروع کرنے والا شمار نہیں ہوگا' اگر کوئی شخص لفظ ''اللہ'' کی آخر میں آنے والی ''ہ'' کو کھینچ لیتا ہے' تو یہ لغوی طور پر غلط ہے' اسی طرح اگر کوئی شخص ''اکبر'' کی ''ر'' کو کھینچ لیتا ہے' تو بھی یہی حکم ہے' البتہ لفظ ''اللہ'' کے ''لام'' کو کھینچنا درست ہے جبکہ لفظ ''اللہ'' کے ''ہ'' پر جزم پڑھنا غلط ہے۔ (فتح القدیر)

مسئلہ: اس کے بعد آدمی اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھ لے گا' جب وہ تکبیر سے فارغ ہوگا' محیط میں امام خواہرزادہ کے حوالے سے اسی طرح منقول ہے۔ (نہایہ)

مسئلہ: عورت اپنے ہاتھ اپنے سینے پر رکھے گی۔ (منیۃ)

Marfat.com

مسئلہ: ہر وہ قیام جس میں کوئی مسنون ذکر ہوتا ہے اس میں سنت یہی ہے کہ ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھا جائے گا' جیسے ثناء پڑھتے ہوئے' قنوت پڑھتے ہوئے' نمازِ جنازہ پڑھتے ہوئے اور ہر وہ ایسا قیام جس میں مسنون ذکر نہیں ہوتا جیسے عیدین کی تکبیرات کے درمیان کا قیام ہے' اس میں سنت یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو کھلا چھوڑ دیا جائے۔ (نہایہ)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: شمس الائمہ سرخسی' صدر کبیر برہان الائمہ اور صدر شہید حسام الدین نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ رکوع کے قومہ کے دوران آدمی اپنے ہاتھ کھلے رکھے گا' یہاں ذکر انتقال کی حالت میں سنت کے طور پر ہے' قومہ کے لیے نہیں ہے۔ (شرح نقایہ از الشیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: اکثر مشائخ نے (ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھتے وقت) محض ہاتھ رکھنے اور مکمل پکڑنے کے درمیانی درجے کو مستحسن قرار دیا ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ آدمی اپنی دائیں ہتھیلی کے اندرونی حصے کو بائیں ہتھیلی کے اوپر والے حصے پر رکھے گا اور شہادت کی انگلی اور سب سے چھوٹی انگلی کے ذریعے کلائی کو پکڑے گا' جبکہ باقی انگلیوں کو کلائی پر کھلا رہنے دے گا' قیام کے دوران آدمی کے دونوں پاؤں کے درمیان چار انگلی کے برابر فاصلہ ہونا چاہیے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس کے بعد آدمی ثناء پڑھے گا:

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

''تو پاک ہے' اے اللہ! ہر طرح کی حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا اسم برکت والا ہے' تیری بزرگی عظیم ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔ (الہدایہ)

مسئلہ: خواہ آدمی امامت کر رہا ہو' خواہ اقتداء میں نماز ادا کر رہا ہو' خواہ تنہا نماز ادا کر رہا ہو (وہ ثناء پڑھے گا)۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: کتاب الاصل (یعنی مبسوط امام محمد) اور نوادر میں لفظ جل ثناؤك مذکور نہیں ہے۔ (محیط)

مسئلہ: اس لیے آدمی فرض نماز میں یہ کلمات ادا نہیں کرے گا' تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد یا ثناء پڑھنے کے بعد ترجیع نہ کرے۔ (شرح نقایہ از الشیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: بہتر یہ ہے کہ تکبیر سے پہلے بھی ترجیع نہ کرے تاکہ وہ نیت کے ساتھ نہ مل جائے' یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: ترجیع سے مراد یہ کلمات پڑھنا ہے:

اِنِّىْ وَجَّهْتُ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○

''میں نے اپنا رخ اس ذات کی طرف کر دیا' جس نے آسمان اور زمین کو درست طریقے سے پیدا کیا ہے اور میں مشرک نہیں ہوں''۔

اس کے بعد آدمی تعوذ پڑھے گا' اس کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی یہ پڑھے گا:

Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

''میں مردود شیطان (کے شر) سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

یہی الفاظ مختار ہیں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اسی کے مطابق فتویٰ دیا گیا ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: سنت یہ ہے کہ اسے پست آواز میں پڑھا جائے گا' ہمارے علماء کے نزدیک مذہب یہی ہے۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: یہ تعوذ قرأت سے متعلق ہے' ثناء سے متعلق نہیں ہے' یہ حکم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے' یہی وجہ ہے کہ مسبوق شخص جب باقی رہ جانے والی رکعات ادا کرنے کے لیے کھڑا ہوگا تو وہ اسے پڑھے گا' لیکن مقتدی اسے نہیں پڑھے گا' عیدین کی (پہلی رکعت میں) عید کی تین تکبیرات کہہ دینے کے بعد تعوذ پڑھا جائے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اکثر متون میں بھی یہی تحریر ہے۔

مسئلہ: تعوذ صرف نماز کے آغاز میں پڑھا جائے گا' بعد میں نہیں پڑھا جائے گا' اگر کوئی شخص نماز کا آغاز کرتا ہے اور تعوذ پڑھنا بھول جاتا' یہاں تک کہ سورۂ فاتحہ پڑھنی شروع کر دیتا ہے' تو اب بعد میں وہ تعوذ نہیں پڑھے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: پھر آدمی بسم اللہ پڑھے گا اور اسے پست آواز میں پڑھے گا' یہ قرآن کی ایک آیت ہے جو سورتوں کے درمیان فصل کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: اس کے (یعنی بسم اللہ کے) ذریعے قرأت کا فرض ادا نہیں ہوگا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق ہر رکعت کے آغاز میں بسم اللہ پڑھی جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: سورۂ فاتحہ اور بعد والی سورت کے درمیان بسم اللہ نہیں پڑھی جائے گی۔ (وقایہ نقایہ) یہی قول صحیح ہے۔

(بدائع الصنائع' جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: (پھر بسم اللہ کے بعد) آدمی سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: جب سورۂ فاتحہ پڑھ کر فارغ ہوگا تو آمین کہے گا اور اس میں سنت یہ ہے کہ پست آواز میں آمین کہے۔ (محیط)

مسئلہ: تنہا نماز ادا کرنے والے شخص اور امام کا حکم برابر ہے' مقتدی کا بھی یہی حکم ہے۔ (زاہدی)

مسئلہ: آمین کہنے میں دو لغت ہیں' ایک مد کے ساتھ ہے اور ایک کسر کے ساتھ ہے اور اس کا مطلب ہے: تو اس دعا کو قبول کر لے۔

مسئلہ: آمین کہتے ہوئے (میم پر) شد پڑھنا انتہائی فحش غلطی ہے' اگر کوئی شخص آمین کو مد کے ساتھ کہتا ہے اور پھر میم پر شد پڑھتا ہے' تو اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی' اسی بات پر فتویٰ ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ قرآن میں موجود ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: جن نمازوں میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے' جیسے ظہر یا عصر کی نماز ہے' تو اس میں اگر کوئی مقتدی امام کی زبانی ولا الضالین سن لیتا ہے' تو بعض مشائخ اس بات کے قائل ہیں کہ آمین نہیں کہے گا جبکہ شیخ ابوجعفر ہندوانی نے یہ بات کہی

Marfat.com

ہے کہ مقتدی آمین کہے گا۔ (محیط)

مسئلہ: جمعہ اور عیدین کی نماز میں اگر مقتدی دوسرے مقتدیوں کی زبانی آمین سن لیتا ہے تو امام ظہیرالدین کے قول کے مطابق وہ بھی آمین کہہ دے گا۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: سورۂ فاتحہ کے ساتھ کوئی ایک سورت یا تین (چھوٹی) آیات ملائی جائیں گی۔ (شرح منیۃ از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: ایک بڑی آیت' تین چھوٹی آیات کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔ (تبیین)

## رکوع کا طریقہ

مسئلہ: جب آدمی قرأت کر کے فارغ ہو جائے گا' اس وقت رکوع میں چلا جائے گا یعنی قیام سے رکوع میں جائے گا' یہی قول صحیح ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: الجامع الصغیر میں یہ بات تحریر ہے کہ آدمی جھکتے ہوئے تکبیر کہے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہی قول صحیح ہے۔ (معراج الدرایہ)

مسئلہ: تکبیر کا آغاز جھکنے کے ساتھ ہونا چاہیے اور تکبیر کا اختتام بھی جھکنے سے فراغت کے ساتھ ہونا چاہیے' یعنی اس وقت جب انسان مکمل طور پر رکوع میں چلا گیا ہوتا ہے۔ (محیط)

مسئلہ: امام رکوع وغیرہ میں جانے کے لیے جو تکبیر کہے گا' وہ بلند آواز میں کہے گا۔ ظاہر الروایۃ سے یہی بات ثابت ہوتی ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: تکبیر میں اللہ اکبر کہتے ہوئے ''ر'' پر جزم کرے گا۔ (نہایہ)

مسئلہ: رکوع کے دوران اپنے دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر رکھے گا۔ (ہدایہ' بدائع)

مسئلہ: گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر دونوں انگلیاں کھلی رکھی جائیں گی' نماز میں اسی وقت میں انگلیوں کو مکمل طور پر کشادہ رکھنا مستحب ہے' جبکہ سجدے میں انگلیوں کو مکمل طور پر بند رکھنا مستحب ہے' ان کے علاوہ یہ حکم کسی بھی موقع کے لیے نہیں ہے' باقی تمام مقامات پر انگلیوں کو اپنی درمیانی حالت میں رکھا جائے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: رکوع کے دوران پشت اس طرح سیدھی ہونی چاہیے کہ اس پر اگر پانی کا پیالہ رکھا جائے تو وہ ٹھہر جائے' رکوع میں سر کو جھکایا بھی نہیں جائے گا اور اُٹھایا بھی نہیں جائے گا' یعنی سر انسان کی پشت کے برابر مکمل سیدھا ہونا چاہیے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: رکوع کے دوران گھٹنوں کو کمان کی طرح جھکانا مکروہ ہے' تاہم خاتون رکوع کے دوران زیادہ جھک جائے گی اور اپنے ہاتھوں کو پر سہارا نہیں دے گی اور انگلیوں کو کھولے گی نہیں' بلکہ بند رکھے گی' البتہ گھٹنوں پر رکھ لے گی اور گھٹنوں کو جھکائے رکھے گی اور بازو کو جسم سے علیحدہ نہیں کرے گی۔ (زاہدی)

مسئلہ: رکوع میں **سبحان ربی العظیم** تین مرتبہ پڑھا جائے گا' یہ اس کی کم از کم مقدار ہے' اگر کوئی شخص رکوع میں بالکل بھی تسبیح نہیں پڑھتا یا صرف ایک مرتبہ پڑھ لیتا ہے' تو یہ جائز ہے' تاہم ایسا کرنا مکروہ ہوگا۔

Marfat.com

مسئلہ: جب آدمی اطمینان سے رکوع کرلے گا تو اس کے بعد سر اُٹھائے گا' اگر اطمینان کے ساتھ نہیں کرے گا تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اس کی نماز درست ہوگی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر امام ہے' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ سمع اللّٰہ لمن حمدہ پڑھے گا اور اگر مقتدی ہے' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ وہ ربنا لك الحمد پڑھے گا' سمع اللّٰہ لمن حمدہ نہیں پڑھے گا' لیکن اگر وہ شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہے' تو صحیح قول کے مطابق اس کے لیے بہتر یہ ہے کہ وہ دونوں کلمات پڑھ لے۔ (محیط)

مسئلہ: اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ جب آدمی اُٹھ رہا ہوگا' اس وقت سمع اللّٰہ لمن حمدہ کہے گا اور جب بالکل سیدھا کھڑا ہوگا تو ربنا لك الحمد کہہ دے گا۔ (زاہدی)

مسئلہ: جب آدمی سیدھا کھڑا ہو جائے گا تو تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں چلا جائے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: سجدے میں تین مرتبہ سبحان ربی الاعلیٰ پڑھا جائے گا' یہ اس کی کم از کم مقدار ہے۔ (محیط)

مسئلہ: رکوع اور سجدے کی تسبیح کو تین سے زیادہ مرتبہ پڑھنا مستحب ہے' لیکن طاق تعداد پر ختم کرنا چاہیے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: کم از کم تین مرتبہ تسبیح پڑھنی چاہیے' درمیانی مقدار پانچ مرتبہ ہے اور زیادہ سے زیادہ سات مرتبہ ہے' لیکن اگر آدمی امامت کر رہا ہو' تو اس وقت اسے زیادہ تسبیح نہیں پڑھنی چاہیے تاکہ مقتدی دل گرفتہ نہ ہو جائیں۔ (ہدایہ)

## سجدہ کرنے کا طریقہ

مسئلہ: فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب آدمی سجدہ کرنے کا ارادہ کرے گا تو پہلے زمین پر وہ اعضاء رکھے جائیں گے جو زمین کے قریب ہوتے ہیں' اس لیے پہلے گھٹنے رکھے جائیں گے' پھر دونوں ہاتھ رکھے جائیں گے' پھر ناک رکھا جائے گا' پھر پیشانی رکھی جائے گی اور جب آدمی سجدے سے اُٹھے گا' اس وقت پہلے پیشانی اُٹھائے گا' پھر ناک اُٹھائے گا' پھر دونوں ہاتھ اُٹھائے گا' پھر گھٹنے اُٹھائے گا۔

مسئلہ: فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ یہ حکم اس وقت ہے جب آدمی ننگے پاؤں ہو' لیکن جب اس نے موزے پہنے ہوئے ہوں تو پہلے گھٹنے نہیں رکھے گا' بلکہ دونوں ہاتھ گھٹنوں سے پہلے رکھے گا اور دائیں ہاتھ کو پہلے رکھے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: سجدہ کرتے وقت دونوں ہاتھوں کو کانوں کے مقابل میں رکھا جائے گا اور انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہوگا' پاؤں کی انگلیوں کا بھی یہی حکم ہے۔

مسئلہ: (سجدے میں) آدمی دونوں ہتھیلیوں پر سہارا رکھے گا اور اپنے دونوں بازو دونوں پہلوؤں سے جدا رکھے گا اور بازو کو زمین پر بچھائے گا نہیں۔ (خلاصہ)

مسئلہ: سجدے میں آدمی اپنے پیٹ کو زانو سے الگ رکھے گا۔ (ہدایہ)

## خاتون کا سجدہ کرنے کا طریقہ

مسئلہ: رکوع اور سجدے کے دوران خاتون اپنے اعضاء کو ملا کر رکھے گی' انہیں الگ الگ نہیں کرے گی اور سجدہ میں دونوں

Marfat.com

پاؤں کے سہارے سجدہ کرے گی اور اپنے پیٹ کو زانو کے ساتھ ملا کر رکھے گی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: کنیز کا حکم بھی آزاد عورت کی مانند ہے البتہ تکبیر تحریمہ کہتے وقت وہ مرد کی طرح کانوں تک ہاتھ اُٹھائے گی۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: پھر آدمی (سجدے سے اپنے سر کو) اُٹھاتے ہوئے تکبیر کہے گا' اس میں سنت یہ ہے کہ آدمی اپنا سر اُٹھائے اور سیدھا ہو کر بیٹھ جائے' اس بیٹھنے کے دوران کوئی ذکر مسنون نہیں ہے' یہ حکم ہمارے (احناف) کے نزدیک ہے۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص بالکل سیدھا ہو کر نہیں بیٹھتا اور دوسرے سجدے میں چلا جاتا ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسا کرنا جائز ہے۔ (الہدایہ)

مسئلہ: سجدے سے سر اُٹھانا رکن نہیں ہے بلکہ رکن صرف ایک سجدے سے دوسرے سجدے کی طرف منتقل ہونا ہے' کیونکہ اس کے بغیر دوسرا سجدہ ادا نہیں ہوسکتا اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل اسی وقت ہوا جاسکتا ہے جب سر اُٹھالیا جائے' اس لیے سجدے سے سر اُٹھانا آدمی پر لازم ہوگا۔

مسئلہ: کم از کم کتنی مقدار میں سر اُٹھانا لازم ہے' اس کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر وہ شخص بیٹھنے کے قریب ہو' تو جائز ہوگا اور اگر زمین کے قریب ہوا تو جائز نہیں ہوگا۔ (تبیین) یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ)

مسئلہ: امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت نقل کی گئی ہے کہ جب کوئی شخص اتنا سر اُٹھالے کہ اسے سر اُٹھانے والا قرار دیا جاسکے تو دوسرا سجدہ کرنا جائز ہوگا' محیط میں اسی قول کو صحیح قرار دیا گیا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: پھر آدمی تکبیر کہتے ہوئے دوسرے سجدے میں چلا جائے گا اور اس میں بھی پہلے سجدہ کی مانند تکبیر پڑھے گا۔ (محیط)

مسئلہ: جب سجدے سے فارغ ہو جائے گا تو اپنے پنجوں کے بل اُٹھ جائے گا اور دونوں ہاتھوں کے ذریعے سہارا نہیں لے گا بلکہ گھٹنوں پر سہارا لے گا۔ (محیط)

مسئلہ: جس شخص کو کوئی عذر لاحق نہ ہو' اس کا سہارا نہ لینا ہمارے نزدیک مستحب ہے جیسا کہ مشہور کتب میں سے اکثر سے یہی بات ثابت ہوتی ہے۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص بیٹھ جائے یا زمین پر دونوں ہاتھوں کے ذریعے سہارا لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کرے گا جس طرح پہلی رکعت کی تھی' البتہ دوسری رکعت میں ثناء اور تعوذ نہیں پڑھے گا۔ (قدوری)

مسئلہ: جب دوسری رکعت کے دوسرے سجدے سے سر اُٹھائے گا تو بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھے گا اور دائیں پاؤں کو

Marfat.com

کھڑا کرلے گا' دائیں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہونی چاہئیں اور دونوں ہاتھ زانوں پر انگلیاں کھول کر رکھ لے گا۔ (ہدایہ)

مسئلہ: اس حالت میں آدمی اپنے گھٹنوں کو نہیں پکڑے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: خاتون بیٹھتے وقت اپنی سُرین کے بل بیٹھے گی اور دونوں پاؤں دائیں طرف نکال لے گی۔ (ہدایہ)

## تشہد کا طریقہ

مسئلہ: تشہد میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول تشہد کے کلمات پڑھے جائیں گے۔ (کافی)

مسئلہ: ان میں کوئی اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: جب آدمی اشهد ان لا الٰه الا الله پڑھے گا تو شہادت کی انگلی کے ذریعے اشارہ کرے گا' اشارہ کرنے کا حکم مختار ہے۔ (خلاصہ) فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: بعض مشائخ نے اشارہ کرنے کو جائز قرار نہیں دیا ہے اور اسے مکروہ کہا ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: (چار یا تین رکعات والی نماز میں) تشہد پڑھنے کے بعد آدمی کھڑا ہو جائے گا۔ (محیط)

مسئلہ: قعدہ سے اُٹھتے ہوئے بھی آدمی پنجوں کے بل کھڑا ہوگا' بقیہ دو رکعات بھی اسی طرح ادا کرے گا جیسے پہلی دو رکعات ادا کی تھیں۔ (محیط)

مسئلہ: البتہ آخری دو رکعات میں صرف سورۂ فاتحہ کی تلاوت کی جائے گی' اس میں اضافہ کرنا مکروہ ہے' اگر کوئی شخص آخری دو رکعات کے دوران قرأت بھی نہیں کرتا اور تسبیح بھی نہیں پڑھتا تو کوئی حرج نہیں ہے' اگر کوئی شخص بھول کر قرأت نہیں کرتا تو اس پر سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا' البتہ قرأت کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ (ذخیرہ)

مسئلہ: اسی قول پر اعتماد ہے۔ (قاضی خان) یہی قول درست ہے۔ (محیط) صحیح اور ظاہر الروایۃ کے مطابق بھی یہی حکم ہے۔ (بدائع الصنائع) خاموش رہنا مکروہ ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: دوسرے قعدہ میں بھی اسی طرح بیٹھا جائے گا' جس طرح پہلے قعدہ میں بیٹھا گیا تھا۔

## درود شریف پڑھنے کا حکم

مسئلہ: تشہد پڑھنے کے بعد آدمی درود شریف پڑھے گا۔ (محیط)

مسئلہ: امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے درود کا طریقہ دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ آدمی یہ پڑھے گا:

''اے اللہ! تو حضرت محمد اور حضرت محمد کی آل پر درود نازل کر جیسے تو نے حضرت ابراہیم اور حضرت ابراہیم کی آل پر درود نازل کیا' اے اللہ! تو حضرت محمد اور حضرت محمد کی آل پر برکت نازل فرما' جس طرح تو نے حضرت ابراہیم اور حضرت ابراہیم کی آل پر برکت نازل فرمائی' بے شک تو لائقِ حمد اور بزرگی کا مالک ہے''۔

مسئلہ: بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے: (درود پڑھتے ہوئے) یہ الفاظ کہنا مکروہ ہے:

''اے اللہ! تو حضرت محمد پر رحم کر''۔

Marfat.com

مسئلہ: تاہم صحیح قول کے مطابق ان الفاظ کو استعمال کرنا مکروہ نہیں ہے۔ (تبیین)

## (نماز کے آخر میں) دعا مانگنا

مسئلہ: جب نمازی درود پڑھ کر فارغ ہو جائے گا تو اپنے لیے اپنے والدین کے لیے تمام مسلمان مردوں اور خواتین کے لیے مغفرت کی دعا کرے گا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: دعا کرتے ہوئے اپنے علاوہ دوسرے مسلمانوں کے لیے بھی دعا کرنی چاہیے صرف اپنی ذات کو مخصوص نہ کیا جائے سنت یہی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: آدمی یہ دعا بھی مانگ سکتا ہے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ o

''اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطاء کر اور اے ہمارے پروردگار! ہمیں جہنم کے عذاب سے بچالے''۔

مسئلہ: آدمی اس طرح سے دعا نہیں مانگے گا' جس طرح لوگوں کے ساتھ بات چیت کی جاتی ہے یا ایسی دعا نہیں مانگے گا' جسے آدمیوں سے مانگا جا سکتا ہے' جیسے یہ کہا جائے کہ فلاں خاتون کے ساتھ میری شادی کروا دے کیونکہ یہ انسانوں کے ساتھ کرنے والی باتیں ہیں' لیکن جو چیزیں انسانوں سے مانگنا محال ہیں' وہ دعا مانگی جا سکتی ہے' جیسے یہ کہے:

''اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے''۔

مسئلہ: (تشہد کے آخر میں) مانگی جانے والی مسنون دعائیں احادیث سے جو دعائیں ثابت ہیں' ان میں سے ایک دعا وہ ہے جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: آپ مجھے کوئی ایسی دعا سکھائیں جو میں نماز کے دوران مانگا کروں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم یہ پڑھا کرو:

''اے اللہ! میں نے اپنے اوپر بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور گناہوں کی مغفرت صرف تو ہی کر سکتا ہے' لہٰذا تو اپنی بارگاہ سے میری مغفرت کر دے اور مجھ پر رحم کر! کیونکہ تو مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے''۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جو دعا مانگا کرتے تھے' وہ بھی مسنون دعاؤں میں شامل ہوگی' جس کے کلمات یہ ہیں:

''اے اللہ! میں تجھ سے ہر طرح کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں' خواہ وہ میرے علم میں ہو یا میرے علم میں نہ ہو اور میں ہر طرح کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں' خواہ وہ میرے علم میں ہو یا میرے علم میں نہ ہو''۔ (نہایہ)

مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا نماز کے آخر میں جو دعا مانگتا ہے' اس کے بعد یہ پڑھے:

''اے میرے پروردگار! تو مجھے اور میری ذریت کو نماز قائم کرنے والا بنا دے' اے ہمارے پروردگار! تو اس دعا کو قبول کر لے' اے ہمارے پروردگار! تو میری' میرے والدین کی اور تمام اہل ایمان کی قیامت کے دن مغفرت کر دینا''۔ (تاتارخانیہ)

Marfat.com

## سلام پھیرنے کا طریقہ

مسئلہ: اس کے بعد آدمی دونوں طرف سلام پھیر دے گا' پہلے دائیں طرف پھیرے گا' پھر بائیں طرف پھیرے گا' دونوں طرف سلام پھیرتے ہوئے منہ کو اتنا موڑا جائے گا (کہ پیچھے بیٹھے ہوئے شخص کو) اس کے رخسار کی سفیدی نظر آ جائے۔ (قنیہ شرح نقایہ از شیخ ابوالمکارم)

مسئلہ: سلام پھیرتے وقت السلام علیکم ورحمة الله کہا جائے گا۔ (محیط)

مسئلہ: مختار قول یہ ہے کہ لفظ سلام کو 'الف لام' کے ہمراہ کہا جائے گا۔

مسئلہ: ہمارے نزدیک سلام پھیرتے وقت لفظ برکاتہٗ نہیں کہا جائے گا اور ہمارے نزدیک سنت یہ ہے کہ پہلے سلام کے مقابلے میں دوسرے میں آواز کو پست رکھا جائے گا۔ (محیط)

مسئلہ: اگر کوئی شخص صرف دائیں طرف سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو جاتا ہے' تو اگر اس نے کسی کے ساتھ سلام نہیں کیا یا اپنی جگہ سے اُٹھ کر کہیں اور نہیں گیا تو بیٹھ کر دوسرا سلام پھیر دے گا۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: صحیح قول یہ ہے کہ جب آدمی ایک مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد قبلہ کی طرف سے منہ پھیر لے تو پھر دوسرا سلام نہیں پھیرے گا۔ (قنیہ)

مسئلہ: سلام پھیرتے وقت محافظ فرشتوں اور اس طرف موجود مسلمانوں پر سلام بھیجنے کی نیت کی جائے گی۔ (زاہدی)

مسئلہ: ظہر' مغرب اور عشاء کی نماز کا سلام پھیرنے کے بعد وہاں بیٹھ کر توقف کرنا مکروہ ہے' سلام پھیرنے کے فوراً بعد امام کو سنت ادا کرنے کے لیے کھڑا ہو جانا چاہیے لیکن جہاں فرض نماز ادا کی ہے' وہاں سنتیں ادا نہ کی جائیں بلکہ دائیں طرف یا بائیں طرف یا پیچھے کو ہٹ کر ادا کی جائیں' اگر آدمی چاہے' تو گھر جا کر بھی سنتیں ادا کر سکتا ہے لیکن اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو یا وہ مقتدی ہو' تو وہ نماز پڑھ لینے کے بعد وہیں بیٹھ کر دعا مانگ سکتا ہے' اسی طرح وہ فرض ادا کرنے کے بعد اگر اسی جگہ کھڑا ہو جاتا ہے یا پیچھے ہٹ جاتا ہے یا دائیں بائیں ہو جاتا ہے' تو یہ جائز ہے اور ان سب صورتوں کا حکم برابر ہو گا۔

مسئلہ: جن نمازوں کے بعد سنتیں ادا نہیں کی جاتی ہیں' یعنی فجر اور عصر کی نماز ان کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اسی جگہ پر قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھے رہنا مکروہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس طرزِ عمل کو بدعت قرار دیا ہے' اس وقت آدمی کو اختیار ہے' اگر وہ چاہے' تو وہاں سے اُٹھ کر چلا جائے' اگر چاہے' تو اپنی محراب میں سورج نکلنے تک بیٹھا رہے۔ یہی افضل ہے۔

مسئلہ: اگر لوگ موجود ہوں تو ان کی طرف رخ کر کے بیٹھا جائے گا' اگر لوگ موجود نہیں ہیں' تو پھر دائیں طرف یا بائیں طرف میں سے کسی ایک طرف رخ کر لیا جائے گا' اس بارے میں سردی اور گرمی کا حکم ایک ہی جیسا ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: ظہر' عصر اور مغرب کی نماز سے فارغ ہونے کے فوراً بعد امام کو سنتیں ادا کرنی شروع کر دینی چاہئیں (اگر اس وقت دعا مانگنا ہے) تو طویل دعا نہیں مانگنی چاہیے۔ (تاتارخانیہ)

...—...—...

Marfat.com

# 8- بَاب الْقَوْلِ الَّذِیْ یُفْتَتَحُ بِهِ الصَّلاةُ

## باب: وہ جملہ جس کے ذریعے نماز کا آغاز کیا جائے

884 - اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ قَالَ حَدَّثَنِیْ زَیْدٌ - هُوَ ابْنُ اَبِیْ اُنَیْسَةَ - عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ رَجُلٌ خَلْفَ نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّاَصِیْلاً . فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ صَاحِبُ الْکَلِمَةِ" فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا یَا نَبِیَّ اللّٰهِ . فَقَالَ "لَقَدِ ابْتَدَرَهَا اثْنَا عَشَرَ مَلَکًا ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پیچھے کھڑا ہوا تو اس نے یہ پڑھا:

''اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے' عظیم ہے' تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہیں جو انتہائی زیادہ ہوں اور صبح شام اللہ تعالیٰ کی پاکی (ہم بیان کرتے ہیں)''۔

(نبی اکرم ﷺ نے نماز سے فارغ ہونے کے بعد) دریافت کیا: یہ کلمہ کس شخص نے پڑھا تھا؟ تو اس شخص نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں نے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بارہ فرشتے تیزی سے اس کی طرف لپکے تھے۔

885 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ الْمَرُّوْذِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّیْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّاَصِیْلاً . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ "مَنِ الْقَائِلُ کَلِمَةَ کَذَا وَکَذَا ." فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . قَالَ "عَجِبْتُ لَهَا ." وَذَکَرَ کَلِمَةً مَّعْنَاهَا "فُتِحَتْ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ ." قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا تَرَکْتُهُ مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کر رہے تھے' تو حاضرین میں سے ایک شخص نے بلند آواز میں یہ پڑھا:

''اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور عظیم ہے' ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جو زیادہ ہو اور ہم صبح و شام اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں''۔

(نبی اکرم ﷺ نے نماز سے فارغ ہونے کے بعد) دریافت کیا: فلاں کلمہ کس نے پڑھا تھا؟ تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: یارسول اللہ! میں نے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ بہت اچھا لگا' پھر آپ نے ایک کلمہ ارشاد فرمایا جس کا مفہوم یہ تھا کہ اس کلمے کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے۔

---

884-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب ما يقال بين تكبيرة الاحرام و القراءة (الحديث 150) . واخرجه الترمذي في الدعوات، باب دعاء ام سلمة (الحديث 3592) . واخرجه النسائي في الافتتاح، القول الذي يفتتح به الصلاة (الحديث 885) . تحفة الاشراف (7369) .

885-تقدم في الافتتاح، القول الذي يفتتح به الصلاة (الحديث 884) .

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی میں نے یہ بات سنی ہے' اس کے بعد میں نے ان کلمات کو پڑھنا کبھی ترک نہیں کیا۔

## 9 - باب وَضْعِ الْيَمِيْنِ عَلَى الشِّمَالِ فِي الصَّلَاةِ

### باب: نماز کے دوران دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنا

886 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُمَيْرٍ الْعَنْبَرِيِّ وَقَيْسِ بْنِ سُلَيْمٍ الْعَنْبَرِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا عَلْقَمَةُ بْنُ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ قَائِمًا فِي الصَّلَاةِ قَبَضَ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى شِمَالِهِ ۔

☆☆ علقمہ بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ جب آپ نماز میں قیام کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنے بائیں ہاتھ کو پکڑ لیتے تھے۔

## 10 - باب فِي الْاِمَامِ اِذَا رَاَى الرَّجُلَ قَدْ وَضَعَ شِمَالَهُ عَلٰى يَمِيْنِهِ

### باب: جب امام کسی ایسے شخص کو دیکھے جس نے اپنا بایاں ہاتھ دائیں ہاتھ پر رکھا ہوا ہو

887 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَبِي زَيْنَبَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَضَعْتُ شِمَالِي عَلٰى يَمِيْنِي فِي الصَّلَاةِ فَاَخَذَ بِيَمِيْنِي فَوَضَعَهَا عَلٰى شِمَالِي ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں نے اپنا بایاں ہاتھ نماز کے دوران دائیں ہاتھ پر رکھا ہوا تھا' تو آپ نے میرے دائیں ہاتھ کو پکڑ کر اُسے میرے بائیں ہاتھ کے اوپر رکھ دیا۔

## 11 - باب مَوْضِعِ الْيَمِيْنِ مِنَ الشِّمَالِ فِي الصَّلَاةِ

### باب: نماز کے دوران دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنے کی جگہ

888 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّ وَائِلَ بْنَ حُجْرٍ اَخْبَرَهُ قَالَ قُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ اِلٰى صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ

---

886-انفرد به النسائي ـ تحفة الاشراف (11778) .

887-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب وضع اليمنى على اليسرى في الصلاة (الحديث 755) بنحوه . و اخرجه الترمذي في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب وضع اليمين على الشمال في الصلاة (الحديث 811) . تحفة الاشراف (9378) .

888-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب رفع اليدين في الصلاة (الحديث 727) بمعناه . و الحديث عند: ابي داؤد في الصلاة، باب رفع اليدين في الصلاة (الحديث 726) . و النسائي في التطبيق، باب مكان اليدين من السجود (الحديث 1101)، و في السهو، موضع المرفقين (الحديث 1264)، و باب قبض الثنتين من اصابع اليد اليمنى و عقد الوسطى والا بهام منها (الحديث 1267) . و ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب رفع اليدين اذا ركع، و اذا رفع راسه من الركوع (الحديث 867) . تحفة الاشراف (11781) .

Marfat.com

يُصَلِّي فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَقَامَ فَكَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى حَاذَتَا بِاُذُنَيْهِ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى كَفِّهِ الْيُسْرٰى وَالرُّسْغِ وَالسَّاعِدِ فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا - قَالَ - وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ لَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا ثُمَّ سَجَدَ فَجَعَلَ كَفَّيْهِ بِحِذَاءِ اُذُنَيْهِ ثُمَّ قَعَدَ وَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهٖ وَرُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ قَبَضَ اثْنَتَيْنِ مِنْ اَصَابِعِهٖ وَحَلَّقَ حَلْقَةً ثُمَّ رَفَعَ اِصْبَعَهُ فَرَاَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا يَدْعُو بِهَا .

☆☆ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے سوچا کہ اب میں ضرور نبی اکرم ﷺ کی نماز کا جائزہ لوں گا کہ آپ کس طرح نماز ادا کرتے ہیں' میں نے آپ ﷺ کی طرف دیکھنا شروع کیا' آپ کھڑے ہوئے' آپ نے تکبیر کہی' آپ نے رفع یدین کیا' یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو کانوں تک بلند کیا' پھر آپ ﷺ نے اپنا دایاں دستِ مبارک بائیں ہتھیلی پر رکھا یعنی بائیں کلائی پر اور جوڑ پر رکھا' پھر جب آپ ﷺ رکوع میں جانے لگے تو آپ نے اسی طرح رفع یدین کیا پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھے' جب آپ نے رکوع سے سر اُٹھایا تو پھر اسی طرح رفع یدین کیا' پھر آپ ﷺ سجدے میں چلے گئے اور آپ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے کانوں کے برابر میں رکھیں' پھر آپ ﷺ بیٹھ گئے اور آپ ﷺ نے اپنے بائیں پاؤں کو بچھالیا اور بائیں ہتھیلی کو بائیں زانوں پر اور بائیں گھٹنے پر رکھا' پھر آپ ﷺ نے دائیں ہتھیلی کو دائیں زانوں پر رکھا' پھر آپ نے اپنی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کو بند کیا' اُن کا حلقہ بنایا اور پھر آپ نے ایک انگلی کو بلند کیا' میں نے دیکھا کہ آپ اُس کو حرکت دیتے ہوئے دعا مانگ رہے تھے۔

## 12 - باب النَّهْيِ عَنِ التَّخَصُّرِ فِي الصَّلَاةِ

### باب: نماز کے دوران کمر پر ہاتھ رکھنے کی ممانعت

889 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامٍ ح وَاَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے' کہ کوئی شخص نماز پڑھتے ہوئے کمر پر ہاتھ رکھے۔

شرح

احناف کے نزدیک نماز کے دوران پہلو پر ہاتھ رکھنا مکروہِ تحریمی ہے اور نماز کے علاوہ اس طرح سے ہاتھ رکھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

889-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب كراهة الاختصار في الصلاة (الحديث 46) . تحفة الاشراف (14516 و 14532) .

Marfat.com

دیگر فقہاء نے بھی اسے مکروہ قرار دیا ہے۔

890 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ صَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَوَضَعْتُ يَدِىْ عَلٰى خَصْرِىْ فَقَالَ لِىْ هٰكَذَا ضَرْبَةً بِيَدِهٖ فَلَمَّا صَلَّيْتُ قُلْتُ لِرَجُلٍ مَنْ هٰذَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ ۔ قُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا رَابَكَ مِنِّىْ قَالَ اِنَّ هٰذَا الصَّلْبُ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْهُ ۔

☆☆ زیاد بن صبیح بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں نماز ادا کرتے ہوئے اپنی کمر پر ہاتھ رکھا (تو انہوں نے مجھے اشارے کے ذریعے بتایا: اس طرح ہاتھ رکھو) جب میں نے نماز ادا کر لی تو میں نے دریافت کیا: یہ کون صاحب ہیں؟ تو لوگوں نے بتایا: یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں' میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ کو میری کون سی بات غلط لگی تھی؟ تو انہوں نے فرمایا: یہ مصلوب کرنے کا طریقہ ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کیا ہے۔

## 13 - باب الصَّفِّ بَيْنَ الْقَدَمَيْنِ فِى الصَّلَاةِ

### باب: نماز پڑھتے ہوئے دونوں پاؤں کو برابر رکھنا

891 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدِ الثَّوْرِيِّ عَنْ مَيْسَرَةَ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ عُبَيْدَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَاٰى رَجُلًا يُصَلِّىْ قَدْ صَفَّ بَيْنَ قَدَمَيْهِ فَقَالَ خَالَفَ السُّنَّةَ وَلَوْ رَاوَحَ بَيْنَهُمَا كَانَ اَفْضَلَ ۔

☆☆ ابوعبیدہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز ادا کر رہا تھا' اس نے اپنے دونوں پاؤں سیدھے کیے ہوئے تھے' تو حضرت عبداللہ بولے: اس شخص نے سنت کی خلاف ورزی کی ہے' اگر یہ اُن دونوں کو آرام دیتا تو یہ زیادہ فضیلت رکھتا۔

**شرح**

احناف کے نزدیک قیام کے دوران دونوں قدموں کے درمیان چار انگلیوں کے برابر کشادگی رکھنا سنت ہے' کیونکہ اس میں زیادہ خشوع وخضوع پایا جاتا ہے' جبکہ شوافع اس بات کے قائل ہیں۔ دونوں قدموں کے درمیان ایک بالشت کا فرق ہونا چاہئے۔

فقہاء کے نزدیک کسی عذر کے بغیر دونوں قدموں کو ملا لینا مکروہ ہے۔

مالکیوں اور حنابلہ کی یہ رائے ہے کہ دونوں قدموں میں کشادگی ہونا مستحب ہے اور اس کی صورت یہ ہوگی' وہ درمیانی حالت میں ہوں نہ بالکل ملے ہوئے ہوں نہ زیادہ کھلے ہوئے ہوں' جسے عام عرف میں برا سمجھا جاتا ہو۔

---

890-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب في التخصر و الاقعاء (الحديث 903) مختصراً . تحفة الاشراف (6724) .

891-انفرد به النسائي، و سياتي في الافتتاح، الصف بين القدمين فى الصلاة (الحديث 892) . تحفة الاشراف (9631) .

Marfat.com

892 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ اَخْبَرَنِى مَيْسَرَةُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ سَمِعْتُ الْمِنْهَالَ بْنَ عَمْرٍو يُحَدِّثُ عَنْ اَبِى عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ رَاَى رَجُلًا يُصَلِّى قَدْ صَفَّ بَيْنَ قَدَمَيْهِ فَقَالَ اَخْطَاَ السُّنَّةَ وَلَوْ رَاوَحَ بَيْنَهُمَا كَانَ اَعْجَبَ اِلَىَّ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ایک مرتبہ انہوں نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز ادا کر رہا تھا' اس نے اپنے دونوں پاؤں پر بوجھ ڈالا ہوا تھا تو حضرت عبداللہ بولے: اس شخص نے سنت کی خلاف ورزی کی ہے' اگر یہ ان دونوں کو آرام پہنچاتا تو یہ میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہوتا۔

## 14 - باب سُكُوتِ الْاِمَامِ بَعْدَ افْتِتَاحِهِ الصَّلَاةَ

### باب: امام کا نماز شروع کر لینے کے بعد کچھ دیر کے لیے سکوت اختیار کرنا

893 - اَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِى زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ سَكْتَةٌ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو کچھ دیر کے لیے خاموش ہوتے تھے۔

## 15 - باب الدُّعَاءِ بَيْنَ التَّكْبِيرَةِ وَالْقِرَاَةِ

### باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان میں دعا کرنا

894 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِى زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ سَكَتَ هُنَيْهَةً فَقُلْتُ بِاَبِى اَنْتَ وَاُمِّى يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِى سُكُوتِكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاَةِ قَالَ "اَقُولُ اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِى وَبَيْنَ خَطَايَاىَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللّٰهُمَّ نَقِّنِى مِنْ خَطَايَاىَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ اغْسِلْنِى مِنْ خَطَايَاىَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو تھوڑی دیر کے لیے خاموش رہتے تھے' میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں' آپ تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان خاموشی میں کیا پڑھتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں یہ پڑھتا ہوں:

892-تقدم في الافتتاح، الصف بين القدمين في الصلاة (الحديث 891) .

893-تقدم في الطهارة، باب الوضوء بالثلج (الحديث 60) .

894-تقدم في الطهارة، باب الوضوء بالثلج (الحديث 60) .

Marfat.com

''اے اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنا فاصلہ پیدا کر دے جتنا تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان رکھا ہے' اے اللہ! مجھے خطاؤں سے اس طرح پاک کر دے' جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کر دیا جاتا ہے' اے اللہ! میری خطاؤں کو پانی' برف اور اولوں کے ذریعے دھو دے''۔

## شرح

ڈاکٹر وہبہ زُحیلی تحریر کرتے ہیں: فقہائے مالکیہ کے نزدیک نماز کے آغاز میں دعا یعنی (ثناء) پڑھنا مکروہ ہے۔
وہ کہتے ہیں: نمازی تکبیر کہنے کے فوراً بعد قرأت شروع کر دے گا۔
اس کی دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول وہ روایت ہے جو متفق علیہ ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز کا آغاز ''**الحمد لله رب العلمين**'' سے کرتے تھے۔''
جمہور اس بات کے قائل ہیں: نماز کے آغاز میں دعا پڑھنا یعنی (ثناء) پڑھنا سنت ہے۔
یہ پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جائے گی۔
اس دعا میں مختلف الفاظ یعنی مختلف دعائیں منقول ہیں تاہم احناف اور حنابلہ کے نزدیک مختار دعا یہ ہے۔
''**سبحانك اللهم وبحمدك**''
اس دعا کو امام نسائی نے آگے چل کر حدیث (898) میں نقل کیا ہے۔
شوافع کے نزدیک مختار یہ ہے کہ آدمی یہ دعا مانگے۔
''میں نے اپنا رُخ اس ذات کی طرف کر لیا ہے۔''
امام نسائی نے اس دعا کو حدیث (896) کے تحت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔
علامہ بدرالدین محمود عینی یہ کہتے ہیں: متعدد احادیث سے یہ بات ثابت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے آغاز میں
''**سبحانك اللهم وبحمدك**''
پڑھا کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نماز کے آغاز میں پڑھی جانے والی جو دُعا منقول ہے وہ ابتدائی زمانے پر محمول ہوگی یا نفل نماز پر محمول ہوگی اور سنن نسائی میں اس بات کی تصریح موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نفل نماز کے آغاز میں اس دعا کو پڑھا کرتے تھے۔
سنن نسائی میں یہ حدیث (897) کے تحت محمد بن مسلمہ کے حوالے سے منقول ہے۔ اس کے آغاز میں یہ الفاظ ہیں۔
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نفل نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے۔''
اس دعا کے بارے میں علامہ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس حدیث کے بارے میں بعض علماء نے یہ بات بیان کی ہے یہ تہجد کی نماز کے بارے میں ہے اور پھر اس عمل کو ترک کر دیا گیا۔

Marfat.com

ہمارے علم کے مطابق اب کوئی بھی شخص نماز کے آغاز میں اس دعا کو نہیں پڑھتا ہے۔
نماز کو صرف پہلی دعا ''سبحانک اللھم'' سے ہی شروع کیا جائے گا۔
یہاں امام نسائی نے بعض دیگر دعائیں بھی نقل کی ہیں جن میں کچھ لفظی اختلاف بھی پایا جاتا ہے۔
امام احمد بن حنبل کے نزدیک نماز کو ''سبحانک اللھم'' کی بجائے دوسری دعا سے بھی شروع کیا جا سکتا ہے۔
جبکہ احناف اس بات کے قائل ہیں: نفل نماز میں ثنا کے ساتھ
''میں نے اپنا رُخ اس ذات کی طرف کر لیا ہے''
والی دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے۔
تاہم نمازِ جنازہ میں صرف ''سبحانک اللھم'' ہی پڑھی جائے گی۔
احناف اور حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: جب امام جہری نماز میں یا غیر جہری نماز میں قرأت شروع کر دے تو اب مقتدی کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ ثناء پڑھے۔ خواہ وہ مسبوق ہو یا مدرک ہو یا لاحق ہو۔
شوافع اس بات کے قائل ہیں: نماز کے آغاز میں ''سبحانک اللھم'' کی بجائے ''سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر'' بھی پڑھا جا سکتا ہے۔
''اللہ اکبر کبیرا و الحمد للہ کثیرا و سبحان اللہ و بحمدہ بکرۃ واصیلا'' بھی پڑھا جا سکتا ہے۔
(اس کے علاوہ) ''اے اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دے۔''
دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے۔
یہ دعا امام نسائی نے یہاں حدیث (894) کے تحت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔
تنہا شخص کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ان تمام دعاؤں کو نماز کے آغاز میں پڑھ لے یہ حکم شوافع کے نزدیک ہے۔
اور اگر امام ایسا ہو کہ جس کے طویل قرأت کرنے سے مقتدی راضی ہوں، تو پھر وہ بھی دعاؤں میں اضافہ کر سکتا ہے۔
شوافع کے نزدیک فرض نماز اور نفل نماز کے آغاز میں تنہا نماز ادا کرنے والے شخص امام یا مقتدی کے لئے
''میں نے اپنا رُخ اس ذات کی طرف کر لیا۔''
دعا پڑھنا مستحب ہے۔

## 16 - باب نَوْعٌ اٰخَرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَالْقِرَاءَةِ

باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان دوسری دعا

895 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ يَزِيْدَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ شُعَيْبُ بْنُ

895-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3048) .

Marfat.com

اَبِیْ حَمْزَةَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ "اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ وَاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَقِنِیْ سَیِّئَ الْاَعْمَالِ وَسَیِّئَ الْاَخْلَاقِ لَا يَقِیْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ."

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو آپ تکبیر کہتے تھے' پھر یہ پڑھتے تھے:

''بے شک میری نماز' میری قربانی' میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں مسلمان ہوں' اے اللہ! مجھے اچھے اعمال کی ہدایت نصیب کر اور اچھے اخلاق کی ہدایت نصیب کر' کیونکہ اچھے اعمال اور اخلاق کی ہدایت صرف تو ہی نصیب کر سکتا ہے اور مجھے بُرے اعمال اور بُرے اخلاق سے بچا دے' کیونکہ بُرے اعمال اور بُرے اخلاق سے صرف تو ہی بچا سکتا ہے''۔

## 17 - باب نَوْعٌ اٰخَرُ مِنَ الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَالْقِرَاءَةِ

### باب: تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان ذکر اور دعا کی ایک اور قسم

896 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمِّی الْمَاجِشُوْنُ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ "وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِيْعًا لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّیْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِیْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ."

896-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه (الحديث 202) مطولًا و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء (الحديث 760 و 761) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الدعوات، باب منه (الحديث 3423) مطولاً . والحديث عند مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه (الحديث 201)، و ابي داؤد في الصلاة، باب من ذكر انه يرفع يديه اذا قام من الثنتين (الحديث 744)، وباب ما يقول الرجل اذا سلّم (الحديث 1509) . و الترمذي في الصلاة، باب ما يقول الرجل اذا رفع راسه من الركوع (الحديث 266)، و في الدعوات، باب منه (الحديث 3421 و3422) . والنسائي في التطبيق، نوح آخرمنه (الحديث 1049)، و نوع آخر (الهديث 1125) . وابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب رفع اليدين اذا ركع و اذا رفع راسه عن الركوع (الحديث 864)، و باب سجود القرآن (الحديث 1054) . تحفة الاشراف (10228) .

Marfat.com

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو تکبیر کہتے تھے پھر یہ پڑھتے تھے:

''میں نے اپنا چہرہ اس ذات کی طرف پھیر لیا ہے' جس نے آسمان و زمین کو صحیح طور پر پیدا کیا ہے اور میں مشرک نہیں ہوں' بے شک میری نماز' میری قربانی' میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں مسلمان ہوں' اے اللہ! تو بادشاہ ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے' میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں' تو میرے سارے گناہوں کی مغفرت کر دے' بے شک گناہوں کی مغفرت صرف تو ہی کر سکتا ہے اور اچھے اخلاق کی طرف میری رہنمائی کر' کیونکہ اچھے اخلاق کی طرف صرف تو ہی رہنمائی کر سکتا ہے اور مجھ سے بُرے اخلاق کو دور کر دے' کیونکہ بُرے اخلاق کو صرف تو ہی دور کر سکتا ہے' میں حاضر ہوں' سعادت مندی تیری طرف سے ہی حاصل ہو سکتی ہے اور ہر طرح کی بھلائی تیرے دست قدرت میں ہے' شر تیری طرف نہیں جا سکتا' میں تیری مدد سے ہوں اور تیری ہی طرف لوٹوں گا' تو برکت والا ہے' بلند و برتر ہے' میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں' توبہ کرتا ہوں''۔

897 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ حِمْيَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ وَذَكَرَ اٰخَرَ قَبْلَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ الْاَعْرَجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَامَ يُصَلِّي تَطَوُّعًا قَالَ "اللّٰهُ اَكْبَرُ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ اِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ اللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ ." ثُمَّ يَقْرَاُ .

☆☆ محمد بن مسلمہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نفل نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوتے تھے' تو یہ پڑھا کرتے تھے:

''اللہ تعالیٰ کی ذات سب سے بڑی ہے' میں ہر طرح کے باطل دین سے روگرداں ہوتے ہوئے' مسلمان ہوتے ہوئے اپنا چہرہ اس ذات کی طرف پھیرتا ہوں' جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے' میں مشرک نہیں ہوں' میری نماز' میری قربانی' میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے' مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں' اے اللہ! تو بادشاہ ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو پاک ہے' حمد تیرے لیے مخصوص ہے''۔

اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت کا آغاز کیا کرتے تھے۔

897-انفردبه النسائي . تحفة الاشراف (11230) .

Marfat.com

## 18 - باب نَوْعٌ اٰخَرُ مِنَ الذِّكْرِ بَيْنَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ

### باب: نماز کے آغاز اور قرأت کے درمیان ذکر کی ایک اور قسم

898 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ـ"

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو یہ پڑھتے تھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

899 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ـ"

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے' تو یہ پڑھتے تھے:

''تو پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا نام برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے اور تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

## 19 - باب نَوْعٌ اٰخَرُ مِنَ الذِّكْرِ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ

### باب: تکبیر تحریمہ کے بعد ذکر کی ایک اور قسم

900 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ وَّقَتَادَةَ وَحُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا اِذْ جَآءَ رَجُلٌ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَقَدْ حَفَزَهُ النَّفَسُ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ ـ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهٗ قَالَ "اَيُّكُمُ الَّذِيْ تَكَلَّمَ بِكَلِمَاتٍ" فَاَرَمَّ الْقَوْمُ قَالَ "اِنَّهٗ لَمْ يَقُلْ بَاْسًا ـ" قَالَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْتُ وَقَدْ حَفَزَنِي

898- اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من راى الا ستفتاح بسبحانك اللهم و بحمدك (الحديث 775) مطولاً ـ و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما يقول عند افتتاح الصلاة (الحديث 242) مطولاً ـ و اخرجه النسائي في الافتتاح، نوع آخر من الذكر بين افتتاح الصلاة و بين القراءة (الحديث 899) ـ واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب افتتاح الصلاة (الحديث 804) ـ تحفة الاشراف (4252) ـ

899- تقدم في الافتتاح، نوع آخر من الذكر بين افتتاح الصلاة و بين القراءة (الحديث 898) ـ

900- اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء (الحديث 763) ـ والحديث عند: مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب ما يقال بين تكبيرة الاحرام و القراءة (الحديث 149) ـ تحفة الاشراف (313) ـ

Marfat.com

النَّفَسُ فَقُلْتُهَا . قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَقَدْ رَاَيْتُ اثْنَىْ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُوْنَهَا اَيُّهُمْ يَرْفَعُهَا ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز پڑھا رہے تھے' اسی دوران ایک شخص آیا' وہ مسجد میں داخل ہوا' اس کا سانس پھولا ہوا تھا' اُس نے یہ پڑھا:

''اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے' ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' ایسی حمد جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو' اس میں برکت موجود ہو''۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز مکمل کی تو دریافت کیا: کس شخص نے وہ کلمات کہے تھے؟ تو لوگ خاموش رہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص نے کوئی غلط بات نہیں کی ہے' اس شخص نے عرض کی: میں نے' یارسول اللہ! دراصل میں آیا تھا تو میرا سانس پھولا ہوا تھا' اس لیے میں نے یہ کلمات کہے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے ۱۲ فرشتوں کو دیکھا کہ وہ تیزی سے ان کلمات کی طرف لپکے تھے کہ اُن میں سے کون انہیں اوپر لے کر جاتا ہے۔

## 20 - باب الْبَدَائَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ قَبْلَ السُّوْرَةِ

### باب: سورت کی تلاوت سے پہلے سورۂ فاتحہ کے ذریعے (قرأت کا) آغاز کرنا

901 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - يَسْتَفْتِحُوْنَ الْقِرَاَةَ بِ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العالمین پڑھ کر کرتے تھے۔

### شرح

ہم اس سے پہلے یہ بات بیان کر چکے ہیں' اس حدیث کی بنیاد پر امام مالک اس بات کے قائل ہیں: نماز کے آغاز میں تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد ثناء یا کوئی اور دعا نہیں پڑھی جائے گی بلکہ نمازی قرأت شروع کر دے گا۔

انہوں نے اس حدیث کو دلیل کے طور پر پیش کیا ہے' تاہم جمہور اس بات کے قائل ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بلند آواز میں قرأت کا آغاز ''الحمد لله رب العلمين'' سے کرتے تھے وہ بلند آواز میں تعوذ یا تسمیہ نہیں پڑھتے تھے۔

902 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - فَافْتَتَحُوْا بِ

901-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في افتتاح القراءة به (الحمد لله رب العالمين)(الحديث 246) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيه، باب افتتاح القراءة (الحديث 813) تحفة الاشراف (1435) .

902-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب افتتاح القراءة (الحديث 813) . تحفة الاشراف (1142) .

Marfat.com

(اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے، یہ حضرات الحمد للہ رب العالمین کے ذریعے (قرأت) کا آغاز کرتے تھے۔

## 21 - باب قِرَاْءَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

### باب: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنا

903 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَيْنَمَا ذَاتَ يَوْمٍ بَيْنَ اَظْهُرِنَا - يُرِيْدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اِذْ اَغْفٰى اِغْفَائَةً ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ مُتَبَسِّمًا فَقُلْنَا لَهُ مَا اَضْحَكَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ "نَزَلَتْ عَلَيَّ اٰنِفًا سُوْرَةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ)." ثُمَّ قَالَ "هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْكَوْثَرُ." قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ. قَالَ "فَاِنَّهُ نَهْرٌ وَّعَدَنِيْهِ رَبِّيْ فِي الْجَنَّةِ اٰنِيَتُهُ اَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ الْكَوَاكِبِ تَرِدُهُ عَلَيَّ اُمَّتِيْ فَيُخْتَلَجُ الْعَبْدُ مِنْهُمْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ اِنَّهُ مِنْ اُمَّتِيْ. فَيَقُوْلُ لِيْ اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثَ بَعْدَكَ."

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے، اسی دوران آپ پر غنودگی کی کیفیت طاری ہوئی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اُٹھایا تو آپ مسکرا رہے تھے، ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کس بات پر مسکرا رہے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی میرے اوپر ایک سورت نازل ہوئی ہے۔

(اس کے الفاظ یہ ہیں:)

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے، بے شک ہم نے تمہیں کوثر عطاء کی ہے، تو تم اپنے پروردگار کے لیے نماز ادا کرو اور قربانی کرو، بے شک تمہارا دشمن بے نام ونشان ہو جائے گا''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ کوثر سے مراد کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ جنت میں موجود ایک نہر ہے، جس کا میرے پروردگار نے مجھ سے وعدہ کیا ہے، اس کے برتن آسمان کے ستاروں سے زیادہ ہیں، میری اُمت کے لوگ اس تک آئیں گے تو اُن میں سے ایک شخص کو اس کے پاس نہیں آنے دیا جائے گا، تو میں عرض کروں گا: اے میرے پروردگار! یہ تو میری اُمت کا ایک فرد ہے، تو وہ مجھ سے فرمائے گا: کیا تم نہیں جانتے کہ اس نے تمہارے بعد کون سی نئی چیز کا آغاز کیا تھا؟

903-اخرجه مسلم في الصلاة، باب حجة من قال: البسملة آية من اول كل سورة سوى براء ة (الحديث 53) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من لم ير بالجهر ببسم الله الرحمن الرحيم (الحديث 784) مختصرًا، و في السنة، باب في الحوض (الحديث 4747) مختصراً . و الحديث عند: مسلم في الفضائل، باب اثبات حوض نبينا صلى الله عليه وسلم و صفاته (الحديث 40) . تحفة الاشراف (1575) .

Marfat.com

شرح

اگلی چند روایات نماز کے آغاز میں تلاوت سے پہلے تعوذ یا تسمیہ پڑھنے کے بارے میں ہیں۔

فقہائے مالکیہ اس بات کے قائل ہیں: سورہ فاتحہ سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنا مکروہ ہے۔

ان کی دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول وہی حدیث ہے جو اس سے پہلے ذکر کی جا چکی ہے۔

تسمیہ یعنی بسم اللہ کے بارے میں احناف اور حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: اسے پست آواز میں پڑھا جائے گا۔

جبکہ شوافع اس بات کے قائل ہیں: بسم اللہ کو بلند آواز میں پڑھا جائے گا۔

جبکہ مالکیوں کے نزدیک تعوذ اور تسمیہ پڑھنا سرے سے مکروہ ہے۔

جبکہ تعوذ کے بارے میں تمام فقہاء اس بات کے قائل ہیں: اسے پست آواز میں پڑھا جائے گا۔

اکثر فقہاء کے نزدیک تعوذ میں یہ کلمات پڑھے جائیں گے۔

"اعوذ باللّٰه من الشيطٰن الرجيم"

"میں مردود شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔"

امام احمد بن حنبل کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ یہ پڑھا کرتے تھے۔

"اعوذ باللّٰه السميع العليم من الشيطٰن الرجيم"

"میں سننے والے اور علم رکھنے والے اللہ کی مردود شیطان سے پناہ مانگتا ہوں۔"

904 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِىْ هِلَالٍ عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فَقَرَاَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ) الرَّحِيمِ ثُمَّ قَرَاَ بِاُمِّ الْقُرْآنِ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ) فَقَالَ اٰمِيْنَ . فَقَالَ النَّاسُ اٰمِيْنَ . وَيَقُوْلُ كُلَّمَا سَجَدَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاِذَا قَامَ مِنَ الْجُلُوْسِ فِى الْاِثْنَيْنِ قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاِذَا سَلَّمَ قَالَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنِّىْ لَاَشْبَهُكُمْ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ سعید بن ابو ہلال، نعیم مجمر کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی تو انہوں نے پہلے بسم اللہ پڑھی، پھر سورۂ فاتحہ پڑھی، جب ولا الضالین پڑھا تو آمین کہا، لوگوں نے بھی آمین کہا، جب بھی وہ سجدے میں گئے، تو انہوں نے اللہ اکبر کہا اور جب وہ دو رکعت پڑھنے کے بعد قعدہ کر کے اُٹھے تو اُس وقت بھی انہوں نے اللہ اکبر کہا، پھر جب انہوں نے سلام پھیرا تو بولے: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے! میں تم سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہوں۔

904-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14646) .

Marfat.com

## 22 - باب تَرْكِ الْجَهْرِ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ)

### باب: بلند آواز میں بسم اللہ نہ پڑھنا

905 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِى يَقُولُ اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُسْمِعْنَا قِرَاءَةَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) وَصَلّٰى بِنَا اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ فَلَمْ نَسْمَعْهَا مِنْهُمَا ۔

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی تو ہمیں آپ کے بسم اللہ پڑھنے کی آواز سنائی نہیں دی۔

اسی طرح حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے بھی ہمیں نماز پڑھائی ہے' لیکن اُن کی زبانی بھی ہم نے بلند آواز میں بسم اللہ نہیں سنی۔

906 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ اَبُوْ سَعِيدٍ الْاَشَجُّ قَالَ حَدَّثَنِى عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَابْنُ اَبِى عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِى بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ - فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِّنْهُمْ يَجْهَرُ بِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) ۔

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' تو میں نے ان میں سے کسی ایک کو بھی بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔

907 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ اَخْبَرَنِى اَبُوْ نُعَامَةَ الْحَنَفِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ اِذَا سَمِعَ اَحَدَنَا يَقْرَاُ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) يَقُوْلُ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَلْفَ اَبِى بَكْرٍ وَّخَلْفَ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَمَا سَمِعْتُ اَحَدًا مِّنْهُمْ قَرَاَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ جب کسی شخص کو بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتے ہوئے سنتے تھے' تو فرمایا کرتے تھے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' میں نے ان میں سے کسی ایک کو بھی بسم اللہ (بلند آواز میں) پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔

---

905-انفرد به النسائي ۔ تحفة الاشراف (1605) ۔

906-اخرجه البخاري في الاذان، باب ما يقول بعد التكبير (الحديث 473) بمعناه ۔ واخرجه مسلم في الصلاة، باب حجة من قال لا يجهر بالبسملة (الحديث 50 و 51) ۔ تحفة الاشراف (1218 و 1257) ۔

907-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في ترك الجهر ب (بسم الله الرحمن الرحيم)(الحديث 244) بنحوه ۔ و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب افتتاح القراءة (الحديث 815) بنحوه ۔ تحفة الاشراف (9667) ۔

Marfat.com

## 23 - باب تَرْكِ قِرَأَةِ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) فِي فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

### باب: سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے بسم اللہ کی تلاوت نہ کرنا

908 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا السَّائِبِ مَوْلَى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَنْ صَلّٰى صَلَاةً لَمْ يَقْرَاْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ هِيَ خِدَاجٌ هِيَ خِدَاجٌ ." غَيْرُ تَمَامٍ . فَقُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اِنِّيْ اَحْيَانًا اَكُوْنُ وَرَاءَ الْإِمَامِ .

فَغَمَزَ ذِرَاعِيْ وَقَالَ اقْرَاْ بِهَا يَا فَارِسِيُّ فِيْ نَفْسِكَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ "يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَسَمْتُ الصَّلَاةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ فَنِصْفُهَا لِيْ وَنِصْفُهَا لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ ." قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اقْرَئُوْا يَقُوْلُ الْعَبْدُ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حَمِدَنِيْ عَبْدِيْ . يَقُوْلُ الْعَبْدُ ( الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَثْنٰى عَلَيَّ عَبْدِيْ . يَقُوْلُ الْعَبْدُ (مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ) يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَجَّدَنِيْ عَبْدِيْ . يَقُوْلُ الْعَبْدُ (اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) فَهٰذِهِ الْآيَةُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ . يَقُوْلُ الْعَبْدُ (اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَهٰؤُلَاءِ لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"جو شخص نماز ادا کرتے ہوئے اس میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتا تو اس کی وہ نماز نامکمل ہوتی ہے' وہ نامکمل ہوتی ہے' وہ نامکمل ہوتی ہے' پوری نہیں ہوتی"۔

راوی کہتے ہیں' کہ میں نے دریافت کیا: اے ابوہریرہ! بعض اوقات میں امام کی اقتداء میں ہوتا ہوں' تو انہوں نے میری کلائی پر ٹہوکا دیتے ہوئے فرمایا: اے فارسی! تم اُس وقت اپنے ذہن میں اسے پڑھ لیا کرو۔ کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"میں نے نماز کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر لیا ہے' اس کا نصف حصہ میرے لیے ہے اور نصف حصہ میرے بندے کے لیے ہے اور میرا بندہ جو مانگے گا وہ اُسے ملے گا"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (یا شاید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: تم لوگ تلاوت کر کے دیکھ لو' بندہ کہتا ہے: ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

908-اخرجه مسلم في الصلاة، باب و جوب قراء ة الفاتحة في كل ركعة و انه اذا لم يحسن الفاتحة ولا امكنه تعلمها قرا ما تيسر له من غيرها (الحديث 39 و 40 و 41) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من ترك القراء ة في صلاته بفاتحة الكتاب (الحديث 821) واخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة فاتحة الكتاب) (الحديث 2953م) . واخرجه النسائي في فضائل القران، فضل فاتحة الكتاب (الحديث 37)، وفي التفسير: فاتحة الكتاب (الحديث 2 ) . والحديث عند: ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراء ة خلف الامام (الحديث 838) تحفة الاشراف (14935) .

Marfat.com

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''میرے بندے نے میری حمد بیان کی ہے''۔

بندہ کہتا ہے:

''وہ بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے''۔

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''میرے بندے نے میری تعریف کی ہے''۔

بندہ پڑھتا ہے:

''وہ قیامت کے دن کا مالک ہے''۔

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''میرے بندے نے میری بزرگی کا تذکرہ کیا ہے''۔

پھر بندہ کہتا ہے:

''ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں' تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں''۔

تو یہ آیت میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے اور میرا بندہ جو مانگتا ہے وہ اُسے ملے گا۔

پھر میرا بندہ کہتا ہے:

''تو ہمیں سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھ' اُن لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے اپنا انعام کیا ہے نہ کہ اُن لوگوں کے راستے پر جن پر غضب کیا گیا یا جو گمراہ ہوئے''۔

(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:) ''یہ حصہ میرے بندے کے لیے ہے اور میرے بندے نے جو مانگا ہے وہ اُسے ملے گا''۔

## 24 - باب اِيجَابِ قِرَاَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي الصَّلَاةِ

## باب: نماز کے دوران سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرنا واجب ہے

909 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''لاَ صَلَاةَ لِمَنْ لَّمْ يَقْرَاْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ ۔''

☆☆ حضرت عبادہ بن سہل رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۂ فاتحہ نہیں

909-اخرجه البخاري في الاذان، باب وجوب القراءة للامام و الماموم في الصلوات كلها في الحضر و السفر، و ما يجهر فيها و ما يخافت (الحديث 756) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة و انه اذا لم يحسن الفاتحة و لا امكنة تعلمها قرا ما تيسرله من غيرها (الحديث 34 و 35 و 36 و 37) . واخرجه ابو داوُد في الصلاة، باب من ترك القراءة في صلاته بفاتحة الكتاب (الحديث 822) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء انه لا صلاة الا بفاتحة الكتاب (الحديث 247) . واخرجه النسائي في الافتتاح ايجاب قراءة فاتحة الكتاب في الصلاة (الحديث 910) . الحديث واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة فيها، باب القراءة خلف الامام (الحديث 837) . تحفة الاشراف (5110) .

Marfat.com

پڑھتا۔

## شرح

اسی روایت کوامام بخاری نے بھی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے۔اس کی تشریح کرتے ہوئے علامہ محمود عینی تحریر کرتے ہیں:

- عبداللہ بن مبارک، مالک، شافعی، اوزاعی، احمد، اسحاق بن راہویہ، ابوثور اور داؤد ظاہری نے اس حدیث سے یہ استدلال کیا ہے کہ تمام نمازوں میں امام کی اقتدا میں بھی سورہ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔

شیخ ابن العربی نے یہ بات تحریر کی ہے: ہمارے علماء (یعنی فقہائے مالکیہ) کے اس بارے میں تین اقوال ہیں۔

(i) جب امام پست آواز میں قرأت کررہا ہو اس وقت مقتدی امام کی اقتداء میں سورہ فاتحہ پڑھ لے۔

(ii) ابن وہب اور اشہب اس بات کے قائل ہیں: مقتدی سورہ فاتحہ نہیں پڑھے گا۔

(iii) محمد بن عبدالحکم اس بات کے قائل ہیں: مقتدی امام کی اقتدا میں سورہ فاتحہ پڑھے گا لیکن اگر وہ نہیں پڑھتا تو بھی کافی ہے۔

اس قول کے اعتبار سے ان کے نزدیک سورہ فاتحہ پڑھنا مستحب ہے۔

ابن العربی کہتے ہیں: میرے نزدیک زیادہ صحیح یہ ہے کہ امام جن نمازوں میں پست آواز میں قرأت کرتا ہو ان میں امام کی اقتدا میں سورہ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔

سفیان ثوری، ایک روایت کے مطابق امام اوزاعی، ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل، ان کے علاوہ امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد اس بات کے قائل ہیں: مقتدی امام کی اقتدا میں قرآن کی تلاوت نہیں کرے گا' نہ سورہ فاتحہ کی' نہ کسی اور سورہ کی' خواہ امام بلند آواز میں قرأت کررہا ہو' خواہ وہ پست آواز میں کررہا ہو۔

سعید بن میتب اور تابعین کی ایک جماعت اسی بات کی قائل ہے۔

## نماز کے واجبات

مسئلہ: نماز کے واجبات درج ذیل ہیں:

## سورۂ فاتحہ اور ایک سورت کی تلاوت

اُن میں سے ایک واجب سورۂ فاتحہ اور اُس کے ساتھ کسی ایک سورت کی تلاوت ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کی پہلی دو رکعات میں یا پہلی دو رکعات کی کسی ایک رکعت میں سورۂ فاتحہ ترک کر دیتا ہے' تو اُس پر سجدۂ سہو لازم ہوگا لیکن اگر وہ سورۂ فاتحہ کے اکثر حصے کی تلاوت کر لیتا ہے اور تھوڑا حصہ بھول جاتا ہے' تو سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا۔ اگر سورۂ فاتحہ کا تھوڑا حصہ پڑھا اور زیادہ حصہ بھول گیا تو سجدۂ سہو لازم ہوگا خواہ امامت کررہا ہو یا تنہا نماز ادا کررہا ہو۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص آخری دو رکعات میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتا تو اگر وہ فرض نماز ادا کررہا تھا تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا

Marfat.com

اگر وتر یا نفل نماز ادا کر رہا تھا تو سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلی دو رکعات میں سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھ لیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' اس کے برعکس اگر بعد والی سورت کو دو مرتبہ پڑھ لیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اسی طرح اگر کوئی شخص آخری دو رکعات میں سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھ لیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلی دو رکعات میں سورۂ فاتحہ پڑھ لیتا ہے' لیکن اُس کے ساتھ کوئی سورت نہیں پڑھتا تو اُس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص رکوع یا سجدے میں یا تشہد میں قرأت کرتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' یہ حکم اُس وقت ہوگا جب قرأت پہلے کرلے' اور تشہد کے کلمات بعد میں پڑھے' لیکن اگر تشہد کے کلمات پہلے پڑھ لیتا ہے اور قرأت بعد میں کرتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کسی شخص نے نماز میں کوئی ایک سورت پڑھنے کا ارادہ کیا' لیکن بھول کر دوسری سورت پڑھ دی تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: نماز کا ایک واجب یہ ہے کہ پہلی دو رکعات میں قرأت کو متعین کیا جائے۔ (بحرالرائق)

## نماز میں مکرر افعال میں ترتیب واجب ہے

مسئلہ: نماز کا ایک واجب یہ ہے جو افعال تکرار کے ساتھ ہوتے ہیں' اُن میں ترتیب کا خیال رکھنا چاہیے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص کسی ایک رکعت میں ایک سجدہ چھوڑ دیتا ہے' اُسے نماز کے آخر میں یاد آتا ہے' تو وہ اُس وقت اُس سجدہ کو کرے گا لیکن اُس پر سجدۂ سہو بھی لازم ہو جائے گا کیونکہ یہاں سجدے میں ترتیب فوت ہو گئی تھی' لیکن اس سے پہلے وہ جتنے ارکان ادا کر چکا تھا' اُن کو دوبارہ ادا کرنا واجب نہیں ہوگا۔

مسئلہ: اسی طرح اگر کسی نے قرأت کرنے سے پہلے رکوع کر لیا تو سجدۂ سہو لازم ہو جائے گا' رکوع کا اعتبار نہیں ہوگا بلکہ قرأت کرنے کے بعد رکوع کرنا ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: نماز کا ایک واجب ارکان کو اعتدال کے ساتھ ادا کرنا ہے' یعنی رکوع اور سجدہ اطمینان سے کرنا ہے' اگر کوئی شخص اسے ترک کر دیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہونے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' کیونکہ اس عمل کے واجب یا سنت ہونے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' صحیح مذہب یہ ہے کہ ایسا کرنا واجب ہے اور اگر کوئی شخص بھول کر اسے ترک کر دیتا ہے' تو اُس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا' بدائع میں اسی قول کو صحیح قرار دیا گیا ہے۔ (بحرالرائق)

## قعدہ اور تشہد کا حکم

مسئلہ: نماز کا ایک واجب پہلا قعدہ ہے' اگر کوئی شخص اسے ترک کر دیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: نماز کا ایک واجب تشہد ہے' اگر کوئی شخص پہلے قعدہ میں یا دوسرے قعدہ میں تشہد نہیں پڑھتا تو سجدۂ سہو واجب ہوگا'

Marfat.com

اسی طرح اگر تشہد کا کچھ حصہ پڑھ لیا اور کچھ نہیں پڑھا تو بھی سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: خواہ وہ فرض نماز ادا کر رہا ہو یا نفل نماز ادا کر رہا ہو۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلے قعدہ میں دو مرتبہ تشہد پڑھ لیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' اسی طرح اگر پہلے قعدہ میں تشہد میں اضافہ کر کے درود بھی پڑھ لیتا ہے' تو بھی سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا۔ (تبیین)

مسئلہ: فتویٰ اسی پر ہے۔ (مضمرات)

مسئلہ: اگر کوئی شخص دوسرے قعدہ میں دو مرتبہ تشہد پڑھتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص تشہد پڑھنا بھول جاتا ہے اور سلام پھیر دیتا ہے' پھر اُسے یاد آتا ہے' تو دوبارہ تشہد پڑھے گا۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اُس وقت سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ (محیط)

## بھول کر کھڑے ہونے یا بیٹھ جانے کا حکم

مسئلہ: اگر کوئی شخص کھڑے ہونے کی جگہ بیٹھ گیا یا بیٹھنے کی جگہ کھڑا ہو گیا تو وہ امام ہو یا تنہا نماز پڑھ رہا ہو' اُس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا۔

مسئلہ: یہاں کھڑے ہونے سے مراد مکمل کھڑے ہو جانا ہے یا کھڑے ہونے کے قریب ہونا ہے' کیونکہ جب آدمی کھڑا ہونے کے قریب ہوگا تو وہ دوبارہ قعدہ کی طرف نہیں جا سکے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر وہ کھڑے ہونے کے قریب ہو اور واپس قعدہ میں چلا جائے تو صحیح قول کے مطابق اُس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (تبیین)

مسئلہ: لیکن اگر وہ کھڑے ہونے کے قریب نہیں تھا تو بیٹھ جائے گا اور اُس پر سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: یہی قول صحیح ہے۔ (ہدایہ' تبیین)

## قنوت واجب ہے

مسئلہ: نماز کا ایک واجب قنوت ہے' اگر کوئی شخص قنوت کو چھوڑ دیتا ہے' تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' قنوت کا چھوڑنا اُس وقت ہوگا جب آدمی رکوع سے سر اُٹھالے لیکن اگر آدمی نے قرأت کے بعد اور قنوت سے پہلے والی تکبیر ترک کر دی تو بھی سجدۂ سہو لازم ہو جائے گا کیونکہ وہ بھی عید کی تکبیر کی طرح واجب ہوتی ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: نماز کے واجبات میں سے ایک چیز عیدین کی نماز کی تکبیریں ہیں۔ (بدائع الصنائع)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ان تکبیروں کو چھوڑ دیتا ہے' ان میں کمی کر دیتا ہے یا ان میں اضافہ کر دیتا ہے یا ان کو ان کے مخصوص موقع پر ادا نہیں کرتا تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: فرض' نفل' جمعہ اور عیدین میں سہو کا حکم ایک ہی ہے' تاہم مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جمعہ اور عیدین کی نماز میں سہو کا سجدہ نہیں کرنا چاہیے' کیونکہ لوگ آزمائش میں مبتلا ہو جائیں گے۔ (مضمرات بحوالہ محیط)

Marfat.com

باجماعت نماز میں جہری یا سری قرأت واجب ہے

مسئلہ: نماز کا ایک واجب بلند آواز میں قرأت کرنا یا پست آواز میں قرأت کرنا ہے' اگر پست آواز کی جگہ بلند آواز میں قرأت کر لی یا بلند آواز کی جگہ پست آواز میں قرأت کر لی تو سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا' تاہم اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' کس قدر آواز کو بلند یا پست کرنے سے سجدۂ سہو واجب ہوگا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص تنہا نماز ادا کر رہا ہو' تو آواز کو پست یا بلند کرنے سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوگا کیونکہ آواز کا پست یا بلند کرنا باجماعت نماز کی خصوصیت ہے۔ (تبیین)

مسئلہ: اگر کوئی شخص (باجماعت نماز کے دوران) بلند آواز میں تعوذ' تسمیہ یا آمین کہتا ہے' تو بھی سجدۂ سہو واجب ہو جائے گا۔ (قاضی خان)

•••———•••———•••

910 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّمْ يَقْرَاْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَصَاعِدًا."

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اُس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتا اور اس کے بعد (مزید کسی سورت کی) تلاوت نہیں کرتا۔

## 25 - باب فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

### باب: سورۂ فاتحہ کی فضیلت

911 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيْسٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِذْ سَمِعَ نَقِيْضًا فَوْقَهُ فَرَفَعَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ هٰذَا بَابٌ قَدْ فُتِحَ مِنَ السَّمَآءِ مَا فُتِحَ قَطُّ . قَالَ فَنَزَلَ مِنْهُ مَلَكٌ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرْ بِنُوْرَيْنِ اُوْتِيْتَهُمَا لَمْ يُؤْتَهُمَا نَبِيٌّ قَبْلَكَ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَخَوَاتِيْمِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ لَمْ تَقْرَاْ حَرْفًا مِّنْهُمَا اِلَّا اُعْطِيْتَهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام موجود تھے' اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر کی طرف سے کوئی آواز سنی تو حضرت جبریل علیہ السلام نے سر اُٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا اور

910-تقدم في الافتتاح، ايجاب قراء ة فاتحة الكتاب في الصلاة (الحديث 909) .

911-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب فضل الفاتحة و خواتيم سورة البقرة و الحث على قراء ة الآيتين من آخر البقرة (الحديث 254) . تحفة الاشراف (5541).

Marfat.com

بولے: یہ آسمان کا وہ دروازہ ہے' جو اس سے پہلے کبھی نہیں کھولا گیا' پھر اُس دروازے میں سے ایک فرشتہ نازل ہوا اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: آپ کو دو طرح کے نور کی خوشخبری ہے (یعنی مبارک ہو) جو آپ کو دیئے گئے ہیں' یہ آپ سے پہلے کسی بھی نبی کو نہیں دیئے گئے' یہ سورۂ فاتحہ (مکمل) اور سورۂ بقرہ کی آخری آیات ہیں۔

(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:) ''تم اُن میں سے جس حرف کو بھی پڑھو گے میں وہ تمہیں عطاء کر دوں گا''۔

## 26 - باب تَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

## (وَلَقَدْ اٰتَيْنَاكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ)

## باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر:

''اور ہم نے تمہیں دو مرتبہ پڑھی جانے والی سات آیات اور قرآنِ عظیم عطاء کیا ہے''

912 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ عَاصِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ وَهُوَ يُصَلِّىْ فَدَعَاهُ - قَالَ - فَصَلَّيْتُ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَقَالَ "مَا مَنَعَكَ اَنْ تُجِيْبَنِىْ" قَالَ كُنْتُ اُصَلِّىْ . قَالَ "اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ) اَلَا اُعَلِّمُكَ اَعْظَمَ سُوْرَةٍ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ ." قَالَ فَذَهَبَ لِيَخْرُجَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَوْلَكَ . قَالَ "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ هِىَ السَّبْعُ الْمَثَانِى الَّذِىْ اُوْتِيْتُ وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ ."

☆☆ حضرت ابوسعید بن معلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ان کے پاس سے گزرے' وہ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے' نبی اکرم ﷺ نے انہیں بلایا۔ راوی کہتے ہیں' کہ جب میں نے نماز مکمل کر لی تو آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ ﷺ نے دریافت کیا: تم پہلے میرے پاس کیوں نہیں آئے؟ میں نے عرض کی: میں اُس وقت نماز ادا کر رہا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی ہے:

''اے ایمان والو! اللہ اور اس کا رسول جب تمہیں بلائیں' تو تم اُن کی بات کا جواب دو''۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

میں اپنے مسجد میں نکلنے سے پہلے تمہیں ایک عظیم سورت کے بارے میں بتاؤں گا۔

912-اخرجه البخاري في التفسير، باب ما جاء في فاتحة الكتاب (الحديث 4474)، و باب (يا ايها الذين آمنوا استجيبوا الله و للرسول اذا دعاكم لما يحييكم و اعلموا ان الله يحول بين المرء و قلبه و انه اليه تحشرون) (الحديث 4647)، وباب (ولقد آتيناك سبعًا من المثاني و القرآن العظيم (الحديث 4703)، و في فضائل القرآن، باب فضل فاتحة الكتاب (الحديث 5006) . واخرجه ابو داوٗد في الصلاة ، باب فاتحة الكتاب (الحديث 1458) واخرجه النسائي في فضائل القرآن، فضل فاتحة الكتاب (الحديث 35)، و في التفسير : فاتحة الكتاب(الحديث 1)، و سورة الحجر، قوله تعالىٰ: (ولقد اتينك سبعًا من المثاني) (الحديث 295) واخرجه ابن ماجه في الادب، باب ثواب القرآن (الحديث 3785) مختصراً . تحفة الاشراف (12047) .

Marfat.com

راوی کہتے ہیں' کہ پھر نبی اکرم ﷺ جب باہر تشریف لے جانے لگے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے تو یہ ارشاد فرمایا تھا (میں تمہیں ایک عظیم سورت کے بارے میں بتاؤں گا)' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ الحمد للہ رب العٰلمین ہے' یہی دومرتبہ پڑھی جانے والی' سات آیات ہیں جو مجھے عطاء کی گئی ہیں اوران کے ساتھ قرآنِ عظیم بھی عطاء کیا گیا ہے۔

913 - اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي التَّوْرَاةِ وَلَا فِي الْاِنْجِيلِ مِثْلَ اُمِّ الْقُرْاٰنِ وَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَهِيَ مَقْسُوْمَةٌ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تورات اور انجیل میں سورۂ فاتحہ کی مانند کوئی چیز نازل نہیں کی' یہی دومرتبہ پڑھی جانے والی سات آیات ہیں اور (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) یہ میرے درمیان اور میرے بندے کے درمیان تقسیم ہوگئی ہیں اور میرا بندہ جو مانگے گا وہ اُسے ملے گا''۔

914 - اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُوْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي السَّبْعَ الطُّوَلَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ کو سبع مثانی یعنی سات طویل سورتیں عطاء کی گئی ہیں۔

915 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ) قَالَ السَّبْعُ الطُّوَلُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''دومرتبہ پڑھی جانے والی سات''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' کہ اس سے مراد سبع طوال (یعنی سات طویل سورتیں) ہیں۔

## 27 - باب تَرْكِ الْقِرَاَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ فِيْمَا لَمْ يَجْهَرْ فِيْهِ

باب: امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت نہیں کرتا' اس میں امام کی اقتداء میں قرأت نہ کرنا

913-اخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة الحجر) (الحديث 3125) . تحفة الاشراف (77) .

914-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من قال : هي الطول (الحديث 1459) مطولاً . تحفة الاشراف (5617) .

915-اخرجه النسائي في التفسير : سورة الحجر، قوله تعالى: (ولقد اتينك سبعًا من المثاني) (الحديث 296) . تحفة الاشراف (5590) .

Marfat.com

916 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فَقَرَاَ رَجُلٌ خَلْفَهُ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ مَنْ قَرَاَ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) . قَالَ رَجُلٌ اَنَا . قَالَ "قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ بَعْضَكُمْ قَدْ خَالَجَنِيهَا ."

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی' آپ کی اقتداء میں ایک شخص نے سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کس شخص نے سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کی تھی؟ اس شخص نے عرض کی: میں نے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ اندازہ ہو گیا تھا کہ تم میں سے کوئی ایک شخص میری قرأت میں رکاوٹ پیدا کر رہا ہے۔

917 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلَاةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَرَجُلٌ يَقْرَاُ خَلْفَهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ "اَيُّكُمْ قَرَاَ بِـ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَنَا وَلَمْ اُرِدْ بِهَا اِلَّا الْخَيْرَ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "قَدْ عَرَفْتُ اَنَّ بَعْضَكُمْ قَدْ خَالَجَنِيهَا ."

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی یا شاید عصر کی نماز ادا کی' آپ کی اقتداء میں ایک شخص نے قرأت کی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو دریافت کیا: کون شخص سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کر رہا تھا؟ تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے: میں' میں نے اس کے ذریعے صرف نیکی کا ارادہ کیا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اندازہ ہو گیا تھا کہ تم میں سے کوئی ایک شخص میری قرأت میں رکاوٹ پیدا کر رہا ہے۔

## 28 - باب تَرْكِ الْقِرَاَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ فِيمَا جَهَرَ بِهِ

### باب: امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتا ہے' اس میں امام کے پیچھے قرأت نہ کرنا

918 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ اُكَيْمَةَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ مِنْ صَلَاةٍ جَهَرَ فِيهَا بِالْقِرَاَةِ فَقَالَ "هَلْ قَرَاَ مَعِيَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ اٰنِفًا ." قَالَ رَجُلٌ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . قَالَ "اِنِّيْ اَقُوْلُ مَا لِيْ اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ ." قَالَ فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاَةِ فِيمَا جَهَرَ فِيهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِرَاَةِ مِنَ الصَّلَاةِ حِيْنَ سَمِعُوا ذٰلِكَ .

---

916-اخرجه مسلم في الصلاة، باب نهي الماموم عن جهره بالقراءة خلف امامه (الحديث 47 و 48 و 49) واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من راى القراءة اذا لم يجهر الامام بقراءته (الحديث 828 و829) . واخرجه النسائي في الافتتاح، ترك القرائة خلف الامام فيما لم يجهر فيه (الحديث 917)، و في قيام الليل و تطوع النهار، ذكر الاختلاف على شعبة عن قتادة في هذا (الحديث 1743) تحفة الاشراف (10825) .

917-تقديم في الافتتاح، ترك القراءة خلف الامام فيما لم يجهر فيه (الحديث 916) .

918-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من ترك القراءة في صلاته بفاتحة الكتاب (الحديث 826 و 827) واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في ترك القراءة خلف الامام اذا جهر الامام بالقراءة (الحديث 312) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب اذا قرا الامام فانصتوا (الحديث 848 و849 ) . تحفة الاشراف (14264) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کر فارغ ہوئے جس میں آپ نے بلند آواز میں قرأت کی تھی' پھر آپ نے دریافت کیا: کیا میرے ساتھ تم میں سے کسی شخص نے قرأت کی تھی؟ ایک شخص نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں بھی یہ سوچ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کی تلاوت میں کوئی مقابلہ کر رہا ہے؟

راوی کہتے ہیں: جب لوگوں نے یہ بات سنی تو وہ اس کے بعد ان نمازوں میں قرأت کرنے سے باز آ گئے' جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں قرأت کیا کرتے تھے۔

## 29 - باب قِرَاْءَةِ الْقُرْآنِ خَلْفَ الْاِمَامِ فِيْمَا جَهَرَ بِهِ الْاِمَامُ

### باب امام جس نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتا ہے' اس میں امام کی اقتداء میں سورۂ فاتحہ پڑھنا

919 - اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ صَدَقَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ حَرَامِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ الصَّلَوَاتِ الَّتِىْ يُجْهَرُ فِيْهَا بِالْقِرَاْءَةِ فَقَالَ "لَا يَقْرَاَنَّ اَحَدٌ مِّنْكُمْ اِذَا جَهَرْتُ بِالْقِرَاْءَةِ اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْآنِ".

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک نماز پڑھائی' جس میں آپ نے بلند آواز میں قرأت کی' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: جب میں بلند آواز میں قرأت کروں' تو کوئی بھی شخص ہرگز تلاوت نہ کرے' البتہ سورۂ فاتحہ پڑھ لیا کرے۔

## 30 - باب تَاْوِيْلِ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ
## (وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ)

### باب: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر "اور جب قرآن کی تلاوت کی جائے' تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے"

920 - اَخْبَرَنَا الْجَارُوْدُ بْنُ مُعَاذٍ التِّرْمِذِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَاَ فَاَنْصِتُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوا اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ".

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

---

919-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من ترك القراء ة في صلاته بفاتحة الكتاب (الحديث 824) مطولاً . تحفة الاشراف (5116) .

920-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب الامام يصلي من قعود (الحديث 604) . واخرجه النسائي في الافتتاح، تاويل قوله عزوجل: (واذا قرئ القرآن فاستمعوا له و انصتوا لعلكم ترحمون) (الحديث 921) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب اذا قرا الامام فانصتوا (الحديث 846) مطولاً . تحفة الاشراف (12317) .

Marfat.com

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ تکبیر کہے' تو تم بھی تکبیر کہو' جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو' جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ پڑھے تو تم اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو۔

921 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّمَا الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَاَ فَاَنْصِتُوْا ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كَانَ الْمُخَرِّمِيُّ يَقُوْلُ هُوَ ثِقَةٌ يَعْنِيْ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيَّ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''امام کو اس لیے مقرر کیا گیا ہے تا کہ اس کی پیروی کی جائے' جب وہ تکبیر کہے' تو تم بھی تکبیر کہو' جب وہ تلاوت کرے تو تم لوگ خاموش رہو''۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: مخرمی نے یہ بات بیان کی ہے' کہ یہ راوی ثقہ ہے' ان کی مراد محمد بن سعد انصاری نامی راوی ہے۔

## 31 - باب اكْتِفَاءِ الْمَأْمُوْمِ بِقِرَاءَةِ الْاِمَامِ

### باب: مقتدی کا امام کی قرأت پر اکتفاء کرنا

922 - اَخْبَرَنِيْ هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الزَّاهِرِيَّةِ قَالَ حَدَّثَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ سَمِعَهٗ يَقُوْلُ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفِيْ كُلِّ صَلَاةٍ قِرَاءَةٌ قَالَ "نَعَمْ ." قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَجَبَتْ هٰذِهٖ . فَالْتَفَتَ اِلَيَّ وَكُنْتُ اَقْرَبَ الْقَوْمِ مِنْهُ فَقَالَ مَا اَرَى الْاِمَامَ اِذَا اَمَّ الْقَوْمَ اِلَّا قَدْ كَفَاهُمْ .

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَاٌ اِنَّمَا هُوَ قَوْلُ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَلَمْ يَقْرَاْ هٰذَا مَعَ الْكِتَابِ .

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا: کیا ہر نماز میں قرأت کی جائے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! تو ایک انصاری نے عرض کی: یہ تو واجب ہوگئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے' میں اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ قریب بیٹھا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب امام لوگوں کی امامت کر رہا ہو' تو وہی لوگوں کے لیے کافی ہوتا ہے''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس بات کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ہونا غلط ہے' یہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کا قول ہے'

921-تقدم في الافتتاح، تاويل قوله عزوجل: (واذا قرئ القرآن فاستمعوا له و انصتوا لعلكم ترحمون) (الحديث 920) .

922-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (10959) .

Marfat.com

اور اسے کتاب کے ساتھ نہیں پڑھا جائے گا۔

## 32 - باب مَا يُجْزِءُ مِنَ الْقِرَأَةِ لِمَنْ لَا يُحْسِنُ الْقُرْآنَ

باب: جو شخص اچھی طرح سے قرآن کی تلاوت نہ کرسکتا ہو اس کے لیے کس حد تک تلاوت کرنا کافی ہے؟

923 - اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّىْ لَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اٰخُذَ شَيْئًا مِنَ الْقُرْاٰنِ فَعَلِّمْنِىْ شَيْئًا يُجْزِئُنِىْ مِنَ الْقُرْاٰنِ . فَقَالَ "قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں قرآن کا کچھ بھی حصہ یاد رکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا' تو آپ مجھے ایسی چیز کی تعلیم دے دیں جو قرآن کی جگہ میرے لیے کافی ہو؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ پڑھ لیا کرو:

سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله.

(اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔)

### شرح

احناف اس بات کے قائل ہیں: نماز کے دوران قیام کی حالت میں یا قیام کی جگہ پر قرأت کرنا فرض ہے۔

وتر اور نفل کی تمام رکعات میں یہ فرض ہے جبکہ فرض نماز کی ابتدائی دو رکعات میں فرض ہے اور یہ حکم امام اور تنہا نماز ادا کرنے والے شخص کے لئے ہے جبکہ امام کی اقتدا میں نماز ادا کرنے والے شخص کے لئے امام کا تلاوت کر لینا کافی ہوگا۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''قرآن میں سے جو بھی میسر ہو اس کی تلاوت کرلو۔''

امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کے لازم ہونے کی کم از کم مقدار ایک آیت ہے جو چھ حروف کے برابر ہو۔

جبکہ صاحبین کے نزدیک تین چھوٹی آیات کو تلاوت کرنا یا ایک لمبی آیت کو تلاوت کرنا' جو تین چھوٹی آیات کے برابر ہو' یہ فرض ہے۔

## قرأت کی غلطیاں

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی کلمے کے ایک حرف کو دوسرے کلمے کے ساتھ ملا دے' اس میں بعض صورتیں ایسی

923-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما يجزي الامي و الاعجمي من القراءة (الحديث 832) مطولاً . تحفة الاشراف (5150) .

Marfat.com

ہیں کہ جن کے نتیجے میں نماز فاسد نہیں ہوتی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھ لے جیسے ان المسلمین کی جگہ ان المسلمون پڑھ لے تو بھی نماز فاسد نہیں ہوتی' لیکن اگر معنی تبدیل ہو جاتے ہیں' تو اگر تو وہ دو ایسے حروف تھے جنہیں آسانی سے جدا کیا جا سکتا تھا (یعنی جو قریب المخرج تھے) جیسے ''ط'' اور ''ص'' یعنی کسی نے صالحات کو طالحات پڑھ دیا تو تمام فقہاء کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: لیکن اگر وہ دونوں حروف ایسے ہوں کہ انتہائی مشقت کے ساتھ ہی ان دونوں کے درمیان فرق کیا جا سکتا ہے جیسے ظ' ض' س' ط' ت اس کے بارے میں مشائخ کا اختلاف پایا جاتا ہے' اکثر کا یہی قول ہے کہ ایسی غلطی کے نتیجے میں نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: بعض مشائخ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر ایسا کرتا ہے' تو نماز فاسد ہو جائے گی لیکن اگر زبان سے اس طرح کا تلفظ نکل جاتا ہے یا کوئی شخص ان کے درمیان تمیز نہیں کر سکتا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (الوجیز از کردری)

مسئلہ: ان میں سے ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی کسی حرف کو حذف کر دے' اگر کوئی شخص ایجاز اور ترخیم کے طور پر ایسا کرتا ہے اور معنی تبدیل نہیں ہوتے ہیں' تو نماز فاسد نہیں ہوگی' اگر معنی تبدیل ہوتے ہیں' تو عام مشائخ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: ان میں سے ایک غلطی یہ ہے کہ کسی حرف کا اضافہ کر دیا جائے' اگر کوئی شخص کسی حرف کو بڑھا دیتا ہے اور معنی تبدیل نہیں ہوتے تو عام مشائخ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: لیکن اگر معنی تبدیل ہو جاتے ہیں' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی ایک کلمے کو چھوڑ کر اس کی جگہ پر دوسرے کلمے کا اضافہ کر دے۔ اگر کوئی شخص ایک کلمے کو چھوڑ کر دوسرا کلمہ ایسا ادا کرتا ہے کہ جس سے مفہوم تبدیل نہیں ہوتا اور قرآن میں دوسری جگہ اس قسم کا کوئی لفظ ہے جیسے کوئی شخص علیم کی جگہ حکیم پڑھ دیتا ہے' تو نماز فاسد نہیں ہوگی' اگر کوئی لفظ قرآن میں نہ ہو لیکن اس کے مفہوم کے قریب ہو جیسے کوئی شخص لفظ تو ابین کی تیابین پڑھ لیتا ہے' تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق نماز فاسد نہیں ہوگی جبکہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: اگر وہ لفظ قرآن میں نہ ہو اور دونوں کلمات کا مفہوم بھی قریب نہ ہو اور وہ کوئی ایسا کلمہ جو تسبیح یا تحمید یا ذکر کے لیے استعمال نہیں ہوتا تو اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ ایسے شخص کی نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن اگر وہ لفظ قرآن میں موجود ہو اور دونوں کلمات کے معنی قریب نہ ہوں یا کوئی ایسا کلمہ ہو یا کہ جس کے ذریعے لفظ کا مفہوم بدل گیا ہو' جس تبدیلی کے اعتقاد کے نتیجے میں کفر لازم آتا ہو' تو عام مشائخ کے نزدیک فاسد ہو جائے گی' اگر قرأت کرتے وقت کسی چیز کی غلط نسبت کر دی' جس کی طرف وہ منسوب نہیں ہے' تو اگر جس چیز کی طرف نسبت کی گئی ہے' وہ قرآن میں نہیں ہے' تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز

Marfat.com

فاسد ہو جائے گی اور اگر کسی ایسی چیز کی طرف نسبت کی گئی جو قرآن میں ہے تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہو گی اور عام مشائخ اسی بات کے قائل ہیں۔ (الوجیز از کردری)

مسئلہ: ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی کسی ایسے کلمے کا اضافہ کر دے جو کسی دوسرے کلمے کے عوض میں نہ ہو تو اگر اس اضافی کلمے کے ذریعے معنی تبدیل ہو جاتے ہیں اور وہ کلمہ قرآن میں کسی دوسری جگہ موجود ہے یا موجود نہیں ہے تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: لیکن اگر معنی تبدیل نہیں ہوتے تو اگر وہ کلمہ قرآن میں دوسری جگہ موجود ہے تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز فاسد نہیں ہو گی لیکن اگر وہ کلمہ قرآن میں کسی جگہ موجود نہیں ہے تو عام مشائخ کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہو گی۔

مسئلہ: ان میں سے ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی کسی ایک حرف یا کلمے کو مکرر پڑھ لے اگر حرف کو مکرر پڑھتا ہے اور کسی خفیف حرف کا اظہار ہو گیا تو نماز فاسد نہیں ہو گی لیکن اگر کسی حرف کا اضافہ ہو گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی اسی طرح اگر کسی کلمے کو مکرر پڑھ لیا اور معنی تبدیل نہ ہوئے تو نماز فاسد نہیں ہو گی اور اگر تبدیل ہو گئے تو صحیح قول کے مطابق نماز فاسد ہو جائے گی۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی قرأت کرتے وقت کسی ایک لفظ کو دوسرے سے آگے کر دے یا پیچھے کر دے اگر معنی تبدیل نہیں ہوتے تو نماز فاسد نہیں ہو گی اور اگر معنی تبدیل ہو جاتے ہیں تو نماز فاسد ہو جائے گی اکثر مشائخ اسی بات کے قائل ہیں۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ کسی ایک آیت کو دوسری آیت کی جگہ تلاوت کر دیا جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک آیت پوری تلاوت کرنے کے بعد وقف کرتا ہے پھر دوسری آیت مکمل پڑھ لیتا ہے یا دوسری آیت کا کچھ حصہ پڑھتا ہے تو نماز فاسد نہیں ہو گی۔

مسئلہ: لیکن اگر کوئی شخص پہلی آیت پڑھنے کے بعد وقف نہیں کرتا اور اس کے ساتھ ہی دوسری آیت کو ملا دیتا ہے تو اگر معنی تبدیل نہیں ہوتے تو نماز فاسد نہیں ہو گی لیکن اگر معنی تبدیل ہو جاتے ہیں تو تمام علماء کے نزدیک نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ یہی قول صحیح ہے۔

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ وقف وصل اور ابتداء کسی ایسے مقام پر کر لی جائے جہاں اس کا موقع محل نہ ہو ایسا کرنے کے نتیجے میں اگر معنی میں زیادہ تغیر وارد نہیں ہوتا تو نماز درست ہو گی لیکن اگر تغیر ہو جاتا ہے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی اعراب پڑھتے ہوئے غلطی کر جائے اگر یہ کوئی ایسی غلطی ہے جس کے نتیجے میں معنی تبدیل نہیں ہوتے تو اس بات پر اتفاق ہے کہ اس سے نماز فاسد نہیں ہو گی لیکن اگر معنی بہت زیادہ تبدیل ہو جاتے ہیں اور ایسے مفہوم سامنے آتے ہیں کہ اگر اس کو درست مان لیا جائے تو کفر لازم آئے اور اگر غلطی سے ایسا پڑھ لیا تو متقدمین کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی جبکہ متاخرین کے نزدیک اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ شمس الائمہ حلوانی سمیت بہت سے متاخرین کے نزدیک ایسی صورت میں نماز فاسد نہیں ہو گی تاہم متقدمین کے قول میں زیادہ احتیاط پائی جاتی ہے لیکن متاخرین کے قول میں

Marfat.com

زیادہ سہولت پائی جاتی ہے کیونکہ ایک عام شخص اعراب میں تمیز نہیں کر سکتا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی شد یا مد کو اس کے مقام سے چھوڑ دے تو مختار قول کے مطابق ایسی صورت میں نماز فاسد نہیں ہوگی، تاہم کئی مشائخ نے یہ اصول بیان کیا ہے کہ اگر اس کو چھوڑنے کے نتیجے میں معنی تبدیل نہیں ہوتے ہیں، تو نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن اگر معنی تبدیل ہو جاتے ہیں، تو نماز فاسد ہو جائے گی، ان میں سے ایک غلطی یہ ہے کہ آدمی کسی جگہ پر ادغام کو ترک کر دے یا کسی ایسی جگہ ادغام کر دے جہاں ادغام نہیں ہونا چاہیے تھا تو اگر اس ادغام کے نتیجے میں عبارت بگڑ جاتی ہے اور کلمہ کا مفہوم سمجھ میں نہیں آتا تو نماز فاسد ہو جائے گی لیکن اگر ادغام کے نتیجے میں کلمہ کا مفہوم تبدیل نہیں ہوتا اور وہی مفہوم سمجھ آتا ہے جو ادغام کے بغیر سمجھ آ رہا تھا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی ہے کسی ایک ایسے مقام پر امالہ کرنا ہے جو اس کا موقع نہیں ہوتا، ایسا کرنے کے نتیجے میں نماز فاسد نہیں ہوتی۔ (محیط)

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ قرآن کی اس طرح سے تلاوت کی جائے، جو قرآن کی اس تلاوت کے مطابق نہیں، جسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جمع کیا تھا۔ اس کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایسی تلاوت کر لیتا ہے، جو قرآن کی مشہور قرأت کے مطابق نہیں ہے اور اس کے ذریعے مفہوم بھی ادا نہیں ہوتا تو اگر اسے دعا یا ثناء کے طور پر نہیں پڑھا گیا (بلکہ تلاوت کے طور پر پڑھا گیا) تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: قرأت کی ایک غلطی یہ ہے کہ کوئی شخص پورا کلمہ نہ پڑھے، اگر کوئی شخص کسی کلمے کا تھوڑا سا حصہ پڑھ لیتا ہے، اسے پورا نہیں کرتا ہے یا سانس پھولنے کی وجہ سے یا باقی کلمہ بھول جانے کی وجہ سے کسی کلمے کو ترک کر دیتا ہے، پھر یاد آ جائے تو اسے پڑھ لیتا ہے، تو اس بارے میں مشائخ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

مسئلہ: قرآن کی قرأت کرتے ہوئے ایک بڑی غلطی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء یا اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب افعال میں مذکر کے صیغے کی بجائے مؤنث کا صیغہ پڑھ لیا جائے، تو اس بارے میں بھی فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ (محیط)

•••——•••——•••

## 33 - باب جَهْرِ الْإِمَامِ بِآمِيْنَ

### باب: امام کا بلند آواز میں آمین کہنا

924 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِذَا اَمَّنَ الْقَارِءُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ فَمَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ "۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

924-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15266) .

Marfat.com

''جب قرأت کرنے والا شخص (یعنی امام) آمین کہے' تو تم لوگ بھی آمین کہو' کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور جس شخص کا آمین کہنا' فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ ہو' اللہ تعالیٰ اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیتا ہے''۔

925 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَمَّنَ الْقَارِئُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ فَمَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب امام آمین کہے' تو تم لوگ بھی آمین کہو' کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں' جس شخص کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ ہو' اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے''۔

926 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا "قَالَ الْاِمَامُ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَقُوْلُ اٰمِيْنَ وَاِنَّ الْاِمَامَ يَقُوْلُ اٰمِيْنَ فَمَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب امام غیر المغضوب علیهم ولا الضالین پڑھے تو تم لوگ آمین کہو' کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور امام بھی آمین کہتا ہے' اور جس شخص کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ ہو' اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے''۔

927 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدٍ وَّاَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّهُمَا اَخْبَرَاهُ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّهُ مَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔"

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب امام آمین کہے' تو تم لوگ بھی آمین کہو' کیونکہ جس شخص کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ ہوتا ہے' اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے''۔

---

925-اخرجه البخاري في الدعوات، باب التامين (الحديث 6402) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها و باب الجهر بآمين (الحديث 851) . تحفة الاشراف (13136) .

926-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة و فيها، باب الجهر بآمين (الحديث 852) بنحوه مختصراً . تحفة الاشراف (13287) .

927-اخرجه البخاري في الاذان، باب جهر الامام بالتامين (الحديث 780) . واخرجه مسلم في الصلاة، باب التسميع و التحميد و التامين (الحديث 72) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب التاملين وراء الامام (الحديث 936) . واخرجه الترمذي في الصلاة، ما جاء في فضل التامين (الحديث 250). وتحفة الاشراف (13230) .

Marfat.com

## 34 - باب الْاَمْرِ بِالتَّاْمِيْنِ خَلْفَ الْاِمَامِ

## باب: امام کے پیچھے موجود شخص کو آمین کہنے کا حکم

928 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا قَالَ الْاِمَامُ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ) فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَاِنَّهٗ مَنْ وَّافَقَ قَوْلُهٗ قَوْلَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب امام غیر المغضوب علیهم ولا الضالین پڑھے تو تم لوگ آمین کہو' کیونکہ جس شخص کا یہ قول فرشتوں کے کہنے کے ساتھ ہوگا' اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جائے گا''۔

## 35 - باب فَضْلِ التَّاْمِيْنِ

## باب: آمین کہنے کی فضیلت

929 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اِذَا قَالَ اَحَدُكُمْ اٰمِيْنَ وَقَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ فِى السَّمَآءِ اٰمِيْنَ فَوَافَقَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ."

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب کوئی شخص آمین کہتا ہے' تو آسمان میں موجود فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور جب اِن دونوں کا آمین کہنا ایک دوسرے کے ساتھ ہوتا ہے' تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے''۔

### شرح

نماز کے دوران سورہ فاتحہ کے اختتام پر ''آمین'' کہنا سنت ہے۔ خواہ نمازی امام ہو' مقتدی ہو' یا تنہا نماز ادا کر رہا ہو۔

''آمین'' کا مطلب ہے' ''تو دعا کو قبول کرلے''۔

احناف اور مالکیوں کے نزدیک آمین پست آواز میں کہی جائے گی جبکہ شوافع اور حنابلہ کے نزدیک سری نماز میں پست آواز میں کہی جائے گی اور جہری نماز میں بلند آواز میں کہی جائے گی۔

امام کے آمین کہنے کے ساتھ مقتدی بھی آمین کہے گا۔

---

928-اخرجه البخاري في الاذان، باب اجهر المأموم بالتامين (الحديث 782)، و في التفسير، باب (غير المغضوب عليهم ولا الضالين) (الحديث 4475) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب التامين وراء الامام (الحديث 935) . تحفة الاشراف (12576) .

929-اخرجه البخاري في الاذان، باب فضل التامين (الحديث 781) تحفة الاشراف (13826) .

Marfat.com

حنابلہ اس بات کے قائل ہیں: اگر امام آمین کہنا بھول جاتا ہے تو مقتدی بلند آواز میں آمین کہے گا' تا کہ امام کو یاد کروا دے اور پھر امام بھی آمین کہہ دے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے: یہ قولی سنت ہے جب امام اسے چھوڑ دے گا تو مقتدی اسے بجالائے گا اور اس کی مثال استعاذہ کی طرح ہو جائے گی لیکن اگر امام نے اسے پست آواز میں کہا تو مقتدی اسے بلند آواز میں کہے گا۔

(یہ حکم حنابلہ کے نزدیک ہے)

اگر کوئی نمازی بھول کر یا جان بوجھ کر آمین نہیں کہتا اور اگلی سورت کی قرأت شروع کر دیتا ہے' تو اب وہ آمین نہیں کہے گا کیونکہ اس سنت کا مخصوص مقام فوت ہو گیا ہے۔

پست آواز میں آمین کہنے کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے۔

''امام چار چیزیں پست آواز میں کہے گا تعوذ، تسمیہ، تامین (یعنی آمین کہنا) اور تحمید (یعنی ''ربنالك الحمد'' کہنا)''

اس روایت کو ابن ابی شیبہ نے اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

شوافع اور حنابلہ کی اپنے موقف کی تائید میں دلیل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ روایت ہے:

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''ولا الضالین'' تلاوت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین کہا یہاں تک کہ پہلی صف میں موجود لوگوں تک اس کی آواز آئی''۔

## 36 - باب قَوْلِ الْمَأْمُومِ إِذَا عَطَسَ خَلْفَ الْإِمَامِ

### باب: جب کوئی شخص امام کی اقتداء میں چھینکے تو وہ کیا پڑھے؟

930 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا رِفَاعَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَمِّ اَبِيهِ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَطَسْتُ فَقُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضَى . فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ فَقَالَ "مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فِي الصَّلَاةِ ." فَلَمْ يُكَلِّمْهُ اَحَدٌ ثُمَّ قَالَهَا الثَّانِيَةَ "مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فِي الصَّلَاةِ ." فَقَالَ رِفَاعَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ عَفْرَاءَ اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ "كَيْفَ قُلْتَ ." قَالَ قُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضَى . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا بِضْعَةٌ وَّثَلَاثُونَ مَلَكًا اَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِهَا ."

☆☆ حضرت معاذ بن رفاعہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی مجھے چھینک آئی تو میں نے یہ پڑھا:

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' ایسی حمد جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو' اس میں برکت موجود ہو' اس پر برکت

930- اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء (الحديث 773) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في الرجل يعطس في الصلاة، (الحديث 404) . تحفة الاشراف (3606) .

Marfat.com

نازل کی گئی ہو اسی طرح جس طرح سے ہمارے پروردگار کو پسند ہو جس سے ہمارا پروردگار راضی ہو"۔
جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کی تو آپ نے فرمایا: نماز کے دوران کس شخص نے کلام کیا تھا؟ تو کسی شخص نے بھی آپ کو جواب نہیں دیا' نبی اکرم ﷺ نے دوسری مرتبہ دریافت کیا: نماز کے دوران کلام کرنے والا شخص کون ہے؟ تو حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں ہوں' یارسول اللہ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے کیا پڑھا تھا؟ وہ کہتے ہیں: میں نے یہ پڑھا تھا:
"ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' ایسی حمد جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو' اس میں برکت موجود ہو' اس پر برکت نازل ہو' اسی طرح جس طرح ہمارے پروردگار کو پسند ہو اور وہ اس سے راضی ہو"۔
تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' تیس سے زیادہ فرشتے تیزی سے اس کی طرف لپکے تھے تاکہ ان میں سے کون اس دعا کو ساتھ لے کر اوپر جاتا ہے۔

شرح

# کون سی چیز نماز کو فاسد کر دیتی ہے اور کون سی چیز نماز میں مکروہ ہے

## وہ چیزیں جو نماز کو فاسد کر دیتی ہیں

مسئلہ: نماز کو فاسد کرنے والی چیزیں دو قسم کی ہیں: قول اور فعل۔

## پہلی قسم: اقوال کے احکام

مسئلہ: جب کوئی شخص نماز کے دوران جان بوجھ کر یا بھول کر غلطی سے یا قصد کے ساتھ' تھوڑا یا زیادہ کلام کرے اور وہ یہ کلام اپنی نماز کو درست کرنے کے لیے کرے جیسے امام نے قعدہ میں بیٹھنا تھا' لیکن اس جگہ وہ کھڑا ہو گیا تو مقتدیوں نے اسے کہا: بیٹھ جائیں' یا امام نے کھڑے ہونا تھا اور وہ بیٹھ گیا تو مقتدی نے کہا: کھڑے ہو جائیں' خواہ آدمی کا کلام لوگوں کی عام بات چیت کے حوالے سے ہو' ان سب صورتوں میں ہمارے نزدیک وہ شخص از سرِ نو نماز ادا کرے گا۔ (محیط)
مسئلہ: یہ سب احکام اس صورت میں ہوں گے' جب وہ قعدہ میں تشہد کی مقدار بیٹھنے سے پہلے کلام کر لیتا ہے۔ (قاضی خان)
مسئلہ: یہ حکم اس صورت میں ہوگا جب وہ کوئی ایسا کلام کرے جسے سنا جا سکتا ہے' اگر وہ خود بھی اسے سن لیتا ہے' تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط)
مسئلہ: لیکن اگر وہ خود بھی سن نہیں پاتا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (زاہدی)
مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران سو جاتا ہے اور سوئے ہوئے کلام کر لیتا ہے' تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط)
مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران جان بوجھ کر سلام پھیر دیتا ہے' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔
مسئلہ: اگر وہ نماز کے دوران کسی کو سلام کرتا ہے (یا سلام کا جواب دیتا ہے) تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔
مسئلہ: اگر کوئی شخص چھینکا اور نماز پڑھنے والے نے چھینک کا جواب دیتے ہوئے یرحمک اللہ کہا تو نماز فاسد ہو جائے گی'

Marfat.com

اگر نماز پڑھنے کے دوران کسی شخص کو حکم دینے کے لیے یا کسی کو کسی کام سے منع کرنے کے لیے قرآن کے کچھ الفاظ پڑھے یا اللہ کا ذکر کیا تو بھی نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن اگر کوئی شخص اس کی نماز میں خلل ڈالنے کا ارادہ کر رہا ہو اور اسے تنبیہ کرنے کا ارادہ کیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (تہذیب)

مسئلہ: اگر امام سے غلطی ہو جاتی ہے اور مقتدی نے اسے تنبیہ کرنے کے لیے سبحان اللہ کہہ دیا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر مقتدی اپنے امام کے علاوہ کسی اور کو لقمہ دے دیتا ہے' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: صرف ایک مرتبہ لقمہ دینے سے بھی نماز فاسد ہو جاتی ہے' یہی قول صحیح ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: کسی دوسرے شخص نے نمازی کو لقمہ دیا اور نمازی نے اس لقمے کو قبول کر لیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اگر نماز کے دوران کوئی خوشی کی خبر سنی اور اس پر الحمد للہ کہہ دیا اور اس کے جواب کا ارادہ کیا تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر جواب کا ارادہ نہیں کیا یا یہ ظاہر کرنا چاہا کہ میں ابھی نماز پڑھ رہا ہوں تو اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اس نوعیت کے دیگر تمام کلمات کا بھی یہی حکم ہے' یعنی اگر جواب کا ارادہ کیا جائے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی' ورنہ نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران کوئی ایسا شعر پڑھ لے جس کے الفاظ ہو بہو قرآن میں موجود ہوں تو اگر شعر کا ارادہ کیا ہے' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران شعر موزوں کر دیتا ہے یا کوئی جملہ موزوں کر لیتا ہے لیکن زبان سے ادا نہیں کرتا تو نماز فاسد نہیں ہوگی' لیکن ایسا کرنا انتہائی غلط ہے۔ (منیۃ المصلی)

مسئلہ: اسی طرح نماز کے دوران کسی شرعی مسئلے کو سوچنا' کسی حدیث' شعر' خطبے یا مسئلے کو یاد کرنا مکروہ ہے' تاہم نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر کسی شخص نے نماز کے دوران لفظ "نعم" استعمال کیا اور یہ لفظ اس کا تکیہ کلام نہیں ہے' تو نماز فاسد نہیں ہوگی کیونکہ اس صورت میں وہ لفظ (قرآن کا حصہ شمار کیا جائے گا) لیکن اگر یہ اس کا تکیہ کلام ہو' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز کے دوران کوئی ایسی دعا مانگ لے جس کا سوال بندوں سے کرنا' ناممکن ہے' تو نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن اگر کوئی ایسی دعا مانگی جو بندوں سے بھی مانگی جا سکتی ہے' تو صحیح قول کے مطابق نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ اس صورت میں یہ الفاظ عام گفتگو کی مانند شمار ہوں گے۔

مسئلہ: حج کرنے والا شخص نماز کے دوران لبیک کہہ دیتا ہے' تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر ایام تشریق کے دوران اللہ اکبر نماز کے دوران کہہ دیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (قاضی خان)

Marfat.com

مسئلہ: نماز کے دوران اذان کا جواب دیا تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر نماز کے دوران درد یا مصیبت یا تکلیف کی وجہ سے آہ' اوئی' ہائے کہا تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر اپنے گناہوں کے خیال سے یا جہنم کا ذکر سنتے ہوئے آہ نکلی تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر نماز کے دوران جانور کو تنبیہ کرنے کے لیے آواز نکالی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

مسئلہ: اگر نماز کے دوران قرآن کو دیکھ کر تلاوت کی تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو جائے گی جبکہ صاحبین کے نزدیک فاسد نہیں ہوگی۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے کہ قرآن کو اُٹھانا' اس کے ورق کو اُلٹنا اور اس کو دیکھ کر پڑھنا عمل کثیر ہے' اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ اگر کسی شخص کے سامنے قرآن رحل پر پڑا ہوا ہو اور وہ اسے اُٹھاتا نہیں ہے اور اس کا ورق اُلٹتا نہیں ہے یا سامنے محراب پر قرآن کی آیت لکھی ہوئی تھی اور وہ انہیں دیکھ کر پڑھ لیتا ہے' تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

## دوسری قسم ان افعال کا تذکرہ جن کے ذریعے نماز فاسد ہو جاتی ہے

مسئلہ: کثیر عمل کے ذریعے نماز فاسد ہو جاتی ہے' قلیل عمل کے ذریعے نماز فاسد نہیں ہوتی ہے۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: قلیل اور کثیر عمل کے درمیان کیا فرق ہے' اس کے بارے میں تین اقوال پائے جاتے ہیں۔

مسئلہ: پہلا قول یہ ہے کہ عام عادت میں جو کام دونوں ہاتھوں سے کیا جاتا ہے وہ کثیر عمل ہے' خواہ آدمی اس کام کو ایک ہی ہاتھ کے ذریعے کر لے' جیسے عمامہ باندھنا' کرتہ پہننا' پاجامہ پہننا' کمان سے تیر چھوڑنا' لیکن عام عادت میں جو کام ایک ہاتھ سے کیا جاتا ہے وہ قلیل عمل ہوگا' خواہ آدمی دونوں ہاتھوں کے ذریعے وہ کام کرے۔ (تبیین)

مسئلہ: قلیل عمل جو ایک ہاتھ سے کیا جاتا ہے' وہ اس وقت تک قلیل شمار ہوگا جب اسے ایک ہی مرتبہ کیا جائے' اگر اسے بار بار کیا جائے گا تو وہ بھی کثیر عمل بن جائے گا۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اس بارے میں دوسرا قول یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا جس عمل کو قلیل سمجھتا ہے' وہ قلیل ہوگا اور جسے وہ کثیر سمجھتا ہے وہ کثیر ہوگا' یہ قول امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مؤقف کے قریب ترین ہے۔

مسئلہ: تیسرا قول یہ ہے کہ دور سے دیکھنے والا اگر اسے دیکھ کر یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز ادا نہیں کر رہا تو وہ کثیر عمل ہوگا اور اس کے ذریعے نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن اگر دور سے دیکھنے والے کو شک محسوس ہوتا ہو' تو پھر نماز فاسد نہیں ہوگی' یہی قول صحیح ہے اور اسی کو فقہاء نے اختیار کیا ہے۔ (تبیین' محیط سرخسی' قاضی خان' خلاصہ)

مسئلہ: نماز کے دوران بھول کر کچھ کھا پی لینے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: لیکن اگر کسی شخص کے دانتوں میں کچھ پھنسا ہوا تھا اور اس نے اسے نگل لیا تو اگر وہ چنے سے کم تھا تو نماز فاسد نہیں ہوگی مکروہ ہو جائے گی' اگر چنے کے برابر تھا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (سراج الوہاج' تبیین' بدائع' شرح طحاوی)

مسئلہ: اگر کسی کے دانتوں میں سے خون نکلا اور اس نے اسے نگل لیا تو اگر تھوک خون پر غالب تھا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (سراج الوہاج)

Marfat.com

مسئلہ: نماز کے دوران منہ بھر کرقے کرنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے نماز فاسد نہیں ہوتی' یعنی اس صورت میں بناء کی جا سکتی ہے' لیکن اگر منہ بھرنے سے کم قے کی تھی تو وضو بھی نہیں ٹوٹے گا اور نماز بھی نہیں فاسد ہوگی۔

مسئلہ: اگر منہ بھر کے قے آئی اور اس نے اسے نگل لیا کہ وہ اسے اُگلنے پر قادر تھا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص جان بوجھ کر قے کرلے' اور وہ منہ بھر کر نہ ہو' تو نماز فاسد نہیں ہوگی' لیکن اگر منہ بھر کر ہو' تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (محیط)

مسئلہ: اگر نماز کے دوران قبلہ کی سمت میں کوئی شخص چل پڑا اور وہ لاحق نہیں ہے اور مسجد سے باہر بھی نہیں نکلا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

مسئلہ: میدان میں یہ حکم ہے کہ جب تک وہ صفوں سے آگے نہیں نکلتا' اس وقت تک فاسد نہیں ہوگی۔ (منیۃ)

مسئلہ: لیکن اگر اس نے چلتے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ کرلی تو نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن اگر کوئی شخص ایک نماز کے دوران ایک صف کی مقدار کے برابر چلا تو نماز فاسد نہیں ہوگی لیکن اگر دو صفوں کی مقدار کے برابر چلا تو نماز فاسد ہو جائے گی' لیکن یہ شرط ہے کہ کوئی مسلسل ایسا چلے لیکن اگر کوئی شخص ایک صف کی مقدار چلنے کے بعد ذرا ٹھہر کر پھر اگلی صف کی مقدار چل لے تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر (سواری پر نوافل ادا کرتے ہوئے) دونوں پاؤں کے ذریعے گدھے کو ہانکا تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر ایک پاؤں کے ذریعے ہانکا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ (خلاصہ)

•••———•••———•••

931 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ اَسْفَلَ مِنْ اُذُنَيْهِ فَلَمَّا قَرَاَ (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ) قَالَ "آمِينَ". فَسَمِعْتُهُ وَاَنَا خَلْفَهُ. قَالَ فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ "مَنْ صَاحِبُ الْكَلِمَةِ فِي الصَّلَاةِ". فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا اَرَدْتُ بِهَا بَاْسًا. قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَقَدِ ابْتَدَرَهَا اثْنَا عَشَرَ مَلَكًا فَمَا نَهْنَهَهَا شَيْءٌ دُونَ الْعَرْشِ".

☆☆ عبدالجبار بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی' جب آپ نے تکبیر کہی تو رفع یدین کیا اور اپنے ہاتھوں کو کانوں سے ذرا نیچے تک بلند کیا' پھر آپ نے جب غیر المغضوب علیھم ولا الضالین پڑھا تو آمین کہا' میں نے بھی اس آواز کو سنا' میں آپ کے پیچھے موجود تھا' پھر نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو سنا جو یہ پڑھ رہا تھا:

931-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11764) .

Marfat.com

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' ایسی حمد جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو' اس میں برکت موجود ہو''۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اس نماز کا سلام پھیرا تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: ابھی نماز کے دوران وہ کلمات پڑھنے والا شخص کون ہے؟ تو ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں ہوں' میں نے اس کے ذریعے کسی غلطی کا ارادہ نہیں کیا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بارہ فرشتے تیزی سے اس کی طرف لپکے تھے اور ان کلمات کے لیے عرش سے پہلے کوئی رکاوٹ نہیں ہے (یعنی یہ سیدھے عرش تک پہنچ گئے)۔

## 37 - باب جَامِعِ مَا جَآءَ فِي الْقُرْآنِ

## باب: قرآن کے بارے میں منقول روایات کا مجموعہ

932 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَاَلَ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَاْتِيكَ الْوَحْيُ قَالَ "فِيْ مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ فَيَفْصِمُ عَنِّيْ وَقَدْ وَعَيْتُ وَهُوَ اَشَدُّهُ عَلَيَّ وَاَحْيَانًا يَاْتِيْنِيْ فِيْ مِثْلِ صُوْرَةِ الْفَتٰى فَيَنْبِذُهُ اِلَيَّ"۔

(۹۳۲) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: آپ پر وحی کس طرح آتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: گھنٹی کی آواز کی طرح آتی ہے' جب یہ کیفیت مجھ سے ختم ہوتی ہے' تو میں فرشتے کی زبانی سنی ہوئی بات کو یاد کر لیتا ہوں اور یہ کیفیت میرے لیے سب سے زیادہ شدید ہوتی ہے' بعض اوقات فرشتہ میرے پاس کسی نوجوان کی شکل میں آتا ہے اور وہ وحی کو مجھ تک پہنچا دیتا ہے۔

933 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَاْتِيكَ الْوَحْيُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَحْيَانًا يَاْتِيْنِيْ فِيْ مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ اَشَدُّهُ عَلَيَّ فَيَفْصِمُ عَنِّيْ وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ وَاَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ الْمَلَكُ رَجُلًا فَيُكَلِّمُنِيْ فَاَعِيْ مَا يَقُوْلُ"۔ قَالَتْ عَآئِشَةُ وَلَقَدْ رَاَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيْدِ الْبَرْدِ فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَاِنَّ جَبِيْنَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا۔

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: آپ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بعض اوقات وہ میرے پاس گھنٹی کی آواز کی شکل میں آتی ہے اور یہ کیفیت میرے لیے سب سے زیادہ شدید ہوتی ہے' جب یہ کیفیت ختم ہوتی ہے' تو فرشتے نے جو کہا ہوتا ہے میں وہ یاد کر لیتا ہوں' بعض

932-اخرجه مسلم في الفضائل باب عرق النبي صلى الله عليه وسلم في البرد و حين ياتيه الوحي (الحديث 87) . واخرجه النسائي في فضائل القرآن، كيف نزول القرآن (الحديث 4) . تحفة الاشراف (16924) .

933-اخرجه البخاري في بدء الوحي، باب 2 . (الحديث 2) . واخرجه الترمذي في المناقب، باب ما جاء كيف كان ينزل الوحي على النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 3634) . واخرجه النسائي في التفسير: سورة النساء قوله جل ثناوه (انا اوحينا اليك كما اوحينا الى نوح)(الحديث 148) . تحفة الاشراف (17152) .

Marfat.com

اوقات فرشتہ میرے سامنے آدمی کی شکل میں آتا ہے' وہ میرے ساتھ کلام کرتا ہے' تو میں اس کی کہی ہوئی بات کو محفوظ کر لیتا ہوں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک شدید سردی کے دن آپ پر وحی نازل ہوئی' جب آپ کی وہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ کی مبارک پیشانی پر پسینہ پھوٹ رہا تھا۔

934 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُّوسَى بْنِ اَبِىْ عَآئِشَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (لاَ تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْآنَهٗ) قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَالِجُ مِنَ التَّنْزِيلِ شِدَّةً وَّكَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (لاَ تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْآنَهٗ) قَالَ جَمْعَهٗ فِىْ صَدْرِكَ ثُمَّ تَقْرَاَهٗ (فَاِذَا قَرَاْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهٗ) قَالَ فَاسْتَمِعْ لَهٗ وَاَنْصِتْ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ جِبْرِيْلُ اسْتَمَعَ فَاِذَا انْطَلَقَ قَرَاَهٗ كَمَا اَقْرَاَهٗ .

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول نقل کرتے ہیں' جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں ہے:

''تم اس کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دو تا کہ تم جلدی سے اسے حاصل کرلو' اس کا جمع کرنا اور اس کا پڑھنا ہمارے ذمے ہے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کے نزول کے وقت شدت کا سامنا کرنا پڑتا تھا تو آپ اپنے ہونٹوں کو حرکت دیا کرتے تھے' اس لیے اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم اس کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دو تا کہ اسے جلدی سے حاصل کرلو' اس کا جمع کرنا اور اس کا تلاوت کرنا ہمارے ذمے ہے''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں' کہ اس کے جمع کرنے سے مراد یہ ہے' کہ اس کو آپ کے سینے میں جمع کرنا اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کو تلاوت کرنا۔

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:) ''اور جب ہم اس کی تلاوت کریں' تو تم اس پڑھے ہوئے کی پیروی کرو''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' کہ اس سے مراد یہ ہے' کہ تم خاموشی سے اسے غور سے سنو۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) اس کے بعد جب حضرت جبریل علیہ السلام' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غور سے ان کی تلاوت کو سن لیا کرتے تھے' جب وہ چلے جاتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس تلاوت کو

934-اخرجه البخاري في بدء الوحي ، باب 4 (الحديث 5)، و في التفسير ، باب (لاتحرك به لسانك لتعجل به) (الحديث 4927) مختصراً، وباب (ان علينا جمعه و قرآنه) (الحديث 4928) مختصراً، و باب (فاذا قرآناه فاتبع قرآنه) (الحديث 4929) بنحوه، و في فضائل القرآن، باب الترتل في القراءة (الحديث 5044) بنحوه، و في التوحيد ، باب قول الله تعالىٰ: (لاتحرك به لسانك) (الحديث 7524) واخرجه مسلم في الصلاة، باب الاستماع للقراءة (الحديث 147 و 148) . واخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة القيامة) (الحديث 3329) مختصراً . تحفة الاشراف (5637) .

Marfat.com

اسی طرح پڑھ لیا کرتے تھے جس طرح حضرت جبریل علیہ السلام نے اسے آپ کے سامنے پڑھا تھا۔

935 - اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ ابْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فَقَرَاَ فِيهَا حُرُوْفًا لَّمْ يَكُنْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَاَنِيهَا قُلْتُ مَنْ اَقْرَاَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قُلْتُ كَذَبْتَ مَا هٰكَذَا اَقْرَاَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذْتُ بِيَدِهِ اَقُوْدُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ اَقْرَاْتَنِي سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ وَاِنِّي سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَاُ فِيهَا حُرُوْفًا لَّمْ تَكُنْ اَقْرَاْتَنِيهَا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اقْرَاْ يَا هِشَامُ ." فَقَرَاَ كَمَا كَانَ يَقْرَاُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ." ثُمَّ قَالَ "اقْرَاْ يَا عُمَرُ ." فَقَرَاْتُ فَقَالَ "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ." ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اِنَّ الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ ."

☆☆ عروہ ابن مخرمہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ کو سورۂ فرقان کی تلاوت کرتے ہوئے سنا' انہوں نے بعض مقامات پر تلاوت اس سے مختلف طریقے سے کی جس طریقے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وہ سورت سکھائی تھی۔ میں نے دریافت کیا: تمہیں یہ سورت کس نے سکھائی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اللہ کے رسول نے' میں نے کہا: تم نے غلط کہا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو تمہیں اس طرح تلاوت نہیں سکھائی ہوگی' پھر میں نے ان کا ہاتھ پکڑا اور انہیں کھینچتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے مجھے سورۂ فرقان سکھائی ہے اور میں نے اسے بعض مقامات پر اس سے مختلف طریقے سے تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے' جس طرح آپ نے مجھے تلاوت نہیں سکھائی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ہشام! تم تلاوت کرو' انہوں نے اسی طرح تلاوت کی جس طرح وہ پہلے کر رہے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! اب تم تلاوت کرو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' کہ میں نے تلاوت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے۔

936 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - يَقُوْلُ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيمٍ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا اَقْرَؤُهَا

935-اخرجه البخاري في الخصومات، باب كلام الخصوم بعضهم في بعض (الحديث 2419) بنحوه، وفي فضائل القرآن، باب انزل القرآن على سبعة احرف (الحديث 4992)، و باب من لم ير باسًا ان يقول سورة البقرة، و سورة كذا و كذا (الحديث 5041) و في استتابة المرتدين و المعاندين و قتالهم، باب ما جاء في المتاولين (الحديث 6936)، و في التوحيد، باب قول الله تعالى: (فاقرا وا ما تيسر منه) (الحديث 7550) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب بيان ان القرآن على سبعة احرف و بيان معناه (الحديث 270 و 271) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب انزل القرآن على سبعة احرف (الحديث 1475) . واخرجه الترمذي في القراء ات، باب ما جاء انزل القرآن على سبعة احرف (الحديث 2943) . و اخرجه النسائي في الافتتاح، جامع ما جاء في القرآن (الحديث 936 و 937) . تحفة الاشراف (10591 و 10642) .

936-تقدم في الافتتاح، جامع ما جاء في القرآن (الحديث 935) .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَاَنِيهَا فَكِدْتُ اَنْ اَعْجَلَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَمْهَلْتُهُ حَتّٰى انْصَرَفَ ثُمَّ لَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ فَجِئْتُ بِهِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا اَقْرَاْتَنِيهَا ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اقْرَاْ ۔" فَقَرَاَ الْقِرَاءَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُهُ يَقْرَاُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ۔" ثُمَّ قَالَ لِىْ "اقْرَاْ ۔" فَقَرَاْتُ فَقَالَ "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ (فَاقْرَئُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ) ۔"

☆☆ عبدالرحمٰن بن عبدالقاری بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ایک مرتبہ میں نے ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ کو سورۂ فرقان کی تلاوت کرتے ہوئے سنا جو اس طریقے سے مختلف تھی جس طریقے سے میں اس کی تلاوت کرتا تھا' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود مجھے اس طریقے کی تعلیم دی تھی' پہلے تو میں تیزی سے ان پر حملہ کرنے لگا' لیکن پھر میں نے انہیں مہلت دی' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو میں ان کی چادر پکڑ کر انہیں کھینچتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے انہیں سورۂ فرقان کی تلاوت اس طریقے سے مختلف طور پر کرتے ہوئے سنا ہے' جس طریقے سے آپ نے مجھے سورۂ فرقان پڑھنی سکھائی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم تلاوت کرو! انہوں نے اسی طریقے سے تلاوت کی جس طرح میں نے انہیں قرأت کرتے ہوئے سنا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اب تم تلاوت کرو' میں نے تلاوت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے' تمہیں ان میں سے جو طریقہ آسان لگے اس کے مطابق تلاوت کرلیا کرو۔

937 - اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ الْقَارِيَّ اَخْبَرَاهُ اَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِىْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَائَتِهِ فَاِذَا هُوَ يَقْرَؤُهَا عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَّمْ يُقْرِئْنِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكِدْتُ اُسَاوِرُهُ فِى الصَّلَاةِ فَتَصَبَّرْتُ حَتّٰى سَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ لَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ فَقُلْتُ مَنْ اَقْرَاَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُكَ تَقْرَؤُهَا فَقَالَ اَقْرَاَنِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ فَقُلْتُ كَذَبْتَ ۔ فَوَاللّٰهِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ اَقْرَاَنِىْ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُكَ تَقْرَؤُهَا فَانْطَلَقْتُ بِهِ اَقُوْدُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَّمْ تُقْرِئْنِيهَا وَاَنْتَ اَقْرَاْتَنِىْ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَرْسِلْهُ يَا عُمَرُ اقْرَاْ يَا هِشَامُ ۔" فَقَرَاَ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُهُ يَقْرَؤُهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ ۔" ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

937-تقدم في الافتتاح، جامع ما جاء في القرآن (الحديث 935) .

Marfat.com

وَسَلَّمَ "اقْرَأْ يَا عُمَرُ". فَقَرَأْتُ الْقِرَاءَةَ الَّتِي أَقْرَأَنِي قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ". ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ (فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ)".

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں' کہ مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن عبدالقاری نے انہیں یہ بات بیان کی ہے' کہ ان دونوں حضرات نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے حضرت ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ کو سورۂ فرقان کی تلاوت کرتے ہوئے سنا' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی کی بات ہے' جب میں نے غور سے ان کی تلاوت کو سنا تو وہ کئی مقامات پر اس طرح تلاوت کر رہے تھے کہ جس طریقے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ سورت نہیں پڑھائی تھی۔ پہلے تو میں ان کی نماز کے دوران ہی ان پر حملہ کرنے لگا' لیکن پھر میں نے صبر سے کام لیا' جب انہوں نے سلام پھیر دیا تو میں نے ان کی چادر سے انہیں پکڑا اور دریافت کیا: تمہیں یہ سورت کس نے پڑھنی سکھائی ہے' جسے میں نے ابھی تمہیں تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے' تو وہ بولے: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پڑھنی سکھائی ہے' میں نے کہا کہ تم غلط کہہ رہے ہو' اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود مجھے یہ سورت پڑھنی سکھائی ہے' جس کی تم تلاوت کر رہے تھے اور وہ اس سے مختلف ہے' جو تم تلاوت کر رہے تھے۔ پھر میں انہیں لے کر کھینچتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اسے سورۂ فرقان کی تلاوت ایسے طریقے سے کرتے ہوئے سنا ہے' جس طریقے سے آپ نے مجھے نہیں پڑھایا' حالانکہ آپ نے خود مجھے سورۂ فرقان پڑھنی سکھائی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! تم اسے چھوڑ دو! اے ہشام! تم اس کی تلاوت شروع کرو' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اسی طرح تلاوت شروع کی' جس طرح میں نے انہیں پڑھتے ہوئے سنا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! تم تلاوت کرو' میں نے اسی طریقے کے مطابق قرأت شروع کی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے' اس میں سے جو تمہیں آسان لگے اس کے مطابق تلاوت کرلو۔

938 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَ أَضَاةِ بَنِي غِفَارٍ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُقْرِءَ أُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ. قَالَ "أَسْأَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذٰلِكَ". ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُقْرِءَ أُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفَيْنِ قَالَ "أَسْأَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذٰلِكَ". ثُمَّ جَاءَهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُقْرِءَ أُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلٰى ثَلَاثَةِ أَحْرُفٍ. قَالَ "أَسْأَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذٰلِكَ". ثُمَّ جَاءَهُ الرَّابِعَةَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُقْرِءَ أُمَّتَكَ الْقُرْآنَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَأَيُّمَا حَرْفٍ قَرَءُوا عَلَيْهِ فَقَدْ أَصَابُوا.

938-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب بيان ان القرآن على سبعة احرف و بيان معناه (الحديث 273) بمعناه و (الحديث 274) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب انزل القرآن على سبعة احرف (الحديث 1478) مختصراً . تحفة الاشراف (60) .

Marfat.com

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا الْحَدِيْثُ خُوْلِفَ فِيْهِ الْحَكَمُ خَالَفَهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ رَوَاهُ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ مُّرْسَلاً .

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بنوغفار کے تالاب کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اسی دوران حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ پیغام دیا' کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے' کہ آپ اپنی اُمت کوایک لغت میں قرآن کی تعلیم دیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: میں اللہ تعالیٰ سے معافی اور مغفرت کا سوال کرتا ہوں' کیونکہ میری اُمت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ حضرت جبریل علیہ السلام دوبارہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام دیا' کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کوحکم دیا ہے' کہ آپ اپنی اُمت کو دولغت میں قرآن پاک کی تلاوت کرنا سکھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اور مغفرت کا سوال کرتا ہوں' میری اُمت اس کی بھی طاقت نہیں رکھ سکے گی۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام تیسری مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام دیا' کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے' کہ آپ اپنی اُمت کوتین لغات میں قرآن کی تلاوت کرنا سکھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اورمغفرت کا سوال کرتا ہوں' میری اُمت اس کی بھی طاقت نہیں رکھے گی۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام چوتھی مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام دیا' کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے' کہ آپ اپنی اُمت کوسات لغات میں قرآن کی تلاوت سکھائیں' وہ ان میں سے جس لغت کے مطابق بھی تلاوت کریں گے' وہ صحیح پڑھنے والے شمار ہوں گے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: حکم نامی راوی سے اس روایت کونقل کرنے میں اختلاف کیا گیا ہے' منصور نامی راوی نے ان کے برعکس روایت نقل کی ہے۔

مجاہد نامی راوی نے اسے عبید بن عمیر کے حوالے سے مرسل روایت کے طور پرنقل کیا ہے۔

939 - اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرِ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ اَقْرَاَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُوْرَةً فَبَيْنَا اَنَا فِي الْمَسْجِدِ جَالِسٌ اِذْ سَمِعْتُ رَجُلاً يَقْرَؤُهَا يُخَالِفُ قِرَاءَتِيْ فَقُلْتُ لَهُ مَنْ عَلَّمَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقُلْتُ لَا تُفَارِقْنِيْ حَتّٰى نَاْتِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا خَالَفَ قِرَاءَتِيْ فِي السُّوْرَةِ الَّتِيْ عَلَّمْتَنِيْ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اقْرَاْ يَا اُبَيُّ ." فَقَرَاْتُهَا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَحْسَنْتَ ." ثُمَّ قَالَ لِلرَّجُلِ "اقْرَاْ ." فَقَرَاَ فَخَالَفَ قِرَاءَتِيْ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَحْسَنْتَ ." ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يَا اُبَيُّ اِنَّهُ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ كُلُّهُنَّ شَافٍ كَافٍ ."

939-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (46) .

Marfat.com

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ لَيْسَ بِذٰلِكَ الْقَوِيِّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک سورت پڑھنا سکھائی' میں مسجد میں بیٹھا تھا' اسی دوران میں نے ایک شخص کو وہی سورت تلاوت کرتے ہوئے سنا جو اس طریقے سے مختلف تھی جو میرا پڑھنے کا طریقہ تھا۔ میں نے اس سے دریافت کیا' کہ تمہیں یہ سورت کس نے سکھائی ہے؟ تو اس نے جواب دیا: اللہ کے رسول نے' میں نے کہا: تم اُس وقت تک مجھ سے جدا نہیں ہو گے جب تک ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہو جاتے' پھر میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ شخص اس سورت کی تلاوت میں مجھ سے مختلف قرأت کر رہا ہے' جو سورت آپ نے مجھے تعلیم دی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابی! تم تلاوت کرو! میں نے اس سورت کو تلاوت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم نے ٹھیک قرأت کی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے کہا: اب تم تلاوت کرو! اس شخص نے بھی قرأت کی اور اس نے بعض مقامات پر میری قرأت سے مختلف قرأت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تم نے بھی ٹھیک تلاوت کی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابی! قرآن کو سات حروف پر نازل کیا گیا ہے' یہ سارے کے سارے شافی و کافی ہیں۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: اس روایت کا راوی معقل بن عبداللہ زیادہ مستند نہیں ہے۔

940 - اَخْبَرَنِىْ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اُبَيٍّ قَالَ مَا حَاكَ فِىْ صَدْرِىْ مُنْذُ اَسْلَمْتُ اِلَّا اَنِّىْ قَرَاْتُ اٰيَةً وَّقَرَاَهَا اٰخَرُ غَيْرَ قِرَاءَتِىْ فَقُلْتُ اَقْرَاَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

وَقَالَ الْاٰخَرُ اَقْرَاَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اَقْرَاْتَنِىْ اٰيَةَ كَذَا وَكَذَا قَالَ "نَعَمْ ." وَقَالَ الْاٰخَرُ اَلَمْ تُقْرِئْنِىْ اٰيَةَ كَذَا وَكَذَا قَالَ "نَعَمْ اِنَّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَتَيَانِىْ فَقَعَدَ جِبْرِيْلُ عَنْ يَّمِيْنِىْ وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ يَّسَارِىْ فَقَالَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اقْرَاِ الْقُرْاٰنَ عَلٰى حَرْفٍ . قَالَ مِيْكَائِيْلُ اسْتَزِدْهُ اسْتَزِدْهُ حَتّٰى بَلَغَ سَبْعَةَ اَحْرُفٍ فَكُلُّ حَرْفٍ شَافٍ كَافٍ ."

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے' مجھے کسی اُلجھن کا سامنا نہیں کرنا پڑا' صرف ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے ایک آیت تلاوت کی اور ایک دوسرے شخص نے اسی آیت کو مختلف طریقے سے تلاوت کیا' تو میں نے یہ کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے خود اس کی تلاوت سکھائی ہے' اس شخص نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھی اس کی تلاوت سکھائی ہے۔ (حضرت ابی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ نے مجھے فلاں فلاں آیت خود پڑھنا سکھائی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس دوسرے شخص نے کہا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ آیت اسی طرح سے پڑھنا نہیں سکھائی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

940-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (8) .

Marfat.com

جواب دیا: جی ہاں! جبریل اور میکائیل یہ دونوں میرے پاس آئے تھے' جبریل میرے دائیں طرف بیٹھ گئے اور میکائیل میرے بائیں طرف بیٹھ گئے' پھر جبریل نے کہا کہ آپ ﷺ حرف پر قرآن کی تلاوت کیجئے' تو میکائیل نے کہا: اس میں اضافہ کریں' اس میں اضافہ کریں' یہاں تک کہ سات مختلف طرح کی قرأت ہوگئیں' ان میں سے قرأت کا ہر ایک طریقہ کافی وشافی ہے۔

941 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَثَلُ صَاحِبِ الْقُرْاٰنِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْاِبِلِ الْمُعَقَّلَةِ اِذَا عَاهَدَ عَلَيْهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ اَطْلَقَهَا ذَهَبَتْ ."

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''قرآن کو حفظ کرنے والے کی مثال بندھے ہوئے اونٹ کی طرح ہے' کہ جب تک وہ اس کی نگرانی کرے گا' اس وقت تک اسے روکے رکھے گا اور جب اسے چھوڑ دے گا' تو وہ چلا جائے گا''۔

942 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "بِئْسَمَا لِاَحَدِهِمْ اَنْ يَّقُوْلَ نَسِيْتُ اٰيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ بَلْ هُوَ نُسِّىَ اسْتَذْكِرُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ اَسْرَعُ تَفَصِّيًا مِّنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهٖ ."

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود)' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی شخص کا یہ کہنا بہت برا ہے' کہ میں فلاں آیت بھول گیا' بلکہ وہ اسے بھلا دی گئی ہے' تم قرآن کو یاد کرتے رہا کرو (یعنی اس کا دور کرتے رہا کرو)' کیونکہ یہ انسان کے سینے سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے' جتنی تیزی سے کوئی جانور اپنی رسی سے نکلتا ہے''۔

## 38 - باب الْقِرَاَةِ فِىْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

### باب: فجر کی دو رکعات میں تلاوت

943 - اَخْبَرَنِىْ عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ يَسَارٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِىْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فِى الْاُوْلٰى مِنْهُمَا الْاٰيَةَ الَّتِىْ فِى الْبَقَرَةِ (قُوْلُوْا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ وَفِى الْاُخْرٰى (اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

941-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب استذكار القرآن و تعاهده (الحديث 5031) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الامر بتعهد القرآن، و كراهة قول نسيت آية كذا و جواز قول انسيتها (الحديث 226) . تحفة الاشراف (8368) .

942-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب استذكار القرآن و تعاهده (الحديث 5032)، و باب نسيان القرآن و هل يقول نسيت آية كذا و كذا (الحديث 5039) مختصراً . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب الامر بتعهد القرآن و كراهة قول نسيت آية كذا و جواز قول انسيتها (الحديث 228) . و اخرجه الترمذي في القراء ات ، باب 100 . (الحديث 2942) . تحفة الاشراف (9295) .

943-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب ركعتي سنة الفجر و الحث عليهما و تخفيفهما و المحافظة عليهما و بيان ما يستحب ان يقرا فيهما (الحديث 99 و 100) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في تخفيفهما (الحديث 1259) . و اخرجه النسائي في التفسير: سورة المائدة، قوله تعالى: (امنا و اشهد باننا مسلمون) (الحديث 178) . تحفة الاشراف (5669) .

Marfat.com

وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ) ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعات میں تلاوت کیا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے پہلی رکعت میں وہ آیت پڑھتے تھے جو سورۃ البقرہ میں ہے: ''قُوْلُوْا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا '' (آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے آخر تک تلاوت کیا کرتے تھے) جبکہ دوسری رکعت میں ''اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ '' کی تلاوت کرتے تھے۔

## 39 - باب الْقِرَاَةِ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ بِ (قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) وَ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

### باب: فجر کی دو (سنت) رکعات میں سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کرنا

944 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ دُحَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ (قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) وَ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی دو رکعات میں سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کی تھی۔

## 40 - باب تَخْفِيْفِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

### باب: فجر کی دو (سنت) رکعات کو مختصر ادا کرنا

945 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِنْ كُنْتُ لَاَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَيُخَفِّفُهُمَا حَتّٰى اَقُوْلَ اَقَرَاَ فِيْهِمَا بِاُمِّ الْكِتَابِ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ مجھے اچھی طرح یاد ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو (سنت) رکعات ادا کرتے ہوئے انہیں بہت مختصر پڑھتے تھے' یہاں تک کہ میں یہ سوچا کرتی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سورۂ فاتحہ بھی پڑھی ہے (یا نہیں پڑھی)۔

---

944-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب ركعتي سنة الفجر و الحث عليهما و تخفيفهما و المحافظة عليهما و بيان ما يستحب ان يقرا فيهما (الحديث 98) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في تخفيفهما (الحديث 1256) .واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء فيما يقرا في الركعتين قبل الفجر (الحديث 1148) . تحفة الاشراف (13438) .

945-اخرجه البخاري في التهجد، باب ما يقرا في ركعتي الفجر (الحديث 1171) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب ركعتي سنة الفجر و الحث عليهما و تخفيفهما و المحافظ عليهما و بيان ما يستحب ان يقرا فيهما (الحديث 92 و93) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في تخفيفهما (الحديث 1255) بنحوه . تحفة الاشراف (17913) .

Marfat.com

## 41 - باب الْقِرَأَةِ فِی الصُّبْحِ بِالرُّوم

### باب: صبح کی نماز میں سورۃ الروم کی تلاوت کرنا

946 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ شَبِيبٍ اَبِی رَوْحٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَقَرَاَ الرُّومَ فَالْتَبَسَ عَلَيْهِ فَلَمَّا صَلَّى قَالَ "مَا بَالُ اَقْوَامٍ يُصَلُّونَ مَعَنَا لَا يُحْسِنُونَ الطُّهُورَ فَاِنَّمَا يَلْبِسُ عَلَيْنَا الْقُرْآنَ اُولٰئِكَ ."

☆☆ شبیب بن ابی روح ایک صحابی کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ ﷺ نے صبح کی نماز ادا کی تو آپ نے سورۃ الروم کی تلاوت کی' ایک مقام پر آپ ﷺ کو شبہ لاحق ہوا' جب آپ ﷺ نے نماز ادا کر لی تو ارشاد فرمایا: کیا وجہ ہے' کہ جو لوگ ہمارے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں' وہ اچھی طرح وضو نہیں کرتے ہیں' انہیں لوگوں کی وجہ سے ہمیں مشابہہ لگ گیا۔

## 42 - باب الْقِرَأَةِ فِی الصُّبْحِ بِالسِّتِّينَ اِلَى الْمِائَةِ

### باب: صبح کی نماز میں ساٹھ سے سو آیات کی تلاوت کرنا

947 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ اَنْبَاَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ سَيَّارٍ - يَعْنِي ابْنَ سَلَامَةَ - عَنْ اَبِي بَرْزَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ بِالسِّتِّينَ اِلَى الْمِائَةِ .

☆☆ حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ صبح کی نماز میں ساٹھ سے لے کر سو آیات کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

شرح

## قرأت کرنے کے احکام

### قرأت کرنے کا سنت طریقہ

مسئلہ: اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور اضطرار کی حالت میں ہو' یعنی دشمن کا خوف ہو یا تیزی سے سفر کرنا مقصود ہو' تو سنت یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے ساتھ کوئی سی بھی سورت پڑھی جا سکتی ہے' اگر کسی شخص کو حضر (یعنی مقیم ہونے کی حالت میں) اضطرار لاحق ہو

946-انفردبه النسائي . تحفة الاشراف (15594) .

947-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 172) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيهما، باب القراءة في صلاة الفجر (الحديث 818) . تحفة الاشراف (11607) .

Marfat.com

جاتا ہے یعنی نماز کا وقت ختم ہونے والا ہے اور اسے اپنی جان یا مال کے حوالے سے کوئی اندیشہ ہے تو سنت یہی ہے کہ اس قدر تلاوت کی جائے کہ جس کے نتیجے میں نماز کا وقت بھی ختم نہ ہو جائے یا جو خوف ہے اس میں کسی نقصان کے ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔ (زاہدی)

مسئلہ: جب سفر کے دوران اختیار کی حالت ہو جائے نماز کا وقت بھی باقی ہو اور کسی قسم کا خوف بھی نہ ہو اور سفر کی جلدی بھی نہ ہو تو سنت یہ کہ فجر کی نماز میں سورۂ البروج یا اس کی مانند کسی سورت کی تلاوت کی جائے تا کہ نماز کے دوران قرأت کرنے کے سنت طریقے کا بھی خیال رکھا جا سکے اور سفر کی تخفیف پر بھی عمل ہو سکے۔ (شرح منیۃ المصلی از ابن امیر الحاج)

مسئلہ: حضر کے بارے میں سنت یہ ہے کہ فجر کی دونوں رکعات میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ چالیس سے لے کر پچاس آیات تک تلاوت کی جائے۔

مسئلہ: الجامع الصغیر میں یہ بات تحریر ہے کہ ظہر کی نماز میں بھی اتنی ہی قرأت کرنی چاہیے تاہم مبسوط میں یہ بات تحریر ہے کہ اس سے کم کرنی چاہیے۔

مسئلہ: عصر اور عشاء کی نماز میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ بیس آیات تک کی تلاوت کرنی چاہیے۔

مسئلہ: جبکہ مغرب کی نماز میں ہر رکعت میں چھوٹی سورت کی تلاوت کرنی چاہیے۔ (محیط)

مسئلہ: فقہاء نے اس بات کو مستحسن قرار دیا ہے کہ حضر کے دوران فجر اور ظہر کی نماز میں طوالِ مفصل کی تلاوت کی جائے جبکہ عصر اور عشاء کی نماز میں اوساط مفصل کی تلاوت کی جائے جبکہ مغرب کی نماز میں چھوٹی سورتوں کی تلاوت کی جائے۔ (وقایہ)

مسئلہ: طوالِ مفصل سورۃ الحجرات سے سورۃ البروج تک ہیں اوساطِ مفصل سورۃ البروج سے سورۃ البیّنہ تک ہیں جبکہ سورۃ البیّنہ سے لے کر قرآن کے آخر تک سورتیں قرآن کی چھوٹی سورتیں شمار ہوتی ہیں۔ (محیط وقایہ منیۃ المصلی)

مسئلہ: وتر کی نماز میں سورۃ الفاتحہ کے علاوہ اور کوئی سورت متعین نہیں ہے آدمی کے لیے جو آسان ہو اس سورت کی تلاوت کر لے۔

مسئلہ: تاہم نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ آپ وتر کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ (دوسری رکعت میں) سورۃ الکافرون (اور تیسری رکعت میں) سورۃ اخلاص کی تلاوت کرتے تھے اس لیے آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ تبرک کے حصول کے لیے بعض اوقات اس طریقے سے تلاوت کر لیا کرے تاہم دوسری سورتوں کی بھی تلاوت کر لیا کرے تا کہ قرآن کے دوسرے حصے کو ترک کر دینا لازم نہ آئے۔ (تہذیب)

مسئلہ: مستحب قرأت سے زیادہ قرأت کرنا نہیں چاہیے تا کہ باجماعت نماز ادا کرنے والے لوگ پریشانی کا شکار نہ ہوں۔ (مضمرات)

مسئلہ: فجر کی پہلی رکعت میں دوسری رکعت کے مقابلے میں لمبی قرأت کرنا مسنون ہے اس بات پر اتفاق ہے۔

(زاہدی معراج الدرایہ)

Marfat.com

مسئلہ: بعض فقہاء نے اس کی یہ وضاحت کی ہے کہ دونوں رکعات میں جتنی قرأت کرنی ہے اس کا دو تہائی حصہ پہلی رکعت میں ادا کیا جائے اور ایک تہائی حصہ دوسری رکعت میں تلاوت کیا جائے جبکہ شرح طحاوی میں یہ بات مذکور ہے کہ پہلی رکعت میں تیس آیات تک تلاوت کرنی چاہیے اور دوسری رکعت میں دس سے لے کر بیس آیات کی تلاوت کرنی چاہیے۔ (محیط)

مسئلہ: نماز کے لیے کسی ایک سورت کو متعین کر لینا مکروہ ہے۔ (طحاوی)

مسئلہ: اسبیجابی فرماتے ہیں: یہ حکم اس وقت ہوگا جب کوئی شخص لازم سمجھتے ہوئے کسی ایک متعین سورت کی تلاوت کرے اور کسی دوسری سورت کی تلاوت کرنے کو مکروہ سمجھتا ہو لیکن اگر کوئی شخص آسانی کے لیے کسی سورت کو مقرر کر لیتا ہے یا نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول سنت کے مطابق کسی سورت کی تلاوت کرتا ہے تو اس میں کوئی کراہت نہیں ہے لیکن اس کے لیے بھی یہ بات شرط ہے کہ بعض اوقات دوسری آیات کی بھی تلاوت کرنی چاہیے۔ (تبیین)

مسئلہ: افضل یہ ہے کہ فرض نماز میں ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد کسی مکمل سورت کی تلاوت کی جائے البتہ اگر کوئی شخص دو رکعات میں ایک مکمل سورت کی تلاوت کر لیتا ہے تو یہ بھی جائز ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک رکعت میں کسی سورت کا آخری حصہ پڑھ لیتا ہے اور دوسری رکعت میں کوئی چھوٹی سورت مکمل پڑھ لیتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک رکعت میں دو سورتیں تلاوت کرتا ہے تو اگر ان دونوں کے درمیان ایک یا چند ایک سورتوں کا فصل ہو تو ایسا کرنا مکروہ ہوگا لیکن اگر زیادہ سورتوں کا فصل ہو تو مکروہ نہیں ہوگا اور اگر درمیان میں کسی ایسی ایک سورت کا فصل ہو جو زیادہ بڑی ہے تو بھی مکروہ نہیں ہوگا۔

## 43 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ بِ (ق)

### باب: صبح کی نماز میں سورۃ "ق" کی تلاوت کرنا

948 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الرِّجَالِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ اُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَتْ مَا اَخَذْتُ (ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ) اِلَّا مِنْ وَّرَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بِهَا فِي الصُّبْحِ.

☆☆ سیدہ اُم ہشام بنت حارثہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے سورۂ ق نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھتے ہوئے (آپ کی تلاوت سن کر) سیکھی ہے نبی اکرم ﷺ صبح کی نماز میں اسے تلاوت کیا کرتے تھے۔

949 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ

948-انفرد به النسائي . (و الحديث عند: مسلم في الجمعة، باب تخفيف الصلاة و الخطبة (الحديث 50 و 51 و 52) . و ابي داود في الصلاة، باب الرجل يخطب على قوس (الحديث 1100 و 1102 و 1103) . و النسائي في الجمعة، باب القراءة في الخطبة (الحديث 1410) . تحفة الاشراف (18363) .

Marfat.com

عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّي يَقُولُ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ فَقَرَأَ فِي إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ (وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ) قَالَ شُعْبَةُ فَلَقِيتُهُ فِي السُّوقِ فِي الزِّحَامِ فَقَالَ (ق) .

☆☆ زیاد بن علاقہ بیان کرتے ہیں' میں نے اپنے چچا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے'(وہ کہتے ہیں:) میں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں صبح کی نماز ادا کی تو آپ ﷺ نے ایک رکعت میں ''والنخل باسقات لها طلع نضيد'' کی تلاوت کی۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں' بعد میں میری ملاقات بازار میں' ہجوم کے دوران ان سے ہوئی تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے سورۂ''ق'' کی تلاوت کی تھی۔

## 44 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ بِ (إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ)

### باب: صبح فجر کی نماز میں سورۂ تکویر کی تلاوت کرنا

950 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْبَلْخِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ مِسْعَرٍ وَّالْمَسْعُودِيِّ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ سُرَيْعٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ (إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ) .

☆☆ حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو فجر کی نماز میں سورۂ تکویر کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔

## 45 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ

### باب: فجر کی نماز میں معوذتین کی تلاوت کرنا

951 - أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ حِزَامٍ التِّرْمِذِيُّ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ - وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي سُفْيَانُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ قَالَ عُقْبَةُ فَأَمَّنَا بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ .

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے معوذتین کے بارے میں دریافت کیا۔ حضرت عقبہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ہمیں فجر کی نماز پڑھاتے ہوئے اس میں ان دونوں سورتوں کی تلاوت کی۔

949-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 166 و 167) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في صلاة الصبح (الحديث 306) بنحوه . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراءة في صلاة الفجر (الحديث 816) بنحوه . و الحديث عند: مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 165) . تحفة الاشراف (11087) .

950-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (10722) .

951-انفرد به النسائي، و سياتي في الاستعاذة، (الحديث 5449) . تحفة الاشراف (9915) .

Marfat.com

# 46 - باب الْفَضْلِ فِیْ قِرَاۃِ الْمُعَوِّذَتَیْنِ

## باب: معوذتین پڑھنے کی فضیلت

952 - اَخْبَرَنَا قُتَیْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِیْ عِمْرَانَ اَسْلَمَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اتَّبَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَاکِبٌ فَوَضَعْتُ یَدِیْ عَلٰی قَدَمِهٖ فَقُلْتُ اَقْرِئْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سُوْرَةَ هُوْدٍ وَّسُوْرَةَ یُوْسُفَ. فَقَالَ "لَنْ تَقْرَاَ شَیْئًا اَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) وَ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ)."

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے جا رہا تھا' آپ سوار تھے' میں نے اپنا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک پر رکھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے سورۂ ھود اور سورۂ یوسف کی تلاوت سکھایئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایسی کسی چیز (یعنی سورت) کی تلاوت نہیں کرو گے جو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے والی (یعنی پسندیدہ) ہو۔

953 - اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ بَیَانٍ عَنْ قَیْسٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ "اٰیَاتٌ اُنْزِلَتْ عَلَیَّ اللَّیْلَةَ لَمْ یُرَ مِثْلُهُنَّ قَطُّ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) وَ (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ)."

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''گزشتہ رات مجھ پر یہ کچھ آیات نازل ہوئی ہیں' ان کی مانند کبھی کوئی آیت نظر نہیں آئی' (وہ یہ ہیں:) سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔

# 47 - باب الْقِرَاۃِ فِی الصُّبْحِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

## باب: جمعہ کے دن فجر کی نماز میں تلاوت

954 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ ح وَاَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ - وَاللَّفْظُ لَهٗ - عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَاُ فِیْ صَلَاۃِ الصُّبْحِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ (الم تَنْزِیْلُ) وَ (هَلْ اَتٰی)

952-انفرد به النسائي، و سياتي في الاستعاذة، (الحديث 5454) . تحفة الاشراف (9908) .

953-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب فضل قراءة المعوذتين (الهديث 264 و 265) . واخرجه الترمذي في فضائل القرآن، باب ما جاء في المعوذتين (الحديث 2902) . و اخرجه النسائي في الاستعاذة (5455) . تحفة الاشراف (9948) .

954-اخرجه البخاري في الجمعة، باب ما يقرا في صلاة الفجر يوم الجمعة (الحديث 891)، و في سجود القرآن، باب سجدة تنزيل السجدة (الحديث 1068) . واخرجه مسلم في الجمعة، باب ما يقرا في يوم الجمعة (الحديث 65 و 66) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراءة في صلاة الفجر يوم الجمعة (الحديث 823) . تحفة الاشراف (13647) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۃ الٓم تنزیل (اور دوسری رکعت میں) ھل اتٰی کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

955 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا شَرِيْكٌ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ الْمُخَوَّلِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ (تَنْزِيلُ) السَّجْدَةَ وَ (هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ) .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن صبح کی نماز میں سورۃ تنزیل السجدہ اور سورۃ الدھر کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

## 48 - باب سُجُوْدِ الْقُرْآنِ السُّجُوْدِ فِيْ ص

### باب: قرآن میں مذکور (آیاتِ) سجدہ' سورۂ ص میں سجدوں کا تذکرہ

956 - اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْ (ص) وَقَالَ "سَجَدَهَا دَاوُدُ تَوْبَةً وَّنَسْجُدُهَا شُكْرًا ."

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ ص (کی تلاوت کرتے ہوئے اس) میں سجدہ کیا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: حضرت داؤد علیہ السلام نے یہاں' توبہ کے طور پر سجدہ کیا تھا اور ہم شکر کے طور پر یہاں سجدہ کر رہے ہیں۔

### شرح

سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ہونے کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہائے احناف کے نزدیک سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت ثابت ہے۔ احناف کی دلیل وہ روایت ہے جسے امام نسائی نے یہاں نقل کیا ہے۔

احناف کی دوسری دلیل وہ روایت ہے جسے امام ابوداؤد نے اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔ حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں:

955-اخرجه مسلم في الجمعة، باب ما يقرا في يوم الجمعة (الحديث 64) مطولاً . و اخرجه ابوداوٗد في الصلاة، باب ما يقرا في صلاة الصبح يوم الجمعة (الحديث 1074) و (الحديث 1075) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ماجاء في ما يقرا به في صلاة الصبح يوم الجمعة (الحديث 520) . و اخرجه النسائي في الجمعة، القراء ة في صلاة الجمعة بسورة الجمعة والمنافقين (الحديث 1420) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة فيها، باب القراء ة في صلاة الفجر يوم الجمعة (الحديث 821) . تحفة الاشراف (5613) .

956-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (5506) .

Marfat.com

''نبی اکرم نے سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت کیا تھا''۔
امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک سورۂ ص میں سجدۂ تلاوت نہیں ہے۔

## سجدۂ تلاوت کے مقامات

مسئلہ: قرآن میں چودہ سجدہ ہائے تلاوت ہیں:

(۱) سورۂ اعراف کے آخر میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:
اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ ○ (الاعراف: ۲۰۶)

(۲) سورۂ رعد میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
وَ لِلّٰهِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ○ (الرعد: ۱۵)

(۳) سورۂ نحل میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
یَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ○ (النحل: ۵۰)

(۴) سورۂ بنی اسرائیل میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
وَ یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَ یَزِیْدُهُمْ خُشُوْعًا ○ (الاسراء: ۱۰۹)

(۵) سورۂ مریم میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنْ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ وَ مِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّ مِنْ ذُرِّیَّةِ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْرَآءِیْلَ وَ مِمَّنْ هَدَیْنَا وَاجْتَبَیْنَا ط اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ بُكِیًّا ○ (سورۂ مریم: ۵۸)

(۶) سورۂ حج کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ط وَكَثِیْرٌ حَقَّ عَلَیْهِ الْعَذَابُ ط وَمَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ط اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ○ (الحج: ۱۸)

(۷) سورۂ فرقان میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ○ (الفرقان: ۶۰)

(۸) سورۂ نمل میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ○ (النمل: ۲۵)

(۹) سورۂ الم تنزیل میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:
اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ○ (السجدہ: ۱۵)

(۱۰) سورۂ ص میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:

Marfat.com

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَO (ص:۲۴)

(۱۱) حٰم السجدہ میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَO (فصلت:۳۸)

(۱۲) سورۂ نجم میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْاO (النجم:۶۲)

(۱۳) سورۂ انشقاق میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَO (الانشقاق:۲۱)

(۱۴) سورۂ علق میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں:

كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْO (العلق:۱۹) (عینی)

## سجدۂ تلاوت کا وجوب

مسئلہ: ان مقامات پر سجدۂ تلاوت کرنا واجب ہے' تلاوت کرنے والے پر بھی واجب ہے اور سننے والے پر بھی واجب ہے' خواہ وہ قصد کے ساتھ قرآن کی تلاوت سن رہا ہو یا قصد نہ ہو۔ (ہدایہ)

مسئلہ: کوئی شخص آیت سجدہ تلاوت کرتا ہے' تو محض ہونٹوں کو حرکت دینے کی وجہ سے سجدہ لازم نہیں ہوگا' سجدہ اُس وقت لازم ہوگا جب حروف کی ادائیگی صحیح ہو اور آواز بھی باہر آئے' جسے وہ شخص خود سن سکے یا کوئی شخص اُس کے منہ کے قریب کان کر کے اُس سے سن سکے۔ (قاضی خان)

مسئلہ: اگر کوئی شخص سجدے سے متعلق آیت پڑھتا ہے لیکن مکمل نہیں پڑھتا تو وہ سجدۂ تلاوت نہیں کرے گا اور اگر وہ سجدے سے متعلق لفظ پڑھتا ہے' تو بھی سجدہ نہیں کرے گا' البتہ اگر وہ سجدے سے متعلق لفظ سمیت سجدے والی نصف آیت تلاوت کر لیتا ہے' تو اُس پر سجدہ واجب ہوگا۔

مسئلہ: سجدے کے واجب ہونے کے بارے میں بنیادی اصول یہ ہے کہ جس شخص پر نماز واجب ہوتی ہے' اُس پر سجدۂ تلاوت بھی واجب ہوگا۔ (خلاصہ)

مسئلہ: اس اصول کے تحت کافر شخص' پاگل شخص' نابالغ بچہ' حیض یا نفاس والی عورت آیت سجدہ پڑھ لیتے ہیں' تو اُن پر سجدہ تلاوت لازم نہیں ہوگا۔

مسئلہ: یا اگر یہ لوگ آیتِ سجدہ سن لیں تو بھی ان پر سجدہ لازم نہیں ہوگا۔

مسئلہ: بے وضو یا جنبی شخص اگر آیتِ سجدہ تلاوت کرے یا سنے تو اُس پر سجدہ کرنا لازم ہوگا۔

مسئلہ: بیمار شخص کا بھی یہی حکم ہے۔

Marfat.com

مسئلہ: اگر امام آیتِ سجدہ تلاوت کرے گا تو وہ سجدہ کرے گا اور اُس کے ساتھ مقتدی بھی سجدہ کریں گے خواہ اُنہیں تلاوت کی آواز آئی ہو یا نہ آئی ہو' خواہ امام نے جہری نماز میں یہ آیت تلاوت کی ہو یا سرّی نماز میں یہ آیت تلاوت کی ہو' تاہم مستحب یہ ہے کہ پست آواز میں ادا کی جانے والی نماز میں آیتِ سجدہ تلاوت نہیں کرنی چاہیے۔

مسئلہ: اسی طرح اگر کوئی ایسا شخص امام کی زبانی آیت سجدہ سن لیتا ہے جو نماز میں اُس کا مقتدی نہیں تھا تو اُس پر بھی سجدۂ تلاوت لازم ہوگا۔ (جوہرہ نیرہ)

مسئلہ: اگر کوئی شخص نماز میں آیتِ سجدہ کی تلاوت کرتا ہے' تو اگر وہ آیت سورت کے درمیان میں ہے' تو افضل یہ ہے کہ اُسی وقت سجدے میں چلا جائے' پھر کھڑا ہو' پھر سورت کو مکمل کرے' پھر رکوع میں جائے لیکن اگر وہ اُس وقت سجدہ نہیں کرتا اور رکوع میں چلا جاتا ہے اور رکوع میں سجدۂ تلاوت کی نیت کر لیتا ہے' تو قیاس کے اعتبار سے ایسا کرنا جائز ہے اور ہم نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

مسئلہ: لیکن اگر آیتِ سجدہ تلاوت کرنے کے بعد وہ شخص رکوع میں بھی نہیں گیا اور سجدے میں بھی نہیں گیا اور سورت کو مکمل تلاوت کر لیا' پھر رکوع میں گیا تو اب سجدۂ تلاوت کی نیت کافی نہیں ہوگی اور اُس رکوع کی وجہ سے سجدۂ تلاوت کا حکم ساقط نہیں ہوگا۔

مسئلہ: نماز ادا کرنے والا کوئی شخص کسی دوسرے شخص کی زبانی (جو اُس کا امام نہیں ہے) آیتِ سجدہ سنتا ہے اور پھر تلاوت کرنے والے کے ہمراہ سجدۂ تلاوت کر لیتا ہے' تو اگر نمازی نے اُس شخص کی متابعت کا ارادہ کیا تھا تو اُس کی نماز فاسد ہو جائے گی لیکن جب کوئی شخص نماز نہ پڑھ رہا ہو' وہ کسی دوسرے کی زبانی سجدۂ تلاوت سنے تو اُس کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ تلاوت کرنے والے کے ہمراہ ہی سجدۂ تلاوت کرے اور اُس سے پہلے سر نہ اُٹھائے۔ (خلاصہ)

## آیتِ سجدہ کی تلاوت میں تکرار کا حکم

مسئلہ: اگر ایک ہی محفل میں ایک ہی آیت کو بار بار تلاوت کیا جائے تو ایک ہی مرتبہ سجدۂ تلاوت کرنا کافی ہوگا' اگر آیت ایک ہو اور محفل مختلف ہو یا محفل ایک ہو اور آیت سجدہ مختلف ہوں تو پھر ایک سجدہ کافی نہیں بلکہ ہر مرتبہ الگ سجدہ ہوگا۔ (محیط)

مسئلہ: اگر سجدۂ تلاوت والی آیت سننے والے شخص کی محفل تبدیل ہو گئی اور پڑھنے والے کی تبدیل نہ ہوئی تو سننے والے پر دوبارہ سجدہ کرنا لازم ہوگا اور اگر پڑھنے والے کی تبدیل ہو گئی' سننے والے کی نہیں تو پڑھنے والے پر دوبارہ سجدہ کرنا لازم ہوگا۔

مسئلہ: اکثر مشائخ کے قول کے مطابق سننے والے پر دوبارہ سجدہ کرنا لازم نہیں ہوگا' اسی کو ہم نے اختیار کیا ہے۔ (عتابیہ)

مسئلہ: ایک ہی حالت میں بہت دیر تک رہنے' ایک لقمہ کھا لینے' ایک مرتبہ پانی پی لینے' کھڑا ہو جانے' دو ایک قدم چل لینے' گھر یا مسجد کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک جانے سے محفل تبدیل شمار ہوگی' لیکن اگر کوئی شخص جامع مسجد کے ایک کونے سے دوسرے کونے میں چلا جاتا ہے' تو دوبارہ سجدہ کرنا واجب نہیں ہوگا' اس بارے میں اصول یہ ہے کہ جہاں تک امام کی اقتداء میں نماز ادا کی جا سکتی ہے' وہ ایک ہی مقام سمجھا جائے گا۔

مسئلہ: ایک ہی محفل کے دوران کوئی آدمی تسبیح پڑھنا شروع کر دیتا ہے ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنا شروع کر دیتا ہے' تلاوت کرنا

Marfat.com

شروع کر دیتا ہے' تو محفل تبدیل شمار نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص ایک رکعت میں آیت سجدہ تلاوت کرتا ہے اور سجدہ کر لیتا ہے' پھر اُسی رکعت میں اُسے دوبارہ پڑھ لیتا ہے' تو دوبارہ سجدہ واجب نہیں ہوگا۔ (محیط سرخسی)

مسئلہ: کوئی شخص پہلی رکعت میں ایک آیت سجدۂ تلاوت کرتا ہے' اُس پر سجدہ بھی کر لیتا ہے' پھر دوسری تیسری رکعت میں اُسی آیت کو دوبارہ پڑھتا ہے' تو اُس پر سجدہ واجب نہیں ہوگا' یہی قول صحیح ہے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: کوئی شخص نماز کے دوران اگر آیت سجدہ تلاوت کرتا ہے اور سجدہ بھی کر لیتا ہے' پھر سلام پھیرنے کے بعد اُسی جگہ پر بیٹھ کر وہی آیت دوبارہ پڑھتا ہے' تو ظاہر الروایت کے مطابق وہ شخص دوبارہ سجدہ کرے گا۔

## سجدۂ سہو کا طریقہ

مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ جب آدمی سجدۂ تلاوت کرنے لگے تو پہلے کھڑا ہو' پھر سجدۂ تلاوت کرے اور سجدہ کرنے کے بعد دوبارہ کھڑا ہو جائے' پھر اُس کے بعد بیٹھے۔ (ظہیریہ)

مسئلہ: جب سجدہ تلاوت کا ارادہ کرے گا تو پہلے دل میں اُس کی نیت کرے گا اور زبان سے یہ کہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے لیے سجدۂ تلاوت کر رہا ہوں' پھر "اللہ اکبر" کہہ کر (سجدے میں چلا جائے)۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: سجدۂ تلاوت کو فوراً کرنا لازم نہیں ہے بلکہ اگر بعد میں کسی وقت ادا کیا جائے تو بھی ادا ہی شمار ہوگا' قضاء شمار نہیں ہوگا۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: تاہم یہ حکم اُس سجدے کا ہے جو نماز کے علاوہ تلاوت کرنے کے نتیجے میں لازم ہوتا ہے' جو سجدہ نماز کے دوران لازم ہوتا ہے' اُس میں اگر تاخیر کی جائے یہاں تک کہ اگر اُس کے بعد کچھ اور قرأت بھی کر لی جائے تو وہ قضاء شمار ہوگا اور آدمی گناہ گار ہوگا۔ (بحرالرائق)

مسئلہ: کوئی شخص قرآن کی تلاوت سن رہا تھا' اُس کے پاس ایسے لوگ بیٹھے ہوئے تھے جن کے بارے میں یہ گمان ہے کہ وہ باوضو ہوں گے اور اس آیت کو سن کر سجدۂ تلاوت کر لیں گے' یہ بات اُن کے لیے پریشانی کا باعث نہیں ہوگی تو اُسے چاہیے کہ آیت سجدہ بلند آواز میں تلاوت کرے' لیکن اگر اُسے یہ گمان ہو کہ وہ لوگ بے وضو ہوں گے اور یہ گمان ہو کہ وہ لوگ اُس آیتِ سجدہ کی تلاوت سننے کے باوجود سجدہ تلاوت نہیں کریں گے یا سجدہ کر لیں گے' لیکن یہ اُن کے لیے مشقت کا باعث ہوگا تو پھر قاری کو چاہیے کہ پست آواز میں آیتِ سجدہ کی تلاوت کرے۔ (خلاصہ)

مسئلہ: یہ بات مکروہ ہے کہ کسی سورت کی تلاوت کرتے ہوئے آیت سجدہ کو چھوڑ دیا جائے۔

## سجدۂ شکر کے احکام

مسئلہ: اسی سے متعلق ایک مسئلہ سجدۂ شکر کا ہے۔

امام ابوحنیفہ سجدۂ شکر کے قائل نہیں ہیں' اُن کے نزدیک سجدۂ شکر کرنا مکروہ ہے اور اس پر ثواب نہیں ملتا' اسے ترک کرنا

Marfat.com

زیادہ بہتر ہے' جبکہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ عبادت ہے اور اس پر ثواب ملتا ہے۔

### سجدۂ شکر کا طریقہ

مسئلہ: ان دونوں حضرات کے نزدیک سجدۂ شکر ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی شخص کو کوئی نعمت میسر ہو' یا اللہ تعالیٰ اُسے کوئی فرزند عطاء کرے' یا کوئی گمشدہ چیز مل جائے' یا کوئی مصیبت دور ہو جائے' یا بیمار شخص کو شفاء نصیب ہو جائے' یا کوئی غائب شدہ شخص واپس آ جائے تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے قبلہ کی طرف رُخ کر کے شکر کے طور پر سجدے میں چلا جائے' اس میں اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح بیان کرے' پھر دوسری تکبیر کہہ کر سر اُٹھالے' جس طرح سجدۂ تلاوت کیا جاتا ہے۔ (سراج الوہاج)

مسئلہ: لوگوں کو سجدۂ شکر کرنے سے منع نہیں کیا جائے گا کیونکہ اس میں عاجزی اور عبادت کا مفہوم پایا جاتا ہے اور فتویٰ بھی اسی پر ہے۔ (تاتارخانیہ)

مسئلہ: جن اوقات میں نفل نماز ادا کرنا مکروہ ہے' اُن اوقات میں سجدۂ شکر کرنا بھی مکروہ ہے۔ (قنیہ)

...——...——...

## 49 - باب السُّجُوْدِ فِیْ (وَالنَّجْمِ)

### باب: سورۃ النجم میں سجدۂ تلاوت

957 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ حَنْبَلٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَبَاحٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِىْ وَدَاعَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ سُوْرَةَ النَّجْمِ فَسَجَدَ وَسَجَدَ مَنْ عِنْدَهٗ فَرَفَعْتُ رَاْسِىْ وَاَبَيْتُ اَنْ اَسْجُدَ وَلَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ اَسْلَمَ الْمُطَّلِبُ .

☆☆ جعفر بن مطلب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں سورۃ النجم کو تلاوت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں چلے گئے اور آپ کے پاس موجود لوگ بھی سجدے میں چلے گئے (میں بھی اس وقت وہاں موجود تھا)' لیکن میں نے اپنا سر اُٹھائے رکھا اور سجدہ کرنے سے انکار کر دیا۔

(راوی کہتے ہیں:) اس وقت حضرت مطلب رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔

### شرح

### سجدۂ تلاوت کے احکام

### اس سے متعلق احکام چند اصولوں پر مبنی ہیں

مسئلہ: اس بارے میں ایک اصول یہ ہے کہ جب سجدے کو اس کے مخصوص مقام پر ادا کر لیا جائے تو وہ نیت کے بغیر ادا ہو

... انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (11287) .

Marfat.com

جاتا ہے اور اُسے اس کے مخصوص موقع پر ادا نہ کیا جائے تو پھر بعد میں وہ نیت کے بغیر درست نہیں ہوتا' سجدہ اپنے موقع ومحل سے اس وقت الگ شمار ہوتا ہے' جب اس سجدے اور اس کے موقع ومحل کے درمیان ایک مکمل رکعت کا فاصلہ آ جائے۔

مسئلہ: اس بارے میں ایک اصول یہ ہے کہ جب کسی چیز کے بارے میں یہ شک ہو کہ وہ واجب ہے' یا بدعت ہے' تو احتیاط کے پیش نظر اسے ادا کر لیا جائے گا' لیکن اگر اس بارے میں شک ہو کہ وہ سنت ہے یا بدعت ہے' تو پھر اُسے چھوڑ دیا جائے گا۔

ان میں ایک اصول یہ ہے کہ آدمی اس بارے میں غور کرے گا' تو جتنے سجدے رہ گئے تھے اور جتنے ادا ہوئے تھے' ان میں سے کم کون سے ہیں اور پھر اُسی سے حساب لگایا جائے گا' کیونکہ تھوڑے کے ذریعے حساب کرنا آسان ہوتا ہے۔

(محیط سرخسی' ظہیریہ)

•••——•••——•••

958 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ النَّجْمَ فَسَجَدَ فِيْهَا ۔

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ النجم کی تلاوت کرتے ہوئے اس میں سجدۂ تلاوت کیا تھا۔

## 50 - باب تَرْكِ السُّجُوْدِ فِى النَّجْمِ

### باب: سورۃ النجم میں سجدۂ تلاوت نہ کرنا

959 - اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ - وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ - عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَاَلَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ عَنِ الْقِرَاءَةِ مَعَ الْاِمَامِ فَقَالَ لَا قِرَاءَةَ مَعَ الْاِمَامِ فِىْ شَىْءٍ وَّزَعَمَ اَنَّهُ قَرَاَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى) فَلَمْ يَسْجُدْ ۔

☆☆ عطاء بن یسار بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے امام کی اقتداء میں تلاوت کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امام کی اقتداء کے دوران کوئی بھی چیز تلاوت نہیں کی جائے گی۔

958- اخرجه البخاري في سجود القرآن، باب ما جاء في سجود القرآن و سننها (الحديث 1067) مطولاً، و باب سجدة النجم (الحديث 1070) مطولاً . و في مناقب الانصار، باب ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم و اصحابه من المشركين بمكة (الحديث 3853) مطولاً، و في المغازي، باب قتل ابي جهل (الحديث 3972) مطولاً، و في التفسير، باب(فاسجدوا لله و اعبدوا) (الحديث 4863) مطولاً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب سجود التلاوة (الحديث 105) مطولاً . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب من راي فيها السجود (الحديث 1406) مطولاً . تحفة الاشراف (9180) .

959- اخرجه البخاري في سجود القرآن، باب من قرا السجدة و لم يسجد (الحديث 1072 و 1073) مختصراً . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب سجود التلاوة (الحديث 106) . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة ، باب من لم ير السجود في المفصل (الحديث 1404) مختصراً . و اخرجه الترمذي في الصلاة ، باب من لم يسجد فيه (الحديث 576) مختصراً . تحفة الاشراف (3733) .

Marfat.com

حضرت زید رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی بیان کی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورۃ النجم کی تلاوت کی تھی' لیکن انہوں نے (یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) سجدۂ تلاوت نہیں کیا تھا۔

شرح

سورۂ نجم کا سجدۂ تلاوت امام مالک کے نزدیک ثابت نہیں ہے جبکہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک سورۂ نجم میں سجدہ کیا جائے گا۔ امام احمد بن حنبل بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

## 51 - باب السُّجُوْدِ فِيْ (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ)

### باب: سورۃ الانشقاق میں سجدۂ تلاوت

960 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَرَاَ بِهِمْ (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) فَسَجَدَ فِيْهَا فَلَمَّا انْصَرَفَ اَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْهَا .

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کے سامنے سورۃ الانشقاق کی تلاوت کی تو اس میں سجدۂ تلاوت کیا' جب وہ اس سے فارغ ہوئے' تو ان لوگوں کو بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس (سورت) میں سجدہ کیا ہے۔

شرح

سورۂ انشقاق کا سجدۂ تلاوت امام مالک کے نزدیک ثابت نہیں ہے جبکہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک سورۂ انشقاق میں سجدہ کیا جائے گا۔ امام احمد بن حنبل بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

961 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ ابْنِ قَيْسٍ - وَهُوَ مُحَمَّدٌ - عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ الانشقاق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے۔

962 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) وَ (اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ)

960-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب سجود التلاوة (الحديث 107) . تحفة الاشراف (14969) .

961-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14989) .

962-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في السجدة في(اقرا باسم ربك الذي خلق) و (اذا السماء انشقت) (الحديث 574) . واخرجه النسائي في الافتتاح، باب السجود في اذا السماء انشقت (الحديث 963) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب عدد سجود القرآن (الحديث 1059) مختصراً . تحفة الاشراف (14865) .

Marfat.com

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے۔

963 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

964 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدَ اَبُو بَكْرٍ وَّعُمَرُ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - فِي (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُمَا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوبکر' حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے سورۃ الانشقاق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے اور جو ہستی ان دونوں سے بہتر ہے (یعنی نبی اکرم ﷺ نے بھی سورۃ الانشقاق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے)۔

## 52 - باب السُّجُودِ فِي (اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ)

### باب: سورۃ العلق میں سجدۂ تلاوت

965 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ قُرَّةَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدَ اَبُو بَكْرٍ وَّعُمَرُ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) وَ (اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما اور ان دونوں سے بہتر ہستی (یعنی نبی اکرم ﷺ) نے سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے۔

### شرح

سورۂ العلق کا سجدۂ تلاوت امام مالک کے نزدیک ثابت نہیں ہے جبکہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک سورۂ العلق میں سجدہ کیا جائے گا۔ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

966 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ وَوَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ

963-تقدم في الافتتاح، باب السجود في اذا السماء انشقت (الحديث 962) .

964-انفردبه النسائي، و سياتي في الافتتاح، السجود في اقرا باسم ربك (الحديث 965) . تحفة الاشراف (14501) .

965-تقدم في الافتتاح، باب السجود في اذا السماء انشقت (الحديث 964) .

966-اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب سجود التلاوة (الحديث 108) . واخرجه ابوداوُد في الصلاة، باب السجود في (اذا السماء انشقت) و (قرا) (الحديث 1407) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في السجدة في (اقرا باسم ربك الذي خلق) و (اذا السماء انشقت) (الحديث 573) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب عدد سجود القرآن (الحديث 1058) . تحفة الاشراف (14206) .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) وَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ)

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے۔

## 53 - باب السُّجُوْدِ فِي الْفَرِيضَةِ

### باب: فرض نمازوں میں سجدۂ تلاوت

967 - اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُلَيْمٍ - وَهُوَ ابْنُ اَخْضَرَ - عَنِ التَّيْمِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ عَنْ اَبِي رَافِعٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ اَبِي هُرَيْرَةَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ - يَعْنِي الْعَتَمَةَ - فَقَرَاَ سُوْرَةَ (اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ) فَسَجَدَ فِيهَا فَلَمَّا فَرَغَ قُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ هٰذِهِ - يَعْنِي سَجْدَةً - مَا كُنَّا نَسْجُدُهَا . قَالَ سَجَدَ بِهَا اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا خَلْفَهُ فَلَا اَزَالُ اَسْجُدُ بِهَا حَتّٰى اَلْقَى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ ابورافع بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کی' انہوں نے سورۃ الانشقاق کی تلاوت کی اور اس میں سجدۂ تلاوت بھی کیا' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو میں نے کہا: اے حضرت ابوہریرہ! یہ کیا ہے؟

(راوی کہتے ہیں: یعنی ہم لوگ اس سورت میں سجدۂ تلاوت نہیں کرتے تھے) تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت ابوالقاسم رضی اللہ عنہ نے (اس سورت کی تلاوت میں) سجدۂ تلاوت کیا ہے' جبکہ میں آپ کی اقتداء میں نماز ادا کر رہا تھا' اس لیے میں اس میں سجدۂ تلاوت کرتا رہوں گا' یہاں تک کہ میں حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملوں۔

## 54 - باب قِرَاَةِ النَّهَارِ

### باب: دن (کی نمازوں) میں قرأت (کا طریقہ)

968 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ رَقَبَةَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ كُلُّ صَلَاةٍ يُقْرَاُ فِيهَا فَمَا اَسْمَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَعْنَاكُمْ وَمَا اَخْفَاهَا اَخْفَيْنَا مِنْكُمْ .

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر نماز میں تلاوت کی جاتی ہے' تو جن نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں تلاوت کی ہے' ہم ان نمازوں میں بلند آواز میں تلاوت کرتے ہیں اور جن نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پست آواز میں تلاوت کی ہے' ہم ان نمازوں میں پست آواز میں تلاوت کرتے ہیں۔

967-اخرجه البخاري في الاذان، باب الجهر في العشاء (الحديث 766) بنحوه، و باب القراءة في العشاء بالسجدة (الحديث 768) بنحوه، و في سجود القرآن، باب من قرا السجدة في الصلاة فسجد بها (الحديث 1078) بنحوه . و اخرجه مسلم في المساجد و مواضع الصلاة، باب سجود التلاوة (الحديث 110) بنحوه . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من راى فيها السجود (الحديث 1408) بنحوه . تحفة الاشراف (14649) .

968-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (14177) .

Marfat.com

969 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَنْبَاَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ فِیْ كُلِّ صَلَاةٍ قِرَاءَةٌ فَمَا اَسْمَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَعْنَاكُمْ وَمَا اَخْفَاهَا اَخْفَيْنَا مِنْكُمْ ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر نماز میں قرأت ہوتی ہے' جن نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں قرأت کی ہے' ہم ان نمازوں میں بلند آواز میں قرأت کرتے ہیں اور جن نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پست آواز میں قرأت کی ہے' ہم ان نمازوں میں پست آواز میں قرأت کرتے ہیں۔

## 55 - باب الْقِرَاَةِ فِی الظُّهْرِ

### باب: ظہر کی نماز میں تلاوت کرنا

970 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ صُدْرَانَ قَالَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْبَرِيْدِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّیْ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فَنَسْمَعُ مِنْهُ الْاٰيَةَ بَعْدَ الْاٰيَاتِ مِنْ سُوْرَةِ لُقْمَانَ وَالذّٰرِيَاتِ ۔

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ظہر کی نماز ادا کیا کرتے تھے' تو بعض اوقات ہمیں سورۃ الرحمٰن یا سورۃ الذاریات کی بعض آیات کی تلاوت کے بعد کسی ایک آیت کی آواز آ جاتی تھی (اس کا مطلب یہ ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ الذاریات یا سورۃ الرحمٰن تلاوت کر رہے ہوتے تھے اور پست آواز میں قرأت کرتے تھے' لیکن بعض اوقات کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی تلاوت کر لیتے تھے)۔

971 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ الْمَرُّوْذِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا بَكْرِ بْنَ النَّضْرِ قَالَ كُنَّا بِالطَّفِّ عِنْدَ اَنَسٍ فَصَلّٰى بِهِمُ الظُّهْرَ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ اِنِّیْ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَقَرَاَ لَنَا بِهَاتَيْنِ السُّوْرَتَيْنِ فِی الرَّكْعَتَيْنِ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَ (هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ) ۔

☆☆ ابوبکر بن نضر بیان کرتے ہیں' ہم لوگ ''طف'' کے مقام پر حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے' انہوں نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو وہ بولے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ظہر کی نماز ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو رکعات میں یہی دو سورتیں تلاوت فرمائی تھیں: سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ۔

---

969-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراءة في الفجر (الحديث 772) مطولاً . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة و انه اذا لم يحسن الفاتحة و لا امكنه تعلمها قرا ما تيسر له من غيرها (الحديث 43) مطولاً . تحفة الاشراف (14190) .

970-اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الجهر بالآية احياناً في صلاة الظهر و العصر (الحديث 830) . تحفة الاشراف (1891) .

971-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (1714) .

Marfat.com

## 56 - باب تَطْوِيْلِ الْقِيَامِ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ

### باب: ظہر کی نماز میں پہلی رکعت میں طویل قیام کرنا

972 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَقَدْ كَانَتْ صَلَاةُ الظُّهْرِ تُقَامُ فَيَذْهَبُ الذَّاهِبُ اِلَى الْبَقِيعِ فَيَقْضِى حَاجَتَهُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَجِئُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى يُطَوِّلُهَا .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ظہر کی نماز شروع ہو جاتی' پھر کوئی شخص بقیع تک جاتا' وہاں قضائے حاجت کرتا' پھر وضو کر کے آ جاتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی پہلی رکعت ہی پڑھ رہے ہوتے تھے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم طویل رکعت ادا کرتے تھے۔

973 - اَخْبَرَنِىْ يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ - وَهُوَ الْقَنَّادُ - قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يُصَلِّى بِنَا الظُّهْرَ فَيَقْرَاُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ يُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ كَذٰلِكَ وَكَانَ يُطِيلُ الرَّكْعَةَ فِي صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالرَّكْعَةَ الْأُولٰى يَعْنِىْ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ .

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' (حضرت ابوقتادہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی دو رکعات میں تلاوت کرتے ہوئے کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی پڑھ دی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں طویل رکعت ادا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت کو طویل ادا کرتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں:) یعنی صبح کی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم طویل رکعت ادا کرتے تھے۔

## 57 - باب اِسْمَاعِ الْإِمَامِ الْاٰيَةَ فِي الظُّهْرِ

### باب: ظہر کی نماز میں امام کا کوئی ایک آیت بلند آواز میں پڑھنا

974 - اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدِ بْنِ مُسْلِمٍ - يُعْرَفُ بِابْنِ اَبِىْ جَمِيلِ الدِّمَشْقِيِّ - قَالَ حَدَّثَنَا

---

972-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 161) و (الحديث 162) بنحوه مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 825) بنحوه . تحفة الاشراف (4282) .

973-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراءة في الظهر ، (الحديث 759) مطولاً، وباب القراءة في العصر (الحديث 762) مختصرًا، و باب يقرا في الاخريين بفاتحة الكتاب (الحديث 776) مطولاً، وباب اذا اسمع الامام الآية (الحديث 778) بنحوه، و باب يطول في الركعة الاولى (الحديث 779) بنحوه . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 154) . واخرجه ابوداوٗد في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في الظهر ( 798 -799 و 800) . واخرجه النسائي في الافتتاح، باب اسماع الامام الآية في الظهر (الحديث 974)، و تقصير لقيام في الركعة الثانية من الظهر (الحديث 975)، و القراءة في الركعتين الاولين من صلاة الظهر (الحديث 976) ، والقراءة في الركعتين الاولين من صلاة العصر (الحديث 977) . و الحديث عند: مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 155) و ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب الجهر بالآية احيانًا في صلاة الظهر و العصر (829) . تحفة الاشراف (12108) .

974-تقدم في الافتتاح، تطويل القيام في الركعة الاولى من صلاة الظهر (الحديث 973).

Marfat.com

اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَمَاعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَسُوْرَتَيْنِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ وَيُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ اَحْيَانًا وَكَانَ يُطِيلُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى .

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ بیان کرتے ہیں' میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے' کہ نبی اکرم ﷺ ظہر کی نماز میں اور عصر کی نماز میں پہلی دو رکعات میں سورۃ الفاتحہ اور ان کے ساتھ کسی ایک سورت کی تلاوت کیا کرتے تھے اور بعض اوقات آپ ﷺ کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی تلاوت کرلیا کرتے تھے' نبی اکرم ﷺ (ان نمازوں میں) پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے۔

## 58 - باب تَقْصِيْرِ الْقِيَامِ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِنَ الظُّهْرِ

### باب: ظہر کی نماز کی دوسری رکعت میں مختصر قیام کرنا

975 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ بِنَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَيُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ اَحْيَانًا وَيُطَوِّلُ فِي الْاُولٰى وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ وَكَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يُطَوِّلُ فِي الْاُولٰى وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ وَكَانَ يَقْرَاُ بِنَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ يُطَوِّلُ الْاُوْلٰى وَيُقَصِّرُ الثَّانِيَةَ .

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ہمیں ظہر کی ابتدائی دو رکعات پڑھاتے ہوئے بعض اوقات کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی تلاوت کرلیتے تھے' آپ پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت مختصر ادا کرتے تھے' صبح کی نماز میں بھی آپ ایسا ہی کیا کرتے تھے' پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت (پہلی رکعت کے مقابلے میں) مختصر ادا کرتے تھے۔

عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں' آپ ﷺ تلاوت کیا کرتے تھے' اس میں پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت (پہلی کے مقابلے میں) مختصر ادا کرتے تھے۔

---

975-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراء ة في الظهر (الحديث 759)، وباب يطول الركعة الاولى (الحديث 779)مختصرًا، واخرجه مسلم في الصلاة، باب القراء ة في الظهر و العصر (الحديث 154) . واخرجه ابو داوُد في الصلاة، باب ما جاء في القراء ة في الظهر (الحديث 798 و 789 و800) . واخرجه النسائي في الافتتاح، القراء ة في الركعتين الاولين من صلاة العصر (الحديث 977) . والحديث عند: البخاري في الاذان، باب القراء ة في العصر (الحديث 762)، و باب يقرا في الاخريين بفاتحة الكتاب (الحديث 776)، و باب اذا اسمع الامام الآية (الحديث 778) . ومسلم في الصلاة، باب القراء ة في الظهر و العصر (الحديث 155) . و النسائي في الافتتاح، تطويل القيام في الركعة الاولى، من صلاة الظهر (الحديث 973)، و باب اسماع الامام الآية في الظهر (الحديث 974)، والقراء ة في الركعتين الاوليين من صلاة الظهر (الحديث 976) . و ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الجهر بالآية احيانًا في صلاة الظهر و العصر (الحديث 829) . تحفة الاشراف (12108) .

Marfat.com

## 59 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ

### باب: ظہر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں تلاوت

976 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَسُوْرَتَيْنِ وَفِي الْاُخْرَيَيْنِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وَكَانَ يُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ اَحْيَانًا وَّكَانَ يُطِيْلُ اَوَّلَ رَكْعَةٍ مِّنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ .

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں پہلی دو رکعات میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ دو سورتیں (یعنی ہر رکعت میں ایک سورت) پڑھا کرتے تھے جبکہ آخری دو رکعات میں صرف سورۃ الفاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ آپ ﷺ بعض اوقات کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی تلاوت کر لیتے تھے' ظہر کی نماز کی پہلی رکعت کو (باقی رکعات کے مقابلے میں) آپ ﷺ طویل ادا کرتے تھے۔

## 60 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ

### باب: عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں تلاوت

977 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ وَيُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ اَحْيَانًا وَّكَانَ يُطِيْلُ الرَّكْعَةَ الْاُولٰى فِي الظُّهْرِ وَيُقَصِّرُ فِي الثَّانِيَةِ وَكَذٰلِكَ فِي الصُّبْحِ .

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ دو سورتیں (یعنی ہر رکعت میں ایک سورت) تلاوت کیا کرتے تھے۔ بعض اوقات آپ ﷺ کوئی ایک آیت بلند آواز میں بھی تلاوت کر لیتے تھے' آپ ﷺ ظہر کی نماز کی پہلی رکعت کو طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت کچھ مختصر ادا کرتے تھے' صبح کی نماز میں بھی آپ ﷺ کا یہی طریقہ تھا۔

976-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراءة في الظهر (الحديث 759)، و باب القراءة في العصر (الحديث 762) مختصرًا، و باب يقرا في الآخرين بفاتحة الكتاب (الحديث 776)، و باب اذا اسمع الامام الآية (الحديث 778) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 154 و 155) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في الظهر (الحديث 798 و 799 و 800) . واخرجه النسائي في الافتتاح، باب اسماع الامام الآية في الظهر (الحديث 974) . و القراءة في الركعتين الاوليين من صلاة العصر (الحديث 977) . والحديث عند : البخاري في الاذان، باب يطول في الركعة الاولى (الحديث 779) . والنسائي في الافتتاح، تطويل القيام في الركعة الاولى من صلاة الظهر (الحديث 973)، و تقصير القيام في الركعة الثانية من الظهر (الحديث 975) . و ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب الجهر بالآية احيانًا في صلاة الظهر و العصر (الحديث 829) . تحفة الاشراف (12108) .

977-تقدم في الافتتاح، القراءة في الركعتين الاوليين من صلاة الظهر (الحديث 976) .

Marfat.com

978 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَنَحْوِهِمَا .

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز میں سورۃ البروج اور سورۃ الطارق اور ان کے جیسی دوسری سورتوں کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

979 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى) وَفِي الْعَصْرِ نَحْوَ ذٰلِكَ وَفِي الصُّبْحِ بِاَطْوَلَ مِنْ ذٰلِكَ .

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں سورۃ اللیل کی تلاوت کرتے تھے اور عصر کی نماز میں اس کی مانند سورت کی تلاوت کیا کرتے تھے جبکہ فجر کی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے طویل سورت پڑھا کرتے تھے۔

## 61 - باب تَخْفِيْفِ الْقِيَامِ وَالْقِرَاءَةِ

### باب: مختصر قیام کرنا اور مختصر قرأت کرنا

980 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَقَالَ صَلَّيْتُمْ قُلْنَا نَعَمْ . قَالَ يَا جَارِيَةُ هَلُمِّي لِيْ وَضُوْءًا مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اِمَامٍ اَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِمَامِكُمْ هٰذَا . قَالَ زَيْدٌ وَكَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ وَيُخَفِّفُ الْقِيَامَ وَالْقُعُوْدَ .

☆☆ زید بن اسلم بیان کرتے ہیں' ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے دریافت کیا: تم لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے؟ ہم نے جواب دیا: جی ہاں! تو انہوں نے فرمایا: اے لڑکی! وضو کا پانی لے آؤ! (پھر انہوں نے فرمایا:) میں نے تمہارے اس امام (یعنی عمر بن عبدالعزیز) سے زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتے ہوئے اور کسی کو نہیں دیکھا (یعنی اس زمانے میں ایسے کسی شخص کو نہیں دیکھا)۔

زید بن اسلم بیان کرتے ہیں' عمر بن عبدالعزیز رکوع و سجود مکمل ادا کیا کرتے تھے جبکہ قیام اور قعدہ مختصر ادا کیا کرتے تھے۔

981 - اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ

978-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب قدر القراءة في صلاة الظهر و العصر (الحديث 805) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في الظهر و العصر (الحديث 307) . تحفة الاشراف (2147) .

979-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 170) . و اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب قدر القراءة في صلاة الظهر و العصر (الحديث 806) بنحوه . والحديث عند: مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 171)، و في المساجد و مواضع الصلاة، باب استحباب تقديم الظهر في اول الوقت في غير شدة الحر (الحديث 188) . و ابن ماجه في الصلاة، باب وقت صلاة الظهر (الحديث 673) . تحفة الاشراف (2179 و 2185) .

980-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (840) .

Marfat.com

اللّٰهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَحَدٍ اَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فُلَانٍ ۔ قَالَ سُلَيْمَانُ كَانَ يُطِيلُ الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَيُخَفِّفُ الْاُخْرَيَيْنِ وَيُخَفِّفُ الْعَصْرَ وَيَقْرَاُ فِی الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ وَيَقْرَاُ فِی الْعِشَاءِ بِوَسَطِ الْمُفَصَّلِ وَيَقْرَاُ فِی الصُّبْحِ بِطُوَلِ الْمُفَصَّلِ ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے جن لوگوں کے پیچھے بھی نماز ادا کی ہے' ان میں فلاں شخص سب سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہے۔

سلیمان نامی راوی بیان کرتے ہیں' وہ امام صاحب ظہر کی ابتدائی رکعات طویل ادا کیا کرتے تھے اور آخری دو رکعات نسبتاً مختصر ادا کرتے تھے' عصر کی نماز کو مختصر ادا کرتے تھے اور مغرب کی نماز میں قصار مفصل کی تلاوت کیا کرتے تھے جبکہ عشاء کی نماز میں اوساط مفصل کی تلاوت کرتے تھے اور فجر کی نماز میں طوال مفصل کی تلاوت کرتے تھے۔

## 62 - باب الْقِرَاَةِ فِی الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ

### باب: مغرب کی نماز میں قصار مفصل کی تلاوت کرنا

982 - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَحَدٍ اَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فُلَانٍ ۔ فَصَلَّيْنَا وَرَاءَ ذٰلِكَ الْاِنْسَانِ وَكَانَ يُطِيلُ الْاُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَيُخَفِّفُ فِی الْاُخْرَيَيْنِ وَيُخَفِّفُ فِی الْعَصْرِ وَيَقْرَاُ فِی الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ وَيَقْرَاُ فِی الْعِشَاءِ بِالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَاَشْبَاهِهَا وَيَقْرَاُ فِی الصُّبْحِ بِسُوْرَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے جن لوگوں کی بھی اقتداء میں نماز ادا کی ہے' ان میں فلاں شخص سب سے زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) ہم نے ان صاحب کے پیچھے نماز ادا کی تو وہ ظہر کی ابتدائی دو رکعات طویل ادا کرتے تھے اور آخری دو رکعات مختصر ادا کرتے تھے' وہ عصر کی نماز مختصر ادا کرتے تھے اور مغرب کی نماز میں قصار مفصل کی تلاوت کرتے تھے جبکہ عشاء کی نماز میں سورۃ الشمس اور اس جیسی دوسری سورتوں کی تلاوت کرتے تھے جبکہ صبح کی نماز میں دو طویل سورتوں کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

---

981-اخرجه النسائي في الافتتاح، باب القراء ة في المغرب بقصار المفصل (الحديث 982) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب القراء ة في الظهر و العصر (الحديث 827) مختصراً . تحفة الاشراف (13484) .

982-تقدم في الافتتاح، تخفيف القيام و القراء ة (الحديث 981) . والحديث عند: ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراء ة في الظهر و العصر (الحديث 827) . تحفة الاشراف (13484) .

Marfat.com

## 63 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الْمَغْرِبِ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى)

### باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کرنا

983 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُّحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بِنَاضِحَيْنِ عَلٰى مُعَاذٍ وَّهُوَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ فَافْتَتَحَ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَصَلَّى الرَّجُلُ ثُمَّ ذَهَبَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "اَفَتَّانٌ يَّا مُعَاذُ اَفَتَّانٌ يَّا مُعَاذُ اَلَا قَرَاْتَ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَنَحْوِهِمَا ."

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک انصاری دو اونٹنیوں کے ساتھ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' وہ اس وقت مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے' انہوں نے سورۃ البقرہ پڑھنی شروع کر دی' اس شخص نے (اکیلے) نماز ادا کی اور چلا گیا' اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو' تم نے سورۃ الاعلیٰ' سورۃ الشمس اور اس جیسی دوسری سورتوں کی تلاوت کیوں نہیں کی؟

## 64 - باب الْقِرَاءَةِ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ

### باب: مغرب کی نماز میں سورۃ المرسلات کی تلاوت کرنا

984 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهِ الْمَغْرِبَ فَقَرَاَ الْمُرْسَلَاتِ مَا صَلّٰى بَعْدَهَا صَلَاةً حَتّٰى قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ سیدہ اُم فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر میں ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سورۃ المرسلات کی تلاوت کی' اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نماز ادا نہیں کی' یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا (علامہ سندھی کہتے ہیں: یعنی اس کے بعد آپ نے لوگوں کو کوئی نماز نہیں پڑھائی)

985 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُمِّهِ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ .

---

983-اخرجه البخاري في الاذان، باب من شكا امامه اذا طول (الحديث 705) . والنسائي في الامامة، خروج الرجل من صلاة الامام و فراغة من صلاته في ناحية المسجد (الحديث 830)، و في الافتتاح، القراء ة في العشاء الآخرة بسبح اسم ربك الا على (الحديث 996) . تحفة الاشراف (2582) .

984-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (18050) .

985-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراء ة في المغرب (الحديث 763) مطولاً، و في المغازي، باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته (الحديث 4429) . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراء ة في الصبح (الحديث 173) مطولاً واخرجه ابو داوٗد في الصلاة، باب قدر القراء ة في المغرب (الحديث 810) مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في القراء ة في المغرب (الحديث 308) بنحوه مطولاً . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراء ة في صلاة المغرب (الحديث 831) . تحفة الاشراف (18052) .

Marfat.com

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اپنی والدہ (سیّدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کومغرب کی نماز میں سورۃ المرسلات کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔

## 65 - باب الْقِرَاَةِ فِی الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ

باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الطّور کی تلاوت کرنا

986 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِی الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ .

☆☆ محمد بن جبیر اپنے والد حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کومغرب کی نماز میں سورۃ الطّور کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔

## 66 - باب الْقِرَاَةِ فِی الْمَغْرِبِ بِ (حم) الدُّخَانِ

باب: مغرب کی نماز میں سورۃ الدخان کی تلاوت کرنا

987 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَذَكَرَ اٰخَرَ قَالَا حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ حَدَّثَهٗ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِیْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ بِ (حم) الدُّخَانِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز میں سورۃ الدخان کی تلاوت کی تھی۔

## 67 - باب الْقِرَاَةِ فِی الْمَغْرِبِ بِ (المص)

باب: مغرب کی نماز میں سورہ المص کی تلاوت کرنا

988 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهٗ قَالَ لِمَرْوَانَ يَا اَبَا عَبْدِ الْمَلِكِ اَتَقْرَاُ فِی الْمَغْرِبِ بِ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) وَ (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) قَالَ نَعَمْ . قَالَ فَمَحْلُوفَةٌ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِيْهَا

986-اخرجه البخاري في الاذان، باب الجهر في المغرب (الحديث 765) ، و في الجهاد ، باب فداء المشركين (الحديث 3050)، و في المغازي، باب: 12. (الحديث 4023)، وفي التفسير، باب: 1 . (الحديث 4854) مطولاً . و اخرجه مسلم في الصلاة ، باب القراء ة في الصبح (الحديث 174) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب قدر القراء ة في المغرب (الحديث 811) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراء ة في صلاة المغرب (الحديث 832) . تحفة الاشراف (3189) .

987-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (6579) .

988-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (3732) .

Marfat.com

بِاَطْوَلِ الطُّوْلَيَيْنِ (المص) ۔

☆☆ عروہ بن زبیر' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے مروان سے کہا ہے' اے ابوعبدالملک! کیا تم مغرب کی نماز میں سورۃ الاخلاص اور سورۃ الکوثر کی تلاوت کرتے ہو؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس بات پر قسم اُٹھائی جاسکتی ہے' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات اچھی طرح یاد ہے' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز میں ایک طویل سورت المص پڑھا کرتے تھے۔

989 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ اَخْبَرَهُ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ مَا لِىْ اَرَاكَ تَقْرَاُ فِى الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ السُّوَرِ وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِيْهَا بِاَطْوَلِ الطُّوْلَيَيْنِ قُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا اَطْوَلُ الطُّوْلَيَيْنِ قَالَ الْاَعْرَافُ ۔

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں' مروان بن حکم نے انہیں بتایا: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا وجہ ہے' کہ میں دیکھتا ہوں کہ تم مغرب کی نماز میں چھوٹی چھوٹی سورتیں پڑھتے ہو جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مجھے یہ بات یاد ہے' کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز میں طویل سورتیں پڑھا کرتے تھے' تو میں نے کہا: اے ابوعبداللہ! طویل سورت کون سی' ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: سورۃ الاعراف۔

990 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ وَاَبُوْ حَيْوَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِىْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ بِسُوْرَةِ الْاَعْرَافِ فَرَّقَهَا فِىْ رَكْعَتَيْنِ ۔

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز میں سورۃ الاعراف کی تلاوت کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعات میں اس سورت کو تلاوت کر لیتے تھے۔

## 68 - باب الْقِرَاَةِ فِى الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ

### باب: مغرب کے بعد دو رکعت (سنت) ادا کرنا

991 - اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُو الْجَوَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَمَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً يَقْرَاُ

989-اخرجه البخاري في الاذان، باب القراءة في المغرب (الحديث 764) مختصراً . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب قدر القراءة في المغرب (الحديث 812) بنحوه . تحفة الاشراف (3738) .

990-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16959)..

991-انفرد به النسائي . و الحديث عند الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في تخفيف ركعتي الفجر و ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يقرا فيهما (الحديث 417) . و ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء فيما يقرا في الركعتين قبل الفجر (الحديث 1149) . تحفة الاشراف (7388) .

Marfat.com

فِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ (قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) وَ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے بیس سے زیادہ مرتبہ یہ بات نوٹ کی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کے بعد والی دو رکعات (سنت) میں اور فجر سے پہلے والی دو رکعات (سنت) میں سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

## 69 - باب الْفَضْلِ فِيْ قِرَاْءَةِ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

### باب: سورۃ الاخلاص تلاوت کرنے کی فضیلت

992 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ اَنَّ اَبَا الرِّجَالِ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ عَنْ اُمِّهِ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا عَلٰى سَرِيَّةٍ فَكَانَ يَقْرَاُ لِاَصْحَابِهِ فِيْ صَلَاتِهِمْ فَيَخْتِمُ بِ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) فَلَمَّا رَجَعُوْا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ "سَلُوْهُ لِاَيِّ شَيْءٍ فَعَلَ ذٰلِكَ." فَسَاَلُوْهُ فَقَالَ لِاَنَّهَا صِفَةُ الرَّحْمٰنِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اَقْرَاَ بِهَا . قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَخْبِرُوْهُ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّهُ ."

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ایک مہم کا امیر بنا کر بھیجا' وہ شخص اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھایا کرتا تھا اور آخر میں سورۃ الاخلاص ضرور پڑھتا تھا' جب یہ لوگ واپس آئے' تو انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس سے پوچھو کہ وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟ لوگوں نے اس سے پوچھا تو اس نے جواب دیا: اس کی وجہ یہ ہے' کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کی گئی ہیں' تو مجھے یہ بات پسند ہے' کہ میں اس کی تلاوت کیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے بتا دو کہ اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت کرتا ہے۔

993 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ مَوْلٰى اٰلِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ اَقْبَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ) فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَجَبَتْ ." فَسَاَلْتُهُ مَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ "الْجَنَّةُ ."

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آ رہا تھا' آپ نے ایک شخص کو سورۃ الاخلاص تلاوت کرتے ہوئے سنا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: واجب ہوگئی ہے' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ کیا چیز واجب ہوگئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اس تلاوت کرنے والے شخص کے لیے) جنت (واجب ہوگئی ہے)۔

992-اخرجه البخاري في التوحيد، باب ما جاء في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم امته الى توحيد الله تبارك و تعالى (الحديث 7375) . و اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب فضل قرائة قل هو الله احد (الحديث 263) . تحفة الاشراف (17914) .

993-اخرجه الترمذي في فضائل القرآن ، ما جاء في سورة الاخلاص (الحديث 2897). تحفة الاشراف (14127) .

Marfat.com

994 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ صَعْصَعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَجُلًا سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) يُرَدِّدُهَا فَلَمَّا اَصْبَحَ جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ ."

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے دوسرے شخص کو بار بار سورۃ الاخلاص تلاوت کرتے ہوئے سنا' اگلے دن وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' یہ (سورۃ الاخلاص) ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔

995 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ رَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنِ امْرَاَةٍ عَنْ اَبِىْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "(قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) ثُلُثُ الْقُرْآنِ ."

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا اَعْرِفُ اِسْنَادًا اَطْوَلَ مِنْ هٰذَا .

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ ایک خاتون کے حوالے سے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سورۃ الاخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے''۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میرے علم کے مطابق یہ سب سے طویل سند ہے۔

## 70 - باب الْقِرَاَةِ فِى الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ بِ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى)

### باب: عشاء کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کرنا

996 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَامَ مُعَاذٌ فَصَلَّى الْعِشَآءَ الْاٰخِرَةَ فَطَوَّلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ اَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ اَيْنَ كُنْتَ عَنْ

994-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب فضل (قل هو الله احد) (الحديث 5013) ، و في الايمان و الندور . باب كيف كانت يمين الانبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 6643)، و في التوحيد، باب ماجاء في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم امته الى توحيد الله تبارك و تعالى (الحديث 7374) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب في سورة الصمد (الحديث 1461) . واخرجه النسائي في عمل اليوم و الليلة، ما يستحب للانسان ان يقرا كل ليلة (الحديث 698) . تحفة الاشراف (4104) .

995-اخرجه الترمذي في فضائل القرآن، باب ما جاء في سورة الاخلاص (الحديث 2896) بمعناه . واخرجه النسائي في عمل اليوم و الليلة، ما يستحب للانسان ان يقرا كل ليلة (الحديث 681) . تحفة الاشراف (3502) .

996-اخرجه البخاري في الاذان، باب من شكا امامه اذا طول (الحديث 705) بنحوه مطولاً . و الحديث عند: النسائي في الامامة، خروج الرجل من صلاة الامام و فراغه من صلاته في ناحية المسجد (الحديث 830)، وفي الافتتاح، القراءة في المغرب ب (سبح اسم ربك الاعلى) (الحديث 983) . تحفة الاشراف (2582) .

Marfat.com

(سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَالضُّحٰى وَ (اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ) ۔"

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' انہوں نے عشاء کی نماز پڑھانا شروع کی تو اس میں طویل قرأت کی (بعد میں اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! کیا تم لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو؟ اے معاذ! کیا تم لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو! تم سورۃ الاعلیٰ' سورۃ الضحیٰ اور سورۃ الانفطار کی تلاوت کیوں نہیں کرتے؟

## 71 - باب الْقِرَاَةِ فِي الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ بِالشَّمْسِ وَضُحَاهَا

### باب: عشاء کی نماز میں سورۃ الشمس کی تلاوت کرنا

997 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ صَلّٰى مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ لِاَصْحَابِهِ الْعِشَآءَ فَطَوَّلَ عَلَيْهِمْ فَانْصَرَفَ رَجُلٌ مِّنَّا فَاُخْبِرَ مُعَاذٌ عَنْهُ فَقَالَ اِنَّهُ مُنَافِقٌ . فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ الرَّجُلَ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ مُعَاذٌ . فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "اَتُرِيْدُ اَنْ تَكُونَ فَتَّانًا يَا مُعَاذُ اِذَا اَمَمْتَ النَّاسَ فَاقْرَاْ بِالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَ (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى) وَ (اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) ۔"

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کو عشاء کی نماز پڑھا رہے تھے' انہوں نے اس میں طویل قرأت کی تو پیچھے نماز ادا کرنے والوں میں سے ایک شخص نماز چھوڑ کر چلا گیا' جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو اس شخص کے بارے میں بتایا گیا تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ شخص منافق ہے' جب اس بات کی خبر اس شخص کو ملی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کہا تھا' اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے معاذ! کیا تم آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتے ہو! جب تم لوگوں کو نماز پڑھایا کرو تو سورۃ الشمس' سورۃ الاعلیٰ' سورۃ اللیل اور سورۃ العلق کی تلاوت کیا کرو۔

998 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ بِالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَاَشْبَاهِهَا مِنَ السُّوَرِ ۔

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز میں سورۃ الشمس اور اس جیسی دیگر سورتوں کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

---

997-اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في العشاء (الحديث 179) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب من ام قومًا فليخفف (الحديث 986) . تحفة الاشراف (2912) .

998-اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في صلاة العشاء (الحديث 309) . تحفة الاشراف (1962) .

Marfat.com

## 72 - باب الْقِرَأَةِ فِيْهَا بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ

### باب: سورۃ التین کی تلاوت کرنا

999 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ فَقَرَاَ فِيْهَا بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۔

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ التین کی تلاوت کی۔

## 73 - باب الْقِرَأَةِ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلَى مِنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ

### باب: عشاء کی نماز کی پہلی رکعت میں (کون سی سورت) تلاوت کرنا سنت ہے؟

1000 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَقَرَاَ فِي الْعِشَاءِ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلَى بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۔

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کے دوران عشاء کی نماز کی پہلی رکعت میں سورۃ التین کی تلاوت کی تھی۔

## 74 - باب الرُّكُوْدِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ

### باب: (نماز کی) پہلی دو رکعات میں طویل قیام کرنا

1001 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَوْنٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُوْلُ قَالَ عُمَرُ لِسَعْدٍ قَدْ شَكَاكَ النَّاسُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى فِي الصَّلَاةِ ۔ فَقَالَ سَعْدٌ

999-اخرجه البخاري في الاذان، باب الجهر في العشاء (الحديث 767) بنحوه، و باب القراءة في العشاء (الحديث 769) بنحوه، و في التفسير، سورة (والتين) باب ۔ 1 ۔ (الحديث 4952) بنحوه، و في التوحيد، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام المبررة، و زينوا القرآن باصواتكم (الحديث 7546) بنحوه ۔ واخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في العشاء (الحديث 176) و (الحديث 175 و 177) بنحوه ۔ واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب قصر قراءة الصلاة في السفر (الحديث 1221) بنحوه ۔ و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في القراءة في صلاة العشاء (الحديث 1000) و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب القراءة في صلاة العشاء (الحديث 834 و 835) بنحوه ۔ تحفة الاشراف (1791) ۔

1000-تقدم في الإفتتاح، القراءة فيها بالتين و الزيتون (الحديث 999) ۔

1001-اخرجه البخاري في الاذان، باب وجوب القراءة للامام و المأموم في الصلوات كلها في الحضر و السفر و ما يجهر فيها و ما يخافت (الحديث 755) بنحوه مطولاً و (الحديث 758) بنحوه، مختصراً ۔ و باب يطول في الاولين و يحذف في الآخرين (الحديث 770) بنحوه ۔ واخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الظهر و العصر (الحديث 158 و 159 و 160) ۔ واخرجه النسائي في الافتتاح، الركود في الركعتين الاولين (الحديث 1002) بنحوه ۔ واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب تخفيف الآخرين (الحديث 803) بنحوه ۔ تحفة الاشراف (3847) ۔

Marfat.com

اَتَّئِدُ فِي الْاُولَيَيْنِ وَاَحْذِفُ فِي الْاُخْرَيَيْنِ وَمَا اٰلُو مَا اقْتَدَيْتُ بِهٖ مِنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ.

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ (بن ابی وقاص) سے کہا: (جبکہ وہ ایک شہر کے گورنر تھے) لوگوں نے ہر معاملے میں تمہاری شکایت کی' یہاں تک کہ نماز کے بارے میں بھی کی ہے' تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں (نماز کی) ابتدائی دو رکعات میں طویل قیام کرتا ہوں اور آخری دو رکعات میں مختصر قیام کرتا ہوں اور اس حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کی پیروی کرنے میں کسی کوتاہی کا مرتکب نہیں ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے بارے میں یہی گمان تھا۔

1002 - اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عُلَيَّةَ اَبُو الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ وَقَعَ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ فِيْ سَعْدٍ عِنْدَ عُمَرَ فَقَالُوْا وَاللّٰهِ مَا يُحْسِنُ الصَّلَاةَ. فَقَالَ اَمَّا اَنَا فَاُصَلِّيْ بِهِمْ صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَخْرِمُ عَنْهَا اَرْكُدُ فِي الْاُولَيَيْنِ وَاَحْذِفُ فِي الْاُخْرَيَيْنِ. قَالَ ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ.

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے کوفہ کے کچھ لوگوں نے (کوفہ کے گورنر) حضرت سعد رضی اللہ عنہ (بن ابی وقاص) کے بارے میں کچھ شکایت کی' انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! وہ ہمیں نماز ٹھیک نہیں پڑھاتے ہیں۔ (اس کا جواب دیتے ہوئے) حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے طریقے کے مطابق نماز پڑھاتا ہوں' اس میں کوئی کمی بیشی نہیں کرتا' میں ابتدائی دو رکعات طویل ادا کرتا ہوں اور آخری دو رکعات مختصر ادا کرتا ہوں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے بارے میں یہی گمان ہے۔

## 75 - باب قِرَاَةِ سُوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَةٍ

### باب: ایک ہی رکعت میں دو سورتیں ادا کرنا (بھی سنت ہے)

1003 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِنِّيْ لَاَعْرِفُ النَّظَائِرَ الَّتِيْ كَانَ يَقْرَاُ بِهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ سُوْرَةً فِيْ عَشْرِ رَكَعَاتٍ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِ عَلْقَمَةَ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَيْنَا عَلْقَمَةُ فَسَاَلْنَاهُ فَاَخْبَرَنَا بِهِنَّ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) فرماتے ہیں' کہ مجھے ایک جیسی وہ سورتیں یاد ہیں' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دس رکعات میں ان بیس سورتوں کی تلاوت کیا کرتے تھے (یعنی ہر رکعت میں دو سورتیں پڑھا کرتے تھے)۔

---

1002-تقدم في الافتتاح، الركود في الركعتين الاوليين (1001) .

1003-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب تاليف القرآن (الحديث 4996) بنحوه مطولاً . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب ترتيل القراءة و اجتناب الهذ، و هو الافراط السرعة و اباحة سورتين فاكثر في ركعة (الحديث 275و276 و 277)بنحوه مطولاً . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما ذكر في قراءة سورتين في ركعة (الحديث 602) بنحوه مطولاً . تحفة الاشراف (9248) .

Marfat.com

پھر اس کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے علقمہ کا ہاتھ پکڑا اور اندر تشریف لے گئے' بعد میں علقمہ باہر آئے' تو ہم نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے ہمیں ان سورتوں کے بارے میں بتایا۔

1004 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ قَرَاْتُ الْمُفَصَّلَ فِيْ رَكْعَةٍ ـ قَالَ هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ لَقَدْ عَرَفْتُ النَّظَائِرَ الَّتِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرُنُ بَيْنَهُنَّ ـ فَذَكَرَ عِشْرِيْنَ سُوْرَةً مِّنَ الْمُفَصَّلِ سُوْرَتَيْنِ سُوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَةٍ ـ

☆☆ ابووائل بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے ایک شخص نے کہا: میں نے ایک رکعت میں مفصل سورت کی تلاوت کی تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو تیزی سے شعر پڑھنے کی طرح ہو گیا' انہیں (حجم کے اعتبار سے ایک دوسرے کے قریب) وہ سورتیں' یاد ہیں' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملا کر پڑھا کرتے تھے۔ (راوی کہتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مفصل سورتوں سے تعلق رکھنے والی بیس سورتوں کا تذکرہ کیا' ان میں دو' دو سورتیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک رکعت میں ادا کیا کرتے تھے۔

1005 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّيْ قَرَاْتُ اللَّيْلَةَ الْمُفَصَّلَ فِيْ رَكْعَةٍ ـ فَقَالَ هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ لٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ النَّظَائِرَ عِشْرِيْنَ سُوْرَةً مِّنَ الْمُفَصَّلِ مِنْ اٰلِ حم ـ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے' کہ ایک مرتبہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: میں نے گزشتہ رات ایک رکعت میں مفصل سورتیں تلاوت کی ہیں' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو تیزی سے شعر پڑھنے کی مانند ہو گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو ایک دوسرے کے قریب (یعنی حجم کے اعتبار سے ایک دوسرے کے قریب) بیس سورتیں (دس رکعات میں) ادا کیا کرتے تھے' یہ وہ سورتیں ہیں جو حم سے شروع ہوتی ہیں۔

## 76 - باب قِرَاْءَةِ بَعْضِ السُّوْرَةِ

### باب: سورت کے کچھ حصے کی تلاوت کرنا

1006 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ

1004-اخرجه البخاري في الاذان، باب الجمع بين السورتين في الركعة (الحديث 775) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب ترتيل القراءة، و اجتناب الهذ و هو الافراط في السرعة و اباحة سورتين فاكثر في ركعة (الحديث 279) . تحفة الاشراف (9288) .

1005-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (9586) .

1006-اخرجه البخاري في الاذان: باب الجمع بين السورتين في الركعة و القراءة بالخواتيم و بسورة قبل سورة و باول سورة (الحديث 774) معلقاً . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب القراءة في الصبح (الحديث 163) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب الصلاة في النعل (الحديث 649) . و اخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب القراءة في صلاة الفجر (الحديث 820) بنحوه مختصراً تحفة الاشراف (5313) .

Marfat.com

عَبَّادٍ حَدِيْثًا رَفَعَهُ اِلَى ابْنِ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَصَلّٰى فِيْ قُبُلِ الْكَعْبَةِ فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ فَوَضَعَهُمَا عَنْ يَّسَارِهٖ فَافْتَتَحَ بِسُوْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَمَّا جَآءَ ذِكْرُ مُوْسٰى اَوْ عِيْسٰى - عَلَيْهِمَا السَّلَامُ - اَخَذَتْهُ سَعْلَةٌ فَرَكَعَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' فتح مکہ کے دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خانۂ کعبہ کے سامنے نماز ادا کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جوتے اتار کر انہیں بائیں طرف رکھ دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ المؤمنون کی تلاوت شروع کی' جب حضرت موسیٰ یا حضرت عیسیٰ علیہما السلام کا ذکر آیا' تو اس وقت آپ کو کھانسی آ گئی اور آپ رکوع میں چلے گئے۔

## 77 - باب تَعَوُّذِ الْقَارِءِ اِذَا مَرَّ بِاٰيَةِ عَذَابٍ

### باب: جب تلاوت کرنے والا شخص عذاب سے متعلق کسی آیت کو پڑھے تو (عذاب سے) پناہ مانگے

1007 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهٗ صَلّٰى اِلٰى جَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَقَرَاَ فَكَانَ اِذَا مَرَّ بِاٰيَةِ عَذَابٍ وَّقَفَ وَتَعَوَّذَ وَاِذَا مَرَّ بِاٰيَةِ رَحْمَةٍ وَّقَفَ فَدَعَا وَكَانَ يَقُوْلُ فِىْ رُكُوْعِهٖ "سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَظِيْمِ ." وَفِىْ سُجُوْدِهٖ "سُبْحَانَ رَبِّىَ الْاَعْلٰى ."

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک رات انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں (نفل) نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت کرتے ہوئے جب عذاب سے متعلق کوئی آیت تلاوت کرتے تو وہاں ٹھہر کر عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے اور جب رحمت سے متعلق کوئی آیت تلاوت کرتے تو وہاں ٹھہر کر اس رحمت کی دعا کیا کرتے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَظِيْمِ پڑھتے تھے اور سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّىَ الْاَعْلٰى پڑھتے تھے۔

## 78 - باب مَسْاَلَةِ الْقَارِءِ اِذَا مَرَّ بِاٰيَةِ رَحْمَةٍ

### باب: جب تلاوت کرنے والا شخص رحمت سے متعلق کسی آیت کو پڑھے تو اس رحمت کو مانگے (یعنی اس کے حصول کی دعا کرے)

---

1007-اخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب تطويل القراء ة في صلاة الليل (الحديث 203) . و اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب ما يقول الرجل في ركوعه و سجوده (الحديث 871) بنحوه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في التسبيح في الركوع و السجود (الحديث 262 و 263) . واخرجه النسائي في الافتتاح، مسالة القارىء اذا مر بآية رحمة (الحديث 1008)، و في التطبيق، نوع آخر (الحديث 1132) مطولاً، و في قيام الليل و تطوع النهار، باب تسوية القيام و الركوع و القيام بعد الركوع و السجود و الجلوس بين السجدتين في صلاة الليل (الحديث 1663) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في القراء ة في صلاة الليل (الحديث 1351) . و الحديث عند: النسائي في التطبيق، باب الذكر في الركوع (الحديث 1045) . وابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما يقول بين السجدتين (الحديث 897) . تحفة الاشراف (3351) .

Marfat.com

1008 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ حُذَيْفَةَ وَالْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ وَالنِّسَآءَ فِيْ رَكْعَةٍ لَّا يَمُرُّ بِآيَةِ رَحْمَةٍ اِلَّا سَاَلَ وَلَا بِآيَةِ عَذَابٍ اِلَّا اسْتَجَارَ .

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ البقرہ' سورۃ آل عمران' سورۃ النساء ایک ہی رکعت میں تلاوت کرلیں' جب آپ رحمت کے مضمون سے متعلق کوئی آیت تلاوت کرتے تو اس رحمت کے حصول کی دعا کرتے تھے اور جب عذاب کے مضمون سے متعلق کوئی آیت تلاوت کرتے تھے' تو اس عذاب سے بچنے کی دعا کرتے تھے۔

## 79 - باب تَرْدِيدِ الْاٰيَةِ

### باب: ایک ہی آیت کو بار' بار تلاوت کرنا

1009 - اَخْبَرَنَا نُوْحُ بْنُ حَبِيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا قُدَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ جَسْرَةُ بِنْتُ دَجَاجَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ يَقُوْلُ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصْبَحَ بِآيَةٍ وَّالْاٰيَةُ (اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ) .

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ (نوافل ادا کرتے ہوئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی آیت کو بار' بار صبح تک تلاوت کرتے رہے' وہ آیت یہ تھی:

''اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں' اگر تو ان کی مغفرت کردے تو تو غالب اور حکمت والا ہے''۔ (المائدہ:۱۱۸)

## 80 - باب قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا)

### باب: ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اور تم اپنی نماز میں آواز زیادہ بلند بھی نہ کرو اور بالکل پست بھی نہ رکھو''

1010 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ

1008-تقدم في الافتتاح، تعوذ القاريء اذا مر بآية عذاب (الحديث 1007) . والحديث عند: النسائي في قيام الليل و تطوع النهار، باب تسوية القيام و الركوع و القيام بعد الركوع والسجود و الجلوس بين السجدتين في صلاة الليل (الحديث 1664) . تحفة الاشراف (3351 و3358) .

1009-اخرجه النسائي في التفسير: سورة المائدة ، قوله تعالى: (ان تعذبهم فانهم عبادك) (الحديث 181) واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب ما جاء في القراء ة في صلاة الليل(الحديث 1350) . تحفة الاشراف (12012) .

1010-اخرجه البخاري في التفسير، باب (ولا تجهر بصلاتك و لا تخافت بها) (الحديث 4722)، و في التوحيد، باب قول الله تعالى: (انزله بعلمه و الملائكة يشهدون) (الحديث 7490)، وباب قول الله تعالى: (واسروا قولكم او اجهروا به انه عليم بذات الصدور . الا يعلم من خلق و هو الطيف الخبير) (الحديث 7525)، وباب قول النبي صلى الله عليه وسلم: الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة و زينوا القرآن باصواتكم (الحديث 7547) مختصراً . و اخرجه مسلم في الصلاة، باب التوسط في القراء ة في الصلاة الجهرية بين الجهر والاسرار اذا خاف من الجهر مفسده (الحديث 145) . واخرجه الترمذي في تفسير القرآن، باب (ومن سورة بني اسرائيل) (الحديث 3145 و 3146) . واخرجه النسائي في الافتتاح، قول عزوجل: (ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها) (الحديث 1011) و في التفسير: سورة الاسراء، قوله تعالى: (ولا تجهر بصلاتك) (الحديث 320) . تحفة الاشراف (5451) .

Marfat.com

جَعْفَرُ بْنُ اَبِیْ وَحْشِيَّةَ - وَهُوَ ابْنُ اِيَاسٍ - عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) قَالَ نَزَلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ فَكَانَ اِذَا صَلّٰى بِاَصْحَابِهٖ رَفَعَ صَوْتَهٗ - وَقَالَ ابْنُ مَنِيْعٍ يَجْهَرُ بِالْقُرْاٰنِ - وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا سَمِعُوْا صَوْتَهٗ سَبُّوا الْقُرْاٰنَ وَمَنْ اَنْزَلَهٗ وَمَنْ جَآءَ بِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ) اَىْ بِقِرَائَتِكَ فَيَسْمَعُ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّوا الْقُرْاٰنَ (وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) عَنْ اَصْحَابِكَ فَلَايَسْمَعُوْا (وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا) .(حدیث فعلی)

☆☆ سعید بن جبیر' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں قول نقل کرتے ہیں:

''اور تم اپنی نماز میں آواز زیادہ بلند بھی نہ کرو اور بالکل پست بھی نہ رکھو''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت نازل ہوئی' اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں روپوشی کی زندگی گزار رہے تھے' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو نماز پڑھاتے تھے' تو بلند آواز میں نماز پڑھایا کرتے تھے۔ یہاں روایت کے الفاظ میں کچھ اختلاف ہے۔ جب مشرکین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سنتے تھے' تو وہ قرآن کو بُرا کہتے تھے اور اسے نازل کرنے والے کو اور اسے لے کر آنے والے کو بُرا کہتے تھے' تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو یہ حکم دیا' کہ تم اپنی آواز کو زیادہ بلند نہ کرو' یعنی قرأت کرتے ہوئے اس کو اتنا بلند نہ کرو کہ مشرکین اسے سن لیں' اور اس کے جواب میں قرآن کو بُرا کہیں اور نہ ہی اپنی آواز کو اتنا پست رکھو کہ وہ تمہارے اصحاب تک بھی نہ پہنچ سکے اور وہ اسے سن ہی نہ سکیں' بلکہ تم درمیان کا راستہ اختیار کرو۔

1011 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ صَوْتَهٗ بِالْقُرْاٰنِ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا سَمِعُوْا صَوْتَهٗ سَبُّوا الْقُرْاٰنَ وَمَنْ جَآءَ بِهٖ فَكَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْفِضُ صَوْتَهٗ بِالْقُرْاٰنِ مَا كَانَ يَسْمَعُهٗ اَصْحَابُهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا) .''(حدیث فعلی)

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے آواز بلند کرلیا کرتے تھے' مشرکین جب آپ کی آواز کو سنتے تھے' تو وہ قرآن کو بُرا کہتے تھے اور اُسے لانے والے کو بُرا کہتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے اپنی آواز پست رکھنا شروع کردیا تو آپ کے اصحاب کو بھی یہ تلاوت سنائی نہیں دیتی تھی' اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

''اور تم اپنی آواز کو بلند بھی نہ کرو اور اس کو بالکل پست بھی نہ رکھو بلکہ درمیان کا راستہ اختیار کرو''۔

## 81 - باب رَفْعِ الصَّوْتِ بِالْقُرْاٰنِ

### باب: بلند آواز میں تلاوت کرنا

1012 - اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِیُّ عَنْ وَكِيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ عَنْ يَحْيَى بْنِ

1011-تقدم في الافتتاح، قوله عزوجل : (ولا تجهر بصلاتك و لا تخافت بها) (الحديث 1010) .

Marfat.com

جَعْدَةَ عَنْ أُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ كُنْتُ أَسْمَعُ قِرَاءَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عَلٰى عَرِيشِي .

☆☆ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت کی آواز سن لیا کرتی تھی' حالانکہ میں اپنے گھر میں ہوتی تھی۔

## 82 - باب مَدِّ الصَّوْتِ بِالْقِرَاءَةِ

### باب: تلاوت کرتے ہوئے آواز کو کھینچنا (یعنی لفظ لمبے کر کے ادا کرنا)

1013 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَأَلْتُ اَنَسًا كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يَمُدُّ صَوْتَهُ مَدًّا .

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرأت کا طریقہ کیا تھا؟ تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آواز کو کھینچا کرتے تھے (یعنی لفظ لمبے کر کے ادا کیا کرتے تھے)۔

## 83 - باب تَزْيِينِ الْقُرْآنِ بِالصَّوْتِ

### باب: قرآن کو آواز کے ذریعے آراستہ کرنا

1014 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "زَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ ."

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"قرآن کو اپنی آوازوں کے ذریعے آراستہ کرو"۔

1015 - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "زَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ ." قَالَ ابْنُ عَوْسَجَةَ كُنْتُ نَسِيتُ هٰذِهِ "زَيِّنُوا الْقُرْآنَ ." حَتّٰى ذَكَّرَنِيهِ الضَّحَّاكُ بْنُ مُزَاحِمٍ .

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

---

1012-اخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في قراءة رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 301) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في القراءة في صلاة الليل (الحديث 1349) . تحفة الاشراف (18016) .

1013-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب مد القراءة (الحديث 5045) . واخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب استحباب الترتيل في القراءة (الحديث 1465) . واخرجه الترمذي في الشمائل، باب ما جاء في قراءة رسول الله صلى الله عليه وسلم (الحديث 298) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في القراءة في صلاة الليل (الحديث 1353) . تحفة الاشراف (1145) .

1014-اخرجه ابو داؤد في الصلاة، باب استحباب الترتيل في القراءة (الحديث 1468) . واخرجه النسائي في الافتتاح، تزيين القرآن بالصوت (الحديث 1015) بنحوه . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب في حسن الصوت بالقرآن (الحديث 1342) . تحفة الاشراف (1775) .

1015-تقدم في الافتتاح . تزيين القرآن بالصوت (الحديث 1014) .

Marfat.com

''قرآن کو اپنی آوازوں کے ذریعے آراستہ کرو''۔

اس روایت کے ایک راوی عبدالرحمٰن بن عوسجہ بیان کرتے ہیں' میں یہ حدیث بھول گیا تھا کہ تم قرآن کو آراستہ کرو' یہاں تک کہ ضحاک بن مزاحم نے مجھے یہ یاد کروائی۔

1016 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ الْمَكِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ''مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا اَذِنَ لِنَبِيٍّ حَسَنِ الصَّوْتِ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ يَجْهَرُ بِهٖ .''

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''اللہ تعالیٰ کسی بھی بات کو اتنی توجہ سے نہیں سنتا جتنی توجہ سے وہ اچھی آواز میں نبی کی تلاوت کو سنتا ہے' جو قرآن کو خوبصورت آواز میں بلند آواز میں تلاوت کرتا ہے''۔

1017 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ''مَا اَذِنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِشَيْءٍ يَّعْنِيْ اَذَنَهٗ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ .''

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
''اللہ تعالیٰ کسی بھی چیز کو اتنی توجہ سے نہیں سنتا جتنی توجہ سے وہ اس نبی کو سنتا ہے' جو اچھے انداز میں قرآن کی تلاوت کر رہا ہو''۔

1018 - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَاءَةَ اَبِيْ مُوْسٰى فَقَالَ ''لَقَدْ اُوْتِيَ مِزْمَارًا مِّنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ .''

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی تو فرمایا: اسے حضرت داؤد علیہ السلام کے خاندان کی سی خوش الحانی عطاء کی گئی ہے۔

1019 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةَ اَبِيْ مُوْسٰى فَقَالَ ''لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ .''

---

1016-اخرجه البخاري في التوحيد، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة و زينوا القرآن باصواتكم (الحديث 7544) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب تحسين الصوت بالقرآن (الحديث 233) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب استحباب الترتيل في القراءة (الحديث 1473) . تحفة الاشراف (14997) .

1017-اخرجه البخاري في فضائل القرآن، باب من لم يتغن بالقرآن (الحديث 5024) . واخرجه مسلم في صلاة المسافرين و قصرها، باب استحباب تحسين الصوت بالقرآن (الحديث 232) . تحفة الاشراف (15144) .

1018-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (15231) .

1019-انفرد به النسائي . تحفة الاشراف (16456) .

Marfat.com

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی تو ارشاد فرمایا: اسے حضرت داؤد علیہ السلام کے خاندان کی سی خوش الحانی عطاء کی گئی ہے۔

1020 - اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاَةَ اَبِىْ مُوْسٰى فَقَالَ "لَقَدْ اُوْتِىَ هٰذَا مِزْمَارًا مِّنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ."

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی تو ارشاد فرمایا: اسے حضرت داؤد علیہ السلام کے خاندان کی سی خوش الحانی عطاء کی گئی ہے۔

1021 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ يَّعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ اَنَّهُ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ عَنْ قِرَاَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَاتِهٖ قَالَتْ مَا لَكُمْ وَصَلَاتَهٗ ثُمَّ نَعَتَتْ فَاِذَا هِىَ تَنْعَتُ قِرَائَتَهٗ مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا. (حدیث فعلی)

☆☆ یعلیٰ بن مملک بیان کرتے ہیں' انہوں نے سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرأت کرنے اور نماز ادا کرنے کے طریقے کے بارے میں دریافت کیا' تو سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تمہاری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے کیا نسبت؟ پھر سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت واضح ہوتی تھی' ہر حرف الگ' الگ ہوتا تھا۔

## 84 - باب التَّكْبِيْرِ لِلرُّكُوْعِ

## باب: رکوع میں جانے کے لیے تکبیر کہنا

1022 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حِيْنَ اسْتَخْلَفَهٗ مَرْوَانُ عَلَى الْمَدِيْنَةِ كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ الْمَكْتُوْبَةِ كَبَّرَ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَرْكَعُ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرَّكْعَةِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَهْوِىْ سَاجِدًا ثُمَّ يُكَبِّرُ حِيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الثِّنْتَيْنِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ يَفْعَلُ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى يَقْضِىَ صَلَاتَهٗ فَاِذَا قَضٰى صَلَاتَهٗ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ عَلٰى اَهْلِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنِّىْ لَاَشْبَهُكُمْ صَلَاةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (حدیث موقوف' مرفوع حکمی)

---

1020-انفرد به النسائي ـ تحفة الاشراف (16672) .

1021-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب استحباب الترتيل في القراءة (الحديث 1466) مطولاً ـ و اخرجه الترمذي في فضائل القرآن ، باب ما جاء كيف كان قراءة النبي صلى الله عليه وسلم (الحديث 2923) مطولًا و اخرجه النسائي في قيام الليل و تطوع النهار باب ذكر صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل (الحديث 1628) ـ تحفة الاشراف (18226) .

1022-اخرجه مسلم في الصلاة، باب اثبات التكبير في كل خفض و رفع في الصلاة الا رفعه من الركوع فيقول فيه : سمع الله لمن حمده (الحديث 30) ـ تحفة الاشراف (15326) .

Marfat.com

☆☆ ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' جب مروان نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنا نائب (گورنر) مقرر کیا' تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرض نماز پڑھاتے ہوئے آغاز میں تکبیر کہتے تھے' پھر جب وہ رکوع میں جانے لگتے تھے' اس وقت تکبیر کہتے تھے' پھر جب رکوع سے سر اُٹھاتے تھے' تو سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ (اللہ تعالیٰ نے اس کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی' اے ہمارے پروردگار! ہر طرح کی حمد تیرے لیے مخصوص ہے) پھر وہ سجدے میں جانے کے لیے جب جھکتے تھے' تو تکبیر کہتے تھے' پھر جب دو رکعات کے بعد تشہد کے بعد کھڑے ہوتے تھے' اس وقت بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے' یہاں تک کہ اپنی نماز مکمل کر لیتے تھے' انہوں نے اپنی نماز مکمل کرنے کے بعد جب سلام پھیرا تو اہلِ مسجد کی طرف منہ کر کے بولے: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے! میں تم سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے طریقے کے مطابق نماز ادا کرتا ہوں۔

## 85 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ لِلرُّكُوْعِ حِذَاءَ فُرُوْعِ الْاُذُنَيْنِ

### باب: رکوع میں جاتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں کی لَو تک بلند کرنا

1023 - اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَّصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ اِذَا كَبَّرَ وَاِذَا رَكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ حَتّٰى بَلَغَتَا فُرُوْعَ اُذُنَيْهِ .

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے رکوع میں جاتے ہوئے' رکوع سے سر اُٹھاتے ہوئے رفع یدین کرتے دیکھا ہے' آپ ان دونوں کو کانوں کی لو تک اُٹھایا کرتے تھے۔

## 86 - باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ لِلرُّكُوْعِ حِذَاءَ الْمَنْكِبَيْنِ

### باب: رکوع میں جاتے ہوئے کندھوں تک رفع یدین کرنا (سنت ہے)

1024 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ .

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' کہ جب آپ نماز کا آغاز کرتے تھے' تو رفع یدین کرتے تھے' یہاں تک کہ وہ ان دونوں کو کندھوں تک اُٹھایا کرتے

1023-تقدم في الافتتاح، رفع اليدين حيال الاذنين (الحديث 879) .

1024-اخرجه مسلم في الصلاة، باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الاحرام و الركوع و في الرفع من الركوع و انه لا يفعله اذا رفع من السجود (الحديث 21) . واخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب رفع اليدين في الصلاة (الحديث 721) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء في رفع اليدين عند الركوع (الحديث 255) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة و السنة فيها، باب رفع اليدين اذا ركع و اذا رفع راسه من الركوع (الحديث 858) . و الحديث عند: النسائي في التطبيق، ترك ذلك بين السجدتين (الحديث 1143) . تحفة الاشراف (6816) .

Marfat.com

تھے، پھر جب آپ رکوع میں جاتے تھے اور رکوع سے سر اُٹھاتے تھے (تو بھی اسی طرح رفع یدین کرتے تھے)۔

## 87 - باب تَرْكِ ذٰلِكَ

باب: اس کو (یعنی رکوع میں جاتے وقت رفع یدین کو) ترک کرنا

1025 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ اَوَّلَ مَرَّةٍ ثُمَّ لَمْ يُعِدْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، کیا میں تم لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کے بارے میں بتاؤں! راوی کہتے ہیں، کہ پھر وہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے صرف نماز کے آغاز میں رفع یدین کیا، دوبارہ نہیں کیا۔

## 88 - باب اِقَامَةِ الصُّلْبِ فِي الرُّكُوْعِ

باب: رکوع کے دوران پشت کو سیدھا رکھنا

1026 - اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَا تُجْزِءُ صَلَاةٌ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ فِيْهَا صُلْبَهُ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ ."

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"ایسی نماز درست نہیں ہوتی جس میں آدمی رکوع اور سجدے کے دوران اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھتا ہے"۔

## 89 - باب الْاِعْتِدَالِ فِي الرُّكُوْعِ

باب: رکوع کے دوران اعتدال کرنا

1027 - اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ وَحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "اعْتَدِلُوْا فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ وَلَا

1025-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب من لم يذكر الرفع عند الركوع (الحديث 748 و751) بمعناه . و اخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء ان النبي صلى الله عليه وسلم لم يرفع الا في اول مرة (الحديث 257) . واخرجه النسائي في التطبيق، الرخصة في ترك ذلك (الحديث 1057) . تحفة الاشراف (9468) .

1026-اخرجه ابوداؤد في الصلاة، باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع و السجود (الحديث 855) . واخرجه الترمذي في الصلاة، باب ما جاء فيمن لا يقيم صلبه في الركوع و السجود (الحديث 265) . واخرجه النسائي في التطبيق، باب اقامة الصلب في السجود (الحديث 1110) . واخرجه ابن ماجه في اقامة الصلاة والسنة فيها، باب الركوع في الصلاة (الحديث 870) . تحفة الاشراف (9995) .

1027-انفرد به النسائي . والحديث عند : النسائي في التطبيق، باب الاعتدال في السجود (الحديث 1109)، وباب الامر باتمام السجود (الحديث 1116) . وابن ماجه في اقامة الصلاة، والسنة فيها، باب الاعتدال في السجود (الحديث 892) . تحفة الاشراف، (1161 و 1197) .

Marfat.com

يَبْسُطْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ كَالْكَلْبِ .“

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”رکوع اور سجدوں میں اعتدال کیا کرو اور کوئی شخص کتے کی طرح اپنے بازو نہ بچھائے“۔

## شرح

علامہ ابوالحسن سندھی فرماتے ہیں: یہاں رکوع میں اعتدال سے مراد اُٹھنے اور جھکنے میں میانہ روی اختیار کرنا ہے۔اسی طرح سجدے میں میانہ روی یہ ہے کہ انسان اعضاء کو بچھانے یا انہیں سمیٹنے کا درمیانی طریقہ اختیار کرے یعنی اس کی دونوں ہتھیلیاں زمین پر ہوں دونوں کہنیاں زمین پر نہ لگی ہوں۔اور اس کا پیٹ زانوں سے الگ ہو۔

کتے کی طرح بازو بچھانے سے مراد یہ ہے: انسان دونوں ہتھیلیوں کے ساتھ دونوں کہنیاں بھی زمین پر بچھالے۔

Marfat.com

الاحسان في تقريب صحيح ابن حبان

جہانگیری

# صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

Marfat.com

سلیس اُردو ترجمہ تخریج اور موضوعاتی فہرستوں سے مزین

امام طبرانی کی مرویات کا ایسا مجموعہ جس میں امام طبرانی کے ہر شیخ کی ایک منفرد روایت درج ہے۔

# المعجم الصغیر

امام سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی

ابوالقاسم الطبرانی (المتوفی ۳۶۰ھ)

الشیخ الحافظ أبي الفضل محمد شفیق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز®

۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

shabbirbrother786@gmail.com

Marfat.com

# سنن نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب نسائی

شرح

استاذ العلماء علامہ محمد لیاقت علی رضوی دامت برکاتہم العالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

Marfat.com